فتاویٰ محمودیہ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نوراللہ مرقدہٗ

تبویب، تخریج اور تعلیق

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم

زیر نگرانی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

Made searchable using ScribeTools.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست عنوانات

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
	بقیة کتاب الوقف	
	الفصل الثالث عشر فی مکبّر الصوت	
	(مسجد میں لاؤڈ اسپیکر اور اس کے استعمال کا بیان)	
۱	مسجد کے لاؤڈ اسپیکر سے حدیث پاک سنانا.....	۳۰
۲	غفلت کے وقت مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر حدیث سنانا.....	۳۱
۳	تبلیغ اور گم شدہ بچے کا اعلان مسجد کے لاؤڈ اسپیکر سے.....	۳۱
۴	وعظ میں لاؤڈ اسپیکر استعمال کرنا.....	۳۲
۵	ماہ مبارک میں رات کو مسجد کے مائک پر نظم وغیرہ پڑھنا.....	۳۳
۶	تبلیغی نصاب مسجد کے مائیک میں پڑھنا.....	۳۳
۷	مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر اذان کے علاوہ حمد ونعت پڑھنا.....	۳۴

۸	مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر نعت وغزل پڑھنا.....	۳۵
۹	ایک مائیک کی آواز پورا گاؤں سنے تو کیا دوسری مسجدوں میں مائیک کی ضرورت ہے؟.....	۳۶
۱۰	مسجد کے مائیک پر اعلان جب کہ اس کے پَھول مسجد کے مناروں پر لگے ہوں.....	۳۷
۱۱	روپیہ لیکر مسجد کے مائک پر اعلان کرنا.....	۳۷
۱۲	مسجد کے مائک سے مسجد میں پیسہ دینے والے کا اعلان.....	۳۸
۱۳	فیس دیکر مسجد کے مائک سے اپنا اعلان کرانا.....	۳۸
۱۴	مسجد کے مائک سے ترغیب کے لئے چندہ دینے والے کے ناموں کا اعلان.....	۳۹
۱۵	مسجد کے مائک سے دوسرے اعلان.....	۴۱
	الفصل الرابع عشر فی صرف مال المسجد فی غیرہ	
	(مسجد کے پیسے کا دوسری جگہ استعمال کرنے کا بیان)	
۱۶	مسجد کی آمدنی سے مدرسہ قائم کرنا.....	۴۲
۱۷	مسجد کی آمدنی سے مدرسہ بنانا.....	۴۳
۱۸	مسجد کی آمدنی سے مدرسہ میں چندہ دینا.....	۴۴
۱۹	مسجد کا روپیہ مدرسہ میں خرچ کرنا.....	۴۵
۲۰	مسجد کی آمدنی مدرسہ پر صَرف کرنا.....	۴۶
۲۱	ورکنگ کمیٹی کا مسجد کے فنڈ سے قرض لے کر مدرسہ میں خرچ کرنا.....	۴۷
۲۲	مسجد ومدرسہ کی رقوم بطورِ قرض ایک دوسرے میں صرف کرنا.....	۴۷
۲۳	مسجد ومدرسہ کی زائد آمدنی دوسری مسجد ومدرسہ میں خرچ کرنا.....	۴۸
۲۴	ایک مسجد کا روپیہ دوسری مسجد میں صرف کرنا.....	۴۹
۲۵	ایک مسجد کا روپیہ دوسری مسجد میں لگانا.....	۵۰
۲۶	مسجد قدیم کی آمدنی مسجد جدید پر خرچ کرنا.....	۵۱
۲۷	ایک مسجد میں رقم لگانے کا ارادہ کرنے کے بعد دوسری مسجد میں صَرف کرنا.....	۵۲

Made searchable using ScribeTools.com

۲۸	ایک مسجد کا روپیہ دوسری مسجد کے لئے قرض دینا	۵۲
۲۹	ایک مسجد کی آمدنی دیگر مساجد پر صَرف کرنا	۵۳
۳۰	مسجد کے لئے چندہ جمع کر کے مدرسہ بنانا	۵۵
۳۱	مسجد کے روپے سے عیدگاہ بنانا یا بالعکس	۵۸
۳۲	مسجد کی آمدنی سے تنخواہ میں تقلیل اور اسکول میں خرچ کرنا	۵۸
۳۳	مسجد کی آمدنی سے امام صاحب کا حجرہ وغیرہ بنانا	۵۹
۳۴	مسجد کی آمدنی سے امامِ مسجد کا حجرہ واستنجاخانہ بنوانا	۶۰
۳۵	مسجد کے پیسہ سے بیت الخلاء اور غسل خانہ بنانا، لہوولعب کی تقریب میں شرکت	۶۱
۳۶	مسجد کا چندہ عمومی کام میں خرچ کرنا	۶۳
۳۷	مسجد قدیم کی آمدنی کا مصرف	۶۴
۳۸	مسجد کی فاضل رقم کا مصرف	۶۵
۳۹	مسجد کی آمدنی سے مسجد میں لائبریری چلانا	۶۶
۴۰	مسجد کے روپیہ سے قبرستان کی زمین خریدنا	۶۷
۴۱	مسجد کی رقم تحفظِ مسجد کے لئے لڑے جانے والے مقدمہ کے مصارف میں خرچ کرنا	۶۷
۴۲	مساجد کا روپیہ حکومت کو دینا	۶۹
۴۳	مسجد کا روپیہ مسجد کی رؤیتِ ہلال کمیٹی میں خرچ ہوسکتا ہے یا نہیں؟	۷۰
۴۴	مسجد کی آمدنی سے جنازہ کی چارپائی خریدنا	۷۰
۴۵	مسجد کے پیسے سے مسجد کے غسل خانہ کے لئے بالٹی خریدنا	۷۱
۴۶	مسجد کی رقم سے وضو کا پانی گرم کرنا	۷۲
۴۷	مسجد کی آمدنی سے تعلیم دینا	۷۳
۴۸	مسجد کی رقم سے بیٹری بھروانا	۷۳
۵۹	عیدین وجمعہ کے موقعہ پر مسجد کی آمدنی سے عام شاہراہ پر فرش بچھوانا	۷۴

۵۰	مسجد کے روپے سے کسی غریب کی حالت کو سدھارنا	۷۴
۵۱	مسجد کی آمدنی سے افطار کرانا	۷۵
۵۲	افطار کے لئے دیا ہوا روپیہ مسجد کے دوسرے کاموں میں صَرف کرنا	۷۶
۵۳	امام کی تنخواہ وقف زمین کی آمدنی سے	۷۶
۵۴	مسجد کی آمدنی سے حافظِ تراویح کو انعام دینا	۷۷
۵۵	رقمِ مسجد تراویح کے حافظ پر خرچ کرنا	۷۸
۵۶	عیدگاہ اور مسجد کا روپیہ قرض دینا	۷۸
۵۷	مسجد کا دھان ادھار دینا	۷۹
۵۸	مسجد کے پیسہ سے تجارت	۷۹
۵۹	مسجد کا روپیہ تجارت کے لئے دینا	۸۰
۶۰	مسجد کا روپیہ کسی کے ذمہ ہو تو اس کو معاف نہیں کیا جاسکتا	۸۱
۶۱	مسجد کی آمدنی کو ختم کردینے کا کسی کو بھی حق نہیں	۸۱
۶۲	مسجد کی دوکانوں کے کرایہ اور شادی کی آمدنی سے امام کی تنخواہ	۸۲

الفصل الخامس عشر فی صرف المال الحرام فی المسجد

(مسجد میں حرام مال صَرف کرنے کا بیان)

۶۳	مالِ حرام مسجد میں صرف کرنا	۸۴
۶۴	کسی سے جبراً مال لے کر مسجد میں صرف کرنا	۹۳
۶۵	مسجد میں مالِ حرام صَرف کرنے سے متعلق شامی کی عبارت	۹۵
۶۶	مالِ حرام سے مسجد، کنواں اور مکان کی تعمیر	۹۵
۶۷	مالِ حرام سے بنائی ہوئی مسجد	۹۷
۶۸	مالِ حرام سے مسجد و مدرسہ وغیرہ بنانا	۱۰۰
۶۹	حلال وحرام روپے سے بنی ہوئی مسجد میں نماز	۱۰۱

Made searchable using ScribeTools.com

۷۰	وصیت اور خواب کہ سود کا روپیہ مسجد میں دیا جائے	۱۰۲
۷۱	سودی قرضہ کا روپیہ مسجد میں لگانا	۱۰۴
۷۲	مسجد کی تعمیر کے لئے سود پر قرض لینا	۱۰۵
۷۳	مسجد کے لئے سودی قرض	۱۰۵
۷۴	سود کا پیسہ مسجد کی روشنی وغیرہ میں لگانا	۱۰۶
۷۵	سود خور کو ترکہ میں ملی ہوئی رقم مسجد میں لگانا	۱۰۸
۷۶	تعمیرِ مکان کے لئے مسجد کمیٹی کا سُود پر رقم لینا	۱۰۸
۷۷	بلیک مارکیٹنگ کرنے والے کا روپیہ مسجد میں	۱۰۹
۷۸	مسجد کی رقم خرچ کر کے سودی قرض لے کر مسجد میں دینا	۱۱۰
۷۹	قیمتِ شراب سے بنی ہوئی مسجد میں نماز	۱۱۰
۸۰	شراب کی آمدنی سے مسجد میں چندہ	۱۱۱
۸۱	شراب کے کاروبار والے کی جائز آمدنی سے چندہ	۱۱۲
۸۲	مخلوط آمدنی سے مسجد میں چندہ	۱۱۲
۸۳	ایضاً	۱۱۲
۸۴	چوری کے مال سے چندہ	۱۱۲
۸۵	شراب کی آمدنی سے مسجد میں چندہ	۱۱۲
۸۶	غیر مسلم سے مسجد کے لئے چندہ لینا	۱۱۳
۸۷	چوری کا سیمنٹ مسجد میں لگانا	۱۱۵
۸۸	مخلوط آمدنی والے کا چندہ مسجد و مدرسہ میں	۱۱۶
۸۹	ناجائز آمدنی کا پیسہ مسجد میں	۱۱۶
۹۰	مالِ غیر طیب سے تعمیر شدہ مسجد کا حکم	۱۱۷
۹۱	خنزیر کے بالوں سے برش بنانے کی اجرت کا پیسہ مسجد میں لگانا	۱۱۸

۹۲	ایضاً	۱۱۸
۹۳	خنزیر کے بالوں کے برش کی اجرت کا پیسہ مسجد میں دیا ہو تو کیا واپس کیا جائے گا؟	۱۱۸
۹۴	جس مسجد میں خنزیر کے بالوں کی اجرت کا روپیہ لگا ہو، اس میں نماز	۱۱۸
۹۵	ساہوکار کا روپیہ مسجد میں	۱۱۹
۹۶	طوائف کی تعمیر کردہ مسجد میں نماز	۱۲۰
۹۷	رنڈی کا زمین کو مسجد کے لئے وقف کرنا	۱۲۱
۹۸	رنڈی کا مسجد میں ٹین ڈلوانا	۱۲۱
۹۹	فاحشہ کی دی ہوئی چیز کا مسجد میں استعمال	۱۲۳
۲۰۱	مالی جرمانہ اور اس کو مسجد میں صرف کرنا	۱۲۴
۱۰۱	قرض لے کر تعمیر مسجد میں رقم دی وہ حلال ہے	۱۲۵
۱۰۲	قوالی اور اس کی آمدنی مسجد میں دینا	۱۲۶
۱۰۳	بیعانہ مسجد میں لگانا	۱۲۸
۱۰۴	لقطہ کا روپیہ مسجد میں لگانا	۱۲۹
۱۰۵	ہبہ شدہ چیز دوبارہ لے کر اس کی قیمت مسجد میں دینا	۱۳۰

الفصل السادس عشر فی صرف مال الکافر فی المسجد

(مسجد میں کافر کے مال کو صرف کرنے کا بیان)

۱۰۶	تعمیرِ مسجد میں غیر مسلم کا روپے لگانا اور ﴿ما کان للمشرکین أن یعمروا مساجد اللّٰہ﴾	☆
☆	کا مطلب	۱۳۲
۱۰۷	مسجد میں اہلِ ہنود کا روپیہ	۱۳۶
۱۰۷	غیر مسلم کا روپیہ تعمیر مسجد میں لگانا	۱۳۷
۱۰۹	غیر مسلم کا مسجد تعمیر کرنے کا حکم	۱۳۹
۱۱۰	مسجد کے لئے غیر مسلم سے چندہ لینا	۱۴۰

Made searchable using ScribeTools.com

۱۱۱	غیر مسلم سے مسجد کے لئے چندہ لینا	۱۴۱
۱۱۲	کفار کا روپیہ مسجد وعیدگاہ میں صرف کرنا	۱۴۲
۱۱۳	کافر بے دین کا روپیہ جدید مسجد میں	۱۴۲
۱۱۴	ہندو مسلم کا مخلوط پیسہ تعمیر مسجد میں صرف کرنا	۱۴۳
۱۱۵	ہندو کا مسجد میں لوٹے دینا	۱۴۴
۱۱۶	غیر مسلم کی زمین سے مٹی لیکر مسجد میں لگانا	۱۴۵
	الفصل السابع عشر فی جمع التبرعات للمسجد بطریق الاکتتاب	
	(مسجد کے لئے چندہ جمع کرنے کا بیان)	
۱۱۷	چندۂ مسجد کا حکم	۱۴۶
۱۱۸	مسجد کا خرچ ذاتی پیسہ سے ہو یا چندہ سے؟	۱۴۷
۱۱۹	بجائے متولی کے چندہ فنڈ میں جمع کرنا	۱۴۸
۱۲۰	مسجد ومدرسہ کے نام سے مشترکہ چندہ کرنا	۱۵۰
۱۲۱	مسجد ومدرسہ کے مشترکہ چندہ سے مسجد کی توسیع اور مدرسہ کے لئے دوکان بنانا	۱۵۱
۱۲۲	اذان خانہ کے لئے چندہ کیا گیا اس سے مسافر خانہ بنانا	۱۵۲
۱۲۳	چندۂ مسجد وانجمن سے مٹھائی وغیرہ	۱۵۳
۱۲۴	جبراً چندہ لینا	۱۵۵
۱۲۵	مسجد کے لئے جبراً چندہ لینا	۱۵۷
۱۲۶	مسجد کی تعمیر کے لئے زبردستی چندہ لینا	۱۵۷
۱۲۷	مسجد کے لئے چندہ دیکر واپس لینا	۱۵۸
۱۲۸	چندہ کے ضمان کی ایک صورت، چندہ وقف نہیں ہوتا	۱۶۰
۱۲۹	قوالی کے لئے جمع کیا گیا روپیہ مسجد میں لگانا	۱۶۲
۱۳۰	چندہ حوض کے لئے جمع کیا گیا، پھر اس کو دوسرے کام میں خرچ کرنا	۱۶۲

۱۳۱	دروازۂ مزار پر صندوق کے چندہ سے مؤذن وامام کی تنخواہ.....	۱۶۵
۱۳۲	مسجد میں بدعتی کا چندہ.....	۱۶۶
۱۳۳	بھیک سے مانگا ہوا پیسہ مسجد میں صرف کرنا.....	۱۶۶
۱۳۴	لاوارث میت کے کفن کے لئے جمع شدہ رقم میں سے بچی ہوئی رقم مسجد میں خرچ کرنا.....	۱۶۷
۱۳۵	لاوارث کا مال مسجد میں.....	۱۶۸
۱۳۶	رجب کے کونڈے کی قیمت مسجد میں.....	۱۶۹

الفصل الثامن عشر فی بناء المسجد فی ملک الغیر

(غیر کی زمین میں مسجد تعمیر کرنے کا بیان)

۱۳۷	غیر وقف زمین میں مسجد بنانا.....	۱۷۰
۱۳۸	ارضِ مغصوبہ میں مسجد ودوکانیں.....	۱۷۱
۱۳۹	جائیدادِ مغصوبہ میں مسجد بنانا.....	۱۷۲
۱۴۰	دوسرے کی زمین کو مسجد بنالینا.....	۱۷۳
۱۴۱	دوسرے کا مکان مسجد کو دینے سے وہ مسجد کا نہیں ہوجاتا.....	۱۷۴
۱۴۲	کرایہ کا مکان مالک نے مسجد کو وقف کردیا.....	۱۷۵
۱۴۳	سرکاری زمین پر مسجد بنانا.....	۱۷۶
۱۴۴	ایضاً.....	۱۷۷
۱۴۵	ایضاً.....	۱۷۸
۱۴۶	ایضاً.....	۱۷۹
۱۴۷	ریاست کی حاصل کردہ زمین پر مسجد بنانا.....	۱۸۰
۱۴۸	افتادہ زمین پر مسجد کے لئے مکانات ودوکانیں بنانا.....	۱۸۱
۱۴۹	مسجد کے قریب غیر مملوکہ زمین میں مصالحِ مسجد کے لئے دوکان وغیرہ بنانا.....	۱۸۱

Made searchable using ScribeTools.com

باب آداب المسجد

الفصل الأول فیما یستحب فی المسجد ومایکرہ

(مسجد میں مستحب اور مکروہ کاموں کا بیان)

۱۵۰	آدابِ مسجد	۱۸۳
۱۵۱	دخولِ مسجد کی دعاء کہاں پڑھی جائے؟	۱۸۴
۱۵۲	جوتا پہن کر مسجد میں جانا، جوتے میں نماز پڑھنا	۱۸۵
۱۵۳	مسجد کے متصل فرش پر جوتہ پہن کر جانا	۱۸۶
۱۵۴	مسجد کے خام صحن میں جوتا پہن کر جانا	۱۸۸
۱۵۵	ٹوپ پہن کر مسجد میں جانا	۱۹۱
۱۵۶	فرشِ مسجد کے متصل کپڑے دھونا	۱۹۲
۱۵۷	ناپاک کپڑا مسجد میں رکھنا	۱۹۳
۱۵۸	مسجد میں تولیہ، آئینہ اور منبر پر غلاف	۱۹۳
۱۵۹	مسجد کی صفائی برش سے	۱۹۴
۱۶۰	تالاب کی گیلی مٹی سے مسجد کو لیپنا	۱۹۵
۱۶۱	ناک صاف کرکے مسجد سے ہاتھ پونچھنا	۱۹۶
۱۶۲	مسجد میں کنگھی کرنا	۱۹۷
۱۶۳	اذان کے وقت مسجد میں بات کرنا	۱۹۷
۱۶۴	مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا	۱۹۸
۱۶۵	ایضاً	۱۹۹
۱۶۶	مسجد میں بیٹھ کر مشورہ کرنا	۲۰۰
۱۶۷	مسجد میں ٹیپ ریکارڈ سے قرآن سننا	۲۰۱

Made Searchable by ScribeTools.com

۱۶۸	مسجد میں ٹیپ ریکارڈ سے وعظ سننا	۲۰۲
۱۶۹	مسجد میں بیٹھ کر خط لکھنا	۲۰۳
۱۷۰	مسجد میں چہل قدمی کرنا	۲۰۳
۱۷۱	مسجد میں ٹہلتے ہوئے تسبیح پڑھنا	۲۰۵
۱۷۲	شاہی مسجد کو تفریح گاہ بنانا	۲۰۵
۱۷۳	مسجد کی زمین اور قبرستان میں فٹ بال وغیرہ کھیلنا	۲۰۶
۱۷۴	مسجد میں افطاری اور سحری	۲۰۷
۱۷۵	مسجد میں قربانی کرنا	۲۰۸
۱۷۶	مسجد میں چھپکلی مارنا	۲۰۸
۱۷۷	مسجد کی چھت پر سے چڑیا کا شکار	۲۰۹
۱۷۸	مسجد میں کبوتر پکڑنا	۲۰۹
۱۷۹	گمشدہ چیز کا مسجد میں اعلان کرنا	۲۱۰
۱۸۰	ایضاً	۲۱۲
۱۸۱	مسجد میں سے ہو کر غسل خانہ جانا	۲۱۳
۱۸۲	عورتوں کا مسجد میں جانا	۲۱۳
۱۸۳	عورتوں کا مسجد کو گذرگاہ بنانا	۲۱۴
۱۸۴	مدرسہ کا راستہ مسجد میں سے	۲۱۵
۱۸۵	بچوں اور پاگلوں کو مسجد میں داخل کرنا	۲۱۶
۱۸۶	وضو کی نالی صحنِ مسجد کے نیچے سے گزرتی ہو تو اس کا حکم	۲۱۷
۱۸۷	مسجد کے غسل خانہ میں پاخانہ کرنا	۲۱۷
۱۸۸	فرشِ مسجد پر وضو	۲۱۸
۱۸۹	مسجد کی دیوار پر بیٹھ کر وضو کرنا	۲۱۹

Made searchable using ScribeTools.com

۱۹۰	مسجد کا پانی راستہ چلنے والوں کے لئے تکلیف کا باعث نہیں ہونا چاہیے	۲۲۰
۱۹۱	بازار میں واقع مسجد میں لوگوں کی آمدورفت کی وجہ سے بے حرمتی کا اندیشہ	۲۲۱
۱۹۲	کیا متولی کے منع کرنے سے اس مسجد میں نماز نہیں ہوگی؟	۲۲۲
۱۹۳	مسجد میں کسی کے لئے جگہ روکنا	۲۲۲
۱۹۴	دیوارِ مسجد میں تختہ لگا کر قرآن ودینی کتب رکھنا	۲۲۳
۱۹۵	صحنِ مسجد میں نماز	۲۲۳
۱۹۶	صحنِ مسجد کا احترام	۲۲۴
۱۹۷	مسجد کا پھول توڑنا	۲۲۵
۱۹۸	مسجد میں پھول کے گملے	۲۲۵
۱۹۹	مسجد میں درخت لگانا	۲۲۶
۲۰۰	مسجد میں تعزیہ رکھنا	۲۲۷
۲۰۱	مسجد میں کلنڈر اور اشتہارِ کتب لٹکانا	۲۲۹
۲۰۲	مسجد میں آئینہ اور پنجتن کا طغرہ لٹکانا مکروہ ہے	۲۲۹

الفصل الثانی فی النیام والقیام فی المسجد

(مسجد میں سونے اور ٹھہرنے کا بیان)

۲۰۳	مسجد میں سونا	۲۳۱
۲۰۴	ایضاً	۲۳۲
۲۰۵	ایضاً	۲۳۳
۲۰۶	مسجد میں سونا، آرام کرنا اور اعتکاف کرنا	۲۳۳
۲۰۷	امام کا مسجد میں چارپائی بچھا کر لیٹنا	۲۳۴
۲۰۸	مسجد میں چارپائی پر آرام کرنا	۲۳۵
۲۰۹	مسجد میں قیام وغیرہ	۲۳۶

۲۱۰	مسجد میں ٹھہرنا اور پنکھا استعمال کرنا.....	۲۳۷
۲۱۱	مسجد میں نفلی اعتکاف کی نیت سے قیام کرنا.....	۲۳۸

الفصل الثالث فی دخول الجنب والحائض فی المسجد

(مسجد میں جنبی اور حائضہ کے داخل ہونے کا بیان)

۲۱۲	کیا بحالتِ جنابت مسجد میں داخل ہونا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خاص تھا؟....	۲۳۹
۲۱۳	حالتِ حیض و جنابت میں اور بغیر استنجا کئے مسجد میں آنا.....	۲۴۰
۲۱۴	مسجدِ بیت میں حائضہ کا داخل ہونا.....	۲۴۱

الفصل الرابع فی دخول الکافر فی المسجد

(غیر مسلم کا مسجد میں داخل ہونے کا بیان)

۲۱۵	غیر مسلم کا مسجد میں داخل ہونا.....	۲۴۲
۲۱۶	غیر مسلموں کا مسجد کے حوض سے ہاتھ پیر دھونا.....	۲۴۲
۲۱۷	مشرک کو مسجد میں آنے سے روکنا.....	۲۴۳

الفصل الخامس فی إدخال الأشیاء المنتنة فی المسجد

(مسجد میں بدبودار چیزوں کے داخل کرنے کا بیان)

۲۱۸	مسجد میں بدبودار رنگ کرنا.....	۲۴۵
۲۱۹	مٹی کا تیل مسجد میں لے جانا.....	۲۴۵
۲۲۰	مٹی کا تیل مسجد میں جلانا.....	۲۴۶
۲۲۱	ایضاً.....	۲۴۷
۲۲۲	مٹی کا یا شراب سے کھینچا ہوا تیل مسجد میں جلانا.....	۲۴۸
۲۲۳	معماروں کا مسجد میں گھٹنے کھولنا اور حقہ پینا.....	۲۴۹

Made searchable using ScribeTools.com

۲۲۴	صحنِ مسجد میں سگریٹ پینا	۲۴۹
۲۲۵	جس کے زخم سے بدبو آتی ہو اس کا مسجد میں جانا	۲۵۰
۲۲۶	کوڑھی کا مسجد میں جانا	۲۵۱
۲۲۷	خارش و جذام والے کا مسجد میں آنا	۲۵۲
۲۲۸	جذام والے کا مسجد میں آنا	۲۵۴
۲۲۹	مسجد میں ریح خارج کرنا	۲۵۴
۲۳۰	مسجد میں خروج ریح	۲۵۵
	الفصل السادس فی زخرفة المساجد والکتابة علیها	
	(مسجد کے نقش ونگار اور اس پر لکھنے کا بیان)	
۲۳۱	مسجد میں نقش ونگار	۲۵۶
۲۳۲	مسجد کا نقش ونگار مسجد کے مال سے	۲۵۷
۲۳۳	سلور جوبلی پر مسجد میں چراغاں	۲۵۹
۲۳۴	مسجد میں روضۂ اقدس کی تصویر لگانا	۲۶۱
۲۳۵	مسجد میں کعبہ اور مسجدِ نبوی کا فوٹو لٹکانا	۲۶۲
۲۳۶	دیوارِ مسجد میں آیات وغیرہ لکھوانا	۲۶۳
۲۳۷	چندہ سے تعمیر شدہ مسجد میں اپنے نام کا پتھر لگانا	۲۶۳
۲۳۸	مسجد میں حدیث لکھ کر لگانا اور اپنے لئے دعاء کرانا اور اپنا نام لکھنا	۲۶۴
۲۳۹	نام کھدوا کر مسجد پر پتھر لگوانا	۲۶۶
	الفصل السابع فی البیع والشراء فی المسجد	
	(مسجد میں خرید وفروخت کرنے کا بیان)	
۲۴۰	مسجد میں خرید وفروخت	۲۶۷

۲۴۱	مسجد میں خرید وفروخت	۲۶۸
۲۴۲	مسجد میں تجارت کرنا	۲۶۹
۲۴۳	امام کا مسجد میں تجارت کرنا	۲۷۰
۲۴۴	غسل خانہ یا جوتہ اتارنے کی جگہ بیع وشراء	۲۷۱
۲۴۵	مسجد کے درخت کی بیع مسجد میں	۲۷۱
	الفصل الثامن فی الاکتتاب فی المسجد	
	(مسجد میں چندہ کرنے کا بیان)	
۲۴۶	مسجد میں مدرسہ کے لئے چندہ کرنا	۲۷۳
۲۴۷	مسجد میں چندہ کا اعلان کرنا	۲۷۳
۲۴۸	مسجد میں مسجد، ختم اور امام کے لئے چندہ	۲۷۴
	الفصل التاسع فی الحَفَلات للوعظ والأناشید فی المسجد	
	(مسجد میں وعظ ونظم کی محفلوں کا بیان)	
۲۴۹	مسجد میں جلسہ وتقریر	۲۷۷
۲۵۰	مسجد میں کرسی بچھا کر وعظ کرنا	۲۷۸
۲۵۱	مسجد میں پڑھنے آنے والے بچوں سے تقریر کرانا	۲۷۹
۲۵۲	مسجد میں نعت پڑھنا	۲۸۰
۲۵۳	مسجد میں الیکشن	۲۸۰
	الفصل العاشر فی المزامیر عند المسجد	
	(مسجد کے قریب موسیقی وغیرہ کا بیان)	
۲۵۴	مسجد کے سامنے باجہ وغیرہ	۲۸۲
۲۵۵	مسجد کے اندر یا چھت پر نقارہ بجانا	۲۸۳

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

۲۵۶	آواز دار گھڑی مسجد میں	۲۸۳

باب المتفرقات

۲۵۷	مسجد کے نام پر دینی درسگاہ بنانا	۲۸۵
۲۵۸	مسجد کی بجلی کا تار کسی کے مکان پر سے گزروانا	۲۸۷
۲۵۹	مسجد سے ملا کر اپنی تعمیر کرنا	۲۸۷
۲۶۰	مسجد کا لینٹر پڑوسی کی دیوار پر	۲۸۸
۲۶۱	مسجد کا بیمہ	۲۹۰
۲۶۲	مسجدوں کا جنت میں جانا	۲۹۱
۲۶۳	ذاتی مسجد کا حال	۲۹۱
۲۶۴	مسجد میں جو چیز دی جائے وہ کس کا حق ہے؟	۲۹۱
۲۶۵	مسجد میں گلگلے اور شیرینی آئے اس کا مستحق کون ہے؟	۲۹۲
۲۶۶	مکان اور مسجد کے درمیان کتنا راستہ چھوڑا جائے؟	۲۹۳
۲۶۷	مخصوص مسجد کو جان کے اندیشہ سے چھوڑنا	۲۹۳
۲۶۸	مسجد کے خادم کو ضعیف ہوجانے پر مسجد سے تنخواہ دینا کیسا ہے؟	۲۹۴
۲۶۹	خادمِ مسجد کو وراثت کا حق نہیں	۲۹۵
۲۷۰	باہمی نااتفاقی کی بناء پر ایک مسجد کو ویران کرنا	۲۹۷
۲۷۱	مقروض کا قرض خواہ کی طرف سے قرض مسجد میں دینا	۲۹۸
۲۷۲	نقصان شدہ شئی کا ضمان مسجد میں دینا	۲۹۹
۲۷۳	امام کے ذمہ مسجد کا قرض ہے اس کی وصولی کی صورت	۳۰۰
۲۷۴	کفن کا مصلّی مسجد میں	۳۰۱
۲۷۵	مسجد سے متصل اسکول بنانا	۳۰۲

۲۷۶	پھینکے ہوئے سیمنٹ کو درستگی کے بعد فروخت کر کے مسجد کا فرش بنانا	۳۰۳
۲۷۷	کمپنی سے ٹین کی سستی چادریں خرید کر مسجد میں استعمال کرنا	۳۰۴
۲۷۸	مسجد کا غلہ فروخت کرنے والے سے ضامن بننے کی صورت میں قیمت کی وصولی	۳۰۴
۲۷۹	مخصوص خاندان کا اپنی بنائی ہوئی مسجد کو اپنی ملک کی طرح سمجھنا	۳۰۵
۲۸۰	مسجد کے لئے پتھر خریدے اور ایک پتھر بطور یادگار دے دیا	۳۰۶
۲۸۱	ضد کی وجہ سے پہلی مسجد کو گرانا	۳۰۸
۲۸۲	مسجد کو شہید کرنے سے ضمان	۳۰۹
۲۸۳	مسجد میں روپیہ دینے کا وعدہ کر کے روپیہ نہ دینا	۳۱۲
۲۸۴	سرکاری ٹنکی سے مسجد میں پانی لینا	۳۱۳
۲۸۵	غیر آباد مسجد میں میت دفن کرنا	۳۱۴
۲۸۶	محض ضد کی وجہ سے مسجد چھوڑنا	۳۱۶
۲۸۷	حفاظتِ سامان کے لئے مسجد میں تالا ڈالنا	۳۱۶
۲۸۸	مسجد کی آبادی	۳۱۷
۲۸۹	مسجد نما اور درمیان میں قبر بنانے کا حکم	۳۲۰

باب المصلّٰی

(عیدگاہ کا بیان)

۲۹۰	کیا عیدگاہ کے لئے وقف ہونا لازم ہے؟	۳۲۲
۲۹۱	عیدگاہ کی جو زمین ندی میں بہہ کر پھر مل گئی، اس کو حکومت سے اپنے نام کرنے کا حکم	۳۲۲
۲۹۲	کیا عیدگاہ پر مسجد کے احکام جاری ہوتے ہیں؟	۳۲۴
۲۹۳	عیدگاہ میں کھیل کھیلنا	۳۲۴
۲۹۴	عیدگاہ اور مسجد میں فرق	۳۲۵

Made searchable using ScribeTools.com

۲۹۵	عیدگاہ اور مسجد میں فرق، عیدگاہ میں اسکول، مدرسہ، راستہ بنانا اور کھیل کھیلنا	۳۲۶
۲۹۶	عیدگاہ آبادی میں ہونے کی وجہ سے فروخت کرنے کا حکم	۳۲۷
۲۹۷	متعدد عیدگاہ بنانا، جب کہ پرانی عیدگاہ ناکافی ہو	۳۲۸
۲۹۸	رفعِ فساد کے لئے دوسری عیدگاہ بنانا	۳۳۰
۲۹۹	رنجش رفع ہونے پر دوسری بنائی گئی عیدگاہ کے ساتھ کیا کیا جائے؟	۳۳۱
۳۰۰	اگر جدید عیدگاہ بھی بنالی جائے تو نماز کس میں ادا کریں؟	۳۳۳
۳۰۱	پرانی عیدگاہ تنگ ہو تو نئی عیدگاہ بنانا	۳۳۴
۳۰۲	عیدگاہ کے درخت کٹوا کر مسجد میں صرف کرنا	۳۳۵
۳۰۳	عیدگاہ کو دومنزلہ بنانا، قدیم عیدگاہ کا مصرف	۳۳۶
۳۰۴	عیدگاہ کا تبادلہ	۳۳۷
۳۰۵	عیدگاہ کے لئے وقف زمین کو مسجد کے نام کرکے آمدنی مسجد میں صَرف کرنا	۳۳۹
۳۰۶	عیدگاہ کی زمین میں مدرسہ بنانا	۳۴۰
۳۰۷	عیدگاہ کو قبرستان بنانا	۳۴۱
۳۰۸	عیدگاہ کو اسکول بنانا	۳۴۲
۳۰۹	عیدگاہ سے متعلق چند سوالات	۳۴۳
۳۱۰	کیا عیدگاہ مسجد کے حکم میں ہے؟	۳۴۳
۳۱۱	ایضاً	۳۴۳
۳۱۲	نمازِ عیدین کے علاوہ عیدگاہ کا حکم	۳۴۴
۳۱۳	کیا عیدگاہ کی دیواروں اور محراب سے عیدگاہ کی حیثیت میں فرق آتا ہے؟	۳۴۴
۳۱۴	عیدگاہ کن کن کاموں کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے؟	۳۴۴
۳۱۵	عیدگاہ کو مسقّف بنانا اور دوسری تیسری منزل بنانا	۳۴۴
۳۱۶	مسجد کے لئے زمین دی اور بعد میں عیدگاہ بنانے کو بھی کہا	۳۴۷

۳۱۷	مرہونہ زمین پر عیدگاہ بنانا	۳۴۷
۳۱۸	عیدگاہ پر تعمیر کرانے والے کا نام درج کرنا	۳۴۸
۳۱۹	عیدگاہ کو اپنا کھیت کہنے والے شخص کا حکم	۳۴۹

بابٌ فی أحکام المقابر

(قبرستان کے احکام کا بیان)

۳۲۰	قبرستان میں مسجد بنانا	۳۵۰
۳۲۱	ایسے مقبرہ میں مسجد بنانا جس میں قبروں کے نشانات نہ ہوں	۳۵۱
۳۲۲	پرانے قبرستان میں مسجد بنانا	۳۵۱
۳۲۳	پرانے قبرستان کو مسجد بنانا	۳۵۳
۳۲۴	قدیم قبرستان میں بنی ہوئی مسجد بھی شرعی مسجد ہے	۳۵۵
۳۲۵	قبرستان کی خالی زمین جوت کر اس کی آمدنی مسجد میں لگانا	۳۵۷
۳۲۶	قدیم غیر مستعمل قبرستان میں مسجد بنانا	۳۵۷
۳۲۷	قبرستان کی زمین کا تبادلہ	۳۵۹
۳۲۸	قبرستان میں مدرسہ بنانا	۳۵۹
۳۲۹	ایضاً	۳۶۱
۳۳۰	قبرستان میں خانقاہ	۳۶۲
۳۳۱	قبرستان میں عیدگاہ بنانا	۳۶۳
۳۳۲	قبرستان کو عیدگاہ میں شامل کرنا	۳۶۴
۳۳۳	مشتبہ قبرستان کی زمین کو خریدنا اور اس پر مکان بنانا	۳۶۵
۳۳۴	جو زمین بچوں کی قبروں کے لئے ہے اس کو فروخت کرنا	۳۶۶
۳۳۵	فقیر نگران کا قبرستان کی زمین کو فروخت کرنا	۳۶۸

Made searchable using ScribeTools.com

۳۳۶	قبروالی زمین کی بیع	۳۶۸
۳۳۷	چک بندی میں قبرستان اور مدرسہ کے لئے زمین رشوت دے کر چھڑانا	۳۶۹
۳۳۸	قبرستان کی آمدنی مدرسہ وعیدگاہ میں خرچ کرنا	۳۷۰
۳۳۹	قبرستان کی آمدنی مسجد میں	۳۷۱
۳۴۰	قبرستان کی آمدنی سے مساجد کی مرمت	۳۷۲
۳۴۱	قبرستان کے باغ کی آمدنی مسجد اور مدرسہ کے کاموں میں صَرف کرنا	۳۷۳
۳۴۲	پرانے قبرستان میں مکان وبیت الخلاء وغیرہ	۳۷۴
۳۴۳	پرانے قبرستان میں کرایہ کے لئے دوکانیں بنانا	۳۷۵
۳۴۴	قبرستان کے درختوں کا مصرف	۳۷۶
۳۴۵	قبرستان کے پھل کا حکم	۳۷۸
۳۴۶	قبرستانِ موقوفہ میں کاشت کرنا	۳۷۸
۳۴۷	قبرستان میں کھیتی کرنا	۳۸۰
۳۴۸	قبرستان میں کھیتی کرتے وقت ہڈیاں نکلیں تو کیا کیا جائے؟	۳۸۱
۳۴۹	قبرستان کے چاروں طرف دیوار بنانا	۳۸۲
۳۵۰	قبرستان کی چہار دیواری سینما کی آمدنی سے بنانا	۳۸۳
۳۵۱	قبرستان میں پڑے پتھروں کو اس کے کمپاؤنڈ بنانے میں خرچ کرنا	۳۸۴
۳۵۲	عیدگاہ اور قبرستان بستی کی کس جانب میں ہو؟	۳۸۵
۳۵۳	مخصوص قبرستان میں بلا اجازت دفن کرنا	۳۸۵
۳۵۴	قبرستان کی مینڈھ باندھنے کے لئے وہاں کی مٹی لینا	۳۸۷
۳۵۵	قبر کی مٹی تبرکاً لیجانا	۳۸۸
۳۵۶	قبرستان کی مٹی کا حکم	۳۸۹
۳۵۷	قبرستان میں نماز عید	۳۸۹

Made Searchable by ScribeTools.com

۳۵۸	جوقبریں راستہ میں ہوں ان کو وہاں سے ہٹانا	۳۹۱
۳۵۹	قبرستان میں جوتا پہن کر چلنا	۳۹۳
۳۶۰	قبرستان میں برہنہ پا ہونا	۳۹۴
۳۶۱	قبرستان میں راستہ بنانا	۳۹۴
۳۶۲	قبرستان میں بیڑی پینا	۳۹۵
۳۶۳	قبرستان میں آگ جلا کر کھانا پکانا	۳۹۵
۳۶۴	قبرستان میں کبڈی وغیرہ کھیلنا	۳۹۶

باب مایتعلق بالمدارس

الفصل الأول فی تولیة المدارس ونظمها

(مدارس کے نظم ونسق اور اہتمام کا بیان)

۳۶۵	مدرسہ کا مہتمم مجلس شوریٰ کے مشوروں کا پابند ہے یا نہیں؟	۳۹۷
۳۶۶	کثرتِ رائے کا فیصلہ شریعت کی نظر میں	۴۲۴
۳۶۷	مدارس کا نظام کیسا ہونا چاہیے؟	۴۳۸
۳۶۸	بے دین لوگوں کو ورکنگ کمیٹی کا ممبر بنانا	۴۳۸
۳۶۹	جب مدرسہ کا دستور نہ ہو تو اس وقت کیا کیا جائے؟	۴۳۹
۳۷۰	ادارہ کو مخالف گروپ کی تباہی سے بچانے کے لئے کیا صورت اختیار کی جائے؟	۴۴۰
۳۷۱	وقتِ ضرورت خرچ نہ کرنا بھی خیانت ہے	۴۴۲
۳۷۲	غبن کے اتہام پر حساب دینا	۴۴۳
۳۷۳	مدرسہ عربیہ کی مخالفت اور دیگر خیانتوں سے سبب قوم کے امام پر اشکالات	۴۴۴
۳۷۴	مہتمم مدرسہ اور ملازمین کو بلاوجہ معزول کرنا برطرفی کے مہینہ کی تنخواہ کا استحقاق	۴۴۸
۳۷۵	ناظمِ مدرسہ کا ماتحت مدرسین سے باز پرس کرنا	۴۴۹

Made searchable using ScribeTools.com

۳۷۶	مہتمم کا ملازم کو اجازت سے چندہ کے سفر کا ٹکٹ بنوانے کے بعد روکنا	۴۵۰
۳۷۷	دینی مدارس کی مثال صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور تابعین کے دور میں	۴۵۲
۳۷۸	مدارس اور تبلیغ کی صورت میں خدمتِ دین کا طریقہ	۴۵۳
۳۷۹	مدرس کو دوسری جگہ ملازمت کر کے پہلے مدرسہ کو ویران کرنا	۴۵۴
۳۸۰	بلاوجہ دینی مدرسہ کو بند کرنا	۴۵۵
۳۸۱	جدید مدرسہ بنانے پر قدیم مدرسہ کا حکم	۴۵۶
۳۸۲	دینی مکتب و مدرسہ کو ذاتی ملک سمجھنا	۴۵۷
۳۸۳	مدرسہ کا مہتمم کس کا وکیل ہے؟ اور کیا مدرسہ کا چندہ وقف ہے؟	۴۵۸
۳۸۴	مدرسہ سے متعلق ایک وصیت نامہ	۴۶۱
۳۸۵	درسگاہ میں گھنٹہ بجنے سے پہلے نشانی رکھ دینا	۴۶۲
	الفصل الثانی فی مصارف المدرسة و استبدالها	
	(مدرسہ کے مصارف اور اس کو بدلنے کا بیان)	
۳۸۶	مصرف بدلنا	۴۶۴
۳۸۷	مدرسہ کی آمدنی سے امارتِ شرعیہ کی امداد	۴۶۵
۳۸۸	چندہ کا روپیہ جلسۂ انعامی میں خرچ کرنا	۴۶۶
۳۸۹	مجلسِ شوریٰ نے جس کے لئے جو چیز تجویز کر دی وہ اسی کے لئے ہے	۴۶۷
۳۹۰	مدرسہ کے لئے دی ہوئی رقم اپنے رکھے ہوئے مدرس کو دینا	۴۶۸
۳۹۱	ایضاً	۴۶۹
۳۹۲	سفر بکارِ مدرسہ میں اپنا ذاتی سامان ضائع ہو جائے تو اس کا حکم	۴۷۰
۳۹۳	دینی مدرسہ کے لئے وقف شدہ زمین کی پیداوار اسکول میں دینا	۴۷۰
۳۹۴	ایک مدرسہ کی رقم دوسرے مدرسہ کے طالبِ علم کو دینا درست نہیں	۴۷۱
۳۹۵	ایک مدرسہ کے لئے جمع شدہ روپیہ دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا	۴۷۲

۳۹۶	ایک مدرسہ کا روپیہ دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا.....	۴۷۳
۳۹۷	طلبہ کی انجمن کا روپیہ دارالعلوم میں دینا.....	۴۷۴
۳۹۸	موقوفہ کتب کو ایک مدرسہ سے دوسرے مدرسہ میں منتقل کرنا.....	۴۷۵
۳۹۹	شیخ کے مہمانوں کا مدرسہ کے کلوخ استعمال کرنا.....	۴۷۶
۴۰۰	مدرسہ کا کھانا تبلیغی جماعت کو کھلانا.....	۴۷۶
۴۰۱	طلبہ کا غلہ تبلیغی جماعت کو کھلانا.....	۴۷۷
۴۰۲	مدرسہ کا روپیہ تبلیغ میں خرچ کرنا.....	۴۷۷
۴۰۳	مدرسین کے لئے خاص کھانا.....	۴۷۸
۴۰۴	خرچ شدہ رقم سے زائد مدرسہ سے وصول کرنا.....	۴۸۰
۴۰۵	کمرۂ مسجد میں مدرسہ کا کرایہ مسجد کو دینا.....	۴۸۱
۴۰۶	مدرسہ کے ڈھیلوں کا سفر میں استعمال.....	۴۸۴
۴۰۷	مسجد یا مدرسہ کی رقم پر زکوۃ ہے یا نہیں؟.....	۴۸۴

الفصل الثالث فی بیع وقف المدرسة والتصرف فيه

(مدرسہ کا وقف فروخت کرنے اور اس میں تصرف کرنے کا بیان)

۴۰۸	مدرسہ کی زمین میں مسجد بنانا.....	۴۸۵
۴۰۹	مدرسہ کی عمارت کو مسجد بنانے کے لئے فروخت کرنا.....	۴۸۵
۴۱۰	مدرسہ کی زمین میں مسجد بنانا.....	۴۸۶
۴۱۱	زمین مدرسہ کو دینے کے بعد واپس لینے کا حق نہیں.....	۴۸۶
۴۱۲	مدرسہ میں زمین دینے کے بعد اس سے انکار کرنا.....	۴۸۹
۴۱۳	زمین مدرسہ کو دینے کا ارادہ کرنے سے ملکیت ختم نہیں ہوتی.....	۴۹۰
۴۱۴	دینی وقف مدرسہ کو اسلامی اسکول کے لئے دینا.....	۴۹۰
۴۱۵	کتاب پر وقف لکھ دینے اور موت سے قبل وصیت سے رجوع کرنے کا حکم.....	۴۹۱

Made searchable using ScribeTools.com

۴۱۶	کیا مدرسہ میں گھڑی دینے کی نیت سے اس کا وقف صحیح ہو جائے گا؟	۴۹۳
۴۱۷	تبدیلِ نیت کا وکیل کو حق نہیں	۴۹۳
۴۱۸	لاوارث زمین میں مدرسہ بنانا	۴۹۴
۴۱۹	مدرسہ کے لئے وقف زمین انگریزی اور بنگلہ تعلیم آنے کی وجہ سے نئے مدرسہ کو دینا	۴۹۶
۴۲۰	مدرسہ کی زمین سے مدرسہ کے زیرِ تولیت مسجد کی توسیع	۴۹۷
۴۲۱	مدرسہ کو دوسری جگہ منتقل کرنا	۴۹۷
۴۲۲	مدرسہ کی زمین سے راستہ	۴۹۸
۴۲۳	مدرسہ کی رقم سے تجارت اور عمارتِ مدرسہ میں مسجد	۵۰۰
۴۲۴	مدرسہ کے روپیہ سے تجارت	۵۰۲
۴۲۵	مدرسہ کی رقم کسی دوسرے مدرسہ کو قرض دینا	۵۰۳
۴۲۶	مدرسہ کا روپیہ قرض دینا	۵۰۴
۴۲۷	مدرسہ کا روپیہ اپنے کام میں بطورِ قرض خرچ کرنا	۵۰۵
۴۲۸	مدرسہ و مسجد کا روپیہ سود پر قرض دینا	۵۰۶
۴۲۹	مدرسہ کی آمدنی ذاتی ضروریات میں بطورِ قرض خرچ کرنا	۵۰۶
۴۳۰	مدرسہ کے ذمہ دار کا مدرسہ کے روپیہ کو کھالینا	۵۰۷
۴۳۱	اسکول فنڈ سے شیرینی تقسیم کرنا	۵۰۸
۴۳۲	طلبہ کو مدرسہ کی رقم سے انعام دینا	۵۰۸
۴۳۳	فساد کے خوف سے مدرسہ کی زمین فروخت کرنا	۵۰۹

الفصل الرابع فی بیع وقف المدرسة وإجارته

(مدرسہ کے وقف کو بیچنے اور کرایہ پر دینے کا بیان)

۴۳۴	زکوٰۃ کی رقم سے خرید کردہ غلہ نرخ کم ہونے کے بعد فروخت کرنا	۵۱۱

۴۳۵	طلبہ کی قرآن کریم وقف ہونے کے بعد اس کو فروخت کرنا.....	۵۱۲
۴۳۶	اساتذہ کا امتحانی کاپیوں کو فروخت کرنا.....	۵۱۳
۴۳۷	تعلیم کے لئے موقوفہ عمارت میں مہتمم کا قیام، یا اس کا کرایہ وصول کرنا.....	۵۱۳
۴۳۸	تعلیم گاہ کو کرایہ پر دینا.....	۵۱۵
۴۳۹	مدرسہ موقوفہ کی جگہ برات کے لئے کرایہ پر دینا.....	۵۱۶
۴۴۰	مکانِ مدرسہ میں ملازم کا بلا کرایہ رہنا.....	۵۱۷
۴۴۱	مدرسہ کا مکان کرایہ دار سے خالی کرانا.....	۵۱۸
۴۴۲	مدرسہ کے کمرہ میں ملازم کے بچوں کو رکھنا.....	۵۱۹
۴۴۳	ملازمِ مدرسہ کی اولاد کا مدرسہ کے مکان میں رہنا.....	۵۲۰
۴۴۴	مدرسہ کے کمرہ میں پولیس کا قیام.....	۵۲۲

الفصل الخامس فی وظائف المدرّسین

(مدرسین کی تنخواہوں کا بیان)

۴۴۵	جن مہینوں میں خالص مدرسہ کا کام کیا جائے ان مہینوں کی تنخواہ وصول کرنا.....	۵۲۳
۴۴۶	تعطیلِ کلاں کی تنخواہ کا استحقاق.....	۵۲۴
۴۴۷	ایامِ تعطیل میں کام کرنے کی تنخواہ.....	۵۲۶
۴۴۸	تعطیلِ کلاں کی تنخواہ کا استحقاق.....	۵۲۷
۴۴۹	مدرسہ کی تعطیلِ کلاں کی تنخواہ جب کہ تعطیل کے ختم پر دوسری جگہ چلا گیا.....	۵۲۸
۴۵۰	عارضی مدرس کیلئے تعطیلِ کلاں کی تنخواہ.....	۵۲۹
۴۵۱	تعطیل کلاں کے بعد استعفیٰ پر تنخواہ کا استحقاق.....	۵۳۰
۴۵۲	بلا نوٹس استعفیٰ سے استحقاقِ تنخواہ.....	۵۳۱
۴۵۳	فساد کے اندیشہ سے کچھ مدت گھر بھیجے گئے مدرس کو اس زمانہ کی تنخواہ.....	۵۳۲
۴۵۴	زمانۂ قید و بیماری کی تنخواہ.....	۵۳۳

Made searchable using ScribeTools.com

۴۵۵	ملازم کے لئے غیر حاضری کی تنخواہ	۵۳۵
۴۵۶	مدرس کی تنخواہ کا ناغہ کاٹنا	۵۳۶
۴۵۷	رخصتِ بیماری میں روحانی بیماری کا توریہ	۵۳۶
۴۵۸	بغیر پڑھائے مدرسہ میں حاضر رہ کر تنخواہ لینا	۵۳۸
۴۵۹	مدرس کو مہتمم نے الگ کیا، پھر سرپرست نے رکھ لیا، مدتِ علیحدگی کی تنخواہ کس کو دینی ہے؟	۵۳۸
۴۶۰	عرصہ تک ملازمت کرنے کے بعد معذور ہوا، تو کیا وہ تنخواہ لینے کا حقدار ہے؟	۵۳۹
۴۶۱	تنخواہ میں اضافہ کا وعدہ	۵۴۱
۴۶۲	تدریس وامامت کی قلیل تنخواہ میں اضافہ کا مطالبہ	۵۴۳
۴۶۳	مہتمم صاحب کی تنخواہ ماہ رمضان میں دوگنی اور کارِ مفوّضہ انجام نہ دینا	۵۴۴
۴۶۴	مدرس کو علیحدہ کرنے پر ایک ماہ کی تنخواہ زائد دینا	۵۴۶
۴۶۵	سال بھر پورا ہونے پر ایک ماہ کی تنخواہ زائد دینا اور ہر چھٹی پر تنخواہ وضع کرنا	۵۴۸
۴۶۶	تنخواہ کیلئے حیلۂ تملیک کی صورتیں	۵۴۹
۴۶۷	لوگوں کی طرف سے مدرسین کو جو کھانا دیا جائے، وہ اباحت ہے یا تملیک؟	۵۵۰
۴۶۸	بلا تنخواہ مدرسہ کی خدمت کرنا اور تعمیرِ مدرسہ میں قیام کرنا	۵۵۱
۴۶۹	معلم کی تنخواہ میں انجمن کا پیسہ	۵۵۲
۴۷۰	تنخواہِ مدرسین میں گورنمنٹ کی امداد کا روپیہ	۵۵۳
۴۷۱	کیا دینی معلم کی تنخواہ پرائمری کے معلم سے کم ہونا اہانت ہے؟	۵۵۳
۴۷۲	امام اور قاضی کی تنخواہ کا معیار	۵۵۵
۴۷۳	مدرس اور امام کی تنخواہ کی حیثیت	۵۵۶
۴۷۴	قرض میں تنخواہ کو محسوب کرنا	۵۵۸
۴۷۵	تبلیغ کے لئے مدرسہ سے تنخواہ	۵۵۹
۴۷۶	مدرس کو ڈیڑھ سو روپیہ دے کر دوسو پر دستخط لینا	۵۶۱

۴۷۷	زکوٰۃ وعطیات کی مخلوط رقم سے تنخواہ دینا.....	۵۶۲

الفصل السادس فی المبعوثین والتبرعات

(مدارس کے سُفراء اور چندہ کے احکام)

۴۷۸	سفیر کی غلطی پر جرمانہ.....	۵۶۳
۴۷۹	مدرسہ کے سفیر کا دھوکہ دینا.....	۵۶۴
۴۸۰	سفیر اور منتظم کے درمیان اختلاف ہوتو ایک کو حَکم بنالیا جائے.....	۵۶۵
۴۸۱	کمیشن پر چندہ وصول کرنا، سفیر کا زکوٰۃ اور دیگر صدقات کو مخلوط کرنا.....	۵۶۷
۴۸۲	سفرائے مدارس کا خرچہ کہاں سے دیا جائے؟ کمیشن پر چندہ.....	۵۶۸
۴۸۳	سفیر کا خود تملیک کرنا.....	۵۷۰
۴۸۴	سفیر کا قبل التملیک قرض دینا.....	۵۷۰
۴۸۵	مدرس کا قبل التملیک خرچ کرنا.....	۵۷۰
۴۸۶	کیا سفیر کی خوراک جزوِ تنخواہ ہے؟.....	۵۷۱
۴۸۷	سفیر کو سبکدوش کردینا.....	۵۷۲
۴۸۸	مستحق طلباء کی آمد کی امید پر چندہ لینا.....	۵۷۳
۴۸۹	جتنے طلبہ کے لئے سرکار سے وظیفہ ملے اور پھر ان کی تعداد کم رہ جائے تو کیا کرے؟.....	۵۷۴
۴۹۰	چندہ کے لئے معطی پر اصرار، تدریس کے ساتھ تجارت.....	۵۷۶
۴۹۱	چندہ کر کے مدرسہ تعمیر کرنا اور اس کو اپنا مکان کہنا، بہشتی زیور کے بعض مسائل کو صحیح نہ جاننا.....	۵۷۸
۴۹۲	مدرسہ کے لئے چندہ کر کے جو عمارت بنائی جائے کیا وہ وقف ہے؟.....	۵۷۹
۴۹۳	رسمی رقموں کی وصولی اور خرچ.....	۵۸۱
۴۹۴	نکاح کے موقعہ پر مدرسہ کیلئے روپیہ لینے کی رسم.....	۵۸۳
۴۹۵	منتظمین کا تعلیم کے بجائے عمارت، بیل وغیرہ پر دھیان دینا.....	۵۸۳
۴۹۶	ادائے حقوقِ ملازمین میں کوتاہی کرنیوالے رئیس کی دینی ادارہ میں امداد.....	۵۸۴

Made searchable using ScribeTools.com

۴۹۷	صغیر وکبیر کے مخلوط مال سے چندہ.....	۵۸۶
۴۹۸	نابالغ کا مدرسہ کے چندہ میں پیسے دینا.....	۵۸۸
۴۹۹	جعلی سفیر سے زائد روپیہ وصول کرنا.....	۵۸۹
۵۰۰	جعلی رسید سے جمع کردہ چندہ کا مصرف.....	۵۹۰
۵۰۱	محض دفتری خانہ پُری کرکے سرکار سے امداد لینا، گرانی الاؤنس سے زائد دکھلا کر زیادہ وصول	☆
☆	کرنا.....	۵۹۱
۵۰۲	مدرسہ کے کاغذات، مہریں، رسیدیں لیکر چندہ کرنے کا حکم.....	۵۹۲
۵۰۳	مدرسہ کی رسید پر زکوٰۃ، فطرہ، قربانی کی کھالیں وصول کرنا.....	۵۹۳
۵۰۴	مدرسہ کے چندہ سے دوکانیں بنانا.....	۵۹۵
۵۰۵	چندہ کے پیسہ سے تنخواہ دینا.....	۵۹۶
۵۰۶	مدرسین کی پنشن کا علم چندہ دہندگان کو ہونا چاہئے.....	۵۹۷
۵۰۷	چندہ کا روپیہ جلسہ انعامی میں خرچ کرنا.....	۵۹۷
۵۰۸	چندہ سے خوشحال بچوں کی تعلیم.....	۶۰۰
۵۰۹	خیراتی مدرسہ میں مالدار بچوں کی تعلیم.....	۶۰۱
۵۱۰	ہائی اسکول میں چندہ دینا.....	۶۰۲
۵۱۱	چندہ کا مخصوص طریقہ.....	۶۰۳
۵۱۲	مدرسہ قدیم کی امداد بند کرکے مدرسہ جدید کی امداد کرنا.....	۶۰۳
۵۱۳	دینی مدرسہ میں سرکاری امداد.....	۶۰۴
۵۱۴	پراویڈنٹ فنڈ دینی مدرسہ میں خرچ کرنا.....	۶۰۵
	الفصل السابع فی صرف المال الحرام ومال الکافر فی المدارس	
	(مدارس میں مالِ حرام اور مالِ کافر کے صَرف کرنے کا بیان)	
۵۱۵	مدارس کے لئے ناجائز مال سے چندہ.....	۶۰۶

۵۱۶	شراب کی آمدنی سے زمین خرید کر مدرسہ میں وقف کرنا	۶۰۸
۵۱۷	مالِ حرام سے دینی خدمت	۶۰۸
۵۱۸	سنیما کی آمدنی مسجد اور مدرسہ میں خرچ کرنا	۶۰۹
۵۱۹	مدرسہ کے کرایہ داروں کا پیشہ باجہ بنانا ہے تو اس آمدنی سے اخراجاتِ مدرسہ	۶۱۰
۵۲۰	فلم ایکٹر کی آمدنی مسجد و مدرسہ میں	۶۱۰
۵۲۱	ایضاً	۶۱۰
۵۲۲	مدرسہ چلانے کے لئے سینما اور عُرس	۶۱۱
۵۲۳	مزار کا پیسہ مسجد اور مدرسہ میں خرچ کرنا	۶۱۲
۵۲۴	کبڈی کا مقابلہ شرط کے ساتھ اور اس کا انعام مدرسہ میں	۶۱۳
۵۲۵	ہندو اور پیشہ ور عورت کا مال مدرسہ میں لگانا	۶۱۵
۵۲۶	طوائف کے بنائے ہوئے مکان کو مدرسہ کے لئے کرایہ پر لینا	۶۱۷
۵۲۷	مدارسِ اسلامیہ کے لئے عیسائیوں سے امداد لینا	۶۲۰
۵۲۸	غیر مسلم کی امداد دینی مدرسہ میں	۶۲۱

باب المتفرقات

۵۲۹	کیا دستار بندی ضروری ہے؟	۶۲۲
۵۳۰	جو شخص علمائے حق کو برا کہے اس کو معلّم بنانا	۶۲۳
۵۳۱	مہتمم کا اساتذہ وطلباء کے خطوط بلا اجازت پڑھنا	۶۲۴
۵۳۲	کامیاب ہونے پر طلبہ سے انعام وصول کرنا	۶۲۵
۵۳۳	مہتمم اگر زکوٰۃ صحیح مصرف میں خرچ نہ کرے تو کیا ملازم اپنے طور پر صرف کرسکتا ہے؟	۶۲۵
۵۳۴	فاضل وقت میں عالم سے مدرسہ کا دوسرا کام لینا	۶۲۷
۵۳۵	مدرسہ کے وقت میں چائے وغیرہ	۶۲۸

Made searchable using ScribeTools.com

۵۳۶	مدرسہ میں جعلی رجسٹر کی کاروائی	۶۲۹
۵۳۷	مدرسہ کے پڑوسی کی دیوار میں نزاع	۶۳۰
۵۳۸	پانی کے نل کی درستگی کے لئے دوسروں سے پیسہ لینا	۶۳۱
۵۳۹	مدرسۃ البنات کا قیام ودیگر سوالات	۶۳۲
۵۴۰	مدرسہ کے طلباء وطالبات کی امداد اوران کو بُرے الفاظ کہنا	۶۳۵
۵۴۱	سفیرِ مدرسہ کے ورثاء کو بطورِ امداد کچھ رقم دینا	۶۳۶
۵۴۲	امام ومدرس کی بدچلنی کا علم ہوتے ہوئے لوگوں کو واقف نہ کرنا	۶۳۷
۵۴۳	عربی پڑھ کر سرکاری مدرسہ میں ملازمت	۶۳۸
۵۴۴	مدرسین کے لئے مسجد کی جماعت سے پہلے نماز پڑھنے کا فیصلہ	۶۳۹
۵۴۵	یومِ عاشورہ کی تعطیل مدارس میں	۶۴۰
۵۴۶	یوم عاشورہ کی تعطیل	۶۴۴
۵۴۷	تعلیم کی غرض سے بچوں سے نعت پڑھوانا	۶۴۵
۵۴۸	مدرسہ ہے یا چوپال	۶۴۵

☆.....☆.....☆

Made Searchable by ScribeTools.com

بقية كتاب الوقف

الفصل الثالث عشر فی مكبّر الصوت

(مسجد میں لاؤڈ اسپیکر اور اس کے استعمال کا بیان)

مسجد کے لاؤڈ اسپیکر سے حدیث پاک سنانا

سوال[۷۲۰۱]: حدیث پاک صبح کو لاؤڈ اسپیکر سے بیان کرنا کہ دین کی باتیں معلوم ہوں اور نماز روزہ کا شوق بڑھے، خصوصاً عورتوں کو کہ وہ گھر میں رہتی ہیں کہ انہیں یہ مسائل معلوم ہو جائیں۔

الجواب حامداومصلیا:

اس میں یہ فائدہ بھی ہے اور بہت سے آدمی اپنے مشاغل میں لگے رہتے ہیں، اس طرف متوجہ بھی نہیں ہوتے، نیز خود طلب اور شوق سے بے بہرہ ہو جاتے ہیں کہ گھر بیٹھے آواز آتی ہے، حدیث پاک اور دینی مسائل سے یہ بے توجہی کہ آواز آنے کے باوجود اپنے مشاغل میں لگے رہیں اور توجہ نہ کریں بڑی ناقدری ہے(۱)۔ اگر

---

(۱) مجلسِ نبوی علی صاحبہ الف الف صلوۃ وسلام کی صفت اور قدر دانی یہ تھی کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اس طرح توجہ اور سکینت کے ساتھ بیٹھتے تھے کہ گویا کہ اگر ان کے سروں کے اوپر پرندے بیٹھ جائیں تو ان کو یہ پتہ نہ چلے کہ ہم کسی جامد چیز پر بیٹھے ہیں یا انسانوں کے سروں پر، یہی قدر دانی تھی جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کو بڑے اونچے مقامات سے سرفراز فرمایا تھا:

"عن البراء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: خرجنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی جنازة فانتهینا إلی القبر فجلس وجلسنا كأن علی رؤسهم الطير".

وقال الشيخ عبدالغنی المجددی تحت هذا الحديث: "كأن علی رؤسهم الطير" قال الطيبی: هو كناية عن إطراقهم رؤسهم وسكوتهم وعدم التفاتهم يميناً وشمالاً: أی علی رأس كل واحد الطير =

Made searchable using ScribeTools.com

سننے ہی کے لئے جمع ہوں اور آواز نہ پہونچنے کی وجہ سے لاؤڈ اسپیکر استعمال کیا جائے تو دوسری بات ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۱۱/۹۵ھ۔

غفلت کے وقت مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر حدیث سنانا

سوال[۷۲۰۲]: ۱..... صبح کے وقت مسجد کے لاؤڈ اسپیکر میں کوئی حدیث پڑھی جائے درآنحالیکہ مسجد میں کوئی شخص نہیں ہوتا اور گھروں میں مرد وعورتیں دھیان وتوجہ سے نہیں سنتے۔ ایسی صورت میں پڑھنا کیسا ہے؟

تبلیغ اور گم شدہ بچے کا اعلان مسجد کے لاؤڈ اسپیکر سے

سوال[۷۲۰۳]: ۲..... محلّہ کے گھروں میں جو تبلیغ ہوتی ہے اس کا اعلان اور گم شدہ بچے کا اعلان کرانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... جب کہ مسجد میں کوئی آدمی موجود نہیں اور اپنے اپنے مکانوں میں مرد وعورت اپنے اپنے کام میں مشغول ہیں، کوئی متوجہ نہیں تو ایسی حالت میں لاؤڈ اسپیکر پر حدیث شریف سنانا بے محل ہے، اس سے پرہیز کیا جائے(۱)۔

= يريد صيدها ولايتحرك. وهذه كانت صفة مجلس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إذا تكلم، طرق جلساءه كأنهم على رءوسهم الطير". (سنن ابن ماجة، كتاب الجنائز، باب ماجاء في جلوس في المقابر، (رقم الحاشية: ۳)، ص: ۱۱۱)

(۱) جب کہ سب نمازی اپنی اپنی ضرورتوں اور کاموں میں مصروف ہوں تو اس وقت مسجد کی اشیائے موقوفہ کا استعمال کرنا بے محل ہونے کی بنیاد پر جائز نہیں ہوتا، اس طرح صورتِ مذکورہ میں بھی چونکہ اس وقت لاؤڈ اسپیکر کی ضرورت نہیں، لہٰذا لاؤڈ اسپیکر پر اس وقت حدیث وغیرہ سنانا مناسب نہیں۔

"ولو وقف على دهن السراج للمسجد، لايجوز وضعه جميع الليل بل بقدر حاجة المصلين ويجوز إلى ثلث الليل أو نصفه إذا احتيج إليه للصلوة فيه، هذا في السراج الوهاج". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد ومايتعلق به، الفصل الأول: ۲/۴۵۹، رشيديه) =

۲.....محلّہ کے گھروں میں جو تبلیغ ہوتی ہے اس کا اعلان درست ہے، گم شدہ بچے کا اعلان خارجِ مسجد کیا جاسکتا ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۲۱/۱۲/۹۵ھ۔

وعظ میں لاؤڈ اسپیکر استعمال کرنا

سوال[۷۲۰۴]: لاؤڈ اسپیکر مسجد میں رکھ کر اس میں وعظ ونصیحت اس نیت سے کرنا کہ جو لوگ مسجد میں نہیں آتے ان کے کانوں میں بھی دین کی باتیں پہونچ جائیں، جائز ہے، یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ بھی جائز ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= (وكذا في خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الوقف، الرابع في المسجد وأوقافه ومسائله: ۴/۴۲۲، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد: ۵/۴۲۰، رشيديه)

(۱) یہ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی احتیاطی رائے ہے جس میں مسجد کے ادب کا لحاظ رکھا گیا ہے، لیکن بعض دیگر حضرات گم شدہ بچہ کا اعلان انسانی جان کی اہمیت اور ضرورت کی بناء پر مسجد میں جائز قرار دیتے ہیں، حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''البتہ گم شدہ بچہ کا اعلان انسانی جان کی اہمیت کے پیش نظر جائز ہے''۔ایک اَور سوال کے جواب میں فرمایا: ''اور گمشدہ بچے کا اعلان بھی ضرورت کی بناء پر جائز ہے''۔(آپ کے مسائل اور ان کا حل: ۲/۱۴۴، مکتبہ بینات)

(وكذا في فتاوىٰ حقانيه: ۵/۹۵، دارالعلوم حقانيه)

(۲) جو لوگ مسجد میں نہیں آتے ہیں، ان کے کانوں میں بھی دین کی باتیں پہونچانے کی غرض سے لاؤڈ اسپیکر کو بھی دوسرے انبیاءِ موقوفہ کی طرح بقدرِ حاجت استعمال کرنا جائز ہے:

''ولو وقف على دهن السراج للمسجد، لا يجوز وضعه جميع الليل بل بقدر حاجة المصلين، ويجوز إلى ثلث الليل أو نصفه إذا احتيج إليه للصلوة فيه، كذا في السراج الوهاج''.

(الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد، ومايتعلق به، الفصل الأول: ۲/۴۵۹، رشيديه)

(وكذا في خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الوقف، الرابع في المسجد وأوقافه ومسائله: ۴/۴۲۲، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد. ۵/۴۲۰، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ماہ مبارک میں رات کو مسجد کے مائک پر نظم وغیرہ پڑھنا

سوال[۷۲۰۵]: گاؤں میں کئی سال سے رمضان شریف کی رات میں مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر گانا شروع کردیتے ہیں، کبھی تقریر کرتے ہیں، کبھی نظم پڑھتے ہیں، ٹائم کا اعلان کرتے ہیں، اس وقت گھر میں بہت سے لوگ تہجد اور قرآن شریف پڑھتے ہیں، ان کی نماز اور قرآن میں کافی خلل پڑتا ہے۔ شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اعلان کرنے سے نماز وتلاوت پر تشویش ہوتی ہے، مگر اعلان کرنے والے بھی اپنے اعلان کو تہجد اور تلاوت سے کم نہیں سمجھتے، بلکہ زیادہ ہی سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ کا تہجد تنہا تنہا کا تہجد ہے اور ہمارے اعلان کی بدولت سب بستی والے بیدار ہوتے ہیں، بہت سے تہجد وغیرہ پڑھتے ہیں اور سحری کی اطلاع سب کو ہوجاتی ہے جس سے سب کے روزے سنت کے مطابق اور آسان ہوجاتے ہیں۔ اعلان کرنے والے حضرات مانتے نہیں، اپنا کام برابر کئے جاتے ہیں، ان کو سمجھایا ہی جاسکتا ہے، لڑائی ہرگز نہ کی جائے (۱)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تبلیغی نصاب مسجد کے مائیک میں پڑھنا

سوال[۷۲۰۶]: مسجد میں اذان اور کسی عالم کی تقریر کے لئے لاؤڈ اسپیکر لگایا گیا، اب اگر اس پر قرآن کریم، نعت یا نظم یا تبلیغی نصاب، یا کوئی تعلیمی کتاب پڑھی جائے تو جائز ہے یا نہیں، جب کہ اس وقت کچھ لوگ نماز بھی پڑھتے رہتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

تبلیغی نصاب ان لوگوں کو سنانا مقصود ہوتا ہے جو وہاں موجود ہوں، بغیر لاؤڈ اسپیکر کے آواز ان کو پہونچ جاتی ہے، پھر کیوں لاؤڈ اسپیکر پر ان کو سنایا جاتا ہے، اس لئے اس مقصد کے لئے لاؤڈ اسپیکر استعمال نہ کریں،

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ادع إلى سبيل ربك بالحكمة والموعظة الحسنة، وجادلهم بالتي هي أحسن﴾. (سورة النحل: ۱۲۵)

خاص کر جب کہ نمازیوں کو اس سے پریشانی ہوتی ہے(۱)۔ زور زور سے نعت بھی لاؤڈ اسپیکر پر پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر اذان کے علاوہ حمد ونعت پڑھنا

سوال[۷۲۰۷]: محلّہ حسنو کٹرہ فیض آباد میں ایک مسجد ہے، جس میں محلّہ کے تمام لوگ باجماعت نماز ادا کرتے ہیں، مسجد میں لاؤڈ اسپیکر کے ذریعہ اذان ہوتی ہے، بعد نماز اکثر لوگ حمدیہ اور نعتیہ کلام بھی پڑھ لیا کرتے ہیں جس کی وجہ سے مسجد کے پڑوس میں بسے ہوئے ایک مسلمان کو بظاہر لاؤڈ اسپیکر کی آواز سے بڑی تکلیف ہوتی ہے، جس کے خلاف وہ برابر زبانی یا تحریری شکایتوں کو حاکموں تک پہونچایا کرتے ہیں، جس کی وجہ سے اہل محلّہ کو پولیس نے مارا بھی ہے۔ اس واقعہ کے بعد اہل محلّہ کو اندازہ ہوا کہ شاید یہ بات بڑھ جائے اس لئے خاموش ہوگئے۔

خازنِ مسجد نے ان کے پاس کہلایا کہ معلوم ہوا کہ لاؤڈ اسپیکر کے خلاف آپ نے حاکموں تک شکایت کی ہے تو انہوں نے جوش میں آکر کہا کہ اگر یہ بات میرے اوپر ثابت ہوجائے تو مجھے پچاس جوتے ماریں، ورنہ نہ ثابت کرنے والے کو سو جوتے ماروں گا۔ دوبارہ خازن نے کہلا بھیجا کہ میں سو جوتے کھانے کو تیار ہوں اس شرط پر کہ وہ مسجد میں آکر قسم کھالیں کہ ہم نے کوئی شکایت نہیں کی ہے اور نہ کرائی ہے۔ بہرحال پڑوسی موصوف نے قسم کھانے سے انکار کردیا اور کہا کہ میں مسلمان ہوں حلف نہیں اٹھاؤں گا۔

اب دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ جملہ مسلمانانِ شہران کے ساتھ کیا رویہ برتیں، بول چال کھانا پینا اور رسم وراہ رکھیں یا نہیں؟ ساتھ ہی یہ بھی واضح فرمائیں کہ آیا مسجد میں مائیک پر حمد ونعت واذان دی جائے یا نہیں؟

---

(۱) "وأجمع العلماء سلفاً و خلفاً على استحباب ذكر الله تعالىٰ جماعةً في المساجد وغيرها من غير نكير، إلا أن يشوش جهرهم بالذكر على نائم أو مصل أو قارئ، كما هو مقرر في كتب الفقه". (شرح الأشباه والنظائر للحموي، (رقم القاعدة: ۲۹)، القول في أحكام المسجد: ۴/ ۶۱، إدارة القرآن، كراچی)

(وكذا في مرقاة المفاتيح، باب المساجد و مواضع الصلاة، الفصل الثاني: ۲/ ۴۴۰، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان پڑوسی سے کہا جائے کہ ہم کو ایسی ہی خبر ملی تھی، اگر یہ خبر غلط ہے، نہ آپ نے شکایت کی اور نہ کسی سے شکایت کرائی تو اس بات میں ہمارا دل آپ کی طرف سے صاف ہے، اب یہ معاملہ ختم کردیا جائے، نہ ان سے قسم لیں، نہ سلام وکلام ترک کریں، بلکہ اخلاق ومحبت سے پیش آئیں۔ لاؤڈ اسپیکر پر صرف پانچ وقت کی اذان کہیں جس سے مقصود لوگوں کو نماز کے لئے بلانا ہو، بقیہ دوسری چیزوں کے لئے لاؤڈ اسپیکر استعمال نہ کریں، ہاں! کوئی جلسہ کرنا ہو تو اس وقت حمد ونعت اور تقریر ووعظ کے لئے لاؤڈ اسپیکر استعمال کرلیں۔ پڑوسی کا خیال رکھنا بھی شرعاً لازم ہے(۱)، بلاوجہ ایسا کام نہ کیا جائے جس سے اذیت پہونچے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۴/۹۶ھ۔

مسجد کے لاؤڈ اسپیکر پر نعت وغزل پڑھنا

سوال[۷۲۰۸]: یہاں مقامی مسجد میں اذان کے لئے لاؤڈ اسپیکر لگایا گیا، لیکن عشاء کے بعد روزانہ تین چار گھنٹے لوگ نعت، قصیدہ، غزل پڑھتے ہیں اور اسے نیک فعل بتلاتے ہیں، اس کی وجہ سے نماز پڑھنے والوں کو کافی دقت ہوتی ہے۔ کیا ان کو ایسا کرنا چاہئے، ان کا یہ فعل جائز ہے یا نہیں؟

---

(۱) "وأجمع العلماء سلفاً و خلفاً على استحباب ذكر الله تعالىٰ جماعةً فى المساجد وغيرها من غير نكير، إلا أن يشوش جهرهم بالذكر على نائم أو مصل أو قارئ، كما هو مقرر فى كتب الفقه". (شرح الأشباه والنظائر للحموى، القول فى أحكام المسجد، (رقم القاعدة: ۲۹): ۶۱/۴، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى مرقاة المفاتيح، باب المساجد ومواضع الصلوة، الفصل الثانى: ۱۶۱/۲، رشيديه)

(وكذا فى أوجز المسالک: ۲۲۷/۲)

(۲) "عن أبى موسىٰ رضى الله تعالىٰ عنه قال: قالوا: يارسول الله! أىّ الإسلام أفضل؟ قال: "المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده، الخ". (صحيح البخارى، كتاب الإيمان، باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده: ۶/۱، قديمى)

"فيه (أى فى الحديث المذكور) الحث على ترک أذى المسلمين بكل مايؤذى". (عمدة القارى، كتاب الإيمان، باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده: ۲۱۴/۱، دارالكتب العلمية، بيروت)

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ طریقہ صحیح نہیں، اس کو بند کیا جائے، اس میں مسجد کی بھی حق تلفی ہے اور نمازیوں کی بھی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱/۹۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

ایک مائیک کی آواز پورا گاؤں سنے تو کیا دوسری مسجدوں میں مائیک کی ضرورت ہے؟

سوال[۷۲۰۹]: ایک گاؤں میں کئی مسجدیں ہیں جن میں سے صرف ایک مسجد میں لاؤڈ اسپیکر (مائک) ہے، جب مائک میں اذان ہوتی ہے تو آواز تقریباً پورے ہی گاؤں میں پہونچ جاتی ہے، پھر بھی دوسرے محلّہ کی مسجد والے مائک لانا چاہتے ہیں۔ یہ اسراف ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جب ایک مسجد کے مائک سے سب گاؤں میں اذان کی آواز پہونچ جاتی ہے اور نمازوں کے اوقات قریب ہی قریب ہیں تو دوسری مسجد میں مائک لگانا بے ضرورت ہے، اس کے لئے مسجد کا پیسہ صرف نہ کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۳/۹۴ھ۔

---

(۱) "ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح، هذا إذا لم يكن معيناً، فإن كان الوقف معيناً على شيء يصرف إليه". (رد المحتار، كتاب الوقف: ۳۶۷/۴، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد: ۴۱۸/۵، رشيديه)

"ولا تجوز إعارة أدواته لمسجد آخر، ولا يشغل المسجد بالمتاع". (الأشباه والنظائر، القول في أحكام المسجد: ۶۳/۴، إدارة القرآن كراچی)

"وأجمع العلماء سلفاً و خلفاً على استحباب ذكر الله تعالىٰ جماعةً في المساجد وغيرها من غير نكير، إلا أن يشوش جهرهم بالذكر على نائم أو مصل أو قارئ، كما هو مقرر في كتب الفقه".

(شرح الأشباه والنظائر للحموي: ۶۱/۴، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في مرقاة المفاتيح، باب المساجد و مواضع الصلاة، الفصل الثاني: ۴۴۰/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کے مائیک پر اعلان جب کہ اس کے پَھول مسجد کے مناروں پر لگے ہوں

سوال[۷۲۱۰]: مسجد کا مائیک لوگوں کے چندہ سے خریدا گیا ہے اور خریدنے والوں کی نیت یہ تھی کہ اعلان کیا کریں گے، مائیک مسجد کے حجرے میں رکھا ہوا ہے اور اس کے لاؤڈ اسپیکر کے پَھول مسجد کے میناروں پر ہے۔ تو کیا اعلان کرنا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اذان کے علاوہ کوئی اَور اعلان کرنا چاہتے ہیں تو اس جگہ اعلان نہ کریں، مثلاً: کسی گم شدہ چیز کو تلاش کرنا ہو، یا کسی اَور بات کی خبر دینی ہو، جس کا تعلق نماز اور مسجد سے نہ ہو تو خارج مسجد یہ کام کریں (۱)۔ مینارہ پر مائیک کے پَھول اس کے لئے استعمال نہ کریں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۲۱ھ۔

روپیہ لیکر مسجد کے مائک پر اعلان کرنا

سوال[۷۲۱۱]: مسجد کے مائک پر جو اعلان کیا جاتا ہے اس کے لئے جو ایک روپیہ لیا جاتا ہے، وہ اعلان کرنا جائز ہے یا نہیں؟

---

(۱) "(وعرف): أی نادی علیها حیث وجدها وفی المجامع". (الدرالمختار). "(قوله: نادی علیها) إنی وجدت لقطةً لا أدری مالکها. (قوله: حیث وجدها وفی المجامع): أی مجامع الناس کالمساجد والأسواق والشوارع، إلا أنه ینادی علی أبواب المساجد لافیها". (حاشیة الطحطاوی علی الدرالمختار، کتاب اللقطة: ۲/۵۰۱، دارالمعرفة بیروت)

(۲) "ثم السراج والبساط کذلک إلی آخر المصالح، هذا إذا لم یکن معیناً، فإن کان الوقف معیناً علی شیء، یصرف إلیه". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب یبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إلیها: ۴/۳۶۷، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الرابع فی المسجد ومایتصل به: ۶/۲۷۰، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف، فصل فی أحکام المساجد: ۵/۴۱۸، رشیدیه)

"ولا تجوز إعارة أدواته لمسجد آخر". (الأشباه والنظائر، القول فی أحکام المسجد: ۴/۶۳، إدارة القرآن کراچی)

الجواب حامداًومصلیاً:

مسجد میں مائک پر اعلان کرنے کا روپیہ لینا درست نہیں (۱)۔فقط۔

املاہ العبد محمود غفرلہ ۱۳/۹/۹۹ھ۔

مسجد کے مائک سے مسجد میں پیسہ دینے والے کا اعلان

سوال[۷۲۱۲]: ۱.....مسجد میں چندہ دینے والوں کا نام اگر لاؤڈ اسپیکر پر لیا جائے تاکہ دوسروں کو بھی رغبت ہو اور مسجد کو پیسہ کی سخت ضرورت بھی ہو تو جائز ہے یا نہیں؟

فیس دیکر مسجد کے مائک سے اپنا اعلان کرانا

سوال[۷۲۱۳]: ۲.....گاؤں کے لوگ اگر اپنی کسی چیز کی بابت مسجد میں لاؤڈ اسپیکر پر اعلان کرائیں جب کہ مسجد کی کمیٹی اعلان کرانے کی فیس لیتی ہو تو کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....اہل مسجد کو اس کے استعمال پر معاوضہ لینا درست ہے، دینے والا رضامندی سے معاوضہ دیتا ہے تو نفسِ استعمال لاؤڈ اسپیکر کے معاوضہ میں مضائقہ نہیں (۲)، لیکن اعلان کرانے والے کا اگر مقصد یہ ہے کہ میرا نام سب کو معلوم ہو جائے کہ اس نے اتنا پیسہ دیا ہے تو یہ مقصد غلط ہے، شہرت اور ناموری کی نیت سے مسجد میں

---

(۱) "و لا يجوز أخذ الأجرة منه، ولا أن يجعل شيئاً منه مستغلاً ولا سكنى. بزازية". (الدرالمختار). "لو احتاج المسجد إلى نفقة، تؤجر قطعةٌ منه بقدر ما ينفق عليه، بأنه غير صحيح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى أحكام المسجد: ۳۵۸/۴، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الوقف: ۳۳۹/۵، رشيديه)

(۲) "رجل استأجر حجرةً موقوفةً من أوقاف المسجد، فكسر فيها الحطب بالقدوم، والجيرانُ لا يرضون بذلك، والمتولى يرضى به، قالوا: إن كان من ذلك ضرر بين بالحجرة مثل ضرر القصار والحداد، والمتولى يجد من يستأجرها بتلك الأجرة، كان على المتولى أن يمنعه من ذلك، فإن لم يمتنع أخرجه من الحجرة يؤاجرها من غيره". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، فصل فى إجارة الوقف: ۳۱۳/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

پیسہ دینا اللہ تعالیٰ کے یہاں مقبول نہیں (۱)۔

۲.....درست ہے۔

تنبیہ: اس کا خیال رہے کہ مسجد کو کمائی کی جگہ اور کمائی کا ذریعہ نہ بنائیں، مسجد سے علیحدہ اس کا انتظام کرلیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۵/۹۵ھ۔

مسجد کے مائک سے ترغیب کے لئے چندہ دینے والے کے ناموں کا اعلان

سوال[۷۲۱۴]: ایک شخص نے مسجد میں مائک وقف کیا، اور اس کی نیت یہ ہے کہ اس سے مسجد کی ضروریات پوری کی جائیں۔ اب مسجد کے اندر ایک بڑا کام شروع کیا جارہا ہے، مثلاً: فرش بنوانا، یا بوسیدہ دیوار کا صحیح کرانا۔ ظاہر ہے کہ ایسے کاموں کے لئے کافی رقم کی ضرورت پڑتی ہے، لہٰذا ہم کارکنان کے مشورہ سے یہ اسکیم جاری کی ہے کہ مائک سے یہ اعلان کردیا جائے اور جس کی جتنی ہمت ہو وہ آکر دیتا رہے، اس میں بچے اور عورتیں اور بڑے آدمی سبھی دیتے ہیں اور دینے والوں کے نام مائیک سے بول دیئے جاتے ہیں؛ فقط اس نیت سے کہ دوسروں کو رغبت پیدا ہو اور اللہ تعالیٰ کے راستہ میں دینے کی توفیق ہو، مثلاً: اس طرح بول دیتے ہیں کہ:

> ”زید نے پانچ روپے، یا عمر نے دس روپے دیئے، یا فاطمہ نے اپنے والد ماجد کی طرف سے بیس روپے دیئے، یا کسی نے اپنے مرحوم والد کی طرف سے دس روپے دیئے“۔

---

(۱) ”عن أبی سعید بن أبی فضالة رضی اللہ تعالیٰ عنه عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال: ”إذا جمع اللہ الناس یوم القیامة لیومٍ لاریب فیه، نادیٰ منادٍ: من کان أشرک فی عمل عمله للہ أحداً، فلیطالب ثوابه من عند غیر اللہ، فإن اللہ أغنیٰ الشرکاء عن الشرک“. رواه أحمد“. (مشکوة المصابیح، کتاب الرقاق، باب الریاء والسمعة، ص: ۴۵۴، قدیمی)

”عن سلمة قال: سمعت جندباً رضی اللہ تعالیٰ عنه یقول: قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ولم أسمع أحداً یقول: قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ”من سمّع سمّع اللہ به، ومن یراء یراء ی اللہ به“. (صحیح البخاری، کتاب الرقاق، باب الریاء والسمعة: ۹۶۲/۲، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

اس طریقہ پر نام بولنا اور اعلان کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس طرح اعلان کرنے میں ترغیب بھی اور مفسدہ بھی ہے۔ ترغیب تو ظاہر ہے، مفسدہ دو طرح ہے: ایک اس طرح کہ اس نام بنام اعلان کی وجہ سے لوگ تعریف کریں گے، اس تعریف کی وجہ سے بعض لوگ چندہ دیں گے تاکہ ہمارا نام بھی بولا جائے اور لوگ سن کر ہماری بھی تعریف کریں گے، سو یہ نیت اخلاص کے خلاف ہے جس سے ثواب ضائع ہوجاتا ہے(۱)۔ دوسرے اس طرح مفسدہ ہے کہ جس نے چندہ کم دیا ہے اس کو شرمندگی ہوگی اور لوگ اس کو حقارت کی نظر سے دیکھیں گے، عار دلائیں گے، یہ ناجائز ہے، اس لئے اعلان کی یہ صورت قابلِ احتراز ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۶/۱/۱۶ھ۔

---

(۱) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وما أمروا إلا ليعبدوا الله مخلصين له الدين﴾: أى جاعلين أنفسهم خالصةً له تعالىٰ فى الدين". (روح المعانى، سورة البينة: ۲۰۴/۳۰، دارإحياء التراث العربى، بيروت)

اور ریا و نمود مذموم ہے: "عن أبى سعيد بن أبى فضالة رضى الله تعالىٰ عنه، عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إذا جمع الله الناس يوم القيامة ليومٍ لاريب فيه، نادىٰ منادٍ: من كان أشرك فى عمل عمله لله أحداً، فليطالب ثوابه من عند غير الله، فإن الله أغنىٰ الشركاء عن الشرك". رواه أحمد". (مشكوة المصابيح، باب الرياء والسمعة، ص: ۴۵۴، قديمى)

"عن سلمة قال: سمعت جندباً رضى الله تعالىٰ عنه يقول: قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم -ولم أسمع أحداً يقول: قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم- "من سمّع سمّع الله به، ومن يراء ى يراء الله به". (صحيح البخارى، كتاب الرقاق، باب الرياء والسمعة: ۹۶۲/۲، قديمى)

(۲) "عن أبى وائل عن أبى مسعود قال: أمرنا بالصدقة، قال: كنا نحامل، قال: فتصدق أبو عقيل بنصف صاع، قال: وجاء إنسان بشئ أكثر منه، فقال المنافقون: إن الله لغنى عن صدقة هذا، ومافعل هذا الأخر إلا رياء، فنزلت: ﴿الذين يلمزون المطوعين من المؤمنين فى الصدقات والذين لايجدون إلا جهدهم﴾ وهم يلفظ بشر بالمطوعين". (الصحيح لمسلم، كتاب الزكوة، باب الحمل بأجرة يتصدق بها والنهى الشديد عن تنقيص التصدق بقليل: ۳۲۷/۱، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کے مائک سے دوسرے اعلان

سوال[۷۲۱۵]: ۱..... مسجد کے حجرے میں حدودِ مسجد سے باہر بغرضِ اذان مائک ہے، بعض اشخاص آ کر یہ اعلان کراتے ہیں کہ ہمارا بچہ گم ہوگیا ہے اس کا اعلان کرو۔ کیا یہ جائز ہے؟ اور ان سے کچھ معاوضہ لے کر مسجد میں جمع کردیا جائے۔

۲..... یا یہ اعلان کیا جائے کہ فلاں شخص کا انتقال ہوگیا ہے، فلاں جگہ اور فلاں وقت نماز جنازہ ہوگی۔ کیا یہ جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱،۲..... جو مائک اذان کے لئے ہے اس میں دوسرے اعلانات نہ کئے جائیں، نہ معاوضہ لیکر، نہ بلا معاوضہ(۱)۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۴/۱۴۰۱ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱)"ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح، هذا إذا لم يكن معيناً، فإن كان الوقف معيناً على شيء يصرف إليه". (رد المحتار، كتاب الوقف، مطلب يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إليها: ۳۶۷/۴، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد: ۴۱۸/۵، رشيديه)

"و لا يجوز أخذ الأجرة منه ولا أن يجعل شيئاً منه مستغلاً ولا سكنى، بزازية". (الدر المختار).

"لو احتاج المسجد إلى نفقة، تؤجر قطعةٌ منه بقدر ما ينفق عليه، بأنه غير صحيح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في أحكام المسجد: ۳۵۸/۴، سعيد)

"ولا تجوز إعارة أدواته لمسجد آخر، ولا يشتغل المسجد بالمتاع". (الأشباه و النظائر، القول في أحكام المسجد: ۶۳/۴، إدارة القرآن كراچی)

الفصل الرابع عشر فی صرف مال المسجد فی غیرہ

(مسجد کے پیسے کا دوسری جگہ استعمال کرنے کا بیان)

مسجد کی آمدنی سے مدرسہ قائم کرنا

سوال[۷۲۱۶]: ایک کثیر الاوقاف جامع مسجد ہو اور واقف سے کچھ شرائط منقول نہ ہوں، آمد مصارف سے بہت زیادہ ہو اور شکست وریخت مسجد کے لئے روپیہ جمع وموجود ہو اور زیادہ روپیہ جمع رہتے ہیں تو کیا ان اوقاف مسجد کی زائد آمدنی کو تعلیمِ دین اور تبلیغِ اسلام اور تدریسِ علوم شرعیہ پر صرف کر سکتے ہیں؟

از دار العلوم پشاور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

صورت مسئولہ میں اگر مسجد کی آمدنی کا روپیہ زیادہ، صرف کم اور اتنا روپیہ ہر وقت موجود رہتا ہے کہ شکست وریخت وغیرہ بسہولت پوری ہو سکے اور روپیہ جمع رہنے میں خیانت کا قوی اندیشہ ہو تو اس روپے سے مسجد کے لئے جائیداد، دوکانیں، زمین وغیرہ خرید لی جائیں، اگر اس میں دشواری ہو اور یا روپیہ جائیداد خریدنے کے بعد بھی زائد بچ رہے تو پھر اسی مسجد میں دینی مدرسہ قائم کر لیا جائے تاکہ مسجد کی آبادی میں ترقی ہو، کیونکہ آبادی کو ترقی دینا مسجد کی بڑی مصلحت ہے:

"الفاضل من وقف المسجد هل يصرف إلى الفقراء؟ قيل: لا يصرف، وإنه صحيح، ولكن يشترى به مستغلاً للمسجد، كذا فى المحيط". عالمگيرى: ۲/۱۰۳۶ (۱)۔

"الذى يبدأ من ارتفاع الوقف عمارته، شَرَطَ الواقف أم لا، ثم إلى ماهو أقرب إلى

---

(۱) (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد الخ، الفصل الثانى فى الوقف على المسجد وتصرف القيم، الخ: ۲/۴۶۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

العمارة أعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة". عالمگیری :۲/۵۶۷(۱)۔

اگر یہ بھی دشوار ہوتو اقرب مسجد میں صرف کیا جاسکتا ہے(۲)۔

محمود گنگوہی،۱۶/۴/۵۳ھ۔

صحیح:عبداللطیف،۲۹/ربیع الثانی/۵۳ھ۔

مسجد کی آمدنی سے مدرسہ بنانا

سوال[۷۲۱۷]: مسجد کی آمدنی سے مدرسہ بنانا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کی آمدنی سے مدرسہ بنانا جائزنہیں (۳)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۲۰/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح:بندہ نظام الدین عفی عنہ،دارالعلوم دیوبند،۲۱/۱۰/۹۰ھ۔

---

(۱) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثالث فى المصارف: ۲/۳۶۸، رشيديه)

"ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ما هو أقرب لعمارته، كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۳۶۶،۳۶۷، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۵۶، رشيديه)

(۲) "الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب المسجد أو رباط أو بئر أوحوض". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۳۵۹، سعيد)

"وفى شرح الملتقى: يصرف وقفها لأقرب مجانس لها". (ردالمحتار، المصدر السابق)

(۳) "وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليهما أو قافاً، لايجوز له ذلك". (الدرالمختار). "أى الصرف المذكور ..... ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهى واقعة الفتوىٰ، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۰، ۳۶۱، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۶۲، رشيديه)

مسجد کی آمدنی سے مدرسہ میں چندہ دینا

سوال[۷۲۱۸]: یہاں ایک مسجد کی عمارت میں اس محلّہ کا ایک مدرسہ قائم ہے جس کے اخراجات اہلِ محلّہ اور منتظمینِ مدرسہ ہر سال ڈیڑھ ہزار دو ہزار روپیہ کا چندہ کر کے پورا کرتے ہیں، محلّہ کی مذکورہ مسجد کی آمدنی تقریباً نو دس ہزار روپے بینک میں جمع ہیں جو مسجد کے حالیہ اور مستقبل کے متوقع ضروریات سے فاضل ہے، اس لئے مسجد کے منتظمین اس مسجد کی عمارت میں جاری محلّہ کے مذکورہ مدرسہ میں امداد کے طور پر سالانہ تین سو روپیہ کی رقم اس مسجد کی آمدنی سے دیتے ہیں۔ اگر یہ تین سو روپیہ کی رقم بند کر دی جائے تو ڈیڑھ دو ہزار سے زیادہ چندہ نہ ہونے کی وجہ سے مدرسہ کے اخراجات پورے نہیں ہو سکتے اور مدرسہ کا نظم لازمی طور پر متأثر ہوگا، لہٰذا ایسی صورت پر مسجد کی فاضل رقم سے مدرسہ کی اس امداد کی شرعاً اجازت وگنجائش ہے کہ نہیں؟ فقط۔

مصلح الدین بڑودہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اوقاف مسجد میں مدرسہ چلانے کے لئے کوئی مد مقرر نہیں کیا، بلکہ محض مسجد کے مصالح کے لئے وہ اوقاف ہیں تو اس کی آمدنی سے مدرسہ میں خرچ کرنے کی اجازت نہیں(۱) "لأن شرط الواقف كنص الشارع". كذا في كتب الفقه(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۰/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۰/۸۷ھ۔

---

(۱) "وإن اختلف أحد هما بأن بنى رجلان مسجدين أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليها أوقافاً، لايجوز له ذلك". (الدرالمختار) "(قوله: لايجوز له ذلك): أي الصرف المذكور .....قال الخير الرملي: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلايصرف أحدهما للآخر، وهي واقعة الفتوى، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۰، ۳۶۱، سعيد)

(۲) (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

"شرط الواقف كنص الشارع: أي في وجوب العمل به، وفي المفهوم والدلالة". (الأشباه =

Made Searchable using ScribeTools.com

مسجد کا روپیہ مدرسہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۲۱۹]: زید ایک زمین کا مالک تھا، لیکن وہ زمین مسجد کے نام وقف تھی، اس کا کرایہ ایک مدت تک مسجد کو ملتا رہا ہے، لیکن موقع پر آکر کرایہ دار سے وہ مکان خالی کرایا گیا ہے۔ کارکنانِ مسجد جو اس مکان کا کرایہ وصول کر کے مصارف مسجد میں صرف کیا کرتے تھے انہوں نے زید سے خالی کرا کے زمین مدرسہ تعمیر کرنے کے لئے کارکنانِ مسجد کو بلا کسی معاوضہ کے دیدی، اب کارکنانِ مسجد نے اس زمین پر کچھ چندہ وصول کر کے اور زیادہ تر مسجد کی دیگر آمدنی سے مدرسہ تعمیر کیا ہے۔

اب دریافت طلب یہ ہے کہ زید نے جو زمین مدرسہ کے لئے وقف کی ہے اس پر مسجد کی دیگر آمدنی کا پیسہ مدرسہ کی تعمیر میں صرف کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اور مسجد کی تعمیر کا پیسہ مدرسہ کی تعمیر میں صرف کر دیا ہو تو کارکنانِ مسجد کا کہنا ہے کہ یہ مدرسہ بھی تو مسجد ہی کا ہے، آیا ایسا کوئی مدرسہ ہے جس کی تعمیر یا مصارف میں کسی مسجد کی وقف شدہ زمین کا پیسہ صرف کیا جا رہا ہے؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کی آمدنی کا پیسہ مسجد ہی میں خرچ کرنا لازم ہے(۱)، مدرسہ وغیرہ کی تعمیر، یا دیگر ضروریات میں خرچ کرنا جائز نہیں ہے، جنہوں نے وہ پیسہ مدرسہ میں خرچ کیا ہے وہ ذمہ دار ہیں۔ مسجد بھی خدا کی ہے اور مدرسہ بھی خدا کا ہے، مگر ایک کی آمدنی دوسرے کی آمدنی میں خرچ کرنا جائز نہیں، جس طرح ایک مسجد کی آمدنی دوسری مسجد میں خرچ

= والنظائر، کتاب الوقف، الفن الثانی، الفوائد: ۱۰۶/۲، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی مجمع الأنهر، کتاب الوقف: ۶۰۸/۲، مکتبه غفاریه کوئٹه)

(وکذا فی تنقیح الفتاوی الحامدیة، کتاب الوقف: ۱۲۶/۱، مکتبه میمنیه مصر)

(۱) "والذی یبتدأ به من ارتفاع الوقف عمارته شرط الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلی العمارة وأعم للمصلحة کالإمام للمسجد". (البحرالرائق، کتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الوقف: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعید)

(وکذا فی النهرالفائق، کتاب الوقف: ۳۲۲/۳، إمدادیه ملتان)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثالث فی المصارف: ۳۶۸/۲، رشیدیه)

کرنا جائز نہیں، ایک مدرسہ کی آمدنی دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا جائز نہیں ہے، ورنہ سب نظام گڑبڑ ہوجائے گا:

قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "اتحد الواقف والجهة، وقلّ مرسوم بعض الموقوف عليه، جاز للحاكم أن يصرف من فاضل الوقف الآخر عليه؛ لأنها حينئذٍ كشئ واحد. وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليهما أوقافاً، لايجوزله ذلك، الخ". درمختار(۱)۔

لیکن اگر مدرسہ اصل ہو اور اس کے ہی لئے مسجد بنائی جائے تو مسجد کے اخراجات مدرسہ سے پورے کئے جائیں گے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۵/۲۳ھ۔

مسجد کی آمدنی مدرسہ پر صَرف کرنا

سوال[۷۲۲۰]: مسجد کی آمدنی تقریباً دو ہزار روپے سالانہ ہے، مگر اس رقم کو منتظمینِ مدرسہ کے اخراجات یا دیگر اخراجات میں صَرف کردیتے ہیں، مسجد کی مرمت، روشنی کا بل اور دوسرے کام چندہ وغیرہ اور چرم قربانی سے کرتے ہیں۔ اس طرح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلياً:

یہ صورت جائز نہیں، مسجد کی آمدنی مدرسہ میں خرچ نہ کی جائے، قیمتِ چرم قربانی، تنخواہ یا مرمت یا مسجد کی لائٹ میں خرچ کرنا درست نہیں (۲)، ایسا کرنے سے اتنی مقدار کا ضمان لازم ہوگا (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۵/۳/۳۰ھ۔

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الوقف: ۴/ ۳۶۰، سعيد)

"قال الخير الرملي: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلايصرف أحدهما للآخر، ه هي واقعة الفتوى، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/ ۳۶۱، سعيد)

(۲) (راجع الحاشية المتقدمة)

(۳) حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب فرماتے ہیں: "صورت مسئولہ میں قربانی تو جائز ہوگئی لیکن کھال کو بیچنے کے بعد اس =

Made searchable using ScribeTools.com

ورکنگ کمیٹی کا مسجد کے فنڈ سے قرض لے کر مدرسہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۲۲۱]: مذکورہ بالا ادارہ کی ورکنگ کمیٹی میں ایک ایسی جامع مسجد جو مدرسے کا انتظام کرتی ہے جو مدرسہ سے متصل ہے، اور اس مسجد کی آمدنی کچھ وقف سی ہے، اور کچھ مسجد کی دوکانوں کے کرایہ سے۔ تو کیا یہ کمیٹی مُجاز ہے کہ اگر مدرسہ کے فنڈ میں روپیہ نہ ہو تو مسجد سے قرض لے کر مدرسین کی تنخواہ وغیرہ میں صَرف کرے، نیز جو رقم قرض کے نام سے مسجد سے لی جائے وہ واجب الادا ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کے روپے سے قرض لے کر مدرسہ میں خرچ کرنے کی اجازت نہیں، مسجد کا روپیہ امانت ہے، اس میں تصرف کا حق نہیں، جو رقم اس طرح لے گئی ہو اس کو جلد از جلد واپس کیا جائے (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد و مدرسہ کی رقوم بطورِ قرض ایک دوسرے میں صرف کرنا

سوال[۷۲۲۲]: ضرورت ہو تو مسجد کی رقم مدرسہ میں اور مدرسہ کی رقم مسجد میں بطورِ قرض لے کر استعمال کی جاسکتی ہے یا نہیں؟

= کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے اور اس کے مصرف وہی لوگ ہیں جو زکوۃ کے مصرف ہیں، جن لوگوں نے کھال کی قیمت کا اپنا حصہ غیر مصرف میں صرف کیا ہے گناہ گار ہوں گے"۔ (کفایت المفتی، چرم قربانی کے مصارف: ۸/۲۱۹، دارالاشاعت)

(۱) "والوديعة لاتودع ولاتعار ولاتواجر ولا ترهن، وإن فعل شيئاً منها، ضمن". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوديعة، الباب الأول: ۴/۳۳۸، رشيديه)

"مع أن القيّم ليس له إقراض مال ..... فلو أقرضه ضمن، وكذا المستقرض". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۴۰۱، رشيديه)

"ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهي واقعة الفتوىٰ، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۱، سعيد)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر قرض وصول ہونے پر اعتماد ہو، ضائع ہونے کا احتمال نہ ہوتو منتظمہ کمیٹی کے مشورہ سے درست ہے:

"للمتولی إقراض مال المسجد بأمر القاضی، اھ". شامی: ٤/٣٥٠ (١)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجد و مدرسہ کی زائد آمدنی دوسری مسجد و مدرسہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۲۲۳]: ایک مسجد اور اس سے متعلق مدرسہ کے لئے بہت سی جائیداد وقف ہے جن سے کافی آمدنی ہوتی ہے، وہ آمدنی ان کے اخراجات سے بہت زیادہ ہے تو کیا اس آمدنی کو کسی اَور مصرفِ خیر میں صرف کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر آمدنی زائد جس کی نہ فی الحال ضرورت ہے، نہ مستقبل میں ضرورت کا اندازہ ہے اور تحفظ کی کوئی قابلِ اطمینان صورت نہیں، تو دوسری مسجد اور دوسرے دینی مدرسہ میں حسبِ ضرورت ووسعت صرف کرنا درست ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۲۹ھ۔

---

(۱) لم أجد

"لایملک استدانة إلابأمر القاضی". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فی إنفاق الناظر الخ: ۴۴۰/۴، سعید)

"مع أن القیم لیس له إقراض مال المسجد". (البحر الرائق، کتاب الوقف: ۴۰۱/۵، رشیدیه)

"وأما إقراض ما فضل من الوقف، قال فی وصایا النوازل: رجوت أن یکون ذلک واسعاً إذا کان ذلک أحرز للغلة من إمساکه، فإن فضل من غلته، فصرف الفضل إلی حوائجه علی أن یرده إذا احتاج إلی العمارة، قال: لایفعل ذلک وینزه غایة التنزه، فإن فعل مع ذلک، ثم أنفق فیه، رجوتُ أن ذلک یبرأه عما وجب علیه". (خلاصة الفتاوی، کتاب الوقف، الفصل الرابع فی المسجد وأوقافه، الخ: ۴۲۳/۴، رشیدیه)

(۲) "والذی ینبغی متابعة المشایخ المذکورین فی جواز النقل بلافرق بین مسجد أو حوض، کما أفتی به =

Made searchable using ScribeTools.com

ایک مسجد کا روپیہ دوسری مسجد میں صرف کرنا

سوال[۷۲۲۴]: ایک گاؤں میں جامع مسجد ہے اوراس کی آمدنی مسجد کے خرچ کے علاوہ ہے، اس کو کون سی کون سی جگہ خرچ کر سکتے ہیں؟ اوراس مسجد کے کئی لاکھ روپے بینک میں فضول پڑے ہوئے ہیں۔ عرض یہ ہے کہ اس روپیہ میں سے کسی غریب کی مدد کر سکتے ہیں یا نہیں، یا دوسری مسجد کی مدد کر سکتے ہیں یا نہیں، یا صرف اسی مسجد میں صرف کرے، یا اَور کار خیر میں صرف کر سکتے ہیں؟ کتاب کے حوالہ کے ساتھ مہربانی کر کے مسئلہ کا جواب عنایت فرمادیں۔ یا اگر مسلمان بچوں کو اس مسجد کی آمدنی میں دنیوی یا دینی تعلیم اور دنیاوی تعلیم میں انگریزی، گجراتی، اردو کی تعلیم میں خرچ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس وقف کی وہ آمدنی ہے، اس کا وقف نامہ دیکھنے کی ضرورت ہے کہ واقف نے کس کس کام میں صرف کرنے کی اجازت دی ہے، ایک مسجد کے لئے مخصوص طور پر جو وقف ہو اس کی آمدنی دوسری مسجد میں صرف کرنا جائز نہیں (۱)، لیکن مسجد کی آبادی کے لئے مسجد سے متعلق مدرسہ دینی قائم کرنا شرعاً درست ہے کہ یہ بھی مصالحِ مسجد میں سے ہے، هكذا يفهم مما فى البحر الرائق: ۵/۲۱۵ (۲)۔

= الإمام أبو شجاع والإمام الحلوانى -وكفى بهما قدوةً-، ولاسيما فى زماننا، فإن المسجد أو غيره من رباط أو حوض إذا لم ينقل، يأخذ أنقاضه اللصوص والمتغلبون كما هو مشاهد، وكذلك أوقافه يأكلها النظار أو غيرهم، ويلزم من عدم النقل خراب المسجد الآخر المحتاج إلى النقل إليه".

(ردالمحتار، كتاب الوقف مطلب فى أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۰، سعيد)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الصلاة، مطلب كلمةً لاباس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۱/۶۵۸، سعيد)

(۱) "فإن كان الوقف معيناً على شئ، يصرف إليه بعدعمارة البناء، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بماهو أقرب إليها: ۴/۳۶۷، سعيد)

(وكذا فى منحة الخالق على البحرالرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۵۷، رشيديه)

(۲) "أى مصالح المسجد، فيدخل المؤذن والناظر؛ لأنا قدمنا أنهم من المصالح،وقدمنا أن الخطيب داخل تحت الإمام؛ لأنه إمام الجامع، فتحصل أن الشعائر التى تقدم فى الصرف مطلقاً بعد العمارة: =

Made Searchable by ScribeTools.com

دنیوی تعلیم مصالح مسجد میں سے نہیں اس میں خرچ کرنا درست نہیں (۱)، دینی تعلیم خواہ قرآن کریم کی تعلیم ہو خواہ مسائلِ شرعیہ کی تعلیم ہو اور پھر چاہے عربی زبان میں ہو، چاہے اردو میں، چاہے گجراتی زبان میں ہو سب کا حکم ایک ہے۔

تنبیہ (☆): چھوٹے گاؤں میں حنفیہ کے نزدیک جمعہ درست نہیں بلکہ ظہر کی نماز فرض ہے (۲)، جو گاؤں بڑا ہو اور اپنی آبادی اور دیگر ضروریاتِ روزمرہ کے اعتبار سے قصبہ کے مثل ہو جس میں تین چار ہزار آدمی رہتے ہوں وہاں جمعہ درست ہے (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد، الجواب صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

ایک مسجد کا روپیہ دوسری مسجد میں لگانا

سوال [۷۲۲۵]: ایک گاؤں میں دو مسجدیں ہیں: ایک امیر ہے دوسری غریب۔ امیر مسجد میں برسوں تک کوئی ضروری کام تعمیری بھی نہیں، اس کے برعکس دوسری غریب مسجد کا پلاستر بھی ہونا باقی ہے، فرش بھی نامکمل ہے، تو کیا امیر مسجد کا روپیہ دوسری غریب مسجد میں لگا سکتے ہیں؟

= الإمام والخطيب والمدرس والوقاد والفراش والمؤذن والناظر وثمن القناديل والزيت والحصر".

(البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۵۹، رشيديه)

(۱) "وإن اختلف أحد هما بأن بنى رجلان مسجدين أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليها أوقافاً، لايجوز له ذلك". (الدر المختار). "(قوله: لايجوز له ذلك): أى الصرف المذكور". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۴/۳۶۰، ۳۶۱، سعيد)

(☆) "تنبیہ" کے اس عنوان کا تعلق بظاہر نہ تو سوال سے ہے اور نہ ہی جواب سے، اصل نسخہ کی مراجعت کے بعد سیاق وسباق میں بھی کوئی اس قسم کا مسئلہ نہیں ہے، ممکن ہے اصل استفتاء میں کئی سوالات ہوں، ان میں سے ایک سوال میں جمعہ فی القریٰ سے متعلق کچھ اشارہ ہو، حضرت نے آخر میں بطورِ تنبیہ ارشاد فرمایا ہو، یہ سوال اصل نسخہ کے مطابق: ۱/۱۸۵ پر ہے۔ (مصحح)۔

(۲) "وفيما ذكرنا إشارة إلى أنه لا تجوز فى الصغيرة التى ليس فيها قاض ومنبر وخطيب، كما فى المضمرات". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة: ۲/۱۳۸، سعيد)

(۳) "تقع فرضاً فى القصبات والقرى الكبيرة التى فيها أسواق". (ردالمحتار، المصدر السابق)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ روپیہ چندہ کا ہے تو چندہ دینے والوں کی رائے واجازت سے غریب مسجد میں صَرف کرنا شرعاً درست ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۱۹ھ۔

مسجد قدیم کی آمدنی مسجد جدید پر خرچ کرنا

سوال[۷۲۲۶]: پہلی مسجد کی آمدنی منقولہ مسجد میں خرچ کرنا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پہلی مسجد جب غیرآباد ہوگئی تو اس جگہ کی حفاظت کردی جائے اوراس کی آمدنی کودوسری منقولہ مسجد میں صرف کیا جائے (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۸/۵/۲۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبداللطیف، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۸/۵/۲۱ھ۔

---

(۱) "وعن الثانی: ینقل إلی مسجد آخر بإذن القاضی ..... حشیش المسجد وحصره مع الاستغناء عنهما، وکذا الرباط والبئر إذا لم ینتفع بهما، فیصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلی أقرب مسجد أو رباط أو بئر أو حوض". (الدرالمختار، کتاب الوقف: ۳۵۹/۴، سعید)

"وسئل شمس الأئمة الحلوانی عن مسجد أوحوض خرب، ولایحتاج إلیه لتفرق الناس: هل للقاضی أن یصرف أوقافه إلی مسجد آخر أو حوض آخر؟ فقال: نعم". (التاتارخانیة، کتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فی الأوقات التی یستغنی عنهما: ۸۷۷/۵، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثالث عشر فی الأوقاف التی یستغنی عنها، الخ: ۴۷۸/۲، رشیدیه)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فیما لوخرب المسجد أو غیره: ۳۵۹/۴، سعید)

(۲) "عن شمس الأئمةالحلوانی أنه سئل عن مسجد أو حوض خرب، ولایحتاج إلیه لتفرق الناس عنه: هل للقاضی أن یصرف أوقافه إلی مسجد أو حوض آخر؟ فقال: نعم". (ردالمحتار، کتاب الوقف، =

ایک مسجد کی رقم دوسری مسجد میں صَرف کرنا

سوال[۷۲۲۷]: کسی نے روپیہ کسی مسجد میں لگانے کا ارادہ کیا پھر وہ دوسری مسجد میں اس روپیہ کو لگانے کا ارادہ کرتا ہے۔شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر دوسری مسجد میں زیادہ احتیاج ہے تو لگا سکتا ہے، اگر دوسری مسجد میں زیادہ احتیاج نہیں ہے تو بہتر یہ ہے کہ پہلی ہی مسجد میں لگائے، گو جائز دوسری مسجد میں لگانا بھی ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

صحیح:عبداللطیف،۸/محرم الحرام/۵۴ھ۔

ایک مسجد کا روپیہ دوسری مسجد کے لئے قرض دینا

سوال[۷۲۲۸]: ہمارے گاؤں کی مساجد کے ٹرسٹ الگ الگ ہیں، ایک مسجد میں بالکل پیسہ نہیں

= مطلب فيما لو خرب المسجد أوغيره: ۳۵۹/۴، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد: ۴۲۲/۵، رشيديه)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الوقف، أحكام المسجد: ۲۳۷/۶، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثالث عشر في الأوقاف التي يستغنى عنها، الخ: ۴۷۰/۸/۲، رشيديه)

(۱) "كل يتصرف في ملكه كيف شاء". (شرح المجلة لسليم رستم باز، الفصل الأول في بعض قواعد في أحكام الأملاك: ۶۵۴/۱، (رقم المادة: ۱۱۹۲)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

"لأن الملك مامن شانه أن يتصرف فيه بوصف الاختصاص". (ردالمحتار، كتاب البيوع، مطلب في تعريف المال والملك والمتقوم: ۵۰۲/۴، سعيد)

"سئل أبو القاسم عمن اشترى الدهن أو الحصير للمسجد: أيهما أفضل؟ قال: هما سواء، فقال الفقيه أبو الليث: إن كان المسجد محتاجاً إلى أحدهما فشراؤه أفضل، وإن كان سواء في الحاجة إليهما، كانا في الثواب والأجر سواء أيضاً". (التاتارخانية، كتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۸۵۱/۵، إدارة القرآن كراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے تو دوسری مسجد کے وقف سے اس کا خرچ چلا سکتے ہیں یا قرض لے سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

متولی باہمی مشورہ سے ایک وقف سے دوسرے وقف کو بطورِ قرض حسبِ ضرورت رقم دے سکتے ہیں، پھر اس کی واپسی ضروری ہے:

"یجب علیه أن یجعل لکل نوع منها بیتاً یخصه ولا یخلط بعضه ببعض، وأنه إذا احتاج إلی مصرف خزانة، ولیس فیها ما یفی به، یستقرض من خزانة غیرها، ثم إذا حصل التی استقرض بها مال، یؤدی إلی المستقرض". ردالمحتار: ۲/۵۷(۱)۔

یہ اس وقت ہے جب کہ متولی مشترک ہو، یا کوئی منتظمہ کمیٹی مشترک ہو کہ وہ سب اوقاف کا انتظام کرتی ہو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱/۹۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱/۹۵ھ۔

ایک مسجد کی آمدنی دیگر مساجد پر صَرف کرنا

سوال[۷۲۲۹]: ہمارے شہر میں ایک مسجد شاہی وقت کی ہے اور عرصہ سے ایک رجسٹرڈ انتظامیہ کمیٹی کے زیرِ نگرانی ہے اور شہر کی چھ مسجدیں اور ایک مسجد دیہات کی بھی اسی کمیٹی کے زیرِ انتظام ہے، ان مساجد کی آمدنی میں تین قسم کی جائیدادیں ہیں:

۱- مسجد سے ملحق کوٹھریاں اور دوکانیں۔ ۲- موقوفہ مکانات۔ ۳- مسجد کی آمدنی سے خرید کردہ مکانات۔

---

(۱) (ردالمحتار، کتاب الزکوة، باب العشر، مطلب فی بیان بیوت المال ومصارفها: ۲/۳۳۷، سعید)

"وعلی الإمام أن یجعل لکل نوع من هذه الأنواع بیتاً لیخصه ولا یخلط بعضه ببعض؛ لأن الکل نوع حکماً یختص به، فإن لم یکن فی بعضها شئ، فللإمام أن یستقرض علیه من النوع الآخر ویصرفه إلی أهل ذلک، ثم إذا حصل من ذلک النوع شئ، رده فی المستقرض منه". (تبیین الحقائق، کتاب السیر، باب العشر والخراج والجزیة: ۴/۱۷۱، دارالکتب العلمیة بیروت)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب السیر، باب العشر والخراج والجزیة: ۵/۲۰۰، ۲۰۱، رشیدیه)

انتظامی عملہ کی تنخواہ جامع مسجد سے دی جاتی ہے، اس کے علاوہ دیگر اخراجات وآمدنی کا حساب ہر مسجد کا الگ الگ رہتا ہے۔ اورحتی الوسع یہ کوشش کی جاتی ہے کہ ہر مسجد کا آمد وخرچ متوازن ہو، مگرسب ہی مسجدوں میں مستقل آمدنی سے زائدخرچ ہوجاتا ہے جوکہ جامع مسجد کی آمدنی سے پورا کیا جاتا ہے۔

مندرجہ بالا حالات میں ایک مسجد کی ضرورت کے تحت دوسری مسجد کی آمدنی صَرف کی جاسکتی ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی اجازت نہیں: "اتحد الواقف والجهة، وقلّ مرسوم بعض الموقوف عليه بسبب خراب وقف أحدهما، جاز للحاكم أن يصرف من فاضل الوقف الآخر عليه؛ لأنهما حينئذٍ كشيء واحدٍ. وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين أورجل مسجداً و مدرسةً، ووقف عليهما أوقافاً، لايجوز له ذلك". ردالمحتار: ۳۷۲/۳(۱)۔

ہاں! اگر بالکل فاضل ہو، حفاظت دشوار ہو، ضائع ہونے کا اندیشہ ہوتو اس کی اجازت ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، ۹۲/۳/۱۸ھ۔

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۳۶۰/۴، سعيد)

"أما إذا اختلف الواقف، أو اتحد الواقف واختلف الجهة بأن بنى مدرسةً ومسجداً، وعين لكل وقفاً، وفصل من غلة أحدهما، لا يبدل شرط الواقف. وكذا إذا اختلف الواقف لاالجهة، يتبع شرط الواقف، وقد علم بهذا التقرير إعمال الغلتين إحياءً للوقف ورعاية شرط الواقف. هذا هو الحاصل من الفتاوىٰ، اهـ. وقد علم أنه لايجوز لمتولي الشيخونية بالقاهرة صرف أحد الوقفين للآخر". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۶۲/۵، رشيديه)

(۲) "حشيش المسجد وحصره مع الاستغناء عنهما، وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب مسجد أو رباط أو بئر أو حوض". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الوقف: ۳۵۹/۴، سعيد) ..... =

Made Searchable using ScribeTools.com

مسجد کے لئے چندہ جمع کر کے مدرسہ بنانا

سوال[۷۲۳۰]: عمر مسجد بنوانے کی فکر میں تھا، برابر اس کے جدوجہد بھی کرتا رہا، کچھ حصہ مسجد کا تعمیر بھی ہوگیا، لیکن ابھی پایۂ تکمیل کو نہ پہونچی تھی کہ اس نے اسی مسجد میں مدرسہ کی بنیاد ڈالی، اور الحمدللہ ۳۶/ طلبہ بھی داخل ہوگئے جس میں کچھ مستطیع اور غیر مستطیع طلبہ بھی شامل ہیں، یعنی کچھ تعلیم کی فیس ادا کر سکتے ہیں کچھ نہیں۔ اور اس رمضان المبارک میں عمر نے مدرسہ کے لئے چندہ بھی کیا جس میں زکوۃ، صدقات، اعانت کی رقم شامل ہے، لیکن مدِ زکوۃ کی رقم زیادہ ہے تو خیال یہ ہے کہ مسجد پوری تعمیر ہوجائے اور اس میں فی الحال مدرسہ قائم رہے۔ اور اس کے بعد انشاء اللہ مسجد کے سامنے ایک پلاٹ ہے، اس کی تعمیر ہوجانے کے بعد مدرسہ اس میں منتقل ہوجائے گا۔

آیا مسجد کی تعمیر میں مدِ زکوۃ، صدقات، اعانت وغیرہ کی رقم تملیک کے ذریعہ لگائی جاسکتی ہے یا نہیں، اگر تملیک کر کے لگائی جاسکتی ہے تو تملیک کی کہاں ضرورت ہے؟ اگر نہیں لگ سکتی تو اس کے مصرف واضح فرمائیں، مدرسہ کی تعمیر کے لئے اس رقم کو کیسے لگایا جاسکتا ہے؟ اور طلبہ کی پڑھائی پر کس طرح صرف کیا جاسکتا ہے؟ کیا مدِ زکوۃ، صدقات، چرمِ قربانی سے غیر مستطیع طلبہ کی تعلیمی فیس ادا کی جاسکتی ہے؟ ایک صاحب بینک اور بیمہ کا سود اسکول اور طلبہ کے لئے دینا چاہتے ہیں، کیا لیا جاسکتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کے لئے جو چندہ کیا جائے اس کو مدرسہ میں صَرف کرنا جائز نہیں، مدرسہ کے لئے جو چندہ کیا جائے اس کو مسجد پر صَرف کرنا جائز نہیں (۱)۔ جو جگہ نماز کے لئے مقرر ہوجائے وہاں مدرسہ بنانا اور تعلیمی کام کے

= "سئل عن شمس الأئمة الحلوانی أنه سئل عن مسجد أو حوض خرب، ولایحتاج إليه لتفرق الناس عنه: هل للقاضی أن يصرف أوقافه إلى مسجدأو حوض آخر؟ فقال: نعم". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثالث عشر فی الأوقاف التی يستغنی عنها، الخ: ۴۷۸/۲، رشيديه)

(وكذا فی التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فی الأوقاف التی يستغنی عنها، الخ: ۸۷۷/۵، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فيما لوخرب المسجد أو غيره: ۳۵۹/۴، سعيد)

(۱) "وإن اختلف أحد هما بأن بنى رجلان مسجدين، أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليها أوقافاً، =

لئے اس جگہ کو متعین کر دینا جائز نہیں (۱)۔ اس جگہ ایسے چھوٹوں کو بھی تعلیم نہ دی جائے جو مسجد کا احترام باقی نہ رکھ سکیں (۲)۔

زکوۃ، صدقۃ الفطر، قیمتِ چرم قربانی کو مدرسہ یا مسجد کی تعمیر میں دینا جائز نہیں، وہ صرف غریبوں کا حق ہے، جو نادار مستحقِ زکوۃ طلبہ تعلیم پاتے ہوں ان کے کھانے، کپڑے پر یہ رقوم خرچ کی جاسکتی ہے (۳)، ان رقوم

= لایجوز له ذلک". (الدرالمختار). "(قوله: لایجوز له ذلک): أی الصرف المذکور .....قال الخیر الرملی: أقول: ومن اختلاف الجهة ماإذا کان الوقف منزلین: أحدهما للسکنی والآخر للاستغلال، فلایصرف أحدهما للآخر، وهی واقعة الفتوی، اهـ". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فی نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۳۶۰/۴، ۳۶۱، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف: ۳۶۲/۵، رشیدیه)

(۱) "شرط الواقف کنص الشارع: أی فی وجوب العمل به، وفی المفهوم والدلالة". (الأشباه والنظائر، کتاب الوقف: ۱۰۶/۲، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الوقف: ۴۳۳/۴، ۴۳۴، سعید)

(وکذا فی مجمع الأنهر، کتاب الوقف: ۲۰۸/۲، مکتبه غفاریه کوئٹه)

(۲) "عن وائلة بن الأسقع رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "جنّبوا مساجدکم صبیانکم، ومجانینکم، وشراء کم، وبیعکم". (سنن ابن ماجة، أبواب المساجد والجماعات، باب مایکره فی المساجد، ص: ۵۴، قدیمی)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿إنما الصدقات للفقراء والمسٰکین والعٰملین علیها﴾ الآیة (سورة التوبة: ۶۰)

"ویتصدق بجلدها أو یعمل منه نحو غربال وجراب ..... لابمستهلک کنحل ولحم ونحوه کدراهم، فإن بیع اللحم أو الجلد به: أی بمستهلک أو بدراهم، تصدق بثمنه". (تنویر الأبصار مع ردالمحتار، کتاب الأضحیة: ۳۲۸/۶، سعید)

"ویشترط أن یکون الصرف تملیکاً لا إباحةً کما مر، لایصرف إلی بناء نحو مسجد ولا إلی کفن میت". (تنویر الأبصار مع الدرالمختار، کتاب الزکوة، باب المصرف: ۳۴۴/۲، سعید)

"أی مصرف الزکاة والعشر ..... هو فقیر، وهو من له أدنی شئ". (الدرالمختار). "وهو مصرف أیضاً لصدقة الفطر والکفارة والنذر وغیر ذلک من الصدقات الواجبة، کما فی القهستانی". =

Made searchable using ScribeTools.com

سے ان کو نقد وظیفہ بھی دینا درست ہے، پھر وہ چاہیں تو ان رقوم سے مدرسہ کی فیس بھی ادا کردیں۔ قربانی کرنے والے حضرات اگر چرمِ قربانی مدرسہ کے مہتمم ومتولی کو بطورِ ہبہ (گوشت قربانی کی طرح) دے دیں اور وہ اس کو فروخت کرکے تعمیر یا تنخواہ میں حسبِ صوابدید لگادیں تو یہ درست ہے(۱)۔

سود کا لینا بھی حرام ہے اور دینا بھی حرام ہے، خواہ بینک کا ہو یا بیمہ کا(۲)۔ ایسا پیسہ جو کچھ ملے اس کو غریبوں، محتاجوں کو بلانیتِ ثواب صدقہ کردیں(۳)۔ پھر وہ لوگ مالکانہ قبضہ کرنے کے بعد بغیر کسی دباؤ کے دے دیں تو تعمیر وغیرہ میں لگانا بھی درست ہوگا(۴)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۲/۱۹ھ۔

= (ردالمحتار، كتاب الزكوة، باب المصرف: ۲/ ۳۳۹، سعيد)

(۱) "ويستحب أن يأكل من أضحيته ويطعم منها غيره ..... ويطعم الغنى والفقير جميعاً، كذا فى البدائع. ويهب منها ماشاء للغنى والفقير والمسلم والذمى". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الأضحية، الباب الخامس فى بيان محل إقامة الواجب: ۵/ ۳۰۰، رشيديه)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الأضحية، فصل فيما يستحب قبل الأضحية، الخ: ۶/ ۳۳۱، دارالكتب العلمية بيروت)

"واللحم بمنزلة الجلد فى الصحيح حتى يبيعه بما لا ينتفع به إلا بعد الاستهلاك". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الأضحية: ۵/ ۳۰۱، رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿وأحل الله البيع وحرم الربوا﴾ الآية (البقرة: ۲۷۵)

"عن جابر رضى الله تعالىٰ عنه قال: لعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اكل الربوا ومؤكله وكاتبه وشاهديه، وقال: "هم سواء". (مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الربوا، الفصل الأول، ص: ۲۴۴، قديمى)

(۳) "ويردونها على أربابها إن عرفوهم، وإلا تصدقوا بها؛ لأن سبيل الكسب الخبيث التصدق إذا تعذر الرد على صاحبه". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى البيع: ۶/ ۳۸۵، سعيد)

(۴) "وقدمناه أن الحيلة أن يتصدق على الفقير، ثم يأمره بفعل هذه الأشياء". (الدرالمختار). "(قوله: أن الحيلة): أى فى الدفع إلى هذه الأشياء مع صحة الزكاة ..... ويكون له ثواب الزكاة، وللفقير ثواب هذه القرب". (ردالمحتار، كتاب الزكوة، باب المصرف: ۲/ ۳۴۵، سعيد) =

مسجد کے روپے سے عیدگاہ بنانا یا بالعکس

سوال[۷۲۳۱]: مسجد کے روپیہ سے عیدگاہ بنانا، یا عیدگاہ کے روپیہ سے مسجد بنانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

وقفِ مسجد سے حاصل شدہ روپیہ سے عیدگاہ بنانا اور وقفِ عیدگاہ سے حاصل شدہ روپیہ سے مسجد بنانا درست نہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۹/۶۶ھ۔

مسجد کی آمدنی سے تنخواہ میں تقلیل اور اسکول میں خرچ کرنا

سوال[۷۲۳۲]: مساجد کے اماموں کی تنخواہ ۵۰، ۶۰، ۷۰/ روپے ماہانہ دی جاتی ہے جو بہت ہی قلیل ہے، حالانکہ آمدنی بہت کافی ہے، لیکن اس آمدنی کو مسجد کے لئے اور اماموں کی تنخواہ میں اضافہ کرنے کے بجائے اسکول میں دنیوی تعلیم میں زیادہ خرچ کیا جاتا ہے اور دنیوی تعلیم بھی بہت ناقص ہے۔ تو مساجد کی اَسّی ۸۰/ فیصد آمدنی اسکول میں دنیوی تعلیم پر خرچ کرنا جائز ہے؟ دینی تعلیم نہیں دیجاتی ہے۔

= "(والحيلة فى ذلك) أن يتصدق السلطان بذلك على الفقراء، ثم الفقراء يدفعون ذلك إلى المتولى، ثم المتولى يصرف ذلك إلى الرباط، كذا فى الذخيرة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الحيل، الفصل الثالث فى مسائل الزكوة: ۶/۳۹۲، رشيديه)

(۱) "وإن اختلف أحد هما بأن بنى رجلان مسجدين أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليها أوقافاً، لايجوز له ذلك". (الدرالمختار). "(قوله: لايجوز له ذلك): أى الصرف المذكور .....قال الخير الرملى: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلايصرف أحدهما للآخر، وهى واقعة الفتوى، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۰، ۳۶۱، سعيد)

"وقد علم منه أنه لايجوز لمتولى الشيخونية بالقاهرة صرف أحد الوقفين للآخر". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۶۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامد أو مصلیاً:

واقف نے جو جائیداد جس مسجد کے لئے جداگانہ وقف کی ہے اس کی آمدنی اس مسجد میں صرف کی جائے، دوسری مسجد میں صرف نہ کی جائے (۱)، جب ایک مسجد کی آمدنی دوسری مسجد میں خرچ کرنے کی اجازت نہیں تو پھر مسجد کی آمدنی اسکول میں خرچ کرنا کیسے جائز ہوگا؟ جولوگ خرچ کرتے ہیں وہ گناہ گار ہیں، ان کے ذمہ ضمان لازم ہے، ایسے لوگوں کو اوقاف کا منتظم بنانا بھی درست نہیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۰/۲۲ھ۔

مسجد کی آمدنی سے امام صاحب کا حجرہ وغیرہ بنانا

سوال[۷۲۳۳]: مسجد کے لئے ہمارے گاؤں کی کچھ زمین مسجد بن جانے کے بعد متفرق کاموں کے لئے وقف ہوئی ہے، کسی میں مسجد بنانے کا ذکر ہے، کسی میں مرمت کرانے کا ذکر ہے، کسی میں روزمرہ ضروریات کا ذکر ہے، کسی میں مسجد کی زیبائش وآرائش کا ذکر ہے۔ اب ان زمینوں کی مخلوط آمدنی سے نمازیوں کی سہولت کے لئے غسل خانہ، بیت الخلاء، امام صاحب کی قیام گاہ وغیرہ وغیرہ بنانا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مسجد سے متعلق زمینوں کی آمدنی سے مذکورہ ضروریات بنانا اور ان میں حسبِ مصالح وہ روپیہ خرچ

---

(۱) "وإن اختلف أحد هما بأن بنى رجلان مسجدين أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليها أوقافاً، لايجوز له ذلك". (الدرالمختار). "(قوله :لايجوز له ذلك): أى الصرف المذكور .....قال الخير الرملى:أقول:ومن اختلاف الجهة ماإذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلايصرف أحدهما للآخر، وهى واقعة الفتوى، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۰، ۳۶۱، سعيد)

(۲) "وينزع وجوباً، لو غير مأمون أو عاجزاً أو ظهر به فسق". (الدرالمختار). "مقتضاه إثم القاضى بتركه والإثم بتولية الخائن، ولاشك فيه ..... القيّم إذا لم يراع الوقف، يعزله القاضى". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يأثم بتولية الخائن: ۴/۳۸۰، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

کرنا شرعاً درست ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۸/ ۹۰ھ۔

مسجد کی آمدنی سے امامِ مسجد کا حجرہ واستنجا خانہ بنوانا

سوال[۷۲۳۴]: مسجد کی دوکان کے کرایہ سے یاوقف کے روپے سے امام کے لئے حجرہ بنانا یا استنجا خانہ بنانا کیسا ہے؟ اورامام کے لئے حجرہ بنانا کیا متولی مسجد کے ذمہ ضروری ہے؟ اورنہ بنانے کی صورت میں امام مسجد میں ظہر سے عشاء تک رہے اور ریح وغیرہ اس میں خارج ہوتو کیسا ہے، کیونکہ ریح تو اپنے قابو میں نہیں اور جس شخص کو ابتلاء زیادہ ہوتو کیا کرے، مسجد میں ریح خارج کرنا کیسا ہے؟ نیز متولی امام کے لئے پنکھا وبجلی لگواسکتا ہے یانہیں! اگرچہ وقف ہی کا پیسہ ہو؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حجرۂ امام اور استنجا خانہ مسجد کی دوکانوں کے کرائے سے بنانا درست ہے(۲)، وقف کے روپے سے

---

(۱) "(قوله: اتحد الواقف والجهة) بأن وقف وقفين على المسجد: أحدهما على العمارة والآخر إلى إمامه أو مؤذنه، والإمام والمؤذن لايستقر لقلة المرسوم، للحاكم الدين أن يصرف من فاضل وقف المصالح والعمارة إلى الإمام والمؤذن باستصواب أهل الصلاح من أهل المحلة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۳۶۰/۴، سعيد)

"والذى يبتدأ به من ارتفاع الوقف عمارته شرط الواقف أولا،ثم ما هو أقرب إلى العمارة وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرّس للمدرسة يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم، ثم السراج والبساط كذلک إلى آخر المصالح". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الوقف: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثالث فى المصارف: ۳۶۸/۲، رشيديه)

(۲) "ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس". (الدرالمختار). "والذى يبدأ به من ارتفاع الوقف: أى من غلته عمارته شَرَطَ الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلى العمارة وأعم لمصلحة كإمام للمسجد، والمدرس للمدرسه يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم، ثم السراج والبساط =

Made searchable using ScribeTools.com

بھی بنانا درست ہے۔ حجرہ نہ ہو اور امام شب و روز مسجد میں رہائش اختیار کرے اس سے مسجد کا احترام باقی نہیں رہتا(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۶/ ۱۴۰۱ھ۔

مسجد کے پیسہ سے بیت الخلاء اور غسل خانہ بنانا، لہو ولعب کی تقریب میں شرکت

سوال[۷۲۳۵]: مسجد کے پیسہ سے مسجد کے امام کے لئے پائخانہ بنانا جائز ہے یا نہیں؟ اور نمازیوں کے لئے پانی کے انتظام کی بابت خرچ کرنا کیسا ہے؟ اور شادی وغیرہ میں اگر محلّہ کی چند عورتیں جمع ہو کر گیت گاتی ہیں تو اس شادی میں شرکت کرنا کیسا ہے، یعنی کھانا وغیرہ خصوصاً علماء کے لئے کیا حکم ہے؟ شادی وغیرہ میں ہم اپنے رشتہ داروں کو دعوت وغیرہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اور مسجد کی زمین پر ٹھیکہ دینا کیسا ہے؟ ہمارے یہاں اس شرط پر ہوتا ہے کہ تمہاری زمین سال بھر تک رہے گی تم ہمیں اتنے من اناج دینا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس طرح غسل خانہ، وضو خانہ مسجد کے پیسہ سے بنایا جاتا ہے، اسی طرح مؤذن وامام کے لئے پاخانہ بنانے کی ضرورت ہو تو وہ بھی درست ہے(۲)۔ وضو، استنجا، غسل کے لئے پانی کا انتظام بھی مسجد کے پیسہ سے

= كذلك إلى آخر المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إليها: ۴/ ۳۶۷، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۳۵۹، رشيديه)

(۱) "ويكره النوم والأكل فيه لغير المعتكف". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد: ۵/ ۳۲۱، رشيديه)

(وكذا في الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب في الغرس في المسجد: ۱/ ۶۶۱، سعيد)

(وكذا في الحلبي الكبير، فصل في أحكام المسجد، ص: ۶۱۲، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۲) "ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار). "أي فإن انتهت عمارته وفضل من الغلة شئ ..... والذي يبدأ به من ارتفاع الوقف: أي من غلته عمارته شَرَط الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلى العمارة وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم، ثم السراج والبساط كذلك إلى =

درست ہے۔گانا باجہ بجانا جائز نہیں (۱)،جس محفل میں گانا بجانا ہواس میں شرکت کرنا اور کھانا درست نہیں،خاص کر علماء وصلحاء کے لئے (۲)۔مسجد کی ضروریات ومصالح کے لئے جو زمین وقف ہو اس کی آمدنی اس میں خرچ کی جائے اس کو ٹھیکہ پر دینا درست ہے (۳)۔

= آخر المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارته بما هو أقرب إليها: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشيديه)

(۱) "وفى البزازية: استماع صوت الملاهى كضرب قصب ونحوه حرام، لقوله عليه الصلوة والسلام: "استماع الملاهى معصية، والجلوس عليها فسق، والتلذذ بها كفر". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة: ۳۴۹/۶، سعيد)

(۲) "وعن سفينة أن رجلاً ضاف عليَّ بن أبى طالب رضى الله تعالىٰ عنه، فصنع له طعاماً، فقالت فاطمة رضى الله تعالىٰ عنها: لو دعونا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فأكل معنا، فدعوه، فجاء، فوضع يديه على عضادتى الباب، فرأى القرام قد ضرب فى ناحية البيت، فرجع، قالت فاطمة: فتبعته فقلت: يارسول الله! ما ردّك؟ قال: "إنه ليس لى أو لنبيٍّ أن يدخل بيتاً مزوّقاً". رواه أحمد وابن ماجة". (مشكوة المصابيح، باب الوليمة، الفصل الثانى، ص: ۲۷۸، قديمى)

قال الملا على القارى تحته: "وفيه تصريح بأنه لايُجاب دعوة فيها منكر، اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب النكاح، باب الوليمة: ۳۷۴/۶، رشيديه)

"ولو دعى إلى دعوة فالواجب أن يجيبه إلى ذلك، و إنما يجب عليه أن يجيبه إذا لم يكن هناك معصية ولا بدعة ..... من دعى إلى وليمة فوجد ثمة لعباً أو غناء، فلا بأس أن يقعد ويأكل، فإن قدر على المنع يمنعهم، وإن لم يقدر يصبر. وهذا إذا لم يكن مقتدى به، أما إذا كان ولم يقدر على منعهم، فإنه يخرج ولايقعد. ولو كان ذلك على المائدة، لاينبغى أن يقعد وإن لم يكن مقتدى به. وهذا كله بعد الحضور، وأما إذا علم قبل الحضور، فلا يحضر؛ لأنه لايلزمه حق الدعوة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثانى عشر فى الهدايا والضيافات: ۳۴۳/۵، رشيديه)

(۳) "ولا يجوز إجارة الوقف إلا بأجر المثل، كذا فى محيط السرخسى ..... وإذا استأجر أرض وقف ثلاث سنين بأجرة معلومة هى أجر المثل حتى جازت الأجرة فرخصت أجرتها، لاتفسخ الإجارة، =

Made searchable using ScribeTools.com

سال بھر کا کرایہ نقد روپیہ تجویز کیا جائے، یا غلہ مثلاً اتنی مقدار فلاں قسم کا اناج ہم کو ایک سال میں دینا اور جو تمہارا دل چاہے زمین میں کاشت کرنا سب طرح درست ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۲/۲۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۲/۲۷ھ۔

مسجد کا چندہ عمومی کام میں خرچ کرنا

سوال[۷۲۳۶]: چند حضرات نے مسجد کے لئے روپیہ جمع کیا تھا، لیکن وہ روپیہ عمومی کام میں صرف کرنا چاہتے ہیں، اگر چہ باقاعدہ حساب مع رسیدوں کے موجود ہے، لیکن سب چندہ دہندگان کا موجود ہونا ان کے گھروں پر جا کر دریافت کرنا ایک امرِ مشکل ہے۔ایسی حالت میں شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جس طرح چندہ جمع کیا ہے(ان کو جمع کر کے یا گھروں پر جا کر) اس طرح ان سے اجازت لے لی جائے، یا ان کا چندہ واپس کر دیا جائے(۲)، جب رسیدیں بھی موجود ہیں تو اس میں کیا مشکل ہے۔یا اعلان کیا

= كذا فى المحيط". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس فى ولاية الوقف: ۴۱۹/۲، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الوقف، تصرف القيم فى الأوقاف: ۷۵۲/۵، إدارة القرآن كراچى)

(۱) "إنما يجوز فى الوقف عند أبى حنيفة رحمه الله تعالىٰ ماتعارفه الناس أجرةً وثمناً فى الإجارات والبياعات مثل الحنطة والشعير". (التاتارخانية، كتاب الوقف، تصرف القيم فى الأوقاف: ۷۵۴/۵، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس فى ولاية الوقف ، الخ: ۴۲۱/۲، رشيديه)

(۲) "سئل عن وقف انهدم ولم يكن له شىء يعمر منه، ولا أمكن إجارته ولاتعميره: هل تباع أنقاضه من حجر وطوب وخشب؟ أجاب: إذاكان الأمر كذلك، صح بيعه بأمر الحاكم، ويشترى بثمنه وقف مكانه، فإذا لم يكن، رده إلى ورثة الواقف إن وجدوا، ولايصرف للفقراء". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى الوقف إذا خرب ولم يمكن عمارته: ۳۷۶/۴، سعيد)

"الوكيل إذا خالف، إن خلافاً إلى خير فى الجنس كبيع بألف درهم فباعه بألف ،ومأة، نفذ،ولو بمأة دينارلا،ولو خيراً". (الدر المختار، باب الوكالة بالبيع والشراء: ۵۲۱/۵، سعيد)

جائے کہ اس چندے کو فلاں کام میں خرچ کیا جائے گا، جس کو نا منظور ہو وہ اپنا چندہ واپس لے لے۔ اور یہ اعلان اس طرح کیا جائے کہ چندہ دہندگان تک بالواسطہ یا بلاواسطہ کسی نہ کسی طرح پہنچ جائے، مثلاً ایک اشتہار چھپ کر تقسیم کیا جائے، یا محلوں اور مساجد میں کہہ دیا جائے، غرض اپنی وسعت کے مطابق اعلان کردیں یا واپس کردیں، اس سے زائد ذمہ داری نہیں۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۱۳ھ۔

مسجد قدیم کی آمدنی کا مصرف

سوال[۷۲۳۷]: ۱..... پہلی مسجد کے علاوہ مسجد کی زمین موقوفہ ہے، موضع کے معتبر لوگوں کی رائے یا بغیر رائے کے موقوفہ جگہ میں کسی قسم کا نفع اٹھانا جائز ہے یا نہیں؟

۲.... موقوفہ زمین کی آمدنی کہاں خرچ کی جائے اور کیسے خرچ کی جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱،۲..... خلافِ غرضِ واقف کا استعمال ناجائز ہے، بلکہ اس کی شرطوں کے موافق استعمال کرنا چاہئیے (۱)، اگر وہ مسجد کے منافع کے لئے وقف ہے تو اس کو کرایہ پر دیکر اس کا کرایہ مصالحِ مسجد پر صرف کیا جائے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۸/۵/۲۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۸/۵/۲۱ھ۔

---

(۱) "على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفين، الخ: ۴/۴۴۵، سعيد)

"لأن شرط الواقف يجب اتباعه، لقولهم: شرط الواقف كنص الشارع: أى فى وجوب العمل به، وفى المفهوم والدلالة، اهـ". (الأشباه والنظائر، كتاب الوقف، الفن الثانى، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

(۲) "مسجد له مستغلات وأوقاف، أراد المتولى أن يشترى من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصيراً أو =

Made Searchable using ScribeTools.com

مسجد کی فاضل رقم کا مصرف

سوال[۷۲۳۸]: مساجد کی لاکھوں روپیہ کی غیر سودی رقم جو بینک میں جمع ہے جس پر خواہ مخواہ سود چڑھتا رہتا ہے اور حکومت اس میں سے لون لیا کرتی ہے تو کیا ان مساجد کی وہ غیر سودی رقم جبکہ ان مساجد کی حالیہ ضروریات نیز مستقبل کی متوقع ضروریات سے بھی فاضل ہے، تو اس رقم کو مالی اعتبار سے نہایت کمزور، ضرورت مند مساجد کی تعمیر اور مرمت میں اس رقم کا کچھ حصہ استعمال کرنا یا مؤذن اور اماموں کی تنخواہوں میں دینا یا مکاتب و مدارس دینیہ کی امداد یا جدید مکاتب دینیہ قائم کرنا یا غریب بچوں کو وظیفہ دینا، یہ روپیہ ان مذکورہ مدوں میں صرف ہوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہر مسجد کی رقم اصالۃً اسی مسجد میں صرف کی جائے اگر اس مسجد میں ضرورت نہ ہو اور آئندہ بھی ضرورت متوقع نہ ہو یا رقم کی حفاظت دشوار ہو اور ضائع ہونے کا قوی اندیشہ ہو تو پھر قریب کی مسجد میں اس کے بعد بعید کی مسجد میں حسبِ ضرورت ومصالح مسجد کی تعمیر، صرفہ پانی، روشنی، تنخواہ امام و مؤذن میں صرف کرنا درست ہے(۱) جب تک یہ مصارف موجود ہوں تو مسجد کے علاوہ دیگر مواقع مثلاً مدارس ومکاتب کی تعمیر یا وہاں کے

= حشيشاً ..... قالوا: إن وسع الواقف ذلک للقيم وقال: تفعل ما ترى من مصلحة المسجد، كان له أن يشترى للمسجد ماشاء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد الخ، الفصل الثانى فى الوقف على المسجد، الخ: ۲/ ۴۶۱، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أوخاناً، الخ: ۳/۲۹۷، رشيديه)

(۱) "ولابأس بنقشه خلامحرابه بجص وماء ذهب لوبماله، لامن مال الوقف فإنه حرام، وضمن متوليه لو فعل النقش أو البياض، إلا إذا خيف طمع الظلمة، فلابأس به، كافى". (الدرالمختار).

"(قوله: إلا إذا خيف): أى بأن اجتمعت عنده أموال المسجد وهو مستغن عن العمارة، وإلا فيضمنها، كما فى القهستانى". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة لابأس دليل على أن المستحب غيره الخ: ۱/ ۶۵۸، سعيد)

(رأيضاً ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/ ۳۶۰، سعيد)

ملازمین کی تنخواہوں یا تعلیم پانے والے طلبہ کے وظیفوں میں ہرگز صرف نہ کریں، اگر مساجد میں صرف کرنے کی دورنزدیک کی کوئی صورت نہ رہے تو پھر دینی مدارس ومکاتب کے مواقع مذکورہ میں صرف کرنا درست ہوگا (۱)۔

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۷/ ۸۷ھ۔

مسجد کی آمدنی سے مسجد میں لائبریری چلانا

سوال[۷۲۳۹]: یہاں پر مسجد کے ایک کمرہ میں ایک لائبریری قائم ہے جس میں کچھ مذہبی کتابوں کا ذخیرہ ہے اور کچھ سیاسی اخبار ''تجلی'' اور ''نشیمن'' وغیرہ بھی پڑھے جاتے ہیں اور ایک ملازم مقرر ہے۔ استفتاء یہ ہے کہ مسجد کے روپیہ سے اخباروں کی قیمت ادا کی جاتی ہے اور مسجد ہی کے روپے سے ملازم کو تنخواہ دی جاتی ہے۔ یہ لائبریری کے اخراجات مسجد کے روپیہ سے دینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو زمین جائیداد و دوکان کے لئے وقف ہو، یا جو چندہ مسجد کے نام سے وصول کیا گیا ہو، اس سے کوئی لائبریری قائم کرنا، رسائل واخبار منگانا اور لائبریری کے ملازم کو تنخواہ دینا شرعاً درست نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وإذا استغنى هذا المسجد يصرف إلى فقراء المسلمين، فيجوز ذلك؛ لأن جنس هذه القربة مما لاينقطع ويبقى مابقى الإسلام". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف: ۲۸۸/۳، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الوقف، تصرف القيم فى الأوقاف: ۷۴۹/۵، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى: ۴۶۴/۲، رشيديه)

(۲) "إذا ذكر للوقف مصرفاً، لابد أن يكون فيهم تنصيص على الحاجة حقيقةً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: متى ذكر للوقف مصرفاً لابد أن يكون، الخ: ۳۶۵/۴، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کے روپیہ سے قبرستان کی زمین خریدنا

سوال[۷۲۴۰]: ایک پڑی ہوئی زمین جس کا مالک ایک ہندو تھا، اس زمین کے کچھ کچھ حصے میں تقریباً سو سال سے مسلمانوں نے قبرستان بنا رکھا ہے، اب وہ زمین اس ہندو سے ایک مسلمان نے خرید لی، لیکن قبرستان اسی طرح برقرار ہے۔ پھر اس زمین کو مسجد کے قریب ہونے کی وجہ سے مسجد کے متولی صاحب نے گاؤں کے دو چار آدمیوں کے مشورہ سے مسجد کے روپے سے مسجد کے نام پر خرید لیا اس نیت سے کہ وہ قبرستان رہے گا۔

اب سوال یہ ہے کہ جس حصے میں قبرستان ہے وہ حصہ قبرستان رکھا جاسکتا ہے یا نہیں؟ مسجد کی کمیٹی (قبرستان رکھا جائے یا نہ رکھا جائے) اس بارے میں کچھ فیصلہ کرسکتی ہے یا نہیں؟ یا قبرستان باقی رکھنے کے لئے اور کوئی صورت ہے؟ اگر قبرستان کو باقی نہ کھا جائے تو فتنہ ضرور ہوگا۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس زمین کو خریدنے میں جتنا روپیہ مسجد کا خرچ ہوا ہے وہ روپیہ سب مسلمان چندہ کر کے مسجد کو دیدیں اور اس زمین کو قبرستان ہی رکھیں، مسجد کے روپے سے قبرستان کے لئے زمین خریدنے کا حق نہیں (۱) لہٰذا مسجد کا روپیہ وصول ہونا ضروری ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۵/۸۹ھ۔

مسجد کی رقم تحفظِ مسجد کے لئے لڑے جانے والے مقدمہ کے مصارف میں صَرف کرنا

سوال[۷۲۴۱]: ایک مسجد ہے اس کے اردگرد کی زمین مسجد ھذا کے نام وقف ہے، جس کا اندراج سنی سینٹرل وقف بورڈ لکھنؤ میں ہے۔ وقف بورڈ کی طرف سے مسجد ہٰذا کے ایک رجسٹرڈ متولی ہیں۔ متعلقہ مسجد کے کچھ لوگ مسجد کے اردگرد کی زمین میں مدرسہ بنانا چاہتے تھے، متولی نے اس میں رکاوٹ کی، کیونکہ اس زمین

---

(۱) "وإن اختلف أحد هما بأن بنى رجلان مسجدين، أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليها أوقافاً، لايجوز له ذلك". (الدرالمختار). "(قوله: لايجوز له ذلك): أى الصرف المذكور .....قال الخير الرملى: أقول: ومن اختلاف الجهة ماإذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلايصرف أحدهما للآخر، وهى واقعة الفتوى، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۰، ۳۶۱، سعيد)

کی گھاس پھونس کی آمدنی میں مدرسہ بننے سے وقف مسجد کو کافی مالی نقصان پہونچا تھا اور شرعی اعتبار سے بھی مسجد کی وقف جائیداد میں مدرسہ تعمیر کرنا جائز نہیں۔

ایسی شکل میں آپس میں جھگڑا ہوگیا اور خلاف لوگوں نے متولی کے خلاف دوسری پارٹی بنالی اور اپنا ایک نام نہاد متولی بھی بنالیا اور یہ لوگ اسی کے پاس متعلقہ مسجد کا پیسہ جمع کرنے لگے۔ ان لوگوں نے متولی کو الگ کرانے کے لئے وقف بورڈ کو متولی کے خلاف شکایتی درخواستیں بھی بھیجی جو انکوائری پر جھوٹی ثابت ہوئی اور متولی الگ نہ ہوسکے۔ اس خصوصیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ان لوگوں نے فوجداری جھگڑا کیا جس پر مقدمہ چالو ہوگیا۔

ایسی صورت کو ملحوظ رکھتے ہوئے نیچے لکھے گئے سوالات کے جوابات درکار ہیں:

۱.....اس مقدمہ میں رجسٹرڈ متولی مسجد کا پیسہ خرچ کرسکتے ہیں یا نہیں؟

۲.....نام نہاد متولی مسجد کا پیسہ اس مقدمہ میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟

۳.....ایسی شکل میں خلاف پارٹی کے لوگوں کو الگ پیسہ جمع کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کی وقف شدہ زمین میں زبردستی مدرسہ بنانے کا حق نہیں (۱)، اگرچہ دینی مدرسہ بنانا اور دینی تعلیم کو عام کرنا بہت بڑے اجر وثواب کی چیز ہے، مگر ناحق طریقہ کو ہرگز اختیار نہ کیا جائے، اور اس کے لئے متولی سے جھگڑا کرنا اور اس کو تولیت سے الگ کرانا اور مقدمہ لڑانا بہت مذموم اور گناہ ہے (۲)۔

۱.....اگر اس مقدمہ کی کامیابی میں مسجد کا تحفظ ہے اور اس کی جائیداد کا تحفظ ہے تو رجسٹرڈ متولی کو اس میں مسجد کا روپیہ خرچ کرنا درست ہے کہ یہ درحقیقت مسجد ہی کے لئے ہے (۳)۔

---

(۱) "قال الخير الرملي: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهي واقعة الفتوىٰ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/ ۳۶۱، سعيد)

(۲) "لايعزله القاضي بمجرد الطعن فى أمانته، ولايخرجه إلا بخيانة ظاهرة بينة". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۴۱۱، رشيديه)

(۳) "لو استولى عليه الظالم، ولم يمكنه دفعه عنه إلا بصرف ماله فصرف، لايضمن". (منحة الخالق على البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۴۰۲، رشيديه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....سوال میں تحریر کردہ حالات کے تحت اس کو مسجد کا روپیہ خرچ کرنا جائز نہیں (۱)۔

۳..... نہ جھگڑالو آدمی کا ساتھ دیا جائے، نہ اس کے لئے چندہ کیا جائے، بلکہ جھگڑا ختم کرا کے صلح کی کوشش کی جائے، اسی میں خیر ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۴/۱۴۰۱ھ۔

مساجد کا روپیہ حکومت کو دینا

سوال[۲۴۲]: کیا مساجد کا روپیہ حکومت کو ہنگامی حالات میں دینا جائز ہے؟ نیز مساجد کا روپیہ کہاں کہاں خرچ کرنے کی اجازت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مساجد کا روپیہ، وقف کا روپیہ جو کہ امانت ہے، متولی کو مسجد کے علاوہ کسی بھی جگہ خرچ کرنے کی اجازت نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۱۰/۹۱ھ۔

= "والذی یبدأ به من ارتفاع الوقف: أی من غلته عمارته شرط الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلی العمارة وأعم للمصلحة ..... ثم السراج والبساط كذلك إلی آخر المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إليها: ۳۶۷/۴، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثالث فی المصارف: ۳۶۸/۲، رشيديه)

(۱) "فاستفيد منه أنه إذا لم يمنع من يتلف شيئاً للوقف، كان خائناً ويعزل ..... فاستفيد منه أنه إذا تصرف بما لايجوز، كان خائناً يستحق العزل، وليقس مالم يقل". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۹۲/۵، رشيديه)

(۲) "إذا ذكر للوقف مصرفاً، لابد أن يكون فيهم تنصيص على الحاجة حقيقةً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: متى ذكر للوقف مصرفاً لابد أن يكون، الخ: ۳۶۵/۴، سعيد)

"إذا قصر المتولی فی شئ من مصالح الوقف هل يضمن؟ قلت: إن كان فی عينٍ، ضمنها، وإن كان فيما فی الذمة، لايضمن". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۴۰۱/۵، رشيديه)

"ولو اشترى بغلته ثوباً ودفعه إلی المساكين، يضمن مانقد من مال الوقف لوقوع الشراء له". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۴۰۶/۵، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

مسجد کا روپیہ مسجد کی رؤیتِ ہلال کمیٹی میں خرچ ہوسکتا ہے یانہیں؟

سوال[۷۲۴۳]: گورکھپور شہر میں جامع مسجد کمیٹی کی طرف سے ایک رؤیتِ ہلال کمیٹی قائم ہوئی، اس سلسلے میں کچھ روپے خرچ ہوئے اور روپے مذکورہ بالا جامع مسجد کے پیسے سے خرچ ہوئے۔ سوال صرف یہ ہے کہ مسجد کا پیسہ رؤیتِ ہلال کے سلسلے میں از روئے شریعت خرچ ہوسکتا ہے کہ نہیں؟ جب کہ وقف نامہ میں اس کی صراحت موجود ہے کہ اس موقوفہ یا نذر کی آمدنی مصلّیوں کے مفاد میں خرچ کریں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

رؤیتِ ہلال کا تعلق اس مسجد کے ساتھ مخصوص نہیں، لہذا اس مسجد کے وقف کا پیسہ اس سلسلہ میں خرچ کرنے کی اجازت نہیں، لأن شرط الواقف کنص الشارع (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد کی آمدنی سے جنازہ کی چارپائی خریدنا

سوال[۷۲۴۴]: رواجاً مسجد میں جو سریر اور چارپائی مُردوں کے نہلانے اور قبرستان لے جانے کے واسطے مہیا کی جاتی ہے تو وہ مساجد کی موقوفہ جائیداد کی آمدنی میں سے بنانا جائز ہے یانہیں؟ ظاہر ہے کہ وقف مساجد کے مصارف کے لئے ہوتا ہے اور یہ چیزیں اہل محلّہ اور عام مسلمانوں کی سہولت کے لئے ہوتی ہیں تو مسجدوں سے ان کا کوئی تعلق نہیں ہوسکتا، لہذا دلائل کے ساتھ مسئلہ کی شرعی صورت تحریر فرمائیں کہ ان امور میں

---

(۱) "شرط الواقف کنص الشارع: أی فی المفهوم والدلالة ووجوب العمل به". (الدرالمختار، کتاب الوقف: ۴/۴۳۳، سعید)

"شرط الواقف کنص الشارع: أی فی المفهوم والدلالة، ووجوب العمل به". (تنقیح الفتاوی الحامدیة: ۱/۱۲۶، مکتبه میمنیه مصر)

(وکذا فی الأشباه والنظائر، کتاب الوقف الفن الثانی، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن کراچی)

"قال الخیر الرملی: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا کان الوقف منزلین: أحدهما للسکنی والآخر للاستغلال، فلایصرف أحدهما للآخر، وهی واقعة الفتوی، اهـ". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فی نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۱، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

وقف کی آمدنی کا صرف کرنا جائز ہوگا یا ناجائز؟ وقف ناموں میں بالعموم جزئیات نہیں ہوتیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

ناجائز ہے:"ليس لقيّم المسجد أن يشترى جنازةً، وإن ذكر الواقف أن يشترى جنازةً، كذا فى السراجية". فتاوى عالمگيرى: ٢/٤٦٢ (١)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

مسجد کے پیسے سے مسجد کے غسل خانہ کے لئے بالٹی خریدنا

سوال[۷۲۴۵]: مسجد کے وقف مال میں سے مسجد کے غسل خانوں میں غسل کے واسطے بالٹی خریدنا جائز ہے یا نہیں؟ یا کوئی شخص بالٹی خرید کر مسجد کو وقف کرتا ہے تو کیا اس بالٹی کو عوام الناس کے غسل کے واسطے غسل خانہ میں رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مصالحِ مسجد کے لئے جو وقف ہو اس کی آمدنی سے غسل کے لئے بالٹی خریدنا اور غسل خانۂ مسجد میں رکھ دینا تاکہ نمازی وقت ضرورت اس سے غسل کرلیا کریں جائز ہے(۲)، اسی طرح کوئی شخص بالٹی ہی خرید کر اس

---

(۱) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى: ۴۶۲/۲، رشيديه)

"ذكر الواقف فى كتاب الوقف أن القيم يشترى جنازةً، لايجوز للقيم أن يشترى جنازةً من غلة الوقف، ولو اشترى ونقد الثمن من غلة الوقف، يكون ضامناً ..... وشراء الجنازة ليس من مصالح المسجد". (فتاوىٰ قاضى خان على ها مش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۲۹۷/۳، رشيديه)

(وكذا فى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الرابع فى المسجد وما يتصل به: ۲۶۹/۶، رشيديه)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى، كتاب الوقف، الفصل الرابع فى المسجد وأوقافه، الخ: ۴۲۲/۴، رشيديه)

(۲) "والذى يبدأ به من ارتفاع الوقف: أى من غلته عمارته، شرط الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلى العمارة، =

مقصد کے لئے وہاں رکھ دے تب بھی درست ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۹/۹۱ھ۔

مسجد کی رقم سے وضو کا پانی گرم کرنا

سوال[۷۲۴۶]: جوروپیہ مسجد میں جمع ہواس سے پانی گرم کرسکتے ہیں یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوروپیہ مسجد کی مصالح کے لئے جمع ہواس روپیہ سے نمازیوں کے لئے سردی کے زمانہ میں پانی گرم کرنا درست ہے، تاکہ وہ باآسانی وضوکرلیا کریں(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد..... ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إليها: ۳۶۷/۴، سعيد)

(۱) "والأصح ماقال الإمام ظهيرالدين: إن الوقف على عمارة المسجد وعلى مصالح المسجد سواء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى: ۴۶۲/۲، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف، الفصل الأول فى المتولى: ۲۴۱/۶، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى، كتاب الوقف، الفصل الرابع فى المسجد وأوقافه، الخ: ۴۲۲/۴، رشيديه)

(وكذا فى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الرابع فى المسجد وما يتصل به: ۲۶۹/۶، رشيديه)

(۲) "ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجدو مدرس مدرسة". (الدرالمختار).

"(قوله: ثم ماهو أقرب لعمارته) والذى يبدأ به من ارتفاع الوقف: أى من غلته عمارته، شَرَط الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلى العمارة وأعم للمصلحة ..... ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة الخ: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشيديه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کی آمدنی سے تعلیم دینا

سوال[۷۲۴۷]: مسجد کی آمدنی سے قرآن شریف کی تعلیم دینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر وہ مدرسہ اس مسجد کے تابع ہے یعنی بانی نے مسجد بنائی اور اس کے تابع ہی مدرسہ بنایا اور ہدایت کی کہ یہ مدرسہ مسجد کے تابع رہے گا اور مسجد کی آمدنی سے مدرسہ چلایا جائے گا تو شرعاً یہ درست ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد کی رقم سے بیٹری بھروانا

سوال[۷۲۴۸]: مسجدوں میں اسپیکر رکھے جاتے ہیں تو اس کی بیٹری بھرواتے ہیں، اس میں جو صَرفہ ہوتا ہے۔کیا اس کو مسجد کے جمع شدہ روپیہ سے ادا کر سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مسجد کی ضرورت کے لئے یہ صرفہ ہے تو مسجد کے لئے جمع شدہ روپیہ سے ان کو پورا کرنا درست ہے(۲) ورنہ اس کا انتظام علیحدہ سے کیا جائے۔فقط۔ اللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

= (وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الوقف: ۲/۵۸۷، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۱) "اتحد الواقف والجهة، وقلّ مرسوم بعض الموقوف عليه بسبب خراب وقف أحدهما، جاز للحاكم أن يصرف من فاضل الوقف الآخر عليه؛ لأنهما حينئذ كشيء واحد". (تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب الوقف: ۴/۳۶۰، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۶۲، رشيديه)

"شرط الواقف كنص الشارع: أي في المفهوم والدلالة، ووجوب العمل به". (الدر المختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، سعيد)

(وكذا في تنقيح الفتاوىٰ الحامديه: ۱/۱۲۶، مكتبه ميمنيه مصر)

(۲) "والذي يبدأ به من ارتفاع الوقف عمارته .....ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح". =

عیدین وجمعہ کے موقعہ پر مسجد کی آمدنی سے عام شاہراہ پر فرش بچھوانا

سوال[۷۲۴۹]: جمعۃ الوداع اور عیدین کے موقعہ پر اندر صحن اور کوٹھے کی جگہ بھر جاتی ہے، اور مسجد کے باہر پورب، اتر، دکھن پختہ سرکاری سڑک ہے(۱)، اس پر لوگ صف قائم کر کے نماز ادا کرتے ہیں۔ اس سلسلہ میں جامع مسجد کی آمدنی سے کرایہ پر شامیانے اور دریاں بچھوائی جاتی ہیں، جس پر سالانہ پانچ سو روپے خرچہ آتا ہے۔ کیا حدودِ مسجد کے باہر مسجد کی انتظامیہ کمیٹی پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ شامیانے اور دریوں کا انتظام مسجد کی آمدنی سے کرے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ انتظام بھی اسی مسجد کے نمازیوں کے لئے ہے، اس لئے کوئی حرج نہیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۳/۱۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۳/۱۸ھ۔

مسجد کے روپے سے کسی غریب کی حالت کو سدھارنا

سوال[۷۲۵۰]: جن مساجد کے پاس کافی روپیہ جمع ہے، وہ غرباء کو قرض دے کر ان کی حالت

= (كنز الدقائق). "(قوله: إلى آخر المصالح): أى مصالح المسجد، فيدخل المؤذن ..... وثمن القناديل والزيت والحصر". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، ۳۵۸، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إليها: ۳۶۷/۴، سعيد)

(وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب الوقف: ۵۸۳/۲، ۵۸۴، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۱) "پورب: مشرق"۔ (فيروز اللغات، ص: ۳۰۸، فيروز سنز، لاهور)

"اَتَر: شمال، جواب"۔ (فيروز اللغات، ص: ۶۳، فيروز سنز لاهور)

"دکھن: جنوب کی سمت"۔ (فيروز اللغات، ص: ۶۴۶، فيروز سنز، لاهور)

(۲) "والذى يبدأ به من ارتفاع الوقف ..... ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح ..... والبساط: أى الحصير، ويلحق بهما معلوم خادمها". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، ۳۵۹، رشيديه)

Made Searchable using ScribeTools.com

سدھار سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی اجازت نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱/۹۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۱/۹۵ھ۔

مسجد کی آمدنی سے افطار کرانا

سوال[۷۲۵۱]: جامع مسجد اور دیگر مساجد متعلقہ میں رمضان شریف میں اسی آمدنی (مسجد کی ملحقہ دوکانوں اور موقوفہ مکانات) سے نمازیوں کو افطار کرایا جاتا ہے۔آیا یہ جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس پر جو دوکان وقف ہے اور واقف نے افطار کی اجازت دی ہے اس کی آمدنی سے اسی مسجد میں افطار کے لئے صَرف کرنے کی اجازت ہے، واقف کی اجازت نہ ہوتو درست نہیں (۲)۔ ہاں! اگر واقف کے زمانہ سے یہ دستور برابر چلا آرہا ہوتو بھی درست رہے گا (۳)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۳/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۳/۹۲ھ۔

---

(۱) "الفاضل من وقف المسجد هل يصرف إلى الفقراء؟ قيل: لايصرف، وإنه صحيح، ولكن يشترى به مستغلاً للمسجد، كذا فى المحيط". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى: ۲/۴۶۳، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الوقف، مسائل وقف المسجد، قيم المسجد: ۵/۸۶۱، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "وإذا أراد أن يصرف شيئاً من ذلك إلى إمام المسجد أو إلى مؤذن المسجد، فليس له ذلك، إلا إن كان الواقف شَرَط ذلك فى الوقف، كذا فى الذخيرة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى: ۲/۴۶۳، رشيديه)

(۳) "بعث شمعاً فى شهر رمضان إلى مسجد، فاحترق، وبقى منه ثلثه أو دونه، ليس للإمام ولا للمؤذن=

افطار کے لئے دیا ہوا روپیہ مسجد کے دوسرے کاموں میں صَرف کرنا

سوال[۷۲۵۲]: ہمارے قصبہ میں دو تین مسجدیں ہیں، رمضان شریف میں افریقہ سے ہمارے یہاں کے اشخاص افطار کے واسطے چند روپے روانہ کرتے ہیں اور یہاں مسجد کے متولی صاحب ان روپوں میں سے بعض روپے افطار میں خرچ کرتے ہیں اور اکثر روپے مسجد کے اَور کام میں خرچ کرتے ہیں۔ اور کبھی ان روپوں میں سے اکثر افطار کے لئے خرچ کرتے ہیں اور بعض مسجد کے اَور کام کے لئے خرچ کرتے ہیں، دونوں طرف مساوی خرچ ہوتا ہے۔

ان تینوں صورتوں میں کیا یہ شرعاً جائز ہے کہ جو روپے صرف افطار کے لئے وصول ہوں اس میں سے مسجد کے لئے بھی خرچ کئے جائیں؟ صحیح جواب مع حوالہ کتب کے عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب دینے والے محض افطار کے لئے دیتے ہیں تو بغیر ان کی اجازت کے دوسرے کام میں صَرف کرنا جائز نہیں، کیونکہ متولی ایسی حالت میں معطی کا وکیل ہے اور وکیل کو مؤکل کے امر کے خلاف صَرف کرنا درست نہیں، هكذا في كتب الفقه(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/ رجب/ ۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم۔

امام کی تنخواہ وقف زمین کی آمدنی سے

سوال[۷۲۵۳]: ایک امام صاحب کی تنخواہ کم ہے، متولی اوقاف میں خیانت کر رہے ہیں، ایک شخص نے کچھ زمین مسجد کے لئے وقف کر رکھی ہے، خود کاشت کاری کرتے ہیں اور آمدنی مسجد میں دیتے ہیں۔ اگر یہ

= أن يأخذ بغير إذن الدافع. ولو كان العرف في ذلك الموضع أن الإمام والمؤذن يأخذه من غير صريح الإذن في ذلك، فله ذلك، اهـ". (البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد: ۵/ ۴۱۹، رشيديه)

(۱) "وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار، كتاب الزكوة: ۲/ ۲۶۹، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

شخص کچھ غلہ اپنی زمین سے امام صاحب کو بغیر متولی کی اطلاع کے دے دیں تو دے سکتے ہیں اور امام اس کو لے سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر امام کی تنخواہ متولی نہیں دیتا تو بقدرِ تنخواہ مسجد کی زمین کی پیداوار سے وصول کرنے کا حق ہے(۱)۔

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجد کی آمدنی سے حافظِ تراویح کو انعام دینا

سوال[۷۲۵۴]: ختمِ تراویح اور شبینہ کے موقع پر اُسی آمدنی سے حفاظ کو انعامات تقسیم کئے جاتے ہیں، حالانکہ وقف کنندگان میں سے کسی کی تحریر میں ان مدات میں خرچ کا کوئی اشارہ نہیں ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

تراویح میں قرآن کریم سنانے والوں کو روپیہ دینا درست نہیں (۲)، ہاں! اگر وہ ہمیشہ کا امام بھی ہو اور اس کو رمضان المبارک میں اصل تنخواہ سے زائد کچھ دیا جائے تو اسی مسجد کے اوقاف سے دینے کی

---

(۱) "لووقف على مصانح المسجد، يجوز دفع غلته إلى الإمام والمؤذن والقيم، اهـ". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۴/۵، رشيديه)

"ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ما هو أقرب بعمارته، كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثالث في المصارف: ۳۶۸/۲، رشيديه)

(۲) "(قوله: ولا لأجل الطاعات) الأصل أن كل طاعة يختص بها المسلم، لايجوز الاستيجار عليها عندنا، لقوله عليه الصلوة والسلام: "اقرأ وا القرآن ولاتأكلوا به". (ردالمحتار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة، مطلب في الاستيجار على الطاعات: ۵۵/۶، سعيد)

(وكذا في تنقيح الفتاوىٰ الحامدية، كتاب الإجارة: ۱۳۷/۲، مكتبه ميمنيه مصر)

اجازت ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۳/۱۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۳/۱۸ھ۔

رقمِ مسجد تراویح کے حافظ پر خرچ کرنا

سوال[۷۲۵۵]: آیا مسجد کی رقم سے تراویح سنانے والے حافظ کا خرچ طعام دیا جاسکتا ہے؟ صرف دووقت کھانا یا اس کی قیمت دینا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

نہیں دینا چاہیے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۵/۹/۱۱ھ۔

عیدگاہ اور مسجد کا روپیہ قرض دینا

سوال[۷۲۵۶]: عیدگاہ یا مسجد کے لئے لوگوں نے چندہ کیا۔اس روپیہ سے قرض دینا اور لینا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جائز نہیں، وہ امانت ہے(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶۶/۹/۲۴ھ۔

---

(۱) "لو وقف على مصالح المسجد، يجوز دفع غلته إلى الإمام والمؤذن والقيم، اهـ". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۴/۵، رشيديه)

"ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم". (الدر المختار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ من غلة الوقف بعمارته: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۹/۵، رشيديه)

(۲) "وإذا أراد أن يصرف شيئاً من ذلك إلى إمام المسجد أو إلى مؤذن المسجد، فليس له ذلك، إلا إن كان الواقف شَرَط ذلك". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد، الفصل الثاني في الوقف على المسجد: ۴۶۳/۲، رشيديه)

(۳) "مع أن القيم ليس له إقراض مال المسجد. قال في جامع الفصولين: ليس للمتولي إيداع مال =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کا دھان ادھار دینا

سوال[۷۲۵۷]: مسجد کا کچھ دھان اس کی زمین میں کھیتی کرنے والوں کو ادھار دے دیا اور پیداوار کے موسم میں ادھار کیا تھا تو اس وقت بھاؤ سستا ہوا ہے اور جس وقت دھان دیا تھا اس وقت مہنگا ہوتا ہے۔ اس طرح دو تین سو روپیہ مسجد کا نقصان ہوتا ہے۔ لہٰذا اس طریقہ پر مسجد کا دھان قرض دینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

شرعاً یہ درست نہیں، مسجد کا جس قدر نقصان ہو رہا ہے اس کا ضمان لازم ہے(۱)، جتنا دھان دیا تھا، اگر اتنا ہی وزن کر کے واپس مل گیا تو ضمان لازم نہیں اگرچہ قیمت میں فرق ہو(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۸/ ۹۰ھ۔

مسجد کے پیسہ سے تجارت

سوال[۷۲۵۸]: مسجد کے پیسہ سے مسجد کے لئے تجارت کرسکتا ہے یا نہیں؟

= الوقف والمسجد إلا ممن فی عیاله، ولا إقراضه فلو أقرضه، ضمن، وكذا المستقرض". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۴۰۱، رشيديه)

(۱) "مع أن القيم ليس له إقراض مال المسجد ..... فلو أقرضه، ضمن، وكذا المستقرض". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۴۰۱، رشيديه)

(۲) چونکہ یہ معاملہ قرض ہے اور قرض میں قاعدہ یہی ہے کہ ذوات الامثال میں اس چیز کی مثل دینا ضروری ہے، اور اتنا ہی واپس کرنا ضروری ہے جتنا لیا تھا:

"(والقرض) شرعاً عقد مخصوص: أی بلفظ القرض ونحوه (يَرِد على دفع مال مثلی) خرج القيمی (لآخر ليردّ مثله)". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، فصل فی القرض: ۵/ ۱۶۱، سعيد)

"الديون تقضى بأمثالها". (ردالمحتار، كتاب الأيمان، باب اليمين فی الضرب والقتل وغير ذلک مطلب: الديون تقضى الخ: ۳/ ۸۳۸، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کا پیسہ متولی کے پاس امانت ہوتا ہے، اس میں اَور کسی قسم کا تصرف کرنا روزگار وغیرہ میں لگانا جائز نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

مسجد کا روپیہ تجارت کے لئے دینا

سوال[۷۲۵۹]: مسجد کی جو رقم جمع تھی اس رقم کو متولی مسجد نے اپنے ایک رشتہ دار کو بیوپار کرنے کے لئے دے دی، اس شخص نے مسجد کا کوئی حصہ طے نہیں کیا۔ اس تجارت میں کافی نفع ہوا، اس نے مسجد کی رقم واپس کرتے ہوئے مبلغ ۲۲۵/ روپے زائد دے دیئے۔ یہ زائد رقم جو اس نے دی ہے، یہ لینا جائز ہے یا نہیں؟ اور آئندہ یہ رقم مسجد کا متولی کسی صورت سے اپنے رشتہ دار کو دے سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کی رقم متولی کے پاس امانت ہے، کسی کو بیوپار کے لئے دینے کا اس کو حق نہیں، ہرگز کسی کو نہ دی جائے (۲)۔ جو رقم دی تھی وہ بطورِ قرض تھی، قرض میں یہ شرط کرنا کہ واپسی کے وقت اتنی رقم زائد لی جائے گی جائز نہیں کہ یہ سود ہے (۳)، لیکن بغیر شرط کے اگر قرض لینے والا یہ کہہ کر قرض واپس کردے کہ اتنی رقم تو قرض تھی، یہ واجب الادا ہے، اور اتنی رقم میں بلا کسی التزام کے اپنی طرف سے زائد دیتا ہوں تو یہ شرعاً درست ہے اور حدیثِ

---

(۱) "وفی القنیة: ولایجوز للقیم شراء شئ من مال المسجد لنفسه ولا البیع له وإن کان فیه منفعة ظاهرة للمسجد، اهـ". (البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/ ۴۰۱، رشیدیه)

"والودیعة لاتودع ولاتعار ولاتواجر ولا ترهن، وإن فعل شیئاً منها، ضمن". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الودیعة، الباب الأول: ۴/ ۳۳۸، رشیدیه)

(۲) "والودیعه لاتودع ولاتعار ولاتواجر ولا ترهن، وإن فعل شیئاً منها، ضمن". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الودیعة، الباب الأول: ۴/ ۳۳۸، رشیدیه)

(۳) "عن علیّ أمیر المومنین رضی الله تعالیٰ عنه مرفوعاً: "کل قرض جر منفعةً فهو ربا". (إعلاء السنن، کتاب الحوالة، باب: کل قرض جرمنفعةً فهو ربا: ۱۴/ ۴۹۸، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی فیض القدیر: ۹/ ۴۴۸۷، (رقم الحدیث: ۶۳۳۶)، مکتبه نزار مصطفیٰ الباز، ریاض)

Made searchable using ScribeTools.com

پاک سے ثابت ہے، اس کا استعمال کرنا درست ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱/۸۸ھ۔

مسجد کا روپیہ کسی کے ذمہ ہو تو اس کو معاف نہیں کیا جا سکتا

سوال[۷۲۶۰]: مسجد کے متولی، امام، یا مسجد کے کسی خدمتی مؤذن وغیرہ کو مسجد کی بقایا رقم جب کہ مجبوری ہو ادا نہ کر سکتا ہو، معاف کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کو معاف کرنے کا حق کسی کو نہیں(۲)، جو لوگ معاف کرنا چاہتے ہیں وہ چندہ کر کے اس کی طرف سے ادا کریں۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجد کی آمدنی کو ختم کر دینے کا کسی کو بھی حق نہیں

سوال[۷۲۶۱]: جامع مسجد دہلی کے چاروں طرف جو دوکانیں بنی ہوئی ہیں وہ جامع مسجد کی زمین پر بنی ہوئی ہیں اور جامع مسجد ہی کی ملکیت ہیں، مسجد کو ان دوکانوں سے تقریباً ۷۲/ ہزار روپے سالانہ کی آمدنی

---

(۱) "وعن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: کان لی علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دینٌ، فقضانی إلیّ وزادنی". رواہ أبوداؤد". (مشکوۃ المصابیح، بّاب الإفلاس والإنظار، الفصل الأول، ص: ۲۵۳، قدیمی)

(۲) "أکار تناول من مال الوقف فصالح المتولی علی شئ، فهذا علی وجهین: إما أن یکون الأکار غنیاً أو فقیراً، ففی الوجه الأول لایجوز الحط من مال الوقف". (التاتارخانیة، کتاب الوقف، تصرف القیم فی الأوقاف: ۵/۷۶۰، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الخامس فی ولایة الوقف، الخ: ۲/۶۴۲، رشیدیه)

"وأما إذا کان علی أرباب معلومین ومستحقین مخصوصین، لاتجوز المسامحة والحط بالصلح مطلقاً". (البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/۴۰۶، رشیدیه)

ہے۔ گورنمنٹ کا محکمہ ''ڈی-ڈی-اے'' ان تمام دوکانوں کو ہٹا کر باغیچہ وغیرہ بنانا چاہتے ہیں، اگر ایسا ہوگا تو مسجد کی آمدنی ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائے گی۔ انہیں حالات کے پیشِ نظر مندرجہ ذیل امور دریافت طلب ہیں:

۱.....کیا گورنمنٹ کو حق ہے کہ وہ زبردستی مسجد کی آمدنی کو ختم کردے؟

۲.....کیا مسجد کے منتظمین کو حق ہے کہ وہ مسجد کی ملکیت اور آمدنی کو اس کام کے لئے ختم کردیں؟

۳..... اگر گورنمنٹ کی اس خواہش کو پورا کیا جائے تو کن صورتوں میں اس خواہش کو پورا کیا جاسکتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد سے متعلق وقف کی آمدنی کو ختم کرنے کا کسی کو حق نہیں (۱)، ایسی خواہش پوری کرنے کے قابل نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۶ھ۔

مسجد کی دوکانوں کے کرایہ اور شادی کی آمدنی سے امام کی تنخواہ

سوال[۷۲۶۲]: مسجد کا پیسہ جو دوکانوں کے کرایہ اور شادی کے موقع پر حاصل ہوتا ہے اس سے

---

(۱) "ففی فتاویٰ قاری الهداية: سئل: إذا استأجر شخص داراً وقفاً ثم إنه هدمها وجعلها طاحوناً أو فرناً أو غيره مايلزمه؟ أجاب: ينظر القاضی إن كان ماغيّرها إليه أنفع لجهة الوقف، أخذ منه الأجرة وبقی ماعمّر لجهة الوقف، وهو متبرع بما أنفقه فی العمارة ولا يحسب له الأجرة. وإن لم يكن أنفع ولا أكثر ريعاً، ألزم بهدم ماصنع وإعادة الوقف إلى الصفة التی كان عليها بعد تعزيره بما يليق بحاله".

(ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: إذا هدم المشترى أو المستأجر دارالوقف ضمن: ۴/۴۴۷، سعيد)

"لايجوز لأحد أن يتصرف فی ملك غيره بلا إذنه أو وكالةٍ منه أو ولاية عليه، وإن فعل كان ضامناً". (الأشباه والنظائر، كتاب الغصب، الفن الثانی، الفوائد: ۲/۴۴۴، (رقم القاعدة: ۱۱۷۱)، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی الدرالمختار، كتاب الغصب: ۶/۲۰۰، سعيد)

(وكذا فی شرح المجلة: ۱/۶۱، (رقم المادة: ۹۶)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

امام کی تنخواہ دے سکتے ہیں یانہیں؟ نیز غسل خانہ وغیرہ کی تعمیر میں لگا سکتے ہیں یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے روپیہ کوتنخواہ امام میں دینا اور مسجد کے حمام اور غسل خانہ میں صَرف کرنا شرعاً درست ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۲/۸۹ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "لو وقف على مصالح المسجد، يجوز دفع غلته إلى الإمام والمؤذن والقيم، اهـ" (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۴/۵، رشيديه)

"والذى يبدأ به من ارتفاع الوقف: أى من غلته عمارته، شَرَط الواقف أولا، ثم ما هو أقرب إلى العمارة، وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة، يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم".

(ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إليها: ۳۶۷/۴، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثالث فى المصارف: ۳۶۸/۲، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشيديه)

الفصل الخامس عشر فی صرف المال الحرام فی المسجد

(مسجد میں حرام مال صَرف کرنے کا بیان)

مالِ حرام مسجد میں صرف کرنا

سوال[۷۲۶۳]: حیدرآباد سے ایک پرچہ بنام ''اطلاع'' نکلتا ہے جس میں ''پوچھئے اور سنیئے'' کی سرخی کے تحت ایک طویل مضمون شائع ہوا ہے جس میں پوری طاقت سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ''حرام مال بطور چندہ کے مسجد و مدرسہ میں لے سکتے ہیں، اس میں شرعی کوئی قباحت نہیں ہے''۔ وہ مضمون دو قسط بنا کر آپ کی خدمت میں ارسال کروں گا، پہلی قسط اب روانہ کر رہا ہوں اور مختصر اقتباس بنا کر ارسال کر رہا ہوں۔

امید ہے کہ حضرت والا اپنی مصروفیتوں میں تھوڑا وقت ضرور بالضرور فارغ فرما کر جواب روانہ فرمائیں تو عین کرم ہوگا، کیونکہ دکن کا اکثر حصہ مشائخ پرست اور بدعات کے تابع ہے اور خود ایڈیٹر صاحب مستقل حیدرآباد کے مشہور واعظ حسام الدین صاحب جن کا مشائخ میں شمار ہے، ان کے صاحبزادے کے بیٹے ہیں یعنی پوتے ہیں، ان کے قلم سے نکلنے کے بعد خصوصاً جب کہ آیات واحادیث سے مشید کیا گیا ہے تو کافی لوگ مغالطہ میں پڑ گئے ہیں۔

اس فاسد عقیدہ وعمل سے نجات دلانے کے لئے آنجناب مبرہن ومدلل ومفصل جواب تحریر فرمائیں اور اس کو چھاپ کر شائع کر دیا جائے تاکہ عوام الناس غلط فہمی کے شکار نہ رہیں۔

سوال: ''جس کی آمدنی کا کل حصہ یا کل کی کل آمدنی حرام ہو جیسے سود خور ہو، یا مسکرات کی آمدنی رکھتا ہو، اس کے پاس دعوت میں جانا، یا اس سے کسی کار خیر میں چندہ لینا، یا ایسے سے مسجد کے لئے روپیہ حاصل کرنا کیسا ہے؟ کیونکہ اکثر علماء ناجائز بتاتے ہیں براہ کرم آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں تشفی بخش جواب دیجئے۔

جواب: ''شرع محمدی میں جس قدر معقولیت ہے وہ دنیا کے کسی مذہب میں

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں اور جو اصول مقرر ہیں ان سے کسی مسئلہ میں ٹکراؤ نہیں پایا جاتا ہے۔ روپیہ استعمال صرف دو ہی طریقوں سے ہوا کرتا ہے:

۱- آمدنی کے لحاظ سے، ۲- خرچ کرنے کے لحاظ سے۔

چنانچہ اسلام میں بھی ان ہی دو طریقوں سے امر و نہی فرمائی گئی ہے، مطلب یہ ہے کہ روپیہ کمانا ہو تو ان ذرائع سے کمایا جائے جسے حلال کیا گیا ہے، جیسے: تجارت، زراعت یا ملازمت وغیرہ، یعنی اس سلسلہ میں وہ طریقے نہ رہیں جو حرام کئے گئے ہیں، جیسے: سود، جھوٹ، رشوت، چوری وغیرہ۔

ایسا ہی خرچ کرنے کے جو مدات ہیں ان کی بھی دو قسمیں ہیں: ایک تو حرام جیسے: شراب اور دیگر مسکرات خریدنا، سود دینا، یا ناجائز کام پر خرچ کرنا۔ مطلب یہ ہے کہ بُرائی کی مدد کے لئے روپیہ خرچ کرنا ناجائز ہے، چاہے وہ وجہٗ حلال سے کمایا ہوا روپیہ کیوں نہ ہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ (۱) اس لحاظ سے غیر مسلموں کو چندہ دینا بھی قرآن مجید کے حکم سے ممنوع ہے، الخ۔

جب غیر مسلموں سے چندہ لیں گے تو ان کو بھی چندہ دینا پڑے گا، اس لئے غیر مسلموں سے چندہ نہ لیا جائے۔

دعوی: جائز کام کے لئے خرچ کرنے کے واسطے ناجائز طریقہ سے کمایا ہوا مال خرچ کیا جاسکتا ہے۔

دلیل اول: اس لئے بھی کہ اللہ تعالیٰ نے نیک لوگوں کے اوصاف میں فرمایا ہے کہ: ﴿وأنفقوا مما رزقناهم سراً وعلانيةً يرجون تجارةً لن تبور﴾ الآية(۲)۔ اس میں وجہٗ حلال کی تخصیص نہیں ہے، بلکہ فرمایا گیا ہے ''جو کچھ بھی ہم نے ان کو دیا ہے'' تو وجہ حرام کی کمائی بھی جب کہ غیر اللہ سے ملی ہوئی نہیں ہوتی، بلکہ حقیقی دینے والا ہر چیز کا وہی

---

(۱) (سورة المائدة: ۲)

(۲) (سورة فاطر: ۲۹)

اللہ تعالیٰ ہی ہے تو حرام کمائی بھی خرچ ہوسکتی ہے اور اس طرح پر خرچ کی جاسکتی ہے جس کا اجر ملے، چونکہ اس آیت میں مندجہ بالا آیت کے ساتھ ہی فرمایا گیا ہے: ﴿لیوفّیھم أجورھم و یزیدھم من فضلہ، إنہ غفور شکور﴾(۱)۔

اس آیت کے اخیر میں اللہ تعالیٰ نے اپنی صفت ''غفور'' فرما کر اس طرف بھی اشارہ فرمایا ہے کہ جو اچھے کاموں پر خرچ کرے گا، وہ اگر روپیہ کو ناجائز طریقہ سے کمایا ہو تو اس کا اس طرح پر خرچ کرنا بخشے جانے کا موجب ہوگا۔

دلیل دوم: اللہ تعالیٰ نے خرچ کرنے کا جہاں ذکر فرمایا ہے، وہاں اچھی کمائی کی تخصیص نہیں فرمائی ہے، مگر کمائی کا جہان ذکر ہے، یا اپنے استعمال میں لانے کا جہاں ذکر ہے، وہاں پاک طریقہ اور اچھی چیزوں کو مخصوص فرمایا ہے، چنانچہ ارشاد ہے: ﴿یا أیھا الذین اٰمنوا کلوا من طیبت ما رزقناکم﴾ الآیۃ(۲)۔

تو کھانا چونکہ اسی کا ہوتا ہے جسے کمایا جاتا ہے اس لئے اچھے طریقہ سے کمانے کا حکم سمجھا جانا چاہئے اور ہے ہی یہی، لہذا کمانے کے لئے وجہ حلال کی صراحت کی گئی ہے، مگر خرچ کرنے کے لئے خواہ وہ نیک کام ہی کیوں نہ ہوں حلال وحرام کی صراحت نہیں کی گئی ہے اور بتایا گیا ہے کہ اچھے کام پر خرچ کرنے کا ثواب ملتا ہے، خواہ آمدنی کیسی ہی ہو، چنانچہ:

سوم: حج کے لئے استطاعت کو مشروط فرمایا گیا ہے، مگر روپیہ کے لئے تخصیص نہیں کی گئی ہے کہ حلال کمائی ہی کی ہو اور اس حلال کمائی کی وجہ سے حج کو جانے کی استطاعت ہونی چاہئے تو پھر جب حج جو اسلام کا ایک رکن ہے حرام روپیہ سے کیا جاسکتا ہے تو حرام کمائی والے کے پاس سے جائز دعوت میں کھانا کیسے حرام ہوسکتا ہے اور اس سے نیک کام میں چندہ لینا کیسے نادرست ہوسکتا ہے؟

---

(۱) (سورۃ فاطر: ۳۰)

(۲) (سورۃ البقرۃ: ۱۷۲)

Made searchable using ScribeTools.com

چہارم: یہ معلوم رہے کہ ناجائز کمائی اس کمانے والے کی حدتک ناجائز ہے، نہ کہ حلال نوعیت سے روپیہ اس سے لینا بھی دوسرے کے لئے ناجائز ہو، اگر ایسا ہی ہوتا تو اللہ تعالیٰ اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے لئے نذرانہ وغیرہ لینے کا حکم ان سے دیتا جن کی حلال کمائی ہو، بلکہ فرمایا گیا ہے: ﴿خذ من أموالهم صدقةً تطهرهم و تزكيهم بها، وصل عليهم﴾ الآية(۱)۔

تو جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نذرانہ لیتے وقت اسے معلوم کرنے کی تاکید نہیں ہے کہ یہ تمہارا روپیہ حلال طریقہ سے کمایا ہوا ہے یا حرام؟ تو پھر کسی کو اسی طرح دعوت کے موقعہ پر یا دیگر موقعوں پر یہ سمجھنے کی کیا ضرورت ہے کہ یہ روپیہ دینے والے کی کمائی حرام ہے یا حلال؟

پنجم: علاوہ ازیں جب زکوٰۃ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ صرف اس کمائی کا اڑھائی فی صد زکوٰۃ میں دیں جسے حلال طور پر کمایا ہے، بلکہ حلال وحرام سب کے مجموعہ پر اڑھائی فیصد زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہے تو اسلام کے ایک رکن زکوٰۃ میں جو خرچ کے مدات سے ہے، حرام روپیہ بھی خرچ ہوسکتا ہے اور اسے زکوۃ ادا کرنے کا ثواب بھی ملتا ہے تو حرام کمائی میں سے حرام کمانے والا اگر نیک کام پر روپیہ دے، تو اسے لینے سے انکار کسی مسئلۂ شرعی کی بناء پر درست نہیں ہوسکتا، ورنہ حرام روپیہ کمانے والے حج وزکوٰۃ وغیرہ سے مستثنیٰ ہوجائیں گے جو غلط ہے۔

ضروری وضاحت:

یہاں اس امر کی وضاحت بھی ضروری معلوم ہوتی ہے کہ کسی حرام کمائی کرنے والے سے نیک کام میں روپیہ لینے کو جائز کہنے کا یہ مطلب نہیں لینا چاہئے کہ مثلاً مسجد کے لئے لاٹری ڈالی جائے، کیونکہ اس صورت میں مسجد کی طرف سے حرام روپیہ فراہم کرنا پایا جائے گا، جو ویسا ہی حرام جیسا کہ کوئی شخص خود لاٹری ڈالے، ہاں! لاٹری جو کھلم کھلا جوا ہے،

---

(۱) (سورة التوبة : ۱۰۳)

کوئی مسلمان روپیہ حاصل کر کے اس میں سے مسجد کو چندہ دے تو وہ رقم چندہ کی قرار پائی ہے جو جائز ہے، جوے سے مسجد کے لئے روپیہ فراہم کرنا نہیں رہا، اس لئے جوے میں روپیہ کمانے والے سے چندہ لینے اور مسجد کے لئے فنڈ کو جمع کرنے کے لئے لاٹری ڈالے اس فرق کو تمیز کرنے کی ضرورت ہے تاکہ حلال وحرام میں فرق معلوم ہو سکے۔ جو علماء اس کے خلاف کہتے ہیں ان کو میرے پیش کردہ دلائل پر غور کرنا چاہئے اور نظرِ ثانی کے بعد اپنے قول سے رجوع فرمالیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....حرام مال مسجد میں لگانا درست نہیں، بلکہ مکروہ تحریمی (بمنزلۂ حرام) ہے:

قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "لا بأس بنقشه خلا محرابه بجص و ماء ذهب بماله الحلال، اه". درمختار. وقال ابن عابدينؒ: "قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً، أو مالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله، اهـ، شرنبلالية". رد المحتار: ۱/۴۴۲(۱).

حرام اور حرام مال نہ اپنے اوپر خرچ کرنا جائز ہے، نہ اپنے اہل وعیال پر، اپنے پاس رکھنا بھی درست نہیں، بنیتِ ثواب صدقہ کرنا بھی جائز نہیں، ایسے مال میں ثواب کی نیت کرنا بہت خطرناک ہے، جس مال پر ملک ہی حاصل نہ ہو اس پر زکوۃ بھی فرض نہیں:

"ولو خلط السلطان المال المغصوب بماله، ملكه، فتجب الزكوٰة فيه، ويورث عنه؛ لأن الخلط استهلاك إذا لم يمكن تمييزه عند أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ، وقوله أوفق؛ إذ قلّما يخلو مال عن غصب. وهذا إذا كان له مال غير ما استهلكه بالخلط، مفصل عنه، يوفى دينه،

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لا بأس" دليل على أن المستحب غيره؛ لأن البأس الشدة: ۱/۶۵۸، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة و ما يكره فيها: ۱/۲۷۸، دارالمعرفة بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

وإلا فلا زكوٰة، كما لوكان الكل خبيثاً، كما فى النهر عن الحواشى السعيدية. و فى شرح الوهبانية عن البزازية: إنما يكفر إذا تصدق بالحرام القطعى، اهـ". درمختار(۱)۔

"فى القنية: لو كان الخبيث نصاباً، لا يلزمه الزكوٰة؛ لأن الكل واجب التصدق عليه، اهـ..... ما وجب التصدق بكله، لا يفيد التصدق ببعضه؛ لأن المغصوب إن عُلمت أصحابه أو ورثتهم، وجب رده عليهم، وإلاوجب التصدق به، اهـ"(۲)۔

"رجل دفع على فقير من المال الحرام شيئاً، يرجو به الثواب، يكفر. ولو علم الفقير بذلك، فدعا له وأمّن المعطى، كفرا جميعاً ..... ينبغى أن يكون كذلك لو كان المؤمن أجنبياً غير المعطى، والقابض، وكثير من الناس عنه غافلون، ومن الجهال فيه واقعون. قلت: الدفع إلى الفقير غير قيد، بل مثله فيما يظهر: لو بنىٰ من الحرام بعينه مسجداً ونحوه مما يرجو به التقرب؛ لأن العلة رجاء الثواب فيما فيه العقاب، ولايكون ذلك إلا باعتقاد حله..... أى مع رجاء الثواب الناشئ عن استحلاله، كما مر، فافهم، الخ". ردالمحتار: ۲/۲۵، ۲۹(۳)۔

حج میں مالِ حرام کا خرچ کرنا حرام ہے، اس سے حج قبول نہیں ہوتا:

"وقد يتصف (الحج) بالحرمة كالحج بمال حرام". درمختار۔ "وإنما يحرم من حيث الإنفاق، وكأنه أطلق عليه الحرمة؛ لأن للمال دخلاً فيه. قال فى البحر: ويجتهد فى تحصيل

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الزكوة، باب زكاة الغنم: ۲/۲۹۰، ۲۹۱، ۲۹۲، سعيد)

(وكذا فى البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الزكاة، الباب الثانى فى المصرف: ۴/۸۶، رشيديه)

(۲) (ردالمحتار، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، مطلب فيما لو صادر السلطان جائراً، فنوى بذلك أداء الزكاة إليه: ۲/۲۹۱، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس عشر فى الكسب: ۵/۳۴۹، رشيديه)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الكراهية، فصل فى البيع: ۸/۳۶۹، رشيديه)

(۳) (ردالمحتار، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، مطلب فى التصدق من المال الحرام: ۲/۲۹۲، سعيد)

(وكذا فى مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح: ۲/۳۲، (رقم الحديث: ۳۰۱)، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

نفقة حلال، فإنه لا يقبل بالنفقة الحرام، كماورد فی الحديث، اهـ". ردالمحتار: ۱٤/۲(۱)۔

اگر کسی وارث کو معلوم ہو کہ مورث کے پاس فلاں مال حرام ہے، تو اس کو وراثۃً لینا وارث کے لئے جائز نہیں، بلکہ اصل مالک معلوم ہو تو اسے واپس کردے، ورنہ صدقہ کردے:

قال ابن عابدینؒ: "لا يحل إذا علم عين الغصب مثلاً وإن لم يعلم مالكه. فی البزازية: أخذ مورثه رشوةً أو ظلماً، إن علم ذلك بعينه، لا يحل له أخذه. والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال، وجب رده عليهم، وإلا فإن علم عين الحرام، لايحل، ويتصدق به بنية صاحبه، اهـ". ردالمحتار: ۱/۱۸۰(۲)۔

فقہاء کے بیان کردہ مسائل، کتاب، سنت، اجماع، قیاس سے ثابت ہیں۔ ایک صحابی کو ایک شخص نے کمان ہدیۃً دی تھی جس میں عدمِ مشروعیت کی شان تھی، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ آگ کی کمان ہے'' (۳)۔ کسی نے حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعوت کی اور مالک کی اجازت کے بغیر بکری ذبح کرلی (کہ قیمت پھر دیدیں گے) حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہاتھ کھینچ لیا اور نوش فرمانے سے انکار فرمادیا (۴)۔

---

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحج، مطلب فيمن حج بمال حرام: ۲/۴۵۶، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الحج، الباب الأول: ۱/۲۲۰، رشيديه)

(۲) (ردالمحتار، باب البيع الفاسد، مطلب فيمن ورث مالاً حراماً: ۵/۹۹، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل فی البيع: ۸/۳۶۹، رشيديه)

(۳) "عن عبادة بن الصامت رضی الله تعالىٰ عنه قال: علّمتُ ناساً من أهل الصفة القرآن والكتاب، فأهدى إلیّ رجل منهم قوساً، فقلت: ليست بمال، وأرمی عليها فی سبيل الله، لآتينّ رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فلأسألنّه. فأتيته، فقلت: يا رسول الله! رجل أهدى إلیّ قوساً ..... قال: "إن كنت تحب أن تطوّق طوقاً من نار فاقبلها" (سنن أبی داؤد، كتاب البيوع، باب فی كسب المعلم: ۲/۱۲۹، إمداديه ملتان)

(۴) "و عن عاصم بن كليب عن أبيه عن رجل من الأنصار رضی الله تعالىٰ عنه قال: خرجنا مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فی جنازة، فرأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وهو على القبر =

Made searchable using ScribeTools.com

﴿خذ من أموالهم صدقةً﴾ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے لئے نذرانہ وصول کرنے کا حکم نہیں، بلکہ وہ صدقہ ہے، جیسا کہ صراحۃً اس کو صدقہ ہی فرمایا گیا ہے، صدقہ تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے حرام تھا، بلکہ آپ کے اہلِ بیت کے لئے بھی حرام تھا، آپ کے نواسہ نے بہت ہی بچپن میں ایک کھجور منہ میں دے لی تھی اور وہ زکوٰۃ کی تھی تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فوراً اس کے منہ میں انگلی دے کر وہ کھجور نکال لی اور بچے کو اس سے روک کر اس کی زبان میں سمجھایا کہ صدقہ ہمارے لئے جائز نہیں (۱)۔ کتب حدیث وفقہ میں بہت صاف صاف اس کو بیان کیا گیا ہے۔ پس اس صدقہ کو نذرانہ قرار دینا علم وفہم کے افلاس کی بنا پر ہے۔

جس طرح ﴿کلوا من طیّبات﴾ الخ میں "أکلِ طیّب" کا حکم ہے، جس کا مآل یہ ہے کہ اکل حرام

= یوصی الحافر، یقول: "أوسع من قبل رجلیه، أوسع من قبل رأسه". فلما رجع استقبله داعی امرأته، فأجاب، و نحن معه، فجیء بالطعام، فوضع یده، ثم وضع القوم، فأکلوا فنظرنا إلی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یلوک لقمةً فی فیه، ثم قال: "أجد لحم شاة أخذت بغیر إذن أهلها". فأرسلت المرأة تقول: یارسول الله! إنی أرسلت إلی النقیع –وهو موضع یباع فیه الغنم– لیشتری لی شاةً، فلم توجد، فأرسلت إلی جار لی قد اشتری شاةً أن یرسل بها إلیّ بثمنها، فلم یوجد، فأرسلت إلی امرأته، فأرسلت إلیّ بها، فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أطعمی هذا الطعام الأسارىٰ" (مشکوة المصابیح، باب المعجزات، الفصل الثالث، ص: ۵۴۴، قدیمی)

(وسنن أبي داؤد، کتاب البیوع، باب فی اجتناب الشبهات، إمدادیه ملتان)

(وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الغصب: ۱۵۳/۷، سعید)

(۱) "حدثنا محمد بن زیاد قال: سمعت أبا هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: أخذ الحسن بن علیّ تمرةً من تمر الصدقة، فجعلها فی فیه، فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "کخ، کخ". لیطرحها. ثم قال: "أما شعرت أنا لا نأکل الصدقة". (صحیح البخاری، کتاب الزکوة، باب ما یذکر فی الصدقة للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: ۲۰۲/۱، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الزکوة، باب تحریم الزکوة علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وعلی آله وهم بنو هاشم، الخ: ۳۴۳/۱، قدیمی)

(ومشکوة المصابیح، کتاب الزکوة، باب من تحل له الصدقة، ص: ۱۶۱، قدیمی)

کی ممانعت ہے، اسی طرح دوسری آیت میں انفاق کے لئے بھی طیب کو ضروری قرار دیا ہے: ﴿یا أیها الذین امنوا أنفقوا من طیّبات ما کسبتم﴾ الخ(۱)۔ جب کہ کسبِ خبیث خبیث ہے، اس کی اجازت نہیں تو کسبِ طیب لازم ہے اور اسی سے انفاق کا حکم ہے، پھر کسبِ خبیث سے انفاق کیسے موجبِ قربت ہوگا، اس کی صراحت بھی آگے فرمادی گئی ہے: ﴿ولا تیمّموا الخبیث منه تنفقون﴾ الآیة(۲)۔

حافظ ابن کثیر اس کی تفسیر ۲/۴۰ میں لکھتے ہیں: "أی لا تعدلوا عن المال الحلال، وتقصدوا إلی الحرام، فتجعلوا نفقتکم منه، اهـ"(۳)۔

تفسیر میں دیگر اقوال بھی مذکور ہیں (۴)، مگر یہ کہنا کہ "اللہ تعالیٰ نے خرچ کرنے کا جہاں ذکر فرمایا ہے وہاں اچھی کمائی کی تخصیص نہیں فرمائی" قرآن کریم سے عدمِ واقفیت پر مبنی ہے، ورنہ علم کے باوجود کوئی مسلمان انکارِ نصِ قرآنی کی جرأت نہیں کرسکتا۔

ایک عجیب بات فاضل مجیب نے لکھی ہے کہ:

"وجہ حرام کی کمائی بھی جب کہ غیر اللہ سے ملی ہوئی نہیں ہوتی، بلکہ حقیقی دینے والا ہر چیز کا اللہ تعالیٰ ہی ہے، اس بنا پر حرام کمائی خدا کی راہ میں خرچ کرنا درست، بلکہ موجبِ اجر ہے"۔

تو اس کے ذریعہ حرام کمانے والوں کے واسطے بہت بڑا باب کھول دیا ہے جس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ جب حرام کا بھی دینے والا خدا ہی ہے اور اس کے خرچ کرنے پر بھی اجر و فضل و مغفرت ہے تو پھر زیادہ سے زیادہ اس

---

(۱) (سورة البقرة: ۲۶۷)

(۲) (سورة البقرة: ۲۶۷)

(۳) (تفسیر ابن کثیر، (سورة البقرة: ۲۶۷): ۱/۳۲۰، سهیل اکیڈمی لاهور)

(۴) "﴿ولا تیمموا الخبیث﴾: أی تقصدوا الخبیث ﴿منه تنفقون ولستم بآخذیه﴾: أی لو أعطیتموه ما أخذتموه إلا أن تتغاضوا فیه، فالله أغنی عنه منکم، فلا تجعلوا لله ماتکرهون".

"عن عبدالله بن مغفل فی هذه الآیة: ﴿ولا تیمموا الخبیث منه تنفقون﴾ قال: کسب المسلم لایکون خبیثاً، ولکن لایصدق بالحشف والدرهم الزیف وما لاخیر فیه". (تفسیر ابن کثیر، (سورة البقرة: ۲۶۷): ۱/۳۲۰، ۳۲۱، سهیل اکیڈمی لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

راہ سے کما کر خدا کے راستہ میں خرچ کیا جائے، کچھ گناہ اگر حرمت کی وجہ سے ہوگا بھی تو وہ خرچ کرنے سے اجر وثواب بلکہ حصولِ جنت کا ذریعہ بن جائے گا۔ مقامِ غور ہے کہ یہ کس قدر فتنے اپنے اندر لئے ہوئے ہے۔

قرآن، حدیث، فقہ کو باقاعدہ اساتذہ سے حاصل کئے بغیر آیات، روایات، احکام کو تختۂ مشق نہ بنایا جائے، اور جولانیٔ قلم کے لئے کوئی دوسرا میدان تجویز کیا جائے، جس میں آخرت کی بازپرس کا اندیشہ نہ ہو، ورنہ:

﴿ولا تقولوا لما تصف ألسنتكم الكذب هذا حلال و هذا حرام، لتفتروا على الله الكذب، إن الذين يفترون على الله الكذب لا يفلحون﴾(۱)، اور﴿ومن أظلم ممن افترىٰ على الله كذباً﴾(۲)، اور "من قال فی القرآن برأيه" (۳)، اور "من كذب علیَّ متعمداً فليتبوأ"(٤) کی سخت وعیدیں سامنے۔ اور ایسے مضامین کی وجہ سے جو مخلوق گمراہ ہوئی اس کا وبال مستقل ہے: ﴿وليحملن أثقالهم و أثقالاً مع أثقالهم، و ليسئلن يوم القيامة عما كانوا يفترون﴾(٥)۔فقط واللہ الهادی إلى صراط مستقيم.

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

کسی سے جبراً مال لے کر مسجد میں صرف کرنا

سوال[۷۲۶۴]: ۱.....گاؤں شاملات مسجد کی تعمیر ومرمت کے لئے ایک شخص لگان، یا رقم معین بطور چندہ نہیں دیتا، دوسرے فریق جبراً اور حقہ پانی ترک کر کے لگان لینا چاہتے ہیں۔ اس طریقہ سے لینا جائز ہے یا

---

(۱) (سورة النحل: ۱۱٦)

(۲) (سورة الأنعام: ۲۱)

(۳) الحديث بتمامه: "عن ابن عباس رضی الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من قال فی القرآن برأيه، فليتبوأ مقعده من النار". (مشكوة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثانی: ۱/۳۵، قديمی)

(۴) الحديث بتمامه: "عن ابن عباس رضی الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "اتقوا الحديث عنی إلا ما علمتم، فمن كذب علیّ متعمداً، فليتبوأ مقعده من النار". رواه الترمذی". (مشكوة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثانی: ۱/۳۵، قديمی)

(۵) (سورة العنكبوت: ۱۳)

نہیں؟ اگر نہ ہوتو جبراً لیکر مسجد میں صرف کرنا جائز ہے یانہیں، اگر ناجائز ہوتو ایسے روپے کوحمام یا حجرہ وغیرہ میں لگانا درست ہے یانہیں؟

۲.....سودی لین دین کا روپیہ مسجد میں لگانا جائز ہے یانہیں؟

۳.....ایک بھینسہ موضع چونری سے موضع منڈی میں آ کر بھینسوں میں رہنے لگ گیا، چندروز میں اس کو مارنے کا عیب ہوگیا، اس عیب کی وجہ سے اہل گاؤں موضع چونری والوں سے اجازت لیکر فروخت کردیا۔ اس روپیہ کا مسجد، حمام وغیرہ میں لگانا درست ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....جبراً لینا جائز نہیں، نہ مسجد کے لئے، نہ حجرہ، حمام وغیرہ کے لئے (۱)۔

۲.....ناجائز آمدنی خواہ سود کے ذریعہ سے حاصل کی ہوخواہ اَور کسی ذریعہ سے، مسجد میں لگانا درست نہیں (۲)۔

۳..... مالک کی اجازت سے فروخت کر کے مسجد میں قیمت کو لگانا شرعاً درست ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) "وعن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا یحل مال امرئ إلا بطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(وسنن البیهقی، (رقم الحدیث: ۵۴۹۲)، باب شعب الإیمان: ۳۸۷/۴، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من تصدق بعدل تمرة من کسب طیب، ولا یقبل الله إلا الطیب. الخ". (صحیح البخاری، باب الصدقة، من کسب طیب: ۱۸۹/۱، قدیمی)

"أما لو أنفق فی ذلک مالاً خبیثاً، أو مالاً سببه الخبیث والطیب، فیکره". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب: کلمة "لا بأس" دلیل علی أن المستحب غیره، الخ: ۶۵۸/۱، سعید)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی الدر المختار: ۲۷۸/۱، کتاب الصلوة، باب ما یفسد الصلوة، دارالمعرفة بیروت)

(۳) "لأن الملک ما من شأنه أن یتصرف فیه بوصف الاختصاص". (ردالمحتار، کتاب البیوع، مطلب =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

مسجد میں مالِ حرام صَرف کرنے سے متعلق شامی کی عبارت

سوال [۷۲۶۵]: فتاوی دارالعلوم، امدادالمفتین وعزیز الفتاوی جلد پنجم وششم، ص: ۲۸۸، میں شامی کی یہ عبارت منقول ہے:

"قال تاج الشريعة: أما لو أنفق فی ذلك مالاً خبيثاً أو مالاً مخلوطاً من الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله"۔

بندہ نے شامی کی کتاب الوقف و دیگر ابواب میں تلاش کیا، مگر بندہ کی کوتاہ نظری کی بنا پر نہ مل سکی، حضرت والا برائے کرم جلدی سے صفحہ وابواب تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

شامی ۱/۴۴۲، مکروهات الصلوة، مطلب فی أحكام المساجد میں قولِ درمختار: "ولا بأس بنقشه خلا محرابه بجص و ماء ذهب لو بماله الحلال" ہے، اس لفظ "الحلال" کے ذیل میں عبارتِ مسئولہ بحوالہ شرنبلالیہ مذکور ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مالِ حرام سے مسجد، کنواں اور مکان کی تعمیر

سوال [۷۲۶۶]: زید افریقہ میں دوکان کرتا ہے اور دوکان پر ناجائز چیزیں: شراب خنزیر وغیرہ رکھتا ہے، اس نے کاروبار سے رقم جمع کر کے اپنے وطن کے قبرستان میں کنواں تعمیر کرایا، ایک مسجد افریقہ میں تعمیر کرائی، ایک مکان تعمیر کرا کے اپنی قوم پنچایت کے نام کر دیا ہے۔ ان سب کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

چودھری عبدالرحمٰن، محمد یوسف آڑھتی، سبزی منڈی شملہ۔

= فی تعریف المال والملک والمتقوم: ۴/۵۰۲، سعید)

(۱) (ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب: کلمة "لابأس" دلیل علی أن المستحب غیره، الخ: ۱/۶۵۸، سعید)

(**تنبیه**): عبارتِ مذکورہ: "مطلب فی أحكام المساجد" میں نہیں، بلکہ حوالہ مذکورہ بالا میں ہے، لیکن اس کے بعد: "مطلب فی أفضل المساجد" ہے، شاید اس سے التباس ہوا۔ (مخرج)

الجواب حامداًومصلیاً:

زید کی دوکان میں کوئی چیز جائز بھی ہے یا تمام اشیاء خمر وخنزیر کی طرح حرام ہی ہیں، اگر کوئی جائز چیز بھی ہے تب تو اس کی آمدنی حرام وحلال سے مرکب ہوئی اور حرام وحلال کے خلط سے آدمی تمام کا مالک ہوجاتا ہے اگر چہ حرام کا ضمان اس کے ذمہ واجب ہوتا ہے، لہذا مسجد، کنواں، مکان تینوں اشیاء کا استعمال شرعاً درست ہے اور جس قدر مال حرام طریقہ پر خمر وخنزیر وغیرہ حرام اشیاء سے حاصل کیا ہے اس کا ضمان واجب ہے:

"لما خلطها: أی أموالاً غير طيبة ملكها، و صار مثلها ديناً فی ذمته لا عيناً". ردالمحتار ۳۸/۲(۱)۔

اور اگر اس کی دوکان میں جائز چیز تجارت کے لئے کوئی نہیں، بلکہ تمام مال حرام ہے اور تمام آمدنی حرام طریقہ سے حاصل کرتا ہے، تب یہ حکم ہے کہ اگر وہ حرام مال اولاً بائع کو دیدیا اور اس کے بعد اس کے عوض میں زمین خریدی ہے پھر اس سے تعمیر کی ہے، یا حرام مال کو متعین کر کے مخصوص طور پر اس کے عوض میں زمین خرید کر تعمیر کی ہے تو شرعاً وہ مسجد، مسجد نہیں، اس میں نماز پڑھنا منع ہے(۲)۔

اسی طرح اس مکان کا استعمال بھی ناجائز ہے۔ لیکن کنویں کے پانی میں کوئی خرابی نہیں، کیونکہ حرام مال سے پانی پیدا نہیں ہوا، صرف حرام مال سے تعمیر کردہ کنویں کی دیواروں سے متصل ہے، اس اتصال سے پانی میں حرمت نہ ہوگی۔ اور اگر حرام مال کے عوض میں زمین خریدی ہے، مگر قیمت ادا کی ہے کسی حلال مال سے مثلاً: قرض لے کر، یا اَور کسی طرح، یا حلال مال کے عوض میں خریدی، پھر دیا حرام مال، یا زمین خریدی ہے بلاتعیینِ حرام وحلال، اور قیمت ادا کی حرام سے تو ان سب صورتوں میں اس مکان کا استعمال درست ہے، نیز مسجد مذکور میں نماز بھی جائز ہے اور کنویں کے پانی میں تو کوئی اشکال ہی نہیں:

فی ردالمحتار: "رجل اكتسب مالاً من حرام، ثم اشترى، فهذا على خمسة أوجه:

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم مطلب فيما لو صادر السلطان جائراً فنوى بذلك أداء الزكاة إليه: ۲/ ۲۹۱، سعيد)

(۲) "كل مسجد بني مباهاةً، أو رياءً، أو سمعةً، أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله، أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار". (المدارك على هامش تفسير الخازن: ۲/ ۲۸۱، حافظ كتب خانه)

Made searchable using ScribeTools.com

إما إن دفع تلك الدراهم إلى البائع أولاً، ثم اشترى منه بها، أو اشترىٰ قبل الدفع بها و دفعها، أو اشترى قبل الدفع بها ودفع غيرها، أو اشترىٰ مطلقاً و دفع تلك الدراهم، أو اشترىٰ بدراهم اخر و دفع تلك الدراهم، قال أبو نصر: يطيب له و لا يجب عليه أن يتصدق إلا فى الوجه الأول. وقال أبوبكر: لايطيب فى الكل، لكن الفتوىٰ الآن على قول الكرخى"(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۰/۱/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۳۰/محرم/۵۵ھ۔

مالِ حرام سے بنائی ہوئی مسجد

سوال[۷۲۶۷]: عرصہ ۳۵/سال کا گزرا ایک زانیہ عورت (رنڈی) جو زنا کا پیشہ کرتی تھی، ایک ہندو کے پاس رہتی تھی، اس کے پاس اس کمائی ناجائز سے دس پندرہ ہزار روپیہ تھا۔ اس نے خیال کیا کہ اگر اس روپیہ سے ایک جامع مسجد قصبہ متھرا کے اندر تعمیر کرادی جائے تو بہت ثواب ملے گا، اس خیال سے اس نے قصبہ کے اندر ایک جامع مسجد بڑی شاندار بنوادی، مسجد تیار ہوگئی۔ مسلمانوں سے نماز پڑھنے کے لئے کہا گیا تو مسلمانوں نے اور مولویوں نے یہ اعتراض کیا کہ یہ مسجد رنڈی کے سرمایہ سے بنی ہے، لہذا ہماری نماز اس میں

---

(۱) (ردالمحتار، کتاب البیوع، باب المتفرقات، فصل: إذا اکتسب حراماً، ثم اشتری، الخ: ۵/۲۳۵، سعید)

"وأما الثاني. وهو ما إذا تصرف فى المغصوب أو الوديعة و ربح، فهو على وجوه ..... فقد قال الكرخى رحمه الله تعالىٰ: إنه على أربعة أوجه: إما إن أشار و نقد منه، أو أشار إليه و نقد من غيره، أو أشار إلى غيره و نقد منه، أو أطلق إطلاقاً و نقد منه، و في كل ذلك يطيب له، إلا فى الوجه الأول: وهو ما إذا أشار إليه و نقد منه؛ لأن الإشارة إليه لا تفيد التعين، فيستوى وجودها و عدمها، إلا إذا تأكدت بالنقد منهما ..... و اختار بعضهم الفتوى على قول الكرخي فى زماننا، لكثرة الحرام".

(البحر الرائق، كتاب الغصب: ۸/۲۰۷، رشيديه)

(وكذا فى الهداية، كتاب الغصب: ۳/۳۷۳، ۳۷۴، إمداديه ملتان)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الغصب: ۶/۱۸۹، سعيد)

نہیں ہوگی اور سب مسلمانوں نے اس مسجد میں نماز پڑھنے سے انکار کردیا۔

اس کے بعد اس رنڈی نے مسلمانوں کو یہ دھمکی دی کہ اگر تم لوگ اس مسجد میں نماز نہیں پڑھوگے تو میں اس مسجد میں ٹھاکر جی کا بت رکھوادونگی اور اس کو مندر بنوادوں گی۔ اس حکم کے سننے کے ساتھ ہی چند پیر صاحبان اور مولوی صاحبان نے فوراً یہ فتوی دے دیا کہ بت خانہ سے مسجد ہزار درجہ بہتر ہے اور سب مسلمان اس مسجد میں نماز پڑھنے لگے۔ جب سے اب تک ۳۰، ۳۵/ سال کا زمانہ گزرا ہوگا، برابر اس مسجد میں عیدین و جمعہ پنجوقتہ نمازیں پڑھی جارہی ہیں، لیکن اتنا عرصہ نکل جانے کے بعد اب کچھ مولوی صاحبان اس مسجد میں نماز پڑھنے کو ناجائز بتلاتے ہیں۔

تو اب ہم مسلمانان قصبہ متھرا آپ سے فتویٰ طلب کرتے ہیں کہ اس مسجد میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں اور اس مسجد میں ہماری نماز ہوتی ہے یا نہیں؟ اور جب ہم لوگ اس مسجد میں نماز نہ پڑھیں گے تو مسجد بغیر اذان و چراغ بتی کے ویران ہوجاوے گی تو اس حالت میں ہم گناہگار رہوں گے یا نہیں؟ یا اب عالیشان مسجد کو تالا لگا کر بند کردیا جائے یا کیا کرنا چاہئے؟ فقط۔

۲۶/شوال/۵۶ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

حرام روپیہ سے کوئی شئ خریدنے میں تفصیل ہے: بعض صورتوں میں بیع بالکل ناجائز ہے، اور اس شئ میں حرمت آجاتی ہے۔ اور بعض صورتوں میں اس شئ میں حرمت نہیں آتی اور بیع درست ہوتی ہے۔ اگر حرام روپیہ کو پہلے متعین کرکے اور اس کی جانب اشارہ کرکے اس کے عوض زمین وغیرہ خریدی اور مسجد وغیرہ بنوائی ہے تب تو وہ زمین اس کی ملک میں نہیں آئی اور وہ مسجد، مسجد ہی نہیں ہوئی۔ اور اگر بلاتعین واشارہ کے زمین خریدی ہے اور پھر وہ حرام روپیہ قیمت میں ادا کردیا، یا کسی دوسرے حلال روپیہ کو متعین کرکے زمین وغیرہ خریدی، لیکن قیمت میں حرام روپیہ ادا کیا، یا حرام روپیہ متعین کرکے خریدی لیکن پھر قیمت میں کوئی حلال روپیہ دیدیا تو ان سب صورتوں میں بیع درست ہوگی۔ اور پھر باقاعدہ اس کو وقف کردیا ہے تو وہ مسجد ہوگئی، اس میں نماز درست ہے،

Made searchable using ScribeTools.com

هکذا یفهم مما فی رد المحتار: ۵/۱۳۳ (۱)۔

اور پہلی صورت میں جب کہ بیع درست نہیں ہوئی تب بھی اس کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جو کہ احترامِ مسجد کے خلاف ہے جائز نہیں (۲)، البتہ وہاں نماز مکروہ ہے (۳)۔ اور تاوقتیکہ پوری تحقیق نہ ہو، اس کو مسجد ہی کہا جاوے گا۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۱۱/۵۶ھ۔

---

(۱) "(کما لو تصرف فی المغصوب والودیعة) بأن باعه (وربح) فیه (إذا کان) ذلک (متعیناً بالإشارة، أو بالشراء بدراهم الودیعة، أوالغصب و نقدها): یعنی یتصدق بربح حصل فیهما إذا کانا مما یتعین بالإشارة. وإن کان مما لا یتعین، فعلی أربعة أوجه: فإن أشار إلیها و نقدها، فکذلک یتصدق (وإن أشار إلیها و نقد غیرها، أو) أشار (إلی غیرها) و نقدها (أو أطلق) و لم یشر (ونقدها، لا) یتصدق فی الصور الثلاث عند الکرخی. قیل: (و به یفتی). والمختار أنه لا یحل مطلقاً -کذا فی الملتقی- ولو بعد الضمان..... واختار بعضهم الفتویٰ علی قول الکرخی فی زماننا، لکثرة الحرام، و هذا کله علی قولهما". (الدرالمختار).

"(قوله: فکذلک یتصدق)؛ لأن الإشارة إلیه لا تفید التعیین، فیستوی وجودها و عدمها، إلا إذا تأکد بالنقد منها، زیلعی. (قوله: أو أطلق) بأن قال: اشتریت بألف درهم و نقد من دراهم الغصب، أو الودیعة، عزمیة. وفی التاتارخانیة عن الذخیرة: أنه إذا أطلق و لم یشر، فإن نوی النقد منها، فلا یخلو: إن حقق نیته، فنقد منها، فالأصح أنه لا یطیب، وإن لم یحقق نیته، یطیب؛ لأن مجرد العزم لا أثر له. وإن لم ینو، ثم نقد منها، طاب. قال الحلوانی: إنما یطیب إذا نوی أن لا ینقد منها، ثم بدا له، فنقد. أما إذا نوی النقد منها مع علمه أنه ینقد، لا یطیب، ملخصاً. و فی البزازیة: وقول الکرخی علیه الفتوی، ولا تعتبر النیة فی الفتوی، ثم حمل ما مر علی حکم الدیانة". (ردالمحتار: ۶/۱۸۹، کتاب الغصب، سعید)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب البیوع، باب البیع الفاسد، مطلب: فیمن ورث مالاً حراماً: ۵/۹۹، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الغصب: ۸/۲۰۷، رشیدیه)

(۲) (راجع الحاشیة المتقدمة)

(۳) (راجع، ص: ۱۰۱، رقم الحاشیة: ۱)

Made Searchable by ScribeTools.com

مالِ حرام سے مسجد و مدرسہ وغیرہ بنانا

سوال[۷۲۶۸]: بعض لوگوں کی کمائی سینما، یا سٹہ، یا جوا، یا شراب کی ہوتی ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ ہم دینی مدرسہ یا مسجد میں دیں تو کیا طریقہ اختیار کریں؟ بعض اہل علم یہ کہتے ہیں کہ کسی شخص سے روپیہ بطور قرض لے کر دینی مدرسہ، یا تعمیر مسجد میں دیدیں اور اپنی اس کمائی کی رقم سے اس قرض کو ادا کریں۔ تو کیا یہ طریقہ جائز ہے، اس طریقہ سے وہ رقم دینی مدرسہ یا مسجد میں خرچ کر سکتے ہیں؟ سارے جواب حدیث وفقہ کی روشنی میں دیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جن کے پاس ناجائز کمائی کا روپیہ ہے، وہ اگر کسی سے جائز روپیہ قرض لے کر مدرسہ یا مسجد کے لئے دیں تو یہ درست ہے(۱)، ناجائز دیں تو مدرسہ یا مسجد کی تعمیر کے واسطے نہ لیا جائے:

"ولا بأس بنقشه خلا محرابه بجصٍ و ماء ذهب لو بماله الحلال، اهـ". درمختار. "قال تاج الشريعة: أما لو أنفق فی ذلك مالاً خبيثاً و مالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله، اهـ. شرنبلالية". شامی: ۱/۴۲۲(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۳/۹۱ھ۔

---

(۱) "إذا أراد الرجل أن يحج بمال حلال فيه شبهة، فإنه يستدين للحج، ويقضی دينه من ماله". (الفتاویٰ العالمكرية، كتاب المناسك، الباب الأول: ۱/۲۲۰، رشيديه)

(وكذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الحج، فصل فی المقطعات: ۱/۳۱۳، رشيديه)

(۲) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب كلمة: "لا بأس" دليل علی أن المستحب غيره؛ لأن البأس الشدة: ۱/۶۵۸، سعيد)

"و قيل: كل مسجد بني مباهاةً أو رياءً أو سمعةً أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله، أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار". (الكشاف: ۲/۳۱۰، (سورة التوبة: ۱۰۷) دارالكتاب العربی بيروت)

(وكذا فی روح المعانی: ۱۱/۲۱، (سورة التوبة: ۱۰۷) مكتبه دار إحياء التراث العربی بيروت)

(وكذا فی التفسير الأحمدی، ص: ۴۷۸، مكتبه حقانيه پشاور) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

حلال وحرام روپے سے بنی ہوئی مسجد میں نماز

سوال[۷۲۶۹]: ۱.....حلال وحرام مال سے مسجد بنائی جائے، اس میں نماز پڑھنا جائز ہے یانہیں؟

۲.....اگر وہی مسجد حلال مال سے خریدی جائے، اس میں نماز پڑھنا درست ہے یانہیں؟ پھر مشتری کو اس وقت اگر لوگ واپس کردیں تو وہ روپیہ لینا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....مالِ حرام مسجد میں لگانا ناجائز ہے، اگر حرام مال سے خرید کر زمین پر مسجد بنائی جائے تو اس میں نماز مکروہ ہے(۱)۔

۲.....اگر حرام مال سے خرید کر بیع فسخ کرکے پھر حلال مال سے خرید کر مسجد بنائی جائے تو اس میں نماز درست ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/۹/۶۶ھ۔

= (وكذا في حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۱/۲۷۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دار المعرفة بيروت)

(۱) "كل مسجد بني مباهاةً أو رياءً أو سمعةً أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله، أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار". (مدارك التنزيل على هامش تفسير الخازن: ۲/۲۸۱، حافظ كتب خانه)

قال ابن عابدين: قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً أو مالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۱/۶۵۸، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۱/۲۷۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دار المعرفة بيروت)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے:(امداد الفتاویٰ، كتاب الوقف، حكم مسجد بنا كرده بمال حرام: ۲/۶۷۲)

(وأحسن الفتاوىٰ، باب المساجد، حرام مال سے تعمیر کردہ مسجد کا حکم: ۶/۴۳۱)

(وامداد الأحكام، فصل في احكام المسجد وآدابه، طوائف کی بنائی ہوئی مسجد میں نماز کا حکم: ۱/۴۴۰)

(و امداد المفتين، كتاب الوقف، أحكام المساجد، رسالة نيل المدام في حكم المسجد النبي بالمال الحرام، ص: ۶۶۶)

(۲) "رجل اكتسب مالاً من حرام، ثم اشترىٰ، فهذا على خمسة أوجه: إما إن دفع تلك الدراهم إلى =

وصیت اور خواب کہ سود کا روپیہ مسجد میں دیا جائے

سوال[۷۲۷۰]: جو مسجد بالکل ویران بے امام و بے مؤذن کے ہے، ایک حاجی صاب جن کے پاس بیاج(۱) کے پیسے تھے، انہوں نے ایک صاحب سے وعدہ کیا کہ میں مسجد کے جملہ تعمیری اخراجات کو پورا کردوں گا، مگر چند دن بعد حاجی صاحب کا انتقال ہوگیا۔ اب وہ خواب میں اس شخص کے پاس آئے اور کہا کہ ہم کئی دن سے سخت عذاب میں مبتلا ہیں، لہذا میرے سود بیاج کے تمام کے تمام روپے میری بیوی سے لے کر مسجد میں لگادو، تاکہ اس دردناک عذاب سے چھٹکارا پالوں۔ اب وہ شخص حاجی صاحب کے ورثاء اور ان کی بیوی کے پاس گیا، انہوں نے کہا کہ اگر سود کا روپیہ مسجد میں لگ سکتا ہو تو ہم بخوشی دینے کو تیار ہیں۔ براہ کرم مطلع فرمائیں کہ سود کا پیسہ مسجد میں لگانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سود کا روپیہ مسجد میں لگانا جائز نہیں، مرنے والا اگر خواب میں آکر بتائے تب بھی جائز نہیں(۲)۔ جو

= البائع أولاً، ثم اشترى منه بها، أو اشترى قبل الدفع بها ودفعها، أو اشترى قبل الدفع بها و دفع غيرها، أو اشترى مطلقاً و دفع تلك الدراهم، أو اشترى بدراهم أُخَر و دفع تلك الدراهم، قال أبو نصر: يطيب له و لا يجب عليه أن يتصدق إلا فى الوجه الأول، وإليه ذهب الفقيه أبو الليث، لكن هذا خلاف ظاهر الرواية، فإنه نص فى الجامع الصغير: إذاغصب ألفاً، فاشترى بها جاريةً، وباعها بألفين، تصدق بالربح. وقال الكرخى فى الوجه الأول والثانى: لا يطيب، و فى الثلاث الأخيرة: يطيب. و قال أبوبكر: لا يطيب فى الكل، لكن الفتوى الآن على قول الكرخى، دفعاً للحرج عن الناس ..... وقال بعضهم: لا يطيب فى الوجوه كلها، ولكن الفتوىٰ اليوم على قول الكرخى، دفعاً للحرج عن الناس، لكثرة الحرام". (ردالمحتار: ۲۳۵/۵، كتاب البيوع، باب المتفرقات، فصل: إذا اكتسب حراماً ثم اشترىٰ، سعيد)

(وكذا فى الهداية: ۳۷۳/۳، ۳۷۴، كتاب الغصب، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا فى البحرالرائق: ۲۰۶/۸، كتاب الغصب، رشيديه)

(۱) "بیاج: سود، ربا، نفع، بڑھوتری، زیادتی"۔ (فیروز اللغات، ص: ۲۵۰، فیروز سنز، لاهور)

(۲) "أما لو أنفق فى ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله، شرنبلالية". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" =

Made searchable using ScribeTools.com

وعدہ زندگی میں کیا تھا مرنے کے بعد ورثاء کے ذمہ اس کا پورا کرنا واجب نہیں (۱)، نہ ان کے ترکہ سے کسی کو زبردستی لینے کا حق ہے (۲)۔ ہاں! میت کے لئے دعائے مغفرت کی جائے، قرآن پاک کی تلاوت کر کے نفل نماز پڑھ کر ثواب پہونچایا جائے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۵/۹۰ھ۔

= دلیل علی أن المستحب غیرہ، الخ: ۱/۶۵۸، سعید)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی الدرالمختار: ۱/۲۷۸، کتاب الصلوة، باب ما یفسد الصلوة، دار المعرفة بیروت)

"کل مسجد بني مباهاةً أو رياءً أو سمعةً أو لغرض سوی ابتغاء وجه الله، أو بمال غیرطیب، فهو لاحق بمسجد الضرار". (التفسیر الأحمدی، ص: ۴۷۸، مکتبه حقانیه پشاور)

(وکذا فی روح المعانی: ۱۱/۲۱، (سورة التوبة: ۱۰۷)، مکتبه دار الکتاب العربی بیروت)

(وکذا فی مدارک التنزیل: ۱/۵۱۹، (سورة التوبة: ۱۰۷)، قدیمی)

(۱) "(قوله: أما دین الله تعالیٰ، الخ) محترز قوله: من جهة العباد، وذلک کالزکاة والکفارات و نحوها. قال الزیلعی: فإنها تسقط بالموت، فلا یلزم الورثةَ أداؤُها إلا إذا أوصی بها، اوتبرعوا بها من عندهم". (ردالمحتار: ۶/۷۶۰، کتاب الفرائض، سعید)

(۲) "وعن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا یحل مال امرئ إلا بطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

"لیس لأحد أن یأخذ مال غیره بلا سبب شرعیٍّ". (شرح المجلة لسلیم رستم: ۱/۶۲، (رقم المادة: ۹۷)، المقالة الثانیة فی القواعد، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(۳) "صرح علماؤنا فی باب الحج عن الغیر بأن للإنسان أن یجعل ثواب عمله لغیره صلاةً أو صوماً أو صدقةً أو غیرها، کذا فی الهدایة". (ردالمحتار: ۲/۲۴۳، کتاب الصلوة، باب صلوة الجنازة، مطلب فی القراء ة للمیت وإهداء الثواب للمیت، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق: ۲/۱۰۵، کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، رشیدیه)

سودی قرضہ کا روپیہ مسجد میں لگانا

سوال[۷۲۷۱]: سودی رقم قرض پر لیکر مسجد تعمیر کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جو رقم سود پر قرض لی گئی ہے وہ رقم حرام نہیں (۱)، اس کا مسجد کی تعمیر میں لگانا بھی درست ہے (۲)، لیکن سود پر رقم لینا، سود دینا گناہ ہے، اس سے باز آنا ضروری ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۱۸ھ۔

---

(۱) "وأما القرض المشروط بالفضل والمنفعة، فلم يقل أحد: إنه من باب الإرفاق، بل اتفقوا على كونه مثل البيع. ثم اختلفوا ..... وقال الحنفية: يبطل الشرط لكونه منافياً للعقد، ويبقى القرض صحيحاً، ..... ومرادهم بكون القرض صحيحاً والشرط باطلاً: أن المستقرض إذا قبض الدراهم التى استقرضها بالشرط، يصير ديناً عليه، ولاتكون أمانة غير مضمونة". (إعلاء السنن، رسالة كشف الدجىٰ عن وجه الربا: ۱۴/۵۳۳، ۵۳۴، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "غالب مال المهدى إن حلالاً، لا بأس بقبول هديته وأكل ماله مالم يتعين أنه من حرام. وإن غالب ماله الحرام، لا يقبلها ولا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلال ورثه أو استقرضه". (البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۶/۳۶۰، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فى الهدية والميراث، رشيديه)

(وكذا فى الأشباه والنظائر: ۱/۳۴۳، الفن الأول، القاعدة الثانية، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۴۳، كتاب الكراهية، الباب الثانى عشر فى الهدايا والضيافات، رشيديه)

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها الذين امنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضٰعفةً﴾ (سورة آل عمران: ۱۳۰)

وقال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا اتقوا الله، و ذروا ما بقى من الربوا، إن كنتم مؤمنين، فإن لم تفعلوا فأذنوا بحرب من الله و رسوله﴾. (سورة البقرة: ۲۷۹)

"عن عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: لعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم آكل الربا و موكله و شاهده و كاتبه". (سنن أبى داؤد: ۲/۱۱۷، كتاب البيوع، باب فى آكل الربا ومؤكله، إمداديه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کی تعمیر کے لئے سود پر قرض لینا

سوال[۷۲۷۲]: مسجد کی تعمیر کے لئے سود پر روپیہ قرض لے کر خرچ کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

سود پر روپیہ لینا حرام ہے(۱)، خاص کر مسجد کی تعمیر کے لئے حرام فعل کا ارتکاب ہرگز نہ کیا جائے(۲)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد کے لئے سودی قرض

سوال[۷۲۷۳]: علاقہ گنگوہ کے ایک قریہ بہادرنگر میں ایک مسجد تعمیر ہورہی ہے، اس کی تعمیر کے صرفہ کی صورت یہ ہے کہ اہل قریہ نے تعمیر مسجد کے لئے فی ہل کچھ غلہ معین کر کے بطور چندہ غلہ فراہم کیا تھا کہ اس کو بیچ کر مسجد کی تعمیر کریں گے۔ کچھ دنوں غلہ جمع رہا، جب قریہ کے بعض لوگوں کو خورد ونوش کی تنگی ہوگئی اور بھوکے مرنے لگے، ان کو وہ غلہ ادھار دیدیا وعدہ پر کہ موجودہ فصل میں ادا کردینا۔

چونکہ مسجد کے لئے اینٹیں خریدی ہوئیں موجود تھیں، گاؤں والوں نے تعمیر شروع کرادی، جب معمار اور مزدوروں نے مزدوری مانگی تو لوگوں نے کہا کہ مسجد کا پیسہ نہیں ہے، فصل کٹانے کے بعد لوگوں سے وصول

---

(۱) (راجع، ص: ۱۰۴، رقم الحاشية: ۴)

(۲) "(قوله: لو بماله الحلال) قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۱/۶۵۸، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۱/۲۷۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دار المعرفة بيروت)

"ولما نقل النوويؒ: قول الإحياء: لو سقف المسجد بحرام، حرم الجلوس تحته؛ لأنه انتفاع بالحرام ..... والمختار أنه لا يحرم القعود". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح: ۲/۴۴۹، كتاب الصلوة، باب المساجد ومواضع الصلاة، الفصل الثالث، رشيديه)

کر کے دیں گے۔ معمار اور مزدوروں نے نہ مانا۔ پس گاؤں والوں نے جہالت کے سبب سودی قرضہ لیکر معماروں کو بھی دیدیا اور چونہ لکڑی وغیرہ بھی خرید کر تعمیر مسجد میں لگا رہے ہیں۔

اب تحقیق طلب امر یہ ہے کہ سودی قرضہ سے مسجد میں صرف کرنا، یا مزدوری میں دینا کچھ نقصان شرعاً ہوتا ہے یا نہیں، اگر نقصان ہے تو اس مسجد میں نماز درست ہوگی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

سودی قرض تو شرعاً ناجائز ہے(۱)، لیکن اس طرح قرض لے کر جو معماروں اور مزدوروں کی اجرت ادا کی گئی ہے اور اس قرضہ سے مسجد کے لئے چونہ وغیرہ خریدا گیا، اس سے اس مسجد کی نماز ممنوع نہ ہوگی، بلکہ نماز اس میں درست ہے(۲)۔ سودی قرض لینے سے آئندہ اجتناب کریں(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/۳/۵۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۱۵/ ربیع الاول/ ۵۹ھ۔

سود کا پیسہ مسجد کی روشنی وغیرہ میں لگانا

سوال[۷۲۷۴]: ۱.....تقریباً پندرہ سال ہوئے ہیں ہماری مسجد میں سودخواروں کے پیسہ سے بجلی

---

(۱) (راجع رقم الحاشیة: ۳)

(۲) اس لئے کہ مسجد کی تعمیر اور مزدور کی اجرت میں قرض کی رقم خرچ ہوئی ہے، نہ کہ حرام پیسہ، اس لئے درست ہے، البتہ قرض پر زائد رقم وصول کرنے کے لئے وہ زائد رقم حرام ہے:

"أخرج الحارث بن أسامة فی مسنده عن علی رضی الله تعالیٰ عنه: "کل قرض جرمنفعةً فهو ربا". ذکره السیوطی فی الجامع الصغیر". (تکملة فتح الملهم، کتاب البیوع، باب الربا: ۱/۵۶۸، دار العلوم کراچی)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿یا أیها الذین آمنوا لا تأکلوا الربوا أضعافاً مضٰعفةً﴾ (سورة آل عمران: ۱۳۰)

وقال الله تعالیٰ: ﴿أحل الله ألبیع و حرّم الربوا﴾ . (سورة البقرة: ۲۷۵)

"عن عبد الله بن مسعود عن أبیه رضی الله تعالیٰ عنه قال: لعن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم آکل الرباء، وموکله، و شاهده، وکاتبه". (سنن أبی داؤد: ۲/۱۱۷، کتاب البیوع، باب فی آکل الربا ومؤکله، إمدادیه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

کی فٹنگ و پنکھا لگا ہوا ہے۔ شرعاً یہ حرام ہے یا نہیں، اس بجلی کی روشنی اور پنکھے کے نیچے نماز ہوگی یا نہیں؟

۲.....آج تک جو نمازیں پڑھی گئی ہیں ان کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ناجائز آمدنی کا پیسہ مسجد میں لگانا درست نہیں (۱)، اگر بجلی کی فٹنگ اور پنکھے میں ناجائز پیسہ لگایا گیا ہے تو جس نے لگایا ہے وہ پنکھا یہاں سے لے جائے اور حلال کمائی سے لگایا جائے، بجلی کی فٹنگ میں میٹریل اور تار، بلب جو کچھ بھی وہاں موجود ہے اس کو نکال کر جائز آمدنی سے لگایا جائے۔ اگر ایسا کرنے میں فتنہ ہو تو مجبوراً یہ صورت کرلی جائے کہ جتنا پیسہ اس میں خرچ ہوا ہے وہ پیسہ سود کا تھا تو اتنا پیسہ اصل مالک کو (جس سے سود لیا تھا) اسی کو واپس کردیا جائے، اگر اصل مالک معلوم نہ ہو تو اتنا پیسہ غریبوں کو صدقہ کردیا جائے (۲)، لیکن پہلے اس کی

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "من تصدق بعدل تمرة من كسب طيب، ولا يقبل الله إلا الطيب، فإن الله يتقبلها بيمينه، ثم يربّيها لصاحبه كما يربی أحدكم فلوّه، حتی تكون مثل الجبل". (صحيح البخاری، باب الصدقة من كسب طيب: ۱/۱۸۹، قديمی)

قال الحافظ عماد الدين إسماعيل بن كثير القرشی: "قال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: أمرهم بالإنفاق من أطيب المال و أجوده و أنفَسه، و نهاهم عن التصدق برذالة المال أو دنيئه، وهو خبيثه، فإن الله لا يقبل إلاّ طيباً". (تفسير ابن كثير: ۱/۳۲۰، (سورة البقره: ۲۶۷)، سهيل اكيڈمی لاهور)

و قال العلامة ابن عابدين: "قال تاج الشريعة: أما لو أنفق فی ذلک مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالیٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل علی أن المستحب غيره، الخ: ۱/۶۵۸، سعيد)

(وكذا فی حاشية الطحطاوی علی الدرالمختار: ۱/۲۷۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دار المعرفة بيروت)

(۲) "ولو مات مسلم وترک ثمن خمر، لا يحل لورثته أن يأخذوا ذلک؛ لأنه كالمغصوب ..... وعلی هذا لو مات رجل و كسبه من ثمن الباذق والظلم أو أخذ الرشوة، تعود الورثة، ولا يأخذون منه شيئاً ..... و يردّونه علی أربابه إن عرفوهم، و إلا يتصدقوا به؛ لأن سبيل الكسب الخبيث التصدق إذا تعذر الرد". (البحرا لرائق: ۸/۳۶۹، كتاب الكراهية، فصل فی البيع، رشيديه) =

تحقیق بھی کرلی جائے کہ اس میں سودی رقم بھی صرف کی گئی ہے۔ جو نمازیں اس روشنی وہَوا میں پڑھی گئی ہیں وہ درست ہوگئیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۸/ ۹۰ھ۔

سودخور کو ترکہ میں ملی ہوئی رقم مسجد میں لگانا

سوال[۷۲۷۵]: ایک سودخور کو اپنے والدین سے جو ترکہ ملا ہے وہ اس سے خاص کرکے مسجد کے کاموں میں لگانا چاہتے ہیں، کیا اس کے روپے کو مسجد میں لگایا جاسکتا ہے؟ واضح رہے کہ اس سودخور کے روپے کا حساب نہیں ہے کہ اصل کتنا ہے اور سودی کتنا ہے، اور وہ اس روپے سے کھیتی باڑی کرتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

والدین کے ترکہ سے جو حلال روپیہ ملا ہے، اگر وہ روپیہ مسجد میں دے تو اس کا مسجد میں صرف کرنا شرعاً درست ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۷/ ۹۶ھ۔

تعمیرِ مکان کے لئے مسجد کمیٹی کا سُود پر رقم لینا

سوال[۷۲۷۶]: سابقہ مسجد کمیٹی نے مکان تعمیر بابت بدرجۂ مجبوری کچھ رقم ریزویشن کرکے باقاعدہ

= (وكذا في تبيين الحقائق: ۶۰/۷، كتاب الكراهية، فصل في البيع، دار الكتب العلمية بيروت)

(وكذا في رد المحتار: ۳۸۵/۶، كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، سعيد)

(۱) "كل مسجد بني مباهاةً أو رياءً أو سمعةً أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله، أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار". (مدارك التنزيل على هامش تفسير الخازن، (سورة التوبة:۱۰۷) :۲۸۱/۲، حافظ كتب خانه)

(۲) "غالب مال المهدى إن حلالاً، لا بأس بقبول هديته و أكل ماله، مالم يتعين أنه من حرام، وإن غالب ماله الحرام لا يقبلها و لا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلال ورثه أو استقرضه". (البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيريه، كتاب الكراهية، الفصل الرابع في الهدية والميراث:۳۶۰/۶، رشيديه)

(وكذا في الأشباه والنظائر، الفن الأول، القاعدة الثانية: ۳۴۳/۱، إدارة القرآن كراچی)

(الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات: ۳۴۳/۵، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

قانونی لکھا پڑھی کر کے ایک ساہوکار سے بیاج پر اٹھالی تھی (۱)۔ اور نہ وہ رقم اور نہ ہی وہ سود ادا کر پائی تھی کہ نیا الیکشن ہوا اور کمیٹی بدل گئی اور برسرِ اقتدار کمیٹی میں دوسرے لوگ آ گئے تو ساہوکار اب اپنی رقم مع سود موجودہ کمیٹی سے طلب کر رہا ہے۔ تو کیا مع سود وہ رقم موجودہ کمیٹی ادا کرے، جب کہ شرعی حکم ہے کہ سودی لین دین دونوں ناجائز ہے؟ تو اب اگر ہم ساہوکار کی رقم مع سود ادا کر دیں تو خدا کی گرفت میں آئیں گے یا بچ سکیں گے، اس بارے میں ہمارے لئے شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی ذمہ داری سابقہ کمیٹی پر ہے جس نے سود پر مسجد کے لئے رقم لی ہے، اگر یہ صورت کسی طرح ممکن ہو کہ مسجد کی طرف سے اصل رقم موجودہ کمیٹی دے اور سود سابقہ کمیٹی اپنے پاس سے دے دے، یا معاف کرا لے تو آپ لوگ بالکل بچ جائیں گے، یہ نہ ہو سکے تو موجودہ کمیٹی مجبور ہے۔ پھر اعلیٰ بات یہ ہے کہ سود مسجد کی طرف سے نہ دیا جائے، بلکہ کمیٹی آپس میں چندہ کر کے اس مصیبت کو برداشت کرے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۰/۹۵ھ۔

بلیک مارکیٹنگ کرنے والے کا روپیہ مسجد میں

سوال[۷۲۷۷]: جو تاجر بلیک مارکیٹنگ کا کام کرتے ہیں وہ اگر مسجد کے لئے چندہ دیں تو ان کے روپے کو مسجد میں خرچ کیا جا سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ملکیت تو اس صورت میں بھی حاصل ہو جاتی ہے اور اس کو مسجد میں صَرف کرنا بھی درست ہے (۲)،

---

(۱) ''ساہوکار: سود پر پیسے چلانے والا، صراف''۔ (فیروز اللغات، ص: ۷۷۰، فیروز سنز، لاهور)

''بیاج: سود، ربا، نفع، بڑھوتری، زیادتی''۔ (فیروز اللغات، ص: ۲۵۰، فیروز سنز، لاهور)

(۲) ''غالب مال المهدی إن حلالاً، لا بأس بقبول هديته و أكل ماله، مالم يتعين أنه من حرام. وإن غالب ماله الحرام لا يقبلها و لا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلال ورثه أو استقرضه''. (البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيريه، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فى الهدية والميراث: ۳۶۰/۶، رشيديه)

(وكذا فى الأشباه والنظائر، الفن الأول، القاعدة الثانية: ۳۴۳/۱، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثانى عشر فى الهدايا والضيافات: ۳۴۳/۵، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

مگر خود یہ طریقہ ایسا ہے جس میں عزت کا بھی خطرہ ہے، مال کا بھی خطرہ ہے، جان کا بھی خطرہ ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۷/ ۹۶ھ۔

مسجد کی رقم خرچ کر کے سودی قرض لے کر مسجد میں دینا

سوال[۷۲۷۸]: ایک آدمی کے پاس مسجد کی امانت کا روپیہ جمع تھا انہوں نے اس کو خرچ کر ڈالا، اس امین صاحب نے ایک دوسرے آدمی سے سودی قرض لے کر مسجد کی امانت کے روپے کو واپس کر دیا۔ کیا اس روپے کو مسجد میں خرچ کرنا جائز ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سود پر جو قرض لیا گیا ہے وہ قرض کا روپیہ حرام نہیں، اس کو مسجد کے روپے کے ضمان میں دینا درست ہے(۱)، البتہ قرض کے ساتھ جو روپیہ سود کا دیا جائے اس کا دینا ناجائز ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۷/ ۹۶ھ۔

قیمتِ شراب سے بنی ہوئی مسجد میں نماز

الاستفتاء[۷۲۷۹]: زید مسلمان شراب کی بیع کرتا ہے اور بہت دولتمند ہو گیا ہے، پنجگانہ نماز پڑھتا

---

(۱) "وأما القرض المشروط بالفضل والمنفعة، فلم يقل أحد: إنه من باب الإرفاق، بل اتفقوا على كونه مثل البيع. ثم اختلفوا ..... وقال الحنفية: يبطل الشرط لكونه منافياً للعقد، ويبقى القرض صحيحاً، ..... ومرادهم بكون القرض صحيحاً والشرط باطلاً: أن المستقرض إذا قبض الدراهم التي استقرضها بالشرط، يصير ديناً عليه، ولاتكون أمانة غير مضمونة". (إعلاء السنن، رسالة كشف الدجىٰ عن وجه الربا: ۱۴/ ۵۳۳، ۵۳۴، إدارة القرآن كراچی)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا لا تأكلوا الربوا أضعافاً مضٰعفةً﴾ (سورة آل عمران: ۱۳۰)

وقال الله تعالىٰ: ﴿أحل الله البيع و حرّم الربوا﴾. (سورة البقرة: ۲۷۵)

"عن عبد الله ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: لعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم آكل الرباء و موكله و شاهده و كاتبه". (سنن أبى داؤد: ۲/ ۱۱۷، كتاب البيوع، باب فى آكل الربا و مؤكله، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے، مگر فی الحال زید خود نہیں کرتا، نوکر واقرباء کرتے ہیں، مگر زید ہی کے حکم سے کرتے ہیں۔ کیا اس کی مسجد میں ہم مسلمانوں کی نماز ہوگی؟ اور مسجد میں جو روپیہ صرف ہوا ہے وہ شراب کا روپیہ ہے، ہمارے یہاں کے علماء فرماتے ہیں کہ اس کی عبادت قبول بھی نہیں ہوگی، اس کی مسجد میں نماز پڑھنے سے نماز بھی نہیں ہوگی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ مسجد شراب کی آمدنی سے بنائی گئی ہے تو اس میں نماز پڑھنا مکروہ ہے(۱)، جو نمازیں وہاں پڑھی گئیں وہ بکراہت ادا ہوگئیں، آئندہ احتیاط کی جائے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۹/ ۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، مفتی دارالعلوم دیوبند۔

شراب کی آمدنی سے مسجد میں چندہ

سوال[۷۲۸۰]: ہمیں برطانیہ کے ایک شہر ریڈ ممبر امیں ایک عمارت خریدنا ہے تاکہ ہماری مذہبی

---

(۱) "كل مسجد بني مباهاةً أو رياءً أو سمعة أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله، أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار". (مدارک التنزيل على هامش تفسير الخازن: ۲/ ۲۸۱، (رقم الآية: ۱۰۷)، حافظ كتب خانه)

"قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً، ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۱/ ۶۵۸، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۱/ ۲۷۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دار المعرفة بيروت)

مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: (إمداد الفتاوىٰ، كتاب الوقف، احكام المسجد، حکم مسجد بنا کردہ بمال حرام: ۲/ ۶۷۲)

(وأحسن الفتاوىٰ، كتاب الوقف، باب المساجد، حرام مال سے تعمیر کردہ مسجد کا حکم: ۶/ ۴۳۱)

(وإمداد الأحكام، كتاب الصلوة، فصل في احكام المسجد وآدابه: ۱/ ۴۴۰)

(وإمداد المفتيين، كتاب الوقف، أحكام المساجد، رسالة نيل المرام في حكم المسجد المبنى بالمال الحرام، ص: ۶۶۶)

ضروریات (مسجد، بچوں کی تعلیم کے لئے کمرے، مسجد کمیٹی کا دفتر اور چند کمرے جو مسجد کا خرچہ پورا کرنے کے لئے کرایہ پر دیئے جائیں گے) اس بلڈنگ سے پوری کی جائیں، اس کے حصول کے لئے چند مسائل درپیش ہیں، جواب سے نوازیں:

(الف) زید شراب کا کاروبار کرتا ہے اور اس عمارت کے لئے چندہ بھی دیتا ہے۔ کیا یہ جائز ہے؟

شراب کے کاروبار والے کی جائز آمدنی سے چندہ

سوال[۷۲۸۱]: (ب) زید شراب کا کاروبار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اس کاروبار سے پہلے کے میرے دو تین مکانات ہیں، ان کا حساب الگ رکھا ہوا ہے۔ ان مکانوں کی آمدنی کرایہ سے رقم مسجد میں دینا چاہتا ہے۔

مخلوط آمدنی سے مسجد میں چندہ

سوال[۷۲۸۲]: (ج) زید کی ایک دوکان ہے جس میں کچھ حلال اشیاء ہیں، اور کچھ ٹین کے ڈبوں میں بند عیسائیوں اور یہودیوں کا ذبح شدہ (بغیر تکبیر کے) گوشت ہے۔ کیا ایسی آمدنی لے سکتے ہیں؟

ایضاً

سوال[۷۲۸۳]: (د) زید کی دوکان میں چند حلال چیزیں ہیں، اور کھلا ہوا سور کا گوشت بھی ہے اور بند ڈبوں میں بھی۔

چوری کے مال سے چندہ

سوال[۷۲۸۴]: (ہ) زید کی سبزی کی دوکان ہے اور دوسری کپڑے کی، مگر کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ وہ چوری شدہ مال سستا خرید کر فروخت کرتا ہے۔ کیا اس سے چندہ لینا جائز ہے؟

شراب کی آمدنی سے مسجد میں چندہ

سوال[۷۲۸۵]: (و) زید کی اشیائے خوردنی کی ایک دوکان ہے، مگر ایک طرف اس میں شراب بھی فروخت کرتا ہے۔

Made searchable using ScribeTools.com

غیر مسلم سے مسجد کے لئے چندہ لینا

سوال[۷۲۸۶]: (ز) ایک غیر مسلم ایسی عمارت کے لئے چندہ دے تو کیا قبول کیا جاوے؟

براہ کرم قرآن وحدیث کی روشنی میں جلد جواب عنایت فرمائیں۔

حافظ عبدالکریم، روکس برک اسٹریٹ، اے ڈن برگ، اسکاٹ لینڈ (یوکے)

الجواب حامداًومصلیاً:

(الف) شراب کی آمدنی سے مسجد کے لئے چندہ قبول نہ کیا جائے (۱)، اگر جائز آمدنی سے مثلاً قرض لے کر دے تو درست ہے (۲)۔

(ب) یہ درست ہے (۳)۔

---

(۱) "(قوله: لوبماله الحلال) قال تاج الشريعة: أما لو أنفق فى ذلک مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله لايقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بمالا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها: ۱/۶۵۸، سعيد)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها: ۱/۲۷۸، دارالمعرفة بيروت)

(۲) "وفى شرح حيل الخصاف لشمس الأئمة الحلوانى: أن الشيخ الإمام أبا القاسم الحكيم كان ممن يأخذ جائزة السلطان، وكان يستقرض بجميع حوائجه، وما يأخذ من الجائزة كان يقضى به دينه. والحيلة فى مثل هذه المسائل أن يشترى شيئاً، ثم ينقد ثمنه من أىّ مال أحب". (خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فى المال من الإهداء والميراث: ۴/۳۴۹، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثانى عشر فى الهدايا والضيافات: ۵/۳۴۳، رشيديه)

"إذا أراد أن يحج بمال حلال فيه شبهة، فإنه يستدين للحج، ويقضى دينه من ماله". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الحج، فصل فى المقطعات: ۱/۳۱۳، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب المناسک، باب المتفرقات: ۲/۵۷۶، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب المناسک، الباب الأول: ۱/۲۲۰، رشيديه)

(۳) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تصدق =

(ج) حلال چیزوں کی آمدنی سے دیدے تو درست ہے، اگر مخلوط آمدنی سے دے اور حلال غالب ہو تب بھی درست ہے(۱)۔

(د) جواب ''ج'' سے اس کا جواب بھی ظاہر ہے۔

(ھ) اگر زید کو اس کا اقرار ہے، یا اس پر شرعی شہادت موجود ہے تو چوری سے خریدے ہوئے مال کی آمدنی سے چندہ نہ لیا جائے (۲) اور بغیر ثبوت کے شبہ نہ کیا جائے۔

(و) جواب ''الف، ج'' سے اس کا جواب معلوم ہوسکتا ہے۔

(ز) اگر وہ ثواب سمجھ کر دے اور یہ اندیشہ نہ ہو کہ وہ اس کے نتیجہ میں کوئی غلط مقصد حاصل کرے گا، تو لینا درست ہے(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۱/۲۴ھ۔

= بعدل تمرة من كسب طيب، ولا يقبل الله إلا الطيب". الحديث (صحيح البخاری، باب الصدقة من كسب طيبه: ۱/۱۸۹، قديمی)

"قال ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما: أمرهم بالإنفاق من أطيب المال وأجوده وأنفَسه، ونهاهم عن التصدق برذالة المال ودنيئته، وهو خبيثة، فإن الله لا يقبل إلا طيباً". (تفسير ابن كثير، (سورة البقرة: : ۲۲۷): ۱/۳۲۰، سهيل اكيڈمی لاهور)

(۱) "غالب مال المهدی إن حلالاً، لا بأس بقبول هديته وأكل ماله، مالم يتعين أنه من حرام. وإن غالب ماله الحرام، لا يقبلها ولا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلالٌ ورثه أو استقرضه". (البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فی الهدية والميراث: ۶/۳۶۰، رشيديه)

(وكذا فی الأشباه والنظائر: ۱/۳۴۳، القاعدة الثانية، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثانی عشر فی الهدايا والضيافات: ۵/۳۴۲، رشيديه)

(۲) (راجع حاشية رقم: ۱)

(۳) "و أما الإسلام فليس من شرطه، فصح وقف الذمي بشرط كونه قربةً عندنا، وعندهم".

(البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۱۶، رشيديه)

(وكذا فی مجمع الأنهر، كتاب الوقف: ۲/۵۶۸، غفاريه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

چوری کا سیمنٹ مسجد میں لگانا

سوال[۷۲۸۷]: سرکاری کام کرنے والے ٹھیکدار جو سرکاری چوری سے سیمنٹ فروخت کرتے ہیں، اس کو مسجد کے غسل خانوں، یا نالی وغیرہ، یا مسجد کی ذاتی عمارت میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ شکل اس کی یہ ہوتی ہے کہ سرکاری انجینئر بل منظور کرتے ہیں کہ اس عمارت میں مثلاً دوسو کٹہ سیمنٹ کے لگ جائیں گے، اسی حساب سے ٹھیکدار کا لائسنس منظور کرتے ہیں، مگر اس کام کو ٹھیکدار پورا کر کے سیمنٹ بچالیتے ہیں اور اس سیمنٹ کو ٹھیکدار سرکاری چوری سے فروخت کرتے ہیں۔ اس شکل میں یہ سیمنٹ کیا ہم خرید کر مسجد کے غسلخانوں یا مدرسہ کی عمارت میں لگوا سکتے ہیں، یا نہیں؟ مع حوالہ کتب احادیث تحریر فرما کر خادم کو ممنون فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر تحقیق سے ثابت ہوجائے کہ یہ سیمنٹ چوری کا ہے تو اس کا خریدنا اور مسجد کی عمارت یا اس کے غسل خانہ وغیرہ میں لگانا جائز نہیں، چور کی اس پر ملکیت بھی حاصل نہیں، پھر اس سے خریدنا ہی بے محل ہے۔ اللہ تعالیٰ کے گھر میں پاک مال لگایا جائے، وہ پاک ہی کو قبول کرتا ہے، ناپاک (حرام) مال نہ لگایا جائے، کما فی ردالمحتار (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۰/۹۲ھ۔

---

(۱) قال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: قال تاج الشريعة: أما لو أنفق فى ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (رد المحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ. ۱/۶۵۸، سعيد)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على الدرالمختار: ۱/۲۷۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دارالمعرفة بيروت)

(وكذا فى مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب المساجد و مواضع الصلوة، الفصل الثالث ۲/۴۴۹، رشيديه)

مزید تفصیل کے لیے دیکھئے: (إمداد الفتاوىٰ، كتاب الوقف، احكام المسجد، حکم مسجد بنا کردہ بمال حرام: ۲/۶۷۲)

(وأحسن الفتاوىٰ، كتاب الوقف، باب المساجد، حرام مال سے تعمیر کردہ مسجد کا حکم: ۶/۴۳۱) =

مخلوط آمدنی والے کا چندہ مسجد و مدرسہ میں

سوال[۷۲۸۸]: ایک صاحب ہیں جن کی آمدنی جائز نہیں، مگر آمدنی کے ذرائع ان کے پاس ایسے بھی ہیں جو بالکل حلال ہیں۔ کیا ان سے چندہ کا روپیہ مسجد و مدرسہ میں لیا جاسکتا ہے؟ بالخصوص جب کہ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ میں اپنی پاک کمائی سے یہ چندہ دے رہا ہوں، میں یہ پوری ذمہ داری سے کہہ رہا ہوں، کیونکہ مجھے معلوم ہے کہ حرام آمدنی کو کارِ خیر میں لگانا بہت بڑا گناہ ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ایسی صورت میں اس کا چندہ لیا جاسکتا ہے۔

مصطفیٰ علی لاری، نیپال۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے شخص کا چندہ درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

ناجائز آمدنی کا پیسہ مسجد میں

سوال[۷۲۸۹]: شرابی اور تاش والے کا پیسہ مسجد میں لگانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ناجائز آمدنی کا پیسہ مسجد میں لگانا درست نہیں(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۶/۸۹ھ۔

= (وإمداد الأحكام، كتاب الصلوة، فصل فى احكام المسجد وآدابه: ۱/۴۴۰)

وإمداد المفتيين، كتاب الوقف، أحكام المساجد، رسالة نيل المرام فى حكم المسجد المبنى بالمال الحرام، ص: ۲۶۶)

(۱) "فى البزازية: غالب مال المهدى إن حلالاً، لابأس بقبول هديته وأكل ماله، مالم يتعين أنه من حرام. وإن غالب ماله الحرام، لا يقبلها ولا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلالٌ ورثه أواستقرضه". (البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فى الهدية والميراث: ۶/۳۶۰، رشيديه)

(وكذا فى الأشباه والنظائر: ۱/۳۴۳، القاعدة الثانية، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثانى عشر فى الهدايا والضيافات: ۵/۳۴۲، رشيديه)

(۲) قال ابن عابدين: قال تاج الشريعة: أما لو أنفق فى ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، =

Made searchable using ScribeTools.com

مالِ غیر طیب سے تعمیر شدہ مسجد کا حکم

سوال[۷۲۹۰]: ایک شخص زمیندار جس کی آمدنی کی چار صورتیں ہیں: کاشت زمین، سوداگری، رشوت، سود۔ آمدنی زیادہ سود کی ہے، اس منجملہ آمدنی سے اس نے ایک مسجد بنوائی جس کی تعمیر کو آج چالیس سال ہو چکے ہیں، بعض اشخاص اس میں نماز پڑھتے ہیں، بعض نہیں پڑھتے۔ آیا اس میں نماز پڑھنی جائز ہے یا نہیں؟

خادم: خدا بخش خان، از تنگھتھلہ، ضلع حصار، ۱۴/فروری/۳۶ء۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جن حضرات کے نزدیک ہندوستان دار الحرب ہے وہ کفار سے سود لینے کو جائز فرماتے ہیں، پس اگر سود کفار سے حاصل کیا ہوا ہے تو وہ ان علماء کے نزدیک درست ہے اور اس سے بنائی ہوئی مسجد میں نماز شرعاً جائز اور صحیح ہے(۱)۔ اگر وہ سود مسلمان سے حاصل کیا ہے اور دوسری تمام آمدنی سے غالب ہے، یا کفار و مسلمین ہر دو سے حاصل کیا ہے اور مسلمانوں سے حاصل کیا ہوا زیادہ ہے، غرض غلبہ ناجائز آمدنی کو ہے اور جائز آمدنی بھی اس میں شامل ہے تب بھی سب کو مخلوط کرنے سے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ملکیت متحقق ہوگئی (اگرچہ جن لوگوں سے ناجائز طریقہ سے مال لیا، اس کا اصل مالک کو واپس کرنا، یا گلو خلاصی کے لئے صدقہ کرنا واجب ہے)، لہذا اس مسجد میں نماز ادا کرنا درست ہے:

= فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۱/۶۵۸، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوى على الدرالمختار: ۱/۲۷۸، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دار المعرفة بيروت)

(۱) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "و لا ربا بين حربي و مسلم مستأمن و لو بعقد فاسد، أو قمار ثمه؛ لأن ماله ثمة مباح، فيحل برضاه". (الدر المختار: ۵/۱۸۶، كتاب البيوع، باب الربوا، سعيد)

(وكذا في الهدٰية: ۳/۸۷، كتاب البيوع، باب الربوا، مكتبه امداديه ملتان)

"من ملك أموالاً غير طيبة، أو غصب أموالاً وخلطها، ملكها بالخلط، ويصير ضامناً".

شامی(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود حسن غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۱۴۰۵ھ۔

خنزیر کے بالوں سے برش بنانے کی اجرت کا پیسہ مسجد میں لگانا

سوال[۷۲۹۱]: ۱.....سور کے بالوں کے برش بنانے والوں کا پیسہ مسجد میں لگانا جائز ہے یا نہیں؟ اوران کے یہاں کھانا کیسا ہے؟

ایضاً

سوال[۷۲۹۲]: ۲.....جولوگ برشوں کے کارخانے میں ملازم ہیں اور برش بناتے ہیں ان کا پیسہ مسجد میں لگانا اوران کا کھانا بھی جائز ہے یا نہیں؟

خنزیر کے بالوں کے برش کی اجرت کا پیسہ مسجد میں دیا ہوتو کیا واپس کیا جائے گا؟

سوال[۷۲۹۳]: ۳.....جوروپیہ ہم نے سور کے بالوں کے برش والا مسجد میں لگایا ہے وہ واپس کرنا چاہئے یا نہیں؟

جس مسجد میں خنزیر کے بالوں کی اجرت کا روپیہ لگا ہو اس میں نماز

سوال[۷۲۹۴]: ۴.....کیا اس مسجد میں نماز پڑھنا اللہ کے نزدیک مقبول ہے یا نہیں؟ دوعالم یہ

---

(۱) (ردالمحتار: ۲/۲۹۱، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۱/۴۰۴، ۴۰۵، كتاب الزكاة، باب زكاة الغنم، دار المعرفة بيروت)

"آكل الربا وكاسب الحرام أهدى إليه أو أضافه، وغالب ماله حرام، لا يقبل ولا يأكل مالم يخبره أن ذلك المال أصله حلالٌ ورثه أو استقرضه. وإن كان غالب ماله حلالاً، لا بأس به". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/۳۴۳، كتاب الكراهية، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات، رشيديه)

"لأن سبيل الكسب الخبيث التصدق، إذا تعذر الرد". (البحرالرائق: ۸/۳۶۹، كتاب الكراهية، فصل في البيع، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کہتے ہیں کہ اس مسجد میں عبادت قابلِ قبول نہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱،۲.....محض برش بنانے کی اجرت اس طرح کہ اتنی دیر کام کرو، اس کا معاوضہ یہ ہوگا، درست ہے حرام نہیں (۱)، اس کا پیسہ مسجد میں بھی لگایا جاسکتا ہے، مگر فی نفسہ یہ معاملہ نہیں چاہیئے کہ سور کے بال سے انتفاع امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک جائز نہیں (۲)۔

۳.....اس کا جواب نمبر ۱،۲ سے ظاہر ہے۔

۴..... جب وہ نماز حسبِ قواعدِ شرعیہ ادا کی جائے گی تو فریضہ بھی ادا ہوجائے گا اور اخلاص ہوگا تو قبول بھی ہوگی (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۹۱ھ۔

ساہوکار کا روپیہ مسجد میں

سوال[۷۲۹۵]: ایک مسجد بہت شکستہ ہے اس کو نئے سرے سے بنوانے کے لئے ایک صاحب جن

---

(۱) "وإن استأجره لينحت له طنبوراً أو بربطاً، ففعل، طاب له الأجر إلا أنه يأثم به". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۴/۴۵۰، كتاب الإجارة، الباب الخامس عشر في بيان ما يجوز من الإجارة و ما لا يجوز، رشيديه)
(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲/۳۲۴، كتاب الإجارة، رشيديه)

(۲) "وشعر الخنزير بنجاسة عينه، فيبطل بيعه، وإن جاز الانتفاع به لضرورة ..... و كره البيع، فلا يطيب ثمنه، ويفسد الماء على الصحيح، خلافاً لمحمد رحمه الله تعالىٰ ..... وعند أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ : يكره الخرز به؛ لأنه نجس". (الدرالمختار: ۵/۷۲، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، سعيد)
(وكذا في الهداية: ۳/۵۸، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، شركت علميه ملتان)

(۳) "عن عبد الله الصنابحي قال: زعم أبو محمد أن الوتر واجب، فقال عبادة بن الصامت رضي الله تعالىٰ عنه: كذب أبو محمد، أشهد أني سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "خمس صلوات افترضهن الله عزوجل، مَن أحسن و ضوء هن، وصلاهن لوقتهن، وأتم ركوعهن، وخشوعهن، كان له على الله عهداً أن يغفرله، و من لم يفعل، فليس له على الله عهد، إن شاء غفرله، و إن شاء عذبه".
(سنن أبي داؤد: ۱/۶۱، كتاب الصلوة، باب المحافظة على الصلوات، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

کا پیشہ ساہوکاری کا ہے(۱)، وہ پانچ ہزار روپے مسجد کو دینا چاہتے ہیں، بلکہ انہوں نے ایک صاحب کو اس کا مالک بنادیا ہے کہ وہ اس کو مسجد میں خرچ کردیں۔ تو اس کو خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ رقم سود کی نہیں ہے تو مسجد کی تعمیر میں اس کا صرف کرنا درست ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۱۸ھ۔

طوائف کی تعمیر کردہ مسجد میں نماز

سوال[۷۲۹۶]: اگر کوئی طوائف، یا زنخہ(۳) وغیرہ کوئی مسجد تعمیر کرائے تو اس مسجد میں نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں مسافر کو؟ نیز اگر اس محلّہ میں کوئی دوسری مسجد نہ ہو تو اہلِ محلّہ بھی اس مسجد میں نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مکروہ ہے(۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) ''ساہوکار: سود پر پیسے چلانے والا، صراف''۔ (فیروز اللغات، ص: ۷۷۰، فیروز سنز لاهور)

(۲) "غالب مال المهدى إن حلالاً، لا بأس بقبول هديته وأكل ماله، مالم يتعين أنه من حرام. وإن غالب ماله الحرام، لا يقبلها، ولا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلالٌ، ورثه أو استقرضه". (البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۶۰/۶، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فى الهدية والميراث، رشيديه)

(وكذا فى الأشباه والنظائر: ۳۴۳/۱، الفن الأول، القاعدة الثانية، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۴۳/۵، كتاب الكراهية، الباب الثانى عشر فى الهدايا والضيافات، رشيديه)

(۳) ''زنخہ: وہ مرد جو عورتوں کی طرح بات چیت یا حرکات کرے''۔ (فیروز اللغات، ص: ۷۵۲، فیروز سنز، لاهور)

(۴) "عن رافع بن خديج رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ثمن الكلب خبيث، و مهر البغى خبيث، و كسب الحجام خبيث". رواه مسلم". (مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الكسب و طلب الحلال، ص: ۲۴۱، قديمى)

"والمعنى مهر الزانية خبيث: أى حرام إجماعاً؛ لأنها تأخذ عوضاً عن الزنا المحرم، و وسيلة=

Made searchable using ScribeTools.com

رنڈی کا زمین کو مسجد کے لئے وقف کرنا

سوال[۷۲۹۷]: نجمہ رنڈی کی زمین جو تقریباً سات سال سے ہے منتقل ہو کر اس کے پاس پہونچی، نجمہ کا ارادہ اس زمین کو مسجد میں وقف کرنے کا ہے تو کیا اس زمین کا پیسہ مسجد کے اخراجات میں لگ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ حرام آمدنی کی اور فعل حرام کے عوض کی نہیں ہے تو اس کا وقف کرنا اور اس کی آمدنی کو مسجد میں صرف کرنا شرعاً درست ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱۲/۹ھ۔

رنڈی کا مسجد میں ٹین ڈلوانا

سوال[۷۲۹۸]: ایک زمین ایک بزرگ کے مزار کے نام وقف تھی، چونکہ وہ زمین لبِ سڑک ہے

= الحرام حرام. وسماه مهراً؛ لأنه فی مقابلة البضع". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الكسب و طلب الحلال، (رقم الحديث: ۲۷۶۳): ۱۶/۶، رشيديه)

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "إنّ الله طيّبٌ لا يقبل إلا الطيب". (مشكوة المصابيح، المصدر السابق)

"كل مسجد بني مباهاةً أو رياءً أو سمعةً أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله، أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار". (مدارک التنزيل علی هامش تفسير الخازن: ۲۸۱/۲، حافظ كتب خانه)

(وكذا فی مجموعة الفتاویٰ لعبد الحیٔ اللكنویؒ: ۱۸۵/۱، كتاب المساجد، زانیہ یا گانے والی نے اپنی ناجائز آمدنی سے جو مسجد بنائی، اس پر مسجد کا حکم نہیں، سعيد)

(۱) "غالب مال المهدی إن حلالاً، لا بأس بقبول هديته و أكل ماله، مالم يتعين أنه من حرام. وإن غالب ماله الحرام، لا يقبلها ولا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلال ورثه أو استقرضه". (البزازية علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فی الهدية والميراث: ۳۶۰/۶، رشيديه)

(وكذا فی الأشباه والنظائر: ۳۴۳/۱، الفن الأول، القاعدة الثانية، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثانی عشر فی الهدايا والضيافات: ۳۴۲/۵، رشيديه)

اور کنواں بھی اس کے اندر موجود ہے، ایک شخص نے ضرورت محسوس کرتے ہوئے نمازیوں کے لئے اس زمین میں ایک چبوترہ اور ایک دیوار برابر قد آدم اور اس میں محراب بنوادیا ہے، اس شخص کے اندر زیادہ گنجائش نہیں تھی کہ اس کے سایہ کا بھی انتظام کرتا، دھوپ اور بارش کے موقع پر نماز پڑھنے میں دقت ہوتی تھی، اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے ایک رنڈی پیشہ گر عورت نے ایک شخص کو کہا کہ تمہیں میں روپیہ دیتی ہوں، چونکہ میرا روپیہ تو خراب ہے، لہذا تم اپنا روپیہ سے مسجد میں ٹین ڈلوادو(۱)، چنانچہ ایسا ہی ہوا اور اس شخص نے ٹین ڈلوادیا تو اس مسجد میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس سے نماز ممنوع نہ ہوئی، خصوصاً جب کہ ٹین دوسرے شخص نے جائز روپیہ سے ڈلوادیا ہے اور پھر روپیہ رنڈی سے لے لیا ہے(۲) اگرچہ اس شخص کو رنڈی سے روپیہ لینا جب کہ قطعی طور پر اس روپیہ کا حرام ہونا اس کو معلوم ہے ناجائز ہے(۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) ''ٹین: خیمہ، شامیانہ''۔ (فیروز اللغات، ص: ۴۳۵، فیروز سنز، لاهور)

(۲) "و فی شرح حیل الخصاف لشمس الأئمة الحلوانی رحمه الله تعالیٰ: أن الشیخ الإمام أبا القاسم الحکیم کان یأخذ جائزة السلطان یقضی به دیونه. والحیلة فی هذه المسائل أن یشتری نسیئة، ثم ینقد ثمنه من أیّ مال شاء". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الثانی عشر فی الهدایا والضیافات: ۳۴۲/۵، رشیدیه)

(وکذا فی خلاصة الفتاویٰ: ۳۴۹/۴، کتاب الکراهیة، الفصل الرابع فی المال من الإهداء والمیراث، رشیدیه)

"إذا أراد أن یحج بمال حلال فیه شبهة، فإنه یستدین للحج، ویقضی دینه من ماله".

(التاتارخانیة، کتاب المناسک، باب المتفرقات: ۵۷۶/۲، إدارة القرآن کراچی)

(۳) "عن رافع بن خدیج رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ثمن الکلب خبیث، و مهر البغی خبیث، وکسب الحجام خبیث". رواه مسلم". (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الکسب و طلب الحلال، ص: ۲۴۱، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

فاحشہ کی دی ہوئی چیز کا مسجد میں استعمال

سوال[۷۲۹۹]: ۱.....ایک بازاری طوائف عورت کا گزراوقات وخوردونوش حرام کی کمائی پر ہے اوروہ عورت سوت کات کر(۱)، یا چھالیا کتر کر س پیسہ سے مسجد میں صفیں یا لوٹے دیتی ہے اور کمائی کھاتی ہے۔ حرام کی اس کے صفیں لوٹے مسجد میں لینا جائز ہے یا نہیں؟

۲.....ایک بازاری طوائف اپنی حرام کی کمائی سے مکان بنواتی ہے، اس کے مرنے پر اس کے بھائی اس مکان کوفروخت کرتا ہے اور کچھ روپیہ ایک ہندو سے قرض حسنہ لے کر صحنِ مسجد پر سائبان ڈالتا ہے اور ہندو کو روپیہ ادا کرتا ہے۔ اس حرام کمائی کے مکان کوفروخت کر کے تو اس کا یہ سائبان مسجد میں ڈالنا جائز ہے یا ناجائز؟

۳.....اسی طرح سے اگر بازاری عورت مسجد میں بجلی لگوادے اور اس کا کرایہ ہندو سے لیکر ادا کیا کرے اور اس ہندو کو اپنی ناجائز کمائی سے ادا کرے تو کیسا ہے؟

نوٹ: لوٹے اور صفیں مسجد میں علیحدہ رکھی ہوئی ہیں، جواب جلد عنایت ہو، تاکہ اس پر عمل ہو۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....ایسے لوٹوں اور صفوں کا استعمال مسجد میں درست ہے، کیونکہ یہ عینِ حرام کی کمائی سے خرید کر نہیں دیئے(۲)۔

۲.....اس سائبان میں بھی کوئی حرج نہیں(۳)۔

---

(۱) ''سوت کاتنا: چرخے پر رُوئی سے سوت بنانا، چرخے کے ذریعے روئی کے تار نکالنا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۹۶۹، فیروز سنز لاهور)

(۲) "غالب مال المهدى إن حلالاً، لا بأس بقبول هديته و أكل ماله، مالم يتعين أنه من حرام. وإن غالب ماله الحرام، لا يقبلها ولا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلال ورثه أو استقرضه". (البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فى الهدية والميراث: ۳۶۰/۶، رشيديه)

(وكذا فى الأشباه والنظائر: ۳۴۳/۱، القاعدة الثانية، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثانى عشر فى الهدايا والضيافات: ۳۴۲/۵، رشيديه)

(۳) قال العلامة طاهر بن عبد الرشيد البخارى: "وفى شرح حيل الخصاف لشمس الأئمة الحلوانى: أن=

۳..... یہ بھی نمبر۱،۲ کی طرح ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۴/۵۸ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم، ۶/ ربیع الاخر/ ۵۸ھ۔

مالی جرمانہ اور اس کو مسجد میں صرف کرنا

سوال[۷۳۰۰]: ایک برادری میں چند قوانین مقرر ہیں اور وہ ان کی خلاف ورزی سے سیاسۃً بطورِ جرمانہ کچھ رقم وصول کرتے ہیں۔تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ رقم مذکور کو مصارفِ مسجد میں صرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟ جواب سوال تحریر فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مذہبِ معتمد علیہ یہ ہے کہ ایسا جرمانہ ناجائز ہے، اگر کچھ رقم بطور جرمانہ وصول کرلی ہے تو اس کی واپسی ضروری ہے، مسجد وغیرہ میں صرف کرنا درست نہیں (۱)۔

= الشيخ الإمام أبا القاسم الحكيم كان ممن يأخذ جائزة السلطان، وكان يستقرض بجميع حوائجه، وما يأخذ من الجائزة كان يقضي به ديونه. فالحيلة في مثل هذه المسائل أن يشترى شيئا، ثم ينقد ثمنه من أيّ مال أحبّ". (خلاصة الفتاوىٰ: ۳۴۹/۴، كتاب الكراهية، الفصل الرابع في المال من الإهداء والميراث، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثاني عشر في الهدايا والضيافات: ۳۴۲/۵، رشيديه)

"إذا أراد أن يحج بمال حلال فيه شبهة، فإنه يستدين للحج، ويقضي دينه من ماله".

(التاتارخانية، كتاب المناسك، باب المتفرقات: ۵۷۶/۲، إدارة القرآن كراچی)

(۱) "(قوله: لو بماله الحلال) قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۶۵۸/۱، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار: ۲۷۸/۱، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دارالمعرفة بيروت) ..... =

Made Searchable using ScribeTools.com

"قال فی الفتح: وعن أبی یوسف رحمه الله تعالیٰ: یجوز التعزیر للسلطان بأخذ المال، وعندهما و باقی الأئمة لا یجوز، ومثله فی المعراج، وظاهره أن ذلك روایة ضعیفة عن أبی یوسف. قال فی الشرنبلالیة: و لا یفتی بهذا لما فیه من تسلیط الظَّلَمة علی أخذ المال للناس فیما یأكلونه، اهـ. و مثله فی شرح الوهبانیة عن ابن وهبان. وأفاد فی البزازیة أن معنی التعزیر بأخذ المال علی القول به: إمساك شیٍ من ماله عنده مدةً لینزجر، ثم یعیده الحاكم إلیه، لا أن یأخذه الحاكم لنفسه، أو لبیت المال كما یتوهمه الظلَمَة. ولا یجوز لأحد من المسلمین أخذ مال أحد بغیر سبب شرعی.

وفی المجتبی: لم یذكر كیفیة الأخذ، وأری أن یأخذها فیمسكها، فإن أیس من توبته یصرفها إلی ما یری. و فی شرح الآثار: التعزیر بالمال كان فی ابتداء الإسلام، ثم نسخ، اهـ. والحاصل أن المذهب عدم التعزیر بأخذ المال، اهـ". ردالمحتار: ۳/۳۷۵(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۶/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۴/ جمادی الثانیہ/۶۰ھ۔

قرض لے کر تعمیر مسجد میں رقم دی وہ حلال ہے

سوال[۷۳۰۱]: زید نے ایک مسجد کی تعمیر کے سلسلہ میں بکر سے سو روپے قرض لے کر دیئے، بعد میں جوئے یا سٹے غرض حرام کی کمائی سے اپنا قرض ادا کیا۔ تو موجودہ صورت میں وہ رقم مسجد کے لئے حلال ہے یا حرام؟

= "لیس لأحد أن یأخذ مال غیره بلا سبب شرعیّ، وإن أخذه وجب علیه رده". (شرح المجلة: لسلیم رستم: ۱/۶۲، (رقم المادة: ۹۷)، المقالة الثانیة فی القواعد، مكتبه حنفیه كوئٹه)

(۱) (رد المحتار: ۴/۶۱، كتاب الحدود، باب التعزیر، مطلب فی التعزیر بأخذ المال، سعید)

(وكذا فی البحر الرائق: ۵/۶۸، كتاب الحدود، فصل فی التعزیر، رشیدیه)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكیریة: ۲/۱۶۷، كتاب الحدود، فصل فی التعزیر، رشیدیه)

الجواب حامداًومصلیاً:

روپیہ قرض لے کر دیا ہے، وہ روپیہ تو سٹے یا جوئے کا نہیں تھا، اس میں یہ حرام مؤثر نہیں ہوگا (۱) اس کی حرمت مستقل علیحدہ ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۷/ ۹۶ھ۔

قوالی اور اس کی آمدنی مسجد میں دینا

سوال[۷۳۰۲]: میرا ذریعۂ معاش فنِ قوالی ہے اور خدا کے فضل وکرم سے آمدنی بہت اچھی ہے۔ اس آمدنی سے مساجد وغیرہ اور قرآن خوانی کرا کے قرآن کریم پڑھنے والوں کے ساتھ مالی تعاون کروں تو جائز ہے یا نہیں؟ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ پیسہ مسجد کے لئے ناجائز ہے اور نہ ہی اس سے کوئی ثواب حاصل ہو سکے گا۔

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ پیشہ شرعاً ممنوع ہے، اس کی آمدنی بھی ممنوع ہے (۳)، اللہ کے گھر میں ایسی آمدنی نہ لگائی

---

(۱) "و فی شرح حیل الخصاف لشمس الأئمة الحلوانیؒ: أن الشیخ الإمام أبا القاسم الحکیم کان ممن یأخذ جائزة السلطان یقضی بها دیونه، فالحیلة فی هذه المسائل أن یشتری نسیئةً، ثم ینقد ثمنه من أیّ مال شاء". (الفتاویٰ العالمکیریه، کتاب الکراهیة، الباب الثانی عشر فی الهدایا والضیافات: ۳۴۲/۵، رشیدیه)

(وکذا فی خلاصة الفتاویٰ: ۳۴۹/۴، کتاب الکراهیة، الفصل الرابع فی المال من الإهداء والمیراث، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب الحج، باب المتفرقات: ۵۷۶/۲، إدارة القرآن کراچی)

(۲) "عن عبدالله بن عمرو رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إن الله حرم علی أمتی الخمر والمیسر والمزر والکوبة والقنین، وزادنی صلوة الوتر". (مسند الإمام أحمد بن حنبل: ۳۵۱/۲، (رقم الحدیث: ۶۵۱۱)، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

"وأن أهل الجاهلیة کانوا یخاطرون علی المال والزوج، وقد کان ذلک مباحاً إلی أن ورد تحریمه". (أحکام القرآن للجصاص: ۳۲۹/۱، باب تحریم المیسر، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

"ولاخلاف بین أهل العلم فی تحریم القمار". (أحکام القرآن، المصدر السابق)

(۳) قال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ: "وفی المنتقی: امرأة نائحة أو صاحبة طبل أو زمر اکتسبت =

Made searchable using ScribeTools.com

جائے (۱)، اس لئے اگر آپ مسجد کی اعانت کرنا چاہتے ہیں تو کسی سے جائز آمدنی کا روپیہ قرض لے کر مسجد میں دیدیں (۲) اور کہہ دیں کہ یہ میں قرض لے کر دے رہا ہوں، تاکہ کسی کو اشتباہ نہ رہے۔ اور کوئی دوسرا جائز آمدنی کا ذریعہ حاصل کرنے کی کوشش کریں، حق تعالیٰ سے دعاء بھی کریں، اللہ پاک جائز اور پاک آمدنی عطا فرمائے۔

قرآن خوانی کے صلہ میں تو کسی آمدنی سے بھی تعاون درست نہیں کہ یہ اجرت کے مشابہ ہے اور اجرت پر جو قرآن پڑھا جائے اس کا ثواب نہیں ہوتا، ایسی اجرت لینے والا بھی گنہگار ہوتا ہے اور دینے والا بھی (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۳/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۳/۹۱ھ۔

= مالاً، ردته على أربابه إن علموا، وإلا تصدق به". (ردالمحتار: ۵۵/۶، كتاب الإجارة، مطلب الاستيجار على المعاصي، سعيد)

"كسب المغنية كالمغصوب لم يحل لأحد أخذه". (البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل في البيع: ۳۶۹/۸، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيريه، كتاب الكراهية، الباب الخامس عشر في الكسب: ۳۴۹/۵، رشيديه)

(۱) "(قوله: لو بماله الحلال) قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذالك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لايقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بمالا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره: ۶۵۸/۱، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدرالمختار، كتاب الصلوة: ۲۷۸/۱، دارالمعرفة، بيروت)

(۲) "وفي شرح حيل الخصاف لشمس الأئمة رحمه الله تعالىٰ: أن الشيخ أبا القاسم الحكيم كان ممن يأخذ جائزة السلطان يقضي بها ديونه. والحيلة في هذه المسائل أن يشترى نسيئةً، ثم ينقد ثمنه من أىّ مال شاء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثاني عشر في الهدايا: ۳۴۲/۵، رشيديه)

(وكذا في خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الكراهية، الفصل الرابع في المال من الإهداء والميراث: ۳۴۹/۴، رشيديه)

(وكذا في التاتارخانية، كتاب الحج، الفصل العشرون في المتفرقات، ۵۷۶/۲، إدارة القرآن كراچي)

(۳) "الأصل أن كل طاعة يختص بها المسلم لا يجوز الاستيجار عليها عندنا، لقوله عليه السلام:"اقرءوا =

بیعانہ مسجد میں لگانا

سوال[۷۳۰۳]: ایک شخص نے ایک مسجد کے متولی سے ایک مکان کا سودا کیا جو کہ مسجد کی ملکیت ہے اور کچھ روپیہ پیشگی بطور بیعانہ متولی کو دیا، ازاں بعد اس شخص کے پاس روپیہ کا انتظام نہ ہوسکا اور متولی مسجد نے وہ مکان دوسرے کو فروخت کردیا۔ اب متولی مسجد اس شخص کی وعدہ خلافی کے باعث وہ روپیہ اس کو نہیں دیتا۔ تو کیا وہ روپیہ مسجد کے مصرف میں لگانا جائز ہے یا نہیں؟ اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ وعدہ خلافی خریدار کے باعث مشترین بیعانہ واپس نہیں دیتے تو کیا ان کو رکھنا جائز ہوتا ہے یا نہیں؟ اگر وہ روپیہ مسجد میں خرچ کرنا جائز نہیں تو اس روپیہ کو کیا کرنا چاہئے؟ بینوا توجروا۔

حافظ عبدالرحیم سہارنپور۔

الجواب حامداً مصلیاً:

اگر کسی وجہ سے بیع کا معاملہ بائع اور مشتری پورا نہ کرسکیں تو بیعانہ کا واپس کرنا ضروری ہوتا ہے اور اس کا رکھ لینا ہرگز جائز نہیں ہے، لہذا متولی کے ذمہ لازم ہے کہ وہ روپیہ اس شخص کو واپس کردے(۱)، ایسے روپیہ کو مسجد

= القرآن و لا تأكلوا به". وفي آخر ما عهد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلى عمرو بن العاص: "وإن اتُّخِذتَ مؤذناً، فلا تأخذ على الأذان أجراً". و لأن القربة متى حصلت وقعت على العامل، ولهذا تتعين أهليته، فلا يجوز له أخذ الأجرة من غيره كما في الصوم والصلوة..... وقال العيني: ويمنع القاري للدنيا، والآخذ والمعطى آثمان" (ردالمحتار: ۵۵/۶، ۵۶، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة، سعيد)

"لأن المعروف كالمشروط، والقرآن بالأجرة لا يستحق الثواب، والآخذ والمعطى آثمان".

(ردالمحتار، المصدر السابق)

(وكذا في تنقيح الفتاوى الحامدية: ۱۳۸/۲، مطلب في حكم الاستيجار على التلاوة، مكتبه ميمنية مصر)

(۱) "عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نهى عن بيع العربان".

"قوله: (نهى عن بيع العربان). أقول: قال الزرقاني في شرح هذا الحديث: هو باطل عند =

Made searchable using ScribeTools.com

میں لگانا بھی جائز نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، ۱۹/ ۱۱/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

صحیح: عبد اللطیف، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/ ذیقعدہ/ ۵۷ھ۔

لقطہ کا روپیہ مسجد میں لگانا

سوال[۷۳۰۴]: پایا ہوا روپیہ مسجد میں لگ سکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہ لقطہ ہے، مالک کو تلاش کر کے اس کو دیا جائے (۲)، اس کا پتہ نہ چلے تو مایوس ہونے کے بعد غریب کو

= الفقهاء، لمافيه من الشرط والغرر و أكل أموال الناس بالباطل ". (إعلاء السنن، كتاب البيوع، باب النهى عن بيع العربان: ۱۴/ ۱۶۶، إدارة القرآن كراچی)

"لا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي". (البحرا الرائق، كتاب الحدود، باب حد القذف، فصل فی التعزير: ۵/ ۶۸، مكتبه رشيديه)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، السابع فی حد القذف والتعزير، فصل فی التعزير: ۲/ ۱۶۷، رشيديه)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الحدود، باب حد القذف، مطلب فی التعزير بأخذ المال: ۴/ ۶۱، سعيد)

(۱) " قال تاج الشريعة: أما لو أنفق فی ذلک مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره الخ: ۱/ ۶۵۸، سعيد)

(۲) "و عرّف: أی نادی عليها حيث و جدها وفی المجامع، إلى أن علم أن صاحبها لا يطلبها". (الدرالمختار). "(قوله: إن علم أن صاحبها لا يطلبها) لم يجعل للتعريف مدة اتباعاً للسرخسی، فإنه بنى الحكم على غالب الرأی، فيعرف القليل والكثير إلى أن يغلب على رأيه أن صاحبه لايطلبه، وصححه فی الهداية، و عليه الفتوىٰ". (ردالمحتار، كتاب اللقطة: ۴/ ۲۷۸، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب اللقطة: ۲/ ۲۸۹، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

صدقہ کردیا جائے (۱) مسجد میں نہ دیا جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۹۱ھ۔

ہبہ شدہ چیز دوبارہ لے کر اس کی قیمت مسجد میں دینا

سوال[۷۳۰۵]: زید عمر بکر نے کچھ جگہ و درخت جو کہ اس جگہ میں اس وقت ایستادہ تھے اور اب بھی ہیں، خالد و عمر کو بطور بخشش کے دیئے تھے اور اس جگہ میں خالد وغیرہ کے قبرستان بھی ہیں۔ اب زید، عمر، بکر وغیرہ کی اولاد خالد وغیرہ کی اولاد سے جبراً درخت لے کر اور اس کو فروخت کر کے وہ رقم مسجد کے اخراجات میں لگانا چاہتے ہیں۔ آیا یہ رقم مسجد میں صرف کرنا جائز ہے؟

العبد محمد حسن۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ زمین اور درخت باقاعدہ ہبہ کر کے موہوب لہ کا قبضہ کرادیا تو شرعاً یہ ہبہ تام ہوگیا، اب واہب اور موہوب لہ کے انتقال کے بعد اس سے رجوع کرنے کا اولاد کو شرعاً حق حاصل نہیں، نہ ایسی رقم کا شرعاً صَرف کرنا درست ہے:

"هبة المشاع فيما يحتمل القسمة من رجلين أو من جماعة صحيحةٌ عندهما، وفاسدة عند الإمام رحمه الله تعالىٰ، وليست بباطلة، حتى تفيد الملك بالقبض، كذا في جواهر

---

(۱) "فينتفع الرافع بها لو فقيراً، وإلا تصدق بها على فقير و لو على أصله و فرعه و عرسه". (تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب اللقطة: ۴/۲۷۹، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب اللقطة: ۲/۲۹۱، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب اللقطة: ۵/۲۵۷، رشيديه)

(۲) "قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله، اهـ. شرنبلالية". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۱/۶۵۸، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الأخلاطی". هندية: ٤/٣٧٨(١)۔ "ويمنع منه: أی من الرجوع فی فصل الهبة یاصاحبی حروف "دمع خزقة" ..... والميم موت أحد العاقدين، اه". مجمع الأنهر: ٢/٣٦٠(٢)۔

اگر باقاعدہ ہبہ نہیں کیا، یا موہوب لہ کا قبضہ نہیں کرایا، یا اس ارضِ موہوبہ اور اشجارِ موہوبہ کو تقسیم نہیں کرایا، نہ زید، عمر، بکر وغیرہ کے حصص بتلائے کہ کس کا کتنا حصہ ہے، نہ خالد وغیرہ کو یہ بتایا گیا کہ کس کو کتنا حصہ ملا ہے، بلکہ وہ ارض واشجار واہبین کے درمیان بھی مشاع ہیں اور موہوب لہ کے درمیان بھی مشاع ہی رہے تو یہ ہبہ صحیح نہیں، بلکہ زید، عمر، بکر کی مِلک بدستور باقی رہی، ان کے ورثہ میں حسبِ حصصِ شرعیہ میراث جاری ہوگی:

"لايثبتُ الملك للموهوب له إلا بالقبض، هو المختار، هكذا فی الفصول العمادية. والشيوع من الطرفين فيما يحتمل القسمة مانعٌ من جواز الهبة بالإجماع، اه". عالمگيری: ٤/٣٧٨(٣)۔

اس صورت میں بعد تقسیمِ میراث ہر وارث کو اختیار ہے کہ اپنا حصہ خواہ مسجد میں صَرف کرے خواہ اَور کسی جگہ (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) (الفتاویٰ العالمكيرية، الباب الثانی فيما يجوز من الهبة ومالايجوز: ۴/۳۷۸، رشيديه)

(۲) (مجمع الأنهر، كتاب الهبة، باب الرجوع عنها: ۳/۵۰۰، ۵۰۱، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۳) (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الهبة، الباب الثانی فيما يجوز من الهبة ومالايجوز: ۴/۳۷۸، رشيديه)

(۴) "كلٌّ يتصرف فی ملكه كيف شاء". (شرح المجلة لسليم رستم باز، الفصل الأول فی بعض قواعد فی أحكام الأملاك: ۱/۶۵۴، (رقم المادة: ۱۱۹۲)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

"لأن الملك مامن شأنه أن يتصرف فيه بوصف الاختصاص". (ردالمحتار، كتاب البيوع، مطلب فی تعريف المال والملك، الخ: ۴/۵۰۲، سعيد)

الفصل السادس عشر فی صرف مال الكافر فی المسجد

(مسجد میں کافر کے مال کو صرف کرنے کا بیان)

تعمیرِ مسجد میں غیر مسلم کا روپے لگانا اور ﴿ما كان للمشركين أن يعمروا مساجد الله﴾ کا مطلب

سوال[۷۳۰۶]: معروض اینکہ مسئلہ مذکورۂ ذیل میں مجھے اختلافِ آراء کی بناء پر شک واقع ہوگیا ہے، اس لئے مہربانی فرما کر فریقین کے مدلل اقوال نقل فرما کر طریقِ تطبیق کو فرماتے ہوئے، قولِ راجح سے مطلع فرمادیں اور حوالجات ضرور نقل فرمادیں، تحریر مفصل ہوتا کہ اشکال زائل ہوجائے۔

مسئلہ: کیا مساجد کی تعمیر جدید یا مرمت میں ہنود کا اور غیر مسلم اقوام کا روپیہ لگانا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو کسی شرط کے ساتھ مشروط ہے یا نہیں؟ نیز اگر غیر مسلم کا روپیہ مسجد کی تعمیر میں جائز ہے تو آیت شریفہ: ﴿ما كان للمشركين أن يعمروا مسا جد الله شا هدين على أنفسهم بالكفر﴾ الآية(۱) کا کیا مطلب ہے؟ باوجودیکہ صاحبِ تفسیر احمدی نے تصریح کی ہے اور کہا ہے: "فالمقصود فيه أن الله تعالىٰ منع المشركين عن تعمير المساجد حال كونهم على الشرك، الخ"(۲)۔ اور بعد میں جا کر لکھتے ہیں: "فعلم منه أن البناء الجديد ممنوع لهم، الخ "(۳) میں ممانعت پر تصریح ہے۔ اور اگر غیر مسلم اقوام کو مساجد کی تعمیر ناجائز ہے تو فتاویٰ رشیدیہ میں حضرت گنگوہیؒ نے اجازت کیوں دی؟ بلکہ آپ نے تصریح فرمائی اور فتویٰ دیا، فتاویٰ رشیدیه: ۲/۹٤، كتاب الوقف:

سوال: "شیعہ، یا ہندو، یا نصاریٰ، یا یہود مسجد بنادے، یا اس کی مرمت

---

(۱) (سورة التوبة: ۱۷)

(۲) (التفسيرات الأحمدية، ص: ۴۵۴، سورة التوبة، مكتبه حقانيه پشاور)

(۳) (التفسيرات الأحمدية، المصدر السابق)

Made searchable using ScribeTools.com

کرے، یا چندہ مسجد وغیرہ میں شریک ہوتو جائز ہے یا نہیں''؟

حضرتؒ جواب میں فرماتے ہیں:

الجواب: ''اس میں کچھ مضائقہ نہیں، مسجد ان لوگوں کی بنائی ہوئی بحکمِ مسجد ہے، اگر یہ لوگ مسجد میں روپیہ لگانا ثواب جانتے ہیں تو ان کا وقف درست ہے۔ ایسے ہی اوپر کی عمارت میں شریک ہوں تو بھی درست ہے''(۱)۔

اس فتویٰ اور ملاجیون کی تفسیر آیت: ﴿ما کان للمشرکین﴾ کے جو مخالف معلوم ہوتا ہے اس کو واضح فرما کر جواب شافی مفصل مدلل تحریر فرما کر مشکور فرمادیں۔

الحواب حامداً ومصلیاً:

کفار کے وقف اور وصایا کا بیان کتبِ فقہ، ہدایہ، درمختار، فتاویٰ عالمگیری وغیرہ میں مستقل موجود ہے کہ کس صورت میں معتبر ہے، کس میں نہیں (۲)۔ حضرت گنگوہیؒ کا فتویٰ اسی پر مبنی ہے، اسی واسطے قید لگائی ہے کہ:

''اگر یہ لوگ مسجد میں روپیہ لگانا ثواب جانتے ہیں تو ان کا وقف درست ہے، ایسے ہی اوپر کی عمارت میں شریک ہوں تو بھی درست ہے''۔

پس کفار کا روپیہ مسجد میں لگانا جائز ہے بشرطیکہ یہ ان کے نزدیک ثواب ہو(۳) نیز اور کوئی مانع موجود

---

(۱) (فتاویٰ رشیدیہ: ۲۰۸/۲، کتاب الوقف، باب: مساجد کے احکام کا بیان، عنوان: مسجد کے لئے کافر کا چندہ، سعید)

(۲) "شرط وقف الذمی أن یکون قربةً عندنا وعندهم، کالوقف علی الفقراء أو علی مسجد القدس".

(ردالمحتار: ۳۴۱/۴، کتاب الوقف، مطلب: قدیثبت الوقف بالضرورة، سعید)

"و أما الإسلام، فلیس من شرطه، فصح وقف الذمی بشرط کونه قربةً عندنا وعندهم".

(البحرالرائق: ۳۱۶/۵، کتاب الوقف، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریه: ۳۵۲/۲، ۳۵۳، کتاب الوقف، الباب الأول، رشیدیه)

(۳) "ثم الحال أن وصایا الذمی علی أربعة أقسام ..... و منها: إذا أوصیٰ بما یکون قربةً فی حقنا وحقهم، کما إذا أوصیٰ بأن یسرج فی بیت المقدس، أو یغزی الترک و هو من الروم، وهذا جائز، سواء کان القوم بأعیانهم أو بغیر أعیانهم؛ لأنه وصیة بما هو قربة حقیقةً فی معتقدهم أیضاً". (الهدایة: =

نہ ہو، مثلاً: یہ کہ وہ کل کو اپنی ملکیت اور شرکت کا دعویٰ مسجد پر نہ کریں، یا مسلمانوں پر احسان رکھیں، اور ان کو عار دلائیں کہ ہم نے تمہاری مسجد بنوائی اور اس میں چندہ دیا۔ بیت المقدس میں چراغ روشن کرنے کے لئے تیل دینے کی اباحت شامی وغیرہ میں موجود ہے(۱)۔

یہ اصل مسئلہ ہے اور یہی صحیح ہے، باقی ملا جیونؒ کا تفسیر احمدی میں اس کے خلاف فرمانا وہ قرآن کریم کی تفسیر نہیں، کشاف کے بیان کردہ جزئیہ پر نظر کرتے ہوئے ان کا اپنا ذاتی استنباط ہے، کسی نقلِ مذہب کے ساتھ مؤید نہیں (۲)، اس وجہ سے بہت کمزور اور دبے ہوئے الفاظ میں اس کو لکھا ہے اور کوئی نقل نہیں پیش کی، بلکہ نقل کی نفی کی ہے۔ اور یہ استنباط بھی من حیث المنطوق نہیں، بلکہ من حیث المفہوم ہے، چنانچہ اولاً ایک عبارت کشاف کی نقل کی، پھر اس پر متفرع کرتے ہوئے:

"فعلم منه أن البناء الجديد ممنوع لهم بالطريق الأولىٰ، فإن أراد كافر أن يبنىٰ مساجد أو يعمرها، يمنع منه، و هو المفهوم من النص وإن لم يدل عليه رواية، اهـ"(۳).

صاحب کشاف معتزلی ہیں، ان کی تفسیر معتبر نہیں، البتہ صنائع اور بدائع کے نکات جو کچھ وہ بیان کریں معتبر ہیں، لہذا اس کی جو کچھ حیثیت مذہب میں ہوگی وہ معلوم ہے، بخلاف فتویٰ حضرت گنگوہیؒ کے کہ وہ کتبِ

= ۶۸۵/۴، كتاب الوصايا، باب وصية الذمي، إمداديه ملتان)

(وكذا في ردالمحتار: ۶۹۶/۶، كتاب الوصايا، فصل في وصايا الذمي وغيره، سعيد)

(۱) (راجع، ص: ۱۳۳، رقم الحاشية: ۳)

(۲) "چنانچہ صاحب کشاف کی عبارت نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"وقال صاحب المدارك: وكذا القاضي الأجل أخذاً من كلام صاحب الكشاف: و عمارتها تتناول رمَّ ما سترمّ منها، وقمها، وتنظيفها، وتنويرها بالمصابيح، وصيانتها مما لم تبن له المساجد من أحاديث الدنيا؛ لأنها بنيت للعبادة والذكر، والمراد من الذكر درس العلم، انتهىٰ كلامه. فعلم منه أن البناء الجديد ممنوع لهم بالطريق الأولىٰ". (التفسيرات الأحمدية، ص: ۴۵۴، سورة التوبة، مكتبه حقانيه)

(۳) (التفسيرات الأحمدية، المصدر السابق)

Made searchable using ScribeTools.com

مذہب: متون، شروح وفتاویٰ سب میں موجود ہے، كما لا يخفىٰ على من له ممارسة بالفقه(۱)۔

علاوہ ازیں کتنی ہی ہندو ریاستیں ہیں جہاں ان راجاؤں نے مسلمان رعایا کے لئے مسجدیں بنوا رکھی ہیں جن میں بغیر نکیر صدیوں سے نماز ہوتی ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ خانہ کعبہ خود کفار کا تعمیر کیا ہوا تھا جس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی اور زمانۂ فتوحات میں آپ کے بعد خلفائے راشدین نے اس کی تعمیر کو تعمیرِ کفار ہونے کی وجہ سے بدلوانے کی ضرورت نہیں سمجھی۔

اب رہی یہ بات کہ آیت کا مطلب کیا ہے، سو مطلب یہ ہے:

"خص الله سبحانه عمارة المسجد بالمؤمنين، فإنهم هم الجامعون هذه الكمالات العلمية والعملية، والمراد بعمارة المسجد أو مرمته العبادةُ والذكر فيه، و درس العلم والقرآن. عن أبي سعيد الخدري رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إذا رأيتم الرجل يعتاد المسجد، —و في رواية—: يتعاهد المسجد، فاشهدوا له بالإيمان، فإن الله تعالىٰ قال: ﴿إنّما يعمر مساجد الله من امن بالله واليوم الاٰخر﴾، اهـ". رواه الترمذي و ابن ماجة والدارمي والبغوي، اهـ". تفسير مظهري، سورة التوبة(۲)۔

اگر تفسیر بیان القرآن آپ کے پاس موجود ہو تو اس کو دیکھئے اس میں اس مسئلہ سے تعرض کیا ہے(۳) اور اصولی بحث احکام القرآن میں ہے(۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/۸/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) (راجع، ص: ۱۳۴، رقم الحاشية: ۳)

(۲) (التفسير المظهري: ۴/۱۴۷، ۱۴۸، سورة التوبة، حافظ كتب خانه كوئٹه)

(۳) "مطلب یہ ہے کہ عمارتِ مساجد گو عملِ محمود ہے، لیکن باوجود شرک کے کہ اُس کا منافی ہے اس عمل کی اہلیت ہی مفقود ہے اور اس لئے وہ محض غیر معتد بہ ہے پھر فخر کی کیا گنجائش ہے"۔ (بيان القرآن: ۴/۱۰۰، سورة التوبة، سعيد)

(۴) "عمارة المسجد بمعنيين: أحدهما: زيارته والكون فيه. والآخر: بنائه و تجديد ما استرم منه، =

مسجد میں اہلِ ہنود کا روپیہ

سوال[۷۳۰۷]: عمارتِ مسجد میں اہل ہنود، یا اہل تشیع کا روپیہ خرچ کر سکتے ہیں کہ نہیں؟ اگر خرچ کرنا جائز ہے تو اس آیت کا کیا مطلب ہوگا ﴿ما كان للمشركين أن يعمروا مساجد الله شاهدين على أنفسهم بالكفر﴾ الآية(۱)؟ اگر ناجائز ہے تو بیت اللہ شریف کی عمارت کی کیا توجیہ ہوگی، جو زمشرکین سے بنی تھی، اور عہدِ نبوی کے بعد تک قائم رہی؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر ان کے نزدیک مسجد بنانا عبادت وثواب ہے اور کوئی دوسرا مانع بھی نہیں، تو ان کا روپیہ تعمیر مسجد میں لگانا شرعاً درست ہے(۲)۔ آیت میں ''عمارت'' سے مراد مسجد کی آبادی، تولیت، انتظام ہے(۳) جیسے کہ پہلے

= وذلک لأنه يقال: اعتمر إذا زار، و منه العمرة؛ لأنها زيارة البيت، و فلان من عمار المساجد إذا كان كثير المضى إليها والسكون فيها، وفلان يعمر مجلس فلان إذا أكثر غشيانه له، فاقتضت الآية منع الكفار من دخول المساجد ومن بنائها، وتولّى مصالحها، والقيام بها لانتظام لفظ الأمرين". (أحكام القرآن للجصاص: ۱۲۹/۳، ۱۳۰، سورة التوبة، قديمى)

(۱) (سورة التوبة: ۱۷)

(۲) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "شرط وقف الذمى أن يكون قربةً عندنا وعندهم كالوقف على الفقراء أو على القدس". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: قد يثبت الوقف بالضرورة : ۳۴۱/۴، سعيد)

"أما الإسلام، فليس من شرطه، فصح وقف الذمى بشرط كونه قربةً عندنا وعندهم". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۱۶/۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الأول: ۳۵۲/۲، ۳۵۳، رشيديه)

(۳) "عمارة المسجد بمعنيين: أحدهما: زيارته والكون فيه، والآخر: بنائه، وتجديد ما استرم منه ..... فاقتضت الآية منع الكفار من دخول المساجد ومن بنائها وتولى مصالحها والقيام فيها لانتظام لفظ الأمرين". (أحكام القرآن للجصاص: ۱۲۹/۳-۱۳۰، سورة التوبة، قديمى)

"خص الله سبحانه عمارة المسجد بالمؤمنين، فإنهم هم الجامعون هذه الكمالات العلمية=

Made searchable using ScribeTools.com

سے بیت اللہ پر مشرکین کا تسلط وقبضہ تھا جس کا ظہور خاص طور پر ایامِ حج میں ہوتا تھا، کعبہ شریف کی چابی بھی انہی لوگوں کے پاس رہتی تھی، جس کو چاہتے داخل ہونے دیتے، جس کو چاہتے روک دیتے، چنانچہ قبل ہجرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو روکا اور حدیبیہ کے موقعہ پر مستقل ہنگامہ برپا کیا(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

غیر مسلم کا روپیہ تعمیر مسجد میں لگانا

سوال[۷۳۰۸]: کسی غیر مسلم کا روپیہ مسجد کی عمارت میں صرف کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر کوئی غیر مسلم مسجد میں روپیہ وغیرہ دے اور بنیتِ حصولِ ثواب یعنی اس کو عبادت سمجھ کر تو شرعاً اس کا

= والعملية. والمراد بعمارة المسجد أو مرمته العبادةُ والذكر فيه ودرس العلم والقرآن. عن أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إذا رأيتم الرجل يعتاد المسجد". وفى رواية: "يتعاهد المسجد، فاشهداو له بالإيمان، فإن الله تعالىٰ قال: ﴿إنما يعمر مساجد الله من آمن بالله واليوم الآخر﴾ اهـ". رواه الترمذى وابن ماجة والدارمى والبغوى". (التفسير المظهرى: ۱۴۷/۴، ۱۴۸، سورة التوبة، حافظ كتب خانه كوئٹه)

(۱) "عن عروة بن الزبير عن المسور بن مخرمة ومروان بن الحكم -يزيد أحدهما على صاحبه- قالا: خرج النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عام الحديبية فى بضع عشرة مأة من أصحابه، فلما أتى ذا الحليفة قلد الهدى وأشعره وأحرم منها بعمرة وبعث عيناً له من خزاعة، وسار النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، حتى إذا كان بغدير الأشطاط أتاه عينه، قال: إن قريشاً جمعوا لک جموعاً وقد جمعوا لک الأحابيش الأشطاط، وهم مقاتلوک وصادوک عن البيْت ومانعوک. فقال: "أشيروا أيها الناس علىّ أترون أن اَميل إلى عيالهم وذرارىّ هولاء الذين يريدون أن يصدونا عن البيت، فإن يأتونا كان الله قد قطع عيناً من المشركين وإلا تركناهم محروبين". قال أبوبكر: يارسول الله! خرجت عامداً لهذا البيت لاتريد قتل أحد ولا حرب أحد، فتوجّه له فمن صدنا عنه، قاتلناه. قال: "امضوا على اسم الله". (صحيح البخارى: ۵۹۷/۲، ۶۰۱، كتاب المغازى، باب غزوة الحديبية، قديمى)

(وكذا فى تاريخ الطبرى: ۲۷۰/۲، ۲۷۲، باب ذكر الخبر عن عمرة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم التى صده المشركون فيها عن البيت، و هى قصة الحديبية، مؤسسة الأعلمى بيروت لبنان)

مسجد میں لینا درست ہے(۱)۔اور اگر کوئی اَور مانع ہو مثلاً: اس روپیہ کی وجہ کسی فتنہ کا اندیشہ ہو، یا اہلِ اسلام اور اہلِ مسجد پر احسان سمجھ کر دے، یا احسان کا اظہار کرے وغیرہ وغیرہ تو اَمرِ آخر ہے(۲)، اس لئے بہتر صورت یہ ہے کہ وہ روپیہ کسی مسلم کو دیدے اور پھر وہ مقروض یا دیگر مسلم اس روپیہ کو مسجد میں دیدے اور اس روپیہ کو تعمیر مسجد میں خرچ کرنا درست ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۲/۶/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، ۲۶/ جمادی الثانی/۵۵ھ۔

---

(۱) "شرط وقف الذمی أن یکون قربةً عندنا وعندهم، کالوقف علی الفقراء أو علی مسجد القدس".

(ردالمحتار: ۴/ ۳۴۱، کتاب الوقف، مطلب: قدیثبت الوقف بالضرورة، سعید)

"و أما الإسلام، فلیس من شرطه، فصح وقف الذمی بشرط کونه قربةً عندنا وعندهم".

(البحر الرائق: ۵/ ۳۱۶، کتاب الوقف، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۲/ ۳۵۲، ۳۵۳، کتاب الوقف، الباب الأول، رشیدیه)

(۲) "درء المفاسد أولیٰ من جلب المنافع: أی إذا تعارض مفسدة ومصلحة، قدم رفع المفسدة".

(شرح المجلة لسلیم رستم، باب: ۱/ ۳۲، (رقم المادة: ۳۰)، المقالة الثانیة فی القواعد، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(وکذا فی الأشباه والنظائر: ۱/ ۲۹۰، الفن الأول، القاعدة الخامسة، إدارة القرآن کراچی)

(۳) "و فی شرح حیل الخصاف لشمس الأئمة الحلوانی رحمه الله تعالیٰ: أن الشیخ الإمام أبا القاسم الحکیم کان ممن یأخذ جائزة السلطان یقضی به دیونه، فالحیلة فی هذه المسائل أن یشتری نسیئةً، ثم ینقد ثمنه من أیّ مال شاء". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الثانی عشر فی الهدایا: ۵/ ۳۴۲، رشیدیه)

(وکذا فی خلاصة الفتاویٰ: ۴/ ۳۴۹، کتاب الکراهیة، الفصل الرابع فی المال من الإهداء والمیراث، رشیدیه)

"إذا أراد أن یحج بمال حلال فیه شبهة، فإنه یستدین للحج و یقضی دینه من ماله".

(التاتارخانیة، کتاب المناسک، باب المتفرقات: ۲/ ۵۷۶، إدارة القرآن کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

غیر مسلم کا مسجد تعمیر کرنے کا حکم

سوال[۷۳۰۹]: کوئی غیر مسلم مسجد کی تعمیر میں اپنا ذاتی روپیہ خرچ کر کے اس پر چھت ڈالدے، اور اس کے فرش کو پختہ کرادے۔ چاروں طرف اس کے دیواریں بنوادے شرعاً ایسی مسجد میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟ بینوا توجروا۔

معرفت مولانا عبدالرحمٰن صاحب صدر مدرس مدرسہ ہذا۔

الجواب حامداًومصلیاً:

غیر مسلم کا مسجد تعمیر کرانا وصیت للمسجد کے حکم میں ہے، پس اگر وہ اپنے عقیدہ میں اس کو قربت اور ثواب سمجھتا ہے تو یہ جائز ہے اور مسجد میں اس سے کوئی خرابی لازم نہیں آتی، اس میں نماز پڑھنا درست ہے۔ اور اگر وہ اس کو اپنے عقیدہ میں قربت اور ثواب کا کام نہیں سمجھتا تو یہ اس کے لئے جائز نہیں، مگر بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ غیر مسلم اس قسم کے کام قربت ہی سمجھ کر کرتے ہیں، ان کی کوئی اَور غرض اس سے نہیں ہوتی، لہذا صورت مسئولہ میں اس مسجد میں مسلمانوں کو نماز پڑھنا جائز ہے، کوئی حرج نہیں:

"ولو أن ذمياً أوصى بأن يشترى بثلث ماله رقاباً، وتعتق عنه بأعيانهم أو بغير أعيانهم، أو أوصىٰ بأن يتصدق بثلث ماله على الفقراء والمساكين، أو أن يسرج به فى بيت المقدس، أو يبنىٰ فيه، أو يغزى به الترك أو الديلم، والموصى من النصارىٰ، فالوصية صحيحة ..... ولو أوصىٰ بثلث ماله بأن يحج عنه قوم من المسلمين، أو يبنىٰ به مسجد للمسلمين، إن كان ذلك لقوم بأعيانهم، صحت الوصية، وتعتبر تمليكاً لهم، وكانوا بالخيار: إن شاؤا، أحجوا به، و بنوا المسجد، وإن شاؤا، لا. وإن كان ذلك لقوم غير معينين، فالوصية باطلة". فتاوى عالمگيرى: ٤/٥٣٧(١)۔

"وجملة الكلام فى وصايا أهل الذمة أنها لاتخلو: إما إن كان الموصى به أمراً هو قربة

---

(١) (الفتاوىٰ العالمكيرية: ٦/١٣١، ١٣٢، كتاب الوصايا، الباب الثامن فى وصية الذمى والحربى، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوصايا، باب وصية الذمى: ٩/٣٠٣، ٣٠٤، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوصايا، باب وصية الذمى: ١٠/٤٩٣، ٤٩٤، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

Made Searchable by ScribeTools.com

عندنا وعندهم، أو كان أمراً هو قربة عندنا لا عندهم، وإما إن كان أمراً هو قربة عندهم لاعندنا، فإن كان الموصى به شيئاً هو قربةعندنا وعندهم بأن أوصى بثلث ماله أن يتصدق به على الفقراء المسلمين، أو على فقراء أهل الذمة، أو بعتق الرقاب، وبعمارةالمسجد الأقصى ونحو ذلك، جاز في قولهم جميعاً؛ لأن هذا مما يقرب به المسلمون وأهل الذمة، الخ". بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع: ۳۴۱/۷(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۵/۱۲/۵۳ھ۔

صحیح: عبداللطیف، ۶/ ذی الحجہ/۵۳ھ۔

مسجد کے لئے غیر مسلم سے چندہ لینا

سوال[۷۳۱۰]: ہم ایسی جگہ پر رہتے ہیں جہاں پر مسلمان پورے شہر میں ۱۲/ ہیں، یہاں پر ۴۷ء سے پہلے مسجد ہے اور وہ ویران ہے یعنی گری پڑی ہے جس کی مرمت بہت ضروری ہے اور ہم لوگوں میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ اس میں خاص رقم لگا کر مرمت کریں۔ تو ہم شہر میں ہندوؤں سے چندہ لے سکتے ہیں، اور زکوۃ، فطرہ کی رقم لگا سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسی مسجد تعمیر کرنے کے لئے ہندوؤں سے چندہ نہ مانگیں کہ بڑی بے غیرتی ہے(۲)، زکوۃ اور صدقۃ

---

(۱) (بدائع الصنائع، كتاب الوصايا: ۵۰۰/۱۰، دارالكتب العلميه بيروت)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الوصايا، فصل في وصايا الذمي وغيره: ۶۹۶/۶، سعيد)

وكذا في البحر الرائق، كتاب الوصايا، باب وصية الذمي: ۳۰۳/۹، ۳۰۴، رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ولن يجعل الله للكافرين على المؤمنين سبيلا﴾ (سورة النسآء: ۱۴۱)

"الإسلام يعلو و لا يعلىٰ". (فيض القدير: ۲۵۴۶/۵، (رقم الحديث: ۳۰۶۳)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

"وقال: ﴿لاتتخذوا اليهود والنصارى أولياء، بعضهم أولياء بعض، ومن يتولهم منكم فإنه منهم﴾. فنهى في هذه الآية من موالاة الكفار و إكرامهم ..... و نهىٰ عن الاستعانة بهم في أمور المسلمين، =

Made searchable using ScribeTools.com

الفطر کا پیسہ بھی مسجد کی تعمیر میں صرف نہ کریں کہ وہ غریبوں کا حق ہے(۱)، بہت معمولی سے مسجد چھپر ڈال کر ذاتی پیسہ سے بنالیں، اللہ تعالیٰ اس کے پختہ کردینے کا بھی انتظام فرمادے گا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

غیر مسلم سے مسجد کے لئے چندہ لینا

سوال[۷۳۱۱]: ہمیں برطانیہ کے ایک شہر ''ریڈمبرا'' میں مذہبی ضروریات (مسجد، بچوں کی تعلیم کے لئے کمرے، مسجد کمیٹی کا دفتر اور چند کمرے کا جو مسجد کا خرچہ پورا کرنے کرایہ پر دیئے جائیں) کے لئے ایک مکان خریدنا ہے، تاکہ یہ ضروریات اس بلڈنگ سے پوری کی جائیں تو اگر کوئی ایک غیر مسلم ایسی عمارت کے چندہ دے تو کیا قبول کیا جاوے؟

براہ کرم قرآن وحدیث کی روشنی میں جلد جواب عنایت فرمائیں۔

حافظ عبدالکریم، روکس برک اسٹریٹ، اے ڈن برگ، اسکاٹ لینڈ (یوکے)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ ثواب سمجھ کر دے اور یہ اندیشہ نہ ہو کہ وہ اس کے نتیجہ میں کوئی غلط مقصد حاصل کرے گا، تو لینا درست ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۱/۲۴ھ۔

= لما فيه من العز وعلو اليد، وكذلك كتب عمر إلى أبى موسىٰ ينهاه أن يستعين بأحد من أهل الشرك فى كتابته". (أحكام القرآن، سورة براءة، مطلب فى تميز الطبقات: ۹۹/۳، دارالكتاب العربى، بيروت)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿إنما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها والمؤلفة قلوبهم و فى الرقاب والغارمين و فى سبيل الله وابن السبيل﴾ (سورة التوبة: ۶۰)

"لا يصرف إلى بناء نحو مسجد، ولا إلى كفن ميت و قضاء دينه، ولا إلى ثمن ما يعتق، لعدم التمليك، و هو الركن". (الدرالمختار: ۳۴۴/۲، كتاب الزكاة، باب المصرف، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق: ۴۲۱/۲، ۴۲۳، كتاب الزكاة، باب المصرف، رشيديه)

(۲) "و أما الإسلام، فليس من شرطه، فصح وقف الذمي بشرط كونه قربةً عندنا وعندهم".

(البحرالرائق، كتاب الوقف: ۳۱۶/۵، رشيديه) ..... =

کفار کا روپیہ مسجد وعیدگاہ میں صرف کرنا

سوال[۷۳۱۲]: کفار کا روپیہ وغیرہ مسجد یا عیدگاہ میں لگ سکتا ہے یا نہیں؟ تیل جلانے کے واسطے مسجد میں دیں تو مسلمانوں کو لینا چاہئے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر ان کے نزدیک یہ روپیہ تیل وغیرہ مسجد میں دینا ثواب کا کام ہے تو درست ہے ورنہ نہیں، پہلی صورت میں اگر کوئی خارجی امر مانع ہو، مثلاً: کسی فتنہ کا اندیشہ ہو، یا وہ لوگ بعد میں ملکیت کا دعویٰ کریں، یا مسلمانوں پر احسان رکھیں، یا دباؤ ڈالیں تو پھر براہ راست روپیہ وغیرہ ان سے نہ لیا جائے، اگر وہ دینا چاہیں تو کسی مسلمان کی ملک کردیں اور پھر وہ مسلمان مسجد میں دیدے، هكذا يفهم من وقف الذمي و وصيته(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررالعبد محمود غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور۔

کافر بے دین کا روپیہ جدید مسجد میں

سوال[۷۳۱۳]: کافر بے دین کا روپیہ مدد لے کر نئی مسجد بنانا جائز ہے یا نہیں؟ اور بے دین مشرک کا روپیہ امداد لے کر مدرسہ میں لگانا، یا مدرسہ تیار کرنا اور طلباء کے کھانے کے خرچ میں لگانا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بے دین (کافر ومشرک) سے مسجد یا دینی مدرسہ کے لئے مدد طلب کرنا بے محل ہے، ہرگز طلب نہ

= (وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الوقف: ۵۶۸/۲، غفاريه كوئٹه)

(۱) "أن شرط وقف الذمي أن يكون قربةً عندنا وعندهم كالوقف على الفقراء أو على مسجد القدس".

(ردالمحتار: ۳۴۱/۴، كتاب الوقف، مطلب: قد يثبت الوقف بالضرورة، سعيد)

"وأما الإسلام، فليس من شرطه، فصح وقف الذمي بشرط كونه قربةً عندنا وعندهم".

(البحرالرائق: ۳۱۶/۵، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيريه: ۳۵۲/۲، ۳۵۳، كتاب الوقف، الباب الأول، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کریں(۱)، اگر وہ خود مدد کرے اور اس مدد سے کسی غلط اثر کا اندیشہ نہ ہو تو قبول کر لینا درست ہے(۲)۔ غلط اثر یہ ہے کہ مثلاً: وہ ملکیت کا دعویٰ کرے، یا احسان جتائے، یا اپنے مندر وغیرہ کے لئے چندہ طلب کرے، یا ووٹ وغیرہ کا مطالبہ کرے، ایسی حالت میں مدد قبول نہ کی جائے(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۹۶ھ۔

ہندو مسلم کا مخلوط پیسہ تعمیر مسجد میں صرف کرنا

سوال[۷۳۱۴]: تعمیر مسجد کے واسطے ہم لوگوں نے ایک بکس مسجد کے کنارے عام راستہ پر لٹکایا دیا، اس بکس میں مسلمان، ہندو، عیسائی وغیرہ سب ہی لوگ پیسہ ڈالتے ہیں۔ کیا یہ مشترکہ پیسہ مسجد کی تعمیر میں لگایا جاسکتا ہے؟ اگر غیر مسلموں کے اس صندوق میں پیسہ ڈالنے سے پیسہ مشتبہ ہو جائے تو اس پیسہ کو کس جگہ

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿یا أیها الذین آمنوا لا تتخذوا بطانةً من دونکم لا یألونکم خبالا﴾ (سورة آل عمران: ۱۱۸)

"فنهی الله تعالیٰ المؤمنین أن یتخذوا أهل الکفر بطانةً من دون المؤمنین، وأن یستعینوا فی خواص أمورهم. و أخبر عن ضمائر هؤلاء الکفار للمؤمنین، فقال: ﴿لا یألونکم خبالا﴾ یعنی لا یقصرون فیما یجدون السبیل إلیه من إفساد أموركم؛ لأن الخبال هو الفساد". (أحکام القرآن للجصاص: ۳۶/۲، ۳۷، دارالکتاب العربی بیروت)

"فنهی فی هذه الآیة عن موالات الکفار وإکرامهم ..... و نهیٰ عن الاستعانة بهم فی أمور المسلمین، لما فیه من العز وعلو الید، و کذالک کتب عمر إلیٰ أبی موسیٰ رضی الله تعالیٰ عنهما ینهاه أن یستعین بأحد من أهل الشرک فی کتابته". (أحکام القرآن للجصاص: ۹۹/۳، دار الکتاب العربی بیروت)

(۲) "شرط وقف الذمی أن یکون قربةً عندنا وعندهم، کالوقف علی الفقراء أو علی مسجد القدس". (ردالمحتار: ۳۴۱/۴، کتاب الوقف، مطلب: قد یثبت الوقف بالضرورة، سعید)

(و کذا فی البحر الرائق: ۳۱۶/۵، کتاب الوقف، رشیدیه)

(۳) "درءُ المفاسد أولیٰ من جلب المنافع: أی إذا تعارض مفسدة و مصلحة، قدم رفع المفسدة". (شرح المجلة لسلیم رستم: ۳۲/۱، (رقم المادة: ۳۰)، المقالة الثانیة فی القواعد، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(و کذا فی الأشباه والنظائر: ۲۹۰/۱، الفن الأول، القاعدة الخامسة، إدارة القرآن کراچی)

لگایا جائے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر تعمیر مسجد کے لئے راستہ کے کنارے کوئی صندوق لٹکا دیا گیا اور رہ گزر اس میں پیسے ڈالتے ہیں تو وہ پیسہ اس تعمیر میں لگانا درست ہے، خواہ ڈالنے والے مسلم ہوں یا غیر مسلم، سب کا پیسہ اس صورت میں لگا سکتے ہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۴/۹۶ھ۔

ہندو کا مسجد میں لوٹے دینا

سوال[۷۳۱۵]: ایک ہندو کمہار مسجد میں وضو کے لئے مٹی کے لوٹے بنا کر مفت دینا چاہتا ہے، مسجد کے لئے اس سے لوٹے بلا قیمت دیئے لیکر مسجد میں وضو کے لئے رکھے جاسکتے ہیں، یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر کمہار کسی ثواب کی نیت سے دیتا ہے اور مصلحت کے خلاف بھی نہیں تو وضو کے لئے ان کا لینا درست ہے: "شرط وقف الذمی أن یکون قربةً عندنا وعندهم، کالوقف علیٰ الفقراء أو علی مسجد القدس". شامی: ۳/۵۵۶ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/۵/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۷/ جمادی الاولی/۵۵ھ۔

---

(۱) "شرط وقف الذمی أن یکون قربةً عندنا وعندهم، کالوقف علی الفقراء أو علی مسجد القدس".

(ردالمحتار: ۴/۳۴۱، کتاب الوقف، مطلب: قد یثبت الوقف بالضرورة، سعید)

"وأما الإسلام، فلیس من شرطه، فصح وقف الذمی بشرط کونه قربةً عندنا وعندهم".

(البحر الرائق: ۵/۳۱۶، کتاب الوقف، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۲/۳۵۲، ۳۵۳، کتاب الوقف، الباب الأول، رشیدیه)

(۲) (ردالمحتار: ۴/۳۴۱، کتاب الوقف، مطلب: قد یثبت الوقف بالضرورة، سعید)

"وأما الإسلام فلیس من شرطه، فصح وقف الذمی بشرط کونه قربةً عندنا وعندهم".

(البحر الرائق: ۵/۳۱۶، کتاب الوقف، رشیدیه) ..... =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

غیر مسلم کی زمین سے مٹی لیکر مسجد میں لگانا

سوال[۷۳۱۶]: ایک غیر مسلم کی زمین ہے، اس کے بغل میں مسجد تعمیر ہوئی ہے۔ جو غیر مسلم کی زمین ہے اس کی ایک مسلم دیکھ ریکھ کرتے ہیں، لیکن محلّہ کے لوگ اس غیر مسلم کی زمین سے مٹی کاٹ کر مسجد میں لگاتے ہیں، اور جس شخص کی نگرانی میں وہ زمین ہے اس کے منع کرنے پر اس کا بائیکاٹ کردیا ہے تو ایسا کرنا از روئے شرع کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

غیر مسلم کی زمین سے بغیر مالک کی اجازت کے مٹی لینا اور مسجد میں لگانا جائز نہیں ہے، ایسا کرنے سے یہ لوگ ظالم اور گنہگار ہیں (۱)۔ اللہ پاک کے گھر میں پاک مال لگایا جاوے، حرام مال اللہ کے یہاں مقبول نہیں ہے (۲)۔ ان لوگوں کو اپنی اس حرکت سے باز آنا چاہئے اور جس قدر مٹی لی ہے وہ واپس کردیں، یا پھر اصل مالک سے اس کو خرید لیں اور قیمت ادا کردیں تب مسجد میں لگائیں (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۴/۹۰ھ۔

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيريه: ۳۵۲/۲، ۳۵۳، كتاب الوقف، الباب الأول، رشيديه)

(۱) "عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه". (مشكوة المصابيح: ۲۵۵/۱، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، قديمي)

(۲) "(قوله: لو بمال حلال) قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۶۵۸/۱، سعيد)

(وكذا في حاشية الطحطاوي على الدر المختار: ۲۷۸/۱، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلوة، دار المعرفة بيروت)

"عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إنّ الله طيّبٌ، لا يقبل إلا الطيب" (مشكوة المصابيح: ۲۴۱/۱، كتاب البيوع، باب الكسب وطلب الحلال، رشيديه)

(۳) "ليس لأحد أن يأخذ مال غيره بلا سبب شرعيّ، وإن أخذه ..... وجب عليه ردّه عيناً إن كان قائماً، وإلا فيضمن قيمته إن كان قيمياً، ومثله إن كان مثلياً". (شرح المجلة لسليم رستم: ۶۲/۱، (رقم المادة: ۹۰)، المقالة الثانية، مكتبه حنفيه كوئٹه)

الفصل السابع عشر فی جمع التبرعات للمسجد بطریق الاکتتاب

(مسجد کے لئے چندہ جمع کرنے کا بیان)

چندۂ مسجد کا حکم

سوال[۷۳۱۷]: زید نے کچھ روپیہ اپنے پاس سے اور کچھ چندہ سے جمع کیا مسجد کے حصہ کو بڑھانے کے واسطے، مگر وہ روپیہ ابھی تک کسی خرچ میں نہیں آیا تھا کہ زید کا انتقال ہوگیا، اب وہ حصہ داران اس شخص سے جس کے قبضہ میں وہ روپیہ ہے لیکر مہتمم مسجد کو ادا کردیں تاکہ وہ مسجد میں لگادیں۔ اگر وہ روپیہ دینے سے انکار کرے تو اس شخص کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کسی شخص کو وہ روپیہ خود رکھنا جائز نہیں (۱)۔ اگر زید نے اس کے خرچ کرنے کے متعلق اس شخص کو وصیت کی ہے تب تو مہتمم اور اہل محلّہ کے مشورہ کے موافق مسجد میں صرف کردے، ورنہ مہتمم مسجد کو دیدے، یا جن سے زید نے بطور چندہ وصول کیا ہے (ان کو دیدے)، خود رکھنے اور اپنے خرچ میں لانے سے یہ شخص خائن اور غاصب ہوگا (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور۔

---

(۱) "رجل جمع مالاً من الناس، لينفقه فی بناء المسجد، وأنفق من تلک الدراهم فی حاجة نفسه، ثم رد بدلها فی نفقة المسجد، لايسعه أن يفعل ذلک. وإذا فعل إن كان يعرف صاحب المال، ردالضمان عليه، أو يسئله ليأذن له بإنفاق الضمان فی المسجد". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/۲۹۹، رشيديه)

(۲) "فإن طلبها ربها حبسها، وهو قادر علی تسليمها: أی الوديعة، صار غاصباً، فيضمن إن ضاعت، لوجود التعدی بمنعه". (مجمع الأنهر، كتاب الوديعة: ۳/۴۷۰، غفاريه كوئٹه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کا خرچ ذاتی پیسہ سے ہو یا چندہ سے؟

سوال[۷۳۱۸]: میں ضلع بلند شہر میں رہتا ہوں، اس کے ایک محلّہ میں مسجد شیشہ والی موجود ہے جس کی تعمیر اپنی معرفت شیخ خیراتی صاحب نے اپنے آباء واجداد والی زمین میں اپنے ذاتی پیسے سے کرائی تھی اور تاحیات برابر مسجد مذکور کا کل اہتمام، انتظام، مرمت وغیرہ اپنی ہی ذاتی پیسہ سے کرتے رہے۔ اس مسجد میں کبھی کسی کا چندہ کا پیسہ نہ شیخ خیراتی صاحب نے لگایا۔ ان کی وفات پر ان کی تجہیز وتکفین بھی اسی مسجد کے ایک حصہ میں ہوئی، جہاں ان کی تولیت تک ان کا قیام رہا تھا۔

بعد وفات شیخ خیراتی صاحب مرحوم ان کی اولاد در اولاد مسجد کی نگہداشت، مرمت وغیرہ کا کام خود انجام دیتی رہی اور اب تک وہی انجام دے رہے ہیں اور کسی کا کوئی چندہ کا پیسہ اس مسجد میں نہیں لگایا گیا ہے اور اپنے ذاتی پیسہ سے ہی کل کام انجام دیتے ہیں۔ اس مسجد میں کتبہ بھی ہمارے مورث اعلیٰ شیخ مرحوم صاحب کا لگا ہوا ہے۔

اب شیخ املی، محمد ولی شیخ املی وغیرہ اس قصبہ کے لوگ ہم کارکنان کے کام میں رخنہ انداز ہیں، یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اس مسجد میں عام مسلمانوں کا ہی چندہ کا پیسہ لگایا جائے، صرف شیخ خیراتی کی اولاد در اولاد کا کوئی حق نہ رکھا جائے۔

قبلہ مولانا صاحب! ان لوگوں کے اس خیال سے چندہ کی رقم مسجد میں لگانے سے ہم اور ہمارے دیگر برادران خاندان کو سخت اعتراض ہے جب کہ ہم لوگ اپنے ذاتی پیسہ لگا کر کام انجام دے رہے ہیں اور آئندہ لگانے پر تیار ہیں، کسی شخص سے کوئی حاجت چندہ مانگ کر پیسہ لگانے کی نہیں ہے۔ لہٰذا اس صورت میں دریافت طلب امر یہ ہے کہ:

۱.....مسجد مذکورہ کا کل اہتمام، انتظام اولاد در اولاد شیخ مرحوم پر لازم ہے یا نہیں؟

۲.....اگر کچھ اشخاص بغیر ہماری مرضی واجازت اپنی کوشش سے چندہ کریں تو ان لوگوں کا یہ فعل یعنی چندہ کر کے مسجد میں لگانا درست ہے یا نہیں؟ مہربانی فرما کر جواب سے مطلع فرمائیں۔

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الوديعة: ۷/۴۶۷، رشيديه)

(وكذا في شرح المجلة: ۱/۴۴۰، (رقم المادة: ۷۹۴)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کہ بانی مسجد کی اولاد اپنے ذاتی پیسہ سے مسجد کی ضروریات پوری کرتی اور انتظام درست رکھتی ہے اور کسی قسم کی کوئی شکایت نہیں ہے تو دوسرے لوگوں کا دخل دینے اور انتظام سنبھالنے اور چندہ کر کے تعمیر وغیرہ وہاں بنانے کا حق نہیں (۱)، ان لوگوں کا یہ اقدام غلط ہے، نہ کسی اَور تصرف کا حق ہے۔ اگر کوئی انتظامی شکایت ہو تو متولی ومنتظم سے کہہ کے اس کا انتظام کرالیں۔ ہاں! اگر ان کے پاس پیسہ نہ ہو تو پھر ضروریاتِ مسجد کے لئے چندہ کرلیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۹۰ھ۔

بجائے متولی کے چندہ فنڈ میں جمع کرنا

سوال [۷۳۱۹]: یہاں قصبہ میں متولیانِ مساجد کی طرف سے اکثر لوگ شاکی رہتے ہیں، چونکہ بعض متولی آمد وصرف مسجد کی حساب فہمی اہل محلّہ کو نہیں کراتے، حتی کہ بعض متولی سے خیانت ثابت ہوتی ہے۔ اور یہاں قصبہ میں ایک اسلامی فنڈ ہے جس کی صورت یہ ہے کہ مسلمانانِ قصبہ سے حسبِ حیثیت چندہ

---

(۱) "وفی الأصل: الحاکم لا یجعل القیم من الأجانب ما دام من أهل بیت الواقف من یصلح لذلک". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی ولایة الوقف و تصرف القیم فی الأوقاف، الخ: ۴۱۲/۲، رشیدیه)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الوقف: ۳۷۹/۵، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب الوقف، الولایة فی الوقف: ۷۴۳/۵، إدارة القرآن کراچی)

"رجل بنی مسجداً لله تعالیٰ، فهو أحق الناس بمرمته و عمارته و بسط البواری والحصر والقنادیل والأذان والإقامة والإمامة إن کان أهلاً لذلک، فإن لم یکن فالرأی فی ذلک إلیه". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، فصل: کره غلق المسجد، الخ: ۱۱۰/۱، رشیدیه)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً، الخ: ۲۹۷/۳، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

قرض لیا جاتا ہے اور غریب مسلمانوں کو بالخصوص زیور لے کر بلاسودی قرضہ دیا جاتا ہے، اس لئے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ متولیانِ مساجد بھی سرمایۂ مساجد کو اسلامی فنڈ میں اپنی ذمہ داری پر بطورِ قرض کے داخل کردیں اور جس وقت صرف کے لئے ضرورت ہوا کرے فنڈ سے واپس لے کر صرف کردیا کریں، کیونکہ فنڈ کا یہ قاعدہ ہے کہ قرض دہندہ اپنا قرضہ کل یا جز اپنی ضروریات پر جس وقت واپس لینا چاہتا ہے، اس وقت اس کو واپس دیدیا جاتا ہے۔

خیال ہے کہ اس صورت میں رقم مساجد محفوظ ہوجاوے گی اور ہر شخص کو حساب فہمی میں آسانی ہوگی۔ آیا اس صورت میں رقم مساجد کو فنڈ میں بطور قرض کے داخل کر کے اس پر تصرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر متولی مسجد سے خیانت ثابت ہوجائے تو باقاعدہ حاکمِ وقت کے ذریعہ اس کا ثبوت دے کر تولیت سے علیحدہ کردیا جائے۔ اور اگر محض شبہ وظن ہے ثبوت نہیں تو علیحدہ نہ کیا جائے، البتہ متولی کو لازم ہے کہ جملہ حساب کتاب صاف رکھے، یا اربابِ حل وعقد کی ایک کمیٹی بنادی جائے تاکہ کسی کو شبہ واعتراض کی گنجائش نہ ہو:

"فإن طعن في الوالي طاعنٌ، لم يخرجه القاضي عن الولاية إلا بخيانة ظاهرة".

عالمگیری: ۲/ ۴۲۰ (۱)۔

سرمایۂ مساجد متولی کے پاس امانت ہوتا ہے، اس کو اپنے کام میں لانا، یا کسی کو قرض دینا درست نہیں، اس کو صرف مسجد کے کام میں خرچ کرنے کا حق ہے، ناحق اگر تصرف کرے گا تو ضامن ہوگا (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور ۲۲/ ۱/ ۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف۔

---

(۱) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس في ولاية الوقف و تصرف القيم في الأوقاف، الخ: ۲/ ۴۱۲، رشيديه)

"وقدمناه أنه لا يعزله القاضي بمجرد الطعن في أمانته، و لا يخرجه إلا بخيانة ظاهرة بينة".

(البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۴۱۱، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يأثم بتولية الخائن: ۴/ ۳۸۰، سعيد)

(۲) "ليس للمتولي إيداع مال الوقف والمسجد إلا ممن في عياله، لا إقراضه، فلو أقرضه ضمن، وكذا =

Made Searchable by ScribeTools.com

مسجد و مدرسہ کے نام سے مشترکہ چندہ کرنا

سوال[۷۳۲۰]: ایک بستی والے مسجد و مدرسہ کی تعمیر کرنا چاہتے ہیں جس کا چندہ ایک جگہ کرنا چاہتے ہیں۔ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟ اگر چندہ یکجا کرلیا جائے اور چندہ دہندہ سے کہہ دیا جائے کہ ہم مسجد و مدرسہ دونوں تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔ اور چندہ دینے والا یہ کہہ دے کہ دونوں میں سے کسی میں استعمال کرلو۔ تو کیا ایسا کرنا جائز ہے یا دونوں کا علیحدہ علیحدہ چندہ ہونا چاہیے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مسجد اور مدرسہ دونوں کے لئے مشترکہ چندہ کرنا درست ہے(۱) اور جب یہ اعلان کردیا کہ دونوں کی تعمیر ہوگی اور دونوں کے لئے لوگ چندہ دے رہے ہیں تو پھر کیا تردد ہے۔ علیحدہ علیحدہ کرنا چاہے تو اس کی بھی اجازت ہے، پھر جو چندہ جس کے لئے وصول کیا ہے اس کو اسی میں صَرف کرنا چاہیے، ایک کا چندہ دوسرے مصرف میں صرف نہ کرے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۲/۱۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۲/۱۹ھ۔

= المستقرض". (البحرالرائق، کتاب الوقف: ۵/ ۴۰۱، رشیدیه)

(الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الخامس فی ولایة الوقف وتصرف القیم فی الأوقاف، الخ: ۲/ ۴۱۳، رشیدیه)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً، الخ: ۳/ ۲۹۹، رشیدیه)

(۱) "رجل أعطی درهماً فی عمارة المسجد أو نفقة المسجد أو مصالح المسجد، صح". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد ومایتعلق به، الفصل الثانی: ۲/ ۴۶۰، رشیدیه)

(۲) "أما إذا اختلف الواقف أوا تحد الواقف واختلفت الجهة بأن بنی مدرسةً ومسجداً، وعین لکل وقفاً، وفضل من غلة أحدهما، لا یبدل شرط الواقف، وکذا إذا اختلف الواقف والجهة، یتبع شرط الواقف ..... هذا هو الحاصل من الفتاویٰ، وقد علم منه أنه لایجوز لمتولی الشیخونیة بالقاهرة =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد و مدرسہ کے مشترکہ چندہ سے مسجد کی توسیع اور مدرسہ کے لئے دوکان بنانا

سوال[۷۳۲۱]: مسجد سے ملحق ایک جگہ نئے مدرسہ کی تعمیر کے لئے چندہ کر کے مشترک پیسہ سے خریدی گئی اور ضرورت کے مطابق مسجد میں اضافہ کر دیا گیا اور چار دکانیں بنوائی گئیں، دکانوں کے کرایہ کی آمدنی سے لاگت وصول ہو کر مسجد کے حساب میں فریب قریب پوری جمع ہو چکی ہے۔ مدرسہ کی تعمیر کا سلسلہ آیا تو چاروں دوکانیں مدرسہ کی ملکیت مان کر اوپر مدرسہ کی تعمیر کرادی گئی جو کہ دوکانیں اور مدرسہ کی عمارت مسجد کے ایک سائڈ میں واقع ہے، مسجد اور مدرسہ ایک ہی بنایا گیا ہے۔

ایک مسجد کے خرچہ سے فاضل آمدنی مدرسہ میں لگائی جاسکتی ہے یا نہیں، کیا خریدی ہوئی زمین کی تقسیم مدرسہ اور مسجد میں کر دینی درست ہے یا نہیں؟ کیا یہ تقسیم جائز ہوئی یا نہیں، جب کہ دونوں ادارے قومی ہیں؟ اس تقسیم کی کاروائی باضابطہ تحریر میں ہے جس میں ہے کہ یہ دکانیں مدرسہ کی ملکیت ہیں اور رہیں گی، مسجد کی ملکیت کاغذات سرکاری میں غلط درج ہے۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کہ تعمیر مدرسہ اور توسیعِ مسجد کے لئے مشترک چندہ کیا گیا اور اس مشترک رقم سے زمین خریدی گئی اور حسبِ ضرورت مسجد میں اضافہ کرلیا گیا اور ایک جانب میں دکانیں بنوائی گئیں تو جس طرح مسجد میں جس قدر اضافہ کیا گیا وہ زمین مخصوص طور پر مسجد کی ہوگئی، بلکہ مسجد بن گئی، اس میں کوئی دوسرا کام مستقل کرنا مثلاً مدرسہ بنانا صحیح اور درست نہیں ہے(۱)۔

= صرف أحد الوقفين للآخر". (البحر الرائق، كتاب الوقف : ۳۶۲/۵، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۳۶۱/۴، سعيد)

(۱) "أما لو تمت المسجدية، ثم أراد البناء، منع ..... ولو خرب ماحوله واستغنى عنه، يبقى مسجداً عند الإمام والثاني أبداً إلى قيام الساعة، وبه يفتى، حاوى القدسي". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۳۵۸/۴، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد: ۴۲۱/۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد و ما يتعلق به: ۴۵۸/۲، رشيديه)

اس طرح اگر اربابِ مدرسہ کے نزدیک مناسب ہو کہ دوکانیں مدرسہ کے لئے مخصوص کردی جائیں اور ان کے کرایہ کی آمدنی مدرسہ میں صرف ہو اور ان کے اوپر مدرسہ تعمیر کرلیا جائے تو یہ بھی درست ہے، ان کا جو کرایہ مسجد میں جمع کردیا گیا ہے اس کو مسجد سے واپس نہ لیا جائے، کیونکہ اس وقت مدرسہ کی تعمیر کا سلسلہ نہ تھا اور ان میں صَرف شدہ رقم مشترک تھی، جس کا حاصل یہ تھا کہ حسبِ ضرورت مسجد و مدرسہ میں صرف کیا جائے۔ کاغذی اندراجات صحیح کرائے جائیں تاکہ آئندہ نزاع نہ ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۵ھ۔

اذان خانہ کے لئے چندہ کیا گیا اس سے مسافر خانہ بنانا

سوال[۷۳۲۲]: ہمارے گاؤں کے دو آدمیوں نے مسجد میں اذان خانہ بنوایا ہے، اس غرض سے باہر دیہات میں جاکر رقم چندہ جمع کیا ہے اور اس رقم کو اہل کار اور پنچ لوگوں نے قبضہ میں لیکر مسجد کا اذان خانہ تو درکنار مسجد کے کسی بھی کام میں نہ لاتے ہوئے مسافر خانہ وغیرہ کی درستی میں صرف کردیا، جس کی وجہ سے جن صاحبوں نے چندہ جمع کیا ہے وہ بہت ناراض ہیں اور ہر وقت کہتے ہیں اہل کار پنچوں سے کہ ہماری رقم جو خرچ کردی واپس کردو، ہم ایک وضو خانہ بنانا چاہتے ہیں، مگر پنچ کہتے ہیں کہ مسجد اور مسافر خانہ ایک ہی ہے، مسجد میں خرچ نہیں ہوا تو کیا ہوا، اپنی جماعت کا مکان تو درست ہوگیا۔ اب از روئے شرع کیا کریں، کیا مسجد کی رقم دوسرے کاموں میں خرچ کرنا جائز ہے یا کہ نہیں؟ بینوا وتوجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب اذان خانہ بنوانے کے لئے چندہ جمع کیا گیا ہے اور چندہ دینے والوں نے یہ کہہ کر چندہ دیا تو پنچ لوگوں کے لئے اس کا کسی دوسرے کام میں خرچ کرنا جائز نہیں ہے(۱)، ان کے ذمہ ضمان واجب ہے(۲)۔ جو

---

(۱) "وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من الموّكل، و قد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار، كتاب الزكاة: ۲/۲۶۹، سعيد)

(۲) "(وإن طلبها ربها، فحبسها قادراً على تسليمها، فمنعها): يعنى لو منع صاحب الوديعة بعد طلبه، وهو قادر على تسليمها، يكون ضامناً؛ لأنه ظالم بالمنع". (البحر الرائق، كتاب الوديعة: ۷/۴۶۷، رشيديه)

(وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب الوديعة: ۳/۴۷۰، غفاريه كوئٹه) .....=

Made searchable using ScribeTools.com

لوگ اپنا چندہ واپس مانگ رہے ہیں ان کو واپس مانگنے کا حق ہے اور پنچ لوگوں کے ذمہ اس کا واپس کرنا ضروری ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۵/ ۹۰ھ۔

چندۂ مسجد وانجمن سے مٹھائی وغیرہ

سوال[۷۳۲۳]: ایک جگہ نہر کے محکمہ کے مسلمان ملازموں نے ایک مسجد عام چندہ سے بنائی اور اس میں امام مقرر کیا جس کو چندہ اکٹھا کر کے تنخواہ بھی دیتے ہیں۔ایک انجمن بھی آبادیٔ مسجد کے لئے بنائی گئی ہے،اس کے اکثر ممبر یہی اہل کار ہیں،اپنی اپنی تنخواہوں میں سے حسبِ حیثیت آٹھ آنہ، روپیہ، دو روپیہ، پانچ، دس روپے دیتے ہیں، وہ سب روپیہ جمع کر کے خزانچی کے پاس جمع کر دیا جاتا ہے۔اس انجمن کے چند ممبر مخصوص عہدوں پر بعد انتخاب ممتاز کئے گئے ہیں، مثلاً: صدر، ناظم، خزانچی، سفیر۔ یہ ممتاز اصحابِ مسجد کی خدمت بلا معاوضہ کرتے ہیں۔

چونکہ ان کی رہائش اس جگہ دائمی نہیں ہوتی، بلکہ تبدیل بھی ہو جاتی ہے،اس تبدیلی کے موقعہ پر اس ممتاز مخصوص صاحب کی اس خدمت کا شکریہ ادا کرنے کے واسطے ''ٹی پارٹی'' کی جاتی ہے،احباب جمع ہوتے ہیں جن میں چندہ نہ دینے والے بھی شامل ہوتے ہیں،اس موقع پر کچھ.....رقم اس جمع شدہ چندہ سے خرچ کی جاتی ہے،مثلاً: مٹھائی وغیرہ خرید کر حاضرین کو تقسیم کی جاتی ہے۔اب دریافت طلب یہ امور ہیں:

۱.... یہ جمع شدہ چندہ مالِ وقف ہے یا نہیں؟

= (وكذا في تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب الإيداع: ۵/ ۶۶۵، سعيد)

(۱) "يلزم رد الوديعة إلى صاحبها إذا طلبها". (شرح المجلة: ۱/ ۴۴۰، (رقم المادة: ۷۹۴)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

"رجل جمع مالاً من الناس، لينفقه في بناء المسجد، وأنفق من تلك الدراهم في حاجة نفسه، ثم رد بدلها في نفقة المسجد، لا يسعه أن يفعل ذلك، وإذا فعل إن كان يعرف صاحب المال رد الضمان عليه، أو يسأله ليأذن له بإنفاق الضمان في المسجد". (فتاویٰ قاضي خان على هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/ ۲۹۹، رشيديه)

۲.....اس ممتاز مخصوص صاحب کی خدمت کا اعتراف کرتے ہوئے ان کی ٹی پارٹی پر اس جمع شدہ چندہ سے مٹھائی وغیرہ خرید کر تقسیم کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۳.....اس مٹھائی کو چندہ نہ دینے والے احباب کھا سکتے ہیں یا نہیں؟

۴.....چندہ دینے والے اصحاب جو اس وقت شریک نہیں ہوئے ان کا حق باقی ہے یا نہیں؟

۵.....اس طرح کرنے کے لئے سب چندہ دینے والوں کی اجازت ضروری ہے یا صرف ان ممتاز اصحاب کا فیصلہ کافی ہے؟

۶.....اس جمع شدہ رقم میں مدّ عمارت، تیل مسجد، عطیۂ غیر مسلم وغیرہ بھی شامل ہو اور ان کے خرچ کا الگ الگ حساب بھی کوئی نہیں، سب رقم ایک جگہ جمع ہیں۔ اس کا کیا حکم ہے۔

ان سب امور کا شرعی فیصلہ ارشاد فرمایا جائے تا کہ اس کے موافق عمل کیا جائے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....یہ جمع شدہ مال وقف نہیں (۱)۔

۲.....اگر چندہ دینے والوں کی اجازت ہے اور اس چندہ کا مصرف یہ بھی ہے تو یہ مٹھائی وغیرہ تقسیم کرنا شرعاً درست ہے، ورنہ نہیں (۲)۔

۳.....اگر چندہ دینے والوں کی طرف سے اس مٹھائی کو کھانے کے لئے چندہ دہندہ ہونا شرط نہیں کیا گیا، بلکہ ان کی طرف سے چندہ نہ دینے والوں کو بھی اجازت ہے تو ان کو کھانا بھی جائز ہے (۳)۔

---

(۱) "ولو وقف دراهم أو مكيلاً أو ثياباً، لم يجز. وقيل: في موضع تعارفوا ذلك، يفتى بالجواز، قيل: كيف؟ قال: الدراهم تقرض للفقراء، ثم يقبضها، أو تدفع مضاربةً ويتصدق بالربح، والحنطة تقرض للفقراء يزرعون، ثم تؤخذ منهم، والثياب والأكسية تعطى للفقراء ليلبسوها عند حاجتهم، ثم تؤخذ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثاني فيما يجوز وفقه وما لايجوز: ۳۶۲/۲، ۳۶۳، رشيديه)

(۲) "وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان فلا يملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار، كتاب الزكوة: ۲۶۹/۲، سعيد)

(۳) "عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: =

Made searchable using ScribeTools.com

۴.....اگران کی طرف سے تاکید ہے کہ ہمارا حق باقی رکھا جائے تب تو حق باقی رکھا جائے، اگران کی طرف سے اجازت ہے کہ ہمارا حق باقی رکھنے کی ضرورت نہیں تو باقی رکھنے کی ضرورت نہیں۔

۵.....اگر چندہ دہندگان نے ممتاز ارکان کو فیصلہ کا اختیار دیا ہے تب تو ان ممتاز ارکان کا فیصلہ کافی ہے، اگر اختیار نہیں دیا تو کافی نہیں، بلکہ سب کی رائے اور اجازت ضروری ہے۔

۶.....بہتر یہ ہے کہ مسجد کا مدّ اور انجمن کا مدّ علیحدہ علیحدہ رکھا جائے تاکہ ہر ایک کا چندہ صحیح مصرف پر صرف ہو۔ غیر مسلم اگر مسجد میں دے اور اس کے مذہب کے اعتبار سے مسجد میں دینا ثواب ہو تب تو اس کو مسجد میں صرف کیا جائے (۱)، ورنہ انجمن میں۔ اور اب تک چونکہ سب رقم ایک جگہ جمع ہے، لہذا جو کچھ خرچ ہوا وہ سب مشترک خرچ ہوا، اگر چندہ دہندگان کی اجازت ہو تو خرچ شدہ رقم کو انجمن کے حساب میں لگا کر مسجد کی رقم کو برقرار اور موجود تصور کیا جائے اور حساب علیحدہ علیحدہ کرلیا جائے۔ اگر اجازت نہ ہو تو دونوں کے حساب میں شمار کیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبداللطیف، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ۔

جبراً چندہ لینا

سوال[۷۳۲۴]: محرر تھانہ کہتا ہے: میں مسجد شریف کے لئے زمینداروں سے چندہ کروں گا، کیونکہ لوگ ایسے نیک کام میں امداد بالکل نہیں دیتے، اس لئے میں ان سے کہوں گا کہ مسجد کے لئے ضرور چندہ

= "ألا لاتظلموا، ألا! لايحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه". (مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، ص: ۲۵۵، قديمی)

(۱) "بخلاف ما لو وقف على مسجد بيت المقدس، فإنه صحيح؛ لأنه قربة عندنا و عندهم". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۱۶/۵، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، مطلب فی وقف الذمی، الباب الأول: ۳۵۳/۲، رشيديه)

(وكذا فی شرح العينی على كنز الدقائق، كتاب فی بيان أحكام الوصايا، باب وصية الذمی، ص: ۲۷۳، إدارة القرآن كراچی)

دو، بہرحال وصول کروں گا کارخیر کے لئے، میرا ذاتی نہیں ہے۔اس پر محرر صاحب سے کہا گیا کہ جو شخص چندہ خوشی سے دے اُن سے بہ سہولت لیا جائے، اس پر انہوں نے فرمایا: جس طرح دیں مسجد کے لئے ہے، ضرور کچھ نہ کچھ لوں گا۔اس کے متعلق کیا حکم ہے، اگر اس کے متعلق وہی قرضہ والی صورت مسطورہ بالا لیجائے تو درست ہے یا نہیں؟ جواب سے جلدی مطلع فرماویں، مسجد شریف کا کام شروع ہونے والا ہے تاکہ اس جواب کے آنے سے پہلے شروع نہ ہوجائے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جبراً چندہ وصول کرنا ناجائز ہے، جو اپنی خوشی سے دے اس سے لے لیا جائے جو نہ دے اس سے جبر کرنا گناہ ہے(۱) اور ایسے مال کا مسجد میں لگانا بھی ناجائز ہے:

"لأن الله تبارك و تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله، اهـ. شرنبلالية، اهـ". شامی: ۱/۶۸۸(۲)۔

جبراً تو لینا جائز ہی نہیں قرض لیکر دے یا کسی اَور طرح، جس سے جس قدر روپیہ لیا ہے اس کا واپس کرنا ضروری ہے(۳)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۶/۵۷ء۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/ جون/ ۱۹۵۷ء۔

---

(۱) "وعن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالىٰ علیه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا یحل مال امرئ إلا بطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(وسنن الکبری للبیهقی: ۴/۳۸۷، (رقم الحدیث: ۵۴۹۲)، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۲) (ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب: کلمة "لابأس" دلیل علی أن المستحب غیره؛ لأن البأس الشدة: ۱/۶۵۸، سعید)

(۳) "إذ لا یجوز لأحد من المسلمین أخذ مال أحد بغیر سبب شرعي". (ردالمحتار، کتاب الحدود، باب حد القذف، مطلب فی التعزیر بأخذ المال: ۴/۲۱، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الحدود، باب حد القذف، فصل فی التعزیر: ۵/۶۸، رشیدیه) =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کے لئے جبراً چندہ لینا

سوال[۷۳۲۵]: جبراً کسی شخص کو دباؤ دے کر نا جائز چندہ وصول کرنا مسجد کے واسطے کیسا ہے؟ مہربانی فرما کر حامل پرچہ ہذا کو جواب دے کر مشکور فرمائیں اور جواب علیحدہ علیحدہ تحریر فرمانا اور صاف صاف یعنی مفصل۔

خادم: انعام اللہ خان، دفتر تعلیم میونسپل بورڈ سہارنپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا کرنا ہرگز جائز نہیں اگر ایسا کیا ہے تو اس چندہ کی واپسی لازم ہے اس کو مسجد وغیرہ میں خرچ کرنا منع ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/ ۷/ ۵۷ھ۔

مسجد کی تعمیر کے لئے زبردستی چندہ لینا

سوال[۷۳۲۶]: ایک گاؤں ہے، جس کے باشندے نہایت ہی گمراہی میں مبتلا ہیں، زنا کاری، سود خوری، شراب نوشی عام ہے۔ اس گاؤں میں ایک مسجد تعمیر ہوئی ہے جس کا چندہ زبردستی وصول کیا تھا۔ آیا اس صورت میں مسجد کی تعمیر درست ہے یا نہیں؟ نیز اس مسجد میں نماز درست ہے یا نہیں، جب کہ گاؤں کے لوگ

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب السابع في حد القذف، فصل في التعزير ۲/ ۱۶۷، رشيديه)

(۱) "قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً، ومالاً سببه الخبيث، والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره؛ لأن البأس الشدة: ۱/ ۶۵۸، سعيد)

"ليس لأحد أن يأخذ مال غيره بلا سبب شرعي، وإن أخذ ولو على ظن أنه ملكه، وجب عليه ردّه عيناً، وإن كان قائماً، وإلا فيضمن قيمته". (شرح المجلة، (رقم المادة: ۹۷): ۱/ ۶۲، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الحدود، باب حد القذف، فصل في التعزير: ۵/ ۶۸، رشيديه)

(وكذا في النهر الفائق، الباب السابع في حد القذف، فصل في التعزير: ۳/ ۱۶۵، امداديه ملتان)

نہایت ہی غربت میں مبتلا ہیں؟ نیز کسی غیر مسلم کے چندے سے مسجد کی تعمیر درست ہے یا نہیں، اس مسجد میں نماز درست ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ اعمال بھی غضبِ خداوندی کے موجب ہیں اور زبردستی چندہ وصول کرنا بھی منع ہے(۱)، جن لوگوں سے زبردستی چندہ لیا گیا وہ اب معاف کردیں اور خدا کے نام پر دیئے ہوئے پیسے کو قبول کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعاء کریں، اس مسجد میں سب ہی آکر گناہوں سے توبہ کریں، اعمالِ قبیحہ سے باز آجائیں۔ نماز اس مسجد میں درست ہوگی۔ غیر مسلم سے تعمیرِ مسجد کے لئے چندہ مانگنا بڑی بے غیرتی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۱۰/۹۰ھ۔

مسجد کے لئے چندہ دیکر واپس لینا

سوال[۷۳۲۷]: ۱..... مسجد کی تعمیر کے سلسلہ میں بہت سے لوگوں نے چندہ دیا تھا اور امداد کیا تھا، مسجد کی تعمیر کی اجازت ہر محلّہ جات کے سربرآوردہ اصحاب سے لی گئی، تو فرمایا کہ بسم اللہ کرو اور کام شروع کرو۔ پھر کچھ اختلاف ہوگیا جس سے وہ لوگ اپنا چندہ جو اُسی مسجد کے لئے دیا تھا اور مسجد کی تعمیر کے بہت سے سامان بھی خرید لئے گئے تھے۔ ایسی صورت میں شرعاً وہ لوگ کیا اپنی امداد اور زرِ چندہ واپس لے سکتے ہیں یا نہیں اور

---

(۱) "عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا یحل مال امرئ إلا بطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(وسنن الکبری للبیهقی: ۳۸۷/۴، (رقم الحدیث: ۵۴۹۲)، دارالکتب العلمیة بیروت)

"إذ لایجوز لأحد من المسلمین أخذ مال أحد بغیر سبب شرعی". (ردالمحتار، کتاب الحدود، باب حد القذف، مطلب فی التعزیر بأخذ المال: ۲۱/۴، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الحدود، باب حد القذف، فصل فی التعزیر: ۶۸/۵، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، الباب السابع فی حد القذف، فصل فی التعزیر: ۱۶۷/۲، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

متولی مسجد پر کیا یہ ذمہ داری عائد ہوسکتی ہے کہ وہ ان کا چندہ واپس کردے اور متولی کو شرعاً اس کا اختیار حاصل ہے یا نہیں؟

۲.....اس مسجد کی تعمیر کے سلسلہ میں جن اصحاب نے امداد کی تھی اس میں بہت سے حضرات نے اپنے دادا، نانا، نانی و دیگر خویش واقارب مرحومین و نیز اپنی نابالغ اولاد اور آنحضور سرور کائنات علیہ افضل الصلوۃ وخلفائے راشدین مہدیین کی جانب سے کی تھی۔ کیا ان رقوم کو بھی وہ حضرات واپس لے سکتے ہیں، اور متولی ان رقوم کو ان اصحاب کو شرعاً واپس دے سکنے کا اختیار رکھتے ہیں؟ اب اس میں بعض حضرات مسجد ٹیڑھی ہونے کے پردہ میں عوام کو ورغلاتے ہیں کہ اس میں تو نماز ہی صحیح وجائز نہ ہوگی اور دوسری مسجد تعمیر کرا کر جمعہ الگ پڑھا جائے گا۔ اس پر عرض ہے کہ تفریق بین المسلمین وتفریقِ جماعت کا کتنا بڑا ثواب یا عذاب ہے اور دوسری مسجد بنوا کر یا دوسری جگہ جامع مسجد ہذا کو چھوڑ کر جمعہ ادا کرنا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟ بینوا بالکتاب توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... جب کہ وہ چندہ سب کا مخلوط ہے اور اس کا سامان بھی خرید لیا گیا ہے تو اب واپس لینے کا حق نہیں رہا نہ متولی کو واپس دینے کا حق ہے(۱)۔

۲.....اس چندہ کا حکم بھی مثل نمبر:۱ ہے۔ ایسی مسجد کے قبلہ میں اتنے معمولی فرق سے نماز میں نقصان نہیں آتا۔ اتنی اتنی باتوں پر تفریق کرنا اور مسجد کو چھوڑنا شرعاً سخت مذموم وممنوع ہے ویسے ہی جگہ جگہ مسلمان مختلف صورتوں سے تباہ ہورہے ہیں، لہذا ایسی باتوں سے درجہ احتیاط واجتناب لازم ہے۔ اور دوسری مسجد بنوانے سے اگر رضائے خداوندی مقصود نہ ہو، بلکہ اپنی بات کی ضد، یا تفریق بین المسلمین، یا کوئی اَور نام ونمود

---

(۱) "رجل أعطى درهماً فی عمارة المسجد أو نفقة المسجد أو مصالح المسجد، صح؛ لأنه وإن كان لا يمكن تصحيحه تمليكاً بالهبة للمسجد، فإثبات الملك للمسجد على هذا الوجه صحيح، فيتم بالقبض". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد و ما يتعلق به، الفصل الثانی فی الوقف على المسجد، الخ: ۴۶۰/۲، رشيديه)

"الصدقة كالهبة، لا تصح إلا بالقبض، و لا رجوع فی الصدقة؛ لان المقصود هو الثواب، وقد حصل". (الهداية، كتاب الهبة، فصل فی الصدقة: ۲۹۳/۳، مكتبه شركت عليمه ملتان)

Made Searchable by ScribeTools.com

مقصود ہوتو ایسی مسجد بنانے سے ثواب نہیں ہوتا، بلکہ بہت سے علماء نے اس کو مسجد ضرار کے حکم میں تحریر فرمایا ہے اگر چہ شرعی مسجد بن جانے کے بعد نماز درست ہوگی:

"وقيل: كل مسجد بنى مباهاةً أو رياءً و سمعةً أو لغرض سوى ابتغاء وجهه أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار، اهـ". مدارك(۱)۔

"قال صاحب الكشاف: وعن عطاء: لمّا فتح الله الأمصار على عمر رضى الله تعالىٰ عنه، أمر المسلمين أن يبنوا المساجد، وأن لا يتخذوا فى مدينة مسجدين يضارّ أحدهما صاحبه" -هذا لفظه- فالعجب من المشايخين المتعصبين فى زماننا يبنون فى كل ناحية مساجد، طلباً للاسم والرسم واستعلاءً لشانهم واقتداءً بآبائهم، ولم يتأملوا ما فى هذه الآية والقصة من شناعة حالهم و سوء أفعالهم، اهـ". تفسيرات أحمديه (۲)۔

"وقال فى المنية: ونهى الصلوة فى مسجد الضرار مخصوص به، فلايتعدى إلى ملحقاته". الإكليل: ٤/٢٨٤ (٣)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۳/۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ ربیع الاول/ ۶۷ھ۔

چندہ کے ضمان کی ایک صورت، چندہ وقف نہیں ہوتا

سوال[۷۳۲۸]: پبلک نے مسجد بنانے کے واسطے روپیہ چندہ کر کے جمع کیا، اس میں سے کچھ روپیہ

---

(۱) (مدارک التنزیل: ۱/۵۱۹، (التوبة: ۱۰۷)، قديمى)

(وكذا فى روح المعانى: ۱۱/۲۱، دار احياء التراث العربى بيروت)

(۲) (التفسيرات الأحمدية، ص: ۴۷۸، حقانيه پشاور)

"وقيل: كل مسجد بنى مباهاةً أو رياءً أو سمعة أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار ..... وعن عطاء: لما فتح الله تعالىٰ الأمصار على يد عمر رضى الله تعالىٰ عنه، أمر المسلمين أن يبنوا المساجد، وأن لا يتخذوا فى مدينة مسجدين يضارّ أحدهما صاحبه".

(الكشاف: ۲/۳۱۰، التوبة: ۱۰۷، دار الكتب العربى بيروت)

(۳) لم أظفر عليه

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کا سامان خریدنے کے لئے زید کو دیا، زید عمر کے پاس سے وہ چیز خرید کر لایا، لیکن وہ چیز پبلک کو ناپسند آئی۔ زید اس چیز کو واپس کرنے کے لئے عمر کے پاس گیا، عمر نے کہا کہ اس وقت میرے پاس روپیہ نہیں ہے، دوسرے وقت آکر روپیہ لے لینا۔ اس وقت زید نے عمر سے کہا کہ تم یہ روپیہ بکر کے ہاتھ دیدو، عمر نے وہ روپیہ بکر کو دے دیا۔ روپیہ نہ پہونچنے پر دوبارہ زید عمر کے پاس آیا، عمر نے کہا کہ میں نے روپیہ بکر کو دے دیا۔ اب زید نے جب بکر سے روپیہ طلب کیا تو بکر نے ٹال مٹول کر کے دھوکہ دیا، اب وہ روپیہ بکر دیتا ہی نہیں۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ وہ روپیہ جائیداد موقوفہ میں شامل ہوگا یا نہیں، اگر جائیدادِ موقوفہ میں شامل ہو تو اس روپیہ کا ذمہ دار زید ہوگا یا بکر، اور کس سے روپیہ وصول کیا جائے گا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صورتِ مسئولہ میں وہ روپیہ زید کے ذمہ واجب الادا ہے یعنی پبلک زید سے وصول کر سکتی ہے اور زید بکر سے (۱)۔ چندہ کا روپیہ وقف نہیں ہوتا (۲) اس لئے اس کو جائیدادِ موقوفہ میں شامل نہیں کیا جا سکتا، البتہ اگر اس روپیہ سے کوئی شی قابلِ وقف خرید کر مسجد میں وقف کر دی جائے تو وہ شیٔ وقف ہوگی۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، ۱۲/محرم/۶۰ھ۔

صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف۔

---

(۱) "قال الإمام النسفی: وحکمها کون المال أمانة عنده مع وجوب الحفظ علیه والأداء عند الطلب". (البحر الرائق، کتاب الودیعة: ۷/۴۶۵، رشیدیه)

(۲) "رجل أعطی درهماً فی عمارة المسجد أو نفقة المسجد أو مصالح المسجد، صح؛ لأنه وإن کان لایمکن تصحیحه تملیکاً بالهبة للمسجد، فإثبات الملک للمسجد علی هذا الوجه صحیح، فیتم بالقبض، کذا فی الواقعات الحسامیة". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الفصل الثانی فی الوقف علی المسجد: ۲/۴۶۰، رشیدیه)

"چندہ وقف نہیں معطین کا مملوک ہے، چندہ اہل چندہ کی ملک سے خارج نہیں ہوا"۔ (تحفة العلماء: ۱/۳۱۶، فصل نمبر: ۴، ادارۂ تالیفات اشرفیه)

(وکذا فی امداد الفتاویٰ، کتاب الوقف: ۲/۵۷۲، دار العلوم دیوبند)

قوالی کے لئے جمع کیا گیا روپیہ مسجد میں لگانا

سوال[۷۳۲۹]: کچھ حضرات نے چندہ جمع کیا ایک مزار پر قوالی وغیرہ کرانے کے لئے، اس میں ہندوؤں کا بھی چندہ شامل ہے۔ تاریخِ مقررہ پر جب قوالی کا وقت آیا تو موجودہ متولی وقف بورڈ نے بذریعۂ پولیس رکاوٹ کی اور کہا کہ میں یہ کام نہیں ہونے دوں گا۔ چندہ جو جمع کیا گیا تھا ان میں سے کچھ روپیہ ہندوؤں کے مندر میں دے دیا گیا اور کچھ روپیہ جامع مسجد میں دے دیا گیا۔ سب حضرات کی رضامندی سے یہ روپیہ مسجد میں دیا گیا ہے۔ یہ روپیہ جامع مسجد میں استعمال کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب چندہ والوں کی رضامندی واجازت سے جامع مسجد میں یہ روپیہ دیا گیا ہے تو جامع مسجد کی ہر ضرورت میں حسبِ صوابدید اس کو صَرف کرنا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۷/ ۹۶ھ۔

چندہ حوض کے لئے جمع کیا گیا پھر اس کو دوسرے کام میں خرچ کرنا

سوال[۷۳۳۰]: ۱..... مال یا جائیداد وقف کردینے کے بعد واقف کا کوئی حق رہتا ہے یا نہیں؟

۲..... اگر واقف اس صراحت کے ساتھ کوئی رقم وقف کرے کہ فلاں کام میں صَرف کیا جائے اس کے علاوہ مال کسی دوسرے کام میں صرف کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

۳..... علاوہ متولیانِ اوقاف کے کوئی شخص جس کے پاس رقم موجود ہو، امانت ہو، اپنی مرضی سے اس کام کے علاوہ جس کام کے لئے وہ وقف کی گئی ہے، صَرف کرسکتا ہے یا نہیں؟

---

(۱) "رجل أعطى درهماً فی عمارة المسجد أو نفقة المسجد أو مصالح المسجد، صح". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد ومايتعلق به، الفصل الثانی: ۲/ ۴۶۰، رشيديه)

"كل يتصرف فی ملكه كيف شاء". (شرح المجلة: ۱/ ۶۵۴، (رقم المادة: ۱۱۹۲)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

سوالات مذکورہ بالا کی وضاحت

حوض جامع مسجد بھرنے کے لئے بستی کے تمام مسلمانان نے چندہ جمع کیا تھا کہ اس رقم سے کوئی موٹر کنویں میں لگوائیں تا کہ حوض بھرائی میں آسانی ہو۔ چندہ میں رقم قلیل جمع ہوئی، اس سے موٹر فٹ نہ ہوسکا، ایک ہاؤس پاور کی موٹر لگوائی تھی اس نے کام نہیں کیا، وہ واپس کردیا گیا اور اس کی رقم واپس لے لی گئی، صرف کنویں میں بجلی فٹنگ کو اس لئے باقی رکھا گیا کہ آئندہ مزید چندہ جمع ہونے پر بڑی موٹر لگوائی جاسکے۔ بجلی کا سامان مسجد کے کنویں میں فٹ موجود ہے۔

بستی کے مسلمانوں نے پھر چندہ جمع نہیں کیا اور جمع شدہ رقم سے کنویں میں مسلمانوں کے مشورہ سے ہینڈ پمپ لگادیا گیا جس سے ایک بار حوض بھی بھرا گیا اور چند روز بعد وہ ہینڈ پمپ خراب ہوگیا۔ چونکہ اس بستی میں کوئی مستری نہیں ہے، بار بار باہر سے مستری بلوانے اور درست کرانے کی وجہ سے پمپ نکلوا کر مسجد کے حجرہ میں رکھوا دیا گیا، اس زمانہ میں موٹر کی فٹنگ کا کام چالو تھا۔ حوض کے خالی ہوجانے اور مسلمانوں کی تکلیف کے باعث جمعہ کے بعد مسلمانوں اور متولیوں کے مشورہ سے اس جمع شدہ رقم سے حوض بھرائی میں پیسہ دے دیا گیا، اور متولی مسجد نے حوض بھرائی میں اوقاف سے کوئی پیسہ نہیں دیا۔

پھر اسی جامع مسجد کی چند دکانات کو تعمیر کرنے کے سلسلہ میں مزید چندہ مسلمانوں کی جانب سے جمع کیا گیا اور تعمیری کام کو شروع کردیا گیا، چندہ ہوتا رہا اور کام کا سلسلہ جاری رہا۔ پھر ایک وقت ایسا آیا کہ لوگوں نے چندہ جمع کرنا بند کردیا اور دینے والے بھی سست پڑ گئے اور لینے والے بھی سست ہوگئے اور مزدوروں کی مزدوری دینے کا فکر تھا اور رقم زیرِ تحویل بالکل موجود نہ تھی، تو جمعہ کے دن تمام مسلمانوں کے سامنے اپیل کی گئی کہ موٹر کے نام سے جو رقم جمع کی گئی تھی جس میں سے کچھ تو ہینڈ پائپ پر صَرف ہوگئی کچھ زیرِ تحویل ہے، سب کی طرف سے اجازت ہو تو اس میں سے کچھ رقم مزدوری دے دی جائے۔

اس پر بعض لوگوں نے اجازت دے دی اور بعض ساکت رہے، لیکن سب کے علم میں یہ بات آچکی تھی، اس پر وہ بقایا رقم جو موٹر کے لئے جمع کی گئی مزدوری میں ادا کردی گئی، لیکن واقف تو ایک شخص ہے نہیں اور

واقف نے کوئی مال یا جائیداد وقف نہیں کی ہے، صرف پیسہ چندہ میں جمع کیا ہے اور تمام بستی کے مسلمان اس کے واقف ہیں، انہیں کے مشورہ سے موٹر کی جگہ ہینڈ پمپ لگا تھا اور پھر بقیہ رقم انہیں کے علم ومشورہ سے اسی جامع مسجد کے تعمیری کام میں صَرف ہوئی۔ اب متولی صاحب کا اعتراض ہے کہ یہ رقم وقف شدہ ہے، متولی کو اس کے صرفہ کا حق ہوتا ہے، کسی دیگر شخص کا حق نہیں، یہ رقم واپس کی جائے۔ تو سامان بجائے موٹر کے ہینڈ پمپ وغیرہ کا ہے وہ بھی متولی لینے کے لئے تیار نہیں۔

جو لوگ اس میں کارکن تھے متولی ان سے جھگڑا کرنے کو تیار ہیں۔ اور اس میں متولی کا جھگڑا کرنا اس وجہ سے ہے کہ کمشنری اوقاف صدر جمہوریہ کی طرف سے متولی کو اس کا پابند کیا گیا ہے کہ وہ آمدنی سے ایک آنہ فی روپیہ اوقاف میں جمع کریں، اس طرح سولہ سو کچھ روپیہ کا مطالب ہے جس میں سے کچھ رقم جائیداد وقف سے متولی ادا کر چکے ہیں۔ اور گیارہ سوہ روپیہ کا اَور مطالبہ ہے جس میں ادا نہ کرنے کی صورت میں متولی کی جائیداد سے وصول کرنے کے نوٹس آرہے ہیں اور مقامی عدالت کے ذریعہ وصولی ہوگی بذریعۂ جائیداد قرقی۔

۱.....اس پر متولی کی جانب سے اس ہینڈ پمپ کی رقم کا مطالبہ، اپنی جائیداد کی حفاظت کے سلسلے میں مطالبہ رقم خرچ شدہ کا کہاں تک درست ہے؟ اور پھر اس رقم کو لے کر کمشنری اوقاف میں بھیجنا کہاں تک درست ہے؟

۲.....اگر واقف اس صراحت کے ساتھ رقم وقف کرے کہ فلاں چیز میں صرف کی جائے تو کیا اس کے علاوہ دیگر کام میں صَرف کی جاسکتی ہے یا نہیں؟ تو کیا رقم ہینڈ پمپ اور موٹر کی جو تمام مسلمانوں کی جانب سے جمع شدہ ہے اور لوگ اچھی طرح واقف ہیں اور سبھی کے مشورہ سے تیسرا شخص خرچ کر رہا ہے تو کیا متولی کو یہ حق ہے کہ وہ اس موٹر کی رقم کو بطور تاوان جھگڑا کر کے وصول کر کے اپنی جائیداد کا تحفظ کرے؟

۳.....علاوہ متولی کے کوئی اَور شخص وقف شدہ رقم امانت کو اپنی مرضی سے اس کام کے علاوہ جس کام کے لئے وہ وقف کی گئی ہے صَرف کرسکتا ہے یا نہیں؟ متولی کے علاوہ وہ شخص موٹر کی فٹنگ میں کوشاں رہے، انہوں نے اپنی مرضی سے کوئی کام نہیں کیا ہے، بلکہ تمام مسلمانوں کے علم ومشورہ سے یہ کام کرتے رہے ہیں۔ ان

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

تشریحات کے ملاحظہ کے بعد جواب دیں، تاکہ تنازعہ دور ہو۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱،۲،۳.....حوض بھرنے کے لئے موٹر لگانے کے لئے جو چندہ کیا گیا ہے وہ وقف نہیں (۱)۔ چندہ دینے والے چاہے خود اس کو خرچ کریں، یا متولی کے سپرد کریں، یا کسی اَور کے سپرد کردیں، سب طرح درست ہے، کسی کو اعتراض کا حق نہیں۔ پھر جب ہینڈ پمپ سب کی مرضی سے لگا دیا تو یہ بھی درست ہوا۔ تعمیرات کے سلسلہ میں جو مزدوری باقی رہ گئی، وہ چندہ دہندگان کی اجازت سے دے دی گئی، یہ ٹھیک ہوا، خواہ صراحۃً اجازت دی گئی ہو، یا اعلان پر سکوت کرنے سے اور اس رقم کا ضمان لینے کا حق نہیں (۲)۔ وہ سرکاری مطالبہ کی جواب دہی اس طرح کریں کہ چندہ کی رقم وقف نہیں تھی، چندہ دینے والوں نے جہاں چاہا اپنی مرضی سے اس کو خرچ کیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۷/ ۹۱ھ۔

دروازۂ مزار پر صندوق کے چندہ سے مؤذن وامام کی تنخواہ

سوال[۷۳۳۱]: کچھار ضلع میں موضع قولرقل میں ایک مزار ہے جو لنگر شاہ کے مشہور مقام میں ہے، اس احاطہ میں ایک مسجد بھی ہے۔ لوگ آتے جاتے مقام کے سامنے جو صندوق رکھا ہوا ہے اس میں روپے ڈالتے ہیں، ہندو، مسلمان وغیرہ ہر قوم کے لوگ ڈالتے ہیں، کسی کی کیا نیت ہے معلوم نہیں۔ کیا مسجد کے مؤذن اور امام کی تنخواہ اس صندوق کے روپے سے دینا درست ہے یا نہیں؟ اگر درست نہ ہو تو ان روپے کو کیا کیا جائے؟ یہ آمدنی کبھی بند نہ ہوگی، مقامی کمیٹی کے لوگ کہتے ہیں کہ ہر سال میں بیس سے تیس ہزار روپے وصول ہوتے ہیں۔

---

(۱) "وأما شرائطه، ومنها أن يكون المحل عقاراً أو داراً، فلا يصح وقف المنقول إلا في الكراع والسلاح، كذا في النهاية". (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الأول: ۲/۳۵۷، رشيديه)

(۲) "وفي القنية: أخذ أحد الشريكين حمار صاحبه الخاص، وطحن به فمات، لم يضمن؛ للإذن دلالة قال: عرف بجوا به هذا أنه لايضمن فيما يوجد الإذن دلالةً، وإن لم يوجد صريحاً". (ردالمحتار، كتاب الغصب، مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الصغير بدون إذن صريح: ۶/۲۰۰، سعيد)

الجواب حامداً ومصلیاً:

ظاہر تو یہ ہے کہ یہ روپیہ مسجد ومزار کے تحفظ وضروریات کے لئے اس میں ڈالتے ہیں، پس یہ روپیہ دونوں ہی ضروریات میں صَرف کرنا درست ہے(۱)۔ بلکہ اگر وہاں ایک مکتب قائم کردیا جائے تو زیادہ مناسب ہے تاکہ مسجد بھی آباد رہے اور صاحبِ مزار کو بھی ثواب ملتا رہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۸/ ۱۳۹۹ھ۔

مسجد میں بدعتی کا چندہ

سوال[۷۳۳۲]: کوئی بدعتی مسجد میں چندہ دے تو اس کے روپے کو مسجد میں خرچ کیا جاسکتا ہے، یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

خرچ کیا جاسکتا ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۷/ ۹۶ھ۔

بھیک سے مانگا ہوا پیسہ مسجد میں صرف کرنا

سوال[۷۳۳۳]: ہمارے محلّہ میں ایک ضعیف العمر بڑھیا رہتی ہے جس کا کوئی ذریعۂ معاش نہیں،

---

(۱) "(اتحد الواقف والجهة وقلّ مرسوم بعض الموقوف عليه) بسبب خراب وقف أحدهما، (جاز للحاكم أن يصرف من فاضل الوقف الآخر عليه)؛ لأنهما حينئذ كشئ واحد". (الدرالمختار، كتاب الوقف، مطلب فی نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴۰/ ۳۶۰، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۳۶۲، رشيديه)

(۲) "غالب مال المهدى إن حلالاً، لا بأس بقبول هديته و أكل ماله، مالم يتعين أنه من حرام. وإن غالب ماله الحرام، لا يقبلها و لا يأكل، إلا إذا قال: إنه حلالٌ ورثه أو استقرضه". (البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيريه، كتاب الكراهية، الفصل الرابع فی الهدية والميراث: ۶/ ۳۶۰، رشيديه)

(وكذا فی الأشباه والنظائر، الفن الأول، القاعدة الثانية: ۱/ ۳۴۳، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيريه، كتاب الكراهية، الباب الثانی عشر فی الهدايا والضيافات: ۵/ ۳۴۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے وہ مانگنے کا پیشہ کرتی ہے، محلّہ والے اس کی مدد کرتے ہیں، لہٰذا مانگا ہوا پیسہ کچھ اس کے پاس جمع ہوگیا تو اس نے مسجد کے واسطے ایک جائے نماز اور ایک قرآن شریف اور ایک تسبیح منگوادی ہے۔ لوگوں کو اعتراض ہے وہ کہتے ہیں کہ نہ اس پر نماز جائز ہے اور نہ بڑھیا کو کوئی ثواب ملے گا بڑھیا ابھی زندہ ہے۔ کیا کرنا چاہئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بلاضرورت مانگنا گناہ ہے(۱)، لیکن جب اس نے پیسہ مانگا اور اہل محلّہ نے بخوشی اس کو دیا تو وہ بڑھیا مالک ہوگئی اور اس نے جو کچھ مسجد میں دیا ہے وہ دینا صحیح ہے(۲)، اس مصلے پر نماز بلاشبہ جائز ہے۔ بڑھیا کو سمجھا دیا جائے کہ اب تم کو مانگنا درست نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

لاوارث میت کے کفن کے لئے جمع شدہ رقم میں سے بچی ہوئی رقم مسجد میں خرچ کرنا

سوال[۷۳۳۴]: ایک لاوارث شخص مرگیا جس کے کفن کے لئے چندہ کیا گیا ہے، بعد کفن دفن کچھ چندہ بچ گیا تو اس کو مسجد میں خرچ کرسکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جن لوگوں نے چندہ دیا ہے ان کی اجازت سے مسجد میں بھی خرچ کرسکتے ہیں(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱/۸۹ھ۔

---

(۱) "عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه أنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من سأل مسألةً، وهو عنها غنی، جاء ت یوم القیامة کدوحاً فی وجهه". (مسند الإمام أحمد بن حنبل: ۵۵/۲، ۵۶، (رقم الحدیث: ۴۴۲۶۰)، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(وکذا فی تفسیر ابن کثیر: ۴۳۵/۱، (سورة البقرة: ۲۷۳)، دار السلام ریاض)

(۲) "کل یتصرف فی ملکه کیف شاء". (شرح المجلة: ۶۵۴/۱، (رقم المادة: ۱۱۹۲)، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب البیوع، مطلب فی تعریف المال والملک، الخ: ۵۰۲/۴، سعید)

(۳) "مسجدٌ له مستغلات وأوقافٌ أراد المتولی أن یشتری من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصیراً أو=

لاوارث کا مال مسجد میں

سوال[۷۳۳۵]: نظام الدین نامی ایک شخص تھا، وہ انتقال کر چکا اور کچھ سامان وروپیہ چھوڑ گیا ہے اور کوئی اس کا وارث بھی نہیں ہے کہ جس پر تقسیم کیا جائے اور نہ اس نے کوئی وصیت کی ہے۔ اب محلّہ والوں کی خواہش ہے کہ اس کا مال مسجد میں صَرف کردیا جائے۔ تو کیا یہ کرنا شریعت کی رو سے جائز ہے؟ نیز اگر مسجد میں صَرف نہ کیا جاسکے تو اس کی شکل کیا ہوگی، اور کس پر صَرف کیا جائے گا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اس شخص کا دور نزدیک کوئی وارث نہیں تو موجودہ حالت میں اس کے ترکہ کو مدرسہ ومسجد میں صَرف کیا جائے: كذا في الدر المختار: ۵/۷۴۹۔

"ثم يوضع في بيت المال لا إرثاً بل فيئاً للمسلمين"(۱)۔ كذا في الشامي: ۲/۸۹:

"ورابعها الضوائع مثل مالايكون له أناس وارثون". "(قوله: ورابعها) فمصرفه جهات، الخ. موافق مما نقله ابن الضياء في شرح الغز نويه عن البزدوي من أنه يصرف إلى المرضى والزمنى واللقيط وعمارة القناطر والرباطات والثغور والمساجد وما أشبه ذلك". (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

= حشيشا أو آجراً أو جصاً لفرش المسجد أو حصى، قالوا: إن وسع الواقف ذلك للقيم وقال: تفعل ماترى من مصلحة المسجد، كان له أن يشترى للمسجد ماشاء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر في المسجد، الفصل الثاني: ۲/۴۶۱، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً: ۳/۲۹۷، رشيديه)

"لايجوز لأحد أن يتصرف في ملك غيره بلا إذنه أووكالة أو ولاية عليه، وإن فعل، كان ضامناً". (شرح المجلة لسيم رستم باز: ۱/۶۱، (رقم المادة: ۹۶)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۱) (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الفرائض: ۶/۷۶۶، سعيد)

(۲) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الزكاة، باب العشر، مطلب في بيان بيوت المال ومصارفها: ۲/۳۳۸، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

رجب کے کونڈے کی قیمت مسجد میں

سوال[۷۳۳۶]: رجب کے کونڈے جس میں پوریاں، شیرینی، کھیر وغیرہ بھرتے ہیں، ان کو تبرک ہوجانے کے خیال سے گھروں میں استعمال نہیں کرتے، اور مسجدوں میں لے جاتے ہیں۔ کیا ان کونڈوں کو فروخت کرکے ان کی قیمت مسجد کے کسی کام میں صرف کرسکتے ہیں، جیسے مرمت، صفائی، تیل، فرش وغیرہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان کونڈوں کی اصل شرعاً کچھ نہیں (۱)، اگر بہ نیتِ ثواب دیں تو حسبِ نیتِ معطی ان کا استعمال مسجد میں درست ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۳/ ۷/ ۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ شعبان/ ۶۱ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/ شعبان/ ۶۱ھ۔

---

(۱) "كان ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما إذا رأى الناس و ما يعدّون لرجب، كره ذلك". (مصنف ابن أبى شيبة: ۲/ ۱۰۲، مكتبة الدار السلفية بمبئى)

(۲) "مسجد له مستغلاتٌ و أوقافٌ أراد المتولى أن يشترى من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصيراً أو حشيشاً أو آجراً أو جصاً لفرش المسجد أو حصى، قالوا: إن وسع الواقف ذلك للقيم وقال: تفعل ما ترى من مصلحة المسجد، كان له أن يشترى للمسجد ما شاء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى فى الوقف على المسجد، الخ: ۲/ ۴۶۱، رشيديه)

(فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/ ۲۹۷، رشيديه)

"رجل بسط من ماله حصيراً فى المسجد، فخرب المسجد ووقع الاستغناء عنه، فإن ذلك يكون له ..... وإن بلى ذلك، كان له أن يبيع و يشترى بثمنها حصيراً آخر، وكذا لو اشترى حشيشاً، أو قنديلاً للمسجد، فوقع الاستغناء عنه، كان ذلك له إن كان حياً ..... وعند أبى يوسف رحمه الله تعالىٰ يباع و يصرف ثمنه إلى حوائج المسجد، الخ". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/ ۲۹۳، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المسجد: ۵/ ۴۲۳، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

الفصل الثامن عشر فی بناء المسجد فی ملک الغیر

(غیر کی زمین میں مسجد تعمیر کرنے کا بیان)

غیر وقف زمین میں مسجد بنانا

سوال[۷۳۳۷]: ایک قریہ میں مسجد تعمیر ہورہی تھی، ابھی صرف بنیاد بھری تھی کہ تعمیر رُک گئی، دراصل اس کا کچھ حصہ غیر ملک تھا جواَب گرام سماج کی ملکیت ہے، جس کے متصل ہی ایک مکان بن گیا ہے، جس سے صرف پونے چار فٹ جگہ باقی رہ گئی ہے، جس سے اہل محلّہ کو تکلیف ہوتی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ مسجد کی زمین کے پیچھے بھی مالکِ زمین سے اجازت نہیں لی تھی، اب جب کہ بنجر ہوگیا ہے تو ایسی حالت میں گورنمنٹ سے بھی پٹہ وغیرہ نہیں ملا ہے۔ تو اس حالت میں موجودہ مسجد اس زمین پر رہ سکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کہ وہ زمین مالک نے وقف نہیں کی اور اب بھی وقف نہیں تو وہاں مسجد نہ بنائی جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۱/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۱/۸۹ھ۔

---

(۱) "أما إن وقّت الأمر باليوم أو الشهر أو السنة، ففی هذا الوجه لا تصير الساحة مسجداً، لو مات يورث عنه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد، الخ: ۴۵۵/۲، رشيديه)

"وإن أمرهم بالصلاة شهراً أوسنةً، ثم مات، يكون ميراثاً عنه؛ لأنه لابد من التأبيد، والتوقيت ينافی التأبيد". (فتاوىٰ قاضی خان علی هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أوخاناً، الخ: ۲۹۰/۳، ۲۹۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ارضِ مغصوبہ میں مسجد ودوکانیں

سوال[۷۳۳۸]: کیافرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں:

اول: تو یہ کہ مسجد دوسرے کی زمین میں بغیر اجازت بنانے کا ارادہ کرنا یا تعمیر شروع کرنا کیسا ہے، نماز ہوجاوے گی یا نہیں؟

دوسرے: کسی شخص کی زمین میں مسجد کے نام سے دوکان بنانی کیسی ہے اور اس کی آمدنی مسجد کے کام میں خرچ کرنی کیسی ہے؟ اور یہ بھی بات ہے کہ زمین مسلمان کی ہے تو تب کیا حکم ہے اور اگر غیر مذہب کی ہو تب کیا حکم ہے؟ اور اگر وہ اجازت نہ دے تو کیا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دوسرے کی زمین میں بغیر اجازت مالک کے مسجد بنانا جائز نہیں ہے(۱) اور اس میں نماز مکروہ تحریمی ہے(۲)۔ دوسرے کی زمین میں مسجد کے لئے دوکان بنانا اور اس کی آمدنی کو مسجد میں خرچ کرنا بھی ناجائز ہے،

= "قلت: وهو كذلك، فإن شرط الوقف التأبيد، والأرض إذا كانت ملكاً لغيره، فللمالك استردادها، وأمره بنقض البناء، وكذا لو كانت ملكاً له، فإن لورثته بعده ذلك، فلا يكون الوقف مؤبداً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مناظرة ابن الشحنة مع شيخه العلامة قاسم فى وقف البناء: ۳۹۰/۴، سعيد)

(۱) "أفاد أن الواقف لابد أن يكون مالكه وقت الوقف ملكاً باتاً ولو بسبب فاسد، وأن لا يكون محجوراً عن التصرف، حتى لو وقف الغاصب المغصوب، لم يصح وإن ملكه بعد بشراء أو صلح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: قد يثبت الوقف بالضرورة: ۳۴۹/۴، ۳۴۱، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۱۴/۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الأول: ۳۵۳/۲، رشيديه)

(۲) "وكذا تكره فى أماكن: كفوق كعبة و فى طريق و مزبلة و مجزرة ..... وأرض مغصوبة أو للغير". (الدرالمختار). "وفى الواقعات: بنى مسجداً على سور المدينة، لا ينبغى أن يصلى فيه؛ لأنه حق العامة، فلم يخلص لله تعالىٰ كالمبنى فى أرض مغصوبة، اهـ ..... فالصلاة فيها مكروهة تحريماً فى قول، و غير صحيحة له فى قول آخر". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فى الصلاة فى الأرض المغصوبة، الخ: ۳۸۱/۱، سعيد)

خواہ وہ مسلم کی زمین میں ہو یا غیر مسلم کی (۱) بلکہ غیر مسلم کی زمین میں بغیر اجازت تصرف کرنا اَور بھی زیادہ گناہ ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

جائیدادِ مغصوبہ میں مسجد بنانا

سوال[۷۳۳۹]: ایک فقیر کی میراث یعنی ایک جائیداد کسی دھوکہ سے، یا جبراً لی گئی۔ اب وہ جائیداد جس نے جبراً لی ہے اس کے بیٹے کو، یا کسی اپنی قوم، یا رشتہ دار کو، یا مسجد میں دے سکتا ہے یا نہیں، یا خود استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اب وہ بلاحقِ شرعی لی گئی ہے تو اس کو اصل مالک کو واپس کرنا ضروری ہے، بغیر مالک کی اجازت کے خود خرچ کرنا، یا کسی رشتہ دار کو دینا، یا مسجد میں صرف کرنا جائز نہیں ہے:

"لا یجوز لأحد من المسلمین أخذ مال أحد بغیر سبب شرعی". هندیه: ۲/۷۷۸(۲)۔

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ ذی قعدہ/ ۵۵ھ۔

---

(۱) "(قوله: لو بماله الحلال) قال تاج الشریعة: أما لو أنفق فی ذلک مالاً خبیثاً ومالاً سببه الخبیث والطیب، فیکره؛ لأن الله تعالیٰ لا یقبل إلا الطیب، فیکره تلویث بیته بما لا یقبله، اهـ. شرنبلالیة".

(ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب: کلمة "لابأس" دلیل علی أن المستحب غیره، الخ: ۱/۶۵۸، سعید)

(۲) (الفتاویٰ العالمکیریة، الباب السابع فی حد القذف، فصل فی التعزیر: ۲/۱۶۷، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الحدود، باب حد القذف: ۵/۶۸، رشیدیه)

(وکذا فی النهر الفائق، کتاب الحدود، باب حد القذف، فصل فی التعزیر ۳/۱۶۵، مکتبه إمدادیه، ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

دوسرے کی زمین کو مسجد بنالینا

سوال[۷۳۴۰]: زید نے ایک زمیندار شخص سے ایک زمین خریدی تھی۔ زید پاکستان چلا گیا، محکمہ کسٹوڈین (۱) جو کہ ایسے مکانات اور زمین کو سرکاری طور پر اپنے قبضہ میں کرتی ہے جس کا کوئی مالک نہ ہو۔ اس محکمہ نے جب یہ دیکھا کہ زید پاکستان چلا گیا تو اس کی زمین اپنے قبضہ میں کرلیا یعنی گورنمنٹ کا ہوگیا۔ یہ محکمہ والے اس زمیندار کے گھر رہتے تھے جس سے زید نے یہ زمین خریدی تھی، محکمہ والوں نے یہ زمین اسی زمیندار کو دیدی یا تو قیمتاً یا رشوتاً یا اس وجہ سے کہ وہ اس کے گھر رہتے تھے، اس لئے بہرکیف مالک پھر بھی زمیندار بن گیا۔

اس کے بعد اس زمیندار سے اس زمین کو اس کے ساتھ کچھ حصہ ملا کر بکر، خالد، عمر، اکبر نے مل کر قبرستان کے لئے خرید لی۔ اس زمین کا لگان اور باقی جو زمین کے لئے ہوتی ہے انہیں کے لئے آنی شروع ہوگئی، جو دلیل ہے اس بات کی کہ زمین کے مالک قانونِ حکومت کے اعتبار سے بکر وغیرہ ہوگئے۔ اس کے بعد ایک پارٹی اور تیار ہوئی: امیر، جمیل، رفیق کی، انہوں نے بغیر اس مذکورہ مالک کی اجازت کے اس میں مسجد تعمیر کرلی۔ اور یہ کہتے ہیں کہ یہ زمین بکر، خالد وغیرہ کی نہیں بلکہ یہ یا تو زید کی ہے جو پاکستان چلا گیا، یا کسٹوڈین والوں کی ہے جنھوں نے زید کے پاکستان جانے کے بعد اس پر قبضہ کرلیا۔

اب مقصدِ سوال یہ ہے کہ بکر، خالد اس زمین کا شرعی طور پر مالک ہوا تھا یا نہیں؟ اگر ہوا تھا تو ظاہر ہے کہ یہ مسجد بکر کی بغیر اجازت کے بنی ہے تو بکر زمین ہذا کا مالک بنا ہے یا نہیں؟ نیز اس زمین میں مسجد تعمیر کرنا جائز ہوا یا نہیں؟ پھر اس میں نماز پڑھنا جائز ہوا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جن لوگوں نے مسجد بنائی وہ تو کسی جہت سے بھی مالک نہیں، انہوں نے گویا زمین غصب کرکے اس پر مسجد بنادی ہے، وہاں نماز پڑھنا مکروہ ہے (۲)۔ بکر خالد عمر نے جب وہ زمین خرید لی تو ضابطہ میں وہ مالک

---

(۱) ''کسٹوڈین: محافظ، نگران، رکھوالا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۰۱۰، فیروز سنز، لاہور)

(۲) "وكذا تكره في أماكن: كفوق كعبة ..... وأرض مغصوبة أو للغير لو مزروعةً أو مكروبةً". (الدر المختار). "وفي الواقعات: بنى مسجداً في سور المدينة، لا ينبغي أن يصلي فيه؛ لأنه حق العامة، =

ہوگئے۔ زید کے پاکستان چلے جانے سے جب محکمۂ گورنمنٹ نے اس پر مالکانہ قبضہ کرلیا تھا تو زید کے ملک ختم ہوگئی تھی۔ مسجد بنانے کے لئے زید کی اجازت کی تو ضرورت نہیں تھی، کیونکہ وہ مالک ہی نہیں رہا تھا، البتہ مالک کا وقف کرنا اور مالک سے اجازت لینا ضروری تھا۔ اب اگر مالک خود اجازت دیدے اور اس کو مسجد قرار دیدے تو شرعی مسجد بن جائے گی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۴/۵ھ۔

دوسرے کا مکان مسجد کو دینے سے وہ مسجد کا نہیں ہوجاتا

سوال [۷۳۴۱]: میرے ایک عزیز کا مکان تھا جو پاکستان چلے گئے تھے، میں ہی اس کی دیکھ بھال کرتا تھا، بعد کو میں نے اس کو مسجد کو دیدیا، مکان بالکل خالی اور گرا ہوا ہے۔ اب مجھے اس کی ضرورت ہے، میں اس میں خود ہی رہنا چاہتا ہوں، مسجد والوں کو صرف زبانی ہی کہہ دیا تھا کہ میرے پاس کافی جگہ ہے، تم ہی اس کو مسجد میں رکھ لینا، لکھا پڑھی کچھ نہیں تھی۔ اب جب کہ مجھے اس کی ضرورت ہے، میں نے ان سے کہا تو وہ منع کرتے ہیں، میں یہ بھی چاہتا ہوں کہ مسجد کو کچھ پیسہ دیدوں، مگر وہ نہیں مانتے۔ اب آپ لکھیں کہ وہ میرا حق ہے یا نہیں؟

نوٹ: مالکِ مکان جو پاکستان میں موجود ہے اس نے مجھ کو یہ اختیار نہیں دیا تھا کہ تم اس کو فروخت کرو، یا مسجد میں دو، اصل مالک تو وہی ہے، اور یہ کام میری غلطی یا ناسمجھی سے ہوا۔

= فلم يخلص لله تعالىٰ كالمبنى فى أرض مغصوبة ..... فالصلوة فيها مكروهة تحريماً فى قول، وغير صحيحة له فى قول آخر". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فى الصلوة فى الأرض المغصوبة: ۳۸۱/۱، سعيد)

(۱) "أما لو وقف ضيعة غيره على جهات، فبلغ الغير فأجازه، جاز بشرط الحكم والتسليم". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۱۴/۵، رشيديه)

"ولو أجاز المالك وقف فضولى، جاز". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: قد يثبت الوقف بالضرورة: ۳۴۱/۴، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الأول فى تعريفه و ركنه و سببه، الخ: ۳۵۳/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کہ آپ اس مکان کے مالک نہیں، بلکہ اس کی دیکھ بھال کے فقط ذمہ دار ہیں تو آپ کو یہ بھی حق نہیں کہ اس کو مسجد میں دیدیں، یا کسی کے ہاتھ فروخت کردیں (۱)۔ اپنے ذاتی پیسہ سے مسجد کی جس قدر خدمت واعانت کریں سب موجبِ اجر وثواب ہے (۲)، البتہ مالکِ مکان کی اجازت کے تحت آپ کو استعمال کرنے کا صرف حق ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۱۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۱۹ھ۔

کرایہ کا مکان مالک نے مسجد کو وقف کردیا

سوال [۷۳۴۲]: ایک مکان زین الدین صاحب کا ہے، اس میں برکت علی ۱۹۲۲ء سے رہتے تھے، وہ برابر مالکِ مکان کو کرایہ دیتے رہے، ان کے بعد ان کے لڑکے اور پوتے رہے، لیکن ان لوگوں نے کرایہ نہیں دیا، انہوں نے مکان کی مرمت بھی کرائی، توڑ کر چنائی بھی کرائی۔ اب زین الدین کے پوتوں نے اس کی رجسٹری مسجد کے نام کردی ہے۔ یہ فیصلہ کس کے حق میں صحیح ہے؟

---

(۱) "لا یجوز لأحد أن یتصرف فی ملک غیره بلا إذنه أو وکالةٍ منه أو ولایةٍ علیه، وإن فعل کان ضامناً". (شرح المجلة لسلیم رستم باز: ۱/۶۱، (رقم المادة: ۹۶)، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(وکذا فی الأشباه والنظائر، کتاب الغصب، الفن الثانی، الفوائد: ۲/۴۴۴، (رقم القاعدة: ۱۷۱۲)، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب الغصب: ۶/۲۰۰، سعید)

(۲) "رجل أعطی درهماً فی عمارة المسجد أو نفقة المسجد أو مصالح المسجد، صح". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد و ما یتعلق به، الفصل الثانی: ۲/۴۶۰، رشیدیه)

(۳) "ولو قال: جعلتُ لک سکنی داری هذه شهراً، أو قال: داری لک سکنی، أو قال: عمری لک سکنی، کانت عاریةً، هکذا فی الظهیریة". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب العاریة، الباب الثانی فی الألفاظ التی تنعقد بها العاریة، الخ: ۴/۳۶۳، رشیدیه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ مکان زین الدین کی ملکیت میں تھا، برکت علی اس میں کرایہ پر رہتے تھے، پھر آئندہ چل کر برکت علی کی اولاد نے کرایہ نہیں دیا اور اولاد کی اولاد نے بھی کرایہ نہیں دیا، اور زین الدین کی اولاد نے نہ وہ مکان برکت علی کی اولاد کو ہبہ کیا، نہ بیع کیا۔ اب زین الدین کے بعد جو وارث رہے انہوں نے، یا ان کے بعد جو وارث شرعی رہے انہوں نے یہ مکان مسجد کو دیئے، چاہے وقف کیا ہو، چاہے بیع کیا ہو تو وہ مسجد کا ہو گیا (۱)۔ برکت علی کے پوتے کو چاہئے کہ وہ مسجد کے حق میں اس کو خالی کر دیں، یا اگر مسجد کے متولی و ذمہ دار حضرات کرایہ پر دینا مناسب سمجھیں تو کرایہ کا معاملہ کر لیں (۲)، بلاوجہ غاصبانہ قبضہ کرنا گناہ ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

سرکاری زمین پر مسجد بنانا

سوال [۷۳۴۳]: عرصۂ دراز سے ایک سرکاری زمین پر ایک خاندان قابض ہے، مگر سالانہ کرایہ سرکار کو ادا کرتے رہے۔ کچھ عرصہ پہلے اس خاندان نے اس زمین کا کچھ حصہ برائے مکتب اور مسجد وقف کر دیا،

---

(۱) "و فی الحاوی القدسی: و عن محمد یذکر عن أبی حنیفة رحمهما الله تعالیٰ: لو جعل أرضاً له وقفاً علی المسجد، جاز، ولم یکن له أن یرجع". (التاتارخانیة، کتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۵/۸۵۴، إدارة القرآن کراچی)

"ولو کانت الأرض وقفاً علی عمارة المساجد أو علی مرمة المقابر، جاز، کذا فی فتاوی قاضیخان". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد: ۲/۴۶۰، رشیدیه)

(۲) "وإذا علم حرمة إیجار الوقف بأقل من أجر المثل، علم حرمة إعارته بالأولی، و یجب أجر المثل، کما قدمناه". (البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/۳۹۹، رشیدیه)

"ولا تجوز إجارة الوقف إلا بأجر المثل، کذا فی محیط السرخسی". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الخامس: ۲/۴۱۹، رشیدیه)

(۳) "عن سالم عن أبیه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من أخذ من الأرض شیئاً بغیر حقه خسف به یوم القیامة إلی سبع أرضین". رواه البخاری". (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الغصب والعاریة، ص: ۲۵۵، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

گورنمنٹ نے اعتراض کیا، مگر جب مسجد کا نام سنا تو اجازت دیدی اور زمین کی ایک حد مقرر کردی۔ اب مسجد بن گئی اور چھ سال سے جماعت ہورہی ہے، اور مکتب میں بچے پڑھ رہے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ یہ مسجد شرعی مسجد ہوگی یا نہیں، جب کہ زمین گورنمنٹ واپس نہیں لے گی؟

نوٹ: سائل نے دو نقشے مسجد قدیم وجدید بھی سوال کے ساتھ بھیجے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ سب زمین ملک سرکار تھی، جن لوگوں کے تصرف میں تھی ان کی مملوک نہیں تھی، وہ اس کا کرایہ ادا کرتے تھے، ان کو وقف کرنے اور مسجد ومکتب بنانے کا حق نہیں تھا، لیکن جب سرکار کی طرف سے مسجد ومکتب بنانے کی اجازت ہے، پھر سرکار اس کو خالی نہ کرائے گی، نہ کرایہ وصول کرے گی، تو اس اجازت کے بعد حسبِ صوابدید مصلحتِ مسجد ومکتب کے لئے جگہ متعین کرکے ہر دو کی تعمیر درست ہے، خواہ نقشہ سابق کے موافق ہو یا ردو بدل کرکے ہو(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۵/۹۷ھ۔

سرکاری زمین پر مسجد بنانا

سوال[۷۳۴۴]: ایک تالاب دھوبیوں کو الاٹ کیا گیا، تالاب کے پاس کچھ افتادہ زمین ہے، ہم نے اس پر چھان ڈال رکھی ہے اور پانچوں وقت اس میں نماز پڑھ لیتے ہیں، حکومت کے کاغذات میں بھی یہ جگہ مسجد ہی لکھی ہے۔ کچھ لوگ اس کو غصب کرنے کی وجہ سے ناجائز بتلاتے ہیں۔ شرعی حکم سے مطلع فرمائیں۔

المستفتی: محمد انس نینی تال۔

---

(۱) "سلطان أذن لقوم أن يجعلوا أرضاً من أرض البلد حوانيت موقوفةً على المسجد، وأمرهم أن يزيدوا في مساجدهم، ينظر: إن كانت البلدة فتحت عنوةً، يجوز أمره إذا كان لا يضرّ بالمارة؛ لأن البلدة إذا فتحت عنوةً، صارت ملكاً للغزاة فجاز أمر السلطان فيها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الأول: ۴۵۷/۲، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الوقف، أحكام المسجد: ۸۴۳/۵، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المسجد: ۴۱۷/۵، رشيديه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ زمین کسی خاص شخص کی ملک نہیں، بلکہ افتادہ ملکِ سرکار ہے اور سب کی اجازت ورضامندی سے وہاں اذان و جماعت ہورہی ہے اور سرکار نے اس کو مسجد تسلیم کرلیا ہے، تو اس زمین کو غصب کہنا درست نہیں۔ جو شخص اس کے مسجد ہونے میں رکاوٹ ڈالتا ہے، وہ غلطی پر ہے، اس کو ایسا نہیں کرنا چاہئے، مسلمان وہاں باقاعدہ مسجد بنالیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۴/۹۵ھ۔

سرکاری زمین میں مسجد بنانا

سوال[۷۳۴۵]: ہمارا مکان لب سڑک ہے، اس کے سامنے ہمارا صحن ہے جو کہ گورنمنٹ کی زمین کہی جاتی ہے اور نشاندہی کی وجہ سے گورنمنٹ کی زمین کہی جاتی ہے، اس زمین پر ہم نے مسجد کی بنیاد ڈالدی ہے جو اَبھی چبوترہ کی شکل میں ہے، جس پر پنج وقتہ نماز باجماعت ہورہی ہے۔ تو اس زمین کو مسجد بنانا کیسا ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کہ وہ زمین گورنمنٹ کی ملک ہے اور اس کی حدود میں ہے تو مسجد بنانے کے لئے گورنمنٹ سے

---

(۱) "حتی أنه إذا بنی مسجداً، و أذن للناس بالصلاة فيه، فصلی فيه جماعة، فإنه يصير مسجداً".
(التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل الحادی والعشرون فی المساجد: ۵/۸۳۹، إدارة القرآن كراچی)
(وكذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً.. الخ: ۳/۲۹۰، رشيديه)
(وكذا فی فتح القدير، كتاب الوقف، فصل فی أحكام المسجد: ۶/۲۳۳، مصطفی البابی الحلبی مصر)
"رجل له ساحةٌ لا بناء فيها، أمر قوماً أن يصلوا فيها بجماعة ..... أما إن أمرهم بالصلاة فيها أبداً نصّ بأن قال: صلّوا فيها أبداً، أو أمرهم بالصلوٰة مطلقاً ونوی الأبد، ففی هذين الوجهين صارت الساحة مسجداً، لو مات لا يورث عنه". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد، الفصل الأول: ۲/۴۵۵، رشيديه)
(وكذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/۲۹۰، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

باقاعدہ اجازت حاصل کرلی جائے، بلا اجازت مسجد بنانے میں خطرہ واندیشہ ہے شرعاً بھی قانوناً بھی (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/ ۸/ ۸۷ھ۔

ایضاً

سوال[۷۳۴۶]: ہماری بستی کی آبادی تقریباً ۲۰/ ہزار ہے جس میں ۱/۴ مسلمان ہیں۔ بستی میں وضو، طہارت کی سہولتیں مہیا ہیں، عبادت گاہ کے اطراف میں سوگھر کی آبادی ہے، پنجگانہ نماز میں ۳۰، ۴۰/ نمازی ہوتے ہیں، دور سے عبادت گاہ کا حلیہ مسجد کی طرح نظر آتا ہے، لیکن چونکہ یہ عبادت گاہ سرکاری زمین پر بلا اجازت حکومت بنائی گئی ہے اس لئے حکومت جب چاہے نابود کرسکتی ہے۔ تو ان حالات میں:

۱.....یہ عبادت گاہ مسجد کہلائے گی یا نہیں؟

۲.....نمازی کو مسجد کا ثواب ملے گا یا نہیں؟

۳.....بستی میں دیگر دو مساجد ہیں جن میں نماز جمعہ ادا کی جاتی ہے۔ تو کیا اس عبادت گاہ میں نماز جمعہ ادا کرسکتے ہیں یا نہیں؟

۴.....بارش کے ایام میں دیگر دونوں مساجد میں عید کی نماز ہوتی ہے۔ تو کیا اس عبادت گاہ میں بھی

---

(۱) "قلت: وهو كذلك، فإن شرط الوقف التأبيد . والأرض إذا كانت ملكاً لغيره، فللمالك استردادها، وأمره بنقض البناء. وكذا لو كانت ملكاً له. فإن لورثته بعده ذلك، فلا يكون الوقف مؤبداً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مناظرة ابن الشحنة مع شيخه العلامة قاسم فى وقف البناء: ۳۹۰/۴، سعيد)

"أما إن وقّت الأمر باليوم أو الشهر أو سَنَة، ثم مات، يكون ميراثاً عنه؛ لأنه لابد من التأبيد، والتوقتُ ينافى التأبيد". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً، الخ: ۲۹۰/۳، ۲۹۱، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الخ: ۴۵۵/۲، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

نمازعیداداکرسکتے ہیں یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۲،۱.....بحالتِ موجودہ اس عبادت گاہ کااحترام مسجد ہی کی طرح کیاجائے گا اوراس میں کوئی کام خلافِ احترام مسجد نہ کیاجائے،ان شاءاللہ تعالیٰ وہاں نماز پڑھنے کاثواب بھی مسجد ہی کاملے گا(۱)۔

۳.....اس عبادت گاہ میں نماز جمعہ بھی اداکرسکتے ہیں،آخر پنجگانہ نمازیں پڑھتے ہی ہیں۔

۴..... یہاں بھی نمازعیداداکرسکتے ہیں۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبدمحمودغفرلہ،مسجد چھتہ دارالعلوم دیوبند،۱۲/ ذی قعدہ/ ۱۴۰۶ھ۔

ریاست کی حاصل کردہ زمین پر مسجد بنانا

سوال[۷۳۴۷]: ایک زمین کا سالانہ لگان ریاست کودیناپڑتاہے جس سے واضح ہے کہ ریاست زمین کی مالک ہے۔اس حالت میں اس زمین کووقف علی اللہ کرنا صحیح ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ریاست سے وہ زمین سالانہ لگان پر جوحاصل کی ہے،اگراس کو مالکانہ تصرفات کے حق کے ساتھ ملی ہے اگرچہ لگان بھی اداکرناپڑتاہے اورپھراس کوتملیکاً دے دی ہے تواس کاوقف کرنا شرعاً درست ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۱۹/۶/۸۹ھ۔

---

(۱) "(قوله: لا مصلى عيد و جنازة) فليس لهما حكم المسجد في ذلك وإن كان لهما حكمه في صحة الاقتداء وإن لم تتصل الصفوف، ومثلهما فناء المسجد". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب: يوم عرفة أفضل من يوم الجمعة: ۱/۱۷۱، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض: ۱/۳۳۸، رشيديه)

(۲) "أفاد أن الواقف لا بد أن يكون مالكه وقت الوقف ملكاً باتاً ولو بسبب فاسد، وأن لا يكون محجوراً عن التصرف، حتى لو وقف الغاصب المغصوب لم يصح، وإن ملكه بعد بشراء أو صلح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: قد يثبت الوقف بالضرورة: ۴/۳۴۰، ۳۴۱، سعيد) =

Made searchable using ScribeTools.com

افتادہ زمین پر مسجد کے لئے مکانات ودوکانیں بنانا

سوال[۷۳۴۸]: مسجد سے متصل ایک افتادہ زمین پڑی تھی جس میں ملبہ بہت تھا، جب ملبہ صاف کیا گیا تو مکان کی دیواریں نکل آئیں، ۸۰/ سالہ افراد سے معلوم کیا مگر جواب ملا کہ ہماری پیدائش سے یہی حالت تھی۔ اب اس افتادہ زمین پر مسجد کے لئے مکانات یادوکانیں بنوانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ زمین مسجد کی ملک ہے جیسے کہ سائل سے زبانی معلوم ہوا تو وہاں مسجد کے مصالح کے لئے مکان یادوکان اہل الرائے کے مشورہ سے بنادینا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۴/۸۹ھ۔

مسجد کے قریب غیر مملوکہ زمین میں مصالحِ مسجد کے لئے دوکان وغیرہ بنانا

سوال[۷۳۴۹]: مسجد خمران سیکڑوں سال پرانی ہے، ایک کنواں جو مسجد سے متصل ہے مسجد کا کنواں کہلاتا ہے، مگر وہ مسجد سے باہر تھا، بعد میں کسی صاحبِ خیر نے مسجد کے لئے مسجد میں کنواں بنوادیا اور مسجد سے باہر والا کنواں ویران ہوگیا، پھر محلّہ کی ۹۰/ فیصد رائے سے کنویں کو پاٹ کر کئی مسجد کے پیشاب گھر اور

= "و من شرائطه الملک وقت الوقف، حتی لو غصب أرضاً، فوقفها ثم ملکها، لا یکون وقفاً".

(مجمع الأنهر، کتاب الوقف: ۲/۵۶۷، ۵۶۸، غفاریه کوئٹه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/۳۱۴، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الأول: ۲/۳۵۳، رشیدیه)

(۱) "ولو کانت الأرض متصلةً ببیوت المصر یرغب الناس فی استیجار بیوتها، وتکون غلة ذلک فوق غلة الزرع والنخیل، کان للقیم أن یبنی فیها بیوتاً فیؤاجرها". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الخامس فی ولایة الوقف، الخ: ۲/۴۱۴، رشیدیه)

(فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً أو خاناً، الخ: ۳/۳۰۰، رشیدیه)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الوقف، الفصل الأول فی المتولی: ۶/۲۴۱، مصطفی البابی الحلبی مصر)

دوکانیں تعمیر کی گئیں(۱)۔ یہ تعمیر مسجد کے لئے جائز ہے یانہیں؟ سرکاری ریکارڈ میں یہ جگہ کسی کی ملکیت نہیں ہے،صرف چاہ پختہ لکھا ہے۔

عبدالغنی، پٹھان پورہ، دیوبند۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کے قریب کچھ جگہ عامۃً مصالحِ مسجد کے لئے خالی چھوڑ دی جاتی تھی، ایسا ہی حال اس جگہ کا معلوم ہوتا ہے، خاص کر جب کہ کوئی اس کی ملکیت کا مدعی بھی نہیں تو ایسی حالت میں اس جگہ مصالحِ مسجد کے لئے متفقہ رائے سے دکانیں وغیرہ بنوادینا شرعاً درست ہوا(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۱۱/ ۹۴ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۱۱/ ۹۴ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) ''پاٹ دینا: بھردینا، پُرکردینا''۔(فیروز اللغات، ص: ۲۶۲، فیروز سنز لاهور)

(۲) "ولو كانت الأرض متصلةً ببيوت المصر يرغب الناس فی استيجار بيوتها، وتكون غلة ذلک فوق غلة الزرع والنخيل، كان للقيم أن يبنی فيها بيوتاً فيؤاجرها؛ لأن الاستغلال بهذا الوجه يكون أنفع للفقراء". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل داره مسجداً، أو خاناً، الخ: ۳/ ۳۰۰، رشيديه)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فی ولاية الوقف، الخ: ۲/ ۴۱۴، رشيديه)

(وكذا فی فتح القدير، كتاب الوقف، الفصل الأول فی المتولی: ۶/ ۲۴۱، مكتبه مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

باب آداب المسجد

الفصل الأول فيما يستحب فی المسجد ومايكره

(مسجد میں مستحب اور مکروہ کاموں کا بیان)

آدابِ مسجد

سوال[۷۳۵۰]: عنداللہ وعندالرسول مسلمانوں کے لئے مسجد کا احترام اوراس کے آداب کا ملحوظ رکھنا ضروری ہے، یانہیں؟

خادم العلماء محمد علی، نائب خطیب مسجد شاہی لاہور۔
منجانب انجمن اسلامیہ، لاہور پنجاب۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ضروری ہے:

"اعلم أن مبنى الشرائع على تعظيم شرائع اللّٰه تعالىٰ والتقرب بها إليه تعالىٰ . ..... و معظم شرائع اللّٰه تعالىٰ أربعة: القرآن والكعبة والنبى والصلوة .... وأما الكعبة فكان الناس فى زمن إبراهيم عليه السلام توغلوا فى بناء المعابد والكنائس باسم روحانية الشمس وغيرها من الكواكب، و صارعندهم التوجه إلى المجرد غير المحسوس بدون هيكل يبنى باسمه، يكون الحلول فيه والتلبس به تقرباً منه أمراً محالاً، تدفعه عقولهم بادى الرأى، فاستوجب أهل ذلك الزمان أن تظهر رحمة اللّٰه بهم فى صورة بيت يطوفون به ويتقربون به إلى اللّٰه، فدعوا إلى البيت وتعظيمه. ثم نشأ قرنٌ بعد قرن على علم أن تعظيمه مساوق لتعظيم اللّٰه، والتفريط فى حقه مساوق للتفريط فى حق اللّٰه، فعند ذلك وجب

حجه، وأمروا بتعظيمه". حجة الله البالغة، ص: ٦٦(١)۔

"فضل بناء المسجد، وملازمته، وانتظار الصلوة فيه ترجع إلى أنه من شعائر الله، وهو قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إذا رأيتم مسجداً أو سمعتم مؤذناً، فلا تقتلوا أحداً". وأنه محل الصلوة، ومعتكف العابدين، ومطرح الرحمة، و شبيه الكعبة من وجه، وهو قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من خرج من بيته متطهراً إلى صلوة مكتوبة، فأجره كأجر الحاج المحرم، و من خرج إلى تسبيح الضحىٰ لا ينصبه إلا إياه، فأجره كأجر المعتمر". و قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إذا مررتم برياض الجنة، فارتعوا". فيل: و ما رياض الجنة؟ قال: "المساجد". ..... واداب المسجد ترجع إلى معان: منها: تعظيم المسجد،..... ومنها: تنظيفه مما يستقذر و يتنفر منه، ومنها: الاحتراز عن تشويش العباد و هيشات الأسواق، الخ". حجة الله البالغة مختصراً،ص: ۱۹۷، ۱۹۸(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۲۳/صفر/۵۶ھ۔

دخولِ مسجد کی دعاء کہاں پڑھی جائے؟

سوال[۷۳۵۱]: ایک شاہی مسجد ہے، اس کا بیرونی احاطہ بہت وسیع ہونے کی وجہ سے اصل مسجد کے حدود سے علیحدہ ہیں۔ ایسی صورت میں مسجد میں داخل ہونے کی دعاء کون سے دروازہ سے داخل ہوتے وقت پڑھی جائے جب کہ بیرونی یعنی احاطہ کے دروازہ سے داخل ہونے کے وقت یا اندرونی دروازہ سے داخل ہوتے وقت جہاں کہ نماز پڑھی جاتی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوجگہ نماز کے لئے متعین اور وقف ہے کہ وہاں ناپاکی کی حالت میں جانا جائز نہیں (۳)، خواہ مسقّف

---

(۱) (حجة الله البالغة، باب تعظيم شعائر الله: ۱/۲۰۶، ۲۰۸، قديمی)

(۲) (حجة الله البالغة، المساجد من شعائر الله: ۱/۵۴۱-۵۴۴، قديمی)

(۳) "ومنها أنه يحرم عليهما وعلى الجنب الدخول فی المسجد، سواء كان للجلوس أو للعبور". =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

ہو یا غیر مسقّف ہو وہاں پیر رکھتے وقت دعاء پڑھی جائے (۱)، جو جگہ مسجد کے مسقّف، یا غیر مسقّف حصہ سے متصل ہے اور وہ نماز کے لئے متعین نہیں اور ناپاکی کی حالت میں وہاں جانا منع نہیں، وہ شرعی مسجد نہیں اگرچہ احاطہ میں داخل ہو (۲)، وہاں داخل ہوتے وقت دعاء نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۳/۹۶ھ۔

جوتا پہن کر مسجد میں جانا، جوتے میں نماز پڑھنا

سوال [۷۳۵۲]: جوتے پہن کر نماز پڑھنے کا حکم ہے یا نہیں، اگر نہیں تو وہ لوگ کس امام کی پیروی کرتے ہیں جو جوتے پہن کر نماز پڑھتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوتے پہن کر نماز پڑھنا حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بھی منقول ہے (۳)، اب ہماری مساجد کی وہ حالت نہیں جو اس زمانہ میں تھی، اب فقہاء نے لکھا ہے کہ جوتا پہن کر

= (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع فی أحكام الحيض والنفاس، الخ: ۱/۳۸، رشيديه)

(وكذا فی الحلبی الكبير، كتاب الطهارة، فروع، ص: ۶۰، ۶۱، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۱) "عن جدتها فاطمة الكبرى رضی الله تعالیٰ عنها قالت: كان رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم إذا دخل المسجد صلی علی محمد وسلم، وقال: "رب اغفرلی ذنوبی وافتح لی أبواب رحمتك، الخ". (جامع الترمذی، أبواب الصلوة، باب مايقول عند دخوله المسجد: ۱/۷۱، سعيد)

(۲) "وفناء المسجد ليس له حكم المسجد، حتى لو اقتدى بالإمام منه، يصح ..... دون حرمة مرور الجنب ونحوه". (الحلبی الكبير، فصل فی أحكام المسجد، ص: ۶۱۴، سهيل اكيڈمی، لاهور)

وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، فصل: كره غلق باب المسجد: ۱/۱۰۹، رشيديه)

(۳) "عن أبی سعيد الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال: بينما رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يصلی بأصحابه إذ خلع نعليه، فوضعها عن يساره، فلما رأی القوم ذلك، ألقوا نعالهم، فلما قضی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم صلاته قال: "ما حملكم علی إلقائكم نعالكم"؟ قالوا: رأيناك ألقيت نعليك فألقينا نعالنا، الخ". (سنن أبی داؤد: ۱/۱۰۲، كتاب الصلاة، باب الصلوة فی النعل، مكتبه إمداديه ملتان) =

مسجد میں جانا مکروہ ہے، کذا فی عالمگیری(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد کے متصل فرش پر جوتہ پہن کر جانا

سوال[۷۳۵۳]: ایک جامع مسجد جس کا نقشہ درج ذیل ہے:



یہ مسجد ڈیڑھ سو برس سے زیادہ کی ہے جب کہ موضع میں اتنی آبادی نہ تھی جتنی اب ہے۔ یہ سرخ نقطہ والی جگہ یہ کسی زمانہ میں پختہ تھی مگر ٹوٹ گئی تھی، اس پر عیدین کی صفیں آتی تھیں۔ چونکہ اس میں گڑھے تھے اور

= "عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضى الله تعالىٰ عنه قال: رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يصلى حافياً ومتنعلاً". (سنن أبى داؤد، المصدر السابق: ۱/۱۰۳)

"عن النعمان بن سلام عن ابن أبى أوس قال: كان جدى أوس أحياناً يصلى، فيشير إلىّ وهو فى الصلوة، فأعطيته نعليه، ويقول: رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يصلى فى نعليه". (سنن ابن ماجة، كتاب الصلاة، أبواب إقامة الصلوات والسنة فيها، باب الصلوة فى النعال، ص: ۷۲، قديمى)

(۱) "ودخول المسجد متنعلاً مكروه، كذا فى السراجية". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد، الخ: ۵/۳۲۱، رشيديه)

"من أن دخول المسجد متنعلاً من سوء الأدب". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، مطلب: فى أحكام المسجد: ۱/۶۵۷، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

بیرونی حصہ پر لوگ وضو کرتے تھے جس کی وجہ سے تھوک وغیرہ اس پر رہتا تھا۔ کئی سال کا عرصہ ہوا ایک آدمی نے اس جگہ کی یہ حالت دیکھ کر اس کو پھر پختہ کر دیا اور توسیع کر دی جس پر عیدین کی بھی صفیں آجاتی ہیں اور گرمیوں میں اکثر لوگ سنتیں پڑھتے ہیں اور وضو خانے سے وضو کر کے ننگے پیر اندرونِ مسجد تک چلے جاتے ہیں۔ اس آبادی میں صرف دو شخص ایسے تھے جو ضداً نقشہ والی مسجد پر جوتے پہن کر جاتے ہیں۔

لہٰذا ایسی صورت میں کہ یہ نقطہ والے فرش پر عیدین کی صفیں آتی ہیں لوگ وضو کر کے ننگے پیر اندر مسجد میں جاتے ہیں، نیز جوتہ پہن کر چلنے سے پھر ٹوٹ کر حالت سابقہ پر آجائے گی۔ اس پر جوتے پہن کر جانا جائز ہے یا نہیں؟ ایسے ہی کنویں کی جگہ پر اور جہاں پر وضو کا لوٹا رکھا رہتا ہے، عام مسلمان جب وضو کے لئے جاتے ہیں تو دروازہ پر جوتہ اتارتے ہیں، اور اگر کسی شخص کو استنجا کے لئے جانا ہوتا ہے، یا پشتِ مسجد سے گھوم کر آتا ہے، یا جوتے ہاتھ میں لے کر پیشاب خانے کے دروازہ تک جاتا ہے اور وہاں سے جوتہ پہن کر پیشاب خانے میں جاتا ہے۔

نیز یہ بھی بتلایئے اس طرح جوتہ پہن کر جانے سے توہینِ مسجد لازم آتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا عند اللہ العظیم۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

سوال کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ سرخ نقطوں والا حصہ مسجد کا جزء نہیں، لہٰذا اس کے اوپر مسجد کے احکام جاری نہیں ہوں گے (۱) کہ جس طرح جوتہ پہن کر مسجد میں جانا ممنوع ہے اسی طرح اس حصہ میں بھی ممنوع ہو اور نہ اس سے مسجد کی توہین ہوگی۔ لیکن جب کہ یہ حصہ مسجد کے ساتھ بالکل متصل ہے اور نمازی اس جگہ سنتیں

---

(۱) "لا یکره ما ذکر في بیت فیه ..... أو فوقه في ذلک البیت مسجد، وهو مکان فی البیت أعد للصلاة، فإنه لم یأخذ حکم المسجد". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب ما یفسد الصلاة و ما یکره فیها، فصل: کره استقبال القبلة: ۲/۶۴، رشیدیه)

"وفناء المسجد لیس له حکم المسجد، حتی لو اقتدی بالإمام منه، یصح ..... دون حرمة مرور الجنب و نحوه". (الحلبی الکبیر، فصل فی أحکام المسجد، ص: ۶۱۴، سهیل اکیڈمی لاهور)

(و کذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلاة، فصل: کره غلق باب المسجد: ۱/۱۰۹، رشیدیه)

بھی پڑھتے ہیں تو اس جگہ جوتہ پہن کر نہیں جانا چاہئے، بلکہ اس جگہ کو بھی پاک صاف رکھنا چاہئے، جیسے کہ کوئی شخص اپنے مکان میں نماز کے لئے کوئی جگہ یا چبوترہ مخصوص کرلے اس کو بھی پاک صاف رکھتا ہے، حالانکہ وہ جگہ اور چبوترہ بھی مسجد نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/محرم/ ۵۹ھ۔

مسجد کے خام صحن میں جوتا پہن کر جانا

سوال [۷۳۵۴]: ہمارے علاقہ کا عام رواج یہ ہے کہ جب مسجد کی تعمیر ہوتی ہے تو اگرچہ مسجد کے حدود: دالان اور صحن وغیرہ مقرر ہوجاتے ہیں، حواشیٔ اربعہ کی چاروں دیواریں بشکلِ احاطہ بنادی جاتی ہیں یا نہیں بنائی جاتی ہیں، بہرحال جب تک صحن کی زمین خام غیر مفروش رہتی ہے، اس زمین صحن میں جوتے پہن کر چلنا پھرنا عرفِ عام میں بے ادبی نہیں سمجھا جاتا۔ اسی عرف پر مسجد مدرسہ ہٰذا کے صحن میں عمل درآمد تھا۔

بہ تقریبِ جلسہ سالانہ علماء کا وُرود مدرسہ میں ہوا تو ایک جید عالم عارف باللہ بزرگ نے فرمایا:

''ایسا ہرگز نہ چاہیے، بے ادبی اور ناجائز ہے، جہاں تک صحن بنانا بانی کی نیت میں ہے کسی حصہ میں جوتا پہن کر داخل نہیں ہونا چاہیے''۔

اور ایک مقامی عالم کا خیال ہے کہ:

''صحن بایں معنیٰ یقیناً مسجد ہے کہ حائضہ، نفساء کا داخلہ ممنوع ہے، معتکف کا صحن میں آنا جائز ہے، خواہ فرش پختہ ہو یا خام، مگر جوتے پہن کر داخلہ میں یہ تفصیل ہے کہ اگر فرش پختہ ہے تو بے ادبی ہونے کے سبب ناجائز ہے، اہلِ عرف اس کو بے ادبی سمجھتے ہیں اور ادب کا مدار عرف پر ہے اور کوئی نَص اس کے معارض نہیں، بلکہ "ما راٰہ المسلمون حسناً،

---

(۱) "عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: "أمر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم أن تتخذ المساجد فی الدور، وأن تطهر و تطیب". (سنن ابن ماجة، أبواب المساجد والجماعات، باب تطهیر المساجد وتطییبها، ص: ۵۵، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

فهو عندا لله حسن"(۱) کامفہوم اس کا مؤید ہے، لیکن صحن کا فرش خام ہوتو نہ تلویثِ مسجد ہے اور نہ عرف۔

اور حضور علیہ السلام اور صحابہ کرام کا عمل تعامل پر تھا کہ جوتے پہن کر مسجد نبوی میں تشریف لے جاتے، چونکہ اس کا فرش حَصَا کا تھا، اسی بناء پر فقہائے حنفیہ نے متنعلاً نماز پڑھنا افضل لکھا ہے، جو علامہ شامی کے نزدیک فرشِ خام پر محمول ہے، اور حنابلہ رحمہم اللہ تو سنت پر ہونے کے قائل ہیں، پھر گناہ اور بے ادبی ہونا چہ معنیٰ؟ اور اس کی تصریح ہے کہ وہی جوتے چپل پہن کر مسجد میں تشریف لاتے تھے جس کو پہن کر بازار اور گلی کوچوں میں ٹہلا پھرا کرتے تھے۔ ان دلائل کا تقاضا بلا کراہت جواز کا ہے۔ شامی مطبوعہ مصری: ۱/ ۶۱۵، پر پوری تفصیل موجود ہے"(۲)۔

مذکورہ اختلاف کی بناء پر اب ہم لوگ متحیر ہیں کہ کس بات پر عمل کریں، لہٰذا گزارش ہے کہ آپ حضرات فیصلہ فرمائیں کہ دونوں قولوں میں سے کون سا قول صحیح اور واجب العمل ہے؟ اور اگر تیسرا قول ہوتو اس کی تصریح

---

(۱) "قال عليه السلام: "ماراٰه المسلمون حسناً، فهو عند الله حسن".

"قلت: غريب مرفوعاً، ولم أجده إلا موقوفاً على ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه. وله طرق". (نصب الراية لأحاديث الهداية، كتاب الإجارات، باب الإجارة الفاسدة: ۴/ ۱۳۳، مكتبه مؤسسة الريان، بيروت)

(۲) "وينبغى لداخله تعاهد نعله وخفه، وصلاته فيهما أفضل". (الدرالمختار). "(قوله: وصلاته فيهما): أى فى النعل والخف الطاهرين أفضل مخالفة لليهود، تاتر خانية. وفى الحديث: "صلوا فى نعالكم، ولا تشبهوا باليهود". رواه الطبرانى، كما فى الجامع الصغير رامزاً لصحته. وأخذ جمع من الحنابلة أنه سنة ولوكان يمشى بها فى الشوارع؛ لأن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وصحبه كانوا يمشون بها فى طرق المدينة، ثم يصلون بها. قلت: لكن إذا خشى تلويث فرش المسجد بها، ينبغى عدمه وإن كانت طاهرةً. وأما المسجد النبوى فقد كان مفروشاً بالحصا فى زمنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بخلافه فى زماننا، ولعل ذلك محمل مافى عمدة المفتى من أن دخول المسجد متنعلاً من سوء الأدب، تأمل". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فى أحكام المسجد: ۱/ ۶۵۷، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

فرمائی جائے۔ ہرقول مدلل مع حوالہ کتب ہو۔ جَزَاکُمُ اللّٰہ خیراً۔

افتخار احمد، نائب ناظم مدرسہ عربیہ بیت العلوم، سرائے میر اعظم گڑھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

محض واقف کی نیت کرنے اور صحن ودالان کی جگہ متعین کرلینے سے مسجد کے احکام جاری نہیں ہوجاتے، کیونکہ صرف اتنی بات سے مسجدیّت تام نہیں ہوجاتی، بلکہ جب مسجد میں اذان و جماعت ہونے لگے تب مسجدیت تام ہوکر اس پر پورے احکام جاری ہوتے ہیں (۱)۔ پس دورانِ تعمیر جب وہاں مسجد کا ملبہ، اینٹ، گارہ وغیرہ پڑا ہو تعمیر ہورہی ہو، معمار مزدور آجارہے ہوں تو اس کا حکم اَور ہے اور جب وہاں نماز و جماعت ہورہی ہو، اس کا حکم اَور ہے۔

جتنا حصہ نماز و جماعت کے لئے متعین کردیا گیا ہے اور وہاں نماز و جماعت ہونے لگی ہے، اس پر پورے احکام مسجد کے جاری ہوں گے (۲)، وہاں جوتا پہن کر جانا بھی احترام کے خلاف ہوگا۔ دَورِ اول میں جوتا پہن کر مسجد میں داخل ہونا خلافِ احترام نہیں تھا، مگر اب وہ عرف نہیں رہا: "دخول المسجد متنعلاً مکروہ، کذا فی السراجیة، اھ". عالمگیری: ٤/٩٣ (٣)۔

---

(۱) "وعندهما لايصير مسجداً لمجرد البناء مالم يوجد القبض والتسليم، وبالصلاة بجماعة يقع القبض والتسليم، وبالصلوة بجماعة يقع القبض والتسليم بلا خلاف، حتى أنه إذا بنى مسجداً وأذن للناس بالصلاة فيه، فصلى فيه جماعة، فإنه يصير مسجداً". (الفتاویٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل الحادى والعشرون فى المساجد: ٥/٨٣٩، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الأول: ٢/٤٥٤، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ٣/٢٩٠، رشيديه)

(۲) (راجع الحاشية المتقدمة آنفاً)

(۳) (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد، الخ: ٥/٣٢١، رشيديه)

"وينبغى لمن أراد أن يدخل المسجد أن يتعاهد النعل والخف عن النجاسة، ثم يدخل فيه =

Made searchable using ScribeTools.com

عُرف کو دیکھ لیا جائے، اگر جوتے پہن کر مسجد کے خلافِ احترام ہو تو اس سے پرہیز کیا جائے، مسجد مفروش ہو یا غیر مفروش، علامہ شامی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تحریر - بحوالہ سوال - نے پختہ غیر پختہ (مفروش غیر مفروش) کا فرق بھی بر بنائے عرف کیا ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۳/۹۴ھ۔

ٹوپ پہن کر مسجد میں جانا

سوال[۷۳۵۵]: اگر میں ٹوپ (۱) پہن کر مسجد میں بغرضِ ادائے نماز حاضر ہوں تو درست ہے یا نہیں؟ مطلع فرمائیں۔

آپ کا نیازمند: شجاعت اللہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد دربارِ خداوندی ہے اور نماز عبادت ہے اور عبادت کے لئے دربار میں ایسا لباس پہن کر حاضر ہونا چاہئے کہ خداوند تعالیٰ کو پسند ہو اور وہ لباسِ مسنون ہے، یعنی خدا کے محبوب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لباس اور آپ کے متبعین کا لباس۔ ایسا لباس پہن کر حاضر نہیں ہونا چاہئے جس سے اللہ تعالیٰ ناخوش ہوتے ہیں، یعنی جس سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اور ہمارے یہاں وہ خدا کے نافرمانوں یعنی کفار وفساق کا لباس ہے، انگریزی ٹوپ وغیرہ بھی اس میں داخل ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/۱۱/۵۶ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/ ذیقعدہ/۵۶ھ۔

= احترازاً عن تلويث المسجد، وقد قيل: دخول المسجد متنعلاً من سوء الأدب". (البحر الرائق، كتاب لصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/ ۶۱، رشيديه)

(۱) "ٹوپ: بڑی ٹوپی، انگریزی ٹوپی (ہیٹ)، لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنتے ہیں (خود)"۔ (فيروز اللغات، ص: ۴۲۱، فيروز اينڈ سنز، لاهور)

(۲) "عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم فهو منهم". (سنن أبى داؤد، كتاب اللباس، باب فى لبس الشهرة: ۲/ ۲۰۳، مكتبه إمداديه ملتان)

فرشِ مسجد کے متصل کپڑے دھونا

سوال[۷۳۵۶]: مسجد میں نماز کے پڑھنے کا اندرونی حصہ اور بیرونی فرش کے علاوہ جو جگہ ہوتی ہے، مثلاً سہ دری، حجرہ وغیرہ، کیا یہ بھی مسجد کے حکم میں شامل ہے؟ اگر کوئی شخص جس جگہ کنواں، نل وغیرہ لگا ہوا ہو وضو کی جگہ کپڑے دھوئے تو یہ جائز ہے یا نہیں؟ اور مسجد میں رہنے والوں کو مثلاً طالب علم وغیرہ مسجد کے ملاؤں کو اجازت ہے کہ وہاں کپڑے دھولیں، اَور کوئی نمازی دیندار ہو دھوسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو جگہ مسجد نہیں یعنی اس پر نماز نہیں پڑھی جاتی، وہاں اس طرح کپڑے دھونا کہ دوسروں کو اذیت نہ ہو اور مسجد کے فرش پر مستعمل پانی، یا اس کی چھینٹ نہ جائے درست ہے(۱) اور اس میں ملا وغیر ملا سب برابر ہیں۔ مگر جو شخص مسجد ہی میں رہتا ہے اس کو دوسری جگہ کپڑے دھونے کے لئے جانے میں دقت ہے اس لئے اس کے حق میں توسع ہے اور زائد توسع ہے بہ نسبت دوسرے لوگوں کے کہ وہ بسہولت دوسری جگہ جاسکتے ہیں، یا اپنے گھر میں دھوسکتے ہیں، ان کے کسی دوسری جگہ جانے میں مسجد کی نگرانی یا کسی اہم کام میں خلل نہیں آتا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۱/۱۱/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/ ذیقعدہ/۵۵ھ۔

= (ومشكوة المصابيح، كتاب اللباس، الفصل الثانى، ص: ۳۷۵، قديمى)

"قال القارى: أى من تشبه بالكفار مثلاً فى اللباس وغيره أو بالفساق أوالفجار، أو بأهل التصوف الصلحاء الأبرار "فهو منهم": أى فى الإثم أو الخير عند الله تعالىٰ". (بذل المجهود، باب فى لبس الشهرة: ۵/ ۴۱، مكتبه معهد الخليل الاسلامى كراچى)

(وكذا فى مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثانى، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۸/ ۱۵۵، رشيديه)

(۱) "وفناء المسجد ليس له حكم المسجد، حتى لو اقتدى بالإمام منه، يصح ..... دون حرمة مرور الجنب و نحوه". (الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد: ۶۱۴، سهيل اكيڈمى لاهور)

"و ما اتخذ لصلاة العيد، لا يكون مسجداً مطلقاً، وإنما يعطى له حكم المسجد فى صحة الاقتداء بالإمام ..... وأما فيما سوى ذلك، ليس له حكم المسجد". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/ ۲۹۱، رشيديه) =

Made searchable using ScribeTools.com

ناپاک کپڑا مسجد میں رکھنا

سوال[۷۳۵۷]: مسجد میں ناپاک کپڑا رکھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جائزنہیں:"وإدخال نجاسة فيه. عبارة الأشباه: وإدخال نجاسة فيه، منه التلويث، و مفاده الجواز لو جافةً، لكن في الفتاوى الهندية: لا يدخل المسجد مَن على بدنه نجاسة". شامی: ۱/۶۸۶(۱)۔ قلت: قال الطحطاوی: "وإن لم تصب المسجد، أبوالسعود". (۲)۔

ان عبارات سے معلوم ہوا کہ نجس کپڑا مسجد میں نہ رکھے، اگر اس وقت کسی کی معرفت باہر بھیجنا یا خود رکھنا دشوار ہو تو مجبوراً مسجد میں اس طرح رکھنا کہ تلویث نہ ہو درست ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲/رجب/۵۷ھ۔

مسجد میں تولیہ، آئینہ اور منبر پر غلاف

سوال[۷۳۵۸]: مسجد میں تولیہ رکھنا اور آئینہ رکھنا کیسا ہے؟ نیز منبر پر غلاف یعنی منبر پر کپڑا ڈالنا

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۴، رشيديه)

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، مطلب في رفع الصوت بالذكر: ۱/۶۵۶، سعيد)

"وأشار إلى أنه لا يجوز إدخال النجاسة المسجد، وهو مصرح به". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۱، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، الخ: ۵/۳۲۱، رشيديه)

(۲) (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة: ۱/۲۷۷، دارالمعرفة بيروت)

کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ سب تکلفات ہیں، جولوگ اپنے مکانات پر تکلف کے ساتھ رہتے ہیں اپنے انتظام سے مسجد میں بھی یہ چیزیں رکھتے ہیں، فی نفسہ یہ چیزیں نہ ضروری ہیں کہ مسجد کی طرف سے ان کا انتظام کیا جائے، نہ ممنوع ہیں کہ ان کو حرام کہا جائے۔ اصل تو یہ ہے کہ اپنے مکان سے وضو کر کے آدمی مسجد جائے (۱)۔ اگر مسجد ہی میں وضو کرنا ہو تو اپنا تولیہ ساتھ لے جائے۔ وضو کے بعد آئینہ دیکھنا نہ کوئی شرعی چیز ہے نہ عرفی، اس عادت کو چھوڑ دینا بہتر ہے۔ منبر پر غلاف بھی ایک تکلف ہے، در و دیوار کو کپڑے پہنانے کی حدیث میں بھی ممانعت آئی ہے (۲)۔ ہاں! اگر گرمی سے تحفظ مقصود ہو تو مضائقہ بھی نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱۰/۹۹ھ۔

مسجد کی صفائی برش سے

سوال[۷۳۵۹]: مسجد میں بجائے جھاڑو کے بالوں کا بنا ہوا برش استعمال کرنا کیسا ہے؟

ہندہ، محلّہ پٹھان پورہ، سہارنپور۔

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "صلوة الجميع تزيد علی صلوته فی بيته وصلوته فی سوقه خمساً وعشرين درجةً، فإن أحدكم إذا توضأ فأحسن الوضو وأتی المسجد لايريد إلا الصلوة، لم يخط خطوةً، إلا رفع الله بها درجةً وحط بها خطيئةً حتی يدخل المسجد". الحديث. (صحيح البخاری، كتاب الصلوة، باب الصلوة فی مسجد السوق: ۱/۶۹، قديمی)

(۲) "وعن سفينة أن رجلاً ضاف علیّ بن أبی طالب رضی الله تعالیٰ عنه، فصنع له طعاماً، فقالت فاطمة رضی الله تعالیٰ عنها: لو دعونا رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فأكل معنا، فدعوه، فجاء فوضع يديه علی عضادتی الباب، فرای القرام قد ضرب فی ناحية البيت، فرجع. قالت فاطمة: فتبعتُه، فقلت: يارسول الله! ماردك؟ قال: "إنه ليس لی أولنبی أن يدخل بيتاً مزّوقاً": أی مزيناً منقشاً". (مشكوة المصابيح، باب الوليمة، الفصل الثانی، ص: ۲۷۸، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ خنزیر کے بالوں سے بنا ہے تو وہ ناپاک ہے اور نجاست کو مسجد میں داخل کرنا منع ہے(۱)۔ اور اگر خنزیر کے علاوہ کسی دوسرے جانور کے بالوں سے بنا ہے تو وہ ناپاک نہیں، اس کو مسجد میں داخل کرنا ناجائز نہیں، تاہم اگر اس میں اشتباہ ہو تو اس کو چھوڑ دینا چاہئے:

"و شعر الميتة و غير الخنزير طاهرٌ". در مختار مختصراً۔ قال الشامي: "(قوله: على المذهب): أي على قول أبي يوسف الذي هو ظاهر الرواية: أن شعره نجس، وصححه في البدائع، و رجحه في الاختيار". شامي: ۱/۱۱۲(۲)۔

"وإدخال نجاسة فيه (أي في المسجد)". قال الشامي: "في الفتاوىٰ الهندية: لا يدخل المسجد مَن على بدنه نجاسة". ۱/۶۸۶(۳)۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۴/۴/۹ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

تالاب کی گیلی مٹی سے مسجد کو لیپنا

سوال[۷۳۶۰]: ایک تالاب کا پانی ناپاک ہے، اس کی گیلی مٹی سے مسجد کو لیپنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر تالاب دس ہاتھ لمبا اور دس ہاتھ چوڑا ہو، تو وہ ناپاک نہیں(۴) اس کی گیلی مٹی ناپاک نہیں، اس

---

(۱) "(و) كره تحريماً ..... (وإدخال نجاسة فيه)". (تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلوة و ما يكره فيها: ۱/۶۵۶، سعيد)

(۲) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، مطلب في أحكام الدباغة: ۱/۲۰۶، سعيد)

(۳) (رد المحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۶۶۰، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد: ۵/۳۲۱، رشيديه)

"وأشار المصنف إلى أنه لا يجوز إدخال النجاسة المسجدَ، وهو مصرح به". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۱، رشيديه)

(۴) "إن الغدر العظيم كالجاري لا ينجس إلا بالتغير من غير فصل". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب =

سے مسجد کو بھی لیپا جا سکتا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۱۱/۹۴ھ۔

ناک صاف کرکے مسجد سے ہاتھ پونچھنا

سوال[۷۳۶۱]: ناک چھینک کر مسجد کی دیوار سے انگلی پونچھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

خلافِ تہذیب ہے اور دوسروں کے لئے باعثِ اذیت اور مسجد سے بے اعتنائی ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، ۲۳/۲/۹۱ھ۔

= الطهارة، باب المياه: ۱/۱۸، رشيديه)

"ولذا قال في الخلاصة: الماء النجس إذا دخل الحوض الكبير، لا ينجس الحوض وإن كان الماء النجس غالباً على ماء الحوض؛ لأنه كلما اتصل الماء بالحوض، صار ماء الحوض غالبا عليه". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه، مطلب: لو دخل الماء من أعلى الحوض، الخ: ۱/۱۹۱، سعيد)

(۱) "ولا يبزق على حيطان المسجد، ولابين يديه على الحصى، ولافوق البوارى، ولاتحتها، وكذا المخاط". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، فصل: كره غلق باب المسجد، الخ: ۱/۱۱۰،رشيديه)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: يكره استقبال القبلة، الخ: ۱/۴۲۲، مصطفى البابى الحلبى مصر)

"كذا يكره أن يمسح رجله من الطين بأسطوانته أو حائطه". (فتح القدير، المصدرالسابق)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، فصل: كره غلق باب المسجد، الخ: ۱/۱۱۰، رشيديه)

(وكذا في خلاصة الفتاوى: ۱/۲۲۹، الفصل السادس والعشرون في المسجد، الخ: ۱/۲۲۹،رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد میں کنگھی کرنا

سوال[۷۳۶۲]: مسجد کے اندر کنگھی کرنا کیسا ہے؟

محبّ علی کانپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

درست ہے، جب کہ بال مسجد میں نہ گرے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱/۸۸ھ۔

اذان کے وقت مسجد میں بات کرنا

سوال[۷۳۶۳]: دوحدیثوں کا مفہوم ہے کہ اذان کے وقت بات کرنے سے ایمان جاتے رہنے کا خوف ہے، اور مسجد میں دنیا کی باتیں کرنے سے ۴۰/ برس کی نیکیاں ضائع ہوجاتی ہیں۔اب سوال یہ ہے کہ اکثر بازاروں میں، یا نماز کے لئے آتے وقت، یا بوقتِ اذان لین دین، یا باتیں کرتے ہیں، اگرکوئی شخص خاموش رہے تو شدید تکلیف ہوگی۔ایسے مواقع پر کیا کیا جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اذان کے وقت باتیں کرنے سے ایمان جاتے رہنے کا خوف کس حدیث میں ہے، مجھے وہ حدیث محفوظ نہیں، آپ لکھیں تو اس کو دیکھا جائے۔مسجد میں دنیا کی باتیں کرنے کے لئے بیٹھنا منع ہے(۲)، اگر نماز

---

(۱) "لأن تنزيه المسجد من القذر واجب". (الحلبی الكبير، فصل فی أحكام المسجد، ص: ۶۱۲، سهيل اكيڈمی لاهور)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۵/۲، سعيد)

(۲) "(قوله: بأن يجلس لأجله) فإنه حينئذ لا يباح بالاتفاق؛ لأن المسجد ما بنی لأمور الدنيا".

(ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۶۶۲/۱، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فی آداب المسجد: ۳۲۱/۵، رشيديه) ..... =

کے لئے مسجد میں جائے اور وہاں کوئی اتفاقیہ تجارت وملازمت وغیرہ کی باتیں بھی کسی سے کرلے تو یہ اس حکم میں نہیں ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۱/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا

سوال[۷۳۶۴]: ۱.....مسجد کے اندر بیٹھ کر دنیا کی باتیں کرنا۔

۲.....مسجد میں اخبارات کا پڑھنا، کیونکہ بعض اوقات اذان کے بعد سنت پڑھتے ہیں، ایسی حالت میں جب کہ دیگر نمازی سنتیں ادا کررہے ہوں تو اخبارات کا آواز کے ساتھ پڑھنا۔

خاکسار محمد صدیق خان، سہانپور، ۴/ جمادی الاخری/۵۴ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱،۲.....مسجد میں دنیا کی باتیں کرنے کے لئے بیٹھنا ناجائز ہے(۲)، البتہ اگر نماز وغیرہ عبادات کے لئے مسجد میں آنے کے بعد کوئی ضرورت پیش آئے تو مباح کلام کرنا ایسے طریقہ پر کہ دوسرے عبادت کرنے

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۳، رشيديه)

(۱) "وصرح في الظهيرية بكراهة الحديث: أي كلام الناس في المسجد، لكن قيده بأن يجلس لأجله ..... أما إن جلس للعبادة، ثم بعدها تكلم، فلا". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۳، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب في الغرس في المسجد: ۱/۶۶۲، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد: ۵/۳۲۱، رشيديه)

(۲) "(قوله: بأن يجلس لأجله) فإنه حينئذ لا يباح بالاتفاق؛ لأن المسجد ما بني لأمور الدنيا". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب في الغرس في المسجد: ۱/۶۶۲، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

والوں کو اذیت نہ ہو درست ہے (۱) اور غیر مباح کلام جیسے فحش گفتگو اور جھوٹے قصے کسی طرح درست نہیں، اور ایسی حالت میں اخبار کا بلند آواز سے پڑھنا کہ نمازیوں کو اذیت ہو درست نہیں، کذا فی نفع المفتی والسائل، ص: ۱۲۹ (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/ جمادی الثانیہ/۵۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ جمادی الثانیہ/۵۴ھ۔

مسجد میں دنیا کی باتیں کرنا

سوال[۷۳۶۵]: مسجد کے اندر دنیا کی باتیں کرنا کیسا ہے؟ خزانة المفتیین میں جو یہ تحریر ہے کہ جو شخص مسجد میں دنیا کی باتیں کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے چالیس روز کا عمل برباد کرتا ہے۔ اس کا کیا مطلب ہے؟

محمد أنس ڈرائی کلینرس، نینی تال۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو جگہ نماز کے لئے متعین کی گئی ہے جہاں بلا غسل جانا ممنوع ہے وہ مسجد ہے (۳)، وہاں نماز

---

(۱) "الكلام المباح من حديث الدنيا يجوز فی المساجد وإن كان الأولى أن يشتغل بذكر الله ..... قال فی المصفی: الجلوس فی المسجد للحديث مأذون شرعاً". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة و ما يكره فيها، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۱/۶۶۲، سعيد)

(۱) كذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فی آداب المسجد: ۵/۳۲۱، رشيديه)

(۲) "قيل: يجوز الكلام المباح من الدنيا ولا يجوز الكلام المنكر، كالقصص و حكايات الدنيا الكاذبة، فقد نقل فی فتاوى عالمگير عن التمرتاشی: أن الكلام المباح يجوز فی المساجد وإن كان الأولى أن يشتغل بذكر الله". (مجموعة رسائل اللكنوی، رسالة نفع المفتی والسائل ما يتعلق بالمساجد: ۴/۱۸۱، ادارة القرآن كراچی)

"والسادس: أن لا يرفع فيه الصوت من غير ذكر الله تعالىٰ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فی آداب المسجد: ۵/۳۲۱، رشيديه)

(۳) "المسجد: الموضع الذی يسجد وبيت الصلوة، وهو اصطلاحاً: الأرض التی جعلها المالك مسجداً بقوله: جعلتُه مسجداً، وأفرز طريقه وأذِن بالصلوة فيه، فإن صلى واحد زال ملكه". (قواعد =

Made Searchable by ScribeTools.com

تلاوت ذکر کے لئے جانا چاہیے، دنیا کی باتیں کرنے کے لئے وہاں بیٹھنے پر وعید ہے(۱)۔ جو وعید آپ نے نقل کی ہے وہ محلِ کلام ہے، اگر جانا ہو تو نماز کے لئے اور تبعاً کچھ مباح بات بھی کر لی اس پر وعید نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۴/۹۵ھ۔

مسجد میں بیٹھ کر مشورہ کرنا

سوال[۷۳۶۶]: عرض یہ ہے کہ مسجد میں بیٹھ کر کچھ آدمی مسجد کی بابت مشورہ کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بلاشور وشغب کے اس طرح بیٹھ کر مشورہ کر سکتے ہیں کہ مسجد کا ادب ملحوظ رہے اور کسی کی نماز میں خلل نہ آئے (۳)۔ مسجد کی ضروریات، مثلاً: تقرر امام، وتعیینِ اوقات نماز وغیرہ کے متعلق مشورہ کرنا دنیا کی بات

= الفقه، التعريفات الفقهية، ص: ۴۸۴، صدف پبلشرز)

(۱) "الكلام المباح فى المسجد مكروهٌ يأكل الحسنات كما تأكل النار الحطب ..... ولا بأس أن يتحدث بمالا إثم فيه ..... ويلازم قراءة القرآن والحديث والعلم والتدريس وسير النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وقصص الأنبياء وحكايات الصالحين وكتابة أمر الدين". (البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۵۳۱، ۵۳۲، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۳۹۸، مصطفىٰ البابى الحبلى مصر)

(۲) "الكلام المباح من حديث الدنيا يجوز فى المساجد وإن كان الأولى أن يشتغل بذكر الله تعالىٰ". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب فى الغرس فى المسجد: ۱/۶۶۲، سعيد)

"وصرح فى الظهيرية بكراهة الحديث: أى كلام الناس فى المسجد، لكن قيده بأن يجلس لأجله ..... أما إن جلس للعبادة، ثم بعدها تكلم، فلا". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۳، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد الخ: ۵/۳۲۱، رشيديه)

(۳) "الكلام المباح من حديث الدنيا يجوز فى المساجد وإن كان الأولى أن يشتغل بذكر الله ..... = =

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں ٹیپ ریکارڈ سے قرآن سننا

سوال[۷۳۶۷]: ہمارے یہاں جامع مسجد کے امام صاحب یہ فرماتے ہیں کہ آج کل باہر سے جو ٹیپ ریکارڈ آرہے ہیں اس میں دینی تقاریر کے علاوہ نماز واذان وغیرہ بھرے ہوئے ہوتے ہیں تو امام صاحب نے رمضان شریف میں اَخیرعشرہ کی طاق راتوں میں مسجد میں رکھ کرعوام کوسنایا۔بعض لوگوں نے اس پراعتراض کیااورکہا کہ مسجد کے باہر رکھ کرسنایئے۔امام صاحب نے کہا:مسجد میں رکھ کرسنا سکتے ہیں۔ان کا یہ عمل درست ہے یانہیں؟قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس میں ایک قوی اندیشہ تو یہ ہے کہ لوگ صرف ٹیپ ریکارڈ سننے پر کفایت کریں گے اوراسی سے شوق پورا کرلیا کریں گے،خود تلاوت کی طرف متوجہ نہیں ہوں گے۔اور پھر یہ بھی احتمال ہے کہ دوسرے لوگ غلط قسم کی چیزیں سنانے لگیں اوراس سے استدلال کریں گے،لہٰذااس طریقہ کو بند کردیا جائے، کیونکہ یہ چیز بڑھتے بڑھتے دورتک پہونچ جاتی ہے۔بعض جگہ یہ بھی ہے کہ نماز کا وقت آیااوراذان کا ریکارڈ بجالیااورسمجھ لیا کہ اذان ہوگئی، پھرامامت کا ریکارڈ بجادیااوراس کا بھی اقتداء کرلیا،حالانکہ نہ اس طرح اذان ہوئی، نہ امامت ہوئی، نہ اقتدا صحیح ہوئی، نہ نماز ادا ہوئی (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= قال فی المصفی: الجلوس فی المسجد للحدیث مأذون شرعاً". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب ما یفسد الصلاة و ما یکرہ فیها، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۱/۶۶۲، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد: ۵/۳۲۱، رشیدیه)

(۱) "بخلاف السماع من الببغاء والصدی، فإن ذلک لیس بتلاوة، وکذا إذا سمع من المجنون؛ لأن ذلک لیس بتلاوة صحیحة، لعدم أهلیته لانعدام التمییز". (بدائع الصنائع، کتاب الصلاة، فصل: سبب وجوبها و بیان من تجب علیه السجدة: ۱/۴۴۰، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب سجود التلاوة: ۲/۱۰۸، سعید)

مسجد میں ٹیپ ریکارڈ سے وعظ سننا

سوال[۷۳۶۸]: ۱.....ریڈیو یا ٹیپ ریکارڈ مسجد میں رکھ کر تلاوتِ قرآن یا کسی مقرر کی تقریر سنی جاسکتی ہے یا نہیں؟

۲.....زید جامع مسجد میں اعلان کرتا ہے کہ آج بعد نمازِ عشاء اس مسجد میں فلاں شخص کی تقریر ہوگی، آپ حضرات تشریف لائیں، بچوں کو بھی لاویں، عورتوں کے بیٹھنے کا بھی معقول انتظام ہے۔ لیکن بعد نمازِ عشاء بذریعۂ ٹیپ ریکارڈ تقریر سنوائی جاتی ہے۔ تو زید کے اس بیان یا اعلان پر کیا حکم ہے؟

۳.....یہ کہ جملہ مسلمان اس جلسے میں شریک ہوکر بذریعۂ ٹیپ ریکارڈ مسجد میں تقریر سنیں، ان کے لئے کیا حکم ہے؟ از روئے شرع جواب جلد مرحمت فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱-۳.....فی نفسہٖ ریڈیو یا ٹیپ ریکارڈ سے اگر تلاوتِ کلامِ پاک یا وعظ کی آواز آئے تو اس کا سننا مسجد اور غیر مسجد سب جگہ درست ہے(۱)، لیکن اگر مسجد میں یہ طریقہ شروع کردیا جائے تو اندیشہ ہے کہ ہر قسم کی چیزوں کے لئے مکانات کی طرح مسجد میں بھی ریڈیو اور ٹیپ ریکارڈ کا استعمال ہونے لگے گا اور جائز و ناجائز کی کوئی تمیز باقی نہ رہے گی، اس لئے مسجد میں ایسی چیزوں سے احتراز کیا جائے(۲)۔ تقریر کا اعلان کرکے ٹیپ ریکارڈ سے تقریر سنوانے میں ایک قسم کا فریب ہے، لوگ تو یہی سمجھیں گے کہ واقعۃً تقریر ہوگی، حالانکہ وہ تقریر

---

(۱) "الأمور بمقاصدها يعنى أن الحكم الذى يترتب على أمر، يكون على مقتضى ماهو المقصود من ذلك الأمر". (شرح المجلة، المقالة الثانية (رقم المادة: ۲): ۱/۱۷، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فى الأشباه والنظائر، القاعدة الثانية، (رقم القاعده: ۷۸): ۱/۱۰۲، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى قواعد الفقه (رقم القاعدة: ۵۱)، ص: ۶۲، الصدف پبلشرز)

(۲) "عن واثلة بن الأسقع رضى الله تعالىٰ عنه أن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "جنبوا مساجدكم صبيانكم ومجانينكم وشراءكم وبيعكم وخصوماتكم ورفع أصواتكم وإقامة حدودكم وسلّ سيوفكم". الحديث. (سنن ابن ماجة، أبواب المساجد والجماعات، باب مايكره فى المساجد، ص: ۵۴، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

کی نقل ہے۔ جب ان جلسوں اور تقریروں کا حال معلوم ہوگیا، ان کے سننے کا بھی حال خود بخود واضح ہوگیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱۰/۹۴ھ۔

مسجد میں بیٹھ کر خط لکھنا

سوال[۷۳۶۹]: مسجد میں دینی کتابیں پڑھنے اور دین کی معلومات حاصل کرنے کے لئے خط لکھنے میں کیا حکم ہے؟ (میں حضرت مولانا علی میاں سے بیعت ہوں)۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد میں دینی کتابیں پڑھنا، دینی معلومات کے لئے خط لکھنا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں چہل قدمی کرنا

سوال[۷۳۷۰]: وظیفہ پڑھنے والے بعد نماز فجر وعصر اندرونِ مسجد میں ٹہل ٹہل کر اپنا وظیفہ پڑھتے ہیں۔ یہ فعل کیسا ہے؟ بعض عالم بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اکثر بعد نماز عصر کے چہل قدمی فرمایا کرتے تھے، اللہ پاک نے اپنے پیارے حبیب کا اس زمین پر چہل قدمی کرنا پسند نہ فرمایا اس لئے جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری عطا فرمائی کہ اس پر میرا محبوب چلے جیسا کہ صحاح ستہ میں ہے کہ مسجد ومنبر کے درمیان جو حصہ ہے وہ اصلی جنت کی کیاریوں میں سے ایک ہے۔

---

(۱) "وكذا الكاتب إذا كان يكتب بأجر يكره، و بغير أجر، لا". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، فصل: كره غلق باب المسجد، الخ: ۱/۱۱۰، رشيديه)

(و كذا في البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۲، رشيديه)

(و كذا في فتح القدير، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: يكره استقبال القبلة، الخ: ۱/۴۲۲، مصطفى البابي الحلبي مصر)

(و كذا في البزازية، كتاب الصلاة، السادس والعشرون في حكم المسجد: ۴/۸۲، رشيديه)

الجواب حامداً ومصلیاً:

ٹہلنا وظیفہ کا جز نہیں، افضل وبہتر یہ ہے کہ ایک جگہ تنہائی میں بیٹھ کر یکسوئی سے وظیفہ پڑھا جائے (۱)، اگر جماعت کا وقت قریب ہو اور نیند کا اثر ہو جس سے یہ خیال ہو کہ ایک جگہ بیٹھ کر انتظار کرنے سے نیند آ جائے گی، یا اسی قسم کی کوئی اَور ضرورت ہو تو مسجد میں ٹہلنے میں مضائقہ نہیں، لیکن مستقلاً ٹہلنے کے لئے مسجد کو تجویز کرنا بعد فجر ہو یا بعد عصر یا کسی اَور وقت مسجد کی غایت اور وضع کے خلاف ہے (۲)۔ مسجد ومنبر کے درمیان: "روضةٌ من ریاض الجنة" ہونا حدیث سے ثابت ہے (۳)۔ بعد عصر کے علاوہ دیگر اوقات میں اللہ پاک نے اس زمین پر

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ادعوا ربكم تضرعاً و خفيةً﴾ الآية. (سورة الأعراف: ۵۵)

قال العلامة الآلوسی: "﴿تضرعاً﴾: أی ذوتضرع، أو متضرعين ..... وهو من الضراعة، وهی الذل والاستكانة ..... وقال الزجاج: التضرع التملق وهو قريب مما قالوا: أی ادعوه تذللاً".

(روح المعانی: ۸/۱۴۰، دار إحياء التراث العربی بيروت)

(۲) "وعن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "من سمع رجلاً ينشد ضالّةً فی المسجد، فليقل لا ردها الله عليك، فإن المساجد لم تبن لهذا". (مشكوة المصابيح، باب المساجد ومواضع الصلوة، الفصل الأول، ص: ۶۸، قديمی)

(وسنن ابن ماجة، كتاب الصلاة، أبواب المساجد والجماعات، باب النهی عن إنشاد الضوال فی المسجد، ص: ۵۶، قديمی)

(والصحيح لمسلم، كتاب المساجد و مواضع الصلوة، باب النهی عن نشد الضالة فی المسجد و ما يقول من سمع الناشد: ۱/۲۱۰، قديمی)

قال الملا علی القاری تحته: "(من سمع رجلاً ينشد ضالّةً فی المسجد) ..... ويدخل فی هذا الأمر كل أمرٍ لم يُبْنَ له المسجد من البيع والشراء ونحو ذلك، اهـ". (مرقاة المفاتيح، باب المساجد الخ، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۸۰۶): ۲/۴۱۱، رشيديه)

(۳) "وعن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "ما بين بيتی ومنبری روضةٌ من رياض الجنة، ومنبری علی حوضی". (صحيح البخاری: ۱/۲۵۳، فضائل المدينة، باب بلا ترجمة، قديمی)

(ومشكوة المصابيح، باب المساجد و مواضع الصلوة، الفصل الأول، ص: ۶۸، قديمی)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چلنا کیسے پسند کیا ہے؟ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

مسجد میں ٹہلتے ہوئے تسبیح پڑھنا

سوال[۷۳۷۱]: کیا مسجد میں ٹہل کر تسبیح وغیرہ پڑھنا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

تسبیح چلتے پھرتے ٹہلتے ہر طرح پڑھنا درست ہے:"أما الذكر فى قوله تعالىٰ: ﴿فإذا قضيتم الصلوة فاذكروا الله قياماً وقعوداً وعلى جنوبكم﴾ هو الصلوة، ولكنه على أحد وجهين: إماالذكر بالقلب، وهو الفكر فى عظمة الله تعالىٰ وجلاله وقدرته فى خلقه وصنعه من الدلائل عليه وحكمه وجميل صنعه. والذكر الثانى الذكر باللسان بالتعظيم والتسبيح والتقديس. وروى عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما قال: لم يعذر أحد فى ترك الذكر إلامغلوباً على عقله، اه". أحكام القرآن:۲/۳۲۳(۱).

قال أبو السعود فى قوله تعالىٰ: ﴿فاذكروا الله قياماً وقعوداً وعلى جنوبكم﴾: "أى فداوموا على ذكر الله تعالىٰ وحافظوا على مراقبته ومناجاته ودعائه فى جميع الأحوال حتى فى حال المسابقة والقتال، كما فى قوله تعالىٰ: ﴿إذا لقيتم فئةً فاثبتوا، واذكروا الله كثيراً، لعلكم تفلحون﴾ اه". تفسير أبى السعود : ۳/۹(۲).

لیکن بلاضرورت مسجد میں ٹہلنا نہیں چاہیے(۳)۔فقط۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

شاہی مسجد کو تفریح گاہ بنانا

سوال[۷۳۷۲]: شہر برہان پور میں شاہی زمانہ کی بنی ہوئی مسجد ہے جو فنِ تعمیر میں نرالی ہے، مگر

---

(۱) (أحكام القرآن للجصاص: ۲/۳۷۳، سورة النساء، ذكر اختلاف الفقهاء فى الصلوة فى حال القتال، مطلب: الذكر على وجهين، قديمى)

(۲) (تفسير أبى السعود ، (سورة النساء: ۱۰۳): ۱/۲۲۸، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(۳) (راجع للتخريج المسئلة المتقدمة آنفاً)

افسوس یہ ہے کہ وہ مسجد تفریح گاہ بن گئی ہے، ہندو و مسلم، مرد وزن، وقت بے وقت مسجد میں گھومتے رہتے ہیں اور مؤذن ان کو مسجد میں گھما کر رہبری کی قیمت وصول کرتا ہے۔ تو کیا مسجد کو تفریح گاہ بنانا اور مرد وزن کا بے خطر اس میں داخل ہونا از روئے شرع کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ صورتِ حال مسجد کے منشاء واحترام کے سخت خلاف ہے: "فإن المساجد لم تُبنَ لهٰذا".

مشکوۃ شریف، ص: ٦٨ (١)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۴/۱۴۰۶ھ۔

مسجد کی زمین اور قبرستان میں فٹ بال وغیرہ کھیلنا

سوال [۷۳۷۳]: مسجد کی زمین یا قبرستان میں فٹ بال کھیلنا، ہاکی اور والی بال، کرکٹ اور بیڈمنٹن کھیلنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کی زمین اور قبرستان کے لئے وقف شدہ زمین کا حکم بحیثیتِ احترام مسجد کا حکم نہیں ہے، ہر جائز کام وہاں درست ہے اور ہر ناجائز کام وہاں ناجائز ہے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/۹۱ھ۔

---

(۱) الحديث بتمامه: "وعن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من سمع رجلاً ينشد ضالةً في المسجد، فليقل لا ردّها الله عليك، فإن المساجد لم تُبنَ لهذا". رواه مسلم". (مشكوة المصابيح، باب المساجد ومواضع الصلوة، الفصل الأول، ص: ٦٨، قديمى)

(وسنن ابن ماجة، كتاب الصلوة، أبواب المساجد والجماعات، باب النهى عن إنشاد الضوال فى المسجد، ص: ٥٦، قديمى)

(والصحيح لمسلم، كتاب المساجد ومواضع الصلوة، باب النهى عن نشد الضالة فى المسجد ومايقول من سمع الناشد: ١/٢١٠، قديمى)

(۲) "والمختار للفتوى فى المسجد الذي اتخذ لصلاة الجنازة والعيد أنه مسجد فى حق جواز الاقتداء =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد میں افطاری اور سحری

سوال[۷۳۷۴]: مسجد میں روزہ افطار کرنا ایسے ہی سحری کھانا کیسا ہے؟ اگر مکان پر افطاری کرتا ہے تو جماعت فوت ہوجاتی ہے، لہٰذا کیا کرے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بہتر یہ ہے کہ ایسی صورت میں اعتکاف کی نیت کرلے(۱)۔ فقط۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجد میں افطار کرنا یا سحری کھانا درست ہے، لیکن جہاں تک ممکن ہو مسجد کو ملوث نہ کیا جائے، یا جو جگہ قریب مسجد ہو وہاں کھایا پیا جاوے تو بہتر ہے(۲)۔

سعید احمد غفرلہ، ۲۶/ ربیع الاول/۵۳ھ۔

صحیح: عبداللطیف، ۲۷/ ربیع الاول/۵۳ھ۔

= وإن انفصل الصفوف رفقاً بالناس، وفيما عدا ذلك ليس له حكم المسجد، اهـ. و ظاهر ما فى النهاية أنه يجوز الوطء والبول والتخلى فى مصلى الجنائز والعيد، الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۴، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۶۵۷، سعيد)

(وكذا فى الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد، ص: ۶۱۱، سهيل اكيڈمى لاهور)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، فصل: كره غلق باب المسجد، الخ: ۱/۱۰۹، رشيديه)

(۱) "ويحرم فيه السوال ..... وأكل، ونوم إلا لمعتكف وغريب". (الدرالمختار) "(قوله: و أكل ونوم، الخ) وإذا أراد أن يفعل ذلك، ينبغى أن ينوى الاعتكاف، فيدخل فيه و يذكر الله تعالىٰ بقدر ما نوىٰ، أو يصلى، ثم يفعل ما شاء، كذا فى السراجية". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب فى الغرس فى المسجد: ۱/۶۶۱، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد، الخ: ۵/۳۲۱، رشيديه)

(۲) "لأن تنظيف المسجد واجب". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۵، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۵۳۰، رشيديه)

مسجد میں قربانی کرنا

سوال[۷۳۷۵]: مسجد کے اندر قربانی کرنا یعنی مسجد کے صحن میں قربانی کرنا جب کہ مسجد کی دیوار میں خون کی چھینٹیں پڑتی ہیں۔اس کا کیا حکم ہے اور اگر چھینٹیں نہ پڑیں تو کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو حصہ مسجد ہے یعنی نماز کے لئے وقف ہے وہاں نماز پڑھتے ہیں، اس جگہ ذبح کرنا حرام ہے کہ ناپاک خون سے مسجد گندی ہوجائے گی (۱)۔احاطۂ مسجد میں جہاں جوتے رکھتے ہیں، وہاں بھی ذبح کرنے کی ممانعت ہے وہ جگہ اس لئے وقف نہیں دوسری جگہ ذبح کیا جائے (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۶/۸۸ھ۔

مسجد میں چھپکلی مارنا

سوال[۷۳۷۶]: مسجد کے اندر چھپکلی کا مارنا کیسا ہے؟

---

(۱) "(قوله: والوضوء)؛ لأن ماءه مستقذر طبعاً، فيجب تنزيه المسجد عنه كما يجب تنزيهه عن المخاط والبلغم". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، مطلب فى رفع الصوت بالذكر: ۱/۶۶۱، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۵۳۰، رشيديه)

"لأن تنزيه المسجد من القذر واجب". (الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد، ص: ۶۱۲، سهيل اكيڈمى لاهور)

"لأن تنظيف المسجد واجب". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۵، سعيد)

(۲) "لأن شرط الواقف يجب اتباعه لقولهم: شرط الواقف كنص الشارع: أى فى وجوب العمل به، و فى المفهوم والدلالة، اهـ". (الأشباه والنظائر، كتاب الوقف، الفن الثانى، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

"ويكره كل عمل من عمل الدنيا فى المسجد". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد، الخ: ۵/۳۲۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

نہیں مارنا چاہئے، اس کو وہاں سے باہر نکال کر مارا جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۸/ ۹۲ھ۔

مسجد کی چھت پر سے چڑیا کا شکار

سوال[۷۳۷۷]: مسجد کی چھت پر بیٹھ کر بندوق سے چڑیا مارنا، یا کسی ایسے درخت سے جس سے گر کر مسجد میں آوے شکار کھیلنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کی چھت پر شکار کے لئے چڑھنا منع ہے (۲) اور ایسی طرح شکار کھیلنا کہ جانور مسجد میں گرے اور مسجد ملوث ہو یہ بھی منع ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۱۱/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں کبوتر پکڑنا

سوال[۷۳۷۸]: زید کہتا ہے کہ اپنے گاؤں کی مسجد سے کبوتر بغرضِ شکار پکڑنا جائز ہے اور بکر کہتا ہے

---

(۱) (راجع، ص: ۲۰۸، رقم الحاشية: ۱)

(۲) "والصعود على سطح كل مسجد مكروه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد: ۵/ ۳۲۲، رشيديه)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب فى الغرس فى المسجد: ۱/ ۶۵۶، سعيد)

(۳) "لأن تنزيه المسجد من القذر واجب". (الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد، ص: ۶۱۲، سهيل اكيڈمى لاهور)

"لأن تنظيف المسجد واجب". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/ ۴۴۵، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

کہ ناجائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نفسِ شکار کرنا کبوتر کا جائز ہے(۱)، مگر مسجد کا احترام بھی لازم ہے، لہذا ایسی طرح نہ پکڑیں کہ جس سے مسجد کی بے حرمتی ہو(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

گمشدہ چیز کا مسجد میں اعلان کرنا

سوال[۷۳۷۹]: ایک صاحب کا اعتراض ہے کہ مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان حدیث کی رو سے درست نہیں ہے، اس سلسلے میں حدیثوں کا مطالعہ کیا تو ہر جگہ "ضالۃً" کا لفظ ملا، مثلاً:

"عن أبی هريرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم: "من سمع رجلاً ينشد ضالةً فی المسجد، فليقل: لا ردّها اللّٰه عليك، فإن المساجد لم تُبنَ

---

(۱) "عن أبی ثعلبة الخشنی رضی اللّٰه تعالیٰ عنه عن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم: "إذا رميت الصيد، فأدركته بعد ثلث ليال وسهمك فيه، فكُلْ ما لم ينتن". (سنن أبی داؤد: ۳۹/۲، باب فی اتباع الصيد، إمداديه ملتان)

"وحل اصطياد مايؤكل لحمه ومالايؤكل". (البحرالرائق، كتاب الصيد: ۴۲۶/۸، رشيديه)

"لعل مناسبته أن كلاً منهما مما يورث السرور وهو مباح ..... قال المصنف: وإنما زدته تبعاً له، وإلا فالتحقيق عندی إباحة اتخاذه حرفة؛ لأنه نوع من الاكتساب وكل أنواع الكسب فی الإباحة سواء علی المذهب الصحيح، كما فی البزازية وغيرها". (الدرالمختار، كتاب الصيد: ۴۶۱/۶، ۴۶۲، سعيد)

(۲) "عن واثلة بن الأسقع رضی اللّٰه تعالیٰ عنه أن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم قال: "جنّبوا مساجدكم صبيانكم و مجانينكم و شراء كم و بيعكم و خصوماتكم و رفع أصواتكم و إقامة حدودكم". الحديث. (سنن ابن ماجة، أبواب المساجد والجماعات، باب ما يكره فی المساجد، ص: ۵۴، قديمی)

"منها: تعظيم المسجد، ومؤاخذة نفسه أن يجمع الخاطر، ولا يسترسل عند دخوله، وهو قوله صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم: "إذا دخل أحدكم المسجد، فليركع ركعتين قبل أن يجلس". (حجة اللّٰه البالغة: ۵۴۳/۱، المساجد وآداب المسجد، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

لهذا". رواه مسلم". مشكوة(۱)۔

لغات میں "ضالة" گم شدہ اونٹ یا جانور کو کہتے ہیں، لہذ امطلب کو مخصوص ہی معنی میں لیا جاسکتا ہے کہ کسی گم شدہ اونٹ یا جانور کا اعلان مساجد میں نہ کرنا چاہئے۔ "فإن المساجد لم تُبْنَ لهذا" سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مساجد کی ساخت اس کے لئے نہیں ہے اور نہ اس کا محل ہے۔ عین الهدایه میں بھی "فوائد" کے ذیل میں مرقوم ہے کہ "منجملہ مکروہات کے گم شدہ جانور کا پتہ ڈھونڈنا"۔

میرا خیال ہے کہ مساجد کی حدود میں گم ہونے والی چیزوں کا اعلان یا دریافت اس ذیل میں نہیں آتا، لیکن شارحینِ حدیث اور فقہاء نے مطلقاً کسی چیز کے گم ہونے کے اعلان کو ناجائز یا مکروہ لکھا ہے تو سمعنا وأطعنا۔

الجواب حامداً ومصلياً:

"(قوله: وإنشاد ضالة) هى الشيء الضائع، وإنشادها السؤال عنها، وفى الحديث: "إذا رأيتم من ينشد ضالةً فى المسجد، فقولوا: لا ردّها الله عليك". اهـ". شامى: ۱/٤٧٣(۲)۔ قال ابن الأثير: "وهى الضالة من كل شيء من الحيوان وغيره، اهـ". نهاية: ۲/۲٦(۳)۔

"وأما إنشاد الضالة، فالمنهى عنه رفع الصوت بذلك؛ إذ فيه الإضرار دون غيره، وفيه سوء تأديب نسبة إلى المسجد، اهـ". الكوكب الدرى: ۱/۱٥٤(٤)۔ "وأما إنشاد الضالة، فله

---

(۱) (مشكوة المصابيح، باب المساجد و مواضع الصلوة، الفصل الأول، ص:٦٨، قديمى)

(۲) (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/٦٦٠، سعيد)

"(قوله: إنشاد ضالة) لقوله عليه السلام: "إذا رأيتم من ينشد ضالةً فى المسجد، فقولوا: لاردها الله عليك". (حاشية الطحطاوى على الدرالمختار، باب ما يفسد الصلاة: ۱/۲۷۸، دارالمعرفة بيروت)

(وكذا فى الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد: ٦۱۱، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۳) (النهاية لابن الأثير، باب الضاد مع اللام: ۲/۹۸، دار إحياء التراث العربى بيروت)

(وكذا فى مجمع بحار الأنوار، ضلل: ۳/۴۱۲، مجلس دائرة المعارف العثمانية دكن)

(۴) (الكوكب الدرى، أبواب الصلاة، باب فى البيع والشراء وإنشاد الضالة والشعر فى المسجد: ۱/۳۱۹، إدارة القرآن كراچى)

صورتان: إحداهما: إن ضل شيء في خارج المسجد و ينشده في المسجد لاجتماع الناس، فهو أقبح وأشنع، وأما لو ضل في المسجد، فيجوز الإنشاد بلا شغب". العرف الشذى، ص: ۸۰(۱)۔ هكذا في معارف السنن: ۳/۳۱۳(۲)۔

عباراتِ منقولہ سے مسئلہ کی حیثیت واضح ہے(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

ایضاً

سوال[۷۳۸۰]: حدودِ مسجد میں اگر کسی نمازی کا جوتا، گھڑی، یا اَور کوئی چیز گم ہوجائے تو مسجد میں اس کا اعلان کرنا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بغیر اعلان کے طلب وتفتیش درست ہے، اعلان کرنا ہو تو وضوخانہ، دروازۂ مسجد پر (خارج مسجد) اعلان کرے، كذا في معارف السنن شرح الترمذي (٤)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (العرف الشذى على جامع الترمذى، أبواب الصلوة، باب كراهية البيع والشراء وإنشاد الضالة فى المسجد: ۱/۸۰، سعيد)

(۲) "وأما إنشاد الضالة، فله صورتان: إحداهما: و هى أقبح و أشنع بأن يضل شئ خارج المسجد، ثم ينشده فى المسجد لأجل اجتماع الناس فيه. والثانية: أن يضل فى المسجد نفسه، فينشده فيه، وهذا يجوز إذا كان من غير لغط وشغب". (معارف السنن، أبواب الصلوة، باب ما جاء فى كراهية البيع والشراء وإنشاد الضالة فى المسجد: ۳/۳۱۳، سعيد)

(۳) خلاصہ جواب یہ ہے کہ عباراتِ مذکورہ سے یہ بات واضح ہوئی کہ احادیثِ مبارکہ میں اعلانِ گمشدگی کو ممنوع قرار دیا گیا ہے، فقہائے کرام نے اس حکم کو عام رکھا ہے، البتہ صرف وہ چیز جو کہ مسجد کے اندر ہی سے گم ہو تو اس کے اعلان کی اجازت دیتے ہیں، لیکن اس کے ساتھ ضروری یہ ہے کہ مسجد کا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے شور وشغب سے اجتناب کیا جائے۔فقط۔واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۴) "وأما إنشاد الضالة، فله صورتان: إحداهما: و هى أقبح و أشنع بأن يضل شئ خارج المسجد، ثم =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد میں سے ہوکر غسل خانہ جانا

سوال[۷۳۸۱]: مسجد کے فرش پر چل کر غسل خانہ میں جانا پڑتا ہے اور یہ دستور قدیم سے کر رکھا ہے۔ یہ کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر غسل خانہ تک جانے کا راستہ بجز مسجد میں کو گذرنے کے کوئی نہیں تو ناپاک آدمی تیمّم کر کے وہاں کو جائے اور کوشش کرے کہ راستہ کسی اَور طرف کو بنایا جائے (۱)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۷/ ۹۲ھ۔

عورتوں کا مسجد میں جانا

سوال[۷۳۸۲]: عورتوں کا پردہ کے ساتھ باجازتِ شوہر کے مسجد میں نماز کے لئے جانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

فتنہ وفساد کی زیادتی کی وجہ سے ممنوع ہے، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ عورتوں کی یہ حالت اگر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ملاحظہ فرماتے تو مسجد میں جانے سے منع فرمادیتے (۲)، بعض

= ينشده فى المسجد لأجل اجتماع الناس فيه. والثانية: أن يضل فى المسجد نفسه، فينشده فيه، وهذا يجوز إذا كان من غير لغط وشغب". (معارف السنن، أبواب الصلوة، باب ما جاء فى كراهية البيع والشراء وإنشاد الضالة فى المسجد: ۳/ ۳۱۳، سعيد)

(۱) "ويحرم بالحدث الأكبر دخول مسجد ولو لعبور، إلا بضرورة، حيث لايمكنه غيره". (الدرالمختار). "عن المسبوط : مسافرٌ مرّ بمسجد فيه عين ماء، وهو جنب، ولا يجد غيره، فإنه يتيمّم لدخول المسجد عندنا، اهـ..... ولا نجيز العبور فى المسجد بلا تيمم". (ردالمحتار، كتاب الطهارة: ۱/ ۱۷۱، ۱۷۲، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع فى أحكام الحيض والنفاس، الخ: ۱/ ۳۸، رشيديه)

(۲) "عن يحيى بن سعيد عن عمرة عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها قالت: لو أدرك رسول الله صلى الله =

اکابر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے تدبیروں سے اپنی عورتوں کو مسجد میں جانے سے روکا ہے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

عورتوں کا مسجد کو گذرگاہ بنانا

سوال[۷۳۸۳]: کیا مسجد کے اندر سے مسلم اور غیر مسلم عورتوں کا آنا جانا جائز ہے؟

= تعالیٰ علیه وسلم ما أحدث النساء، لمنعهن المسجد كما مُنعت نساء بنی إسرائيل". (صحيح البخاری: ۱/۱۲۰، كتاب الأذان، باب خروج النساء إلى المساجد بالليل والغلس، قديمی)

(والصحيح لمسلم كتاب الصلوة، باب خروج النساء إلى المساجد: ۱/۱۸۳، قديمی)

(۱) "وهذا هو محمل ما رواه ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما من خروجهن بعد فتح مكة، ثم منعهن الصحابة بعد النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم لفساد الزمان ..... وكان ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه يُخرج النساء من المسجد يوم الجمعة ويقول: "أخرجن إلى بيوتكن خيرٌ لكن". رواه الطبرانی". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب وجوب صلوة العيدين: ۸/۸۸، إدارة القرآن كراچی)

"ويكره حضورهن الجماعة ولو لجمعة وعيد ووعظ مطلقاً ولو عجوزاً ليلاً على المذهب المفتى به، لفساد الزمان". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۵۶۶، سعيد)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الباب الخامس فی الإمامة، الفصل الخامس فی بيان مقام الإمام والمأموم: ۱/۸۹، رشيديه)

"چنانچہ حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جن کے کئی نکاح ہوئے تھے جن میں سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی ہوا، وہ مسجد میں تشریف لے جاتی تھی، اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گراں ہوتا تھا، کسی نے ان کو کہا کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گراں ہوتا ہے، انہوں نے کہا کہ ان کو اگر گراں ہوتا ہے تو منع کردیں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کے بعد حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح ہوا، ان کو بھی یہ چیز گراں تھی، مگر روکنے کی ہمت نہ ہوئی تو ایک مرتبہ عشاء کی نماز کے لئے یہ جہاں کو جاتی تھی، راستہ میں بیٹھ گئے اور جب یہ پاس کو گزری تو ان کو چھیڑا، خاوند تھے اس لئے ان کو تو جائز تھا ہی، مگر ان کو خبر نہ ہوئی، اندھیرا تھا کہ یہ کون ہیں، اس کے بعد انہوں نے جانا چھوڑ دیا۔ دوسرے وقت حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا کہ مسجد میں کیوں جانا چھوڑ دیا، کہنے لگیں کہ اب وہ زمانہ نہیں رہا"۔ (حکایاتِ صحابہ، ص:۱۲۱، کتب خانہ فیضی لاہور)

Made Se[redacted]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کو گذرگاہ نہ بنایا جائے، نہ مَردوں کے لئے نہ عورتوں کے لئے (۱)۔ عورتوں کو تو نماز کے لئے بھی مسجد میں آنے سے روک دیا جائے (۲)۔ غیر مسلم عورتوں کا وہاں کیا کام ہے، وہ کیوں آئیں؟ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۹/۹۵ھ۔

مدرسہ کا راستہ مسجد میں سے

سوال [۷۳۸۴]: ایک مدرسہ مسجد سے ملحق ہے، اس کا راستہ مسجد کے اندر سے ہے یعنی مسجد ہی کے دروازے سے۔ تو یہ مدرسہ کا راستہ مسجد سے الگ ہونا چاہیے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مدرسہ مسجد سے ہی متعلق ہے اور اس کا دروازہ دوسری جانب نہیں کیا جاسکتا، تو مجبوراً مسجد میں آنے

---

(۱) "لایتخذ طریقاً فی المسجد بأن یکون له بابان، فیدخل من هذا ویخرج من ذلک". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد: ۵/۳۲۱، رشیدیه)

"رجل یمر فی المسجد ویتخذه طریقاً إن کان لغیر عذر، لایجوز". (البحر الرائق، کتاب الصلوة، باب مایفسد الصلوة ومایکره فیها، فصل: کره استقبال القبلة: ۱/۶۲، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الصلوة: ۱/۶۵۶، سعید)

(۲) "عن یحیی بن سعید عن عمرة عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: لوأدرک رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ماأحدث النساء، لمنعهن المسجد کما مُنعت نساء بنی إسرائیل". (صحیح البخاری: ۱/۱۲۰، کتاب الأذان، باب خروج النساء إلی المساجد باللیل والغلس، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الصلوة، باب خروج النساء إلی المساجد: ۱/۱۸۳، قدیمی)

"ویکره حضورهن الجماعة ولو لجمعة وعید ووعظ مطلقاً ولو عجوزاً لیلاً علی المذهب المفتی به، لفساد الزمان". (تنویر الأبصار مع الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۶۶، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب الخامس فی الإمامة، الفصل الخامس فی بیان مقام الإمام والمأموم: ۱/۸۹، رشیدیه)

جانے کی اجازت ہوگی، ایسی حالت میں مسجد میں مرور کی شامی نے گنجائش دی ہے(۱)، اگر دوسری جانب کو راستہ بن سکتا ہو تو دوسری جانب راستہ بنادیا جائے، یہی احوط ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۵/ ۱۴۰۱ھ۔

بچوں اور پاگلوں کو مسجد میں داخل کرنا

سوال[۷۳۸۵]: مسجد میں ایسے چھوٹے بچوں اور پاگلوں کو داخل کرنا حرام ہے جن کی نجاست کا گمان غالب ہو اور گمان غالب نہ ہو تو مکروہ ہے (آداب المساجد)۔ مکروہ تنزیہی ہے یا تحریمی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بچے صاف ستھرے رہیں تو مکروہ تحریمی نہیں(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۸۸ھ۔

---

(۱) "(واتخاذه طريقاً بغير عذر) وصرح فى القنية بفسقه باعتياده". (الدرالمختار). "(قوله: بغير عذر) فلو بعذرٍ، جاز". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فى أحكام المسجد: ۱/ ۶۵۶، سعيد)

"قوله: (وإن جعل شئ من الطريق مسجداً، صح كعكسه). ومعنى قوله: (كعكسه) أنه إذا جعل فى المسجد سمراً، فإنه يجوز لتعارف أهل الأمصار فى الجوامع، وجاز لكل أحد أن يمرّ فيه حتى الكافر، إلا الجنب والحائض والنفساء، لما عرف فى موضعه". (البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المسجد: ۵/ ۴۲۸، رشيديه)

(۲) "لأهل المحلة تحويل باب المسجد من موضع إلى موضع آخر". (البحرالرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المسجد: ۵/ ۴۲۸، رشيديه)

(وكذا فى خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الوقف، الفصل الرابع فى المسجد وأوقافه ومسائله: ۴/ ۴۲۱، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف، وإذا بنى مسجداً لم يزل ملكه عنه: ۶/ ۲۳۷، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

(۳) "ويحرم إدخال صبيان و مجانين حيث غلب تنجيسهم، وإلا فيكره". (الدرالمختار). "(فقوله: إلا فيكره): أى تنزيهاً، تأمل". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، مطلب =

Made searchable using ScribeTools.com

وضو کی نالی صحنِ مسجد کے نیچے سے گزرتی ہو تو اس کا حکم

سوال[۷۳۸۶]: مسجد کے برآمدہ کے متصل دائیں جانب وضو کرنے کی نالی ہے اور وہ نالی باہر کے مسجد کے صحن کے نیچے کو نکالی گئی اور باہر والی وضو کی نالی پر آ کر مل جاتی ہے۔ مقصد یہ ہے کہ وضو کا پانی مسجد کے صحن کے نیچے کو گزر جاتا ہے، اس کے متعلق شرع کا کیا حکم ہے؟ کیا یہ احترامِ مسجد کے خلاف ہے، آیا نماز میں بھی کچھ فرق آتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مسجد بناتے وقت نالی کی یہی صورت رکھی گئی ہے تو شرعاً درست ہے، اس سے نماز میں فرق نہیں آتا، لیکن اگر اس نالی کا رخ کسی دوسری طرف بدلا جاسکتا ہے تو وہ اَنسب ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/ ۷/ ۱۴۰۶ھ۔

مسجد کے غسل خانہ میں پاخانہ کرنا

سوال[۷۳۸۷]: بغیر اجازتِ متولی مسجد کے غسل خانہ میں محمد آفاق پاخانہ کرتے ہیں۔ یہ جائز ہے یا ناجائز، جب کہ یہ غسل خانہ صرف استنجا پاک کرنے کے لئے ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

غسل خانے میں پاخانہ کرنا منع ہے(۲)، متولی کو اس کی اجازت دینا بھی منع ہے(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۳/ ۹۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۳/ ۹۴ھ۔

= فی أحکام المسجد: ۱/ ۲۵۶، ۲۵۷، سعید)

(وکذا فی الأشباہ والنظائر، القول فی أحکام المسجد: ۴/ ۵۴، إدارۃ القرآن کراچی)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، فصل فی أحکام المسجد، ص: ۶۱۰، سہیل اکیڈمی لاہور)

(۱) "ویحرم فیہ السؤال ویکرہ الإعطاء ..... والوضوء فیما أعد لذلک". (الدرالمختار). "(قولہ: والوضوء)؛ لأن ماءہ مستقذر طبعاً، فیجب تنزیہ المسجد عنہ، کما یجب تنزیہ عن المخاط والبلغم، بدائع". (ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ وما یکرہ فیہا: ۱/ ۶۵۹، ۶۶۰، سعید)

(۲) "عن الحسن عن عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: قال رسول اللہ ﷺ: "لایبولن أحدکم =

فرشِ مسجد پر وضو

سوال[۷۳۸۸]: مسجد کے فرش پر وضو کرنا ٹھیک ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کے فرش پر جو کہ نماز کے لئے مقرر ہے وضو کرنا جائز نہیں ہے، اگر نالی وضو کے لئے موجود ہے تو وہاں وضو کریں، ورنہ فرشِ مسجد سے علیحدہ جا کر وضو کریں۔ غرض! وضو کا مستعمل پانی مسجد کے فرش پر ڈالنا منع ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۱۲/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۷/۱۲/۶۰ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

= فی مستحمه ثم یغتسل فیه". قال أحمد رحمه الله تعالیٰ: "ثم یتوضأ فیه" فإن عامة الوسواس منه".
(سنن أبی داؤد، کتاب الطهارة، باب فی البول فی المستحم: ۱/۱۵، مکتبه إمدادیه ملتان)

"عن عبدالله بن مغفل رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نهی أن یبول الرجل فی مستحمّه وقال: إن عامة الوسواس منه". (جامع الترمذی، أبواب الطهارة، باب ماجاء فی کراهیة البول فی المغتسل: ۱/۱۲، سعید)

(وکذا فی سنن النسائی، کتاب الطهارة، باب کراهیة البول فی المستحم: ۱/۱۵، قدیمی)

(۳) چونکہ غسل خانہ غسل کرنے کے لئے ہے اور بغیر غسل کے کسی اَور کام میں استعمال کرنا درست نہیں ہے، جیسے وضو کے لئے بنائے گئے حوض سے پانی پینا درست نہیں: "وإذا جعل السقایة للشرب، فأراد أن یتوضأ منها..... وإذا وقف للوضوء، لایجوز الشرب منه، وکل ما أعد للشرب حتی الحیاض، لایجوز منها التوضؤ، کذا فی خزانة المفتین". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۲/۴۶۵، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف، فصل فی أحکام المسجد: ۵/۴۲۷، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب الوقف، الفصل الثانی والعشرون فی المسائل التی تعود إلی الرباطات والمقابر والخانات الخ: ۵/۸۶۵، إدارة القرآن کراچی)

(۱) "الأولی تفسیرها بالطهارة ومقدماتها، لیدخل الاستنجاء والوضوء والغسل، لمشارکتها لهما فی =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کی دیوار پر بیٹھ کر وضو کرنا

سوال[۷۳۸۹]: محلّہ کی مسجد کے صحن کی دیوار ماہی پشت تھی (۱)۔جنوب کی دیوار کو محلّہ کی انجمن کے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب- جو کہ حافظ، قاری، عالم ہیں- اوپر کے حصے کو توڑ کر چوکور بنواتے ہیں اور اس دیوار پر بیٹھ کر وضو خود بناتے ہیں اور دیگر لوگ بھی وضو اس پر بیٹھ کر بناتے ہیں۔کیا شرعاً ایسا کرنا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

فی نفسہ وضو وہاں درست ہے، جب کہ وضو کا پانی مسجد میں نہ گرتا ہو(۲)،لیکن ہیڈ مدرس صاحب کو

= الاحتياج وعدم الجواز فى المسجد ..... قال فى البدائع: فإن كان (الغسل) بحيث يتلوّث (المسجد) بالماء المستعمل يمنع (المعتكف) منه ؛ لأن تنظيف المسجد واجب، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۵، سعيد)

"ويكره الوضوء والمضمضة فى المسجد، إلا أن يكون موضع فيه اتخذ للوضوء ولايصلى فيه". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلو ة ومايكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۱، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، فصل: كره غلق باب المسجد: ۱/۱۱۰، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، فصل فى المسجد: ۱/۶۴، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد،ص: ۶۱۱، سهيل اكيڈمى، لاهور)

"ويحرم فيه السؤال ..... ويكره الإعطاء ..... والوضوء فيما أعد لذلك". (الدرالمختار). "(قوله: والوضوء)؛ لأن ماء ه مستقذر طبعاً، فيجب تنزيه المسجد عنه كمايجب تنزيهه عن المخاط والبلغم". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فى الصوت بالذكر: ۱/۶۰۰، سعيد)

(۱)"ماہی پشت: گنبدی، قبہ دار، محدب، وہ چیز جو آس پاس سے نیچی اور درمیان میں اونچی ہو"۔(فيروز اللغات، ص: ۱۱۹۱، فيروز سنز، لاهور)

(۲) "ويحرم فيه السوال ..... والوضوء فيما أعد لذلك". (الدرالمختار). (قوله: والوضوء)؛ لأن ماء ه مستقذر طبعاً، فيجب تنزيهه المسجد عنه كما يجب تنزيهه عن المخاط والبلغم". (الدرالمختار، باب أحكام المساجد، مطلب فى رفع الصوت بالذكر: ۱/۶۰۰، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

مسجد کی دیوار میں از خود متولی اور مصلیوں سے مشورہ کئے بغیر اس تصرف کا حق نہیں تھا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۷/ ۹۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/ ۷/ ۹۳ھ۔

مسجد کا پانی راستہ چلنے والوں کے لئے تکلیف کا باعث نہیں ہونا چاہیے

سوال[۷۳۹۰]: ہمارا گاؤں تقریباً ۱۶، ۱۷/ سال سے آباد ہے، ہم نے شروع میں کچی مسجد بنالی تھی، اب پکی خوشنما مسجد بن گئی ہے۔ مسجد کی چہار دیواری کھڑے آدمی کے سر کے برابر ہے اور اندر تھوڑی زمین اس لئے رکھ لی ہے کہ گاؤں کی بڑھتی آبادی کے ساتھ ساتھ عمارت بھی بڑھتی رہے گی۔ اس زمین میں اس وقت ارنڈ وغیرہ کے پیڑ لگائے ہوئے ہیں (۱)۔ اندر ہی دو غسلخانے ہیں جن کا گندا پانی شروع ہی سے باہر جاتا تھا۔

اب ایک شخص نے غسل خانے کا پانی دیوار توڑ کر مسجد کی زمین میں ڈال دیا ہے جو مندرجہ بالا لکھی ہوئی ہے اور اس پانی کو مسجد کی زمین میں ڈالنے پر جو لاگت آئی ہے، یہ روپیہ اس شخص نے مسجد کے خزانے سے نکالا ہے، کیونکہ وہ شخص خود متولی مسجد ہے۔ اس نے یہ پانی اس وجہ سے مسجد کی زمین پر ڈالا ہے کہ سڑک پر کیچڑ رہتا تھا۔ براہِ کرم اس بارے میں فتویٰ عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کے غسل خانوں کا پانی اس طرح پر نکالنا کہ وہاں کیچڑ ہو جائے اور چلنے والوں کو تکلیف ہو، نہیں چاہیے، اگر اندرونِ احاطہ پانی کی جگہ ہے جس کے ذریعہ راستہ محفوظ رہ سکے تو راستہ کو بچانا چاہیے، مسجد کے متولی صاحب نے ٹھیک کیا ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) پیڑ: درخت، شجر، پودا، بوٹا"۔ (فیروز اللغات، ص: ۳۲۹، فیروز سنز، لاهور)

"ارنڈ: ایک درخت جس کے بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے۔ ارنڈ خربوزہ: ایک خاص قسم کا پھل، پپیتا"۔ (فیروز اللغات، ص: ۸۳، فیروز سنز، لاهور)

(۲) "عن أبی بردة عن أبی موسی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قالوا: یارسول الله! أیّ الإسلام أفضل؟ قال: "من سلم المسلمون من لسانه ویده". (صحیح البخاری، کتاب الإیمان، بابٌ: أیّ الإسلام أفضل: ۱/ ۶، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

بازار میں واقع مسجد میں لوگوں کی آمدورفت کی وجہ سے بے حرمتی کا اندیشہ

سوال[۷۳۹۱]: ایک مسجد جوکہ بازار میں واقع ہے اور بازار کے لوگ مسجد کے نل سے پانی بھرتے ہیں۔تو یہ درست ہے یا نہیں؟ نیز لوگ مسجد کے غسل خانوں میں آکر گندگی بھی کر جاتے ہیں، نیز دیہاتی عورتیں مسجد میں آکر بیٹھتی ہیں اور کھانا وغیرہ کھاتی ہیں جس سے مسجد میں چھپکلی اور دوسرے کیڑے مکوڑے آتے ہیں اور بھی بہت سی بے حرمتی ہوتی ہے، یہاں تک کہ بعض دفعہ یہ بھی دیکھا گیا کہ غسل خانہ میں لوگ بھنگ بھی پیتے ہیں۔تو اس صورت میں مسجد غیر اوقاتِ نماز میں بند کردی جائے یا بند نہ کی جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگرچہ اوقاتِ نماز کے علاوہ مسجد کو بند کردینا بھی درست ہے(۱)، مگر مناسب نہیں کہ لوگوں کو پانی کی تکلیف ہوگی۔ جو کام مسجد میں غلط کئے جائیں ان سے روکنے کے لئے مسجد کے مؤذن کو تنبیہ کردے، یا اعلان لکھ کر لگادیا جائے، جب بار بار اُن کو منع کیا جائے گا تو توقع ہے کہ مان لیں گے۔ نیز اوقاتِ نماز میں جب وہ مسجد میں آئیں تو ان سے درخواست کی جائے کہ وہ نماز ادا کریں، محض بطورِ مسافر خانہ مسجد کو استعمال نہ کریں(۲)۔ اگر وہاں تبلیغی جماعت کا طریقہ اختیار کیا جائے تو انشاء اللہ زیادہ نفع کی امید ہے، اس سے مسجد کا احترام بھی قلوب میں پیدا ہوگا جس سے غلط کاموں سے حفاظت رہے گی۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۵/۱۳۹۶ھ۔

---

(۱) "(و) كما كره (غلق باب المسجد) إلالخوف على متاعه، به يفتى". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة، ومايكره فيها: ۱/۶۵۶، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها: ۲/۵۹، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة مايكره فيها: ۱/۴۲۱، مصطفىٰ البابى الحلبى، مصر)

(۲) "ويكره النوم والأكل فيه لغير المعتكف". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد: ۵/۳۲۱، سعيد)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة و مايكره فيها: ۱/۶۶۱، سعيد)

کیا متولی کے منع کرنے سے اس مسجد میں نماز نہیں ہوگی؟

سوال[۷۳۹۲]: اگر کسی مسجد میں اذنِ عام نہ ہو اور مسجد کے متولی صاحب نمازیوں کو دیکھ کر یہ کہیں کہ شہر کے اندر ۱۷/ مسجدیں اَور ہیں، یہیں کوئی ضروری ہے۔ تو کیا اس بات کے کہنے سے اس مسجد میں نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

شرعی مسجد سے کسی نماز پڑھنے والے کو نماز سے روکنے کا حق نہیں، جو شخص روکتا ہے وہ غلطی پر ہے(۱)، اس کے روکنے کی وجہ سے وہ مسجد اس کی ملکیت نہیں ہوجائے گی، بلکہ اس کا روکنا غلط ہوگا(۲)۔ اور نماز اس مسجد میں درست رہے گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/ ۱۱/ ۱۴۰۶ھ۔

مسجد میں کسی کے لئے جگہ روکنا

سوال[۷۳۹۳]: مسجد یا عیدگاہ میں صفِ اول میں اُمراء اور رُؤساء کے لئے جگہ روکنا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اُمراء یا کسی اَور کے لئے عیدگاہ یا مسجد کی صفِ اول میں جگہ روکنے کا حق نہیں، جو پہلے آکر جہاں بیٹھ

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن يذكر فيها اسمه وسعىٰ فى خرابها﴾ (سورة البقرة: ۱۱۴)

(۲) "وأعجب من ذلك أنه إذا غضب على شخص يمنعه من دخول المسجدخصوصاً بسبب أمر دنيوى، وهذا كله جهلٌ عظيمٌ، ولا يبعد أن يكون كبيرةً، فقد قال الله تعالىٰ: ﴿وأن المساجد لله﴾، فلا يجوز لأحد مطلقاً أن يمنع مؤمناً من عبادة يأتى بها فى المسجد؛ لأن المسجد مابنى إلا لها من صلاة واعتكاف وذكر شرعى، الخ". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/ ۶۰، رشيديه)

(وكذا فى غمز عيون البصائر على الأشباه والنظائر: ۴/ ۶۳، إدارة القرآن كراچى)

Made searchable using ScribeTools.com

جائے وہ اسی کی جگہ ہوگی، اس کو وہاں سے اٹھانے کا بھی حق نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۰/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: سید احمد علی سعید، نائب مفتی دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱۰/۸۵ھ۔

دیوارِ مسجد میں تختہ لگا کر قرآن و دینی کتب رکھنا

سوال[۷۳۹۴]: مسجد میں جہاں امام کھڑا رہتا ہے، اس دیوار ہی میں آس پاس جو محرابیں ہوتی ہیں، ان میں فرش یا کچھ اَور چیز لگا کر قرآن شریف و دیگر کتب رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

تعمیرِ مسجد کو اس سے نقصان نہ پہونچے (دیوار کمزور نہ ہوجائے) تو قرآن پاک اور دینی کتب کا مطالعہ کے لئے وہاں رکھنا درست ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۳/۹۴ھ۔

صحنِ مسجد میں نماز

سوال[۷۳۹۵]: صحنِ مسجد کو اگر حکم مسجد میں داخل نہ مانا جائے تو کیا اس میں فرائض، تراویح نماز

---

(۱) "و یکره تخصیص مکان فی المسجد لنفسه؛ لأنه یخل بالخشوع". (البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب ما یفسد الصلاة و ما یکره فیها، فصل: کره استقبال القبلة: ۲/۶۲، رشیدیه)

"وتخصیص مکان لنفسه، و لیس له إزعاج غیره منه". (الدرالمختار). "(قوله: و تخصیص مکان لنفسه)؛ لأنه یخل بالخشوع، کذا فی القنیة: أی لأنه إذا اعتاده، ثم صلی فی غیره، یبقی باله مشغولاً بالأول ..... قال فی القنیة: له فی المسجد موضع معین یواظب علیه، و قد شغله غیره، قال الأوزاعی: له أن یزعجه، و لیس له ذلک عندنا، اهـ: أی لأن المسجد لیس ملکاً لأحد". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب ما یفسد الصلاة و ما یکره فیها، مطلب فی رفع الصوت بالذکر: ۱/۶۶۲، سعید)

(۲) "ودل تعلیلهم أن المبیع لو کان لایشغل البقعة، لایکره إحضاره، کدراهم ودنانیر یسیرة أو کتاب ونحوه". (البحر الرائق، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/۳۱۵، رشیدیه)

"لأن إباحته فی المسجد للضرورة، فلا یجاوز مواضعها". (فتح القدیر، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/۳۹۷، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

باجماعت ادا کی جائے گی، نیز یہاں ادا کرنے میں ثواب میں تو کمی نہ ہوگی اور افضلیت کس میں ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ایسی صورت میں مسجد کا ثواب نہ ملے گا(۱) اور مسجد کو معطل کرنے کا وبال مستقل ہوگا(۲)، جماعت کا ادا کرنا مسجد میں بالیقین افضل ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۱۰/۶۱ھ۔

صحنِ مسجد کا احترام

سوال[۷۳۹۶]: مسجد کے صحن کا کچھ حصہ جو حدودِ مسجد میں ہے بغیر مرمت و پلاستر وغیرہ کے ہے، اس جگہ اینٹ روڑا وغیرہ پڑا ہوا ہے، ناہموار ہونے کی وجہ سے یہاں باقاعدہ نماز نہیں پڑھی جاتی۔ کیا اس کا احترام صحنِ مسجد کی طرح ضروری ہے، یہاں جوتا وغیرہ لے جانا، غسل وغیرہ کرنا کیسا ہے؟

---

(۱) "ولو اتخذ فی بیته موضعاً للصلوة، فلیس له حکم المسجد أصلاً". (الحلبی الکبیر، فصل فی أحکام المساجد، ص: ۶۱۴، سهیل اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصلاة، باب ما یفسد الصلاة و ما یکره فیها، فصل: کره استقبال القبلة، الخ: ۲/۶۴، رشیدیه)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن یذکر فیها اسمه، وسعی فی خرابها﴾ الآیة. (سورة البقرة: ۱۱۴)

(۳) "عن أنس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "صلاة الرجل فی بیته بصلاة، وصلاته فی مسجد القبائل بخمس و عشرین صلاةً". (سنن ابن ماجة، أبواب المساجد، باب ما جاء فی صلاة فی المسجد الجامع، ص: ۱۰۲، قدیمی)

"لأن الصلوة فی الجماعة تفضل صلوة الفذ بخمس و عشرین، أو سبع وعشرین درجةً". (الحلبی الکبیر، فصل فی أحکام المساجد: ۶۱۳، سهیل اکیڈمی لاهور)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "صلوة الجمیع تزید علی صلوته فی بیته وصلوته فی سوقه خمساً وعشرین درجةً". (صحیح البخاری: ۱/۶۹، کتاب الصلوة، باب الصلوة فی مسجد السوق، قدیمی)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس حصہ زمین کو مسجد قرار دیدیا گیا ہے وہ مرمت نہ ہونے کے باوجود قابلِ احترام ہے، اس میں کوئی ایسا کام نہ کیا جائے جو آدابِ مسجد کے خلاف ہو(۱)۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۶/ ۸۷ھ۔

مسجد کا پھول توڑنا

سوال[۷۳۹۷]: مسجد میں اگر خوشبودار پھول کا پیڑ لگا دیا جائے (۲) تو اس کا پھول توڑنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر پھول کا درخت مسجد میں لگایا ہے تاکہ نمازیوں کو اس سے راحت پہنچے تو اس کا پھول توڑ کر باہر نہ لے جائیں، وہیں لگا رہنے دیں (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۱۲/ ۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/ ۱۲/ ۹۱ھ۔

مسجد میں پھول کے گملے

سوال[۷۳۹۸]: مسجد میں خوشبو کیلئے پھول وغیرہ لگانا کیسا ہے؟

مولانا محمد مصطفیٰ۔

---

(۱) "ولو خرب ما حوله، واستغنى عنه، يبقى مسجداً عند الإمام والثانى أبداً إلى قيام الساعة، وبه يفتى". (الدرالمختار، كتاب الوقف، مطلب فى أحكام المسجد: ۴/ ۳۵۸، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المساجد: ۵/ ۴۲۱، رشيديه)

"لأن تنزيه المسجد من القذر واجب". (الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد: ۶۱۲، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۲) پیڑ: درخت، شجر، پودا، بوٹا"۔ (فيروز اللغات، ص: ۳۲۹، فيروز سنز، لاهور)

(۳) (راجع، ص: ۲۲۶، رقم الحاشية: ۱)

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر احاطۂ مسجد میں کوئی کیاری ہوتو وہاں پھول لگانا، یا گملے میں رکھنا خوشبو کے لئے درست ہے(۱)، مگر جوجگہ نماز کے لئے متعین ہے اس کو پھول کے پودوں سے مشغول نہ کریں(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجد میں درخت لگانا

سوال[۷۳۹۹]: درخت بوہڑ یعنی: بڑ، یا پیپل (جس کی ہنود پوجا اور تعظیم کرتے ہیں، ان کی

---

(۱) "ولو غرس فی المسجد یکون للمسجد؛ لأنه لا یغرس لنفسه فی المسجد". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً، الخ: ۳/۳۱۰، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والخانات والمقابر، الخ: ۲/۴۷۴، رشیدیه)

"و(یکره) غرس الأشجار إلا لنفع کتقلیل نز، وتکون للمسجد". (الدرالمختار). "قال فی الخلاصة: غرس الأشجار فی المسجد لا بأس به إذا کان فیه نفع للمسجد". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۱/۶۶۱، سعید)

"وإذا غرس شجراً فی المسجد، فالشجر للمسجد". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والخانات والمقابر، الخ: ۲/۴۷۷، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب الوقف، مسائل وقف الأشجار: ۵/۸۷۳، إدارة القرآن کراچی)

(۲) "قال الفقیه أبو اللیث رحمه الله تعالیٰ: لا یجوز له أن یجعل شیئاً من المسجد مسکناً أو مستغلاً". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً الخ: ۳/۲۹۳، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الوقف، مطلب فی احکام المسجد: ۴/۳۵۸، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، نوع فی وقف المشغول: ۶/۲۵۸، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

شاخیں اور پتے کسی کو توڑنے نہیں دیتے) احاطۂ مسجد یعنی فنائے مسجد میں لگانا، یا درخت بڑ خراب شدہ کے اردگرد کچھ زمین بشکل چبوترہ گول چھوڑ کر پانچ یا چھ فٹ گہری کھال کھود کر بوہڑ خراب شدہ کی آب پاشی کرنا تاکہ اس کی شاخیں تروتازہ ہوکر بڑھیں، جائز ہے یا نہیں؟ اور باوجود اس کے کہ مصلی فنائے مسجد میں کھڑا ہوکر اقتداء بھی نہیں کرسکتا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس میں اگر مسجد کو یا نمازیوں کو کوئی منفعت ہو تو درست ہے، اگر کوئی منفعت نہ ہو یا کفار کے ساتھ تشبہ ہو تو ناجائز ہے، هكذا يستفاد مما فى ردالمحتار: ١/٤٦٢(١)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجد میں تعزیہ رکھنا

سوال[۷۴۰۰]: ا..... مسجد میں تعزیہ بنانا، یا رکھنا، نماز اور جماعت کے وقت کھٹ کھٹ اور شوروغل کرنا اور مسجد کی بجلی وغیرہ خرچ کرنا کیسا ہے؟

---

(۱) "قال فى الخلاصة: غرس الأشجار فى المسجد، لابأس به إذا كان فيه نفع للمسجد بأن كان المسجد ذا نز، والأسطوانات لاتستقر بدونها، وبدون هذا لايجوز. وفى الهندية عن الغرائب: إن كان لنفع الناس بظنه ولايضيّق على الناس ولايفرق الصفوف، لا بأس به. وإن كان لنفع لنفسه بورقه أو ثمره، أو يفرق الصفوف، أو كان فى موضع تقع به المشابهة بين المسجد والبيعة، يكره". (الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب فى الغرس فى المسجد: ١/٦٦١، سعيد)

"ويكره غرس الأشجار فى المسجد؛ لأنه يشبه البِيعة، إلا أن يكون به نفع للمسجد كأن يكون ذانزٍ، أو أسطوانية لا تستقر، فيغرس ليجذب عروقُ الأشجار ذلك النزّ، فحينئذ يجوز، وإلا فلا". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة، الخ: ٢/٦٢، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ البزازية، كتاب الصلاة، السادس والعشرون فى حكم المسجد: ٦/٨١، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الصلاة، فصل: و يكره استقبال القبلة: ١/٤٢١، مصطفى البابى الحلبى مصر)

۲.....مسجد کے چبوترہ پر رکھنا اور ڈھول وتاشہ بجانے والوں کے لئے اور مسجد کے پاس نماز، بلکہ جماعت کے وقت شوروغل مچانے والوں کے لئے کیا حکم ہے؟

۳.....مسجد کی اشیاء کو عاریت پر دینا، مسجد کی مٹکیاں، لوٹے، گلاس، پنکھے، سائبان مسلمانوں کو عاریۃً بیاہ، شادی یا غمی میں دینا یا لے جانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....ناجائز ہے(۱)۔

۲.....یہ لوگ گناہ گار ہیں، ان کو توبہ ضروری ہے(۲)۔

۳.....ناجائز ہے(۳)، ان سب کو مسجد میں معطی کی شرائط کے موافق استعمال کرنا چاہیے(۴)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۲/۲/۲۹ھ۔

---

(۱) "ویکره کل عمل من عمل الدنیا فی المسجد". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد: ۵/۳۲۱، رشیدیه)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿وما کان صلاتهم عند البیت إلا مکاءً و تصدیةً﴾. (سورة الأنفال: ۳۵)

قال العلامة الآلوسی: "یروی أنهم کانوا إذا أراد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أن یصلي یخلطون علیه بالصفیر والتصفیق، ویرون أنهم یصلون أیضاً". (روح المعانی: ۹/۲۰۳، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

قال الله تعالیٰ: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن یذکر فیها اسمه، وسعی فی خرابها﴾ (سورة البقرة: ۱۱۴)

قال العلامة الآلوسی: "وظاهر الآیة العموم فی کل مانع، و فی کل مسجد، وخصوص السبب لا یمنعه". (روح المعانی: ۱/۳۶۳، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

(۳) "ولا تجوز إعارة أدواته لمسجد آخر". (الأشباه والنظائر، القول فی أحکام المسجد: ۴/۶۴، إدارة القرآن کراچی)

"فإذا تم ولزم، لا یملک و لا یملک و لا یعار و لا یرهن". (الدرالمختار، کتاب الوقف: ۴/۳۵۱، ۳۵۲، سعید)

(۴) "فإن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع، وهو مالک، فله أن یجعل ماله حیث شاء مالم یکن =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد میں کلنڈر اور اشتہارِ کتب لٹکانا

سوال[۷۴۰۱]: مسجد میں کلنڈر یا کتابوں کے فروخت کرنے کا اشتہار یا مدرسہ کے جلسہ کے اشتہارات لگانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا نہ کریں، جدارِ قبلہ میں نقش ونگار کو بھی ردالمحتار میں مکروہ قرار دیا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۵/ ۹۷ھ۔

مسجد میں آئینہ اور پنجتن کا طغرہ لٹکانا مکروہ ہے

سوال[۷۴۰۲]: ۱.....مسجد کے سامنے دیوار پر آئینہ لٹکانا کیسا ہے؟

۲.....پنجتن پاک کا طغرہ دیوار پر لٹکانا (گھروں میں یا مسجدوں میں) کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....مسجد کی سامنے والی دیوار میں کوئی بھی ایسا کام (آئینہ، طغرہ، نقش ونگار) جس سے مصلی کی توجہ اُس طرف ہو، مکروہ ہے(۲)۔

= معصيةً، وله أن يخص صنفاً من الفقراء". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: شرائط الواقف معتبرة: ۳۴۳/۴، سعيد)

(۱) "(ولابأس بنقشه خلا محرابه) فإنه يكره؛ لأنه يلهي المصلي، ويكره التكلف بدقائق النقوش ونحوها خصوصاً في جدار القبلة". (الدرالمختار). "وكره بعض مشايخنا النقش على المحراب وحائط القبلة؛ لأنه يشغل قلب المصلي". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره: ۶۵۸/۱، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد: ۳۱۹/۵، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: ۶۵/۲، رشيديه)

(۲) "ومحل الاختلاف في غير نقش المحراب، أما نقشه فهو مكروه؛ لأنه يلهي المصلي، كما في فتح القدير وغيره". (البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: كره استقبال =

Made Searchable by ScribeTools.com

۲.....اگراس کے ذریعہ آرائش وزینت مقصود ہے تو مکروہ ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۸/ ۱۳۹۹ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= القبلة: ۲/ ۶۵، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: ويكره استقبال القبلة: ۱/ ۴۲۱، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب : كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره: ۱/ ۶۵۸، سعيد)

(۱) "(ولا نقشه بالجص وماء الذهب): أى ولا يكره نقش المسجد، وهو المذكور فى الجامع الصغير بلفظ: "لابأس به". وقيل: يكره للحديث: "إن من أشراط الساعة تزيين المساجد". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها: ۲/ ۶۴، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد: ۵/ ۳۱۹، رشيديه).

(وكذا فى الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب كلمة "لابأس"، دليل على أن المستحب غيره" الخ: ۱/ ۶۵۸، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الثانی فی النیام والقیام فی المسجد

(مسجد میں سونے اور ٹھہرنے کا بیان)

مسجد میں سونا

سوال[۷۴۰۳]: مسجد میں سونا عوام کو یا خواص کو، چارپائی پر یا بغیر چارپائی کے، بوڑھا ہو یا جوان درست ہے یا نہیں؟ مع حوالہ کتب مع تشریح لکھا جائے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

معتکف کو اور ایسے مسافر کو جس کا کہیں ٹھکانہ نہ ہو درست ہے، چارپائی پر ہو یا بلا چارپائی کے، جوان ہو یا بوڑھا ہو، اَوروں کو احتیاط چاہئے کہ مسجد کے اندر سونا مکروہ ہے:

"ویکره النوم والأکل فیه: أی المسجد لغیر المعتکف، وإذا أراد أن یفعل ذلك، ینبغی أن ینوی الاعتکاف، فیدخل فیه و یذکر اللّٰه تعالیٰ بقدر ما نویٰ. ولا بأس للغریب ولصاحب الدار أن ینام فی المسجد فی الصحیح فی المذهب، و الأحسن أن یتورع، فلا ینام، اهـ".

عالمگیری: ۳۲۱/۵(۱)۔

بعض صحابہ سے بعض اوقات مسجد میں سونا ثابت ہے جیسا کہ بخاری شریف میں حضرت ابن عمر رضی اللہ

---

(۱) (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد، الخ: ۳۲۱/۵، رشیدیه)

"والنوم فیه لغیر المعتکف مکروه، و قیل: لا بأس للغریب أن ینام فیه، والأولی أن ینوی الاعتکاف، لیخرج من الخلاف". (الحلبی الکبیر، ص: ۶۱۲، فصل فی أحکام المسجد، سهیل اکیڈمی لاهور)

(وکذا فی الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۶۶۱/۱، سعید)

تعالیٰ عنہما کے متعلق منقول ہے:

"إنه كان ينام -و هو شابٌّ أعزب لا أهل له- فی مسجد النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم"(۱)۔

ہمارے علماء نے اس کو ضرورت پر محمول کیا ہے، کذا فی فیض الباری(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، مظاہر علوم سہارنپور۔

مسجد میں سونا

سوال[۷۴۰۴]: ایک شخص ایسا ہے جس کے مکان بھی ہے اور اہل وعیال بھی ہیں، وہ ہمیشہ بجائے گھر کے مسجد میں سوتا ہے، مسجد کو گویا اس نے اپنا مکان سمجھ رکھا ہے، حالانکہ وہ اپنا سامان نہیں رکھتا علاوہ بستر کے۔ تو کیسا ہے اور اس کا کیا حکم ہے؟

محمد عباس سیتاپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مستقلاً مسجد کو مکان بنانا اور وہاں رہائش اختیار کرنا نہیں چاہئے، یہ مکروہ اور احترامِ مسجد کے خلاف ہے(۳)، لیکن اگر کسی پر نیند کا غلبہ ہو اور اس کی جماعت ترک ہوتی، یا نماز قضا ہو جاتی ہے اور مسجد میں سونے سے نماز باجماعت کی پابندی نصیب ہوتی ہے، یا تہجد کی توفیق ہوتی ہے، یا مسجد کی حفاظت مقصود ہے، یا کوئی اَور دینی ضرورت ہے جو بغیر مسجد میں سوئے حاصل نہیں ہوتی تو اس کے لئے اجازت بھی ہے، بعض صحابہ بھی دینی

---

(۱) (صحیح البخاری: ۱/۶۳، باب نوم الرجال فی المسجد، قدیمی)

(۲) "قلت : ولاتمسک فیه؛ لأن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما کان أحوج الناس وأفقر من الغرباء، لم یکن له بیت ولا شئ، فإذا جاز للغریب أن ینام فی المسجد فکیف به". (فیض الباری، کتاب الصلوة، باب نوم الرجال فی المسجد: ۲/۴۹، خضر راہ بک ڈپو دیوبند)

(۳)"ویکره النوم والأکل فیه: أی المسجد لغیر المعتکف، وإذا أراد أن یفعل ذلک، ینبغی أن ینوی الاعتکاف، فیدخل فیه و یذکر اللّٰه تعالیٰ بقدر ما نویٰ أو یصلی، ثم یفعل ما شاء، کذا فی السراجیة". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد، الخ: ۵/۳۲۱، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

ضرورت کے لئے مسجد میں سوتے تھے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مدرسہ جامع العلوم کانپور۔

مسجد میں سونا

سوال[۷۴۰۵]: مسجد میں امام ہو یا محلّہ کا کوئی شخص ہو، چارپائی بچھا کر روزمرہ سونا کیسا ہے؟ حالانکہ حجرہ اور سونے کی جگہ موجود ہے۔

محمد عمر۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب دوسری جگہ موجود ہے تو پھر مسجد میں سونا اور وہ بھی روزمرہ سونا مکروہ ہے، اس سے بچنا چاہئے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۶/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۷/۵۷ھ۔

مسجد میں سونا، آرام کرنا اور اعتکاف کرنا

سوال[۷۴۰۶]: ۱.....مسجد میں داخلہ کے وقت اعتکاف کرسکتے ہیں یا نہیں؟

۲.....مسجد میں بستی کا کوئی شخص یا مسافر آرام کرسکتا ہے یا نہیں، یا جماعتیں اکثر آیا کرتی ہیں، یہ آرام کرسکتی ہیں یا نہیں؟

---

(۱) "عن عبيد الله قال: حدثني نافع قال: أخبرني عبد الله بن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما أنه كان ينام -وهو شاب أعزب لا أهل له- فى مسجد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم" (صحيح البخارى، كتاب الصلاة، باب نوم الرجال فى المسجد: ۱/۶۳، قديمى)

"قلت: و لا تمسك فيه؛ لأن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما كان أحوج الناس و أفقر من الغ ،باء لم يكن له بيت و لا شيء، فإذا جاز للغريب أن ينام فى المسجد، فكيف به". (فيض البارى، كتاب الصلوة، باب نوم الرجال فى المسجد: ۲/۴۹، خضر راه بكڈپو ديوبند)

(۲) (راجع، ص: ۲۳۴، رقم الحاشية: ۱)

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد نماز کی جگہ ہے، سونے اور آرام کرنے کی جگہ نہیں ہے جو مسافر پردیسی ہو، یا کوئی معتکف ہو، اس کے لئے گنجائش ہے(۱)۔ جماعتیں عموماً پردیسی ہوتی ہیں، یا پھر مسجد میں رات کو رہ کر تسبیح ونوافل میں بیشتر مشغول رہتی ہیں، کچھ دیر آرام بھی کرلیتی ہیں، اس طرح اگر ان کے ساتھ مقامی آدمی بھی شب گزاری کریں تو نیتِ اعتکاف کرلیا کریں(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۴/۸۹ھ۔

امام کا مسجد میں چارپائی بچھا کر لیٹنا

سوال[۷۴۰۷]: جس مسجد میں امام کے رہنے کے لئے کمرہ نہ ہو تو وہاں امام سردی، گرمی، برسات میں چارپائی بچھا کر مسجد میں لیٹ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کے احترام کے خلاف اور دوسروں کے لئے موجبِ توحش ہے(۳)، آج کل مسجد میں چارپائی بچھانے کو مسجد کی بے ادبی تصور کیا جاتا ہے، ایسے مسائل میں عرف کا لحاظ چاہئے(۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "والنوم فيه لغير المعتكف مكروه، وقيل: لا بأس للغريب أن ينام فيه، والأولى أن ينوى الاعتكاف ليخرج من الخلاف". (الحلبي الكبير، فصل في أحكام المسجد، ص: ۶۱۲، سهيل اكيڈمی لاهور)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد، الخ: ۳۲۱/۵، رشيديه)

(وكذا في فيض الباري، كتاب الصلوة، باب نوم الرجال في المسجد: ۴۹/۲، خضر راه بک ڈپو ديوبند)

(۲) "(قوله: وأكل و نوم) وإذا أراد ذلك، ينبغي أن ينوى الاعتكاف، فيدخل فيه، ويذكر الله تعالىٰ بقدر ما نوىٰ أو يصلي، ثم يفعل ما شاء". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب في الغرس في المسجد: ۶۶۱/۱، سعيد)

(۳) "توحش: وحشت، نفرت، وحشت ہونا"۔ (فيروز اللغات، ص: ۳۸۹، فيروز سنز لاهور)

(۴) "والعرف في الشرع له اعتبار لذا عليه الحكم قديدار". (شرح عقود رسم المفتي، ص: ۱۷۴، دارالكتاب) =

Made Searchable using ScribeTools.com

مسجد میں چارپائی پر آرام کرنا

سوال[۷۴۰۸]: ایک عالم صاحب کہتے ہیں کہ مسجد میں چارپائی بچھا کر سونا ناجائز ہے، چاہے مسافر ہو چاہے معتکف ہو۔ کیا یہ صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے اعتکاف میں سریر کا مسجد میں ہونا اور اس پر آرام فرمانا احادیث میں صاف صاف مذکور ہے، اس لئے اس کو ناجائز کہنا غلط ہے(۱)۔ البتہ آج کل عرفاً اس چیز سے عوام میں توحّش پیدا ہوتا ہے اس بناء پر احتیاط کی جائے تو مناسب ہے(۲)، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سریر پر وہاں آرام فرمانا تعبداً وتاکیداً للأمة نہیں تھا، بلکہ مصلحۃً (آرام کے لئے) تھا(۳)، پس اس سے

=(وكذا في ردالمحتار، كتاب البيوع، مطلب في الشرط الفاسد إذا ذكر بعد العقد أو قبله: ۸۸/۵، سعيد)

''ادب کا مدار عرف پر ہے، اس لئے اختلافِ ازمنہ سے وہ مختلف ہوسکتا ہے، حضرات صحابہ کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مزاح کرنا ثابت ہے اور اب بزرگوں کے ساتھ مزاح کرنا خلافِ ادب سمجھا جاتا ہے''۔ (تحفۃ العلماء بحوالہ انفاس عیسیٰ: ۱۲۳/۲، ادارہ تالیفات اشرفیہ)

(۱) ''عن نافع عن ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان إذا اعتكف، طرح له فراشه، أو يوضع له سريره وراء أسطوانة التوبة''. (سنن ابن ماجة، أبواب ماجاء في الصيام، باب في المعتكف يلزم مكاناً في المسجد، ص: ۱۲۷، قديمي)

(وإعلاء السنن، كتاب الصوم، باب جواز طرح الفراش في المسجد للمعتكف: ۱۵۹/۹، إدارة القرآن كراچي)

(۲) راجع، ص: ۲۳۴، رقم الحاشية: ۴)

(۳) فتاویٰ رشیدیہ میں اس سوال کے جواب میں صرف اتنا ہے کہ چارپائی مسجد میں بچھانا درست ہے، مگر نیچے حاشیہ میں مولانا عبدالحی رحمہ اللہ تعالیٰ سے منقول تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ معتکف کے لئے ہے، ونصه:

''جائز است چہ برائے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در مسجد سریرے نہادہ شدے وبرآں در ایام اعتکاف آرام می فرمودند کما فی سفر السعادۃ، وابن از ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما روایت کردہ: "أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم =

احتیاط میں نہ ترکِ تعبد ہے نہ ترکِ سنت۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۹۲/۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں قیام وغیرہ

سوال[۷۴۰۹]: مسجد میں کپڑے، دھان وغیرہ سوکھانا، رات میں آرام کے طور پر استعمال کر کے اس کو اور جائے نماز کو پیشاب سے ناپاک کرنا کیسا ہے، شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دھان (۱) وغیرہ سوکھانے کے لئے خود مدرسہ موجود ہے، مسجد میں یہ کام نہ کریں (۲)، ایسے بچوں کو نہ

=كان إذا اعتكف، طرح له فراشه أو يوضع له سريره وراء أسطوانة التوبة" والله أعلم". (فتاویٰ رشیدیه، ص: ۴۱۵)

بعض فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ کے ہاں غیر مسافر و معتکف کے لئے مسجد میں سونا مکروہ ہے، بحالت ضرورت شدیدہ یہ تدبیر اختیار کر سکتا ہے کہ پہلے بنیت اعتکاف داخل ہو کر کچھ عبادت کرے:

قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "وأكل ونوم إلا معتكف وغريب الخ". وقال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: وأكل ونوم) وإذا أراد ذلك، ينبغي أن ينوى الاعتكاف، فيدخل ويذكر الله تعالىٰ بقدر مانوى، ويصلي، ثم يفعل ماشاء فتاوىٰ هنديه. (ردالمحتار: ۱/ ۶۱۹)

''دراصل ادب یا بے ادبی کا مدار عرف پر ہے، ہمارے عرف میں مسجد میں چارپائی بچھانا معیوب سمجھا جاتا ہے، نیز اس سے عوام کے قلوب سے مسجد کی وقعت نکل جائے گی، وہ چارپائی پر قیاس کر کے دوسرے ناجائز امور بھی مسجد میں شروع کر دیں گے، لہٰذا اب معتکف کے لئے بھی چارپائی بچھانا جائز نہیں، جیسے پہلے پاک جوتا پہن کر مسجد میں آنا اور نماز پڑھنا معیوب نہ سمجھا جاتا تھا، مگر ہمارے عرف میں اسے مسجد کی بے ادبی سمجھا جاتا ہے، اگر کوئی پاک جوتا پہن کر مسجد میں آجائے تو عوام اس پر ہنگامہ برپا کر دیں گے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم''۔ (أحسن الفتاوىٰ، كتاب الوقف، باب المساجد، عنوان مسئله: مسجد میں چارپائی بچھانا: ۶/ ۴۵۲، ۴۵۳، سعيد)

(۱) ''دھان: چاول کا پودا، چھلکے دار چاول''۔ (فيروز اللغات، ص: ۶۶۱، فيروز سنز لاهور)

(۲) "(قوله: والوضوء) ؛ لأن ماءه مستقذر طبعاً، فيجب تنزيه المسجد منه". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، =

Made searchable using ScribeTools.com

لیٹنے اور بیٹھنے دیں جو پیشاب کر کے مسجد اور جائے نماز کو ناپاک کر دیں، ان کے لئے مسجد کے خارج میں انتظام کیا جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں ٹھہرنا اور پنکھا استعمال کرنا

سوال[۷۴۱۰]: مسجد میں کون لوگ قیام کر سکتے ہیں؟ اس طرح مسجد کے اندر رات بھر پنکھا چلا کر بجلی کا استعمال کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ اسی طرح مسجد کے اندر بجلی اور پنکھے رات کو کون سے حصہ تک چلانا، استعمال کرنا مسئلہ سے ثابت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص معتکف ہو، یا مسافر ہو اور اس کا کہیں ٹھکانہ نہ ہو اس کو مسجد میں ٹھہرنے کی اجازت ہے (۲)۔

= باب مایفسد الصلوة ومایکرہ بها، مطلب فی رفع الصوت بالذکر: ۱/ ۶۶۰، سعید)

"فإن کان بحیث یتلوث المسجد، یمنع منه؛ لأن تنظیف المسجد واجب". (البحر الرائق، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/ ۵۳۰، رشیدیه)

"لأن تنزیه المسجد من القذر واجب". (الحلبی الکبیر، فصل فی أحکام المسجد، ص: ۶۱۲، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۱) "عن واثلة بن الأسقع رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "جنّبوا مساجدکم صبیانکم ومجانینکم ..... واتخذوا علی أبوابها المطاهر، وجمّروها فی الجمع". (سنن ابن ماجة، أبواب المساجد والجماعات باب مایکرہ فی المساجد، ص: ۵۴، قدیمی)

(۲) "ویکره النوم والأکل فیه: أی المسجد لغیر المعتکف، وإذا أراد أن یفعل ذلک، ینبغی أن ینوی الاعتکاف، فیدخل فیه و یذکر الله تعالیٰ بقدر ما نویٰ أو یصلی، ثم یفعل ما شاء. ولا بأس للغریب ولصاحب الدار أن ینام فی المسجد فی الصحیح فی المذهب، و الأحسن أن یتورع فلاینام، کذا فی خزانة الفتاوی". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد، الخ: ۵/ ۳۲۱، رشیدیه)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۱/ ۶۶۱، سعید)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، فصل فی أحکام المسجد، ص: ۶۱۲، سهیل اکیڈمی لاهور)

اور جو شخص نماز تہجد و فجر کے اہتمام کی خاطر مسجد میں رہے اس کے لئے بھی اجازت ہے، لیکن اپنے لئے مسجد کو آرام گاہ نہ بنایا جائے۔ مسجد کا پنکھا اور مسجد کی روشنی اصالۃً نماز کے لئے ہے، جب تک نمازی عامۃً نماز پڑھتے ہیں اس وقت تک استعمال کریں، اگر علاوہ نماز کے دیگر مقاصد کے لئے استعمال کریں تو اس کے معاوضہ میں مسجد کی خدمت بھی کردیا کریں، فتاوی عالمگیری میں چراغِ مسجد کے متعلق مسئلہ مذکور ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۶/۱۴۰۶ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں نفلی اعتکاف کی نیت سے قیام کرنا

سوال[۷۴۱۱]: رمضان المبارک کے مہینہ کے علاوہ دوسرے ایام میں نفلی اعتکاف کی نیت سے مسجد میں قیام کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نفلی اعتکاف بغیر رمضان کے بھی ہوسکتا ہے اور ایسے معتکف کو بھی مسجد میں قیام کرنا درست ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "ولو وقف على دهن السراج للمسجد، لا يجوز وضعه جميع الليل، بل بقدر حاجة المصلين، ويجوز إلى ثلث الليل أو نصفه إذا احتيج إليه للصلاة فيه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الخ: ۲/۴۵۹، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المساجد: ۵/۴۲۰، رشيديه)

(۲) "وهو ثلاثة أقسام: واجب بالنذر، وسنة مؤكدة فى العشر الأخير من رمضان، ومستحب فى غيره من الأزمنة، هو بمعنى غير المؤكدة" (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۱، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصوم، الباب السابع فى الاعتكاف: ۱/۲۱۱، رشيديه)

(وكذا فى تبيين الحقائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۲۲۴، دارالكتب العلمية بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الثالث فی دخول الجنب والحائض فی المسجد

(مسجد میں جنبی اور حائضہ کے داخل ہونے کا بیان)

کیا بحالتِ جنابت مسجد میں داخل ہونا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خاص تھا؟

سوال[۷۴۱۲]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے حالت جنابت میں مسجد میں داخل ہونا جائز تھا یا نہیں، اگر جائز تھا تو کیا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی یا سب کے واسطے برابر حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مکان کا دروازہ مسجد میں تھا(۱)، لہذا بحالتِ جنابت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرور کی اجازت تھی، ہر ایک کو ہر مسجد میں بحالتِ جنابت داخل ہونا اس وقت بھی جائز نہ تھا اور اب بھی کسی کے لئے جائز نہیں(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/ رجب/ ۵۶ھ۔

---

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: "كان رسول الله ﷺ إذا اعتكف، أدنى إلیّ رأسه وهو فی المسجد، فأرجله، وكان لايدخل البيت إلا لحاجة الإنسان". (مشكوة المصابيح، كتاب الصوم، باب الإعتكاف، الفصل الأول، ص: ۱۸۳، قديمی)

"عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها زوج النبی ﷺ قالت: كان النبی ﷺ يصفی إلیّ رأسه وهو مجاور فی المسجد، فأرجله وأنا حائض". (صحيح البخاری، كتاب الصوم، باب الحائض ترجل المعتكف: ۱/ ۲۷۱، قديمی)

"قال ابن الملک رحمه الله تعالیٰ: أی أخرج رأسه من المسجد إلی حجرتی". (مرقاة المفاتيح، كتاب الصوم، باب الإعتكاف، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۲۱۰۰): ۴/ ۶۰۲، رشيديه)

(۲) "قال حدثتنی جسرة بنت دجاجة قالت: سمعت عائشة رضی الله تعالیٰ عنها تقول: جاء رسول الله=

Made Searchable by ScribeTools.com

حالتِ حیض وجنابت میں اور بغیر استنجا کئے مسجد میں آنا

سوال[۷۴۱۳]: مسجد کے باہر پیشاب خانہ ہے، کوئی اس میں پاخانہ کردے اور کچے ڈھیلے سے صاف کرکے بغیر آبدست (۱) لئے ہوئے اندرون مسجد آسکتا ہے یا نہیں بغرض پانی لینے کے، یا بغیر آبدست لئے قطعی نہ آنا چاہئے، اسی طرح جنبی، حائضہ کا مسجد میں آنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جنب، حائضہ کا فرشِ مسجد، اندرونِ مسجد داخل ہونا جائز نہیں (۲) اور بغیر آبدست لئے ڈھیلے سے

= صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ووجوه بيوت أصحابه شارعة فى المسجد، فقال: "وجهوا هذه البيوت عن المسجد". ثم دخل النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ولم يصنع القوم شيئاً رجاء أن تنزل فيهم رخصةٌ، فخرج إليهم، فقال: "وجهوا هذه البيوت عن المسجد، فإنى لا أحل المسجد لحائض ولا جنب". (سنن أبى داؤد، كتاب الطهارة، باب فى الجنب يدخل المسجد: ۱/۳۴، إمداديه ملتان)

"وقد علم أن دخوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المسجد جنباً، و مكثه فيه من خواصه". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، مطلب: يوم عرفة أفضل من يوم الجمعة: ۱/۱۷۱، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض: ۱/۳۳۹، رشيديه)

(۱) "آبدست: استنجاء، طہارت، پاکیزگی جو پانی سے کی جائے"۔ (فيروز اللغات، ص: ۳، فيروز سنز لاهور)

(۲) "ولا تدخل المسجد، وكذا الجنب لقوله عليه السلام: "فإنى لا أحل المسجد لحائض ولا جنب". (الهداية، كتاب الطهارات، باب الحيض والاستحاضة: ۱/۶۴، مكتبه شركت علميه ملتان)

"ومنها أنه يحرم عليهما و على الجنب الدخول فى المسجد، سواء كان للجلوس أو للعبور، هكذا فى منية المصلى". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع فى أحكام الحيض والنفاس والاستحاضة: ۱/۳۸، رشيديه)

"قوله: (ودخول مسجد): أى يمنع دخول المسجد، وكذا الجنابة". (البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض: ۱/۳۳۸، رشيديه)

"ويحرم الحدثُ الأكبرُ دخولَ مسجد ..... و لو للعبور، إلا لضرورة". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار: ۱/۱۷۱، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

صاف کرنے کے بعد آنا جائز ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجدِ بیت میں حائضہ کا داخل ہونا

سوال[۷۴۱۴]: جیسا کہ لکھا ہے کہ گھر کی مسجد بالکل مسجد کے حکم میں نہ ہوگی، تو کیا گھر کی مذکورہ مسجد میں حیض ونفاس والی عورتیں اور ناپاک مرد وعورت داخل ہو سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

داخل ہو سکتے ہیں(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۸۸ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "لا يكره ما ذكر فوق بيت جعل فيه مسجد، بل و لا فيه؛ لأنه ليس بمسجد شرعاً". (تنوير الأبصار مع الدر المختار، مطلب فى أحكام المسجد: ۱/ ۶۵۷، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استبال القبلة، الخ ۲/ ۶۴، رشيديه)

(وكذا فى الهداية، كتاب الصلوة، فصل: و يكره استقبال القبلة، الخ: ۱/ ۱۴۴، مكتبه شركت علميه،ملتان)

الفصل الرابع فی دخول الکافر فی المسجد

(غیر مسلم کا مسجد میں داخل ہونے کا بیان)

غیر مسلم کا مسجد میں داخل ہونا

سوال[۷۴۱۵]: اگر غیر مسلم مرد یا عورت مسجد میں داخل ہوجائے اور یہ نہ معلوم ہو کہ وہ ناپاک ہیں یا پاک ہیں، تو داخلہ جائز ہے یا نہیں اور اہلِ مسجد پر کوئی گناہ تو نہیں ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب تک ناپاک ہونے کا علم نہ ہو اور دوسری بھی کوئی چیز مضرت ومفسدہ نہ ہو تو اجازت ہے(۱)، اہلِ مسجد پر گناہ نہیں ہوگا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۲/۹۰ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

غیر مسلموں کا مسجد کے حوض سے ہاتھ پیر دھونا

سوال[۷۴۱۶]: حوض کے پانی سے غیر قوم کو ہاتھ پیر دھونے کا حق ہے یا نہیں؟

---

(۱) "و لا بأس أن يدخل الكافر و أهل الذمة المسجد الحرام و بيت المقدس و سائر المساجد لمصالح المسجد و غيرها من المهمات". (البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل فی أحكام المساجد: ۵/۴۲۰، رشيديه)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فی جعل شیء من المسجد طريقاً: ۴/۴۷۸، سعيد)

(وكذا فی أحكام القرآن للجصاص، (سورة التوبة: ۲۸): ۳/۱۳۱، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۱۲/۸۸ھ۔

مشرک کو مسجد میں آنے سے روکنا

سوال[۷۴۱۷]: ایک مشرک ہماری مسجد میں آیا کرتا ہے اور کبھی کبھی نماز میں بھی شریک ہوتا ہے اور کہتا ہے کہ ایک دن خواب میں دیکھا کوئی اذان دے رہا ہے۔ کیا ایسے شخص کو مسجد میں آنے اور نماز میں شریک ہونے کی اجازت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بہتر یہ ہے کہ کسی عالم بزرگ کا پتہ اس کو بتلا دیا جائے، یا وہاں پہونچا دیا جائے تاکہ بات پوری طرح سمجھ لے، اس کو اسلام کی اصل خوبی نظر آجائے اور جب تک اس کا موقع نہ آئے مسجد میں آنے سے اس کو نہ روکیں (۲)۔ اللہ پاک سے دعاء کرتے رہیں کہ ہماری غلطیوں اور کوتاہیوں کی وجہ سے دوسروں کو نفسِ اسلام

---

(۱) "وإذا جعل السقاية للشرب، فأراد أن يتوضأ منها، اختلف المشايخ فيه. وإذا وقف للوضوء، لا يجوز الشرب منه. وكل ما أعدّ للشرب حتى الحياض، لا يجوز منها التوضوء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانى عشر فى الرباطات والمقابر، الخ: ۴۶۵/۲، رشيديه)

"فإن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع، و هو مالک، فله أن يجعل ماله حيث شاء مالم يكن معصيةً، و له أن يخص صنفاً من الفقراء ولوكان الوضع فى كلهم قربةً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع: ۳۴۳/۴، سعيد)

"شرط الواقف، كنص الشارع: أى فى وجوب العمل به، وفى المفهوم والدلالة، اهـ". (الدرالمختار كتاب الوقف: ۴۳۳/۴، ۴۳۴، سعيد)

(۲) "وقال أصحابنا: يجوز للذمى دخول سائر المساجد". (أحكام القرآن للجصاص، [سورة البرأة] مطلب فى حجية الإجماع: ۱۳۱/۳، قديمى) ..... =

سے نفرت پیدا نہ ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۲/۲۵ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= "و لا بأس أن يدخل الكافر و أهل الذمة المسجد الحرام و بيت المقدس و سائر المساجد لمصالح المسجد و غيرها من المهمات". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فی جعل شیء من المسجد طريقاً: ۴/۴۷۸، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل فی أحكام المساجد: ۵/۴۲۰، رشيديه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

الفصل الخامس فی إدخال الأشياء المنتنة فی المسجد

(مسجد میں بدبودار چیزوں کے داخل کرنے کا بیان)

مسجد میں بدبودار رنگ کرنا

سوال[۷۴۱۸]: مسجد میں ایسا رنگ روغن کرنا جس میں تارپین اور دیگر اقسام کے اجزائے روغنی ڈال کر جس میں بدبو ہو، رنگ پکا کرنے کے لئے جائز ہے یا نہیں؟ بدبو کافی دنوں تک رہتی ہے پھر ختم ہوجاتی ہے، ایسے رنگ مسجد میں کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مکروہ تحریمی ہے، مسجد کو ہر بدبودار چیز سے محفوظ رکھنا چاہئے، حتی کہ کچی پیاز ولہسن کھا کر بغیر منہ صاف کئے بدبودار منہ لے کر مسجد میں آنے کو حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے(۱)، فقہاء نے بھی مکروہ لکھا ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مٹی کا تیل مسجد میں لے جانا

سوال[۷۴۱۹]: اگر کوئی رات کو کلام مجید کی تلاوت کرنا چاہے اور کڑوا تیل نہ ہو تو مٹی کے تیل کی

---

(۱) "وعن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من أكل من هذه الشجرة المنتنة، فلا يقربنّ مسجدنا، فإن الملائكة تتأذى مما يتأذى منه الإنس". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب المساجد ومواضع الصلوة، الفصل الأول، ص: ٦٨، قديمی)

(۲) "ويكره أكل نحو ثوم، و يمنع منه، وكذا كل مؤذ و لو بلسانه". (الدرالمختار). "(وأكل نحو ثوم): أی كبصل و نحوه مما له رائحة كريهة، للحديث الصحيح فی النهی عن قربان آكل الثوم والبصل المسجد". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۱/ ٦٦١، سعيد)

بتی جلا کر تلاوت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جائز ہے(۱) مگر بدبودار تیل وغیرہ مسجد میں لے جانا جائز نہیں (۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۱۰/۵۱ھ۔

مٹی کا تیل مسجد میں جلانا

سوال[۷۴۲۰]: مٹی کا تیل مسجد میں جلانا جائز ہے یا نہیں؟

بشارت علی۔

---

(۱) مسجد میں بدبودار تیل جلانا جائز نہیں ہے اس لئے کہ اس چیز سے فرشتوں کو اذیت پہنچتی ہے جس سے انسان کو تکلیف ہوتی ہے، حضرت علامہ مفتی رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ: ''مٹی کا تیل مسجد میں جلانا مکروہ تحریمی ہے، کیونکہ اس میں بدبو ہوتی ہے اور ہر بدبودار شئ کا مسجد میں داخل کرنا ممنوع ہے۔ حدیث میں ہے کہ: ''جو کوئی پیاز، لہسن خام کھاوے مسجد میں داخل نہ ہوئے'' اور علی ھذا کپڑے اور بدن کی بدبو کے ساتھ مسجد میں آنے کو منع فرمایا کہ ''ملائکہ اذیت پاتے ہیں اس چیز سے جس سے انسان اذیت پاتے ہیں'': لہٰذا اس تیل کے جلانے میں بھی چونکہ جن وانس وملائکہ کو اذیت ہے تو اس کا جلانا حرام ہوتا ہے۔فقط۔واللہ اعلم''۔

مولانا عبدالحی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ نے حاشیہ میں نقل کیا ہے کہ: ''اس تیل کا جلانا البتہ مساجد میں مکروہ ہے''۔ (تالیفات رشیدیہ، کتاب الوقف، باب مساجد کے احکام کا بیان، عنوان مسئلہ: مساجد میں مٹی کا تیل جلانا، ص: ۴۴۰، إدارہ اسلامیات لاہور)

"من أكل من هذه الشجرة المنتنة فلا يقربن مسجدنا، فإن الملائكة تتأذى مما يستأذى منه الإنس". "(قوله: المنتنة): أى الثوم ويقاس عليه البصل والفجل وماله رائحه كريهة كالكرات". (مرقاة المفاتيح، كتاب الصلوة، باب المساجد ومواضع الصلوة، (رقم الحديث: ۷۰۷): ۲/۴۱۲، حقانيه)

(۲) "قال: حدثنا عبد الوارث عن عبد العزيز قال: قيل لأنس رضى الله تعالىٰ عنه: ما سمعت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الثوم؟ فقال: "من أكل فلا يقربنّ مسجدنا". (صحيح البخارى، كتاب الأطعمة، باب ما يكره من الثوم والبقول، الخ: ۲/۸۲۰، قديمى)

(ومشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب المساجد و مواضع الصلوة، ص: ۶۸، قديمى)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

مٹی کے تیل میں بدبو ہوتی ہے جس سے مسجد میں آنے والے ملائکہ اور نمازیوں کو اذیت ہوتی ہے، اس لئے اس کو مسجد میں جلانا منع ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۶/۸/۵۶ھ۔

مٹی کا تیل مسجد میں جلانا

سوال[۷۴۲۱]: ۱..... یہاں کے مسلمانوں کی حالت بہت خستہ ہے، وہ مسجد میں میٹھا تیل نہیں جلا سکتے، اس لئے مٹی کا تیل مسجد میں جلا سکتے ہیں یا نہیں؟

۲..... خارجِ مسجد جہاں پر وضو وغیرہ کرتے ہیں اس جگہ مٹی کا تیل جلا سکتے ہیں یا نہیں، خواہ اس کی روشنی صحنِ مسجد میں بھی آتی رہے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اصل یہ ہے کہ بدبو سے ملائکہ کو بہت اذیت ہوتی ہے اور انسانوں کو بھی، اس لئے بدبودار چیز مسجد میں لانا منع ہے(۲)۔ اگر مٹی کا تیل مسجد سے باہر رکھا جائے اس طرح کہ بدبو مسجد میں نہ آئے تو درست ہے۔ اس کی روشنی کا مسجد میں آنا منع نہیں ہے، بلکہ بدبو کا آنا منع ہے، چاہے وضو کی جگہ رکھیں چاہے بیرونی دروازہ کی دیوار

---

(۱) "وعن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "من أكل من هذه الشجرة المنتنة، فلا يقربنّ مسجدنا، فإن الملائكة تتأذى مما يتأذى منه الإنس". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب المساجد ومواضع الصلوة، الفصل الأول، ص:٦٨، قديمی)

"قال الإمام العينی فی شرحه علی صحيح البخاری: قلت: علة النهی أذی الملائكة وأذی المسلمين، ولا يختص بمسجده عليه الصلاة والسلام، بل الكل سواء لرواية: "مساجدنا" بالجمع، خلافاً لمن شذّ. ويلحق بما نص عليه فی الحديث كل ماله رائحة كريهة مأكولاً أو غيره". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۱/۶۶۱، سعيد)

(۲) (راجع حاشية المتقدمة آنفاً)

وغیرہ پر، جہاں مناسب سمجھیں رکھ کر جلا سکتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

مٹی کا یا شراب سے کھینچا ہوا تیل مسجد میں جلانا

سوال[۷۴۲۲]: یہاں پر تمام مسجدوں میں گیس کے ہنڈے جلتے ہیں، سنا گیا ہے کہ ان میں تیل جو جلتا ہے، مثلاً شراب سے کھنچتا ہے۔ تو اس کو مسجد میں جلانا کوئی شرع کے لحاظ سے ممانعت تو نہیں ہے؟ اگر منع ہے تو تحریر سے اطلاع دیں۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اس تیل میں شراب کے اجزاء ہیں تو اس کا استعمال ناجائز ہے(۱)۔ اور اگر شراب کے اجزاء نہیں، بلکہ صرف مٹی کا تیل ہے تو اس کو مسجد میں جلانا منع ہے(۲)۔ ہاں! اگر کوئی اَور تیل ہے جس میں بدبو نہیں، یا مٹی ہی کے تیل کو کسی طرح ایسا صاف کرلیا ہے کہ بدبو نہیں رہی تو مسجد میں جلانا بھی درست ہے(۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۴/۹/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/ رمضان/ ۵۵ھ۔

---

(۱) "وأشار المصنف إلى أنه لا يجوز إدخال النجاسة المسجد، وهو مصرح به، فلذا ذكر العلامة قاسم في بعض فتاواه أن قولهم: إن الدهن المتنجس يجوز الاستصباح به مقيدٌ بغير المساجد، فإنه لا يجوز الاستصباح به في المسجد، لما ذكرنا". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة، الخ: ۲/ ۶۱، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الصلاة، مطلب في أحكام المسجد: ۱/ ۶۵۶، سعيد)

(۲) "وعن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من أكل من هذه الشجرة المنتنة، فلا يقربنّ مسجدنا، فإن الملائكة تتأذى مما يتأذى منه الإنس". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب المساجد ومواضع الصلوة، الفصل الأول، ص: ۶۸، قديمی)

قال الشيخ المفتي رشيد أحمد رحمه الله تعالىٰ: "حدیث میں ہے کہ کچی پیاز یا لہسن کھانے والا مسجد کے قریب نہ آئے اور مٹی کے تیل کی بو ان چیزوں سے بدرجہا بڑھ کر ہے، لہٰذا اسے مسجد میں جلانا جائز نہیں"۔ (احسن الفتاویٰ، باب المساجد، مسجد میں لالٹین جلانا: ۶/ ۴۵۱، سعید)

(وكذا في إمداد الفتاوىٰ، أحكام المساجد: ۲/ ۶۹۸، دار العلوم كراچی)

(۳) کسی بدبودار چیز کو مسجد میں لانے کی ممانعت کی علت "تأذی ملائکہ" ہے اور جب کہ مذکورہ صورت میں مذکورہ اشیاء میں بدبو نہیں =

Made searchable using ScribeTools.com

معماروں کا مسجد میں گھٹنے کھولنا اور حقہ پینا

سوال[۷۴۲۳]: مسجد کے اندر تعمیر کے دوران معماروں کو حقہ پینا اور گھٹنے کھلے رکھنا کیسا ہے، متولی پر ان کو روکنا ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گھٹنے کھلے رکھنا کسی کے سامنے خارج مسجد بھی منع ہے چہ جائیکہ مسجد میں (۱)، متولی کو چاہئے کہ ایسے معماروں اور مزدوروں کو ہدایت کرے کہ ایسا نہ کریں۔ مسجد میں حقہ پینے سے بھی ان کو روکا جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۳/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۳/۹۰ھ۔

صحنِ مسجد میں سگریٹ پینا

سوال[۷۴۲۴]: صحنِ مسجد میں اور مجلسِ قرآن خوانی میں، یا جلسۂ امام المسلمین میں بیڑی

= پائی جاتی لہٰذا تأذی بھی نہیں، اس وجہ سے ان اشیاء کا مسجد میں لانا اور استعمال کرنا درست ہے:

قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: وأكل نحو ثوم): أى كبصل ونحوه مماله رائحة كريهة، للحديث الصحيح فى النهى عن قربان أكل الثوم والبصل المسجد، قال الإمام العينى فى شرحه على صحيح البخارى: قلت: علة النهى أذى الملائكة وأذى المسلمين، ولا يختص بمسجده عليه الصلوة والسلام، بل الكل سواء، لرواية مساجدنا بالجمع". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فى الغرس فى المسجد: ۱/۶۶۱، سعيد)

(۱) "وستر عورة، ووجوبه عام و لو فى الخلوة على الصحيح". (الدرالمختار). "(قوله: وجوبه عام): أى فى الصلاة وخارجها". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلاة، مطلب فى ستر العورة: ۱/۴۰۴، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب الثالث فى شروط الصلاة: ۱/۵۸، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، كتاب الصلوة، شرائط الصلاة، ص: ۱۴، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۲) (راجع، ص: ۲۴۸، رقم الحاشية: ۲)

Made Searchable by ScribeTools.com

وسگریٹ کا استعمال کرنا شرعاً کیا حکم ہے؟ ہمارے یہاں بعض علماء جواز کے قائل ہیں اور علامہ شامی کے قول کو دلیل میں پیش کرتے ہیں۔ اور حضرت مولانا عبدالحیٔ کے فتاویٰ میں جواز منقول ہے، اس کو سن قلیل پر حمل کرتے ہیں یعنی مولانا عبدالحیٔ صاحب علامہ شامی کے اعتبار سے کم عمر ہیں اور کم عمری میں انتقال ہوگیا ہے۔ اس مسئلہ کی بابت ہمارے یہاں بہت سخت اختلاف ہورہا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہر دو اختلاف کرنے والوں کے دلائل وعبارات معہ حوالۂ کتاب وجلد واضح نقل کریں، پھر راجح مرجوح اور قوی وضعیف کے متعلق کچھ لکھا جائے گا، جس سے اختلاف کے ختم یا نرم ہونے کی صورت پیدا ہو۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/ ۸/ ۹۰ھ۔

جس کے زخم سے بدبو آتی ہو اس کا مسجد میں جانا

سوال[۷۴۲۵]: بعض آدمی بعض خاص بیماری کی وجہ سے اپنے صحیح سالم پیر کو زخم کرکے اس میں دوا لگا کر چڑھا دیتے ہیں اور اس میں سے ہر دم ایک قسم کا لہو اور پیپ نکلتا رہتا ہے، اس زخم پر ایک گول دیتے ہیں تاکہ پیپ وغیرہ باہر نہ نکلے اور اس کو کپڑے سے بند کردیتے ہیں، اس طرح سال دو سال تک رکھتے ہیں۔ تجربہ سے معلوم ہوا کہ اس سے جس بیماری کے لئے کیا جاتا ہے اس کا بھی فائدہ ہوتا ہے اور بدن میں طاقت وقوت آجاتی ہے۔ بڑے حکیم وڈاکٹروں سے یہ ثابت ہے۔

دوسری بات دریافت طلب یہ ہے کہ اس کے زخم سے ہر وقت بدبو آتی ہے۔ مسجد وغیرہ میں اس کو جانا جائز ہے یا نہیں؟ عرفاً اس کو گول دینے والا کہتے ہیں اور اس فعل کو گول کہتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسے شخص کو جس کے زخم سے بدبو آتی ہو اور دوسروں کو اذیت پہونچتی ہو مسجد میں جانا منع ہے:

"واكل نحو ثوم يمنع منه، وكذا كل موذٍ ولو بلسانه، اهـ". درمختار: "أي كبصل ونحوه مما له رائحة كريهة، للحديث الصحيح في النهي عن قربان اكل الثوم والبصل المسجد.

Made searchable using ScribeTools.com

قال الإمام العينى فى شرحه على صحيح البخارى: قلت: علة النهى أذى الملائكة وأذى المسلمين، و لا يختص بمسجده صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، بل الكل سواء؛ لرواية: "مساجدنا" بالجمع، خلافاً لمن شذّ.

ويلحق بما نص عليه فى الحديث كل ما له رائحةٌ كريهةٌ مأكولاً أوغيره، وإنما خص الثوم هنا بالذكر و فى غيره أيضاً بالبصل والكراث، لكثرة أكلهم لها، وكذا ألحق بعضهم بذلك من بفيه بخر أو به جرح له رائحة، الخ". شامى: ۱/۶۹۱(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/۱/۵۷ھ۔

کوڑھی کا مسجد میں جانا

سوال[۷۴۲۶]: زید کوڑھ کے مرض میں مبتلا ہے، دیکھنے میں تندرست معلوم ہوتا ہے، مگر زیر علاج ہے، بائیں ہاتھ کی دو انگلیوں میں کجی آ گئی۔ ماہر ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ اس وقت تمہارے خون میں کوئی خرابی نہیں۔ ایسی حالت میں زید مسجد میں جا کر نماز ادا کرسکتا ہے یا نہیں؟ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ مرض متعدی ہوتا ہے، لہذا زید کو مسجد میں نہیں آنا چاہئے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کوڑھ کا اثر خون میں نہیں، بدن سے رطوبت نہیں نکلتی، بدبو نہیں آتی تو مسجد میں جا کر نماز پڑھنا اور جماعت میں شریک ہونا درست ہے، محض دو انگلیوں میں کجی آ جانے کی وجہ سے مسجد کی جماعت سے اس شخص کو محروم نہ کیا جائے۔ مرض متعدی نہیں ہوتا ہے(۲)۔

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب فى الغرس فى المسجد: ۱/۶۶۱، سعيد)

"يجب أن تصان عن إدخال الرائحة الكريهة، لقوله عليه الصلاة والسلام: "من أكل الثوم والبصل والكراث، فلا يقربنّ مسجدنا، فإن الملائكة تتأذى مما يتأذى منه بنو آدم". متفق عليه".

(الحلبى الكبير، كتاب الصلوة، فصل فى أحكام المسجد، ص: ۶۱۰، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۲) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه، حين قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا عدوى ولا =

ہاں! اگر نمازیوں میں وحشت پیدا ہو اور اس کی وجہ سے لوگ مسجد میں آنا چھوڑ دیں اور مسجد کے غیر آباد ہونے کا اندیشہ ہو، یا اس کے جانے کی وجہ سے نزاع کا اور فتنہ کا اندیشہ ہو تو اس کو خود ہی اس کا لحاظ رکھتے ہوئے مکان پر نماز ادا کر لینی چاہئے۔ مشکوۃ شریف میں کوڑھی سے الگ رہنے کی بھی تاکید ہے (۱) اور اس کے ساتھ کھانا کھانے کی بھی تصریح ہے (۲)، دونوں کا محمل یہی ہے کہ ذاتی طور پر ہر مرض کو متعدی سمجھنا غلط ہے، اور احتیاط کے درجہ میں پرہیز کرنا درست ہے، مگر جب معالج کے ماتحت مرض موجود نہیں پھر اس سے یہ پرہیز بھی نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۶/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

خارش وجذام والے کا مسجد میں آنا

سوال [۷۴۲۷]: ایک انسان ایسے مرض میں مبتلا ہے جو متعدی ہے یعنی خارش اور جذام ہے اور عوام اس سے نفرت بھی کرتے ہیں اور مسجد کی جائے نماز وغیرہ اس کے استعمال کرنے سے لوگ متنفر ہوں تو ایسے آدمی کے لئے مسجد کی اشیاء استعمال کرنے اور مسجد میں آنے کا شرعی حکم کیا ہے؟

= صفر و لا هامة". فقال أعرابی: یا رسول الله! فما بال الإبل تكون فی الرمل كأنها الظباء، فيجیء البعير الأجرب، فيدخل فيها فيجربها كلها؟ قال: "فمن أعدى الأول". (الصحيح لمسلم: ۲/ ۲۳۰، بابٌ: لاعدوى ولا طيرة، الخ، قديمی)

(وكذا فی فيض القدير: ۲/ ۲۴۸۹، (رقم الحديث: ۹۹۰۷)، مكتبه نزار مصطفی الباز مكة)

(۱) "وعنه (أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه) قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "لا عدوى ولاطيرة ولاهامة ولا صفر، وفرّ من المجذوم كما تفر من الأسد". رواه البخاری". (مشكوة المصابيح، كتاب الطب والرقی، باب الفال والطيرة، الفصل الأول، ص: ۳۹۱، قديمی)

(۲) "وعن جابر رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم أخذ بيد مجزوم، فوضعها معه فی القصعة وقال: "كلْ ثقةً بالله و توكلاً عليه". رواه ابن ماجة". (مشكوة المصابيح، باب الكهانة، الفصل الثانی، ص: ۳۹۲، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

کسی بھی مرض کوفی نفسہ متعدی سمجھنا غلط ہے، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا ہے(۱)، لیکن جوشخص ایسے مرض میں مبتلا ہوکرلوگ اس سے نفرت کرتے ہوں اوران کے عقیدے غلط ہوجانے، یاغلط عقیدوں کے پختہ ہوجانے کا اندیشہ ہے، اس شخص کواس کالحاظ رکھنا ضروری ہے، وہ اپنے مکان سے وضوکرکے جائے۔اگرمسجد جانے سے بھی لوگوں میں نفرت پیدا ہو، یااس کے جسم سے بدبوآتی ہو، یارطوبت ٹپکتی ہوتواس کواپنے مکان ہی پرنماز پڑھنی چاہیے، مسجد نہ جائے، جماعت اس سے ساقط ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۸/ ۱۳۹۹ھ۔

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه: حين قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "لا عدوی ولا صفر ولا هامة". فقال أعرابی: يارسول الله! فما بال الإبل تكون فی الرمل كأنها الظباء، فيجیٔ البعير الأجرب، فيدخل فيها فيجربها كلها؟ قال: "فمن أعدی الأول". (الصحيح لمسلم: ۲/ ۲۳۰، باب: لاعدوی ولاطيرة، قديمی)

(وكذا فی فيض القدير: ۱۲/ ۶۴۸۹، (رقم الديث: ۹۹۰۷)، مكتبه نزار مصطفیٰ الباز مكة)

(۲) "(قوله: وأكل نحو ثوم): أی كبصل ونحوه مماله رائحة كريهة، للحديث الصحيح فی النهی عن قربان اكل الثوم والبصل المسجد. قال الإمام العينی فی شرحه علی صحيح البخاری: قلت: علة النهی أذی الملائكة وأذی المسلمين ..... ويلحق بما نص عليه فی الحديث كل ماله رائحةٌ كريهةٌ مأكولاً أوغيره ..... وكذلک ألحق بعضهم بذلک مَن بفيه بخرٌ أو به جرحٌ له رائحةٌ، وكذلک القصاب، والسماک، والمجذوم والأبرص أولی بالإلحاق. وقال سحنون: لاأری الجمعة عليهما ..... وقوله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: "وليقعد فی بيته" صريحٌ فی أن كل هذه الأشياء عذر فی التخلف عن الجماعة وأيضاً هنا علتان: أذی المسلمين وأذی الملائكة، فبالنظر إلی الأولی يعذر فی ترک الجماعة وحضور المسجد، وبالنظر إلی الثانية يعذر فی ترک حضور المسجد ولوكان وحده، اهـ. مدخصاً" (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فی الغرس فی المسجد: ۱/ ۶۶۱، سعيد)

(وكذا فی الحلبی الكبير، كتاب الصلوة، فصل فی أحكام المسجد، ص: ۶۱۰، سهيل اكيڈمی، لاهور)

جذام والے کا مسجد میں آنا

سوال[۷۴۲۸]: ایک شخص جو جذام وبرص کی بیماری میں مبتلا ہے، اس کو نماز باجماعت میں کس جگہ کھڑا ہونا چاہیے، شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر بدن سے رطوبات بہتی ہیں جس سے مسجد بھی گندی ہوتی ہو اور نمازیوں کے کپڑے بھی خراب ہوں، یا اس کے بدن سے بدبو آتی ہو جس کی وجہ سے نمازیوں کو اذیت ہوتی ہو، جیسا کہ برص یا جذام والے مریض کو بعض دفعہ ہوتا ہے تو ایسے شخص کو مسجد میں آنے کی اجازت نہیں ہے اس سے جماعت ساقط ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

مسجد میں ریح خارج کرنا

سوال[۷۴۲۹]: جو لوگ مسجد میں مسافر طالب علم وغیرہ، نمازی وغیرہ بیٹھے رہتے ہیں، یا سو جاتے ہیں، ان کی وہاں ریح قصداً یا بلا قصد خارج ہو جاتی ہے۔ تو کیا یہ ادبِ مسجد کے خلاف ہے؟ یہ جو مشہور ہے کہ اگر کسی کی مسجد میں ریح خارج ہو جاتی ہے تو اس کو فرشتے اپنے منہ میں لے کر باہر پھینکتے ہیں۔ یہ کہاں تک صحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

احتیاط اور ادب یہ ہے کہ مسجد میں قصداً ریح خارج نہ کرے، بلکہ مسجد سے باہر جا کر خارج کرے، یا اگر سوتے یا جاگتے میں بلا قصد خارج ہو جائے تو معذوری ہے۔ ایسے شخص کو جس کے لئے دوسری جگہ سونے کی موجود ہو بلا شدید ضرورت کے مسجد میں سونا مکروہ ہے(۲)۔

"لایُخرج فیه الریح من الدبر کما فی الأشباه، واختلف فیه السلف فقیل: لا بأس، وقیل:

---

(۱) (راجع، ص: ۲۵۳، رقم الحاشیة: ۲)

(۲) "ویکره النوم والأکل فیه: أی المسجد لغیر المعتکف". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد، الخ: ۵/ ۳۲۱، رشیدیه)

Made Searchable using ScribeTools.com

يخرج إذا احتاج إليه، هو الأصح، حموی عن الشرح الجامع الصغير، اهـ". درمختار: ۱/۶۸۷(۱)۔

فرشتوں کا ایسی بدبودار چیز سے اذیت پانا تو حدیث پاک سے ثابت ہے(۲)، لیکن اس کا منہ میں لے کر باہر پھینکنا کسی دلیل شرعی سے ثابت نہیں۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم۔

مسجد میں خروج ریح

سوال[۷۴۳۰]: ایک شخص کو خروجِ ریح کی بیماری ہے تاہم معذور کے حکم میں نہیں، کئی سال سے اعتکاف کا متمنی ہے۔ ایسے شخص کے لئے مسجد میں اعتکاف کرنے کی کیا صورت ہوسکتی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد میں اخراجِ ریح کو فقہاء نے منع لکھا ہے، ایسی حالت میں ایسے شخص کو بار بار مسجد سے نکلنا ہوگا، یا کراہت کا ارتکاب کثرت سے کرنا ہوگا(۳)، لہٰذا احوط یہی ہے کہ ایسا شخص اعتکاف نہ کرے، بلکہ اللہ پاک سے دعاء کرتا رہے اور اس کو آرزو اور تمنا کا اجر ملے گا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فی أحكام المسجد: ۱/۶۵۶، سعيد)

"وإخراج الريح من الدبر: أی يكره. أقول: فی شرح الجامع الصغير للتمرتاشی فی كتاب الكراهية: واختلف السلف فی الذی يفسو فی المسجد، فلم يره بعضهم بأساً، وبعضهم: لا يفسو، بل يخرج إذا احتاج إليه، وهو الأصح". (الأشباه والنظائر، القول فی أحكام المسجد: ۴/۶۲، إدارة القرآن كراچی)

"واختلف فی الذی يفسو فی المسجد، فلم ير بعضهم بأساً، وبعضهم قالوا: لا يفسوا، و يخرج إذا احتاج إليه، وهو الأصح". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فی آداب المسجد، الخ: ۵/۳۲۱، رشيديه)

(وكذا فی ردالمحتار، مطلب: يوم عرفة افضل من يوم الجمعة: ۱/۱۷۲، سعيد)

(۲) "عن جابر رضی الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من أكل من هذه الشجرة المنتنة، فلا يقربنّ مسجدنا، فإن الملائكة تتأذى مما يتأذى منه الإنس". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، باب المساجد مواضع الصلوة، الفصل الأول، ص:۶۸، قديمی)

(۳) "وإذا فسا فی المسجد، فلم ير بعضهم به بأساً، وقال بعضهم: إذا احتاج إليه يخرج منه، و هو الأصح". (ردالمحتار، مطلب: يوم عرفة أفضل من يوم الجمعة: ۱/۱۷۲، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فی آداب المسجد، الخ: ۵/۳۲۱، رشيديه)

الفصل السادس فی زخرفة المساجد والکتابة علیها

(مسجد کے نقش ونگار اور اس پر لکھنے کا بیان)

مسجد میں نقش ونگار

سوال[۷۴۳۱]: مسجد میں خواہ اندر ہو خواہ باہر، نقش ونگار کرنا جائز ہے یا نہیں؟

محمد عثمان عفا اللہ عنہ چاٹگامی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جدارِ قبلہ کے علاوہ مسجد میں نقش ونگار کرنا درست ہے، لیکن مالِ وقف سے درست نہیں:

"ولا بأس بنقش المسجد بالجص والساج وماء الذهب و نحوه ..... إذا فعل من مال نفسه. أما المتولی، فلا يجوز أن يفعل من مال الوقف إلا ما يرجع إلى إحكام البناء، حتى لو جعل البياض فوق السواد للنقاء ضمن، اهـ". كبيری، ص: ۵۷۱(۱)۔ "يجوز نقشه بالجص و ماء الذهب إذا تبرع به إنسان، سوى جدار القبلة، اهـ". سكب الأنهر: ۱/۱۲۷(۲)۔

---

(۱) (الحلبی الكبير، كتاب الصلوة، فصل فی أحكام المسجد، ص: ۶۱۵، ۶۱۶، سهيل اكيڈمی لاهور)

"ولا بأس بأن ينقش المسجد بالجص والساج و ماء الذهب ..... و هذا إذا فعل من مال نفسه، أما المتولی يفعل من مال الوقف ما يرجع إلى إحكام البناء دون ما يرجع إلى النقش، حتى لو فعل، يضمن". (الهداية، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۱۴۴، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثانی فيما يكره فی الصلاة و ما لا يكره، فصل: ۱/۱۰۹، رشيديه)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: ۲/۶۵، رشيديه)

(۲) (الدر المنتقی فی شرح الملتقی المعروف بسكب الأنهر، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما =

Made searchable using ScribeTools.com

لیکن زیادہ تکلفات کرنا مکروہ ہے:" وفی الفتح: دقائق النقوش و نحوها مکروه". مجمع الأنهر: ۱/۱۲۷(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/۱/۵۷ھ۔

مسجد کا نقش ونگار مسجد کے مال سے

سوال[۷۴۳۲]: مسجد میں شیشہ کا کام مسجد کے پیسہ سے کرایا گیا ہے، حالانکہ اہلِ محلّہ اور بعض اہلِ شہر نے متولیان کو منع کیا کہ یہ روپیہ ایسے کام میں ضائع مت کرو، بلکہ مسجد کی دوکانات جنوبی کو از سرِ نو تعمیر کرا کے اس کے اوپر کمرہ تعمیر کراؤ کہ جس سے مسجد کو کافی آمدنی ہو، اور جائیداد بھی محفوظ ہو جائے، لیکن متولیان نے ایسا نہیں کیا، بلکہ شیشہ کے کام میں صرف کر دیا جو تقریباً پانچ سو روپیہ کے ہوگا۔ کیا یہ خرچ اسرافِ بیجا ہے یا نہیں، اگر اسراف بیجا ہے تو یہ گراں رقم مسجد کو کون ادا کرے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

"ولا بأس بنقشه خلا محرابه، فإنه يكره؛ لأنه يلهى المصلى. ويكره التكلف بدقائق النقوش ونحوها كأخشاب ثمينة وبياض بنحو سبيداج، خصوصاً فى جدار القبلة بجص وماء ذهب لو بماله الحلال لامن مال الوقف، فإنه حرام، وضمن متوليه لوفعل النقش أو البياض، إلا

= يكره فيها، فصل: ۱/۱۹۰، غفاريه كوئٹه)

"و لا يكره نقش المسجد، وهو المذكور فى الجامع الصغير بلفظ "لابأس به".

(البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: ۲/۶۴، رشيديه)

(۱) (مجمع الأنهر، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيه (فصل): ۱/۱۹۱، غفاريه كوئٹه)

"و محمل الكراهة التكلف بدقائق النقوش ونحوه خصوصاً فى المحراب". (فتح القدير، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: ۱/۴۲۱، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۱/۶۵۸، سعيد)

إذا خيف طمع الظلمة، فلا بأس به: أى بأن اجتمعت عنده أموال المسجد وهو مستغن عن العبارة، وإلا فيضمنهما، اهـ". درمختار وشامی مختصراً: ۱/۶۸۸(۱)۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ مسجد میں علاوہ محراب کے دوسرے حصوں: چھت وغیرہ میں نقش ونگار کرنا اپنے حلال روپیہ سے جائز ہے، لیکن محراب میں یعنی جانبِ قبلہ کی دیوار میں ایسے نقش ونگار کرنا جس سے نمازیوں کی توجہ منتشر ہو، مکروہ ہے، اس طرح زیادہ تکلف کے بعد باریک باریک نقوش اور بیل بوٹے نکلوانا بھی مکروہ ہے اور مال وقف سے توان چیزوں میں سے کچھ بھی جائز نہیں۔

جو چیز تعمیر کو پختہ اور مستحکم کرنے والی ہو وہ تو حسبِ ضرورت مالِ وقف سے جائز ہے، باقی زیبائشی کام میں مال وقف کو خرچ کرنا حرام ہے، اگر متولی مال وقف کو زیبائش کے کام میں صرف کرے گا تو وہ اس مال کا ضامن ہوگا۔ البتہ اگر مالِ وقف زیادہ جمع ہو جائے اور مسجد کو عمارت کی ضرورت نہ ہو، بلکہ ضروریاتِ مسجد سے وہ روپیہ قطعاً زائد ہو اور متولی کو قوی اندیشہ ہو کہ اس روپیہ کی حفاظت کسی طرح نہیں ہوسکتی اور دوسرے ظالم لوگ اس روپیہ پر قبضہ کر کے اپنی ضروریات میں صرف کرلیں گے تو پھر ایسی مجبوری کے وقت اس روپیہ کو مسجد کے زیبائشی کام میں بھی صرف کرنا درست ہے اور ظاہر یہ ہے کہ شیشے لگانا زیبائش ہی کے لئے ہے، عمارت کے

---

(۱) (الدرالمختار مع رد المحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره، إلخ: ۲/۶۵۸، سعيد)

"ومحل الاختلاف فى غير نقش المحراب، أما نقشه فهو مكروه؛ لأنه يلهى المصلى، كما فى فتح القدير وغيره. قال المصنف فى الكافى: و هذا إذا فعل من مال نفسه، أما المتولى فإنما يفعل من مال الوقف ما يُحكم البناء دون النقش، فلو فعل ضمن حينئذٍ، لمافيه تضيع المال، فإن اجتمعت أموال المساجد و خاف الضياع بطمع الظلمة فيها، لا بأس به حينئذ، اهـ". (البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، الفصل الثانى فيما يكره فى الصلاة و ما لا يكره، فصل: ۱/۱۰۹، رشيديه)

(وكذا فى الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد، ص: ۶۱۵، ۶۱۶، سهيل اكيڈمى لاهور)

(وكذا فى الهداية، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۱۴۴، مكتبه شركت علميه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

لئے نہیں۔ اگر نمازی کی تصویر ان شیشوں میں نظر آتی ہے تو اس میں اَور بھی تصویر پرستی کی مشابہت ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۴/ ۵/ ۵۷ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۱۶/ ۵/ ۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

سلور جوبلی پر مسجد میں چراغاں

سوال[۷۴۳۳]: ۱.....سلور جوبلی کے سلسلے میں چراغاں میں روشنی یا زینت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ سلور جوبلی جارج پنجم کی ۲۵/ سالہ حکومت کی سال گرہ کی خوشی منانا ہے۔

۲.....مسجد کی آمدنی اس سلور جوبلی کی خوشی کے سلسلے میں صرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟

سائل خادم یوسف انصاری گنگوہی، مقیم سہارنپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جواوقات شرعاً امت کے قابلِ احترام اور مواقع مسرت ہیں، ان میں زینت اور روشنی مساجد کے متعلق فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ حسبِ تصریح فرماتے ہیں:

"ومن البدع المنكرة مايفعل فى كثير من البلدان إيقاد القناديل الكثيرة فى ليالى معروفة فى السنة كليلة النصف من شعبان، خصوصاً بيت المقدس، فيحصل بذلك مفاسد كثيرة: منها: مضاهاة المجوس فى الاعتبار بالنار، والإكثار منها. ومنها: مايترتب على ذلك فى كثير من المساجد من اجتماع الصبيان، وأهل البطالة، ورفع أصواتهم، وامتهانهم بالمساجد، وانتهاك حرمتها، وحصول أوساخ فيها، وغير ذلك من المفاسد، يجب صيانة المسجد عنها. ومن المفاسد مايجعل فى الجوامع، وهو من إيقاد القناديل، وتركها إلى أن تطلع الشمس، وترفع، وهو من فعل اليهود فى كنائسهم. وأكثر مايفعل ذلك فى العيد، وهو حرام ..... ومما يشبه ذلك وقود الشموع الكثيرة ليلة عرفة، اهـ". حموى شرح أشباه، ص: ٥٦١(١)۔

---

(۱) (شرح غمز عيون البصائر على الأشباه والنظائر، القول فى أحكام المسجد: ۶۲/۴، إدارة القرآن كراچى)=

Made Searchable by ScribeTools.com

۱.....سلور جوبلی کو اسلام اور شعائرِ اسلام سے جس نوع کا تضاد ہے وہ کسی ذی احساس اور معمولی سے معمولی مسلم پر بھی مخفی نہیں، پھر اس کی خوشی منانا، اس میں روشنی یا زینتِ مساجد وغیرہ کرنا کیسے جائز ہوسکتا ہے؟ مسلمانوں کو اس سے اجتناب ضروری ہے اور اس میں شریک ہونا گناہ ہے(۱)۔

۲.....فقہاء کی مذکورہ بالا تصریح مطلق ہے، لہٰذا وقف اور مسجد کی آمدنی کو اس میں خرچ کرنا اَور بھی زیادہ ممنوع اور گناہ ہوگا اور متولی اس کا ضامن ہوگا:

"ولا بأس بنقشه خلامحرابه بجص وماء ذهب لوبما له الحلال، لامن مال الوقف، فإنه حرام، وضمن متوليه لو فعل النقش أو البياض، اهـ". درمختار مختصراً، ص: ٦٨٨(٢)۔ فقط

= "رجل أوصىٰ بثلث ماله لأعمال البر، هل يجوز أن يسرج المسجد من ذلك؟ قال الفقيه أبوبكر رحمه الله تعالى: يجوز، ولايجوز أن يزادعلى سراج المسجد؛ لأن ذلك إسراف، سواء كان فى رمضان أو غيره. ولا يزين المسجد بهذه الوصية". (فتاویٰ قاضی خان على هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/ ۲۹۱، رشيديه)

(وكذا فى الفتاویٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۵/ ۸۵۶، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فى الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى: ۲/ ۴۶۱، رشيديه)

"وإسراج السرج الكثيرة فى السكك، والأسواق ليلة البراءة بدعة، وكذا فى المساجد ويضمن القيم". (البحر الرائق: ۵/ ۳۵۹، كتاب الوقف، رشيديه)

(۱) سلور جوبلی منانے میں کفار کی مشابہت ہے، اور کفار کے شعار وغیرہ میں مشابہت اختیار کرنا شرعاً ممنوع ہے: "عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من تشبه بقوم فهو منهم". (سنن أبى داؤد، كتاب اللباس، باب ماجاء فى لبس الشهرة ۲/ ۲۰۳، مكتبه إمداديه ملتان)

قال على القارى: "(قوله: من تشبه بقوم): أى من تشبه نفسه بالكفار مثلاً فى اللباس وغيره، أو بالفساق أو الفجار، أو بأهل التصوف والصلحاء الأبرار. (قوله: فهو منهم): أى فى الإثم والخير. قال الطيبى: هذا عام فى الخَلق والخُلق والشعار، ولما كان الشعار أظهر فى الشبه ذكر الباب". (مرقاة المفاتيح، كتاب اللباس، الفصل الثانى، (رقم الحديث: ۴۳۴۷): ۸/ ۱۵۵، رشيديه)

(۲) (الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة وما يكره فيها: ۱/ ۶۵۸، سعيد) =

Made searchable using ScribeTools.com

واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہانپور۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: بندہ عبد الرحمٰن غفرلہ (صدر مدرس)

الجواب صحیح: بندہ منظور احمد عفی عنہ۔

الجواب صحیح: بندہ فقیر زکریا قدوسی مدرس مدرسہ ھذا۔ المجیب مصیب، عبد الشکور۔

یہ جواب صحیح ہے: اسعد اللہ، مدرس مدرسہ مظاہر علوم۔

الجواب صحیح: نور محمد بقلم خود۔

جواب صحیح: صدیق احمد، مدرس مدرسہ ہذا۔

الجواب صحیح: بندہ ظہور الحسن عفی عنہ، مدرس مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: جمیل احمد، مدرس مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

مسجد میں روضۂ اقدس کی تصویر لگانا

سوال[۷۴۳۴]: حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ مبارکہ کی تصویر مسجد میں لگانا جائز ہے

= "قوله: (ولا نقشه بالجص وماء الذهب): أى ولايكره نقش المسجد ..... وهذا إذا فعل من مال نفسه، أما المتولى، فإنما يفعل من مال الوقف، ما يحكم البناء دون النقش، فلو فعل ضمن حينئذ، لما فيه تضييع المال". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها: ۲/۶۵، رشيديه)

"وليس للقيم أن يتخذ من الوقف على عمارة المسجد شرفاً، أو ينتقش المسجد من ذلك، ولو فعل، يكون ضامناً". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب لرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/۲۹۱، رشيديه)

"وكذا يضمن إذا أسرف فى السرج فى رمضان، وليلة القدر". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۶۰، رشيديه)

یانہیں؟ خانہ کعبہ کی تصویر مسجد میں لگا سکتے ہیں یانہیں؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

لگا سکتے ہیں، مگر سامنے نہ لگائیں جس سے نمازیوں کی نظر اس پر جائے، اونچائی پر لگائیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۹/۹۰ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند

مسجد میں کعبہ اور مسجدِ نبوی کا فوٹو لٹکانا

سوال[۷۴۳۵]: مسجد میں ایک طرف کعبہ کا نقشہ آویزاں ہے اور دوسری طرف مسجدِ نبوی کا ہے۔ ایسا نقشہ مسجد میں لگانا یا لٹکانا کیسا ہے، اور خاص کر داہنے جانب ضروری سمجھ کر لٹکانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد میں ایسے نقشے اور کتبے لگانا، یا دیوارِ مسجد میں ایسے نقش ونگار کرنا جس سے نمازیوں کا دھیان اس کی طرف جائے، مکروہ ہے (۲) اور ضروری سمجھنا تو بالکل ہی غلط وباطل ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۴/۱۴۰۱ھ۔

---

(۱) "یجوز نقشه بالجص و ماء الذهب إذا تبرع به إنسان سوى جدار القبلة". (الدر المنتقى فى شرح الملتقى، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: ۱/۹۰، غفاريه كوئٹه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و مايكره فيها: ۱/۶۵۸، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۵، رشيديه)

(۲) "ولابأس بنقشه خلا محرابه، فإنه يكره؛ لأنه يلهى المصلى. ويكره التكلف بدقائق النقوش ونحوها خصوصاً فى جدار القبلة ..... وقيل: يكره فى المحراب دون السقف المؤخر". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل على أن المستحب غيره: ۱/۶۵۸، سعيد)

"ومحل الاختلاف فى غير نقش المحراب، أما نقشه فهو مكروه؛ لأنه يلهى المصلى". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: كره اسقبال القبلة: ۲/۶۵، رشيديه) =

Made searchable using ScribeTools.com

دیوارِ مسجد میں آیات وغیرہ لکھوانا

سوال[۷۴۳۶]: عام طور پر مساجد کی دیواروں پر آیاتِ قرآنی، احادیث، یا خلفائے راشدین واصحابِ عشرہ مبشرہ کے اسمائے مبارکہ لکھے جاتے ہیں۔ یہ کس حد تک درست ہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

بلاضرورت یہ چیزیں وہاں نہ لکھی جائیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۳/۹۵ھ۔

چندہ سے تعمیر شدہ مسجد میں اپنے نام کا پتھر لگانا

سوال[۷۴۳۷]: ہمارے یہاں میدان جوگل تحصیل ہندوارہ میں ایک جامع مسجد تعمیر ہورہی ہے۔ ایک شخص ایک پتھر جو کہ سنگِ مرمر کا ہے اس پر تاریخِ سنگِ بنیاد اور ذاتی نام کھدوا کر دیوار میں نصب کرنا چاہتا ہے، مگر مسجد شریف متذکرہ عوامی چندہ سے تعمیر ہورہی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ جو آدمی اپنا نام سنگ مرمر پر کھدوا کر اس کو دیوار میں نصب کرنا چاہتا ہے، چندہ کی فراہمی اور دیگر کام میں زیادہ حصہ لیتا ہے۔ گاؤں میں اکثر لوگ اس پر برانگیختہ ہوگئے ہیں اور شدید ناراضگی کا اظہار کررہے ہیں، حتی کہ اب مسجد شریف پر بھی رُکاوٹ پڑنے کا احتمال ہے۔

= (وكذا في فتح القدير، كتاب الصلوة، باب مايفسد الصلوة وما يكره فيها، فصل: ويكره استقبال القبلة: ۱/۴۲۱، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(وكذا في الحلبي الكبير، فصل في أحكام المسجد، ص: ۶۱۵، ۶۱۶، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۱) "ولا ينبغي الكتابة على جدرانه: أي خوفاً من أن تسقط وتوطأ، بحر عن النهاية". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فيمن سبقت يده إلى مباح: ۱/۶۶۳، سعيد)

"وفي النهاية ولبس بمستحسن كتابة القرآن على المحاريب والجدران، لما يخاف من سقوط الكتابة وأن توطأ" (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۶۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، فصل: كره غلق باب المسجد: ۱/۱۰۹، رشيديه)

چونکہ آپ کا ادارہ ایک مستند دینی ادارہ ہے اس لئے آپ سے استدعا ہے کہ اس مسئلہ کو قرآن وسنت کی روشنی میں حل کر کے فتویٰ صادر کریں کہ آیا ہم لوگ اس پتھر کو اس شخص کے نام کے ساتھ دیوار میں نصب کریں یا نہیں، بہتر کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اہلیانِ مسجد ان صاحب کو مسجد کا متولی و مہتمم قرار دے لیں اور ان کے انتظام واہتمام سے مسجد کا کام انجام پائے تو اس سنگِ مرمر پر اس طرح سے عبارت لکھ دی جائے کہ ''اس مسجد کی تعمیر فلاں صاحب کے انتظام واہتمام سے ہوئی'' تو شرعاً اس کی گنجائش ہے، لیکن خود ان صاحب کا مطالبہ کہ میرا نام پتھر پر کندہ کر کے لگایا جائے اخلاص کے خلاف ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنی ناموری کے خواہش مند ہیں، یہ خواہش نہایت غلط ہے، ثواب کو ختم کرنے والی ہے۔ دنیا میں ایسے شخص کی شہرت وتعریف ہو جائے گی، مگر آخرت میں عمل خالص کے ثواب سے محروم رہے گا (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۸/ ۱۳۹۹ھ۔

مسجد میں حدیث لکھ کر لگانا اور اپنے لئے دعاء کرانا اور اپنا نام لکھنا

سوال[۷۴۳۸]: ہمارے یہاں مسلم ایسوسی ایشن تختہ سیاہ پر مندرجہ ذیل حدیثیں کسی معتمد رسالہ سے نقل کر کے مسجد کے داخلی دروازے کے پاس اندرونِ مسجد آویزاں کرتی ہے اور اس کا مقصد مسلم بھائیوں کی اصلاح کے سوا کچھ نہیں۔ نمازی حضرات سے یہ جماعت اپنے لیے دعائے خیر کی گذارش کرتی ہے۔ کیا از روئے شریعت اس طرح پر کسی فرد یا جماعت کا بنی اصلاح اور خیر کی دعاء کرانا احکامِ ربی اور احادیثِ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لکھنے سے پہلے کسی فرد یا ادارہ کا اول یا آخر نام لکھنا منع ہے؟

مندرجہ ذیل حدیثیں ہم لوگ لکھتے ہیں:

۱.....دین سیکھو اور سکھاؤ۔

---

(۱) "والمراد بوجه الله تعالىٰ ذات الله، وابتغاء وجه الله في العمل هو الإخلاص، وهو أن تكون نيته في ذلك طلب مرضاة الله تعالىٰ من دون رياء وسمعة، حتى قال ابن الجوزي: من كتب اسمه على المسجد الذي يبنيه كان بعيداً من الإخلاص". (عمدة القاري، باب من بنى مسجداً: ۴/ ۲۱۳، إدارة الطباعة المنيرية)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

۲.....حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سراپا شفقت اور مجسمۂ رحمت ہونے کے باوجود نماز کو باجماعت ادا نہ کرنے والوں پر اس قدر برہم ہیں کہ ان کے گھروں کو آگ لگادینے پر آمادہ ہیں (۱)۔ نماز کو باجماعت نہ پڑھنے کے سلسلے میں اَور بہت سے وعیدیں آئی ہیں، لہٰذا ہمیں چاہیے کہ نماز کو باجماعت ادا کرنے کی پوری کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ شانہ اپنے فضل وکرم سے ہم سب کو سچا نمازی بنادے، ٹھیک وقت پر پورے سکون خشوع وخضوع کیساتھ باجماعت نماز ادا کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

۳.....نماز کے متعلق چالیس حدیثیں وغیرہ۔

الجواب حامداًومصلیاً:

کسی فرد یا جماعت کا اپنے لئے دعاء کے لئے درخواست کرنا منع نہیں (۲)۔ احادیث لکھ کر دعاء کی درخواست کرنا کہ اللہ ہم کو بھی عمل کی توفیق دے، یہ بھی منع نہیں۔ نام چاہے آخر میں لکھا جائے یا پہلے، مگر اس طرح نام لکھنے سے اس لکھنے والے فرد یا جماعت کی بھی تشہیر ہوتی ہے، جس کی بنا پر لوگ تعریف کرتے ہیں، ایسا نہ ہو کہ کام کا مقصود تعریف ہی تک محدود رہ جائے، رضائے خداوندی اور اشاعتِ احادیث واحکام مقصود نہ رہے، یا اس کے ساتھ نام آوری بھی مقصودیت کے درجہ میں آجائے، جیسا کہ کثرت سے اشتہاری لوگوں کا حال دیکھنے

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فَقَدَ ناساً فی بعض الصلوات، فقال: "لقد هممت أن آمر رجلاً يصلی بالناس، ثم أخالف إلی رجالٍ يتخلفون عنها، فآمر بهم، فيحرقوا عليهم بحزم الحطب بيوتهم، ولو علم أحدهم أنه يجد عظماً سميناً لشهدنا". يعنی صلوة العشاء". (الصحيح لمسلم: ۲۳۲/۱، كتاب الصلاة، باب فضل صلوة الجماعة و بيان التشديد فی التخلف عنها وأنها فرض كفاية، قديمی)

(۲) "عن سالم بن عبد الله عن أبيه عن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال: استأذنت النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فی العمرة، فأذِن لی، قال: "لاتنسنا يا أخی من دعائک". فقال كلمةً ما يسرّنی أن لی بها الدنيا". (سنن أبی داؤد: ۲۱۷/۱، كتاب الصلاة، أبواب الوتر، باب الدعاء، إمداديه ملتان)

(وكذا فی جامع الترمذی، أبواب الدعوات، أحاديث شتی من أبواب الدعوات: ۱۹۶/۲، سعيد)

(وكذا فی سنن ابن ماجة، أبواب المناسک، باب فضل دعاء الحاج، ص: ۲۰۸، قديمی)

میں آتا ہے۔اللہ پاک اس مصیبت سے محفوظ رکھے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۵/۹۰ھ۔

نام کھدوا کر مسجد پر پتھر لگوانا

سوال[۷۴۳۹]: متوفی کی طرف سے مسجد بنا کر اس کے نام کا پتھر کھدوا کر لگانا جائز ہے یا نہیں؟

عبدالعلی۔

الجواب حامداًومصلیاً:

ایصال ثواب کے لئے مسجد بنوا دینا اور اس نیت سے پتھر پر کھدوا کر لگانا کہ دوسروں کو اس قسم کے کاموں کی رغبت ہو، یا کوئی شخص اس پتھر کو دیکھ کر میت کے لئے خصوصیت سے ایصال ثواب کرے، درستِ ہے(۲) اور شہرت کی بنا پر نام کھدوانا درست نہیں(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی۔

صحیح: عبداللطیف، ۱/محرم الحرام/۵۴ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "والمراد بوجه الله ذاتُ الله، وابتغاء وجه الله فی العمل هو الإخلاص، وهو أن تكون نيته فی ذلک طلب مرضاة الله تعالیٰ من دون رياء وسمعة، حتی قال ابن الجوزی: من كتب اسمه علی المسجد الذی يبنيه كان بعيداً من الإخلاص". (عمدة القاری، باب من بنی مسجداً: ۲۱۳/۴، إدارة الطباعة المنيرية)

(۲) "فيه أن التعاون فی بنيان المسجد من أفضل الأعمال أنه مما يجری لإنسان أجره بعد موته، ومثل ذلک حفر الآبار، الخ". (عمدة القاری، باب من بنی مسجداً: ۲۰۹/۴، إدارة الطباعة المنيرية)

(۳) (راجع رقم الحاشية: ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل السابع فی البیع والشراء فی المسجد

(مسجد میں خرید وفروخت کرنے کا بیان)

مسجد میں خرید وفروخت

سوال[۷۴۴۰]: کسی شخص کا مسجد میں خرید وفروخت کرنا کیسا ہے، اگر جائز ہے تو کن کن چیزوں کی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد میں خرید وفروخت منع ہے(۱)، صرف معتکف کو اتنی اجازت ہے کہ ضروری چیز کا معاملہ اس شخص سے کرلے جو مسجد میں آیا ہو، اس طرح کہ سامان ساتھ نہ ہو۔ مسجد میں سامان رکھ کر اس کو خریدنا یا فروخت کرنا معتکف کے لئے بھی درست نہیں بلکہ مکروہ ہے، ردالمحتار: ۲/۱۳٤(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) "عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم "نهی عن الشراء والبیع فی المسجد". (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاة، باب التحلق یوم الجمعة قبل الصلاة: ۱/۱٦۱، امدادیه ملتان)

(وسنن الترمذی، کتاب الصلاة، باب ما جاء فی کراهیة البیع والشراء فی المسجد: ۱/۷۳، سعید)

(وسنن النسائی، کتاب المساجد، باب النهی عن البیع والشراء فی المسجد: ۱/۱۷۱، قدیمی)

"وقید بالمعتکف؛ لأن غیره یکره له البیع مطلقاً، لنهیه علیه الصلاة والسلام عن البیع والشراء فی المسجد". (البحر الرائق، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/۵۳۰، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار مع ردالمحتار، باب الاعتکاف: ۲/۴۴۹، سعید)

(وکذا فی ملتقی الأبحر، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۱/۳۷۹، غفاریه کوئٹه)

(۲) "ویکره ..... کل عقد إلا لمعتکف بشرطه". (الدرالمختار). "(قوله: بشرطه) وهو أن لا یکون للتجارة، بل یکون ما یحتاجه لنفسه أو عیاله بدون إحضار السلعة". (ردالمحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/۴۲۹، سعید) ..... =

مسجد میں خرید وفروخت

سوال[۷۴۴۱]: مسجد میں خرید وفروخت جائز ہے کہ نہیں؟ اور اگر جائز ہے تو کس صورت میں اور کس وقت؟ کیونکہ یہاں پر مدراس کے علاقہ میں علماء ہوں، یا غیر عُلماء ان کو اگر کوئی کتاب فروخت کرنی ہوتی ہے تو وہ مسجد میں آ کر تقریر کریں گے اور اس کتاب کے فضائل بیان کریں گے اور آخر میں اس کی قیمت بتا کر مسجد میں خرید وفروخت شروع کر دیں گے۔ اور ایسے ہی ایک صاحب نے ایک نقش تیار کر کے ممبر کے اوپر رکھ دیا اور اس کو فریم کرایا اور اس کے فضائل اپنی تقریر میں بیان کئے کہ اس میں باری تعالیٰ کے اسماء ہیں اور اس کو اخیر میں انہوں نے تین تین روپے میں فروخت کر دیا، مسجد کے اندر یہ عمل کیا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد میں خرید وفروخت اس طرح بھی ناجائز ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۹/۲۲ھ۔

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/ ۵۳۱، رشيديه)

"(وكره): أي تحريماً؛ لأنها محل إطلاقهم (إحضارُ مبيع فيه)". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/ ۴۴۹، سعيد)

(۱) "عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نهى عن الشراء والبيع في المسجد". (سنن أبي داؤد، كتاب الصلاة، باب التحلق يوم الجمعة قبل الصلاة: ۱/ ۱۶۱، امداديه ملتان)

(وسنن الترمذي، كتاب الصلاة، باب ما جاء في كراهية البيع والشراء في المسجد: ۱/ ۷۳، سعيد)

(سنن النسائي، كتاب المساجد، باب النهي عن البيع والشراء في المسجد ۱/ ۱۷۱، قديمي)

"وقيد بالمعتكف؛ لأن غيره يكره له البيع مطلقاً؛ لنهيه عليه الصلاة والسلام عن البيع والشراء في المسجد". (البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/ ۵۳۰، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار مع ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/ ۴۴۹، سعيد)

(وكذا في ملتقى الأبحر، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۱/ ۳۷۹، غفاريه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد میں تجارت کرنا

سوال[۷۴۴۲]: اندرون مسجد کاروبار یا دوکان بنا کر تجارت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوجگہ نماز کے لئے وقف کی گئی ہے اس جگہ کو کاروبار تجارت وغیرہ کے لئے متعین کرنا اور وہاں تجارت کرنا ہرگز ہرگز جائز نہیں (۱)۔ جوجگہ نماز کے لئے نہیں اور مسجد کی مصالح کے لئے وقف ہے، اور اس جگہ کو دوکان وغیرہ بنانے میں مسجد کے احترام اور اس کی تعمیر وغیرہ میں فرق نہ آئے تو اس کو مسجد کی آمدنی وآبادی کے لئے کرایہ پر دینا درست ہے (۲)۔ مسجد کا اندرونی حصہ یا صحن (بیرونی حصہ) ہو سب کا ایک ہی حکم ہے، کسی جگہ بھی وہاں تجارت کرنا، یا کرایہ پر دینا شرعاً درست نہیں (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱/۸۸ھ۔

---

(۱) "عن عمر و بن شعيب عن أبيه عن جده رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نهى عن الشراء والبيع فى المسجد". (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب التحلق يوم الجمعة قبل الصلاة: ۱/۱۶۱، امداديه ملتان)

(وسنن الترمذى، كتاب الصلاة، باب ما جاء فى كراهية البيع والشراء فى المسجد: ۱/۷۳، سعيد)

(وسنن النسائى، كتاب المساجد، باب النهى عن البيع والشراء فى المسجد: ۱/۱۷۱، قديمى)

"وقيد بالمعتكف؛ لأن غيره يكره له البيع مطلقاً، لنهيه عليه الصلاة والسلام عن البيع والشراء فى المسجد". (البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۵۳۰، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۲/۴۴۹، سعيد)

(۲) "ولو كانت الأرض متصلةً ببيوت المصر، يرغب الناس فى استيجار بيوتها، وتكون غلة ذلك فوق غلة الزرع والنخيل، كان للقيم أن يبنى فيها بيوتاً فيؤاجرها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد، الخ: ۵/۳۲۱، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/۳۰۰، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف، الفصل الأول فى المتولى: ۶/۲۴۱، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(۳) "ولو أن قيم المسجد أراد أن يبنى حوانيت فى حريم المسجد و فنائه، قال الفقيه أبوالليث رحمه الله تعالىٰ:=

Made Searchable by ScribeTools.com

امام کا مسجد میں تجارت کرنا

سوال[۷۴۴۳]: اگر کوئی امام مسجد میں کپڑا وغیرہ رکھ کر تجارت کرتا ہے تو یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد میں، جہاں نماز پڑھی جاتی ہے وہاں کپڑا وغیرہ رکھ کر تجارت کرنا مکروہ تحریمی ہے(۱)، اگر امام اس سے باز نہ آئے تو وہ علیحدگی کا مستحق ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۲ھ۔

= لا يجوز له أن يجعل شيئاً من المسجد مسكناً و لامستغلاً". (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً، الخ: ۲۹۳/۳، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الوقف: ۳۵۸/۴، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، مسائل وقف المسجد، قيم المسجد: ۸۶۰/۵، إدارة القرآن كراچی)

(۱) "عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضي الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نهى عن الشراء والبيع في المسجد". (سنن أبي داؤد، كتاب الصلاة، باب التحلق يوم الجمعة قبل الصلاة: ۱۶۱/۱، امداديه ملتان)

(وسنن النسائي، كتاب المساجد، باب النهي عن البيع والشراء في المسجد: ۱۷۱/۱، قديمي)

(وجامع الترمذي، كتاب الصلوة، باب ماجاء في كراهية البيع والشراء في المسجد: ۷۳/۱، سعيد)

"(وكره): أي تحريماً؛ لأنها محل إطلاقهم (إحضارُ مبيع فيه)". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۹/۲، سعيد)

"وكره إحضار مبيع فيه كما كره فيه مبايعة غير المعتكف مطلقاً، للنهي". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۴۴۹/۲، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۵۳۰/۲، رشيديه)

(وكذا في ملتقى الأبحر، كتاب الصوم، باب الاعتكاف: ۳۷۹/۱، غفاريه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

غسل خانہ یا جوتہ اتارنے کی جگہ بیع وشراء

سوال[۷۴۴۴]: مسجد کی وہ جگہ جہاں جوتا اتارا جاتا ہے یا غسل خانہ اور وہ حجرہ یا مکان جو مصالحِ مسجد یا اس کی ضروری بات کے لئے تعمیر کرایا گیا ہو، وہاں غیر معتکف کے لئے بیع وشراء- عام اس سے کہ شئ مبیع وہاں موجود ہو یا نہ ہو- جائز ہے یا نہیں؟

سعید الدین آلہ آبادی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

بیع وشراء احترامِ مسجد کے منافی ہے(۱) اور حصۂ مذکورہ فی السوال شرعاً مسجد نہیں اور اس کا احترام ضروری نہیں، لہٰذا وہاں بیع وشراء شرعاً درست ہے(۲)، بشرطیکہ نمازیوں کو تکلیف نہ ہوتی ہو(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۵/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/ جمادی الاولیٰ/ ۵۵ھ۔

مسجد کے درخت کی بیع مسجد میں

سوال[۷۴۴۵]: ایک شیشم کا درخت مسجد ہی کا ہے، اس کی خرید وفروخت جہاں نماز ہوتی ہے جائز

---

(۱) "عن واثلة بن الأسقع رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "جنبوا مساجدکم صبیانکم ومجانینکم وشراء کم وبیعکم وخصوماتکم". الحدیث. (سنن ابن ماجة، أبواب المساجد، باب مایکره فی المساجد، ص: ۵۵، قدیمی)

(۲) اس لئے کہ حصہ مذکورہ فی السوال کی جگہیں یقینی طور پر مسجد کی حدود سے باہر ہیں اور جو جگہ مسجد سے باہر ہوتی ہے اس میں مسجد کے احکام جاری نہیں ہوتے۔

(۳) "عن عبدالله بن عمرو رضی الله تعالیٰ عنه عن النبی ﷺ قال: "المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویدیه". (صحیح البخاری، کتاب الإیمان، باب من سلم المسلمون من لسانه ویدیه: ۶/۱، قدیمی)

قال العلامة العینی رحمه الله تعالیٰ: "فیه البحث علی ترک أذی المسلمین بکل ما یؤذی". (عمدة القاری، کتاب الإیمان، باب من سلم المسلمون من لسانه ویدیه: ۲۱۸/۱، دار الکتب العلمیة بیروت)

ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

چونکہ مسجدیں نماز و جماعت کے لئے متعین کی گئی ہیں، اس لئے وہاں خرید وفروخت کرنا درست نہیں (۱)، الگ ہٹ کر کی جائے اگر چہ وہ درخت مسجد ہی کا ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/ ۵/ ۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جده رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نهی عن الشراء والبیع فی المسجد" (سنن أبی داؤد، کتاب الصلاة، باب التحلق یوم الجمعة قبل الصلاة: ۱/ ۱۶۱، امدادیه ملتان)

(وسنن النسائی، کتاب المساحد، باب النهی عن البیع والشراء فی المسجد: ۱/ ۱۷۱، قدیمی)

(و سنن الترمذی، کتاب الصلاة، باب ما جاء فی کراهیة البیع والشراء فی المسجد: ۱/ ۷۳، سعید)

"وکره إحضار مبیع فیه کما کره فیه مبایعة غیر المعتکف مطلقاً، للنهی". (الدرالمختار).

"ویأکل: أی المعتکف و یشرب و ینام و یبیع و یشتری فیه لا غیره. قال الملاعلی القاری رحمه الله تعالیٰ فی شرحه: أی لا یفعل غیر المعتکف شیئاً من هذه الأمور فی المسجد، اهـ". (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/ ۴۴۹، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۲/ ۵۳۰، رشیدیه)

(وکذا فی ملتقی الأبحر، کتاب الصوم، باب الاعتکاف: ۱/ ۳۷۹، غفاریه کوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الثامن فی الاکتتاب فی المسجد

(مسجد میں چندہ کرنے کا بیان)

مسجد میں مدرسہ کے لئے چندہ کرنا

سوال[۷۴۴۶]: مسجد کے اندر مدرسہ کا چندہ اس طرح سے مرحباً اور سبحان اللہ بول کر وصول کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دینی ضرورت کے لئے مسجد میں چندہ کرنا مرحباً اور سبحان اللہ کہہ کر درست ہے، مگر نمازیوں کی نماز میں خلل وتشویش نہ ہونے پائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۹/۹۰ھ۔

مسجد میں چندہ کا اعلان کرنا

سوال[۷۴۴۷]: آج کل ہر جگہ چندہ کنندگان مسجد، مدرسوں، انجمنوں، عیدگاہوں، یتیم خانوں،

---

(۱) اس قسم کا چندہ کرنے میں اگر مسجد کے آداب کا خیال رکھا جائے تو اس میں بظاہر کوئی حرج نہیں، جیسے کہ سائل کو آدابِ مسجد کا خیال رکھتے ہوئے عطیہ پیسے وغیرہ دینا جائز ہے:

"و یکرہ التخطی للسؤال بکل حال". (الدرالمختار). "قال فی النہر: والمختار أن السائل إن کان لایمرّ بین یدی المصلی ولا یتخطی الرقاب و لا یسأل إلحافاً، بل لأمر لا بد منہ، فلا بأس بالسؤال و الإعطاء، اھـ". (رد المحتار، کتاب الصلوۃ، باب الجمعۃ، مطلب فی الصدقۃ علی سؤال المسجد: ۱۶۴/۲، سعید)

(وکذا فی البزازیۃ، الثالث والعشرون فی الجمعۃ، نوع: ۷۶/۶، رشیدیہ)

(وکذا فی النہر الفائق، کتاب الصلاۃ، باب صلاۃ الجمعۃ: ۳۶۵/۱، امدادیہ ملتان)

بورڈنگوں، اسکولوں، مقبروں، گورکنوں کے اعلان مسجد میں کرتے ہیں، حتی کہ کسی چیز کے گم ہونے کا بھی اعلان کرتے ہیں اور ملی ہوئی چیز کا بھی اظہار مسجد میں کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں پیر کے بیٹے بیٹیوں کی شادی، مؤذن وامام کی امداد کی بار بار پکار مسجدوں میں کررہے ہیں، حالانکہ امام ومؤذن کی تنخواہ بھی ملتی ہے۔ تو یہ کام مسجد میں جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ سب کام مسجد سے باہر مناسب ہیں، کیونکہ بسا اوقات ان چیزوں میں بات اپنی حد پر قائم نہیں رہتی بلکہ شور وشغب تک نوبت آجاتی ہے(۱)۔ اور گم شدہ چیز کو تلاش کرنے کی تو مسجد میں ممانعت بھی ہے۔ اسی طرح ملی ہوئی چیز کا اعلان بھی مسجد سے باہر کیا جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

مسجد میں مسجد، ختم اور امام کے لئے چندہ

سوال[۷۴۴۸]: مسجد کے اندر دنیا کی باتیں کرنا منع ہے، دنیاوی باتوں کی وضاحت کیجئے۔ مسجد کے اندر ختم شریف کے سلسلہ میں جو چندہ ہوتا ہے، وہ چندہ نام بنام لکھا جارہا تھا تو ایک صاحب نے اعتراض کیا

---

(۱) جس طرح مسجد میں سوال کرنے کے آداب کا خیال نہ رکھنے کی وجہ سے گناہ ہوتا ہے، اسی طرح یہاں بھی گناہ ہوگا:

"وفيها و لا يجوز الإعطاء إذا لم يكونوا على تلك الصفة المذكورة. وقال الإمام أبو نصر العياضي: أرجو أن يغفر الله تعالىٰ لمن يُخرجهم من المسجد". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الجمعة، مطلب فى الصدقة على سؤال المسجد: ۲/۱۶۴، سعيد)

(وكذا فى البزازية، الثالث والعشرون فى الجمعة، نوع: ۶/۷۶، رشيديه)

(۲) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إذا رأيتم مَن ينشد ضالةً فى المسجد، فقولوا: لا ردها الله عليك". (جامع الترمذى، أبواب البيوع، باب النهي عن البيع فى المسجد: ۱/۲۴۷، سعيد)

(وسنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب كراهية إنشاد الضالة فى المسجد: ۱/۶۹، دارالحديث ملتان)

"ويكره إنشاد ضالة، الخ". (الدرالمختار). "هى الشئ الضائع، وإنشادها السؤال عنها، و فى الحديث: "إذا رأيتم من ينشد ضالةً فى المسجد، فقولوا: لا ردها الله عليك". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب فى أفضل المساجد: ۱/۶۶۰، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

کہ دنیا کی خرافات نہ ہونا چاہئے، دوسرے شخص نے کہا کہ تمام مسجدوں میں امام صاحب کے لئے چندہ ہوتا ہے اور دیا جاتا ہے۔ تو مذکورہ بالا حضرت بولے کہ مسجد کے اندر لینا دینا دونوں حرام ہے، حرام کی وضاحت نہیں کی۔ تو آیا یہ سچ ہے کہ لینا دینا دونوں حرام ہیں اور باتیں کس قسم کی ہونا چاہئے؟ مسجد میں تعمیری وانتظامی کام سب ہی ہوتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دنیا کی باتیں جیسے: خرید وفروخت کی باتیں، مقدمات کی باتیں، کھیت اور باغ کی باتیں، یہ سب دنیا کی باتیں ہیں۔ مسجد کی تعمیر یا امام کی تنخواہ کے لئے چندہ کرنا مسجد میں منع نہیں، بشرطیکہ شور وشغب نہ ہو(۱) جیسا کہ عامۂ آج کل ہوتا ہے کہ ایک دوسرے پر طعن کرتے ہیں، غیرت دلاتے ہیں، کم چندہ دینے پر جھگڑتے ہیں۔ غرض مسجد کا احترام ملحوظ نہیں رکھتے، یہ طریقہ منع ہے۔ ختم شریف کے لئے جو چندہ کیا جاتا ہے، وہ اکثر زور دے کر لیا جاتا ہے اور اس میں زیادہ تر دکھاوا اور مقابلہ مدِ نظر ہوتا ہے، یہ بھی منع ہے(۲)۔

---

(۱) "عن عبد الله بن عامر اليَحْصُبيّ قال: سمعت معاوية رضى الله تعالىٰ عنه يقول: ..... سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "إنما أنا خازن، فمن أعطيتُه عن طيب نفسي فمبارك له فيه، و من أعطيته عن مسئلة وشره، كان كالذى يأكل و لايشبع". (الصحيح لمسلم: ۱/۳۳۳، كتاب الزكوة، باب النهى عن المسئلة، قديمى)

"ويحرم فيه السؤال، ويكره الإعطاء مطلقاً، وقيل: إن تخطى". (الدرالمختار). "(قوله: وقيل: إن تخطى) هو الذى اقتصر عليه الشارح فى الحظر حيث قال: فرع: يكره إعطاء سائل المسجد إلا إذا لم يتخط رقاب الناس ..... لأن علياً رضى الله تعالىٰ عنه تصدق بخاتمه فى الصلاة، فمدحه الله تعالىٰ بقوله: ﴿ويؤتون الزكاة و هم راكعون﴾". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب فى أفضل المساجد: ۱/۶۵۹، ۶۶۰، سعيد)

(وكذا فى البزازية، الثالث والعشرون فى الجمعة، نوع: ۶/۷۶، رشيديه)

(وكذا فى النهر الفائق، كتاب الصلاة، باب صلاة الجمعة: ۱/۳۶۵، إمداديه ملتان)

(۲) "عن أبى حرة الرقاشى عن عمه رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه". (مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب =

مسجد میں تلاوت، تسبیح، درود شریف، استغفار میں مشغول رہنا چاہئے، ایسے طریقہ پر کہ نمازیوں کو تشویش نہ ہو۔ اگر مسائل کی تعلیم دی جائے تو یہ بھی مسجد میں درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= لغصب والعارية، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قديمی)

(۱) "لأن المسجد ما بُني إلا لها من صلاة أو اعتكاف و ذكر شرعي و تعليم علم أو تعلمه و قراءة القرآن". (الأشباه والنظائر، القول فی أحكام المسجد: ۶۳/۴، إدارة القرآن كراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل التاسع فی الحَفَلات للوعظ والأناشید فی المسجد

(مسجد میں وعظ ونظم کی محفلوں کا بیان)

مسجد میں جلسہ وتقریر

سوال[۷۴۴۹]: موجودہ زمانہ میں جب کہ مساجد میں جلسے منعقد کئے جاتے ہیں جو اپنے اندر بہت سی پیچیدگیوں کے حامل ہوتے ہیں، جن میں علاوہ تقاریر کے شوروغل، ہاتھہ پائی اور گالی گلوچ تک کی نوبت پہونچ جاتی ہے اور ایک دوسرے پر آوازے کسے جاتے ہیں اور طعن وتشنیع سے کام لیا جاتا ہے۔ بعض اوقات تو اکثر سامعین اور بعض مقررین حضرات ایسی پستی اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہیں، جس کا ثبوت قہوہ خانوں میں بھی محال ہے۔ ایسے افعال کے مرتکب مساجد کا کیا حکم ہے؟

خادم العلماء محمد علی نائب، منجانب: انجمن اسلامیہ لاہور پنجاب، خطیب مسجد شاہی لاہور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

احکامِ شرعیہ بیان کرنے کے لئے مسجد میں جلسہ کرنا درست ہے(۱)، مقرر اور واعظ کو چاہئے کہ نہایت

---

(۱) "كما يجوز لأهل المحلة أن يجعلوا المسجد الواحد مسجدين، فلهم أن يجعلوا المسجدين واحداً لإقامة الجماعات، أما للتدريس أو للتذكير، فلا؛ لأنه ما بُنى له وإن جاز فيه". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها فصل: كره استقبال القبلة، الخ: ۶۲/۲، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، باب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد، الخ: ۳۲۱/۵، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلاة: ۶۶۰/۱-۶۶۳، سعيد)

"لأن المسجد ما بُني إلا لها من صلاة أو اعتكاف و ذكر شرعي و تعليم علم أو تعلمه و قراءة القرآن". (الأشباه والنظائر، القول فى أحكام المسجد: ۶۳/۴، إدارة القرآن كراچى)

مَتانت اور سنجیدگی سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد حاضرین کو سنائے اور سمجھائے۔ اور سامعین کو بھی چاہئے کہ نہایت ادب اور احترام سے اس کو سنیں اور عمل کریں۔ جو صورت سوال میں درج ہے اس طریقہ پر جلسہ کرنا اور ایسی حرکات کا ارتکاب احترامِ مسجد کے قطعاً خلاف اور ناجائز ہے، فقہاء نے "أحكام مسجد" میں ایسے شوروغل اور لڑائی کو بالکل ممنوع تحریر کیا ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۶/۲/۳ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/صفر/۵۶ھ۔

مسجد میں کرسی بچھا کر وعظ کرنا

سوال[۷۴۵۰]: جب کہ مسجد کے اندر منبر ہے اور وہ پیوست ہے باہر نہیں آسکتا، تو اس شکل میں اگر کوئی دینی وعظ ونصیحت کرنے والا مسجد کے برآمدے میں یا فرش پر جہاں منبر نہیں ہے، وہاں کرسی یا موڑھا(۲) بچھا کر اس پر بیٹھ کر وعظ ونصیحت لوگوں کو سنائے تو یہ کیسا ہے؟

---

(۱) "عن واثلة بن الأسقع رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "جنبوا مساجدكم صبيانكم و مجانينكم و شرائكم و بيعكم و خصوماتكم و رفع أصواتكم". الحديث. (سنن ابن ماجة، باب ما يكره فی المسجد، ص:۵۵، میر محمد كتب خانه)

"وههنا أبحاث: الأول فيما تصان عنه المساجد: يجب أن تصان عن إدخال الرائحة الكريهة لقوله عليه السلام: "من أكل الثوم والبصل والكراث، فلا يقر بن مسجدنا، فإن الملائكة تتأذى مما يتأذى منه بنو آدم". متفق عليه. وعن حديث الدنيا، وعن البيع والشراء، وإنشاد الأشعار، وإقامة الحدود، و نشدان الضالة، والمرور فيها لغير ضرورة، ورفع الصوت، وإدخال المجانين والصبيان لغير الصلاة ونحوها، الخ". (الحلبی الكبير، فصل: فی أحكام المسجد، ص:۶۱۰، ۶۱۱، سهيل اكيڈمی لاهور)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۲/۶۰، رشيديه)

(۲) "موڑھا: سرکنڈوں اور سونج کی بنی ہوئی کرسی"۔ (فيروز اللغات، ص: ۱۳۱۹)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

منبر نہ ہوتو کرسی یا موڑھا بچھا کر اس پر بیٹھ کر وعظ وتقریر درست ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/ ۵/ ۹۶ھ۔

مسجد میں پڑھنے آنے والے بچوں سے تقریر کرانا

سوال[۷۴۵۱]: مسجد میں جو بچے پڑھنے آتے ہیں ان سے صبح کے وقت نظمیں، نعت اور تقریر وغیرہ کرانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد میں جو بچے پڑھنے کے لئے آتے ہیں ان کی تعلیم کے لئے ان کو تقریر کی مشق کرانا اور نعت پڑھوانا بھی درست ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۲۱/ ۱۲/ ۹۵ھ۔

---

(۱) "وحدثنا شيبان بن فروخ قال: نا سليمن بن المغيرة قال: نا حميد بن هلال قال: قال أبو رفاعة رضى الله تعالىٰ عنه: انتهيت إلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهو يخطب قال: فقلت: يارسول الله! -صلى الله تعالىٰ عليه وسلم- رجل غريب جاء يسأل عن دينه لايدرى مادينه؟ قال: فاقبل علىّ رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وترک خطبة حتى انتهى إلىّ فأتى بكرسى حسبتُ قوائمه حديداً قال: فقعد عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، وجعل يعلّمنى مما علمه الله، ثم أتى خطبته فأتم آخرها".

(الصحيح لمسلم، كتاب الجمعة، باب من دخل المسجد والإمام يخطب : ۱/ ۲۸۷، قديمى)

(۲) "و من هنا يعلم جهل بعض مدرسي زماننا مِن منعهم مَن يدرس فى مسجد تقرر فى تدريسه، أو كراهتم لذلک زاعمين الاختصاص به دون غيرهم، وهذا جهل عظيم ..... لأن المسجد مابني إلا لها من صلاة أو اعتكاف وذكر شرعى و تعليم علم أو تعلمه وقراء ة قرآن". (الأشباه والنظائر، القول فى أحكام المسجد، (رقم القاعدة: ۳۵): ۴/ ۶۳، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۲/ ۶۰، رشيديه)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى البيع: ۶/ ۴۲۸، سعيد)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلاة: ۱/ ۶۶۳، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

مسجد میں نعت پڑھنا

سوال[۷۴۵۲]: مسجد میں بیٹھ کر یا کھڑے ہوکر ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں نعت پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

پڑھ سکتا ہے، جب کہ مضمون صحیح ہو اور کوئی خارجی مفسدہ بھی نہ ہو(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد میں الیکشن

سوال[۷۴۵۳]: اگر کوئی شخص الیکشن کے سلسلہ میں کوئی سیاسی میٹنگ مسجد میں کر کے مسجد کو انتخابی

---

(۱) "وعن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: كان رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يضع لحسان منبراً فی المسجد يقوم عليه قائماً يفاخر عن رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم أو ينافح". الحديث.
(مشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب البيان والشعر، الفصل الثالث، ص: ۴۱۰، قديمی)

قال الحافظ ابن حجر رحمه الله تعالیٰ: "وقال غيره: يحتمل أن البخاری أراد أن الشعر المشتمل على الحق حق، بدليل دعاء النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم لحسان على شعره، وإذا كان حقاً جاز فی المسجد كسائر الكلام الحق، ولا يمنع منه كما يمنع من غيره من الكلام الخبيث، واللغو الساقط ..... وأما مارواه ابن خزيمة فی صحيحه والترمذی وحسّنه من طريق عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده قال: نهى رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم عن تناشد الأشعار فی المساجد ..... فالجمع بينها وبين حديث الباب أن يحمل النهی على تناشد أشعار الجاهلية والمبطلين، والمأذون فيه ماسلم من ذلک. وقيل: المنهی عنه ما إذا كان التناشد غالباً على المسجد حتى يتشاغل به من فيه".
(فتح البارى شرح صحيح البخارى، كتاب الصلوة، باب الشعر فی المسجد، (رقم الحديث: ۴۵۳): ۱/۷۲۱، قديمی)

"و يكره إنشاد ضالة أو شعر إلا ما فيه ذكر". (الدرالمختار). "(قوله: أو شعر) ..... فما كان منه فی الوعظ والحِكَم و ذكر نعم الله تعالیٰ و صفة المتقين، فهو حسن". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب فی إنشاد الشعر: ۱/۶۶۰، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

اورسیاسی پلیٹ فارم کے طور پر استعمال کرے، تو کیا از روئے شریعت یہ درست ہے اور ایسے آدمیوں کا شریعت میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجدیں دنیاوی الیکشنوں کے لئے نہیں بنائی گئیں، ایسے کام مسجد میں نہ کئے جائیں، جو ایسا کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۸/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "و یکره کل عمل من عمل الدنیا فی المسجد". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد، الخ: ۵/ ۳۲۱، رشیدیه)

"الجلوس فی المسجد للحدیث لا یباح بالاتفاق؛ لأن المسجد ما بُنی لأمور الدنیا. وفی خزانة الفقه: یدل علی أن الکلام المباح من حدیث الدنیا فی المسجد حرام". (الفتاویٰ العالمکیریه، المصدر السابق)

(وکذا فی البحر الرائق، باب ما یفسد الصلاة و ما یکره فیها فصل: کره استقبال القبلة، الخ: ۲/ ۶۳، رشیدیه)

الفصل العاشر فی المزامیر عند المسجد

(مسجد کے قریب موسیقی وغیرہ کا بیان)

مسجد کے سامنے باجہ وغیرہ

سوال[۷۴۵۴]: مسجدوں کے سامنے-خواہ جماعت کا وقت ہو یا نماز ہورہی ہو-باجہ، ڈھول، تاشہ، انگریزی باجہ، شہنائی (۱) وغیرہ کے بجانے سے مسجد کی بے حرمتی ہوتی ہے یا نہیں؟ اور باجہ بجانے والوں کو روکنا چاہئے یا نہیں جب کہ وہ شارعِ عام راستے سے باجہ بجاتے چلے جارہے ہوں؟ شادی وجلوس وغیرہ میں بعض وقت روکنے سے باجہ والوں کو فساد کا خوف بھی ہوتا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

شاہراہ عام پر ہر شخص کو گزرنے کا حق حاصل ہے (۲)، لیکن ایسی حرکت کرنا جس سے آس پاس والوں یا اہلِ مسجد کو خصوصاً اوقاتِ صلوۃ میں اذیت پہونچے، منع ہے (۳)۔ حسنِ تدبیر سے اگر فہمائش کردی جائے، یا کسی ذی اثر آدمی کے ذریعہ کہلوادیا جائے تو بہتر ہے، ورنہ فتنہ وفساد سے اجتناب چاہئے (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) ''شہنائی: نفیری، بانسری، الغوزہ''۔ (فیروز اللغات، ص: ۸۵۲، فیروز سنز لاهور)

(۲) ''أما النافذة فلا منع من الفتح فيها؛ لأن لكل أحد حق المرور فيها''. (ردالمحتار، باب التحكيم، مسائل شتى، مطلب فى فتح باب آخر للدار: ۴۴۶/۵، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الثانى والثلاثون فى المتفرقات: ۴۴۴/۳، رشيديه)

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن يذكر فيها اسمه، وسعى فى خرابها﴾ الآية (سورة البقرة: ۱۱۴)

(۴) ''عن طارق بن شهاب وهذا حديث أبى بكر قال: أول من بدأ بالخطبة يوم العيد قبل الصلوة مروان، فقام إليه رجل، فقال: الصلوة قبل الخطبة، فقال: قد ترك ماهنالك، فقال أبو سعيد رضى الله تعالىٰ =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کے اندر یا چھت پر نقارہ بجانا

سوال[۷۴۵۵]: مسجد کے اندر یا چھت پر نقارہ بجانا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سحری کے لئے مکان کی چھت پر نقارہ بجانے کی اجازت ہے(۱)، مسجد میں یا مسجد کی چھت پر نہیں۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

آوازدار گھڑی مسجد میں

سوال[۷۴۵۶]: وہ بڑی گھڑی جو اکثر دیوار پر لگائی جاتی ہے اور ہر آدھ گھنٹہ پر گونجتی ہوئی آواز میں ٹھوکے دیتے ہوئے خصوصاً مسجد میں لگانے کے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟

= عنه: أما هذا، فقد قضى ما عليه سمعت رسول الله قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "من رأى منكم منكراً فليغيره بيده، فإن لم يستطع فبلسانه، فإن لم يستطع فبقلبه، وذلك أضعف الإيمان". (الصحيح لمسلم، باب كون النهى عن المنكر من الإيمان: ۱/۵۱، قديمى)

"ثم اعلم أنه إذا كان المنكر حراماً وجب الزجر عنه، وإذا كان مكروهاً ندب، والأمر بالمعروف أيضاً تبع لما يؤمر به، فإن وجب فواجب، وإن ندب فمندوب، ولم يتعرض له فى الحديث؛ لأن النهى عن المنكر شامل له، إذ النهى عن الشئ أمر بضده وضد المنهى إما واجب أو مندوب أو مباح، والكل معروف. وشرطهما أن لايؤدى إلى الفتنة، كما علم من الحديث، وأن يظن قبوله، فإن ظن أنه لايقبل فيستحسن إظهار شعار الإسلام". (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول: ۸/۸۶۲، (رقم الحديث: ۵۱۳۸)، رشيديه)

(۱) قال العلامة الحصكفى: "وإنشاد ضالة أو شعر إلاما فيه ذكر ورفع صوت بذكر إلا للمتفقهة". (ردالمحتار، مطلب فى إنشاد الشعر: ۱/۶۶۰، سعيد)

"أقول: وينبغى أن يكون طبل المسحر فى رمضان لإيقاظ النائمين للسحور كبوق الحمام، تأمل". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ۶/۳۵۰، سعيد)

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس گھڑی کا مقصدِ اصلی بھی وقت ہی معلوم کرنا ہے اور ستار باجہ کی طرح آواز سننا مقصد نہیں، لیکن گانا بجانا عام ہوجانے کی وجہ سے اس کی آواز میں اس طرح کا لحاظ کرلیا گیا ہے کہ اگر کوئی باجہ کی آواز نہ سننا چاہے، بلکہ اس سے نفرت کرتا ہو تو وہ بھی بے اختیار اس کو سنے۔ اس کو ستار وغیرہ کی طرح بالکل ناجائز تو نہیں کہا جائے گا، ہاں ضرور کسی قدر تشبیہ پیدا ہوجائے گا، اس لئے ایسی گھڑی کے مقابلے میں وہ گھڑی قابلِ ترجیح ہوگی جس میں آواز نہ ہو(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۹/ ۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۹/ ۸۵ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

(۱) "والسادس: أن لا يرفع فيه الصوت من غير ذكر الله تعالىٰ". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد: ۵/ ۳۲۱، رشيديه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com ools.com

باب المتفرقات

مسجد کے نام پر دینی درسگاہ بنانا

سوال[۷۴۵۷]: یہاں کے مسلمانوں کا ارادہ ہے کہ اس شہر میں اسلامی مسجد بچوں کے لئے دینی درسگاہ قائم کی جائے جس کے لئے مسجد تعمیر کمیٹی نے کام شروع کیا ہے، لیکن تعمیر کمیٹی میں سے چند افراد کا ارادہ ہے کہ اگر یہاں کی حکومت کو یہ بتلایا جائے کہ مسلمانوں کی جماعت یہاں پر ایک مشرقی وضع قطع پر یوتھ سینٹر تعمیر کرنا چاہتی ہے، اس طرح جمع شدہ رقم پر حکومت اور لوکل کارپوریشن سے ۷۵٪ فی صد گرانٹ ملنے کا کافی امکان ہے، لیکن اس کے برعکس اگر یہ بتلایا جائے کہ ہم لوگ مسجد بنانے والے ہیں، تو حکومت مذہب کے نام سے کچھ بھی مدد دینے کے لئے تیار نہیں، لیکن یوتھ سینٹر کے نام سے گرانٹ مل سکتی ہے جو وضع قطع میں مینارہ، گنبد نما، بلڈنگ ہوگا۔

اس میں ایک کمرہ عبادت کے لئے مخصوص کر دیا جائے۔ اس طریقہ پر ایک پنتھ(۱) دو کاج والا معاملہ ہوتا ہے، گرانٹ(۲) بھی مل جائے گی اور مسجد بھی بن جائے گی۔ لیکن اس کے برعکس تمام مسلمانوں سے یہی مطالبہ کیا جائے گا کہ وہ بچوں کے لئے مسجد و دینی درسگاہ بنا رہے ہیں۔ تو کیا اس طریقہ پر جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد وہ جگہ ہے جس کو نماز کے لئے وقف کر دیا جائے، اس پر کسی کو مالکانہ تصرف کا حق نہ رہے، اس کا راستہ بھی الگ ہو، ایسا نہ ہو کہ راستہ کسی کے مکان کے اندر ہو اور وہ جب چاہے اپنا مکان بند کر دے اور مسجد میں

---

(۱) ''پینتھ: فرقہ، قوم، ملت، مذہب، دھرم، گروہ، راہ، راستہ''۔ (فیروز اللغات، ص: ۳۰۳، فیروز سنز لاهور)

(۲) ''گرانٹ: (G r a n t) حق دے دینا، منتقل کرنا، ھبہ کرنا، بخشنا، مرحمت کرنا، منظور کرنا، قبول کرنا، ماننا، تسلیم کرنا، فرض کرنا''۔ (English to English & Urdu Dictionary, Page No: 365, Feroz Sons, Lahore)

آنے والے نہ آسکیں۔ وہاں اذان وجماعت کی اجازت ہو، پھر وہ جگہ مستقل کسی دوسرے کام (تعلیم وغیرہ) کے لئے مخصوص نہیں ہوسکتی، اور نماز پڑھنے سے وہاں منع نہیں کیا جاسکتا (۱)۔

اگر اسی طرح وہاں کے قانون کے مطابق مسجد بنانے کی گنجائش نہیں، بلکہ کچھ مدت بعد مسجد کو توڑ کر مستقلاً دوسرے کام میں استعمال کرنے کا خطرہ ہے تو بہتر یہی ہے کہ وہاں دینی درسگاہ کے نام سے تعمیر کی جائے اور اس کے کسی ہال میں نماز وجماعت کا بھی انتظام رہے اور چندہ بھی یہی بتا کر لیا جائے کہ دینی درسگاہ بنائی جائے گی جس میں نماز وجماعت کا بھی انتظام ہوگا۔ حکومت سے حاصل شدہ رقم بھی اس میں صرف ہوسکتی ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۸۸ھ۔

---

(۱) "ومن بنیٰ مسجداً، لم یزل ملکه عنه حتی یفرزه عن ملکه بطریقه ویأذن بالصلاة فیه، وإذا صلیٰ فیه واحدٌ، زال ملکه .....أما الإفراز فلأنه لا یخلص لله إلا به؛ لأنه مادام حق العبد متعلقاً به، لم یتحرر لله ..... ومن جعل مسجداً تحته سرداب أوفوقه بیت، وجعل بابه إلیٰ الطریق وعزله، أو اتخذ وسط داره مسجداً وأذِن للناس بالدخول، فله بیعه، ویورث عنه؛ لأنه لم یخلص لله، لبقاء حق العبد فیه، والمسجد لایکون إلا خالصاً لله، لما تلونا. ومع بقاء حق العبد فی أسفله أو فی أعلاه أو فی جوانبه محیطاً به لایتحقق الخلوص کله ..... وأما إذا اتخذ وسط داره مسجداً، فلأن ملکه محیط بجوانبه، فکان له حق المنع من الدخول، والمسجد من شرطه أن لایکون لأحد فیه حق المنع، قال الله تعالیٰ: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن یذکر فیها اسمه﴾ [البقرة: ۱۱۴]، ولأنه لم یفرزه حین أبقیٰ الطریق لنفسه، فلم یخلص لله، حتی لو عزل بابه إلی الطریق الأعظم، صار مسجداً". (تبیین الحقائق، کتاب الوقف، فصل فی أحکام المسجد: ۴/۲۷۰، ۲۷۲، دارالکتب العلمیة بیروت)

(وکذا فی الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فی أحکام المسجد: ۴/۳۵۷، ۳۵۸، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف، فصل فی أحکام المساجد: ۵/۴۱۵، ۴۱۶، رشیدیه)

(۲) "ومصرف الجزیة والخراج ومال التغلبی وهدیتهم للإمام ..... مصالحنا کسد ثغور وبناء قنطرة وجسر وکفایة العلماء". (الدرالمختار). "وکذا النفقة علی المساجد کما فی زکاة الخانیة، فیدخل فیه =

Made searchable using ScribeTools.com

مسجد کی بجلی کا تار کسی کے مکان پر

سوال[۷۴۵۸]: اگر مسجد میں بجلی لگانے سے تار کسی دوسرے شخص کے مکان کے اوپر کو آجائے، اور صاحبِ مکان موجود نہ ہو، آنے پر وہ ناراض ہو تو بجلی لگوانے والے خود اس کو الٹا بُرا اور سخت بات کہیں تو کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اس کے مکان پر تار آنے سے نقصان ہے تو اس کو وہاں سے ہٹا کر ایسا طریقہ اختیار کیا جائے کہ اس کو نقصان نہ پہونچے (۱)، ورنہ وہیں رہنے دیا جائے، ذرا ذرا سی بات پر نزاع کرنا اور اشتعال کی بات کہنا بہت برا ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/۶/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ۔

مسجد سے ملا کر اپنی تعمیر کرنا

سوال[۷۴۵۹]: مسجد سے آگے کی سمت (مغرب کی جانب) یا بازو میں کسی طرف مسجد سے متصل ایک شخص کی زمین ہے اور وہ شخص اپنی اس زمین میں عمارت بنوا رہا ہے جو کہ مسجد کی عمارت سے (یعنی دیوار سے) ہی شروع کرتا ہے۔ اگرچہ وہ زمین اسی کی ملکیت میں ہے، لیکن قانون گورنمنٹ کے اعتبار سے اس کو کم از کم تین فٹ جگہ چھوڑ کر عمارت بنانا چاہئے، لیکن وہ شخص اس کے لئے رضامند نہیں ہے۔ قانون کے لحاظ سے تو

= الصرف على إقامة شعائرها من وظائف الإمامة والأذان و نحوهما". (ردالمحتار، كتاب الجهاد، مطلب فی مصارف بيت المال: ۴/۲۱۷، سعيد)

(۱) "لاضرر ولاضرار". قال العلامة المناوی: "(لاضرر): أی لا يضر الرجل أخاه، فينقصه شيئاً من حقه ..... أو لا فعل ضرر أو ضرار بأحد فی ديننا: أی لايجوز شرعاً إلالموجب خاص". (فيض القدير: ۱۲/۶۴۸۴، (رقم الحديث: ۹۸۹۹)، مكتبه نزار مصطفى الباز رياض)

(وكذا فی شرح المجلة لسليم رستم باز: ۱/۲۹، (رقم المادة: ۱۹)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۲) قال الله تعالىٰ ﴿وأطيعوا الله ورسوله، ولا تنازعوا فتفشلوا وتذهب ريحكم، واصبروا، إن الله مع الصٰبرين﴾ (سورة الأنفال: ۴۶)

اس کونوٹس دیکر روکا جاسکتا ہے تحفظِ مسجد کے لئے، کیونکہ اگر یہ شخص دیوار ملا کر شروع کرتا ہے تو اس وجہ سے مسجد کونقصان پہونچے گا کہ اس مسجد کا پرنالہ اور اس کے روشن دان وغیرہ بند ہوجائیں گے جس سے مسجد کے نقصان کا اندیشہ ہے۔

تو کیا ایسی حالت میں قانون کے ہوتے ہوئے بمطابقِ شرع بھی اس کی مملوکہ زمین سے مسجد کے تحفظ کے مدنظر بلا رضائے رب الارض نوٹس دے کر روکا جاسکتا ہے یا نہیں؟ فقط۔ بینوا توجروا۔

المستفتی: قاری حسام الدین، میرٹھ شہر۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد کی چھت کا پانی گرنے کے لئے جگہ کا چھوڑنا حقِ مسجد ہے، لہٰذا تحفظِ مسجد کے لئے بھی اس کو روکنے کی ضرورت ہے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۵/۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۵/۹۱ھ۔

مسجد کا لینٹر پڑوسی کی دیوار پر

سوال [۷۴۶۰]: مسجد کا ایک حجرہ میرے مکان کے ایک کمرہ سے ملا کر مسجد تعمیر کرانے والوں نے

---

(۱) "لایمنع أحد من التصرف فی ملکه أبداً، إلا إذا أضره بغیره ضرراً فاحشاً". (شرح المجلة لسلیم رستم باز: ۱/۶۵۷، (رقم المادة: ۱۱۹۷)، مکتبه حنفیه کوئٹه)

"الضرر الفاحش هو کل مایمنع الحوائج الأصلیة، یعنی المنفعة الأصلیة المقصودة من البناء، کالسکنیٰ، أو یضر البناء بأن یجلب علیه وهناً، ویکون سبب انهدامه". (شرح المجلة، المصدر المتقدم، (رقم المادة: ۱۱۹۹)

"یدفع الضرر الفاحش بأیّ وجه کان، مثلاً: لو اتخذ فی اتصال دار دخان حداد أوطاحون، وکان من طرق الحدید، ودوران الطاحون یحصل وهن للبناء، أو أحدث فی جانبها فرن أو معصرة، فتأذیٰ صاحب الدار من دخان الفرن ورائحة المعصرة، حتیٰ تعذرت علیه السکنیٰ، فهذا کله ضرر فاحش یدفع ویزال بأیّ وجه کان". (شرح المجلة لسلیم رستم باز: ۱/۶۵۸، الفصل الثانی، (رقم المادة: ۱۲۰۰)، مکتبه حنفیه کوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

تعمیر کرایا، میرے مکان کی خام دیوار کو چھانٹ کر اپنے حجرے کی دیوار قائم کر لی، میری دیوار میں سے ایک فٹ دبا کر لینٹر ڈال لیا ہے۔ میں نے حافظ صاحب سے نہایت تہذیب سے دیوار بنانے کی شکایت کی، مگر توجہ اور معقول جواب نہیں دیا۔ کیا بغیر مالک کی اجازت کے ایسا کرنا جائز تھا؟ نیز ایک چھت اَور بنوائی ہے جو مذکورہ چھت سے ملائی گئی اور روشن دان رکھ دیا جس کی وجہ سے بے پردگی ہوگی۔ یہ بھی میری غیر موجودگی میں کیا گیا، حالانکہ باہر جاتے وقت وہاں سے کہہ کر گیا کہ خیال کر کے کام کرنا، کوئی قابلِ اعتراض نہ ہو۔ شرعاً کیا حکم ہے؟

رحیم بخش باندہ بمبئی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مسجد خدا کا گھر ہے (۱)، اس میں کسی دوسرے کی زمین بغیر مالک کی اجازت کے شامل کر لینا، یا اس کی دیوار پر مسجد کا گاڈر یا لینٹر وغیرہ رکھنا، یا مسجد میں کوئی ایسا روشندان کھولنا کہ جس سے دوسرے کے مکان کی بے پردگی ہو، شرعاً یہ جائز نہیں (۲)، یہ حق تلفی ہے، گناہ ہے۔ اگر مسجد میں کسی کی زمین کی ضرورت ہو تو قیمتاً خریدی جائے، لہٰذا ایسی صورت مسئولہ میں مسجد کے ان تصرفات کے لئے دیوار کا کوئی حصہ لے لیا گیا ہو تو اس کی قیمت ادا کی جائے (۳)۔ اگر بے پردگی ہو تو اس کا انتظام کیا جائے اور جس کی حق تلفی کی گئی، اس سے معذرت بھی کی جائے،

---

(۱) "إن بيوت الله تعالىٰ في الأرض المساجد". (فيض القدير: ۱۹۶۶/۴، (رقم الحديث: ۲۲۵۸)، مكتبة نزار مصطفى الباز رياض)

(۲) "أخرج إلى الطريق العامة كنيفاً أو ميزاباً أوجرصناً كبرج وجذع وممر علو وحوض طاقة ونحوها أو دكاناً، جاز إن لم يضر بالعامة، ولم يمنع منه، فإن ضر، لم يحل". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الجنايات، باب ما يحدثه الرجل في الطريق وغيره: ۵۹۲/۶، سعيد)

(۳) "وكذا إذا ضاق المسجد على الناس وبجنبه أرض لرجل، تؤخذ أرضه بالقيمة كرهاً، لما روى عن الصحابة رضى الله عنهم لمّا ضاق المسجد الحرام، أخذوا أرضين بكره من أصحابها بالقيمة، وزادوا في المسجد الحرام". (البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد: ۴۲۸/۵، رشيديه)

(وكذا في التاتارخانية، كتاب الوقف، أحكام المساجد: ۸۴۲/۵، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر في المسجد، الفصل الأول: ۴۵۶/۲، رشيديه) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

ورنہ آخرت کی بازپُرس سے نجات نہیں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند،۴/۶/۸۷ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۵/۶/۸۷ھ۔

مسجد کا بیمہ

سوال[۷۴۶۱]: مسجد کا بیمہ کرانا کیسا ہے؟ یہاں کی مسجد گذشتہ فساد میں جلادی گئی تھی، مسجد کا سامان چٹائیاں مصلّے وغیرہ سب جلادیئے گئے تھے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مسجد کے تحفظ کی کوئی صورت نہیں تو مجبوراً بیمہ کرانا درست ہے(۱)، مگر اس سے حاصل ہونے والی سودی رقم مسجد میں صرف نہ کی جائے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= (وكذا في فتح القدير، كتاب الوقف، فصل في أحكام المسجد: ۶/۲۳۵، مصطفى البابي الحلبي مصر)

(۱) مفتی صاحب نے ہندوستان کے حالات کے پیشِ نظر بیمہ کی اجازت دی ہے جیسے سوال سے ظاہر ہے، لیکن پاکستان میں بیمہ کے جواز کی صورت نہیں ہوسکتی ہے، حضرت مفتی صاحب نے ضرورت کی بناء پر جواز کا فتویٰ دیا ہے:

''الضرورات تبيح المحظورات، ومن ثم جاز أكل الميتة عند المخمصة''. (الأشباه والنظائر، القاعدة الخامسة: ۱/۲۵۱، (رقم القاعدة: ۵۶۸)، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في شرح المجلة لسليم رستم باز: ۱/۲۹، (رقم المادة: ۲۱)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا في قواعد الفقه، ص: ۸۹، (رقم القاعدة: ۱۷۰)، الصدف پبليشرز)

''الحاجة تنزل منزلة الضرورة''. (الأشباه والنظائر: ۱/۲۶۷، (رقم القاعدة: ۶۱۷)، إدارة القرآن)

(وكذا في شرح المجلة لسليم رستم باز: ۱/۳۳، (رقم المادة: ۳۲)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا في قواعد الفقه، ص: ۷۵، (رقم القاعدة: ۱۰۸)، الصدف پبليشرز)

(۲) ''قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله تعالىٰ لا يقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بما لا يقبله، اهـ. شرنبلالية''. (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب: كلمة ''لابأس'' دليل على أن المستحب غيره؛ لأن البأس الشدة: ۱/۶۵۸، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

مسجدوں کا جنت میں جانا

سوال[۷۴۶۲]: تمام مسجد اپنی پوری ہیئت کے ساتھ خانہ کعبہ میں مل کر جنت میں جائے گی یا صرف زمین؟

محمد ناظر، جونپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مجھے اس کی تحقیق نہیں۔فقط۔

ذاتی مسجد کا حال

سوال[۷۴۶۳]: یہاں متولّی صاحب کی اپنی ذاتی مسجد ہے، وقف جائیداد سے خرچ کرتے ہیں، نہ کوئی کمیٹی ہے اور نہ کاموں میں کسی مقتدی سے صلاح ومشورہ لیتے ہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

مسجد کسی کی ذاتی ملک نہیں ہوتی (۱)، متولّی کو وقف کی جائیداد کا حساب کتاب رکھنا لازم ہے (۲)، اگر غلط طریقہ پر صَرف کرے گا تو سخت باز پرس ہوگی۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۳/۸۸ھ۔

مسجد میں جو چیز دی جائے وہ کس کا حق ہے؟

سوال[۷۴۶۴]: جو چڑھاوا مسجد میں آتا ہے وہ کس کا حق ہے؟

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿وأن المساجد لله ، فلا تدعوا مع الله أحداً﴾ (سورة الجن : ۱۸)

"وإذا تم ولزم، لايملک ولايملک ولايملک ولايعار ولايرهن". (الدرالمختار). "(قوله: لايملک): أی لايكون مملوكاً لصاحبه". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۴/ ۳۵۱، ۳۵۲،سعيد)

(وكذا فی الهداية، كتاب الوقف: ۲/ ۶۴۰، مكتبه شركت علمية ملتان)

(۲) "وينبغی للقاضی أن يحاسب أمَناء ه فيما فی أيديهم من أموال اليتٰمیٰ، ليعرف الخائن، فيستبدله، وكذا القوّام علی الأوقاف ..... فقد علمت أن مشروعية المحاسبات للنظار إنما هی ليعرف القاضی الخائن من الأمين". (البحر الرائق، كتاب الوقف، قبيل أحكام المساجد: ۵/ ۴۰۷ ، رشيديه)

الجواب حامداًومصلیاً:

مسجد میں کھانے پینے کی جو چیزیں دی جاتی ہیں، وہ امام اور مؤذن کے لئے دی جاتی ہیں، ان کا ہی حق ہے(۱)۔اگر مسجد کے لئے کوئی چیز دی جائے ،مثلاً: صف،لوٹا، جائے نماز وغیرہ تو وہ مسجد کی ہے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۵/۹۰ھ۔

مسجد میں گلگلے اور شیرینی آئے اس کا مستحق کون ہے؟

سوال[۷۴۶۵]: مسجد میں گلگلے یا شیرینی تقسیم ہونے کو آتی ہے۔لہٰذا اس کو کون کون سے لوگ کھا سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر صدقہ بتا کر یہ چیزیں دی جائیں تو ان کے مستحق غرباء ہیں(۳)۔اور اگر مؤذن وغیرہ کے لئے دی جائیں تو مؤذن وغیرہ مستحق ہیں(۴)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۷/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "الصدقة هي المال الذي وهب لأجل الثواب". (شرح المجلة لسليم رستم باز، الكتاب السابع في الهبة: ۱/۴۱۲، (رقم المادة: ۸۳۵)، مكتبه حنفية كوئٹه)

"يملك الموهوب له الموهوب بالقبض". (شرح المجلة: ۱/۴۷۳، (رقم المادة: ۸۶۱)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۲) "رجل بسط من ماله حصيراً في المسجد ..... أو قنديلاً للمسجد، فوقع الاستغناء ..... وعند أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ: يباع ويصرف ثمنه إلىٰ حوائج المسجد". (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيريه، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/۲۹۳، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد، الفصل الأول: ۲/۴۵۸، رشيديه)

(۳) قال الله تعالىٰ: ﴿إنما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها﴾ (سورة التوبة: ۶۰)

(۴) "رجل دفع إلى رجل عشرة دراهم أو مأة منٍ من حنطة، وقال: إدفع إلى فلان الفقير فدفع إلى غيره، =

Made searchable using ScribeTools.com

مکان اور مسجد کے درمیان کتنا راستہ چھوڑا جائے؟

سوال[۷۴۶۶]: ہمارے یہاں جامع مسجد کے پورب جانب ایک صاحب کی جگہ ہے، وہ مکان بنائے مسجد کے قریب تک آ گئے، اب گاؤں والے روکتے ہیں، کم از کم بارہ فٹ چھوڑ کر بنانا چاہئے، وہ کہتا ہے کہ اگر میں چھوڑ کر بناتا ہوں تو میرے ایک کمرہ کا نقصان ہوتا ہے۔ اب اس میں فیصلۂ شرعی سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

عام راستہ کے لئے اتنی جگہ چھوڑ دی جائے جس میں آدمی اور وہاں کے مطابق بیل گاڑی، چھکڑا وغیرہ بسہولت گذر جائے، اس سے زیادہ چھوڑنے پر مجبور نہ کیا جائے (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۹/۹۵ھ۔

مخصوص مسجد کو جان کے اندیشہ سے چھوڑنا

سوال[۷۴۶۷]: جس مسجد پر فساق کا غلبہ ہو جس مسجد پر فسق وفجور کے خلاف کسی کو دینی حکم شائع نہ کیا جاسکتا ہو اور جس مسجد میں ادائیگی نماز کے لئے جاتے ہوئے نمازیوں پر قاتلانہ حملہ کیا جاتا ہو، جبکہ وہ لوگ کسی فساد میں بھی شریک ہوتے ہوں۔ اور جس مسجد میں نماز ادا کرتے ہوئے موضع کے تین چوتھائی مسلمان اپنی آبرو کا خطرہ محسوس کرتے ہوں، کیا وہ مسجد پورے موضع کی جامع مسجد رہنے کے قابل ہے؟ کیا اس صورت میں اس جدید تعمیر شدہ مسجد میں عام نمازیں اور بشمول نماز جمعہ جائز ہے یا نہیں؟

= فی الحاوی أنه یضمن". (الفتاویٰ العالمکیریة: ۴/۴۰۸، رشیدیه)

"والواقف لو عین إنساناً للصرف تعین، حتی لو صرف الناظر لغیره، کان ضامناً". (البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/۳۸۱، رشیدیه)

(۱) "ثم أنه إذا اختلفا فی مقدار عرض الطریق المشترک، ففی الأرض یقدر بقدر ممرّ الثور، وفی الدار بقدر عرض باب الدار الأعظم بارتفاعه: أی یترک للطریق". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، الکتاب العاشر فی أنواع الشرکات، الفصل الثامن فی بیان أحکام القسمة: ۱/۶۴۵، (رقم المادة: ۱۱۶۵)، مکتبه حنفیة کوئٹه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب القسمة: ۶/۲۶۳، سعید)

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس شخص کو ایک مسجد میں جانے سے جان کا یا عزت کا خطرہ ہو، وہ دوسری مسجد میں جا کر نماز ادا کرلے، حسبِ ضرورت ومصلحت ایک سے زائد مساجد میں بھی جمعہ درست ہے(۱)، جھگڑے اور فساد سے پورا پورا پرہیز کیا جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۵/ ۱۴۰۱ھ۔

مسجد کے خادم کو ضعیف ہوجانے پر مسجد سے تنخواہ دینا کیسا ہے؟

سوال[۷۴۶۸]: ایک مسجد کا ایک قدیم ملازم ہے جو کام کرتے کرتے بوڑھا ہوگیا ہے، تھوڑا تھوڑا کام کرتا رہتا ہے تو اس کو پوری تنخواہ مسجد سے دے سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس کی طاقت کے موافق کام بھی تجویز کردیا جائے، اتنی مراعات کی گنجائش ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "(وتؤدى فى مصر فى مواضع): أى يصح أداء الجمعة فى مصر واحد بمواضع كثيرة، وهو قول أبى حنيفة ومحمد رحمه الله تعالىٰ، وهو الأصح؛ لأن فى الاجتماع فى موضع واحد فى مدينة كبيرة حرجاً بيّناً، وهو مدفوع". (البحر الرائق، كتاب الصلوٰة، باب صلوٰة الجمعة: ۲/ ۲۵۰، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الصلوٰة، باب صلوٰة الجمعة: ۲/ ۵۳ مصطفى البابى الحلبى مصر)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿وأطيعوا الله ورسوله ولاتنازعوا، فتفشلوا وتذهب ريحكم، واصبروا، إن الله مع الصابرين﴾ (سورة الأنفال: ۴۶)

(۳) "والذى يبتدأ به من ارتفاع الوقف عمارته، شرط الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلىٰ العمارة .....ثم السراج والبساط كذلك إلى آخر المصالح، اهـ ..... والبساط: -بكسر الباء- أى الحصير، ويلحق بهما معلوم خادمها، وهو الوقاد والفراش، فيقدمان". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۳۵۶، ۳۵۹، رشيديه)

"وللمتولى أن يستأجر من يخدم المسجد يكنسه ونحوه ذلك بأجر مثله أو زيادةٍ يتغابن =

Made Searchable using ScribeTools.com

خادمِ مسجد کو وراثت کا حق نہیں

سوال[۷۴۶۹]: ۱.....قصبہ کی جامع مسجد میں زید کے دادا و والد بحیثیتِ مؤذن و امام مقرر تھے، دادا و والد کے انتقال کے بعد زید اس کی جگہ نہ سنبھال سکا، لہٰذا مؤذن و امام دوسرے حضرات مقرر ہوئے، البتہ زید کے لئے وہی مراعات جو زید کے دادا و والد کے لئے اس وقت قصبہ کی طرف سے تھی بحال رہی، لیکن اب ساکنانِ قصبہ زید کی کچھ نازیبا حرکتوں مثلاً مسجد کے انتظامی امور میں بے جا مداخلت وغیرہ کی بناء پر زید سے متنفر ہیں اور تمام مراعات ختم کر رہے ہیں۔ شرعی حکم سے مطلع فرمائیں۔

۲.....زید کے دادا و والد کے لئے جو حجرہ مسجد کی طرف سے تھا، اس میں زید کی اب بھی رہائش ہے، کیا یہ شرعاً جائز ہے، اگر ہے تو کیوں؟

۳.....زید کا کہنا ہے کہ حجرہ کی توسیع و تعمیر میں میرے والدین کی رقم خرچ ہوئی ہے، لہٰذا اس میں رہائش میرا حق ہے۔ شرعی حکم کیا ہے؟

۴.....زید مسجد کی ہر چیز پر پورے طور پر قابض ہے، یہاں تک کہ مسجد کی زمین پر لکڑی کی دوکان کر لی ہے اور مسجد کے درختوں کو اپنی ملکیت بتاتا ہے، درختوں کے لئے یہ دلیل پیش کرتا ہے کہ ہمارے باپ دادا کے لگائے ہوئے ہیں اور اس بناء پر درختوں پر زید کا پورا تصرف ہے۔ کیا یہ شرعاً جائز ہے؟

۵.....حجرہ، مسجد کے احاطہ میں ہے اور دوکان مذکور مسجد کی زمین میں ہے۔ کیا یہ سب مسجد ہی کے حکم میں ہیں؟ نیز مسجد کی حدودِ شرعی کا تعیّن فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....مسجد کے کسی خادم (مؤذن، امام) کی اگر خدمتِ مسجد کی وجہ سے مراعات کی جاتی ہے تو وہ اسی خادم کی ذات بلکہ خدمت تک محدود رہتی ہے، اس میں وراثت جاری نہیں ہوتی کہ خادم کے انتقال کے

= فيها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الفصل الثانى: ۴۶۱/۲، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل السابع فى تصرف القيم فى الأوقاف: ۷۴۵/۵، إدارة القرآن كراچى)

بعد ورثہ بھی استحقاق کی بناء پر مراعات کا مطالبہ کریں، مراعات نہ کرنے کی وجہ سے ان کو بیجا مداخلت کا کوئی حق نہیں (۱)۔

۲..... یہ ''رہائش'' بھی دادا اور والد کو خدمتِ مسجد کی وجہ سے دی گئی تھی، اب جبکہ خدمت ختم ہوگئی بلکہ خدمت کرنے والے بھی ختم ہوگئے تو موجودہ اولاد کو بحیثیتِ وراثت اس کا حق نہیں پہونچے گا (۲)۔

۳..... والدین نے جو رقم دی تھی وہ ثواب کے لئے دی تھی جو آخرت میں ملے گا، دنیا میں اپنا اور اپنی اولاد کا حق قائم کرنے کے لئے نہیں دی تھی، ورنہ اپنی مملوکہ زمین میں اپنے روپے سے تعمیر بناتے۔ جیسا کہ دنیا کا قاعدہ ہے۔ مسجد کی زمین میں مسجد کا حجرہ وسیع کرنے کیلئے روپے نہ دیتے۔ اگر اس طرح روپیہ دینے کی وجہ سے حقِ رہائش کو قائم کیا جانے لگے تو جتنے لوگوں نے مسجد میں روپیہ دیا ہے وہ بھی اپنا حق قائم کرنے لگیں گے، پھر وہ مسجد بجائے خانۂ خدا ہونے کے خانۂ چندہ دہندگان بن جائے گی (۳)۔

۴..... مسجد کی زمین پر دوکان لگانے کا اس کو حق نہیں، یہ قبضہ غاصبانہ ہے، یا زمین خالی کرے یا کرایہ مناسب مقرر کیا جائے، جتنی مدّت زمین پر اب تک قبضہ رہا اس کا بھی کرایہ ادا کرے (۴)۔ اس زمین پر درخت اگر مسجد کے لئے لگائے تھے تو وہ مسجد کی ملک ہے، زید کو ان میں حقِ تصرف نہیں (۵)۔

---

(۱) ''حکم (ملک الله تعالیٰ وصرف منفعتها علیٰ من أحب) ولو غنیاً، فیلزم، فلایجوز له إبطاله، ولایورث عنه، وعلیه الفتوی، ابن الکمال، وابن الشحنة''. (الدر المختار، کتاب الوقف، قبیل مطلب: قد یثبت الوقف بالضرورة: ۳۳۸/۴، ۳۳۹، سعید)

(۲) ''فإذا تمّ ولزم، لا یملک ولا یملک ولایعار ولایرهن''. (الدرالمختار، کتاب الوقف: ۳۵۱/۴، ۳۵۲، سعید)

(۳) (راجع الحاشیة رقمها: ۲)

(۴) ''(یفتی بالضمان فی غصب عقار الوقف وغضب منافعه) أو إتلافها، کما لو سکن بلاإذن أو أسکنه المتولی بلاأجر، کان علی الساکن أجر المثل ولو غیر معدّ للاستغلال، به یفتی صیانةً للوقف''. (الدرالمختار). ''ودخل ما لو کان الوقف مسجداً أو مدرسةً، سکن فیه، فیجب فیه أجرة المثل، کما أفتی به فی الحامدیة'' (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب سکن المشتری دارالوقف: ۴۰۸/۴، سعید)

(۵) ''وإذا غرس شجراً فی المسجد، فالشجر للمسجد''. (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب =

Made searchable using ScribeTools.com

۵.....مسجد تو وہ ہے جہاں نماز پڑھی جاتی ہے، وہاں تو نہ رہائش درست ہے نہ دوکان درست ہے، مسجد کی ملک اس کے علاوہ بھی ہوتی ہے، مثلاً: مسجد کا حجرہ، غسل خانہ، وضوخانہ، مسجد کی زمین، جائیداد، باغ، دوکان، مکان۔ جو چیز بھی مسجد کی ملک ہو خواہ کسی نے وقف کی ہو، یا مسجد کے لئے خریدی گئی ہو، اس پر بھی کسی کا غاصبانہ قبضہ جائز نہیں، اس کا واگذار(۱) کرانا ضروری ہے(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

باہمی نااتفاقی کی بناء پر ایک مسجد کو ویران کرنا

سوال[۷۴۷۰]: آپس کی نااتفاقی کی بناء پر کسی نے یہ کہا کہ یہ مسجد ہماری ہے، تو دوسرے فریقان نے الگ مسجد تیار کرلی اور وہ مسجد ایسی جگہ میں تیار کرلی ہے کہ اس زمین کا مقدمہ چل رہا ہو۔ جس کے قبضہ میں وہ زمین ہے اس نے مسجد بنالی، اس خیال سے کہ پہلی مسجد ویران ہوجائے اور اس میں نماز پڑھنے کے لئے کوئی نہ جائے۔ اور پہلی مسجد میں نمازی نہیں ہیں، کم ہیں، ایک یا دو آدمی نمازی نماز پڑھ لیتے ہیں اور باقی آدمی وہ مقدمہ والی مسجد میں نماز پڑھتے ہیں۔ تو اس مقدمہ والی مسجد میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟ پہلے یہ قبرستان تھا، مگر اب اس میں کوئی قبر نہیں ہے، لیکن کسی سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ اس میں کچھ قبریں اب بھی ہیں پرانی، اور ایک پختہ مزار اب بھی موجود ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ بہت غلط کام کیا کہ پہلی مسجد کو آپس کی نا اتفاقی کی وجہ سے ویران کر دیا، اس کا وبال بہت

= الثانی عشر: المسائل التی تعود إلی الاشجار: ۲/ ۴۷۳، رشیدیه)

(۱) ''واگذار: چھوڑا ہوا''۔ (لغات سعدی، ص:۸۵۳، سعید)

(۲) "یفتی بالضمان فی غصب عقار الوقف وغصب منافعه أو إتلافها". (الدر المختار، کتاب الوقف، مطلب: سکن المشتری دار الوقف: ۴/ ۴۰۸، سعید)

"(وحکمه الإثم لمن علم أنه مال الغیر، وردّ العین قائمة)". (الدر المختار، کتاب الغصب: ۶/ ۱۷۹، سعید)

سخت ہے(۱)۔اگر دوسری جگہ مسجد بنائی گئی اور سامنے کوئی قبر نہیں اور وہ جگہ مالک نے مسجد کے واسطے دیدی ہے، یا پہلے سے قبرستان کے لئے وقف ہے، مگر اب وہاں مردے دفن نہیں ہوتے، بلکہ دفن کے لئے دوسری جگہ موجود ہے تو اس مسجد میں بھی نماز درست ہے(۲)۔اب دونوں مسجدوں کو آباد کیا جائے اور آپس کی لڑائی کو ختم کیا جائے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۷/ ۱۴۰۱ھ۔

مقروض کا قرض خواہ کی طرف سے قرض مسجد میں دینا

سوال[۷۴۷۱]: ایک شخص کے ذمہ کچھ قرض ہے، جس کا قرض ہے اس شخص نے یہ کہا کہ میرا روپیہ جو تمہارے ذمہ واجب ہے، وہ مسجد میں دیدو۔قرض دار نے بقدر اس کے قرض کے مسجد میں روپیہ اپنی جانب سے دیا، لیکن یہ بات معلوم ہونے پر کہ تم کو پہلے قرض ادا کرنا چاہئے تھا مسجد میں۔روپیہ والا جو مقروض ہے یہ کہتا

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ومن أظلم ممن منع مسٰجد الله أن يذكر فيها اسمه وسعى فى خرابها﴾ (سورة البقرة: ۱۱۴)

قال العلامة الآلوسى: "﴿وسعى فى خرابها﴾: أى هدمها وتعطيلها ﴿أولئك﴾ الظالمون المانعون الساعون فى خرابها". (روح المعانى: ۱/ ۳۶۴، (سورة البقرة: ۱۱۴)، دارإحياء التراث العربى بيروت)

(۲) "وأما المقبرة الداثرة إذا بنى فيها مسجداً ليصلىٰ فيه، فلم أر فيه بأساً؛ لأن المقابروقف، وكذا المسجد، فمعناهما واحد". (عمدة القارى شرح صحيح البخارى، باب: هل تنبش قبور مشركى الجاهلية ويتخذ مكانها مساجد: ۴/ ۱۷۴، إدارة الطباعة المنيرية، بيروت)

"وإن بقى من عظامهم شئ، تنبش وترفع الآثار، وتتخذ مسجداً، لماروى أن مسجد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان قبلُ مقبرةً للمشركين، فنبشت، كذا فى الواقعات". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة، مطلب فى دفن الميت: ۲/ ۲۳۴، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانى عشر فى الرباطات والمقابر والخانات: ۲/ ۴۶۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے کہ میں نے جو کچھ دیا بخوشی قرضہ والے کی جانب سے اس کے حق میں ادا کرتا ہوں اور اس کا ثواب بھی بخوشی کہتا ہوں کہ جس کا قرضہ میرے ذمہ ہے، اس کو حق تعالیٰ دیں۔ یہ لفظ جس کا روپیہ ہے اس کے روبرو کہے تو یہ مسجد میں دیا ہوا روپیہ اس کے قرض میں مجرا ہو جائے گا اور وہ ثواب کا مستحق ہو سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس طرح قرض ادا ہو جائے گا اور اس کا ثواب بھی ملے گا (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۹۱ھ۔

نقصان شدہ شئ کا ضمان مسجد میں دینا

سوال[۷۴۷۲]: دیہات میں غیر اقوام کے بچوں نے ایک غیر قوم کے جنگل میں اس کا چارہ (جو کہ جانور وغیرہ کھاتے ہیں) جلا دیئے ہیں، اس آدمی نے ان کے والدین سے یعنی لڑکوں کے بطور جرمانہ یا معاوضہ کچھ روپے طلب کئے اور انہوں نے اس کو روپیہ بھی دے دیئے، وہ آدمی جس نے روپے لئے تھے وہ یہ کہتا ہے کہ اس روپے سے کچھ روشنی کے لئے خرید کر مسجد میں دینا چاہئے۔ تو کیا اس کی یہ چیز مسجد میں لگانا اور اس کا اس طریقہ سے لینا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جتنا نقصان کیا ہے، اس کی قیمت وصول کرنے کا حق ہے (۲)، پھر اس قیمت کو اپنے کام میں لائے

---

(۱) "ولو أمره: أی أمر رجلٌ مدیونه بالتصدق بما علیه، صح أمر بجعله المالَ لله تعالیٰ، وهو معلوم". (تنویر الأبصار مع ردالمحتار، کتاب الوکالة، باب الوکالة بالبیع والشراء: ۵/ ۵۱۹، سعید)

(۲) "المباشر ضامن، وإن لم یتعمد". (شرح المجلة لسلیم رستم باز: ۱/ ۶۰، (رقم المادة: ۹۲)، مکتبه حنفیه کوئٹه)

"لو أتلف واحد مال آخر، أو نقص قیمته تسبباً، یعنی: لو فعل ما کان سبباً مفضیاً إلی تلف مال أو نقصان قیمته، کان ضامناً". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، کتاب الغصب، الفصل الثانی فی الإتلاف تسبباً: ۱/ ۵۱۲، (رقم المادة: ۹۲۲)، مکتبه حنفیة کوئٹه)

Made Searchable by ScribeTools.com

یا مسجد کی روشنی کے لئے دیدے درست ہے، یہ اس وقت ہے کہ اس کی مملوکہ شئ کا نقصان کیا ہو(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۱۲/۸۸ھ۔

امام کے ذمہ مسجد کا قرض ہے اس کی وصولی کی صورت

سوال[۷۴۷۳]: ایک جگہ مسجد میں امام رہتا تھا اور امام صاحب کا فصلانہ تھا جس سے امام صاحب کے اخراجات پورے ہوتے تھے، جس وقت فصل کا وقت آیا یعنی فصل کٹنی شروع ہوئی تو امام صاحب کے اوپر الزام اٹھایا گیا، یہ خدا بہتر جانتا ہے کہ وہ الزام سچ ہے یا جھوٹ ہے، بہرحال اس الزام کی گرفتاری میں امام صاحب تشریف لے گئے تمام فصلانہ چھوڑ کر۔ اب امام کا ایک آدمی رہ گیا فصلانہ لینے کی غرض سے، چند آدمیوں نے فصلانہ باقی نہیں دیا۔

اور کسی مجبوری کی وجہ سے امام نے مسجد کے پیسے سے کچھ قرض لیا تھا۔ تو جس وقت امام وہاں سے چلے، کوئی پیسہ اپنے پاس نہیں تھا، اب مسجد والوں نے امام سے پیسوں کا تقاضہ کیا تو امام نے جواب دیا کہ میرا فصلانہ ابھی باقی ہے، دس بارہ بچوں کا انعام بھی رہ گیا ہے، جن کو ہم نے قرآن مجید پڑھایا ہے، اب ان بچوں سے انعام لے کر اور فصلانہ وصول کر کے مسجد کا جو قرضہ مجھ پر ہے، پہلے وہ وصول کرلو پھر باقی روپے مجھے دیدو۔ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

امام صاحب کا جواب صحیح ہے، اس کے موافق عمل کیا جائے (۲)، مسجد کا پیسہ چھوڑنے کا کوئی حق

---

(۱) "کلٌّ یتصرف فی ملکه کیف شاء". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، الفصل الاوّل فی بعض قواعد فی أحکام الأملاک: ۱/ ۲۵۴، (رقم المادة: ۱۱۹۲)، مکتبه حنفیة کوئٹه)

"لأن الملک مامن شانه أن یتصرفِ فیه بوصف الاختصاص". (ردالمحتار، کتاب البیوع، مطلب فی تعریف المال والملک والمتقوم: ۴/ ۵۰۲، سعید)

(۲) "فإن کان یؤمّ فی المسجد وقت الحصاد، یستحقه، وصار کالجزیة". (البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/ ۳۸۴، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

نہیں ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۵/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، ۱۴/۵/۹۰ھ۔

کفن کا مصلی مسجد میں

سوال[۷۴۷۴]: مُردوں کو کفنانے کیلئے جو کپڑا خریدا جاتا ہے، اس میں سے بعض حضرات ایک مصلے کی صورت میں تھوڑا سا کپڑا بچا کر مسجد میں دیدیتے ہیں۔آیا اس مصلے کا استعمال اہلِ مسجد کر سکتے ہیں یانہیں، یعنی اس کو مصلے کے طور پر استعمال کرنا درست ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ کپڑا جزو کفن نہیں، ورثاء کی ملک ہے، اس کا رواج ختم کیا جائے۔ ورثاء اگر بالغ ہوں اور میت کو ثواب پہونچانے کیلئے کوئی چیز مصلی وغیرہ مسجد میں دیں تو اس کا استعمال کرنا درست ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۸/۸۹ھ۔

---

(۱) "أكّار تناول من مال الوقف، فصالحه المتولي على شئ والأكّار غني، لايجوز الحط من مال الوقف". (البحر الرائق، كتاب الوقف ۵/۴۰۶، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس في ولاية الوقف وتصرف القيم في الأوقاف: ۲/۴۲۴، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، تصرف القيم في الأوقاف: ۵/۷۶۰، إدارة القرآن، كراچی)

(۲) "ولو كفن ميتاً فافترسه سَبُعٌ، فإن الكفن يكون للمكفِّن إن كان حياً، ولورثته إن كان ميتاً". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد، الفصل الأول: ۲/۴۵۸، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره المسجداً، الخ: ۳/۲۹۳، رشيديه)

مسجد سے متصل اسکول بنانا

سوال[۷۴۷۵]: آج کل مسلمانوں میں اردو تعلیم کی شدید ضرورت کی بناء پر اسکول کھولے جارہے ہیں، ان میں معلموں اور معلمات کا تقرر ہوتا ہے، مگر معلم کم اور معلمات زیادہ ہوتی ہیں، ان میں کافی بے تعلقی ہوجاتی ہے، پردہ کا لحاظ بھی ختم ہوجاتا ہے، تعلیم دینے اور گانے بجانے کی وجہ سے آواز کا پردہ بھی ختم ہوجاتا ہے۔ اس قسم کے اسکول عام طور پر مسجد سے متصل ہوتے ہیں، کیونکہ گورنمنٹ ان اسکولوں کے لئے جگہ نہیں دیتی، اس لئے ان عورتوں کی آواز نمازیوں کے کانوں میں بکری کی طرح گونجتی ہے اور نمازیوں میں گڑبڑ ہوجاتی ہے، کچھ لوگ مسجد چھوڑنے پر مجبور ہورہے ہیں، مگر زید مخالفت کرتا ہے۔ زید کے حق میں کیا حکم ہے؟ کیا اردو کی تعلیم کے لئے عورتوں کو بے پردگی اور بلند آواز کی اجازت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اردو کی پاسداری وقت کی اہم ضرورت ہے، مگر احکامِ شرعی کی پابندی حسبِ نصوصِ خداوندی دائمی وابدی ہے، نماز کا احترام ہمیشہ لازم ہے(۱)۔ ترکِ پردہ اور نامحرم کے ساتھ اختلاط کے مفاسد اظہر من الشمس ہیں(۲)، وقف کو شرط واقف کے خلاف استعمال کرنے کا حق نہیں(۳)۔ مسجد کے قریب ایسا شور وشغب خواہ

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿إن الصلوة كانت على المؤمنين كتبًا موقوتًا﴾ (سورة النساء: ۱۰۳)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ياأيها النبى قُل لأزواجك وبنتك ونساء المؤمنين يُدنين عليهن من جلا بيبهنّ﴾ (سورة الأحزاب: ۵۹)

"وعن ابن عباس رضى الله عنهما، عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "لايخلون رجل بامرأة إلا مع ذى محرم، اهـ". (رواه البخارى، باب: لايخلون رجل بامرأة إلا ذو محرم: ۲/۷۸۷، قديمى)

(۳) "على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الوقفين واجبة: ۴/۴۴۵، سعيد)

"لأن شرط الواقف يجب اتباعه، لقولهم: شرط الواقف كنص الشارع: أى فى وجوب العمل، وفى المفهوم والدلالة". (الأشباه والنظائر، كتاب الوقف، الفن الثانى، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچى) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

بچوں کے سبق یاد کرنے کا ہی ہو، جس سے نماز میں خلل پیدا ہو، درست نہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۶/۹۵ھ۔

پھینکے ہوئے سیمنٹ کو درستگی کے بعد فروخت کرکے مسجد کا فرش بنانا

سوال[۷۴۷۶]: او، این، جی، سی کمپنی کا بورڈنگ کنڈکٹر نے اعلی افسر کے آرڈر کمپنی کے گودام میں رکھا ہوا سیمنٹ گودام سے خارج کرکے پھینک دیا ہے، لیکن کمپنی کے ایریئے میں چھوڑ رکھا تھا (۲)۔ پھر اس کو مزدور نے ریفائن (۳) کرکے بستہ بندی کی ہے اور فی بوریہ/۲۵ روپے قیمت دے کر خریدا گیا۔ حسب مناسب رات کو ۹/ بجے ٹھیلہ کرکے وہ سیمنٹ مناسب مقام پر رکھ کے اس سے مسجد کا فلور سطح سفلی تیار کیا گیا، تقریباً ۹/ بورے سرف کرکے یہ کام انجام دیا گیا ہے، پھر تقریباً مہینہ بھر نماز پڑھی جاتی رہی۔ بعد میں مقامی معتبر حضرات کو شبہ ہوا کہ اس میں نماز جائز ہے یا نہیں؟ آپ سے شرعی رائے طلب کرتے ہیں، برتقدیرِ عدمِ جواز مستقبل میں یہ فلور توڑ کر پھینکی جائے یا کوئی دوسری صورت اختیار کی جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر اس کو بیکار قرار دیکر پھینک دیا گیا تھا، کہ جس کا دل چاہے اٹھالے تو اب نماز میں کوئی شبہ نہ کریں (۴)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۱/۱۴۰۱ھ۔

= (وكذا في الدر المختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

(۱) "عن واثلة بن الأسقع رضي الله تعالىٰ عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "جنّبوا مساجدكم صبيانكم، ومجانينكم، وبيعكم، وشراءكم، ورفع أصواتكم، وسلّ سيوفكم، وإقامة حدودكم". الحديث. (سنن ابن ماجة، أبواب المساجد والجماعات، باب يكره في المساجد، ص: ۵۴، قديمي)

(۲) "ایریا: رقبہ"۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۴۴، فیروز سنز، لاهور)

(۳) "ریفائن: (refine) نتھارنا، مصفا کرنا، خالص بنانا، میل دور کرنا، مانجھنا، آراستہ کرنا، فوشگافی کرنا، چمکانا"۔ (English to English & Urdu Dictionary, Page No. 755, Feroz Sons Lahore)

(۴) "ألقى شيئاً، وقال: من أخذه، فهو له، فلمن سمعه أو بلغه ذلك القول أن يأخذه، وإلا لم يملكه؛ =

کمپنی سے ٹین کی سستی چادریں خرید کر مسجد میں استعمال کرنا

سوال[۷۷۴۷]: قصبہ میں ٹاؤن ایریا کمیٹی اس میں چار مسلمان ممبر اور چھ دیگر ہیں، چیئرمین نے پرانی ٹین کی استعمال شدہ چادریں ہندوؤں کو بطورِ دان (۱) دینی چاہیں ان کی تعداد ۳۱/ ہے اور قیمت تقریباً بارہ سو روپے ہے۔ ان چادروں کو ایک مسلم سوسائٹی دان میں نہ لے کر صرف ایک سو روپے میں خرید کر مسجد پر ڈالنا چاہتے ہیں۔ شرعی حکم سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب ٹاؤن ایریا کمیٹی بااختیار ہے، وہ مفت بھی دینے کی مجاز ہے، تو اس سے خرید کر بھی ان چادروں کا مسجد میں استعمال کرنا درست ہے اگرچہ قیمت بہت کم لگائی گئی ہو (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مسجد کا غلہ فروخت کرنے والے سے ضامن بننے کی صورت میں قیمت کی وصولی

سوال[۷۷۴۸]: مسجد کا غلہ کسی ایک آدمی نے فروخت کر دیا اور پیسوں کا ذمہ دار فروخت کرنے والا

= لأنه أخذه إعانةً لمالكه ليردّه عليه، بخلاف الأول؛ لأنه أخذه على وجه الهبة وقدتمت بالقبض".

(ردالمحتار، كتاب اللقطة، مطلب: ألقى شيئاً وقال: من أخذه فهو له: ۲۸۵/۴، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب اللقطه: ۲۵۷/۵، رشيديه)

(۱) "دان: چندہ، تحفہ، نذر، خیرات"۔ (فيروز اللغات، ص: ۶۱۱، فيروز سنز، لاهور)

(۲) "(ويكون بقول أو فعل، أما القول فالإيجاب والقبول) ..... (فالإيجاب) هو (مايذكر أولاً من كلام) أحد (المتعاقدين)، والقبول مايذكر ثانياً من الآخر، سواء كان بعتُ أو اشتريتُ (الدال على التراضي) قيّد به اقتداءً بالآية، وبياناً للبيع الشرعي". (الدرالمختار، كتاب البيوع، شرائط البيع أربعة: ۵۰۶/۴، سعيد)

"(هو مبادلة المال بالمال، ينعقد بإيجاب وقبول بلفظي الماضي) ..... والإيجاب والقبول والتعاطي علةٌ ماديةٌ له، والمبادلة يكون بين اثنين، فهما العلة الفاعلية. ولم يقل: على سبيل التراضي، ليشمل ما لايكون بالتراضي كبيع المكره، فإنه ينعقد، هو الصحيح". (شرح الوقاية، كتاب البيع: ۱۰/۲، ۱۱، سعيد)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

ہوگیا کہ پیسے آجائیں گے، لیکن خریدار نے پیسے نہیں دیئے۔ تو فروخت کرنے والے سے پیسے وصول کرنا چاہیے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

فروخت کرنے والا مسجد کو قیمت دے اور خریدار سے وصول کرے یا معاف کرے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱/۱۴۰۱ھ۔

مخصوص خاندان کا اپنی بنائی ہوئی مسجد کو اپنی ملک کی طرح سمجھنا

سوال[۷۴۷۹]: ایک مسجد کسی مخصوص خاندان، یا مخصوص انسان، یا مخصوص قوم نے بغیر کسی قوم کے تعاون کے کرائی اور پھر وقف فی سبیل اللہ کردی۔ بعدہ جو کام ہوا، عوام کے تعاون سے ہوا، لیکن پھر بھی اس قوم یا خاندان یا انسان سے کوئی ایسی بات پیش آئی ہو جس سے عوام پر غلط اثر پڑتا ہو، یا اس کی حرکت سے مصلیانِ مسجد حیران ہوں اور اس کی حرکات وسکنات سے محسوس ہوتا ہو کہ یہ مسجد کو اپنی ملکیت سمجھ کر اس قسم کی ناجائز حرکات کرتا ہے۔ تو ایسی صورت میں ایسی مسجد کیلئے شرعی حکم کیا ہے؟ اور ایسی قوم، ایسے انسان، ایسے خاندان کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو مسجد وقف کردی گئی، خواہ عوام کے پیسہ سے اس کی تعمیر ہوئی ہو، یا کسی خاندان کے پیسے سے، یا کسی شخص خاص کے پیسے سے، بہرصورت وقف ہوجانے کے بعد اس پر کسی کا دعویٰ ملک کرنا صحیح نہیں: "الوقف إذا

---

(۱) "ولو اشترى بغلته ثوباً، ودفعه إلى المساكين، يضمن مانقد من مال الوقف، لوقوع الشراء له، كذا في البحر الرائق ناقلاً عن الإسعاف". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس: ۴۱۸/۲، رشيديه)

"فإن فضل من غلته، فصرف الفضل إلى حوائجه على أن يرده إذا احتاج إلى العمارة، قال: لايفعل، ويتنزه غاية التنزه، فإن فعل مع ذلك، ثم أنفق فيه، رجوتُ أن ذلك يبرأ عما وجب عليه". (خلاصة الفتاوى، كتاب الوقف، الفصل الرابع في المسجد وأوقافه: ۴۲۳/۴، رشيديه)

تم ولزم، لايملك ولايُملّك". درمختار(۱)۔ قال الله تعالى: ﴿وأن المساجد لله﴾ الآية(۲).

جوشخص یا جو جماعت مسجد کو اپنی ملک سمجھے اس کا سمجھنا غلط ہے، لوگ ایسی مسجد میں نماز پڑھنا ترک نہ کریں، فتنہ فساد سے پورا اجتناب رکھیں۔ اگر وہ شخص یا خاندان دوسرے آدمیوں کو مسجد میں آکر نماز پڑھنے سے روکے تو ایسا شخص ایسا خاندان بڑا ظالم ہے: ﴿من أظلم ممن منع مساجد الله أن يذكر فيها اسمه﴾(الاية)(۳)۔ مگر ان کی اس حرکت پر بھی لڑائی جھگڑا نہ کیا جائے کہ سر پھٹول ہو، مقدمہ بازی ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۸/ ۱۳۹۹ھ۔

مسجد کے لئے پتھر خریدے اور ایک پتھر بطور یادگار دے دیا

سوال[۷۴۸۰]: ایک بستی کے اندر اہل بستی نے تین آدمیوں کو مسجد کیلئے پتھر کی فرشی لینے کے لئے ایک دوسرے شہر میں بھیجا، یہ لوگ وہاں گئے اور انہوں نے مسجد کے لئے مذکورہ چیزیں خرید لیں۔ پیسہ وغیرہ دیدینے کے بعد اور سامان کو لادتے وقت ان میں سے ایک شخص نے دکاندار سے کہا کہ ایک پتھر مجھے بھی دیدیجئے، دکاندار نے کہا کہ کیا اپنی ذاتی ضرورت کیلئے لے رہے ہو؟ اس نے کہا کہ ہاں، دکاندار نے کہا کہ آپ کو جو پتھر دیا جائے گا وہ مسجد کے بھاؤ میں نہیں، اس لئے کہ میں نے مسجد کی وجہ سے بھاؤ میں رعایت کی ہے۔ تو مذکورہ شخص نے کہا کہ پھر میں نہیں لے سکتا، بلکہ میں تو مسجد کے بھاؤ سے بھی کم پر چاہتا ہوں۔

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/ ۳۵۱، ۳۵۲، سعيد)

"إذا صح الوقف، لم يجز بيعه ولا تمليكه". (الهداية، كتاب الوقف: ۲/ ۶۴۰، شركت علميه ملتان)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الوقف: ۶/ ۲۲۰، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۳۴۲، رشيديه)

(۲) (سورة الجن: ۱۸)

(۳) (سورة البقرة: ۱۱۴)

Made searchable using ScribeTools.com

اس کے بعد دوکاندار نے کہا کہ آپ اس پتھر کو کس مقصد کے لئے لے رہے ہیں؟ مذکورہ شخص نے کہا: محض یادگار کے لئے لے رہا ہوں، اس لئے کہ اس اطراف میں یہ پتھر نہیں ملتا۔ اس بات کو سن کر دکاندار نے کہا کہ میں آپ کو ایک پتھر یادگار کے لئے مفت دیتا ہوں اور اس نے ایک پتھر نوکروں سے نکلوا کر مسجد کے پتھروں میں رکھوادیا۔ اور اس شخص کے دونوں ساتھیوں سے کہہ دیا کہ یہ پتھر میں اس کو دے رہا ہوں، اس کا مسجد کے پتھروں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا یہ پتھر اس کی ذاتی ملکیت ہوگا، یا مسجد کی ملکیت مانا جائے گا؟ ایک شخص اس کے مسجد کی ملکیت ہونے پر ھدایا العمال اور ابن ابی شیبہ کی حدیث سے استدلال فرماتے ہیں: "ھذا مالکم، وھذا ھدیۃٌ أھدیت لی". الخ(۱)۔ یہ بات ذہن نشین رہے، کہ تینوں حضرات مسجد کے اخراجات پر یہ مذکورہ چیزیں خریدنے گئے تھے۔ جواب باصواب سے مشکور فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

العارض: نصیر الدین، بیت العلوم، مالیگاؤں ناسک۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس تفصیل کے تحت یہ پتھر ہدایا العمال میں داخل نہیں (۲)، اس لئے کہ اول تو انہوں نے یہ پتھر صدقہ وچندہ میں وصول نہیں کئے، بلکہ خریدے ہیں، بخلافِ ابن لبید کے کہ یہاں خریداری کا معاملہ نہیں تھا، بلکہ صدقاتِ واجبہ کی وصول یابی تھی، بیت المال کے لئے جس میں بے جا رعایت اور فروگذاشت کا مظنہ تھا (۳)، یہاں خریداری ہے، بائع نے خود تصریح کردی کہ مسجد کی خاطر کم قیمت لی ہے، نہ کہ ایک پتھر دیکر

---

(۱) (راجع رقم الحاشیۃ: ۳)

(۲) قال العلامۃ ابن عابدین: "وتعلیل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دلیل علی تحریم الھدیۃ التی سببھا الولایۃ". (ردالمحتار، مطلب فی ھدیۃ القاضی: ۵/۳۸۳، سعید)

(۳) "عن أبی حمید الساعدیّ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال: استعمل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رجلاً من بنی أسد یقال لہ: ابن اللتبیّۃ علی صدقۃ، فلما قدم قال: ھذا لکم، وھذا أھدی لی، فقام النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی المنبر، قال سفیان: أیضاً، فصعد المنبر فحمد اللہ وأثنیٰ علیہ، ثم قال: "مابال العامل نبعثہ فیأتی فیقول: ھذا لک، وھذا لی، فھلّا جلس فی بیت أبیہ أو أمّہ فینظر أھدیٰ لہ أم لا الخ". (صحیح البخاری، کتاب الأحکام، باب ھدایا العمال: ۲/۱۰۶۴، قدیمی)

زیادہ قیمت لی ہے۔

دوسرے اصالۃً اس پتھر کا معاملہ بیع کا کیا جارہا تھا(۱)، ہدیہ کا نہیں تھا، البتہ قیمت میں رعایت چاہتے تھے، جس کا بائع نے صاف انکار کردیا، پھر جب کہ یادگار کے طور پر رکھنے کی بات سنی تو اس نے بلا قیمت ہی دیدیا کہ یہ میری طرف سے یادگار ہے(۲)۔ البتہ وہاں سے لانے میں اس پر جو صَرفہ ہوگا، وہ مسجد کے ذمہ نہیں ہوگا۔

تنبیہ: چونکہ یہ پتھر مسجد کی غرض اور مسجد کے صرفۂ سفر کے ذریعہ حاصل ہوا ہے، اس لئے اپنی جانب سے مسجد کو دیدیں تو یہ اعلیٰ بات ہے، مگر مسجد کو مطالبہ کا حق نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۷/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/ ۷/ ۹۲ھ۔

ضد کی وجہ سے پہلی مسجد کو گرانا

سوال[۷۴۸۱]: ۱..... اگر مسجد کو امام، متولی سابقہ کے بغیر بنوالیں تو عندالشرع اس میں نماز جائز ہے یا ناجائز؟

۲.....اگر گاؤں کے سابقہ نمازی اس مسجد میں نماز بالکل نہیں پڑھیں گے، کیونکہ ان کی رضامندی کے بغیر بنائی جارہی ہے، ان کی کوئی صلاح وغیرہ نہیں لی گئی، کیونکہ نمازیوں نے پچھلے سال ہی اس مسجد کی چھت دوبارہ ڈلوائی تھی، انہوں نے مسجد کو جبراً گرادیا۔ آیا اس مسجد کی تعمیر جائز ہے یا ناجائز؟

۳.....اگر مسجد میں نماز پڑھنی ناجائز ہو تو کیا اَور مسجد بنائی جائے اور اس میں نماز پڑھی جائے تو جائز ہوجاتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

....ضد اور لڑائی کی وجہ سے مسجد کو گرانا اور از سرِ نو بنانا گناہ ہے، تاہم اس میں نماز جائز ہے(۳)۔

---

(۱) "البیع ینعقد بالإیجاب والقبول، إذا کانا بلفظی الماضی". (الهدایة، کتاب البیوع: ۳/ ۲۴، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

(۲) "الهبة تملیک مال لآخر بلاعوض". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، الکتاب السابع فی الهبة: ۱/ ۴۶۲، (رقم المادة: ۸۳۳)، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن یذکر فیها اسمه وسعی فی خرابها﴾ (سورة البقرة: ۱۱۴)=

Made searchable using ScribeTools.com

۲..... بلاوجہ شرعی مسجد کو محض ضد کی بناپر گرادینا حرام ہے اور نمازیوں کو اس ناراضگی کی وجہ سے کہ ہم سے صلاح نہیں لی گئی، مسجد کو چھوڑ دینا بھی گناہ ہے۔ جب مسجد کسی نے جہالت اور حماقت سے گرادی ہے تو اس کا تمام صرفہ اس گرانے والے کے ذمہ واجب ہے، اس کے ذمہ اس کی تعمیر ضروری ہے(۱)۔

۳..... اَور مسجد کے بنانے کی ضرورت نہیں۔ مسلمانوں کو جہالت اور ضد کو چھوڑ کر آپس میں اتحاد واتفاق سے رہنا چاہئیے، آپس کی ضد کا خمار خدا کے گھر پر نکالنا بہت بڑی تباہی اور بربادی کا سبب ہے۔ امام اور متولی اور گرانے والے اور نمازی سب کو لڑائی مٹا کر اتحاد واتفاق سے خدا کے گھر کا احترام اور اس کو آباد کرنا فرض ہے، ورنہ اس کا وبال سب پر آئے گا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۲/۵۷ھ۔

صحیح: عبداللطیف مظاہر علوم، ۲۸/صفر/۵۷ھ، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مظاہر علوم۔

مسجد کو شہید کرنے سے ضمان

سوال[۷۴۸۲]: ۱.....میاں جی نور بخش ومشیت اللہ ومحمد احمد، عبدالرحمٰن ورحیم الدین صاحب پسر

= قال العلامة الآلوسی: "وظاهر الآية العمومُ فی کل مانع، وفی کل مسجد، وخصوص السبب لایمنعه، ﴿وسعی فی خرابها﴾: أی هدمها وتعطیلها ..... ﴿أولئک﴾ الظالمون المانعون الساعون فی خرابها ﴿ماکان لهم أن یدخلوها إلاخائفین﴾". (روح المعانی: ۱/۳۶۳، ۳۶۴، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

(۱) "وعن أبی اللیث: مسجدٌ بجنبه نهُر ماءٍ، فانکسر حائط المسجد من ذلک الماء، ینبغی لأهل المسجد أن یرفعوا الأمر إلی القاضی؛ لیأمر أهل النهر بإصلاحه، حتی إذا لم یصلحوه بعد أمره، وانهدم حائط المسجد، ضمنوا قیمة ماانهدم". (الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب الوقف، مسائل وقف المسجد، قیم المسجد: ۵/۸۶۱، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً: ۳/۲۹۲، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد، الفصل الثانی، ۲/۴۶۳، رشیدیه)

Made Searchable by ScribeTools.com

ان بعض مستریان موضع دھنورہ ٹیکری ضلع میرٹھ نے اپنے حصۂ ارض پر ایک کچی مسجد بنائی، مسجد بنا کر اذان ونماز باجماعت ادا کرنے لگے۔ عرصۂ دراز کے بعد جب مستری میاں جی نور بخش صاحب کا انتقال ہوگیا اور عبدالرحمٰن نے موضع برکٹہ سکونت اختیار کرلی تو مسجد میں اذان وجماعت کا کوئی انتظام نہ ہونے کی وجہ سے مسجد ویران نظر آنے لگی تو رحیم الدین کو بطورِ امانت دے کر گیا تھا جس کا کوئی معاوضہ استعمال پر نہ تھا۔

عبدالرحمٰن نے آکر اپنا مکان رحیم الدین سے واپس لے لیا اور مسجد کو پختہ بنانے میں اپنے ہمراہ دیگر اہل اسلام کو بھی شامل کرلیا اور چند مخلصین حضرات کو لے کر تعمیری سلسلہ شروع کردیا اور تقریباً ایک گز تعمیر ہوگئی کہ عبدالرحیم ورحیم الدین نے چند اہل ہنود کو بہکا کر مسجد کی تعمیر بند کرادی۔ حافظ عبدالمجید جو کہ میوات میں مقیم تھے، واپس آئے، انہوں نے جملہ مسلمانوں سے معلومات کی کہ جب آپ حضرات نے مسجد کی تعمیر شروع کی تھی، پھر کیوں رُکوائی؟ معلوم ہوا کہ ان کے چچا عبدالرحیم نے بند کرائی ہے تو اس پر عبدالمجید نے ہندو ذی فہم لوگوں سے مل کر مسجد کو مکمل کردیا۔

لیکن عبدالرحیم اندرونی طور پر مخالفت پر رہا۔ اور عبدالرحیم نے پسِ پشت جبکہ وہ کسی جلسہ میں گئے تھے موقعہ پاکر اہل ہنود کو اُکسایا کہ مسجد کو شہید کردیا جائے۔ ان لوگوں نے جواب دیا کہ پہل تم کرو، پھر ختم ہم کردیں گے۔ چنانچہ عبدالرحیم نے پہل کر کے ہندوؤں سے مسجد شہید کرادی۔ اس پر قانونی کارگذاری کی گئی، تحقیقات ہوئی اور تصفیہ ہوگیا، جملہ مسلمانان نے طے کیا کہ اگر تم نے مسجد نہ بنائی تو تم سے ترکِ معاملات کیا جائے گا، اور کوئی بھی اہلِ اسلام تم سے نہ مل سکے گا۔ پھر عبدالرحیم نے بذریعۂ چند ساتھیوں کے مسجد تعمیر کرائی، مگر جو جگہ مسجد کی تھی وہ اہل ہنود کو دی اور دوسری جگہ مسجد مع محراب کے بنائی۔

۲.....اب سوال یہ ہے کہ اس سے جو اس شخص نے مسجد کا نقصان کیا ہے اور تمام تر رقم برباد کی، اس کا معاوضہ اس کے ذمہ ہے یا نہیں؟ اور جس مکان کا ذکر اوپر ہوا، اس پر اب بھی بالجبر قبضہ کئے ہوئے ہے۔ فرمایئے یہ حق العباد ہے یا نہیں؟ اور شروع میں جب مسجد گرادی اور اہل ہنود نے جب ظلم شروع کردیا تو چند مسلم حضرات ہجرت کر گئے تھے، فرمایئے یہ ان کی ہجرت حق بجانب ہے یا کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....جس نے مسجد کا جس قدر روپیہ اس کو گرا کر ضائع کیا، اس کا ضمان لازم ہے، اس سے وصول

Made searchable using ScribeTools.com

کرلیا جائے، یا اس کے عوض تعمیر کرالی جائے (۱)۔ دوسرے کے مکان پر بغیر مالک کی رضامندی واجازت کے جبراً قبضہ وتصرف کرنا ظلم اور غصب ہے، ہرگز جائز نہیں (۲)۔ جس کو ایک مقام پر ظالموں سے امن نہ ملے اور وہ مجبوراً وہاں سے دوسری جگہ منتقل ہوجائے تو شرعاً درست ہے (۳)۔

---

(۱) "هَدمَ حائطَ مسجد، يؤمر بتسويته رإصلاحه، كذا فى القنية". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الغصب، الباب الثالث فيما لا يجب الضمان باستهلاكه: ۱۲۹/۵، رشيديه)

"من هدم حائط غيره، فإنه يضمن نقصانها، ولا يؤمر بعمارتها، إلافى حائط المسجد، كما فى كراهية الخانية". (الأشباه والنظائر). قال الحموى فى شرحه: "لو هدم حائط الوقف، تلزمه على القيمة إلا فى حائط المسجد، فإن عليه تسويتها. وذكر فيه أن المثلى يضمن بالقيمية، إذاكان بلد الخصومة غير بلد الغصب". (غمز عيون البصائر شرح الأشباه والنظائر، كتاب الغصب، (رقم القاعدة: ۵۴)، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "عن سعيد بن زيد رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول اللهصلى اللهعليه وسلم: "من أخذ شبراً من الأرض ظلماً، فإنه يطوّقه يوم القيامة من سبع أرضين". (صحيح البخارى، أبواب المظالم، باب إثم من ظلم شيئاً من الأرض: ۳۳۲/۱، قديمى)

(وكذا فى مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، الفصل الأول، ص: ۲۵۴، قديمى)

"إذلا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغيرسبب شرعى". (البحر الرائق، كتاب الحدود، باب حد القذف، فصل فى التعزير: ۶۸/۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب السابع فى حد القذف والتعزير، فصل فى التعزير: ۱۶۷/۲، رشيديه)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الحدود، باب حد القذف، مطلب فى التعزير بأخذ المال: ۶۱/۴، سعيد)

(۳) "سئل الحلوانى عن أوقاف المسجد: إذا تعطلت وتعذر استغلالها، هل للمتولى أن يبيعها ويشترى بثمنها أخرى؟ قال: نعم". (البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المساجد: ۴۲۲/۵، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المسجد: ۲۳۷/۶، مصطفى البابى الحلبى، مصر)

۲.....اصل تو یہی ہے کہ آپس میں فیصلہ کرلیا جائے، جب اس کی کوئی صورت نہ ہوتو عدالت کی طرف رجوع کیا جائے:﴿وإن جنحوا للسلم، فاجنح لها﴾ الآیة(۱)۔ ایسی حالت میں جبکہ ثبوت فراہم کرنا دشوار ہواور وہ لوگ شہادت کے لئے آمادہ نہ ہوں اور بغیر شہادت کے انصاف کی صورت نہ ہوتو فیصلہ ہی مناسب ہے۔ جوجگہ ایک دفعہ مسجد قرار دیدی جائے اوراس میں اذان جماعت بلاروک ٹوک ہونے لگے، اس کو کسی اَور کام میں صرف کرنا جائز نہیں (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۷/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۷/۹۲ھ۔

مسجد میں روپیہ دینے کا وعدہ کرکے روپیہ نہ دینا

سوال[۷۴۸۳]: مسمی ابوالحسن نے اپنے والد کی طرف سے محلّہ کی مسجد میں تین سو روپیہ متولی مسجد کو دینے کا وعدہ کرلیا اور ایک تحریر مہاجن کو- جس سے ابوالحسن کا لین دین تھا- دیدی کہ تین سو روپیہ متولی مسجد کو برائے محلّہ کی مسجد دے دینا، مگر اب ۵، ۶/ ماہ بعد ابوالحسن روپیہ دینے سے اعراض کررہا ہے۔ تو کیا روپیہ لکھ دینے کے بعد اب بھی ابوالحسن کو ترمیم وتنسیخ کا حق حاصل ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ وقف کی صورت نہیں کہ معاملہ واقف کے قابو سے باہر ہوجائے اور واقف بے بس ہوجائے، بلکہ یہ چندہ ہے اور آئندہ کے لئے وعدہ ہے، جب تک ہوسکے وعدہ پورا کرنا چاہیے، محض مال کی محبت یا معمولی تنگی کی وجہ سے وعدہ خلافی نہ کی جائے کہ یہ شرعاً مذموم ہے(۳)۔ بایں ہمہ اگر ابوالحسن رقم موعودہ نہ دے تو اس سے جبراً

---

(۱) (سورة الأنفال: ۶۱)

(۲) "لو خرب ماحوله واستغنى عنه، يبقى مسجداً عند الإمام والثانى أبداً إلى قيام الساعة، وبه يفتى، حاوى القدسى". (الدرالمختار، كتاب الوقف، مطلب فى أحكام المساجد: ۳۵۸/۴، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المساجد: ۴۲۱/۵، رشيديه)

(۳) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسو ل للهصلى اللهعلى وسلم: "آية المنافق ثلث: إذا حدث كذب، وإذا وعد أخلف، وإذا اؤتمن خان". (صحيح البخارى، كتاب الإيمان، باب علامة =

Made searchable using ScribeTools.com

وصول کرنے کا حق نہیں (۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۲/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۲/۸۸ھ۔

سرکاری ٹنکی سے مسجد میں پانی لینا

سوال[۷۴۸۴]: مسجد کے پاس باہر پانی کی ایک ٹنکی لگی ہوئی ہے، جو میونسپلٹی کی طرف سے رفاہ عام کے لئے ہے۔اگر مسجد کے لئے استعمال کرنا چاہیں کہ اس نل کے ذریعہ پائپ یا بالٹی یا کسی صورت سے مسجد میں ذخیرہ کرلیں تو جائز ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر ایسا کرنا خلافِ قانون نہ ہو، بلکہ میونسپلٹی کی طرف سے اجازت ہو تو جائز ہے (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۸/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۸/۹۰ھ۔

= المنافق: ۱/۱۰، قدیمی)

(والصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب علامة المنافق: ۱/۵۶، قدیمی)

(۱) "عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول اللهصلی اللهعلیه وسلم قال: "ألا! لاتظلموا، ألا! لایحل مال امرئ مسلم إلابطیب نفس منه". (السنن الکبری للبیهقی: ۳۸۷/۴، (رقم الحدیث: ۵۴۹۲)، دارالکتب العلمیة بیروت)

(ومشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الغصب و العاریة، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(۲) "ولابأس بأن یشرب من البئر والحوض، ویسقی دابته وبعیره، ویتوضأمنه، کذا فی الظهیربه".

(الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الربا طات والمقابر، الخ: ۴۶۵/۲، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف: ۴۲۷/۵، رشیدیه)

"قال فی المعراج: لأن طاعة الإما م فیما لیس بمعصیة واجبةٌ". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب العیدین، مطلب: تجب طاعة الإما م فیما لیس بمعصیة: ۱۷۲/۲، سعید)

"لأن طاعة الإمام فیمالیس بمعصیة فرض". (الدرالمختار، باب البغاة: ۲۶۴/۴، سعید)

غیر آباد مسجد میں میت دفن کرنا

سوال[۷۴۸۵] : ایک مسجد میں چند سال اہل دہ(۱) نماز پڑھتے رہے اور اصل مسجد جو پہلے سے بنائی گئی تھی وہ اس کے سوا دوسری ہے، یہ نئی مسجد صرف چند ایک اَمکنہ کے مالکوں نے گاہ گاہ نماز ادا کرنے کے لئے بنائی تھی، دراصل ان کی مسجد قدیمی بھی وہی ہے جو اصل مسجد پہلے بنائی تھی۔ اب چند سال کے بعد یہ نئی مسجد چونکہ اہل مسجد کے مرکھپ جانے سے ویران ہوگئی تھی (۲)، اس وجہ سے اگر اس میں کسی میت کو دفن کر دیا گیا ہو، بعد میں بعض علماء کا فتوی ہے کہ میت کو قبر سے نکال دیا جائے۔

اور بعض کا یہ فتوی ہے کہ اب میت کو بناء بر عبارتِ درمختار وشامی: "ولا یخرج منه إلا لحق آدمی الخ"۔ "(قوله: إلا لحق آدمی) احترز عن حق الله تعالی، الخ". شامی، باب الجنائز(۳) نہ نکالا جائے، حالانکہ مسجد پھر ویران ہو چکی ہے، اس میں کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مسجد فی الحال ویران ہے، یعنی اس میں نماز نہیں ہوتی، تاہم اس سے اس کی مسجدیت میں فرق نہیں آتا اور اس کی مسجدیت ہمیشہ برقرار رہے گی (۴)، اس لئے اس میں مُردوں کو دفن کرنا ناجائز ہے، کیونکہ یہ غرضِ بانی وواقف واحترامِ مسجد کے خلاف ہے (۵)، لیکن اگر عدمِ واقفیت کی بناء پر کسی کو دفن کر دیا گیا ہے تو اس کو قبر

---

(۱) ''دہ: گاؤں، بستی''۔(لغات سوری، ص: ۳۳۷، سعید)

(۲) ''مرکھپ: مر کر خاک میں مل جانا، مر کر تمام ہونا جا، بہت زیادہ کوشش کرنا''۔(فیروز اللغات، ص: ۱۲۳۲، فیروز سنز لاهور)

(۳) (ردالمحتار، کتاب الصلوة، مطلب فی دفن المیت: ۲/۲۳۶، سعید)

(۴) "لو خرب ماحوله واستغنی عنه، یبقی مسجداً عند الإمام والثانی أبداً إلی قیام الساعة، وبه یفتی". (تنویر الأبصار مع الدر المختار، کتاب الوقف: ۴/۳۵۸، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف، فصل فی أحکام المساجد: ۵/۴۲۱، رشیدیه)

(۵) "شرط الواقف کنص الشارع: أی فی المفهوم والدلالة، ووجوب العمل به". (الدر المختار، کتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، رشیدیه)

(وکذا فی الأشباه والنظائر، کتاب الوقف، الفن الثانی، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

کھود کر نکالنے کی ضرروت نہیں کہ اس سے میت کی توہین ہوتی ہے، اور نبشِ قبر بلاحقِ آدمی کے ناجائز ہے جیسا کہ عام متون میں مذکور ہے(۱) اور یہاں کسی کا حق فوت نہیں ہوتا، واقف کا اس لئے نہیں کہ اس کی ملکیت نہیں رہی، عام مسلمین کا اس لئے نہیں کہ وہ اس میں نماز نہیں پڑھتے، مسجد غیر آباد ہے، لہذا آئندہ کے لئے مسجد کی حفاظت کردی جائے کہ کوئی اَور میت مدفون نہ ہو، اور دفن شدہ کو نہ نکالا جائے کہ چند روز میں قبر خود زمین کے برابر ہوجائے گی، اور میت کے پرانا ہونے پر قبر کو زمین کے ہموار کرنا اور اس پر چلنا اور نماز پڑھنا درست ہوجائے گا(۲)۔

اگر اس سے پہلے وہ مسجد آباد ہوجائے تو قبر پر کھڑے ہوکر، یا اس کی جانب رخ کرکے نماز نہ پڑھیں(۳)، اگر گنجائش نہ ہو اور جگہ کی تنگی ہو تو پھر قبر کو ہموار کردیا جائے کہ اس صورت میں نمازیوں کا -جن کے

---

(۱) "قوله: (ولايخرج من القبر إلا أن تكون الأرض مغصوبةً): أى بعد ما أهيل التراب عليه، لايجوز إخراجه لغير ضرورة، للنهى الوارد عن نبشه، وصرحوا بحرمته. وأشار بكون الأرض مغصوبةً إلى أن يجوز نبشه لحق الآدمى، كماإذا سقط فيهامتاعه أو كفن بثوب مغصوب، أو دفن فى ملك الغير".
(البحر الرائق، كتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۳۴۱/۲، رشيديه)

(وكذا فى تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۵۸۸/۱، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب صلاة الجنائز: ۲۳۷/۲، ۲۳۸، سعيد)

(۲) "لوبلى الميت وصار تراباً، جاز دفن غيره فى قبره، وزرعُه والبناءُ عليه". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۲۳۸/۲، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۳۴۲/۲، رشيديه)

(۳) "لاتكره الصلاة فى جهة قبر إلا إذا كان بين يديه، بحيث لو صلى صلاة الخاشعين، وقع بصره عليه، كما فى جنائز المضمرات". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة ومايكره فيها، مطلب فى بيان السنة والمستحب الخ، تتمة: ۶۵۴/۱، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد، الخ: ۳۲۰/۵، رشيديه)

لئے مسجد وقف ہے-حق فوت ہوتا ہے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مظاہر علوم سہارنپور، ۲/۲/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: عبداللطیف، سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۵/صفر/۵۷ھ۔

محض ضد کی وجہ سے مسجد چھوڑنا

سوال[۷۴۸۶]: صرف چند اشخاص جو اس کے ساتھ ہیں، باقی تمام گاؤں کے مسلمان اس کے ساتھ شامل نہیں ہیں اور وہ اشخاص جو کہ دائمی نمازی ہیں، ان کو مطلقاً مسجد کے بنانے میں شامل نہ کیا جائے، بلکہ وہ اشخاص اب باہر در بدر نمازیں پڑھتے ہیں۔آیا اس حال میں مسجد بنانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

محض ضد کی وجہ سے کہ ''ہمیں شامل نہیں کیا، ہم سے مشورہ نہیں لیا'' مسجد چھوڑنا اور در بدر نماز پڑھنا منع ہے، نماز مسجد ہی میں پڑھنی چاہیے(۱) اور مسجد بنانے والوں کو بھی بغیر نمازیوں کے مشورہ کے مسجد میں تعمیر کرنا، یا گرانا بُری بات ہے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۸/۲/۵۷ھ

صحیح: عبداللطیف، مظاہر علوم، ۲۸/صفر/۵۷ھ، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مظاہر علوم۔

حفاظتِ سامان کے لئے مسجد میں تالا ڈالنا

سوال[۷۴۸۷]: مسجد میں بوجۂ چوری وبغرضِ حفاظت اگر تالا ڈال دیا جائے تو کیا حکم ہے، جائز

---

(۱) "وعن أنس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ وسلم: "صلوة الرجل فی بیته بصلوةٍ، وصلوته فی مسجد القبائل بخمس وعشرین صلوةً، وصلوته فی المسجد الذی یجمع فیه بخمسمأة صلوةً". (مشکوة المصابیح، باب المساجد ومواضع الصلوة، الفصل الثالث، ص: ۷۲، قدیمی)

(۲) "مسجد مبنی معمور لیس للمتولی أن یهدمه ثانیاً یتکلف فی تزیینه". (الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۵/۸۴۵، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد ومایتعلق به، الفصل الأول: ۲/۴۵۷، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جبکہ سامانِ مسجد محفوظ نہیں تو اس کی حفاظت کے لئے تالا ڈالنا شرعاً درست، بلکہ ضروری ہے، کذافی البحر الرائق: ۲/۳۳(۱)، مگر ہر نماز کے وقت وہاں سب کے آنے اور نماز پڑھنے کی اجازت ہونی چاہیے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۸/ ۸۹ھ۔

مسجد کی آبادی

سوال[۷۴۸۸]: ۱.....ایک مسجد کے محلّہ میں چار پانچ اقوام آباد ہیں، ایک قوم کے تقریباً پندرہ سولہ گھر ہیں اور دیگر اقوام کے دو دو ایک ایک گھر ہیں۔ قوم کثیرین میں سے صرف دو تین آدمی نماز پڑھتے ہیں، باقی اسی قوم کثیر کے آدمی نہ نماز پڑھتے ہیں اور نہ کسی کے سمجھانے کو مانتے ہیں اور نہ یہ قوم کثیر مع نمازیوں کے وقتِ معینہ پر بجز ایک دو اشخاص کے پیشِ امام کی خدمت کرتے ہیں، اس لئے مسجد مذکور میں جو کہ قومِ کثیر کے نام سے منسوب اور جتھہ میں ہے، کوئی امام نہیں ٹھہرتا۔

اور اگر دیگر اقوام کے آدمی جن میں آٹھ نو نمازی ہیں، یہ قوم کثیر کے ایک دو آدمی سے رائے لے کر کوئی

---

(۱) "قوله: "(وغلق باب المسجد)؛ لأنه يشبه المنع من الصلوة، قال الله تعالى: ﴿ومن أظلم ممن منع مساجد الله أن يذكر فيها اسمه﴾ [البقرة: ۱۱۴]. وقيل: لابأس به إذاخيف على متاع المسجد، وهو أحسن من التقييد بزماننا، كمافي عبارة بعضهم، فالمدار خشية الضررعلى المسجد، فإن ثبت في زماننا في جميع الأوقات، ثبت كذلك، إلافي أوقات الصلاة، أو لا فلا، أو في بعضها ففي بعضها". (البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب مايفسده الصلوه ومايكره فيها، فصل: كره استقبال القبلة: ۲/۵۹، ۶۰، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، فصل: كره غلق باب المسجد: ۱/۱۰۹، رشيديه)

(وكذا في الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب مايفسد الصلاة وما يكره فيها، مطلب في أحكام المسجد: ۱/۶۵۶، سعيد)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الصلاة، فصل: يكره استقبال القبلة: ۱/۴۲۱، مصطفى البابي الحلبي مصر)

امام رکھ لیتے ہیں تو جب پیشِ امام کی وقتِ معینہ پر خدمت کرنے کا موقع آتا ہے تو قوم کثیر انواع واقسام کے عذرات پیش کرتی ہے، کوئی کہتا ہے: کیا امام مسجد ہم سے پوچھ کر رکھا تھا، کوئی کہتا ہے کہ یہ امام جو تم نے مقررہ آمدنی پر رکھا ہے اس کے پیچھے نماز جائز نہیں ہے۔ غرض! نہ دینے کی وجہ سے اکثر ناجائز عذر پیش کرتے ہیں، اس لئے مسجدِ مذکور اکثر امام سے خالی رہتی ہے اور اقوام قلیلہ تنہا اس مسجد کا خرچہ برداشت نہیں کرسکتی۔

۲.....اگر کوئی دوسری مسجد میں جانے کا حکم نہیں ہے تو اگر مسجد مذکور سابق کی غیر آبادی کے باعث کوئی غضب الٰہی نازل ہونے لگے تو اقوامِ قلیلہ کے نمازی غضبِ الٰہی سے محفوظ رہیں گے، یا قوم کثیر کے ہمراہ مغضوب ہوجائیں گے؟ مدلل جواب فرمایا جاوے۔

۳.....اگر اقوام قلیلہ کے نمازی قوم کثیر کے ہمراہ رہیں گے تو ایسی حالت میں قوم کثیر اور اس کی مسجد سے کنارہ کرسکتے ہیں اور غضب الٰہی سے محفوظ رہ سکتے ہیں یا نہیں؟

عبدالحمید، مرزاپوری، طالب علم مدرسہ ہٰذا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جماعت اصحّ قول پر واجب ہے اور بعض کے نزدیک فرض عین ہے، بعض کے نزدیک فرض کفایہ ہے، بعض کے نزدیک سنتِ مؤکدہ ہے، تارکِ جماعت بلا عذر پر تعزیر ہے، اگر سب ترکِ جماعت کی عادت کرلیں تو امام کو ان سے قتال کرنا چاہیے:

قال الحلبیٰ الکبیر: "قیل إنها فرض عین إلامن عذر، وهو قول أحمد وداؤد وعطاء وأبی ثور رحمهم الله تعالیٰ. وقیل: فرض کفایة. وقال محمد رحمه الله تعالیٰ فی الأصل: اعلم أن الجماعة سنة مؤکدة، لایرخص الترك فیها إلابعذر مرض أو غیره. وأول هذا الکلام یفید السنیة، واٰخره یفید الوجوب، وهو الظاهر معنی الغایة. قال عامة مشایخنا: إنها واجبة. وفی المفید: إنها واجبة، وتسمیتها سنةً لوجوبها بالسنة ..... تارکها من غیر عذر یعزّر، وترد شهادته، ویأثم الجیران بالسکوت عنه، وهذا کلها أحکام الواجب، الخ".

Made searchable using ScribeTools.com

الحلبی الکبیر، ص: ٤٧٤(١)۔

مگر ساتھ ہی محلّہ کی مسجد کو آباد رکھنا بھی ضروری ہے، اگر تمام نمازی دوسری مسجد میں نماز کے لئے جائیں گے یہ مسجد ویران ہوجائے گی (۲)۔ اس لئے جہاں تک ہوسکے مصالحت اور نرمی سے مسجد کو آباد رکھنا چاہیے۔ اگر غرباء امام کا خرچہ برداشت نہیں کرسکتے اور بلا اجرت امام میسر نہیں آتا تو اُمراء ہی کی رائے سے کسی صالح کو امام مقرر کرلیا جائے (۳)۔

---

(۱) (غنية المستملی شرح منية المصلی لإبراهيم الحلبی الكبير، فصل فی الإمامة، وفيها مباحث، ص: ۵۰۸، ۵۰۹، سهيل اكيڈمی، لاهور)

"قوله: (الجماعة سنة مؤكدة): أی قويةٌ تشبه الواجب فی القوة. والراجح عن أهل المذهب الوجوب، ونقله فی البدائع عن عامة مشايخنا ..... والظاهر أنهم أرادوا بالتأكيد الوجوب؛ لاستدلالهم بالأخبار الواردة بالوعيد الشديد بترک الجماعة. وصرح فی المحيط بأنه لايرخص لأحد فی تركها بغير عذر، حتی لوتركها أهل مصر يؤمرون بها، فإن ائتمروا، وإلا يحل مقاتلتهم. وفی القنية وغيرها: بأنه يجب التعزير علی تاركها بغير عذرويأثم الجيران بالسكوت". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/۶۰۲، ۶۰۳، رشيديه)

(وكذا فی الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۵۲، سعيد)

(وكذا فی بدائع الصنائع، كتاب الصلوة، باب صلاة الجماعة: ۱/۳۸۴، رشيديه)

(۲) "وإن لم يكن لمسجد منزله مؤذن، فإنه يذهب إليه ويؤذن فيه، ويصلی وإن كان واحداً؛ لأن لمسجد منزله حقاً عليه، فيؤدی حقه. مؤذن مسجد لايحضر مسجده أحدٌ، قالوا: هويؤذن ويقيم ويصلی وحده، وذلک أحبّ من أن يصلی فی مسجد آخر، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۵۵، سعيد)

(وكذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، فصل فی المسجد: ۱/۶۷، رشيديه)

(وكذا فی خلاصة الفتاویٰ، الفصل السادس والعشرون فی المسجد: ۱/۲۲۸، رشيديه)

(۳) "فإن عرف فالبانی أولی، وكذا فی نصب الإمام والمؤذن، وولد البانی وعشيرته من بعده أولی من غيرهم ..... وإن تنازعوا فی نصب الإمام والمؤذن مع أهل المحلة، إن كان مااختاره أهل المحلة أولی من الذی اختاره البانی، فما اختاره أهل المحلة أولی؛ لأن ضرره ونفعه عائد إليهم، وإن كان سواء =

Made Searchable by ScribeTools.com

۳،۲..... جب دوسری مسجد میں تمام نمازیوں کے جانے اور پہلی مسجد کو چھوڑنے کا حکم نہیں ہے (۱) تو مسجدِ مذکور سابق غیر آباد کیوں ہوگی۔ اگر اقوام کثیر زبردستی مسجد سے نکال دیں اور نماز نہ پڑھنے دیں اور اقوام قلیلہ اس فتنہ کی وجہ سے کسی دوسری مسجد میں نماز پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ ان کو اس مسجد میں نماز نہ پڑھنے کی وجہ سے گناہ نہ ہوگا، کیونکہ فتنہ اور فساد سے بچنا ضروری ہے، تاہم فتنہ پر آمادہ ہونا اور مسجد کو چھوڑنا ہرگز ہرگز مسلمانوں کی شان سے نہیں، مصالحت سے کسی صالح امام کو مقرر کر لینا چاہیے، تاکہ مسجد بھی آباد رہے اور غضبِ الٰہی بھی کسی پر نازل نہ ہو۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۶/۱۱/۵۳ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۱۷/ ذی قعدہ/۵۳ھ۔

مسجد نما اور درمیان میں قبر بنانے کا حکم

سوال[۷۴۸۹]: ایک شخص تعلیم یافتہ نہیں ہے، ہاں نماز پڑھانے کے لئے چند سورتیں یاد ہیں، اس کو بھی صحیح طریقہ پر نہیں پڑھتا، اگر کوئی کہتا ہے تو غیر مسلموں کا سہارا لے کر مسلمانوں کی مخالفت اس درجہ میں کرتا ہے کہ ان کو موقع پا کر گرفتار بھی کرا دیتا ہے۔ اس بناء پر اہلِ مسجد نے ان کے پیچھے نماز پڑھنی چھوڑ دی اور جب وہ نہیں گیا تو وہاں کے مسلمین نے اس کا بائیکاٹ کر دیا۔ اب مسلمانوں میں سے کوئی اس کا ہم نوا نہیں رہا، لیکن چونکہ غیر مسلم اس کے ہم درد ہیں، اس بناء پر غیر مسلموں کے روپے سے ایک مزار کے اوپر مسجد کا نمونہ بنا کر بیٹھا ہے اور مزار کا چڑھاوا وغیرہ بھی کھاتا ہے اور جو کچھ ذہن میں آتا ہے تقریر بھی کرتا ہے۔

مسجد کے باہر کے حصہ میں پہلی صف میں جو مزار ہے وہ بیچ دروازہ کے بالکل لگتا ہے، مسجد مذکور کے

= فنصب البانی أولی". (البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الرابع فی المسجد، الخ: ۲۶۹/۶، رشیدیه)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، فصل فی المسجد: ۶۷/۱، ۶۸، رشیدیه)

(۱) "قوله: (ومسجد حیه أفضل من الجامع) لولم یکن لمسجد منزله مؤذن، فإنه یذهب إلیه ویؤذن فیه، ویصلی ولو کان وحده؛ لأن له حقاً علیه، فیؤدیه". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب مایفسد الصلوة ومایکره فیها، مطلب فی أفضل المساجد: ۶۵۹/۱، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

بننے سے اوراس شخص کے رہنے سے مسلمانوں کی عزت، آبرو، جان ومال کا خطرہ ہے۔لہذا اس مسجد میں اوراس شخص کے پیچھے نماز کا پڑھنا کیسا ہے؟ مسجد ضد بازی سے بنائی گئی ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ جگہ مسجد بنانے اور نماز پڑھنے کے لئے نہیں دی گئی، بلکہ مالک کی اجازت ومنشاء کے خلاف ایک شخص نے مسجد نما بنالی ہے(۱) اور قبر درمیان میں ہے کہ فرش پر جب نماز پڑھنے والے سجدہ کرتے ہیں تو قبر کی طرف سجدہ ہوتا ہے تو وہاں نماز نہ پڑھی جائے (۲) اوراس شخص کو امام نہ بنایا جائے (۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/ ۷/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح، بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۷/ ۹۲ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "فإن شرط الوقف التأبيد، والأرض إذا كانت ملكاً لغيره، فللمالك استرداده وأمره بنقض البناء". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مناظرة ابن الشحنة: ۴/ ۳۹۰، سعيد)

"وكذا تكره فى أماكن كفوق كعبة، و فى طريق ومزبلة ..... وأرض مغصوبة، أو للغير لو مزروعة أو مكروبة". (الدرالمختار، كتاب الصلاة: ۱/ ۳۷۹، ۳۸۱، سعيد)

(۲) "عن أبى مرثد الغنوى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لاتجلسوا على القبور ولا تصلوا إليها". (جامع الترمذى، أبواب الجنائز، باب كراهة الوطى والجلوس عليها: ۱/ ۲۰۳، سعيد)

(۳) "عن عبد الله بن عمررضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يقول: "ثلاثة لا يقبل الله منهم صلوة: من تقدم قوماً وهم له كارهون". الحديث (سنن أبى داؤد: ۱/ ۹۵، كتاب الصلوة، باب الرجل يؤم القوم وهم له كارهون، مكتبه امداديه ملتان)

(وجامع الترمذى، أبواب الصلوة، باب ما جاء من أمّ قوماً وهم له كارهون: ۱/ ۸۲، ۸۳، سعيد)

"ولو أمّ قوماً وهم له كارهون، إن الكراهة لفسادٍ فيه، أو لأنهم أحق بالإمامة منه، كره له ذلك تحريماً، لحديث أبى داؤد: "لا يقبل الله صلاة من تقدم قوماً وهم له كارهون". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الإمامة: ۱/ ۵۵۹، سعيد)

باب المُصلّی

(عیدگاہ کا بیان)

کیا عیدگاہ کے لئے وقف ہونا لازم ہے؟

سوال[۷۴۵۰]: عیدگاہوں کے لئے وقف ہونا شرط ہے، یا اجازتِ مالک ہی کافی ہے؟ بہرحال سالہا سال سے عیدین کی نماز ہوتی چلی آئی ہے جو اسی کام کے لئے تعمیر کی گئی ہے، اس کے لئے وقف یا اذنِ عام کا تحریری ثبوت اور دلیل ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نمازِ عید کے لئے وقف ہونا اور لوگوں کا وہاں نماز ادا کرنا بس اتنا ہی کافی ہے، تحریری ثبوت لازم نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود۔

عیدگاہ کی جو زمین ندی میں بہہ کر پھر مل گئی، اس کو حکومت سے اپنے نام کرنے کا حکم

سوال[۷۴۵۱]: زید کی زمینداری کے وقت زید کے مورثِ اعلیٰ نے جو تقریباً پچاس سال سے زائد ہی ہوئے کہ ایک عیدگاہ بنوائی تھی، موجودہ حکومت نے زمینداری لے لی اور حال سروے جو لگ بھگ تیس سال ہوئے کہ عیدگاہ والا قطعہ بہار سرکار کے کھاتے اندراج پایا۔ ان زمینوں میں سے جس قطعہ پر عیدگاہ واقع

---

(۱) "وقال أبو يوسف رحمه الله تعالىٰ: يزول ملكه بمجرد القول". (الهداية، كتاب الوقف: ۲/۶۳۷، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا في فتح القدير، كتاب الوقف: ۶/۲۳۸، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۴۱۶، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

تھی وہ ندی میں بہہ گیا، ایک طویل مدت تک وہ ندی کی شکل میں رہا۔ اب وہ زمین ندی سے باہر نکل چکی ہے، لیکن عیدگاہ کی کوئی علامت اور نشانی باقی نہیں ہے۔ زید نے مذکور فی السوال بہار سرکار سے اَور زمینوں کے ساتھ ایک قطعہ کو جس پر کبھی عیدگاہ تھی اپنی ناواقفیت اور کوئی نشاندہی نہیں رہنے کی وجہ سے سرکار سے نذرانہ اور سلامی دے کر بندوبست کرالی ہے اور سالانہ مالگذاری بھی دین ہوتا ہے۔

گاؤں والوں نے دوسری مناسب جگہ اپنی عیدگاہ بنالی ہے۔ مذکورہ صورت میں زید کا عیدگاہ والا قطعہ جو فی الوقت میں ہے، بندوبست کرنا درست ہے یا نہیں، اگر نہیں تو اس کا مصرف کیا ہوگا؟ کیا زید کی آبادی کے بعد زید کے لئے بٹائی لینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر یہ ثابت ہوجائے کہ جو قطعۂ زمین زید نے سلامی دے کر حاصل کی ہے، یہ وہی قطعہ ہے جس پر عیدگاہ تھی یعنی یہ وقف ہے تو زید کا اس کو اپنے لئے آباد کرنا اس کی آمدنی حاصل کرنا درست نہیں (۱)، بلکہ اس کی آمدنی جو حاصل کر چکا ہے اس عیدگاہ کو دے دے جو دوسری جگہ بنائی جا چکی ہے (۲) اور اس حاصل شدہ قطعہ پر اہلِ بستی کے مشورہ سے دوبارہ پھر عیدگاہ بنائی جائے تاکہ واقف کی نیت پوری ہو (۳)۔ اور اگر متعین طور پر یہ

---

(۱) "وإذا تم ولزم، لايملك ولايملك ولا يعار ولا يرهن". (الدرالمختار). "(قوله: لايملك): أى لايكون مملوكاً لصاحبه، (ولا يملك): أى لايقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه، لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۳۵۱/۴، ۳۵۲، سعيد)

(وكذا فى الهداية، كتاب الوقف: ۶۴۰/۲، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف: ۲۲۰/۶، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

(۲) "رباط استغنىٰ عنه المارّة وبجنبه رباط آخر، قال السيد الإمام أبو الشجاع: تصرف غلته إلى الرباط الثانى". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فيما لوخرب المسجد، أو غيره: ۳۵۹/۴، سعيد)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل فى المقابر والرباطات: ۳۰۵/۳، رشيديه)

(۳) "على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفين ،الخ : ۴۴۵/۴، سعيد)

معلوم نہیں کہ یہ حاصل کردہ زمین وہی ہے جس پر عیدگاہ تھی تو پھر زید کو اس کی آمدنی حاصل کرنا اور استعمال کرنا درست ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

کیا عیدگاہ پر مسجد کے احکام جاری ہوتے ہیں؟

سوال[۷۴۵۲]: ۱..... یہاں ایک مقامی میدان ہے جس کا رقبہ بہت وسیع ہے، قبرستان شمار کیا جاتا ہے، اسی رقبہ کے ایک میدان میں عیدگاہ پختہ واقع ہے، عیدگاہ پختہ چہار دیواری سے گھری ہوئی اور دروازہ لگا ہوا ہے، عیدگاہ اور قبرستان کے ایک ہی متولی ہیں۔ یہ کل رقبہ صدیوں سے وقف ہے اور عیدگاہ میں عیدین کی نماز بھی صدیوں سے ہورہی ہے۔ وقف نامہ موجودہ نہیں، زبانی وقف شمار کیا جاتا ہے۔ اب دریافت طلب یہ ہے کہ یہ عیدگاہ مسجد کے حکم میں ہے یا نہیں اور مسجد کے کل احکام اس پر عائد ہوسکتے ہیں یا نہیں؟

۲..... دوم یہ کہ عیدین کے دن عیدگاہ کے اندر مصلیوں کے سامنے قبل نماز کانگریس، مسلم لیگ کے پروپیگنڈے، مواعظ ورسم، جھنڈا کشائی کرنا جائز ہے یا نہیں؟

عیدگاہ میں کھیل کھیلنا

۳.....سوم یہ کہ اسی میدان کے کچھ حصہ میں فٹ بال اور مختلف کھیل کود ہوتے ہیں۔ یہ حرکات کس حدتک جائز ہیں؟

المستفتی: حاجی حمیداللہ، مقام نوری، ضلع بیربھوم، بنگال۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....عیدگاہ جوازِ اقتداء کے حق میں مسجد کے حکم میں ہے، بقیہ امور میں مسجد کے حکم میں نہیں، جیسا کہ بحالتِ جنابت مسجد میں داخل ہونا ممنوع ہے اس طرح عیدگاہ میں ممنوع نہیں، کذا فی الدرالمختار(۱)۔

---

(۱) "أما المتخذ لصلوة جنازة أو عيد، فهو مسجد فی جواز الاقتداء وإن انفصل الصفوف، رفقاً بالناس، لا فی حق غيره، وبه يفتی، فحل دخوله لجنب و حائض كفناء مسجد، الخ". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۶۵۷، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الطهارة، باب الحيض: ۱/۳۳۸، رشيديه) ..... =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

۲.....عیدگاہ میں بطورِ تشکر نماز ادا کرنے کے لئے اجتماع ہوتا ہے، لہذا نماز اور عید کے مختلف احکام اور مواعظ بیان کئے جائیں، مسلم لیگ اور گانگریس رسوم کے لئے علیحدہ اجتماع کیا جائے تو بہتر ہے۔

۳.....فٹ بال کھیلنا بھی وہاں غرضِ واقف کے خلاف ہے، اس سے بھی احتراز کیا جائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۱۰/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۴/شوال/۶۱ھ۔

عیدگاہ اور مسجد میں فرق

سوال[۷۴۵۳]: مسجد اور عیدگاہ کا حکم ایک ہے یا علیحدہ؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صحتِ اقتداء میں دونوں کا حکم ایک ہے، کذا فی الدر المختار: ۱/۲۶۹ (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱۰/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: سید احمد علی سعید، نائب مفتی دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الطهارة، الفصل الرابع في أحكام الحيض، الخ: ۱/۳۸، رشيديه)

(۱) "على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة: ۴/۴۴۵، سعيد)

(۲) "وأما المتخذ لصلوة جنازة أو عيد، فهو مسجد في حق جواز الاقتداء". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۶۵۷، سعيد)

"وما اتخذ لصلاة العيد، لا يكون مسجداً مطلقاً، وإنما يعطى له حكم المسجد في صحة الاقتداء بالإمام، وإن كان منفصلاً عن الصفوف. و أما فيماسوى ذلك، ليس له حكم المسجد. وقال بعضهم: له حكم المسجد حال أداء الصلاة لاغير". (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً أو سقايةً أو مقبرةً: ۳/۲۰۱، رشيديه)

(وكذا في التاتارخانيه، كتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۵/۸۴۵، إدارة القرآن كراچی)

عیدگاہ اور مسجد میں فرق، عیدگاہ میں اسکول، مدرسہ، راستہ بنانا اور کھیل کھیلنا

سوال[۷۴۵۴]: عیدگاہ کا حکم شرعاً بعینہ مسجد کا حکم ہے، اگر مابین کچھ فرق ہے تو وہ فرق کیا ہے؟ بہرحال عیدگاہ کے حدود کے اندر اسکول یا دینی مدرسہ قائم کرنا کیسا ہے اور عیدگاہ کے حدود کے اندر سے انسان اور مویشیوں کا عام راستہ چلنا، بچوں کا کھیل کود کرنا جائز ہے یا نہیں؟ نیز اگر عیدگاہ کے بالمقابل بلا حائل قبرستان ہو، ایسی عیدگاہ میں نماز پڑھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جوازِ اقتداء میں عیدگاہ مسجد کے حکم میں ہے، بقیہ احکام میں مسجد کے حکم میں نہیں، بلکہ فنائے مسجد اور مدرسہ وغیرہ کے حکم میں ہے، جو چیزیں فنائے مسجد و مدرسہ وغیرہ میں جائز ہیں وہ عیدگاہ میں بھی جائز ہیں اور جو وہاں ناجائز وہ یہاں بھی ناجائز ہیں۔ ظاہر ہے کہ مدارس اور فنائے مسجد مویشیوں یا عوام کے راستہ کے لئے نہیں ہوتے، پس عیدگاہ کی اس سے حفاظت چاہئیے۔ بچوں کا کھیل کھیلنا گنجائش رکھتا ہے، لیکن مستقل کھیل کے لئے عیدگاہ کو مقرر کرنا، یا اس کو فیلڈ بنانا نہیں چاہئیے:

"وأما المتخذ لصلوة جنازة أو عيد، فهو مسجد فی جواز الاقتداء وإن انفصل الصفوف، رفقاً بالناس، لا فی حق غيره، به يفتىٰ، نهاية. فحل دخوله لجنب أو حائض كفناء مسجد ورباط و مدرسة". درمختار: ۱/۶۸۷(۱)۔

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۱/۶۵۷، سعيد)

"مسجد اتخذ لصلاة الجنازة أو لصلاة العيد، هل يكون له حكم المسجد؟ ..... و ما اتخذ لصلاة العيد، لا يكون مسجداً مطلقاً، وإنما يعطى له حكم المسجد فی صحة الاقتداء بالإمام، وإن كا ن منفصلاً عن الصفوف. وأما فيما سوى ذلک، ليس له حكم المسجد ..... و فی الواقعات: المسجد الذی اتخذ لصلاة العيد، فالمختار للفتوى أنه مسجد فی حق جواز الاقتداء وإن انفصلت الصفوف، و أما ما عدا ذلک، فلا، رفقاً بالناس". (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۵/۸۴۵، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی فتاوىٰ قاضی خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، باب الرجل يجعل داره مسجداً، أو خاناً، أو سقايةً أو مقبرةً: ۳/۲۹۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

اگر قبریں بالکل متصل ہیں اور سجدہ کے سامنے ہیں تو وہاں نماز مکروہ تحریمی ہے، اگر دائیں، یا بائیں، یا پیچھے ہیں تو اس ترتیب سے کراہت میں کمی ہے، اگر فاصلہ زیادہ ہے تو کراہت نہیں (۱)۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، ناظم مدرسہ۔

عیدگاہ آبادی میں ہونے کی وجہ سے فروخت کرنے کا حکم

سوال[۷۴۵۵]: عیدگاہ آبادی کے اندر آجانے کی وجہ سے اس کو توڑ کر آبادی کے باہر منتقل کرنا چاہتے ہیں۔ دریافت طلب بات یہ ہے کہ عیدگاہ کو توڑ کر اس کی زمین کو عام استعمال کے لئے بعض دوکان، مکان وغیرہ تعمیر کرنے کے لئے فروخت کیا جاسکتا ہے یا نہیں، یا عیدگاہ کو مسجد بنادیا جائے؟ اگر آپ مسجد کا حکم دیں گے تو جہاں پر عیدگاہ واقع ہے وہاں پر مسجد کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ وہ مسجد بالکل قریب ہے، انہیں کے لئے نمازی ناکافی ہیں اور مدرسہ بھی عیدگاہ کے قریب ہے، اس لئے مدرسہ بھی نہیں بناسکتے۔

---

(۱) "عن أبی مرثد الغنوی رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "لا تجلسوا علی القبور، ولا تصلوا إلیها". (رواه الترمذی، أبواب الجنائز، باب کراهیة الوطی علی القبور والجلوس علیها: ۱/۲۰۳، سعید)

"وتکلموا أیضاً فی معنی الکراهة إلی القبر، قال بعضهم: لأن فیه تشبهاً بالیهود ..... و هذا کله إذا لم یکن بین المصلی و بین هذه المواضع حائط أو سترة، أما إذا کان، لا یکره، و یصیر الحائط فاصلاً. وإذا لم یکن بین المصلی و بین هذه المواضع سترةٌ، فإنما یکره استقبال هذه المواضع". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المسجد و القبلة والمصحف، الخ: ۵/۳۱۹، ۳۲۰، رشیدیه)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب ما یفسد الصلاة و ما یکره فیها، مطلب فی بیان السنة و المستحب، الخ: ۱/۶۵۴، سعید)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، مکروهات الصلاة، ص:۳۵۷، قدیمی)

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر وہ عیدگاہ وقف ہے تو اس کی زمین کوفروخت کرنا جائز نہیں (۱)، محض آبادی کے اندر آجانے کی وجہ سے اس میں کسی تغیر کی ضرورت نہیں، اس کو اپنے حال پر رکھیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۱۱/ ۹۲ھ۔

متعدد عیدگاہ بنانا، جب کہ پرانی عیدگاہ ناکافی ہو

سوال[۷۴۵۶]: ۱.....آپ سے چندروز قبل ایک فتوی لیا تھا، آپ نے اس کا جواب یہ دیا تھا کہ:

''اگر عیدگاہ وقف ہے تو اس کی زمین کوفروخت کرنا جائز نہیں، محض آبادی کے اندر آجانے کی وجہ سے اس میں کسی تغیر کی ضرورت نہیں، اس کو اپنے حال پر رکھیں''۔

اب دریافت طلب بات یہ ہے کہ عیدگاہ کو محض آبادی کے اندر آجانے کی وجہ سے منتقل نہیں کررہے ہیں، بلکہ اس کے ساتھ ساتھ عیدگاہ کو موجودہ عیدگاہ سے وسیع بنانا بھی مقصود ہے، کیونکہ یہ بہت چھوٹی ہے، نماز کے موقع پر دشواری ہوتی ہے، اس کے اندر پورے نمازی نہیں سماتے۔ نیز وضاحت فرمائیں کہ آبادی کے باہر عیدگاہ بنانا کس درجہ میں داخل ہے، آیا واجب ہے یا افضل؟ اور باہر بنانے سے شریعت کا کیا مقصد ہے اور آبادی

---

(۱) "فإذا تم ولزم، لا يملک و لا يملک و لا يعار و لا يرهن". (الدرالمختار). "(قوله: لا يملک): أی لا يکون مملوکاً لصاحبه. (ولايملّک): أی لا يقبل التمليک لغيره بالبيع ونحوه، لا ستحالة تمليک الخارج من ملکه". (ردالمحتار، کتاب الوقف: ۴/ ۳۵۱، ۳۵۲، سعيد)

"إذا صح الوقف، لم يجز بيعه و لا تمليکه". (الهداية، کتاب الوقف: ۲/ ۶۴۰، مکتبه شرکت علميه ملتان)

(وکذا فی فتح القدير، کتاب الوقف: ۶/ ۲۲۰، مکتبه مصطفی البابی الحلبی مصر)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/ ۳۴۲، رشيديه)

(۲) "شرط الواقف کنص الشارع: أی فی وجوب العمل به، و فی المفهوم والدلالة، اهـ". (الأشباه والنظائر، کتاب الوقف، الفن الثانی، الفوائد: ۲/ ۱۰۶، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی مجمع الأنهر، کتاب الوقف: ۲/ ۶۰۸، مکتبه غفاريه کوئٹه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الوقف: ۴/ ۴۳۳، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

سے باہر عیدگاہ بنانا ہمارے حنفی مسلک کے مخالف ہے یا موافق؟

۲..... یہ کہ عیدگاہ کی زمین وقف ہی ہے، لیکن اس میں کیا حرج ہے کہ موقوفہ زمین کو فروخت کر کے اس کے پیسوں سے جدید عیدگاہ تعمیر کر دی جائے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱..... آبادی سے باہر صحرا میں جا کر نماز عید ادا کرنا افضل اور سنت ہے، خواہ عیدگاہ ہو یا نہ ہو(۱)۔ عیدگاہ مستقل بنالینا قرینِ مصلحت ہے تاکہ کسی کو یہ اعتراض نہ ہو کہ ہماری زمین و ہمارے کھیت میں کیوں نماز پڑھتے ہیں، نیز ممکن ہے کہ نماز کے وقت جگہ خالی نہ ملے، کھیتی کھڑی ہو۔ موجودہ عیدگاہ اگر ناکافی ہے اور آبادی سے باہر عیدگاہ بنانے کی ضرورت ہے تو دوسری عیدگاہ بنانے کی ممانعت نہیں، اجازت ہے، بنالی جائے۔ ضعفاء اور کمزوروں، بیماروں کے لئے موجودہ عیدگاہ کو باقی رکھا جائے، پنجگانہ نماز بھی اس میں درست ہے:

"وفی الخلاصة والخانية: السنة أن يخرج الإمام إلى الجبانة، ويستخلف غيره، ليصلى فی المصر بالضعفاء، و بناءً على أن صلوة العيدين فی موضعين جائزة بالاتفاق. وإن لم يستخلف، فله ذلك، الخ. الجبانة على المصلى العام: أی فی الصحراء. بحر عن المغرب". شامی(۲)۔

---

(۱) "(والخروج إليها): أی الجبانة لصلاة العيد (سنة وإن وسعهم المسجد الجامع)، هو الصحيح". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، باب العيدين: ۲/۱۶۹، سعيد)

"الخروج إلى الجبانة فی صلاة العيد سنة وإن كان يسعهم المسجد الجامع، على هذا عامة المشايخ، وهو الصحيح". (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب السابع فی صلاة العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه)

(وكذا فی البحرالرائق، كتاب الصلاة، باب صلاة العيدين: ۲/۲۷۸، رشيديه)

(وكذا فی حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، باب أحكام العيدين الخ: ۵۳۱، قديمی)

"يجوز إقامة صلاة العيد فی موضعين". (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب السابع فی صلاة العيدين: ۱/۱۵۰، رشيديه)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب الجمعة: ۲/۱۴۴، ۱۴۵، سعيد)

(۲) (ردالمحتار، باب العيدين، مطلب: يطلق المستحب على السنة وبالعكس: ۲/۱۶۹، سعيد) =

Made Searchable by ScribeTools.com

۲.....عیدگاہ کی زمین جب وقف ہے،تو اس کی بیع جائز نہیں:"(فإذا تم ولزم، لا يملك و لا يملّك، الخ): أى لا يكون مملوكاً لصاحبه. (ولا يملّك): أى لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه، لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه". شامى(۱)۔

وقف زمین ملک سے ہی خارج ہے اور بیع اپنی ملک کی ہوسکتی ہے،اس لئے اس کی بیع درست نہیں۔

فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۲۴/۱۱/۹۲ھ۔

رفعِ فساد کے لئے دوسری عیدگاہ بنانا

سوال[۷۴۵۷]: ایک عیدگاہ میں پہلے سے مع الاتفاق عید کی نماز ہوتی رہی، بعد کو چند آدمی نے ایک فساد کی بنا پر دوسری عیدگاہ بنائی۔ اب شرعاً کونسی عیدگاہ میں نماز ہوگی اور عیدگاہ ثانی ضرار کے حکم میں داخل ہوگی یا نہیں؟

مولوی عبدالغنی ملہٹی۔

= "والسنة أن يخرج الإمام إلى الجبانة، ويستخلف غيره، ليصلى فى المصر بالضعفاء والمرضى والأضراء، و يصلى هو فى الجبانة بالأقوياء والأصحاء. وإن لم يستخلف أحداً، كان له ذلك". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، باب صلاة العيدين: ۱/۱۸۳، رشيديه)

"الجبانة المصلى العام فى الصحراء". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب صلاة العيدين: ۲/۲۷۸، رشيديه)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، باب ما يستحب يوم العيد: ۱/۲۲۵، رشيديه)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى كتاب الصلاة، الفصل الرابع والعشرون فى صلاة العيدين: ۱/۲۱۳، ۲۱۴، رشيديه)

(۱) (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۴/۳۵۲، سعيد)

"إذا صح الوقف، لم يجز بيعه و لا تمليكه". (الهداية، كتاب الوقف: ۲/۶۴۰، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۴۲، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف: ۶/۲۲۰، مصطفى البابى الحلبى مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

فساداورتفرقہ پیدا کرنے کے لئے دوسری عیدگاہ بنانا جائز ہے(۱)،البتہ اگرفساد کسی وجہ سے پیدا ہوگیا اوراس کا دفعیہ بجز دوسری عیدگاہ بنانے کے دشوار ہےتو دوسری عیدگاہ بنانا درست ہے(۲)۔ بہرحال جب وہ عیدگاہ بن چکی اور باقاعدہ وقف کردی گئی تو اس میں اور پہلی عیدگاہ میں دونوں میں نماز درست ہے،[پہلی] عید گاہ مستحق تقدیم ہے(۳)،حتی الوسع رفع فسادضروری ہے۔واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودگنگوہی عفااللہ عنہ،معین مفتی مدرسہ مظاہرعلوم سہارنپور،۲۳/۱۱/۵۵ھ۔

الجواب صحیح:سعیداحمدغفرلہ، صحیح:عبداللطیف،۲۳/ذی قعدہ/۵۵ھ۔

رنجش رفع ہونے پردوسری بنائی گئی عیدگاہ کے ساتھ کیا کیا جائے؟

سوال[۷۴۵۸]: ایک بستی کے اندرپانچ محلے ہیں،تین محلے الگ ہوگئے،آپس میں رنجش ہوگئی اور

---

(۱) "قيل: كل مسجد بنى مباهاةً أو رياءً أو سمعةً، أو لغرض سوى ابتغاء وجه الله، أو بمال غير طيب، فهو لاحق بمسجد الضرار". (تفسير المدارك: ۱/۶۵۱، (سورة التوبة: ۱۰۷)، قديمى)

(وكذا فى الكشاف: ۲/۳۱۰، (سورة التوبة: ۱۰۷)، دارالكتاب العربى بيروت)

(وكذا فى روح المعانى: ۱۱/۲۱، (سورة التوبة: ۱۰۷)، دار إحياء التراث العربى بيروت)

(۲) "وتؤدى بمصر واحد بمواضع كثيرة اتفاقاً، والخلاف إنما هو فى الجمعة". (الدرالمختار، باب صلوة العيدين، مطلب: أمر الخليفة لايبقى بعد موته: ۲/۱۷۶، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلوة العيدين: ۲/۲۸۳، رشيديه)

"أهل المحلة قسّموا المسجد، و ضربوا فيه حائطاً، و لكل منهم إمام على حدة و مؤذنهم واحد، لا بأس به، والأولى أن يكون لكل طائفة مؤذن". (البحرالرائق، كتاب الوقف، فصل فى أحكام المساجد: ۵/۴۱۹، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس فى آداب المسجد: ۵/۳۲۰، رشيديه)

(۳) "ثم الأقدم أفضل لسبقه حكماً، إلا إذا كان الحادث أقرب إلى بيته، فإنه أفضل حينئذ، لسبقه حقيقةً وحكماً، كذا فى الواقعات. و ذكر قاضى خان و صاحب منية المفتى و غيرهما: أن الأقدم أفضل، فإن استويا فى القِدم، فالأقرب أفضل". (الحلبى الكبير، فصل فى أحكام المسجد: ۶۱۳، سهيل اكيڈمى لاهور)

انہوں نے عیدگاہ کے لئے ایک زمین خریدی اور نماز عید بھی پڑھی۔ اب پھر باہم متفق ہو گئے اور سابقہ عیدگاہ میں ہی نماز پڑھنے لگے۔ تو جو زمین عیدگاہ کے نام سے خریدی تھی اور اس میں نماز پڑھ لی ہے تو وہ زمین عیدگاہ ہی رہے گی یا اس میں دیگر کام کر سکتے ہیں؟

محمد حبیب الرحمان، معرفت محمد الیاس، ہرسی اسٹریٹ، کلکتہ نمبر:۹۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر چندہ کی رقم سے زمین خریدی گئی اور وہاں عید کی نماز ادا کی گئی ہے اور اس زمین کو نماز عیدین کے لئے وقف کر دیا گیا ہے تو اب اس کو فروخت کرنا جائز نہیں:

"لأن الوقف إذا تم و لزم، لا يملك و لا يملك و لا يعار و لا يرهن، اهـ"۔ "أى لا يكون مملوكاً لصاحبه. (و لا يملّك): أى لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه، لا ستحالة تمليك الخارج عن ملكه، اهـ". شامى: ۲۶۷/۳(۱)۔

اب مذکورہ خرید کردہ زمین میں نماز عیدین ہی ادا کی جائے وقف کرنے سے پہلے اس بات پر غور کرنے کی ضرورت تھی۔ اگر اس کو وقف نہیں کیا گیا، بلکہ وقف کرنے کا ارادہ تھا اور محض عارضی طور پر وہاں نماز ادا کر لی گئی تو پھر چندہ دینے والوں کی اجازت سے وہاں مکان، دوکان، باغ لگانا، کاشت کرنا سب کچھ درست ہے، بلکہ فروخت کرنا بھی درست ہے(۲)۔ اس کی قیمت یا آمدنی کو بہتر یہ ہے کہ سابقہ عیدگاہ، یا دیگر مساجد اور دینی

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الوقف: ۳۵۱/۴، ۳۵۲، سعيد)

"إذا صح الوقف، لم يجز بيعه ولا تمليكه". (الهداية، كتاب الوقف: ۶۴۰/۲، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۴۲/۵ رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف: ۲۲۰/۶، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(۲) "رجل له ساحة لا بناء فيها، أمر قوماً أن يصلوا فيها بجماعة ..... أما إن وقّت الأمر باليوم أو الشهر أو السنة، ففى هذا الوجه لا تصير الساحة مسجداً، لو مات يورث عنه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد و ما يتعلق به، الخ: ۴۵۵/۲، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرحل يجعل داره =

Made searchable using ScribeTools.com

کاموں میں حسبِ مشورہ صرف کریں۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۳/۸۹ھ۔

اگر جدید عیدگاہ بھی بنالی جائے تو نماز کس میں ادا کریں؟

سوال[۷۴۵۹]: واقعہ یہ ہے کہ ہمارے یہاں چھوٹے چھوٹے اٹھارہ عیدگاہ کے لوگوں نے مل کر ۱۹۴۸ء میں ایک عیدگاہ بنایا، فخر الدین صاحب کی آدھ بیگہ زمین پر، جدید بڑی عیدگاہ بنادی۔ جو قدیم چھوٹی چھوٹی عیدگاہیں تھیں وہ بالکل معطل ہوگئیں۔ اکثریت مسلمانوں کی جدید عیدگاہ میں جاتی ہے، کچھ لوگ قدیم عیدگاہ میں پڑھتے ہیں، آپس میں اختلاف بہت شدید ہے۔ اب ایسی صورت میں کیا کیا جائے؟ اگر سب لوگ قدیم عیدگاہوں کو چھوڑ دیں تو پھر ان عیدگاہوں کا کیا کیا جائے؟

نوٹ: قدیم عیدگاہ آدھ بیگہ زمین وقف ہے اور جدید میں دو بیگہ وقف ہے۔ الغرض اگر جدید میں قدیم کے تمام آجائیں تو ایسی صورت میں قدیم عیدگاہ کی زمین کا حکم کیا ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قدیم عیدگاہ بھی وقف ہے مگر چھوٹی ہے، جدید عیدگاہ بھی وقف ہے اور بڑی ہے، جس میں سب نمازی آسکتے ہیں، اگر سب متفق ہوکر قدیم عیدگاہ کو پنجگانہ نماز کے لئے تجویز کر کے آباد کرلیں (۱) اور عید کی نماز جدید عیدگاہ میں پڑھا کریں تو یہ صورت بہتر ہے۔ اگر یہ نہ ہوسکے تو پھر ایسا کرلیں کہ جدید بڑی عیدگاہ میں عید

= مسجداً أو خاناً، الخ: ۳/۲۹۰، ۲۹۱، رشیدیه)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، أحكام المساجد: ۵/۸۴۱، ، إدارة القرآن كراچی)

(۱) "في الكبرى: مسجد أراد أهله أن يجعلوا الرحبة مسجداً أو المسجد رحبةً، وأرادوا أن يحدثوا له باباً، أو أرادوا أن يحولوا الباب عن موضعه، فلهم ذلك". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد، الخ: ۲/۴۵۶ رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الوقف، في جعل شئ من المسجد طريقاً: ۴/۳۷۸، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، أحكام المسجد: ۵/۸۴۱، ، إدارة القرآن كراچی)

کی نماز پڑھا کریں اور جولوگ معذور ہوں وہ قدیم عیدگاہ میں پڑھا کریں (۱)، اس طرح دونوں عیدگاہیں آباد رہیں گی اور واقف کا مقصد بھی پورا ہوگا۔ جب تک دونوں عیدگاہیں آباد رہ سکیں، وہاں کھیتی وغیرہ کچھ نہ کریں (۲)، اگر کوئی صورت نہ ہوسکے، پھر وہاں باغ لگا کر، یا کھیتی کر کے اس کی آمدنی جدید عیدگاہ میں صرف کریں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱/۲۰ھ۔

پرانی عیدگاہ تنگ ہوتو نئی عیدگاہ بنانا

سوال[۷۴۶۰]: یہاں کی عیدگاہ تنگ ہے اور شکستہ، مشرق اور مغرب دونوں جانب ..... توسیع ممکن نہیں، برسات میں اگر عیدین ہوتی ہیں تو مزید دشواریوں کا سامنا ..... کرنا ہوتا ہے۔ کیا بجائے اس جگہ کے دوسری جگہ عیدگاہ بنائی جاسکتی ہے اور اس عیدگاہ کی اینٹیں نئی عیدگاہ میں صَرف کی جاسکتی ہیں؟ نئی جگہ جو تجویز کی گئی ہے وہ ایک بہت ہی قدیم قبرستان لبِ سڑک ہے۔

---

(۱) "والسنة أن يخرج الإمام إلى الجبانة، و يستخلف غيره، ليصلي في المصر بالضعفاء والمرضى والأضراء، و يصلي هو في الجبانة بالأقوياء والأصحاء. وإن لم يستخلف أحداً، كان له ذلك". (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، باب صلاة العيدين، الخ: ۱۸۳/۱، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، باب العيدين، مطلب: يطلق المستحب على السنة وبالعكس: ۱۶۹/۲، سعيد)

(وكذا في بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، ما يستحب يوم العيدين: ۶۲۵/۱، رشيديه)

(۲) "أما مصلى العيا لا يكون مسجداً مطلقاً، وإنما يعطى له حكم المسجد في صحة الاقتداء بالإمام وإن كان منفصلاً عن الصفوف، و فيما سوى ذلك، فليس له حكم المسجد. و قال بعضهم: يكون مسجداً حال أداء الصلوة لا غير، وهو والجبانة سواء. ويجنب هذا المكان عما يجنب عنه المساجد احتياطاً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: إذا وقف كل نصف على حدة، صارا وقفين: ۳۵۶/۴، سعيد)

(وكذا في التاتارخانية، كتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۸۴۵/۵، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المسجد: ۴۱۸/۵، رشيديه)

Made Searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

جگہ کی تنگی کی وجہ سے دوسری عیدگاہ بنانے کی اجازت ہے، جب کہ موجودہ عیدگاہ میں توسیع کی گنجائش نہ ہو، لیکن موجودہ عیدگاہ میں اگر موقوفہ زمین ہوتو اس کوتوڑ کر اسی کی اینٹیں نئی عیدگاہ میں استعمال کی اجازت نہیں(۱)۔البتہ اس کی حفاظت کرنا بھی ضروری ہے، خواہ اس کو پنجگانہ نماز کے لئے مسجد بنادیا جائے۔اگر اس کی ضرورت نہ ہواور اس پر کسی غیر کے قبضہ کا اندیشہ ہوتو وہاں دینی مدرسہ ومکتب بھی بناسکتے ہیں(۲)، باغ بھی لگاسکتے ہیں جس کی آمدنی نئی عیدگاہ کی مصالح میں خرچ کی جائے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

عیدگاہ کے درخت کٹوا کر مسجد میں صرف کرنا

سوال[۷۴۶۱]: مسلمانوں کی آبادی میں ایک مسجد ہےاور ایک عیدگاہ بھی ہے، عیدگاہ کا ایک باغ

---

(۱) "ولو خرب ماحوله واستغنى عنه، يبقى مسجداً عند الإمام والثانى أبداً إلى قيام الساعة، وبه يفتى، حاوى القدسى". (الدرالمختار). "فلا يعود ميراثاً، ولا يجوز نقله ونقل ماله إلى مسجد آخر، سواء كانوا يصلون فيه أولا، هو الفتوىٰ، حاوى القدسى". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فيما لوخرب المسجد أو غيره: ۳۵۸/۴، سعيد)

(۲) "حشيش المسجد وحصره مع الاستغناء عنهما، وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب مسجد أورباط أو بئر أوحوض". (الدرالمختار). "رباطٍ استغنى عنه المارّة وبجنبه رباط آخر، قال السيد الإمام أبو الشجاع: تصرف غلته إلى الرباط الثانى". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۳۵۹/۴، سعيد)

(۳) " وإن أراد قيم الوقف أن يبنى فى الأرض الموقوفة بيوتاً يستغلها بالإجارة، لايكون له ذلك؛ لأن استغلال أرض الوقف يكون بالزرع". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳۰۰/۳، رشيديه)

"وإذا دفع أرض الوقف مزارعةً، يجوز إذا لم تكن فيه محاباة قدر ما لا يتغابن الناس فيها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس فى ولاية الوقف وتصرف القيم، الخ ۴۲۳/۲، رشيديه)

ہے اور مسجد کا بھی ایک باغ ہے۔ اب تمام بستی والے اس بات پر راضی ہیں کہ عیدگاہ کے باغ کے کچھ درخت کٹوا کر مسجد کی تعمیر ومرمت میں صرف کرادیں۔ تو شرعاً یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو باغ عیدگاہ کے لئے وقف ہے اس کے درخت نہ کٹوائے جائیں، البتہ جو درخت خشک ہوگئے اور ان سے کوئی نفع نہیں، ان کو کٹوا کر عیدگاہ کے لئے عمارت میں صرف کردیا جائے (۱)، اگر عیدگاہ میں ضرورت نہ ہو، نہ آئندہ ضرورت کی امید ہو تو پھر وہاں کی مسجد کی تعمیر میں صرف کی اجازت ہے (۲) اور جس قدر ضرورت ہو وہ چندہ سے پوری کرلی جائے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۲/۹۰ھ۔

عیدگاہ کو دومنزلہ بنانا، قدیم عیدگاہ کا مصرف

سوال [۷۴۶۲]: مظفرنگر کی عیدگاہ آبادی میں آگئی ہے اور نمازیوں کے لئے ناکافی ہوتی

---

(۱) "وكذلك لو وقف شجرةً بأصلها على مسجد، فيبست أو يبس بعضها، يقطع اليابس، و يترك الباقي، كذا في محيط السرخسي". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثاني عشر في الرباطات الخ، فصل في الأشجار: ۴۷۵/۲، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية،، كتاب الوقف، فصل في الأشجار: ۳۱۰/۳ رشيديه)

"سئل نجم الدين ..... قيل له: فإن تداعت حيطان المقبرة إلى الخراب يصرف إليها أو إلى المسجد؟ قال: إلى ما هي وقف عليه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، المصدر السابق)

(وكذا في البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، نوع في وقف المنقول: ۲۶۱/۶، رشيديه)

(۲) "حشيش المسجد و حصره مع الاستغناء عنهما، وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب مسجد أو رباط أو بئر أو حوض". (الدرالمختار).

"(قوله: إلى أقرب المسجد أو رباط، الخ) ..... يصرف وقفها لأقرب مجانس لها، اهـ".

(ردالمحتار، كتاب الوقف: ۳۵۹/۴، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۸۵۶/۵، إدارة القرآن كراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

ہے، آبادی سے باہر دوسری عیدگاہ بنانا اَولیٰ ہے یا اسی کو دوسری منزل کر دیا جائے؟ شقِ اول پر قدیم عیدگاہ کو کیا کیا جائے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

دومنزلہ بنا سکتے ہوں تو دومنزلہ بنالیں (۱)، اگر آبادی سے باہر دوسری عیدگاہ بنائیں تو موجودہ عیدگاہ کو پنجگانہ نماز کے لئے مسجد قرار دے دیں (۲)۔ یہ بھی وہ کر سکتے ہیں کہ موجودہ عیدگاہ کو عیدگاہ ہی رکھیں اور اس میں معذورین نماز عید ادا کیا کریں (۳)۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۰/۹۴ھ۔

عیدگاہ کا تبادلہ

سوال[۷۴۶۳]: ایک قطعۂ اراضی جس میں چھوٹی سی ناکافی عیدگاہ ہے، چاروں طرف زرعی زمین

---

(۱) "وكره الوطء فوق المسجد، وكذا البول والتغوط؛ لأن سطح المسجد له حكم المسجد، حتى يصح الاقتداء منه بمن تحته". (البحر الرائق، كتاب الصلاة، باب ما يفسد الصلاة و ما يكره فيها: ۲/۶۰، رشيديه)

(وكذا في الهداية، كتاب الصلاة، فصل: يكره استقبال القبلة: ۱/۱۴۴، مكتبه شركت علميه ملتان)

(۲) "في الكبرى: مسجد أراد أهله أن يجعلوا الرحبة مسجداً، أو المسجد رحبةً، وأرادوا أن يحدثوا له باباً، أو أردوا أن يحولوا الباب عن موضعه، فلهم ذلك". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر فى المسجد، الخ: ۲/۴۵۶، رشيديه)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى جعل شئ من المسجد طريقاً: ۴/۳۷۸، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، أحكام المساجد: ۵/۸۴۱، إدارة القرآن كراچى)

(۳) "والسنة أن يخرج الإمام إلى الجبانة، و يستخلف غيره، ليصلى فى المصر بالضعفاء والمرضى والأضراء ..... وإن لم يستخلف أحداً، كان له ذلك". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلاة، باب العيدين و تكبيرات أيام التشريق: ۱/۱۸۳، رشيديه)

(وكذا فى ردالمحتار، باب العيدين، مطلب: يطلق المستحب على السنة وبالعكس: ۲/۱۶۹، سعيد)

(وكذا فى بدائع الصنائع، كتاب الصلاة، ما يستحب يوم العيدين: ۱/۲۲۵، رشيديه)

سے گھری ہوئی ہے اور دیوار عیدگاہ بھی مرمت طلب ہے، نمازیوں کی رائے اس کے بنانے کی ہے۔ اس پُرانی عیدگاہ والی اراضی سے کچھ فاصلہ پر دوسری مزروعہ اراضی جو رقبہ میں تقریباً سہ چند ہے اور نہر سے ملحق لب سڑک ہے، بدلے میں مفت ہی مل رہی ہے، مالکانِ اراضیٔ قدیم وجدید ایک ہی ہیں۔ اگر اس جدید آراضی میں عیدگاہ دوبارہ ازسرنو بنالی جاتی ہے تو نسبتاً ہر طرح سے آسائش اور سہولت رہے۔ درمیان اراضی قدیم وجدید کے چند کھیت اور کچی سڑک ہے۔

دریافت طلب امر تبادلۂ اراضی قدیم وجدید کی تصحیح ہے از روئے شریعت امور بالا کی بنا پر علمائے دین متین حکم صادر فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر سابق عیدگاہ وقف ہے تو اس کے تبادلہ کی اجازت نہیں (۱)، اگر نماز عید ادا کرنے کے لئے دوسری وسیع جگہ عیدگاہ بنالی جائے تو یہ سابق عیدگاہ بھی وقف رہے گی (۲)، اس میں باغ لگا کر اس کی آمدنی جدید عیدگاہ کی ضرورت میں صرف کی جائے۔ جب مالکانِ اراضی کو اللہ نے وسعت دی ہے اور ہمت دی ہے تو جدید اراضی کو بھی دیدیں، ان کی طرف سے صدقہ جاریہ رہے گا اور ضروریاتِ عیدگاہ کے لئے آمدنی کا بھی انتظام ہوجائے گا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۱/۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "(جاز شرط الاستبدال به أرضاً أخرى)". (الدرالمختار). "(قوله: جاز شرط الاستبدال به، الخ) ..... والثالث: أن لا يشرطه أيضاً، ولكن فيه نفع فى الجملة، و بدله خيرٌ منه ريعاً ونفعاً، وهذا لايجوز استبداله على الأصح المختار". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى استبدال الوقف وشروطه: ۳۸۴/۴، سعيد)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف: ۲۲۸/۶، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(۲) "فإذا تم ولزم، لا يملك و لا يملك و لا يعار و لا يرهن". (الدرالمختار). قال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: لا يملك): أى لا يكون مملوكاً لصاحبه. (ولا يملّك): أى لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه، لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۳۵۲/۴، سعيد) =

Made searchable using ScribeTools.com

عیدگاہ کے لئے وقف زمین کو مسجد کے نام کرکے آمدنی مسجد میں صَرف کرنا

سوال[۷۴۶۴]: ایک کھیت قدیم زمانہ سے تھا جو عیدگاہ کے نام سے چلا آرہا تھا، مگر کچھ لوگوں نے مشورہ کرکے اس کو جامع مسجد کے نام لکھوالیا اور پٹواری سے جامع مسجد کے نام سے اندراج کرالیا اور دوسری مسجد کی آمدنی نہیں ہے اور اس کھیت کی آمدنی صرف کرنے لگے۔ اور آج تک ان لوگوں نے گاؤں والوں سے کوئی مشورہ نہیں کیا۔ اس جگہ ایک دینی مدرسہ چل رہا تھا، اس میں کچھ لوگوں نے چندہ دینے سے انکار کردیا، جب سے جامع مسجد بنی ہے تب سے کورانہ کے مدرسہ کا طالب علم امام مقرر ہے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ وہی امام مقرر رہے، مگر دوسرا فریق چاہتا ہے کہ باہر سے امام آنا چاہیئے۔ تو اس کھیت کے بارے میں شرعاً کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سوال سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کھیت عیدگاہ کے لئے وقف ہے، اگر یہ صحیح ہے تو اس کی آمدنی کسی مسجد کے لئے صرف نہ کی جائے، بلکہ عیدگاہ میں صرف کی جائے (۱) اور کوشش کرکے پٹواری کے ذریعہ کاغذات کی تصحیح کرالی جائے۔ اگر عیدگاہ میں خرچ کی ضرورت نہ ہو اور روپیہ محفوظ رکھنا بھی مشکل ہو تو گاؤں والوں کے مشورہ سے جس مسجد میں ضرورت ہو زائد آمدنی وہاں صرف کی جائے (۲)۔ اگر دونوں مسجدوں میں ضرورت ہو تو

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الأول: ۲/۳۵۰، رشيديه)

(۱) "سئل نجم الدين ..... قيل له: فإن تداعت حيطان المقبرة إلى الخراب، يصرف إليها أو إلى المسجد؟ قال: إلى ما هي وقف عليه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثاني عشر في الرباطات، الخ، فصل في الأشجار: ۲/۴۷۵، رشيديه)

(وكذا في البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، نوع في وقف المنقول: ۶/۲۶۱، رشيديه)

"قال الخير الرملي: أقول: و من اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهي واقعة الفتوىٰ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في نقل أنقاض المسجد: ۴/۳۶۱، سعيد)

(۲) "ونقل في الذخيرة عن شمس الأئمة الحلواني أنه سئل عن مسجد أو حوض خرب، و لا يحتاج إليه، لتفرق الناس عنه: هل للقاضي أن يصرف أوقافه إلى مسجد أو حوض آخر؟ فقال: نعم". =

Made Searchable by ScribeTools.com

دونوں میں صرف کریں۔

اگر مسائلِ نماز وطہارت سے واقف طالب علم کوامام رکھا جائے تو یہ بہتر ہے کہ اس میں امامت کے ساتھ طالب علم کی خدمت اور دینی مدرسہ کی اعانت ہے، اہل علم سے رابطہ رکھنا لازم ہے۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۵/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۵/ ۸۸ھ۔

عیدگاہ کی زمین میں مدرسہ بنانا

سوال[۷۴۶۵]: موضع سلطان پور میں عیدگاہ کی زمین دوتین بیگہ پڑی ہے جس میں لوگ گوبر وغیرہ ڈالتے ہیں۔اس زمین میں دینی مدرسہ بناسکتے ہیں یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر وہ زمین عیدگاہ کی ہے اور عیدگاہ میں داخل کرنے کی ضرورت نہیں ہے تو وہاں دینی مدرسہ بنادیں، مگر زمین کا کرایہ عیدگاہ کے لئے تجویز کردیں، زمین عیدگاہ کی رہے گی جس کا کرایہ مدرسہ دیتا رہے گا اور عمارت مدرسہ کی رہے گی (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۱/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۱/ ۹۰ھ۔

= (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فيما لو خرب المسجد أو غيره : ۴/ ۳۵۹، سعيد)

"ولا سيما في زماننا، فإن المسجد أو غيره من رباط أو حوض إذا لم ينقل، يأخذ أنقاضه اللصوص والمتغلبون كما هو مشاهد، وكذلك أوقافه يأكلها النظار أو غيرهم ..... و لا ينتفع المارة به، وله أوقاف عامرة، فسئل: هل يجوز نقلها إلى رباط آخر ينتفع الناس به؟ قال: نعم؛ لأن الواقف غرضه انتفاع المارة، ويحصل ذلك بالثاني". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۴/ ۳۶۰، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون في الأوقاف التي يستغنى عنها الخ: ۵/ ۸۷۸، ، إدارة القرآن كراچی)

(۱) "ولو كانت الأرض متصلةً ببيوت المصر يرغب الناس في استيجار بيوتها، ويكون غلة ذلك فوق =

Made searchable using ScribeTools.com

عیدگاہ کوقبرستان بنانا

سوال[۷۴۶۶]: میری بستی میں ایک عیدگاہ قبرستان کے درمیان بنی ہوئی ہے، پہلے آبادی کم تھی، اس لئے تمام لوگ اس میں آجاتے تھے، لیکن اب اس میں گنجائش بالکل نہیں۔ ضرورت ہے کہ عیدگاہ کو وسیع کیا جائے، لیکن مشکل یہ ہے کہ عیدگاہ کے چاروں طرف قبریں ہیں، اس لئے اہلِ بستی چاہتے ہیں کہ اس عیدگاہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ عیدگاہ بنالی جائے۔ سوال یہ ہے کہ اس عیدگاہ کا ملبہ دوسری عیدگاہ میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ اب اس عیدگاہ کا موجودہ مصرف کیا ہوگا؟ کیا اس عیدگاہ کو بھی قبرستان ہی بنالیا جائے، اس میں میت کو دفن کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ جگہ وقف ہے اور نمازِ عید کے لئے وقف ہے تو اس کو توڑ کر وہاں میت دفن کرنا درست نہیں، بلکہ اس کو عیدگاہ ہی رکھا جائے (۱)۔ اس کے پاس جو قبرستان ہے وہ اگر پُرانا ہوگیا اور اب وہاں میت دفن نہیں کی جاتی، بلکہ دوسری جگہ دفن کی جاتی ہے تو عیدگاہ کی توسیع کے لئے اس قبرستان سے جگہ لی جاسکتی ہے جب کہ قبروں میں میت مٹی بن چکی ہو (۲)، ورنہ تو یہ بھی درست ہے کہ نمازِ عید کا دوسری جگہ انتظام کرلیا جائے اور دو جگہ نمازِ عید

= غلة الزرع والنخل، كان للقيم أن يبنى فيها بيوتاً ويؤاجرها". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ: ۳/۳۰۰، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، تصرف القيم فى الأوقاف: ۵/۷۴۶، إدارة القرآن، كراچى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس فى ولاية الوقف وتصرف القيم فى الأوقاف: ۲/۴۱۴، رشيديه)

(۱) "شرط الواقف كنص الشارع: أى فى المفهوم والدلالة ووجوب العمل به". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

(وكذا فى الأشباه والنظائر، كتاب الوقف، الفن الثانى، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب الوقف: ۲/۶۰۸، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۲) قال العلامة بدر الدين العينى رحمه الله تعالىٰ: "فإن قلت: هل يجوز أن تبنى على قبور المسلمين؟=

ہوا کرے، یا پھر دوسری جگہ عیدگاہ بنائی جائے اور موجودہ عیدگاہ میں نماز پنجگانہ ادا کی جائے (۱)۔ الحاصل موجودہ عیدگاہ کو توڑ کر نماز کے علاوہ دوسرے کام میں نہ لایا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۱/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۱/۹۰ھ۔

عیدگاہ کو اسکول بنانا

سوال[۷۴۶۷]: شولاپور میں ضلع عدالت کے قریب عالمگیر عیدگاہ ہے جو حضرت عالمگیر رحمہ اللہ تعالیٰ کے دورِ حکومت میں بنائی گئی تھی۔ عیدگاہ کے نزدیک کئی جگہ جہاں بالکل انگریزی اور دو ہائی اسکول کی عمارت ہے، اسکول کے متولین عالمگیر عیدگاہ کو شہید کر کے اس جگہ اسکول کی عمارت تعمیر کرنا چاہتے ہیں۔ منتظمین

= قلت: قال ابن القاسم رحمه الله تعالىٰ: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت، فبنى قوم عليها مسجداً لم أر بذلک بأساً وذلک؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم لايجوز لأحد أن يملكها، فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضاً وقف من أوقاف المسلمين". (عمدة القارى شرح صحيح البخارى، كتاب الصلوة، باب هل تنبش قبور مشركى الجاهلية ويتخذ مكانها مساجد: ۲۶۵/۴، دارالكتب العلمية بيروت)

"مقبرة كانت للمشركين أرادوا أن يجعلوها مقبرة للمسمين، قال أبو القاسم رحمه الله تعالىٰ: إن كانت آثارهم قد اندرست، لابأس بذلک، وإن كانت عظامهم باقية لابأس بأن تنبش ويقبر فيها المسلمون، فإن موضع مسجد رسول الله ﷺ كان مقبرة للمشركين، فنبشت واتخذت مسجداً". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل فى المقابر والرباطات: ۳۱۳/۳، رشيديه)

(وكذ فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانى عشر الخ: ۴۶۹/۲، رشيديه)

(۱) "والسنة أن يخرج الإمام إلى الجبانة ويستخلف غيره ليصلى فى المصر بالضعفاء والمرضى والاضراء، ويصلى هو فى الجبانة بالأقوياء والأصحاء". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، باب صلوة العيدين: ۱۸۳/۱، رشيديه)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب العيدين، مطلب: يطلق المستحب على السنة وبالعكس: ۱۶۹/۲، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

اسکول مسلمان ہیں، مقامی مسلمان اس حرکت سے بے چین ہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

عیدگاہ کوتوڑ کراس کی جگہ اسکول کی عمارت بنانا ہرگز جائزنہیں، یہ غرضِ وقف کے خلاف ہے:"شرط الواقف كنص الشارع". در مختار (۱)۔

منتظمین کومسئلہ بتا کرروکا جائے کہ وہ ایسانہ کریں۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۹/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۹/ ۹۰ھ۔

عیدگاہ سے متعلق چندسوالات

سوال[۷۴۶۸]: ایک وکیل صاحب نے چھ۶/صفحات پرمشتمل ایک تمہیدلکھی اوراس کے بعد یہ سوالات قائم کئے جوتحریر ہیں:

کیاعیدگاہ مسجد کے حکم میں ہے؟

سوال[۷۴۶۹]: ۱.....کیاعیدگاہ مسجد ہے؟

ایضاً

سوال[۷۴۷۰]: ۲.....کیاعیدگاہ صرف اس مخصوص وقت کے لئے مسجد کے حکم میں آتی ہے، جب عیدین کااجتماع یہاں منعقدہو؟

---

(۱) (الدر المختار، كتاب الوقف: ۴۳۳/۴، سعيد)

"على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب مراعاة غرض الواقفين: ۴۴۵/۴، سعيد)

"شرط الواقف كنص الشارع: أى فى وجوب العمل به، و فى المفهوم و الدلالة". (الأشباه والنظائر، كتاب الوقف، الفن الثانى، الفوائد: ۱۰۶/۲، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى تنقيح الفتاوى الحامدية، كتاب الوقف: ۱۲۶/۱، مكتبه ميمنيه مصر)

(وكذا فى مجمع الأنهر، كتاب الوقف: ۶۰۸/۲، مكتبه غفاريه كوئٹه)

نمازِ عیدین کے علاوہ عیدگاہ کا حکم

سوال[۷۴۷۱]: ۳.....عیدین کے اجتماع کے علاوہ عیدگاہ کا مقام کیا ہے اور ایسے وقت کیا یہ جنگل کی تعریف میں آتی ہے، جہاں پر کام کیا جاسکتا ہے؟

کیا عیدگاہ کی دیواروں اور محراب سے عیدگاہ کی حیثیت میں فرق آتا ہے؟

سوال[۷۴۷۲]: ۴.....مذکورہ بالا حالات کے تحت عیدگاہ کو اونچی دیواروں سے گھیر لئے جانے اور اس کی شاہی زمانہ کی وجدید تعمیر کردہ مغربی دیواروں میں محرابوں کے نشانات اور میناروں ومنبروں کے وجود سے کیا ان کی حیثیت میں فرق آگیا اور کیا ان نشانات کی موجودگی سے وہ مسجد کی تعریف میں آگئی؟

عیدگاہ کو کن کن کاموں کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے؟

سوال[۷۴۷۳]: ۵.....کیا عیدین کے علاوہ عید کی نماز کے لئے مخصوص کی گئی جگہ کو ان کاموں کے لئے اور ان شرائط کے ساتھ جو پارہ:۱۲، میں مذکورہ ہیں، استعمال کیا جاسکتا ہے، یا کسی مزید شرط کے ساتھ (جس کی نشاندہی فرمادی جائے) ان کاموں کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے؟

عیدگاہ کو مسقّف بنانا اور دوسری تیسری منزل بنانا

سوال[۷۴۷۴]: ۶.....کیا عیدگاہ کو حالاتِ مذکورہ بالا کے تحت اور اس فقہی اصول کے تحت کہ: "الضرورات تبیح المحظورات"(۱) مسقّف کیا جاسکتا ہے اور ایک منزل کے بعد دوسری تیسری مزید منزلیں بڑھائی جاسکتی ہیں؟

چونکہ ان سوالات کا تعلق صرف میرٹھ کی عیدگاہ سے نہیں ہے، بلکہ میرٹھ کے اس تجربہ کے بعد اس کو نمونہ بنا کر ہزاروں لاپرواہی کا شکار عیدگاہیں ایسے ہی خیر کے اجتماعی کاموں کے لئے استعمال کی جاسکیں گی، اس لئے جناب سے پوری توقع ہے کہ جناب والا ان سوالات کے جوابات پورے غور وفکر کے ساتھ اور حتی المقدور کم از کم

---

(۱) (الأشباه والنظائر، القاعدة الخامسة: ۱/۲۵۱، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی شرح المجلة لسليم رستم باز، (رقم المادة: ۲۱): ۱/۲۹، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فی قواعد الفقه، (رقم القاعدة: ۱۷۰)، ص: ۸۹، الصدف پبلشرز)

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

وقت میں مرحمت فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱-۶.....نمازِ عیدین آبادی سے باہر جاکر کھلے (غیر مسقّف) میدان میں ادا کرنا مسنون ومستحب ہے(۱)، اس میں شوکتِ اسلام کا اظہار زیادہ ہے، دھوپ تیز ہونے سے پہلے ادا کرلی جائے۔ شدید بارش کے وقت مسجدِ جامع میں ادا کی جائے۔ ایسی حالت میں عیدالفطر ۲/ تاریخ کو اور عیدالاضحیٰ ۱۱ تا ۱۲/ تاریخ کو بھی درست ہے(۲)۔ عیدگاہ کا میدان ادب واحترام کے لحاظ سے مسجد کے حکم میں نہیں ہے، اس لئے وہاں نمازِ جنازہ مکروہ نہیں(۳)۔

---

(۱) "الخروج إلى الجبانة فى صلوة العيد سنة وإن كان يسعهم المسجد الجامع، على هذا عامة المشايخ، وهو الصحيح". (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب السابع فى صلوة العيدين: ۱/ ۱۵۰، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الصلوة، باب صلوة العيدين: ۲/ ۲۷۸، رشيديه)

(وكذا فى تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/ ۱۶۹، سعيد)

(۲) "عن أبى عمير بن أنس عن عمومة له من الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم أن ركباً جاء وا، فشهدوا أنهم رؤوا الهلال بالأمس، فأمرهم النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يفطروا، وإذا صبحوا، يغدوا إلى مصلاهم". قال الشيخ ظفر أحمد العثمانى رحمه الله تعالىٰ: "والحديث فيه دلالة على جواز عيد الفطر فى اليوم الثانى عند العذر، وأما صلاة الضحىٰ فتصح فى اليوم الثانى والثالث بعد يوم النحر، لكن مع الإساء ة إن كانت التأخير بلا عذر، وبدونها بعذر". (إعلاء السنن، أبواب العيدين، باب صلوة العيدين فى اليوم الثانى للعذر: ۸/ ۱۰۱، ۱۰۳، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، باب أحكام العيدين، ص: ۵۳۶، قديمى)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب السابع عشر فى صلوة العيدين: ۱/ ۱۵۲، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتاب الصلوة، باب العيدين: ۲/ ۱۷۶، سعيد)

(۳) "(وتكره الصلوة عليه فى مسجد الجماعة) ..... وقيد بمسجد الجماعة؛ لأنها لاتكره فى مسجد أعِدّ لها، وكذا فى مدرسة ومصلى عيد؛ لأنه ليس لها حكم المسجد فى الأصح، إلا فى جواز الاقتداء". (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلوة، فصل: السلطان أحق بصلاته، ص: ۵۹۵، قديمى) =

جوجگہ نمازِ عید کے لئے وقف کردی گئی، اس کو دوسرے کاموں میں استعمال کرنے کا حق نہیں رہا(۱)۔ جوجگہ مصارفِ عیدگاہ کے لئے وقف کردی گئی اب اس کے مصارف تبدیل کرنے کا حق نہیں رہا(۲)۔ علاوہ ازیں دیگر اقوام پر اس کے غلط اثرات بھی پڑ سکتے ہیں کہ مسلمانوں نے اپنی عبادت گاہ کو رہائش گاہ یا دفتر یا ہسپتال یا بینک یا زچہ خانہ وغیرہ بنالیا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے مذہب میں وقتِ ضرورت اس قسم کا تصرف درست ہے، پھر غیر آباد مساجد میں اس کی اجازت کیوں نہ ہوگی۔ اب تک گورنمنٹ کو بھی یہی معلوم ہے کہ عبادت خانہ کسی دوسرے کام میں نہیں آسکتا، اس پر بے شمار مقدمات فیصل کئے گئے ہیں۔

اگر میرٹھ میں مسئولہ تصرفات کئے گئے تو یہ تمام ملک میں نظیر بنیں گے اور فتنوں کا نیا باب کھل جائے گا

= (وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، باب الرجل يجعل داره مسجداً، الخ : ۲۹۱/۳، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، مسائل وقف المساجد: ۸۴۵/۵، إدارة القرآن كراچی)

(۱) "سئل القاضي الإمام شمس الأئمة محمود الأوزجندي عن مسجدٍ لم يبق له قوم، وخرب ماحوله، واستغنى الناس عنه: هل يجوز جعله مقبرةً؟ قال: لا". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر، الخ: ۴۷۰/۲، رشيديه)

"شرط الواقف كنص الشارع: أي في وجوب العمل به، وفي المفهوم والدلالة".

(الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴۳۳/۴، ۴۳۴، سعيد)

ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهي واقعة الفتوىٰ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه: ۳۶۱/۴، سعيد)

(۲) "وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين، أورجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليها أوقافاً، لايجوز له ذلك". (تنوير الأبصار مع الدرالمختار، كتاب الوقف: ۳۶۰/۴، سعيد)

"سئل نجم الدين في مقبرة فيها أشجار ..... قيل له: فإن تداعت حيطان المقبرة إلى الخراب يصرف إليها أو إلى المسجد؟ قال: إلى ماهي وقف عليه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر، الخ: ۴۷۶/۲، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

اور گورنمنٹ بھی سماج کی ضرورت کے پیشِ نظر قبضہ کرنا شروع کردے گی اور اس کو خلافِ مذہب تصور نہیں کیا جائے گا۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۶/۱۴۰۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۶/۱۴۰۱ھ۔

مسجد کے لئے زمین دی اور بعد میں عیدگاہ بنانے کو بھی کہا

سوال[۷۴۷۵]: کسی شخص نے مسجد کو تھوڑی سی زمین وقف کی یوں کہہ کر کہ بعد میں اس زمین میں عیدگاہ بنالینا۔تو اس طریقہ سے وقف کرنا صحیح ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر اس طرح زمین وقف کی ہے کہ مثلاً اس وقت اس میں کھیتی ہے اس کی آمدنی فلاں مسجد میں دی جائے، پھر کھیتی کٹنے پر یہاں عیدگاہ بنائی جائے تو درست ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۶/۹۴ھ۔

مرہونہ زمین پر عیدگاہ بنانا

سوال[۷۴۷۶]: اگر کسی نے وقتِ متعینہ کے لئے ایک زمین فروخت کی، پھر جب وقتِ متعینہ واپسی کا آیا تو مشتری نے اس پر عیدگاہ بنادی اور بائع بار بار تقاضا کرتا ہے کہ عیدگاہ توڑ دی جائے۔تو ایسا کرنا

---

(۱) "فإن شرائط الواقف معتبر إذا لم تخالف الشرع، وهو مالک، فله أن يجعل ماله حيث شاء مالم يكن معصيةً، وله أن يخص صنفاً من الفقراء". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب : شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع : ۳۴۳/۴، سعيد)

"على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفين، الخ: ۴۴۵/۴، سعيد)

"شرط الواقف كنص الشارع: أى فى المفهوم والدلالة ووجوب العمل به". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴۳۳/۴، ۴۳۴، سعيد)

(وكذا فى الأشباه والنظائر، كتاب الوقف: ۱۰۶/۲، إدارة القرآن كراچى)

جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ایسی بیع شرعاً رہن کے حکم میں ہے جس سے انتفاع ناجائز ہے، اس کا وقف کرنا اور عیدگاہ وغیرہ بنادینا بھی درست نہیں، بلکہ مالک کو واپس کردینا ضروری ہے: "ومن شرائطه: الملك وقت الوقف، حتى لو غصب أرضاً، فوقفها، ثم ملكها، لايكون وقفاً". مجمع الأنهر(۱)۔ فقط واللہ اعلم

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۱/۹۰ھ۔

عیدگاہ پر تعمیر کرانے والے کا نام درج کرنا

سوال[۷۷۴۷]: متولی پاشا صاحب کہتے ہیں: عیدگاہ میں اپنے ہی پیسہ سے بنواؤں گا، مگر میرا نام عیدگاہ پر درج کرادینا۔ گذارش یہ ہے کہ عیدگاہ پر تعمیر کرانے والے کا نام درج کرانا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

عیدگاہ اللہ پاک کو راضی کرنے کے لئے بنانا بہت ثواب کا کام ہے، اس پر بنانے والے کا اپنا نام درج کرنا، یا اس کی پابندی لگانا شہرت اور ناموری کے لئے اس کے ثواب کو برباد کردے گا۔ متولی پاشا صاحب کو چاہیئے کہ ایسا نہ کریں اور ایسے ارادہ سے توبہ واستغفار کرکے اللہ تعالیٰ سے اخلاص کی دعاء کریں، جس کام میں اخلاص نہ ہو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول نہیں(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمد غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۶/۹۰ھ۔

---

(۱) (مجمع الأنهر، كتاب الوقف: ۲/۵۶۷، ۵۶۸، مكتبه غفاريه كوئٹه)

"ومنها: الملك وقت الوقف، حتى لو غصب أرضاً، فوقفها، ثم اشتراها من مالكها، ودفع الثمن إليه، أو صالح على مالٍ دفعه إليه، لا تكون وقفاً". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الأول فى تعريفه و ركنه و سببه، الخ: ۲/۳۵۲، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۱۴، رشيديه)

(۲) "وعن جندب رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من سمّع سمّع الله به، و من يرائى يرائى الله به". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، باب الرياء والسمعة، الفصل الأول، =

Made searchable using ScribeTools.com

عیدگاہ کو اپنا کھیت کہنے والے شخص کا حکم

سوال[۷۴۷۸]: اگر کوئی مسلمان غصہ میں عیدگاہ کے متعلق یہ کہے: یہ عیدگاہ میرا ہے، اس میں ہل چلا کر فصل پیدا کروں گا، یہ میرا کھیت ہے، دیکھنا ہے کون اس میں نمازِ عید پڑھنے آتا ہے؟ تو ایسے آدمی پر شرعاً کون سا فتویٰ عائد ہوتا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نمازِ عید کے لئے جو عیدگاہ وقف ہو، اس کے متعلق ایسے الفاظ کہنے کا کسی کو حق نہیں، جو شخص ایسا کہتا ہے وہ غلط کہتا ہے(۱)۔ اگر وہ واقعتاً وہاں ہل چلا کر کھیتی کرے اور نمازِ عید نہ پڑھنے دے تو وہ ظالم، غاصب ہے، سخت گنہگار ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= ص: ۴۵۴، قدیمی)

"وعن شداد بن أوس رضی الله تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول: "من صلی یرائی فقد أشرک، ومن صام یرائی فقد أشرک، و من تصدق یرائی فقد أشرک". رواهما أحمد". (مشکوة المصابیح، باب الریاء والسمعة، الفصل الأول، ص: ۴۵۴، قدیمی)

"لا ینبغی الکتابة علی جدرانه". (الدرالمختار). "أی خوفاً من أن تسقط و توطأ، بحر عن النهایة". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب مایفسد الصلوة، الخ، مطلب: فیمن سبقت یده إلی مباح: ۱/۶۶۳، سعید)

(۱) "إذا صح الوقف، لم یجز بیعه ولا تملیکه". (الهدایة، کتاب الوقف: ۲/۶۴۰، مکتبه شرکت علمیه ملتان)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/۳۴۲، رشیدیه)

(وکذ فی فتح القدیر، کتاب الوقف: ۶/۲۲۰، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(۲) "عن سعید بن زید رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "من أخذ شبراً من الأرض ظلماً، فإنه یطوّقه یوم القیمة من سبع أرضین". متفق علیه". (مشکوة المصابیح، باب الغصب والعاریة، الفصل الأول، ص: ۲۵۴، قدیمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

بابٌ فی أحکام المقابر

(قبرستان کے احکام کا بیان)

قبرستان میں مسجد بنانا

سوال[۷۴۷۹]: ایک گاؤں میں جہاں غیر قومیں آباد ہیں مسلمان چند گھر ہیں، گاؤں میں مسجد بنانے کے لئے مسلمانوں کے پاس زمین نہیں، ایک مقبرہ ہے جس کی زمین کاغذات میں قبرستان کے لئے درج ہے۔ اس قبرستان میں ایک اونچی بلند جگہ ہے، جہاں چند پختہ قبریں پرانی موجود ہیں جو شہید وارے کے نام سے موجود ہے، اس کے اردگرد تحقیق سے ثابت ہے کہ کوئی قبر نہیں ہے۔

قبرستان کی زمین وسیع ہے، جہاں تک حکومت کے کاغذات میں درج ہے، وہاں کے مسلمان متفقہ طور پر چاہتے ہیں کہ قبرستان کی اس جگہ میں جہاں قبریں نہیں ہیں مسجد کا سنگ بنیاد رکھ دیا جائے۔ اور وہ زمین اس خطرے سے بھی محفوظ ہوجائے کہ غیر قومیں اس پر قابض ہوجائیں جس کا اندیشہ ہے۔ تو سوال یہ ہے کہ کیا اس مذکورہ قبرستان کی زمین میں مسجد بنائی جاسکتی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

صورت مسئولہ میں وہاں مسجد بنانا شرعاً درست ہے بشرطیکہ دفنِ موتیٰ کے لئے اس جگہ کی حاجت نہ ہو، اس کا لحاظ بھی ضروری ہے کہ قبریں نمازیوں کے سامنے نہ ہوں، بلکہ درمیان میں دیوار حائل کردی جائے (۱):

---

(۱) "وفی القهستانی: لا تکره الصلاة فی جهة قبر، إلا إذا کان بین یدیه، بحیث لو صلی صلاة الخاشعین وقع بصره علیه، کما فی جنائز المضمرات". (ردالمحتار، باب ما یفسد الصلاة وما یکره فیها، مطلب فی بیان السنة والمستحب، الخ: ۱ ۶۵۴، سعید)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، مکروهات الصلاة، ص: ۳۵۷، قدیمی)

(وکذا فی شرح النووی علی الصحیح لمسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلوة، باب النهی عن بناء المسجد علی القبور: ۱/ ۲۰۱، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

"لو أن مقبرةً من مقابر المسلمين عفت، فبنىٰ قوم فيها مسجداً، لم أربذلك بأساً، وذلك لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها، فإذا درست واستغنىٰ من الدفن فيها، جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضاً وقف من أوقاف المسلمين ، لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد، اهـ". عينی(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

ایسے مقبرہ میں مسجد بنانا جس میں قبروں کے نشانات نہ ہوں

سوال[۷۴۸۰] : ۱.....ایسے مقبروں میں جہاں قبروں کے نشانات نہ معلوم ہوتے ہوں، مسجد بنانا جائز ہے یانہیں؟ مدلل بحوالہ کتب تحریر فرمادیں۔

پرانے قبرستان میں مسجد بنانا

سوال[۷۴۸۱] : ۲.....ایک زمین ہے جہاں نہ قبروں کے نشان ہیں اور نہ موجودہ لوگوں میں سے کسی کو معلوم ہے کہ یہ کسی زمانہ میں مقبرہ تھا، لیکن مشتبہ ضرور ہے کہ شاید یہ مقبرہ رہا ہو، کیونکہ اس کے کچھ فاصلہ پر مقبرہ یقیناً تھا، لیکن وہاں بھی اب قبروں کے نشانات معلوم نہیں ہوتے۔ تو کیا اس زمین مذکورہ میں مسجد بنانا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....اگر قبروں میں میت باقی نہیں بلکہ مٹی بن چکی ہے تو اب احکام بدل گئے، وہاں زراعت کرنا تعمیر کرنا سب کچھ درست ہے:

---

(۱) (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشرکی الجاهلية، الخ: ۱۷۴/۴ إدارة الطباعة المنيرية)

"وإن بقی من عظامهم شیء تنبش، و ترفع الآثار، وتتخذ مسجداً، لما روی أن مسجد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان قبلُ مقبرةً للمشرکین، فنبشت، کذا فی الواقعات". (ردالمحتار، باب صلوة الجنائز، مطلب فی دفن المیت ۲۳۴/۲، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیرية، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۴۶۹/۲، رشیدیه)

"جاز زرعه (أی القبر) والبناء علیه إذا بلی، وصار المیت تراباً، اهـ". زیلعی(۱)۔

جب قبرستان غیر آباد ہوجائے اور وہاں دفن ہونا موقوف ہوجائے تو مسجد بنانا شرعاً درست ہے:

"قال ابن القاسم رحمه الله تعالیٰ: لو أن مقبرةً من مقابر المسلمین عفت، فبنیٰ قوم فیها مسجداً، لم أر بذلك بأساً، وذلك لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمین لدفن موتاهم، لا یجوز لأحد أن یملكها، فإذا درست واستغنیٰ من الدفن فیها، جاز صرفها إلی المسجد؛ لأن المسجد أیضاً وقف من أوقاف المسلمین، لا یجوز تملیكه لأحد، فمعناهما علی هذا واحد، اهـ". عینی(۲)۔

۲.....**اگر قرائنِ ظاہرہ سے اس کا مقبرہ قدیمہ ہونا معلوم ہوتا ہے تو اس میں مسجد بنانا شرعاً درست ہے،** کما مر فی الجواب الأول، **جب تک اس کے خلاف دلیل قائم نہ ہو:**"الحکم بالظاهر واجب عند تعذر

---

(۱) (الدرالمختار، باب صلوة الجنائز: ۲/۲۳۸، سعید)

"ولو بلی المیت و صار تراباً، جاز دفن غیره فی قبره، وزرعه، والبناء علیه". (تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/۱۶۷، رشیدیه)

(۲) (عمدة القاری شرح صحیح البخاری باب: هل تنبش قبور مشرکی الجاهلیة و یتخذ مکانها مساجد ۴/۱۷۹، إدارة الطباعة المنیریة دمشق)

"وإن بقی من عظامهم شئ تنبش، و ترفع الآثار، وتتخذ مسجداً، لما روی أن مسجد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان قبلُ مقبرةً للمشرکین، فنبشت". (ردالمحتار، باب صلوة الجنائز، مطلب فی دفن المیت: ۲/۲۳۴، سعید)

"إن بقیت آثارهم بأن بقی من عظامهم شئ، ینبش، ویقبر، ثم یجعل مقبرة المسلمین؛ لأن موضع مسجد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان مقبرةً للمشرکین، فنبشت، واتخذها مسجداً، کذا فی المضمرات" (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۲/۴۶۹، رشیدیه)

(وکذا فی ردالمحتار، باب صلوة الجنائز، مطلب فی دفن المیت: ۲/۲۳۴، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

الوقوف علی الحقیقة، اھـ". مبسوط(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/۴/۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/ ربیع الثانی/۶۴ھ۔

پرانے قبرستان کو مسجد بنانا

سوال[۷۴۸۲]: ایک جگہ سالم قبروں کو توڑ کر اور اس جگہ پر مسجد بنائی جاوے، کیا قبروں کا توڑنا جائز ہے یا نہیں اور مسجد بنانا جائز ہے یا نہیں ان قبر کی جگہ پر؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ قبرستان مملوکہ زمین ہے اور اس میں قبریں اس قدر پرانی ہیں کہ میت ان میں بالکل مٹی بن گئی تو ان قبروں کو توڑ کر زمین کو ہموار کر دینا اور وہاں مسجد، مدرسہ، دوکان سب کچھ بنانا درست ہے(۲)۔

میت کے مٹی بن جانے کے بعد قبر کے احکام بدل جاتے ہیں۔ اگر میت مٹی نہیں بنی تو وہاں مسجد وغیرہ بنانا اور قبر کو توڑنا ناجائز ہے، ایسی حالت میں قبر کا احترام ضروری ہے(۳)۔ قبر کو سامنے کر کے نماز

---

(۱) (المبسوط للسرخسی، باب الحمیل والمملوک والکافر: ۱۵۲/۹، غفاریه کوئٹه)

(۲) "وذکر أصحابنا إذا خرب ودثر، لم یبق حوله جماعة، والمقبرة إذا عفت و دثرت، تعود ملکاً لأربابها، فإذا عادت ملکاً، یجوز أن یبنی موضع المسجد داراً، أو موضع المقبرة مسجداً وغیر ذلک". (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشرکی الجاهلیة و یتخذ مکانها مساجد: ۱۷۹/۴، إدارة الطباعة المنیریة دمشق)

"میتٌ دفن فی أرض إنسان بغیر إذن مالکها، کان المالک بالخیار، إن شاء رضی بذلک، وإن شاء أمر بإخراج المیت، وإن شاء سوّی الأرض، و زرع فوقها". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر، الخ: ۴۷۲/۲، رشیدیه)

(۳) "یکره أن یبنی مسجد علی القبر ..... و فیه منع بناء المساجد علی القبور، ومقتضاه التحریم، کیف و قد ثبت اللعن علیه، و أما الشافعی وأصحابه فصرحوا بالکراهة". (معارف السنن، أبواب الجنائز، باب ما جاء فی کراهیة أن یتخذ علی القبر مسجداً: ۳۰۵/۳، المکتبة البنوریه، کراچی) =

پڑھنا ناجائز ہے(۱)، بلکہ اس کے قریب بھی پڑھنے سے احتیاط چاہئے کہ بعض صورتوں میں کراہت زیادہ ہوتی ہے، بعض میں کم (۲):

"ولو بلی المیت و صار تراباً، جاز دفن غیرہ فی قبرہ، وزرعہ، والبناء علیہ، اھـ". تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق: ۱/۲٤٦(۳)۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/۱۲/۵۸ھ۔

اگر وہ قبرستان پرانا اور وقف ہے اور اب وہاں مردے دفن نہیں ہوتے، دوسرا قبرستان موجود ہے اور اس قبرستان کے بے کار پڑے رہنے سے اندیشہ ہے کہ اس پر دوسرے لوگ غلط قبضہ کرلیں گے اور وہاں مسجد بنانا مناسب ہے تو مسلمانوں کے باہم مشورہ سے مسجد بنانا درست ہے، کذا فی العینی شرح البخاری(٤)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

= (وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات: ۴/۴۷۰، ۴۷۱، رشیدیه)

(۱) "عن أبی مرثد الغنوی رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "لا تجلسوا علی القبور، ولا تصلوا إلیها". (سنن الترمذی، أبواب الجنائز، باب کراهة الوطیء والجلوس علیها: ۱/۲۰۳، سعید)

(۲) "وقال فی الحلیة: و تکره الصلاة علیه و إلیه، لِوُرود النهی عن ذلک". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب صلوة الجنائز: ۲/۲۴۵، سعید)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب فی بیان السنة والمستحب والمندوب، الخ: ۱/۶۵۴، سعید)

(۳) (تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/۱۶۷، رشیدیه)

(۴) "قال ابن قاسم رحمه اللہ تعالیٰ: لو أن مقبرةً من مقابر المسلمین عفت، فبنی قوم فیها مسجداً، لم أربذلک بأساً، وذلک؛ لأن المقابر و قف من أوقاف المسلمین لدفن موتاهم، لا یجوز لأحد أن یملکها، فإذا درست واستغنی عن الدفن فیها، جاز صرفها إلی المسجد؛ لأن المسجد أیضاً وقف من أوقاف المسلمین، لایجوز تملیکه لأحد، فمعناهما علی هذا واحد، اهـ". (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب هل تنبش قبور مشرکی الجاهلیة و یتخذ مکانها مساجد: ۴/۱۷۹، إدارة الطباعة المنیریة دمشق) =

Made searchable using ScribeTools.com

قدیم قبرستان میں بنی ہوئی مسجد بھی شرعی مسجد ہے

سوال[۷۴۸۳]: ایک مسجد احاطۂ قبرستان میں عرصہ گیارہ سال سے بنی ہوئی ہے اور اس مسجد میں برابر نمازِ جمعہ اور نمازِ پنجگانہ ہوتی ہے۔ تمام اہلِ محلّہ اسی میں نماز پڑھتے رہے ہیں۔ بعض لوگوں نے اعتراض کیا کہ یہ مسجد قبروں پر بنی ہوئی ہے اور لوگوں کو نماز پڑھنے سے روکتے ہیں۔ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ اس احاطہ میں قبروں کے نشانات موجود تھے اور دیکھنے والوں کو بخوبی یاد ہے، مگر یہ معلوم نہیں کہ وہ نشانات کہاں کہاں تھے؟ تمام نشانات عرصہ دراز سے موجود تھے، مگر اب جو عرصہ گیارہ سال سے یہ نشانات مسجد میں شامل ہو چکے ہیں، اس لئے بعض افراد کو نماز کے بارے میں شک گذرتا ہے کہ یہاں نماز ہو سکتی ہے کہ نہیں؟

اس مسجد کو مسجدِ ضرار کہنا کیسا ہے؟ اگر اس مسجد میں نماز ناجائز قرار دی جائے تو ان لوگوں کے بارے میں کیا حکم ہے کہ جنہوں نے مسجد کی بنیاد ڈالی اور جن لوگوں نے اس مسجد کی تعمیر میں حمایت کی، یا مسجد تعمیر کرنے والے شخص پر زور دیا اور تمام اخراجات برداشت کئے۔ آیا وہ شخص مسجد کے مخالفین سے اخراجات کا مطالبہ کر سکتا ہے یا نہیں؟ ان کی نماز کے خراب ہونے کا کون شخص ذمہ دار ہے؟ بہر صورت اب یہ سوال ہے کہ اس مسجد کو آباد کیا جائے یا چھوڑ دیا جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو جگہ مردے دفن کرنے کے لئے وقف کی جائے وہاں مسجد بنانا منشائے واقف کے خلاف ہے، اس لئے منع ہے(۱)۔ ایسی جگہ نماز پڑھنا منع ہے جہاں سامنے قبریں ہوں(۲)۔ لیکن اگر قبرستان پرانا ہو جائے کہ

= (وكذا في ردالمحتار، باب صلوة الجنائز، مطلب في دفن الميت: ۲/۲۳۴، سعيد)

(۱) "شرط الواقف كنص الشارع: أي في وجوب العمل به، وفي المفهوم والدلالة، اهـ". (الأشباه والنظائر، كتاب الوقف، الفن الثاني، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

(وكذا في تنقيح الفتاوىٰ الحامدية: ۱/۱۲۶، مكتبه ميمنيه مصر)

(۲) "عن أبي مرثد الغنوي رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال النبي عليه السلام: "لاتجلسوا على القبور، ولاتصلوا إليها". (جامع الترمذي، أبواب الجنائز: ۱/۲۰۳، سعيد)

اب وہاں مردے دفن نہیں ہوتے اور پرانی قبریں وہاں موجود ہیں، مگر زمانۂ دراز گذرنے کی وجہ سے اب ان میں میت موجود نہیں بلکہ مٹی بن چکی ہے تو حسبِ ضرورت وہاں مسجد بنانا شرعاً درست ہے(۱)۔ قبر میں جب میت مٹی بن جائے تو اس کا حکم بھی بدل جاتا ہے، اسی وجہ سے وہاں دوسرا مردہ بھی دفن کرنا درست ہے۔

اگر ذاتی زمین ہو تو وہاں کھیتی کرنا اور تعمیر کرنا بھی درست ہوتا ہے۔ غرض قبر کا حکم باقی نہیں رہتا، ایسی مسجد کو شرعی مسجد کہا جاتا ہے۔ وہاں نماز پڑھنا درست ہوتا ہے، اس کو مسجد ضرار نہیں کہا جاتا، اس میں پڑھی ہوئی نمازوں کا اعادہ لازم نہیں ہوتا:

"فإن قلت: هل يجوز أن تبنى المسجد على قبور المسلمين؟ قلت: قال ابن القاسم: لو أن مقبرةً من مقابر المسلمين عفت، فبنى قوم عليها مسجداً، لم أربذلك بأساً، وذلك لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لايجوز لأحد أن يملكها، فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها، جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضاً وقف من أوقاف المسلمين، لايجوز تمليكه لأحد، فمعنا هما على هذا واحد، اه". عمدة القاری شرح البخاری: ۲/۳۵۹(۲)۔

قال العلامة الحصكفی رحمه الله تعالیٰ: "كماجاز زرعه والبناء عليه إذا صار تراباً،

---

(۱) "وأما المقبرة الداثرة إذا بُنى فيها مسجد ليصلى فيه، فلم أرفيه بأساً؛ لأن المقابر وقف، وكذا المسجد، فمعناهما واحد". (عمدة القاری شرح صحيح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشركی الجاهليةُ يتخذ مكانها مساجد: ۴/۱۷۴، مكتبه إدارة الطباعة المنيرية، دمشق)

(۲) (عمدة القاری شرح صحيح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشركی الجاهلية ويتخذ مكانها مساجد: ۴/۱۷۹، ادارة الطباعة المنيرية، دمشق)

"وإن بقی من عظامهم شئ، تنبش وترفع الآثار وتتخذ مسجداً؛ لماروی أن مسجد النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم كان قبلُ مقبرةً للمشركين، فنبشت، كذا فی الواقعات". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب صلوة الجنازة، مطلب فی دفن الميت: ۲/۲۳۴، سعيد)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات الخ: ۲/۴۶۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

وکذا یجوز دفن غیرہ علیہ، اھ". درمختار(۱)، ردالمحتار: ۱/۶۰۲(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

قبرستان کی خالی زمین جوت کر اس کی آمدنی مسجد میں لگانا

سوال[۷۴۸۴]: ۱.....چند آدمیوں نے مل کر کچھ زمین قبرستان کے نام دے دی۔ اب اس زمین کے کچھ حصہ میں تو قبریں ہیں اور کچھ حصہ خالی ہے۔ تو جو حصہ خالی ہے اس کو جوت کر اس کی پیداوار مسجد میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ جب کہ جنہوں نے زمین قبرستان کے نام دی ہے اس پر راضی ہیں۔

قدیم غیر مستعمل قبرستان میں مسجد بنانا

سوال[۷۴۸۵]: ۲.....ایک ایسی زمین ہے جس میں کافی قبریں ہیں، جس میں چند ایسی قبریں ہیں جو کہ بالکل ہموار ہوگئی ہیں اور کچھ ایسی قبریں ہیں جو کہ ابھی صحیح وسالم ہیں۔ تو ایسی پرانی قبروں کو ہموار کر کے مسجد بنا سکتے ہیں یا نہیں؟ اور اگر مسجد بنالی تو اس میں نماز ہوسکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....قبرستان کے لئے زمین دیتے وقت اگر یہ کہہ دیتے کہ اس کی خالی زمین کی پیداوار مسجد میں دی جائے تب تو اجازت ہوجاتی، مگر اس وقت انہوں نے ایسا نہیں کیا، اب اجازت نہیں، بلکہ اس کی پیداوار قبرستان ہی پر صَرف کی جائے (۳)۔ لیکن اگر وہاں ضرورت نہیں اور کوئی قبرستان بھی حاجتمند نہیں اور آمدنی کے روپے کا

---

(۱) (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب صلوة الجنازة: ۲/۲۳۸، سعید)

(۲) (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب صلوة الجنازة، مطلب فی دفن المیت: ۲/۲۳۳، سعید)

(۳) "سئل نجم الدین فی مقبرة فیها أشجار: هل یجوز صرفها إلی عمارة المسجد؟ قال: نعم إن لم تکن وقفاً علی وجه آخر. قیل له: فإن تداعت حیطان المقبرة إلی الخراب یصرف إلیها أو إلی المسجد؟ قال: إلی ما هی وقف علیه". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والخانات ..... والمسائل التی تعود إلی الأشجار، الخ: ۲/۴۷۶، رشیدیه)

(وکذا فی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، نوع فی وقف المنقول: ۶/۲۶۱، رشیدیه)

تحفظ دشوار ہے تو پھر سب کے مشورہ سے آمدنی مسجد میں صَرف کر سکتے ہیں (۱)۔اس کا بھی لحاظ رہے کہ اس خالی جگہ میں کھیتی کرنے سے کہیں دوسروں کے قبضہ میں آکر وقف ہی ختم نہ ہو جائے۔

۲.....اگر قبرستان پرانا ہو جائے کہ میت مٹی بن چکی ہو اور اب وہاں دفن کرنا بند کر دیا گیا ہو اور قبرستان بند ہونے کی وجہ سے، نیز خالی پڑا رہنے سے اندیشہ ہو کہ اس پر کوئی غاصبانہ قبضہ کر لے گا تو پرانی قبروں کو ہموار کر کے وہاں مسجد بنانے کی اجازت ہے (۲)۔باہمی مشورہ سے کام کیا جائے تو انشاء اللہ فتنہ نہ ہوگا۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۹/۹۵ھ۔

---

(۱) "ونقل فی الذخیرة عن شمس الأئمة الحلوانی أنه سئل عن مسجد أو حوض خرب، ولا یحتاج إلیه، لتفرق الناس عنه: هل للقاضی أن یصرف أو قافه إلی مسجد أو حوض آخر؟ فقال: نعم".

(ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فیما لوخرب المسجد أوغیره: ۴/۳۵۹، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف، فصل فی أحکام المساجد: ۵/۴۲۲، رشیدیه)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الوقف، فصل فی أحکام المسجد: ۶/۲۳۷، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(۲) "فإن قلت: هل یجوز أن تبنی علی قبور المسلمین؟ قلت: قال ابن القاسم: لو أن مقبرةً من مقابر المسلمین عفت، فبنی قوم علیها مسجداً، لم أر بذلک بأساً؛ وذلک لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمین لدفن موتاهم، لایجوز لأحد أن یملکها، فإذا درست واستغنی عن الدفن فیها، جاز صرفها إلی المسجد؛ لأن المسجد أیضاً وقف من أوقاف المسلمین، لایجوز تملیکه لأحد، فمعناهما علی هذا واحد، اهـ". (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشرکی الجاهلیة ویتخذ مکانها مساجد: ۴/۱۷۹، إدارة الطباعة المنیریة، دمشق)

"ولو بلی المیت وصار تراباً، جاز دفن غیره فی قبره، وزرعُه والبناءُ علیه". (تبیین الحقائق، کتاب الصلوة، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، سعید)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الصلوة، مطلب فی دفن المیت: ۲/۲۳۳، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن: ۱/۱۶۷، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

قبرستان کی زمین کا تبادلہ

سوال[۷۴۸۶]: اگر قبرستان کی جگہ کسی دیگر جگہ میں تجویز کی جائے تو درست ہے یا نہیں، یا پیش امام کے لئے دوسری اراضی تجویز ہو، یہ قبرستان ہی رکھا جائے؟ جواس میں مناسب و بہتر ہو، اسے تحریر فرمایا جائے۔

المستفتیان: عبدالرزاق، عبدالستار، رائے پور، ضلع سہارنپور۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر یہ زمین مردے دفن کرنے کے لئے واقف نے وقف کی ہے تو امام کو دوسری زمین کاشت کے لئے دی جائے (۱)۔ اگر وہ واقف نے ضروریاتِ مسجد کے لئے وقف کی ہے، تو مردے دفن کرنے کے لئے دوسری زمین تجویز کی جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/۵/۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/ جمادی الاولی/ ۶۱ھ۔

قبرستان میں مدرسہ بنانا

سوال[۷۴۸۷]: ایک گاؤں کٹر کنڈلہ ہے، اس کی مسلم آبادی دوسو ہے، دو قبرستان ہیں جو تقریباً

---

(۱) "شرط الواقف كنص الشارع: أی فی المفهوم والدلالة، ووجوب العمل به". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

"علی أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفين، الخ: ۴/۴۴۵، سعيد)

"فإن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع، و هو مالک، فله أن يجعل ماله حيث شاء ما لم يكن معصيةً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: شرائط الواقف معتبرة، الخ: ۴/۳۴۳، سعيد)

(۲) "والأصح ما قال الإمام ظهير الدين: إن الوقف على عمارة المسجد وعلى مصالح المسجد سواء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الفصل الثانی فی الوقف علی المسجد: ۲/۴۶۲، رشيديه)

"لو بنى فوقه بيتاً للإمام، لا يضر؛ لأنه من المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فی أحكام المسجد: ۴/۳۵۸، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

پچاس سال کی مدت کے لئے کافی ہوسکتے ہیں۔اس گاؤں کے قبرستان میں ایک مسجد تعمیر ہورہی ہے جس میں چالیس سال سے نماز پڑھی جارہی ہے۔مسجد کے متصل دوسو پچاس مربع گز زمین خالی ہے،اب اس زمین پر پختہ عمارت مدرسہ کی تعمیر کرنا چاہتے ہیں، کیونکہ یہ جگہ آبادی کی تمام مسلمانوں کے مکانات سے قریب تر ہے۔تو اس جگہ مدرسہ بنانا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر وہ قبرستان مملوک ہے تو مالک کی اجازت سے دینی مدرسہ کی تعلیم درست ہے(۱)۔اگر قبرستان وقف ہے تو منشائے واقف ہی میں اس کو استعمال کیا جائے (۲)،لیکن اگر وقف ہونے کے باوجود وہ جگہ ضرورت سے زائد ہے اور بیکار رہنے سے اندیشہ ہے کہ کوئی اس پر غلط تصرف کرے جس سے وقف ہی ضائع ہوجائے تو دینی مدرسہ کی تعمیر کرنا بھی درست ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وذكر أصحابنا إذا خرب و دثر لم يبق حوله جماعة. والمقبرة إذا عفت ودثرت، تعود ملكاً لأربابها، فإذا عادت ملكاً، يجوز أن يبنى موضع المسجد داراً، أو موضع المقبرة مسجداً، وغير ذلك". (عمدة القارى شرح صحيح البخارى، باب: هل تنبش قبور مشركى الجاهلية و يتخذ مكانها مساجد: ۴/۱۷۹، إدارة الطباعة المنيرية دمشق)

(وكذا فى تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، دارالكتب العلمية بيروت)

(۲) "لأن شرط الواقف يجب اتباعه، لقولهم: شرط الواقف كنص الشارع: أى فى وجوب العمل به، وفى المفهوم والدلالة، اهـ". (الأشباه والنظائر، الفن الثانى، الفوائد، كتاب الوقف: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

(۳) "و ما فضل من ريع الوقف، و استغنى عنه، فإنه يصرف فى نظير ذلك الجهة، كالمسجد إذا فضلت غلة وقفه عن مصالحه، صرف فى مسجد آخر؛ لأن الواقف غرضه فى الجنس، والجنس واحد". (فقه السنة، كتاب الوقف، فاضل ريع الوقف، الخ: ۳/۵۲۹، دارالكتاب العربى بيروت)

"و فى شرح الملتقى: يصرف وقفها لأقرب مجانس، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فيما لو خرب المسجد، الخ: ۴/۵۹، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

ایضاً

سوال[۷۴۸۸]: شہر کے درمیان مسجد ہے، اس کے احاطہ میں قبرستان ہے۔ لوگ اس میں دینی مدرسہ کے لئے عمارت بنانا چاہتے ہیں۔ کتنی مدت گذر جانے کے بعد عمارت بنائی جاسکتی ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

قبرستان اس لئے وقف ہوتا ہے کہ اس میں مُردے دفن کئے جائیں، اس کے علاوہ کسی اَور کام میں اس کا استعمال کرنے کا حق نہیں (۱)۔ البتہ یہ قبرستان اتنا پُرانا ہوگیا کہ اب میت مٹی بن چکی ہوگی اور جدید مردے دفن نہیں کئے جاتے، اس کے لئے دوسرا قبرستان موجود ہے اس کے خالی رہنے سے اندیشہ ہے کہ اس پر لوگ غاصبانہ قبضہ کرلیں گے تو ایسی حالت میں وہاں دینی مدرسہ تعمیر کرلیا جائے (۲)، یا کوئی اَور عمارت بنا کر اس کو کرایہ پر اٹھایا جائے اور کرایہ دوسرے قبرستان کی ضروریات میں صَرف کیا جائے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "سئل الأوزجندی عن المقبرة فی القری إذا اندرست، ولم یبق فیها أثر الموتی لا العظم ولا غیره: هل یجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا، ولها حکم المقبرة، کذا فی المحیط". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۴۷۰/۲، ۴۷۱، رشیدیه)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الوقف: ۲۴۰/۶، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(۲) "وذکر أصحابنا إذا خرب ودثر، لم یبق حوله جماعة. والمقبرة إذا عفت ودثرت، تعود ملکاً لأربابها، فإذا عادت ملکاً، یجوز أن یبنی موضع المسجد داراً، وموضع المقبرة مسجداً وغیر ذلک".

(عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب: هل تنبش القبور شرکی الجاهلیة ویتخذ مکانها مساجد: ۱۷۹/۴، إدارة الطباعة المنیریة، دمشق)

(۳) "ولو کانت الأرض متصلةً ببیوت المصر یرغب الناس فی استیجار بیوتها، وتکون غلة ذلک فوق غلة الزرع والنخل، کان للقیم أن یبنی فیها بیوتاً فیؤاجرها". (الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الخامس فی ولایة الوقف وتصرف القیم فی الأوقاف، الخ: ۴۱۴/۲، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب الوقف، تصرف القیم فی الأوقاف: ۷۴۶/۵، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف: ۲۵۴/۶، رشیدیه)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، باب الرجل یجعل داره مسجداً، الخ: ۳۰۰/۳، رشیدیه)

قبرستان میں خانقاہ

سوال[۷۴۸۹]: قصبہ شوروم ضلع مظفرنگر میں ایک تکیہ ہے، اس تکیہ میں ایک مزار ہے اور مزار کے چاروں طرف قبرستان ہے، اس قبرستان کے چاروں طرف کوٹ (۱) گھرا ہوا ہے اور اس کے اندر چار دروازے تھے اور کوٹ کی چہار دیواری ٹوٹ گئی ہے، اس وجہ سے بجائے چار دروازے کے اس وقت بہت سے راستے بن گئے ہیں۔ ایک فقیر نے اس میں ایک مقبرہ بنالیا تھا اور مقبرہ میں بیٹھ کر لوگوں کو سٹہ بتانے لگا اور مقبرے میں بھی سٹہ کے پیسے کو لگانے لگا، وہ فقیر انتقال کر گیا ہے، اب اس مقبرے میں گاؤں کے بچے تعلیم پا رہے ہیں۔

کچھ لوگوں نے زبردستی اس کا تالا توڑ کر اندرونِ مقبرہ دو قبریں منہدم کر کے برابر کر دیا ہے اور اس مقبرہ میں بچوں کو پڑھانا شروع کر دیا ہے۔ اس خانقاہ کے نزدیک اس کی دو عمارت بنی ہوئی ہیں، لیکن عمارت پر اس وقت کڑیاں نہیں ہیں، پہلے جو اس مقبرہ کا نگراں تھا اس نے ان عمارتوں کی کڑیاں اتار کر جلالی تھیں۔

اس خانقاہ کے چاروں طرف کچھ درخت بھی موجود ہیں جو لوگ یہاں مدرسہ قائم کرنا چاہتے ہیں، ان کی رائے یہ ہے کہ مقبرہ کے درختوں کو کاٹ کر ان عمارتوں پر کڑیاں اور کواڑ وغیرہ لگا دیئے جائیں، یا یہ کہ درخت کی لکڑیوں کو فروخت کر کے اس کا روپیہ خانقاہ کے کمزور حصوں پر صرف کر دیا جائے، چونکہ ایک طرف سے کوٹ کے ٹوٹ جانے سے کچھ حصہ قریب کے تالاب میں پہونچ گیا ہے۔ ایسا کرنے کے لئے حکم شرع کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ تکیہ قبرستان کے لئے وقف ہے اور وہ خانقاہ بھی اس سے متعلق ہے تو درختوں کو کاٹ کر قیمت کا روپیہ اس عمارت کی مرمت میں صرف کرنا درست ہے (۲)۔ وہاں کسی فقیر کا سٹہ کی خبر بتانا، یا کسی اَور غلط کام میں

---

(۱) ''کوٹ: قلعہ، حصار، گڑھ، فصیل، شہر پناہ، چار دیواری''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۰۴۰، فیروز سنز، لاهور)

(۲) "وإن نبتت الأشجار فيها بعد اتخاذ الأرض مقبرةً، فإن علم غارسها، كانت للغارس. وإن لم يعلم الغارس فالرأى فيها يكون للقاضى، إن رأى أن يبيع الأشجار ويصرف ثمنها إلى عمارة المقبرة، فله ذلك، و يكون فى الحكم كأنها وقف". (فتاوىٰ قاضى خان هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل فى الأشجار: ۳/ ۳۱۱، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانى عشر، مطلب: الكلام على الأشجار فى =

Made searchable using ScribeTools.com

اس جگہ کا استعمال کرنا درست نہیں (۱)۔ اگر اس کے ویران ہونے یا تالاب میں چلے جانے کا اندیشہ ہے اور بچوں کی تعلیم کے ذریعہ تحفظ ہوسکتا ہے تو بہتر ہے کہ وہاں بچوں کو تعلیم دیجائے (۲)، مگر قبروں کی بے حرمتی نہ کریں، اس کا خیال رہے (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۹/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/ ۹/ ۸۸ھ۔

قبرستان میں عیدگاہ بنانا

سوال[۷۴۹۰]: یہاں پر ایک قبرستان ہے، قبرستان جاری ہے، قبرستان کی زمین بہت بڑی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ قبرستان کے ایک حصہ میں عیدگاہ بنالی جائے، عیدگاہ کے لئے وہ حصہ مختص کیا گیا ہے جہاں پر ان

= المقبرة: ۲/ ۴۷۳، ۴۷۴، رشیدیه)

(۱) "مقبرة قديمة لمحلة لم يبق فيها آثار المقبرة، هل يباح لأهل المحلة الانتفاع بها؟ قال أبو نصر رحمه الله تعالىٰ: لا يباح". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل فی المقابر، الخ: ۳/ ۳۱۴، رشیدیه)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۱/ ۴۷۰، ۴۷۱، رشیدیه)

(۲) "لو أن مقبرةً من مقابر المسلمين عفت، فبنیٰ قوم فيها مسجداً، لم أر بذلک بأساً، وذلک لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها، فإذا درست واستغنیٰ من الدفن فيها، جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضاً وقف من أوقاف المسلمين، لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما على هذا واحد، اهـ". (عمدة القاری شرح صحيح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشركی الجاهلية، الخ: ۴/ ۱۷۹، إدارة الطباعة المنيرية)

(۳) "ويكره أن يبنى على القبر، أو يقعد، أو ينام عليه، أو يوطأ عليه، أو يقضى حاجة الإنسان من بول أو غائط". (الفتاویٰ العالمكيرية، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/ ۱۶۶، ۱۶۷، رشیدیه)

(وكذا فی حاشية الطحطاوی، كتاب الصلاة، فصل فیٰ زيارة القبور، ص: ۶۲۳، قديمی)

قبروں کے آثار بہت کم ہیں۔ کیا اس قبرستان میں عیدگاہ بنانا جائز ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جو زمین قبرستان کے لئے وقف کی گئی ہو، اس میں عیدگاہ بنانے کی اجازت نہیں، خاص کر جب کہ وہ جاری ہو اور وہاں مردے دفن ہوتے ہیں اس لئے عیدگاہ دوسری جگہ بنائی جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱/۸۸ھ۔

قبرستان کو عیدگاہ میں شامل کرنا

سوال[۷۴۹۱]: موقوفہ قبرستان کو اگر عیدگاہ میں شامل کرلیا جائے تو ایسا کرسکتے ہیں یا نہیں؟ جب کہ اس کے علاوہ کوئی اَور جگہ نہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر دفن کے لئے دوسرا قبرستان موجود ہے، جو قبرستان عیدگاہ کے متصل ہے، وہاں دفن کا سلسلہ بند کرکے اس کو عیدہ گاہ میں شامل کرنے کے لئے وہاں کے لوگ متفق ہوں اور اس میں کوئی فتنہ نہ ہو تو عیدگاہ میں شامل کرلینا درست ہے (۲)۔ قبریں جب اتنی پرانی ہوجائیں کہ ان میں میت موجود نہ رہے بلکہ مٹی بن جائے تو

---

(۱) "سئل الأوزجندی عن المقبرة فی القری إذا اندرست، و لم یبق فیها أثر الموتی، لا العظم، ولا غیره: هل یجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا، ولها حکم المقبرة، کذا فی المحیط". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۱/۴۷۰، رشیدیه)

"لایجوز لأهل القریة الانتفاع بالمقبرة الداثرة". (فتح القدیر، کتاب الوقف: ۶/۲۴۰، مصطفی البابی الحلبی مصر)

(۲) "وأما المقبرة الداثرة إذا بُنی فیها مسجد لیصلی فیه، فلم أر فیه بأساً؛ لأن المقابر وقف، وکذا المسجد، فمعناهما واحد". (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشرکی الجاهلیة ویتخذ مکانها مساجد: ۴/۱۷۴، إدارة الطباعة المنیریة، دمشق)

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

حکم بدل جاتا ہے، ایسی صورت میں قبروں کو ہموار کر کے وہاں نماز پڑھنا درست ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/ ۸۸ھ۔

مشتبہ قبرستان کی زمین کو خریدنا اور اس پر مکان بنانا

سوال[۷۴۹۲]: مسجد کے قریب ایک زمین ہے جس کے متعلق تحریر نہیں، مگر شہرت اس طرح کی ہے کہ ایک مسلم خاندان کا گورستان تھا جس میں مدت ہوئی مُردوں کے دفن کرنے کی سرکاری حکم سے ممانعت کردی گئی، چند قبور پختہ اس میں اب بھی موجود ہیں۔اور بوڑھے مسلمان کہتے ہیں کہ یہ مسجد بھی بعد میں گورستان ہی کی زمین میں تعمیر ہوئی، بلکہ صحنِ مسجد میں قبریں بنی ہوئی ۲۵، ۳۰/ برس ہوئے کہ اس وقت دیکھی ہیں جو اَب بےنشان ہوگئیں، نہ معلوم ابتدا میں کیا صورت ہوئی۔

زید مسلمان کا اس پر قبضہ ہوا اور اسی نے مسجد و کنواں و غسل خانہ اور مکتب کے لئے ایک کمرہ اس میں بنوایا۔زید مقروض ہوکر وفات پا گیا اور ہندو دائن نے ڈگری جاری کرا کے مجبور کیا کہ وہ نیلام ہو۔ورثائے زید نے اپنے طور پر سارا قطعہ جس میں مشتبہ گورستان بھی شامل تھا نیلام کردیا۔اور ایک ہندو نے اس کو خرید کر قبضہ کر لیا اور نمودار قبروں کی وجہ سے ہندو اس پر تعمیر کرنے سے خائف رہا اور ایک مسلمان کے ہاتھ وہ سارا قطعہ بیچ دیا جس میں قبریں تھیں۔اس خریدار نے اس کے ٹکڑے کر کے دوسرے لوگوں کے ہاتھ فروخت کردیئے اور اس میں مکانات تعمیر ہوگئے۔ایک مختصر قطعہ مسجد کے متصل باقی ہے جس میں اندیشہ ہے کہ کسی ہندو نے خرید لیا تو فتنہ ہوا کرے گا۔مسجد میں اتنی وسعت نہیں کہ خرید سکے۔

پس آیا کوئی گنجائش ہے کہ کوئی مسلمان اس کو خرید کر مکان مسکونہ بنالے اور موجودہ پختہ قبر بحالہٖ محفوظ

---

(۱) "بلی المیت وصار تراباً، جاز دفن غیرہ فی قبرہ وزرعُہ والبناءُ، علیہ، اھ". (تبیین الحقائق، کتاب الصلوۃ، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، دارالکتب العلمیۃ بیروت)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الصلوۃ، مطلب فی دفن المیت: ۲/۲۳۳، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریۃ، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن: ۱/۱۶۷، رشیدیہ)

رکھے؟ اور اس مسجد کا کیا حکم ہے، آیا اس میں نماز صحیح ومستحب ہوگی اور حکم مسجد کا دیا جائے گا یا نہیں؟ اور جن مسلمانوں نے اس کو خرید کر تعمیر کیا ہے آیا وہ صحیح ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداًومصلیاً:

عادتِ عامہ کے موافق قبور زمینِ وقف ہی میں بنائی جاتی ہیں، خواہ وہ وقف عام ہو جیسے گورِ غریبان، یا وقف خاص ہو جیسے کوئی مخصوص خاندان اپنی قبور کے لئے کوئی قطعۂ زمین وقف کردے، گو کبھی اس کے خلاف بھی ہوتا ہے، لہذا اس قطعۂ ارض کو وقف ہی کہا جائے گا: "لأن الحكم بالظاهر واجب عند تعذر الوقوف على الحقيقة، اهـ". مبسوط(۱)۔

اور وہ مسجد بھی جب کہ ایک مسلمان کی بنائی ہوئی ہے، بظاہر شرعی مسجد ہے: "لأن حمل فعل المسلم على الصحة والحل واجب ما أمكن إلا أن تقوم البينة". مبسوط سرخسی(۲)۔

مگر دلیلِ قطعی نہ اس مسجد کے وقف ہونے پر ہے اور نہ مسجد کے شرعی مسجد ہونے پر، کیونکہ نہ کوئی شہادت ہے نہ وقف نامہ وغیرہ، تاہم مسجد ہونا اَقوی ہے، کیونکہ اس کے خلاف کا احتمال بہت ہی مرجوح ہے اور اس زمین کا وقف ہونا اتنا قوی نہیں، نیز مفادِ مسجد کے خلاف فتنہ کا اندیشہ ہے، اس لئے "من ابتلى ببليتين، فليختر أهونهما"(۳)، گنجائش ہے کہ کوئی مسلمان اس قطعہ کو خرید کر مکان وغیرہ بنالے اور مفادِ مسجد کے خلاف فتنہ سے امن ہو جائے، خصوصاً جب کہ دوسرے قطعات میں تصرف بھی ہو چکا۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/۱/۵۴ھ۔

صحیح: عبد اللطیف مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۹/محرم الحرام/۵۴ھ۔

جو زمین بچوں کی قبروں کے لئے ہے اس کو فروخت کرنا

سوال[۷۴۹۳]: اگر کسی بستی میں بڑے قبرستان علیحدہ ہوں اور بچوں کے علیحدہ، مگر چونکہ بچوں کے

---

(۱) (المبسوط، باب الحميل والمملوك والكافر: ۹/۱۵۲، غفاريه كوئٹه)

(۲) (المبسوط، باب اختلاف الأوقات فى الدعوى وغير ذلك: ۹/۷۳، غفاريه كوئٹه)

(۳) (الأشباه والنظائر مع شرحه للحموى، القاعدة الخامسة: الضرر يزال: ۱/۲۸۶، إدارة القرآن، كراچى)

Made searchable using ScribeTools.com

قبرستان میں کوڑا کرکٹ پڑا ہوا ہے اور لوگ وہاں مکان بنانا چاہتے ہیں، ان سے اگر اس قبرستان کی جگہ کی قیمت لے لی جائے تو وہ کس جگہ صرف کرنی چاہئے۔ قبرستان میں عیدگاہ بھی ہے، کچھ ٹوٹ پھوٹ واقع ہورہی ہے۔ اگر جائز ہو تو کیا وہ روپیہ اس میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو زمین قبرستان کے لئے وقف ہو خواہ بچوں کے دفن کے لئے یا بڑوں کے دفن کے لئے، وہاں ذاتی مکان بنانا شرعاً جائز نہیں (۱)، کوڑا کرکٹ بھی وہاں نہ ڈالا جائے۔ البتہ اگر وہ زمین وقف نہیں، بلکہ مملوک ہے تو مالک کو اس کا فروخت کرنا شرعاً درست ہے، پھر قیمت اپنے کام میں لائے، یا عیدگاہ وغیرہ میں جہاں چاہے صرف کرے، اسے سب طرح اجازت ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۱/۹۴ھ۔

---

(۱) "لأن الملک مامن شأنه أن يتصرف فيه بوصف الاختصاص". (ردالمحتار، كتاب البيوع، مطلب فی تعريف المال والملک والمتقوم: ۴/۵۰۲، سعيد)

"وسئل هو أيضاً عن المقبرة فی القری إذا اندرست، و لم يبق فيها أثر الموتی، لا العظم و لا غيره: هل يجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا، ولها حكم المقبرة". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۱/۴۷۰، ۴۷۱، رشيديه)

(وكذا فی تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۸۷، دارالكتب العلمية بيروت)

"مقبرة قديمة لمحلة لم يبق فيها آثار المقبرة، هل يباح لأهل المحلة الانتفاع؟ قال أبونصر رحمه الله تعالیٰ: لا يباح". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل فی المقابر: ۳/۳۱۴، رشيديه)

(۲) "إذا دفن الميت فی أرض غيره بغير إذن مالكها، فالمالک بالخيار: إن شاء أمر بإخراج الميت، وإن شاء سوّی الأرض، وزرع فيها". (الفتاویٰ العالمكيرية، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/۱۶۷، رشيديه)

(وكذا فی فتح القدير، باب الجنائز، فصل فی الدفن: ۲/۱۴۲، مصطفی البابی الحلبی مصر)

فقیر نگران کا قبرستان کی زمین کو فروخت کرنا

سوال[۷۴۹۴]: ہمارے بزرگوں کا قدیم قبرستان ہے اور اس میں شبراتی فقیر کو بطورِ نگران رکھ دیا تھا، اس نے اس کی زمین ایک دوسرے شخص کو فروخت کردی ہے۔ اس کے لئے کیا حکم ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جب کہ وہ فقیر محض نگراں کی حیثیت سے رہتا تھا، مالک نہیں تھا تو اس کا اس زمین کو مالک بن کر فروخت کرنا جائز نہیں (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۱/۸۸ھ۔

قبر والی زمین کی بیع

سوال[۷۴۹۵]: ایک شخص نے ایک قطعۂ زمین خرید کیا اور خریدنے والے کو یہ بات اچھی طرح معلوم ہے کہ اس زمین میں بہت سی قبریں ہیں، اب صاحب مذکور نے اس زمین میں تالاب کھدایا ہے، کھودتے وقت مردار کے سر اور ہاتھ کی ہڈی اور لاشیں پائی گئیں، سب ہڈیاں دوسری جگہ زمین میں دفن کردیں۔ آیا اب قبر والی زمین کو تالاب بنانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب مالک سے کسی نے زمین خرید لی، تو اب مالک کو اختیار ہے کہ اس زمین میں تالاب بنائے یا کچھ

---

(۱) "(بطل بيع ما ليس في ملكه) ..... لأنه عليه السلام نهى عن بيع ما ليس عند الإنسان".

(تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد: ۵/۵۸، ۵۹، سعيد)

"إذا صح الوقف، لم يجز بيعه و لا تملكيه". (الهداية، كتاب الوقف: ۲/۶۴۰ مكتبه شركت علميه بيروت)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الوقف: ۴/۳۵۱، ۳۵۲، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

اَور کام کرے(۱)، البتہ ان ہڈیوں کو توڑنا درست نہیں(۲)، بلکہ احتیاط سے ان کو ایک جگہ دفن کردیا جائے(۳)۔فقہاء نے اس کی تصریح کی ہے، اگر قبرستان وقف ہوتو اس کی بیع اوراس میں تالاب وغیرہ بنانا، ناجائز ہے(۴)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ۔

چک بندی میں قبرستان اور مدرسہ کے لئے زمین رشوت دے کر چھڑانا

سوال[۷۴۹۶]: ہمارے موضع میں چک بندی ہورہی تھی، حکومت کی طرف سے قبرستان ومدرسہ

---

(۱) "کل یتصرف فی ملکه کیف شاء، لکن إذا تعلق به حق الغیر یمنع المالک من تصرفه". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، ص: ۶۵۴، (رقم المادة: ۱۱۹۲)

"والقیاس أن من تصرف فی خالص ملکه، لا یُمنع منه وإن أضرّ بغیره، لکن ترک القیاس فی محل یضر بغیره". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، الکتاب السابع فی الحجر والاکراه والشفعة، الباب الثالث، الفصل الأول فی بعض قواعد فی احکام الاملاک، تحت رقم المادة: ۱۱۹۷، ص: ۶۵۷، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(۲) "کسر عظم المسلم میتاً ککسره وهو حی، قال مالک: تعنی فی الإثم". (مؤطأ إمام مالک، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی الاختفاء وهو النبش، ص: ۲۲۱)

"وحاصله أن عظم المیت له حرمة مثل حرمة عظم الحی، لکنه لاحیاة فیه، فکان کاسره فی انتهاک الحرمة ککاسره عظم الحی". (أوجز المسالک، کتاب الجنائز: ۴/۵۴۹، دارالقلم دمشق)

(وکذا فی ردالمحتار: ۵/۵۸، باب البیع الفاسد، سعید)

(۳) "ولا یحفر قبر لدفن آخر إلا أن بلی الأول، فلم یبق له عظم، إلا أن لا یوجد، فتضم عظام الأول ویجعل بینهما حاجزٌ من تراب". (ردالمحتار: ۲/۲۳۳، مطلب فی دفن المیت، سعید)

(۴) "وإذا صح الوقف، فلا یملک ولا یملّک". (ملتقی الأبحر مع مجمع الأنهر: ۲/۵۸۰، کتاب الوقف، غفاریه کوئٹه)

"فإذا تم ولزم، لایملک ولا یملک ولا یعار ولا یرهن". (ردالمحتار، کتاب الوقف: ۴/۳۴۱، سعید)

Made Searchable by ScribeTools.com

کے لئے کچھ زمین چھوڑنے کا حکم تھا، مگر اہلکار نہیں چھوڑ رہے تھے، بہت کوشش کی مگر معلوم ہوا کہ کچھ رشوت لینا چاہتے ہیں تو بمجبوری مدرسہ اور قبرستان کی زمین کے لئے سو روپیہ اہل کار کو دیا گیا جس میں پچاس روپیہ مدرسہ کا تھا، اور پچاس روپیہ قبرستان کا تھا، تو قبرستان اور مدرسہ کے لئے زمین دی گئی اور عمل درآمد بھی ہوگیا اور زمین مدرسہ کے لئے حاصل کرلی گئی۔ آیا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کہ مدرسہ وقبرستان کے لئے زمین چھوڑنا قانونی حق تھا اور بغیر روپیہ کے اس حق کو حاصل نہیں کیا جاسکتا تھا تو مجبوراً روپیہ دینے والے گنہگار نہیں ہوئے (۱)، وہ زمین مدرسہ وقبرستان دونوں کی ہوگئی۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱۱/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۱۱/۹۰ھ۔

قبرستان کی آمدنی مدرسہ وعیدگاہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۴۹۷]: ۱.....قبرستان کی رقم مدرسہ میں لگائی جاسکتی ہے یا نہیں، اور اگر لگائی جاسکتی ہے تو کون کون سے کام میں؟ خصوصاً مدرسہ کے مکان یا مدرسین کی تنخواہوں میں لگایا جاسکتا ہے یا نہیں؟

۲.....کیا قبرستان کی آمدنی سے عیدگاہ بناسکتے ہیں، نیز قبرستان کی آمدنی کس مصرف میں آسکتی ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱،۲.....موقوفہ قبرستان کی آمدنی کو کسی اَور کام (مدرسہ وعیدگاہ) میں صرف کرنا درست نہیں: "لأن

---

(۱) "لا بأس بالرشوة ..... إذا خاف على دمه ..... وفيه أيضاً دفع المال للسلطان الجائر لدفع الظلم عن نفسه و ماله ولاستخراج حقٍ له، ليس برشوة، يعنى فى حق الدافع، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فى البيع، فروع: ۶/۴۲۳، ۴۲۴، سعيد)

(وكذا فى ردالمحتار، باب البيع الفاسد، مطلب فى التداوى بلبن البنت للرمد قولان: ۵/۷۲، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الهبة، الباب الحادى عشر فى المتفرقات: ۴/۴۰۳، رشيديه)

(وكذا فى أحكام القرآن للجصاص، (سورة المائدة)، باب الرشوة، مطلب فى وجوه الرشوة: ۲/۴۳۳، ۴۳۴، دارالكتاب العربى، بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

شرط الواقف کنص الشارع". کذا فی رد المحتار(۱)۔ ہاں! اگر قبرستان میں کوئی ضرورت نہ ہو مثلاً: حفاظت کے لئے چہار دیواری کی ضرورت نہ ہو، آدمی رکھنے کی ضرورت نہ ہو وغیرہ وغیرہ (۲) تو پھر باہمی مشورہ سے مدرسہ وعیدگاہ میں جہاں ضرورت ہو تعمیر، تنخواہ، وظیفہ، خرید کتب وغیرہ میں صرف کرسکتے ہیں تاکہ آمدنی کی رقم ضائع نہ ہو اور اس پر کسی کی ملک نہ ہو اور غاصبانہ قبضہ نہ ہو جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱/۱۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱/۱۰ھ۔

قبرستان کی آمدنی مسجد میں

سوال[۷۴۹۸]: موضع شاہ پور گاؤں میں ہمیشہ سے مسجد کے متعلق ایک ڈھائی بیگہ پختہ رقبہ جس میں دس بسوہ خام رقبہ میں مسجد ہے (۳)، باقی میں کاشت ہوتی ہے جس کی آمدنی پیش امام کے پاس جاتی ہے، اور ہمیشہ سے تمام موضع کے مُردے بھی اسی میں دفن ہوتے ہیں اور قبریں چھوڑ کر کاشت کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ شرعاً جائز

---

(۱) (ردالمحتار، کتاب الوقف: ۴/۴۳۳. ۴۳۴، سعید)

"لأن شرط الواقف یجب اتباعه لقولهم: شرط الواقف کنص الشارع: أی فی وجوب العمل به، وفی المفهوم والدلالة، اهـ". (الأشباه والنظائر، الفن الثانی، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی تنقیح الفتاوی الحامدیة: ۱/۱۲۶، مکتبه میمنیه مصر)

(۲) "سئل نجم الدین فی مقبرة فیها أشجار: هل یجوز صرفها إلی عمارة المسجد؟ قال: نعم إن لم تکن وقفاً علی وجه آخر. قیل له: فإن تداعت حیطان المقبرة إلی الخراب، یصرف إلیها أو إلی المسجد؟ قال: إلی ما هی وقف علیه إن عرف. وإن لم یکن للمسجد متولٍ و لا للمقبرة، فلیس للعامة التصرف فیها بدون إذن القاضی". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، المسائل التی تعود إلی الأشجار، الخ: ۲/۴۷۶، ۴۷۷، رشیدیه)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، فصل فی الأشجار: ۳/۳۱۱، رشیدیه)

(۳) "بسوہ: زمین ناپنے کا ایک پیمانہ"۔ (فیروز اللغات، ص: ۲۰۴، فیروز سنز، لاهور)

ہے یانہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

وہ زمین ضروریاتِ مسجد کے لئے وقف ہے، یامُردے دفن ہونے کے لئے وقف ہے، اول صورت میں ثانی عمل ناجائز ہے اور ثانی صورت میں اول عمل ناجائز ہے(۱)۔ جس کام کے لئے واقف نے وقف کیا ہے اس میں وہی کام کرنا چاہیے: "لأن نص الواقف کنص الشارع"(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۳/ ۵/ ۶۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۴/ جمادی الاولیٰ/ ۶۱ھ۔

قبرستان کی آمدنی سے مساجد کی مرمت

سوال[۷۴۹۹]: ہمارے قصبہ میں قبرستان پرانے بہت ہیں اور حکومت نے بھی ان سے ملحقہ قبرستان کے لئے مزید اراضی دیدی ہے، اگر اس میں کاشت کرا کر اس کی پیداوار بوسیدہ جامع مسجد، یا دیگر امورِ خیر میں خرچ کردیں تو درست ہے یانہیں؟ اگر مساجد وغیرہ کی مرمت نہ کی گئی تو ان کے گرنے اور خراب ہونے کا اندیشہ ہے، اکثریت مسلمانوں کی یہاں سے چلی گئی، بہت معمولی تعداد میں باقی رہ گئے ہیں۔ جو اس کا خرچ برداشت نہیں کرسکتے تو کیا قبرستان کی پیداوار سے مرمت ہوسکتی ہے اور مساجد محفوظ ہوسکتی ہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

قبرستان کے لئے وقف شدہ زمین قبرستان ہی کے کام میں استعمال کی جائے، اگر وہاں کے قبرستان میں ضرورت نہیں اور ان کی ضرورت کے لئے کافی جگہ موجود ہے اور اس زمین کے خالی رہنے سے اندیشہ ہے

---

(۱) یعنی ضروریاتِ مسجد کے لئے وقف ہونے کی صورت میں دفنِ موتیٰ ناجائز ہے، اور مردے دفن کرنے کے لئے وقف ہونے کی صورت میں آمدنی امام کے پاس جانا ناجائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(۲) "لأن شرط الواقف یجب اتباعه لقولهم: شرط الواقف کنص الشارع: أی فی وجوب العمل به، وفی المفهوم والدلالة". (الأشباه والنظائر، الفن الثانی: الفوائد، کتاب الوقف: ۲/ ۱۰۶، إدارة القرآن، کراچی)

(وکذا فی الدر المختار، کتاب الوقف: ۴/ ۴۳۳، ۴۳۴، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

کہ دوسرے لوگ اس پر غاصبانہ قبضہ کرلیں گے اوراس قبضہ کوختم کرانا دشوار ہوجائے گا جس سے اصل وقف ہی ضائع ہوجائے گا تو مجبوراً اس میں کاشت کر کے اس کی آمدنی سے مساجد کی مرمت کرنا درست ہوگا (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۷/ ۸۷ھ۔

قبرستان کے باغ کی آمدنی مسجد اور مدرسہ کے کاموں میں صَرف کرنا

سوال[۷۵۰۰]: ایک شخص نے مدرسہ اور مسجد میں امامت کی، مسجد اور مدرسہ کے منتظمین نے تنخواہ ماہانہ قبرستان کے فنڈ سے دی۔ یہ باغ اس نیت سے لگایا گیا قبرستان میں کہ اس کی آمدنی سے مدرسہ اور مسجد کا خرچ چل سکے۔ ایک صاحب نے فتوی منگایا، فتوی میں جواب یہ آیا کہ قبرستان کی آمدنی قبرستان ہی میں صرف کی جائے گی، اس کے علاوہ مدارس ومسجد میں صرف کرنے کا کوئی مُجاز نہیں ہے۔ اور وہ شخص جس نے فتوی منگایا تھا، امام مسجد سے بتایا کہ ڈیڑھ ماہ سے جتنی نمازیں میں نے تمہارے پیچھے پڑھی ہیں وہ سب میں نے لوٹائیں۔ اس کا کہنا ہے کہ ایسے امام کے پیچھے نماز نہیں ہوتی اوران صفوں پر نماز بھی نہیں ہوتی جو کہ اس پیسے سے خریدی گئی ہوں۔

ان حالات میں امام مذکور نے امامت اومدرسی سے علیحدگی اختیار کرلی۔ کچھ اشخاص نے یہ کہا کہ آپ اس پیسے کو کسی سے بدل لیں۔ وہاں کے لوگوں کی اکثریت، نیز منتظمین امام مذکور کو رکھنا چاہتے ہیں۔ مدلل ومفصل

---

(۱) "وما فضل من ريع الوقف واستغنى عنه، فإنه يصرف في نظير تلك الجهة، كالمسجد إذا فضلت غلة وقفه عن مصالحه، صرف في مسجد آخر؛ لأن الواقف غرضه في الجنس، والجنس واحد ..... فإن هذا الفاضل لا سبيل إلى صرفه إليه، ولا إلى تعطيله، فصرفه في جنس المقصود أولى، وهو أقرب الطرق إلى مقصود الواقف". (فقه السنة، كتاب الوقف، فاضل ريع الوقف يصرف في مثله: ۳/ ۵۲۹، دار الكتاب العربي بيروت)

"وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب مسجد أو رباط أو بئر أو حوض". (الدرالمختار). "و في شرح الملتقى": "يصرف وقفها لأقرب مجانس لها، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فيما لو خرب المسجد أو غيره: ۴/ ۳۵۹، سعيد)

جواب درکار ہے، ایسی جگہ ملازمت درست ہے یا نہیں اور ایسے امام کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اس مسئلہ کی وجہ سے مسجد یا مدرسہ سے علیحدگی کی کوئی ضرورت نہیں، تنخواہ کے متعلق معاملہ کرلیا جائے کہ اس فنڈ سے تنخواہ نہیں دیں گے۔ جو نمازیں پڑھی جاچکی ہیں ان کے لوٹانے کی بھی ضرورت نہیں (۱)۔ جو صفیں اس فنڈ سے خریدی گئی ہیں ان کی قیمت اس فنڈ میں جمع کردی جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱/۹۵ھ۔

پرانے قبرستان میں مکان و بیت الخلاء وغیرہ بنانا

سوال[۷۵۰۱]: ایک مکان قبرستان میں بنایا گیا ہے اور قبریں بالکل برابر ہوگئیں، ان کا کوئی نشان نہیں رہا ہے، لیکن یہ معلوم ہے کہ یہاں پر قبریں تھیں۔ تو اس مکان میں بیت الخلا بنانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر وہ قبرستان وقف نہیں، بلکہ مملوک ہے اور قبریں اتنی پرانی ہیں کہ میت بالکل مٹی ہوچکی ہوگی تو اس کے احکام قبرستان کے نہیں رہے، وہاں مالک کو اور مالک کی اجازت سے دوسروں کو مکان بنانا شرعاً درست ہے

---

(۱) "بنی مسجداً فی أرض غصب، لابأس بالصلاة فیه". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، مطلب فی الصلاة فی أرض مغصوبة: ۱/۳۸۱، سعید)

(۲) "سئل نجم الدین فی مقبرة فیها أشجار ..... قیل له: فإن تداعت حیطان المقبرة إلی الخراب یصرف إلیها، أو إلی المسجد؟ قال: إلی ما هی وقف علیه". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر، مطلب الکلام علی الأشجار التی فی المقبرة: ۲/۴۷۶، رشیدیه)

"(قوله: لا یجوز له ذلک): أی الصرف المذکور ..... قال الخیر الرملی: أقول و من اختلاف الجهة ما إذا کان الوقف منزلین: أحدهما للسکنی، والأخر للاستغلال، فلا یصرف أحدهما للأخر، و هی واقعة الفتویٰ". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فی أنقاض المسجد ونحوه: ۴/۳۶۱، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثالث عشر فی الأوقاف التی یستغنی، الخ: ۲/۴۷۸، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

اور بیت الخلا بنانا بھی جائز ہے، جو حکم اَور زمین کا ہے وہی حکم اس جگہ کا ہے۔ احترام میت کا تھا، جب وہ نہیں تو اس جگہ کا کوئی خاص احترام بھی نہیں: "جاز زرعه والبناء عليه إذا صار تراباً، زيلعي، اهـ". درمختار(۱)۔

اگر وہ قبرستان وقف ہے تو وہاں اپنا مکان بنانا درست نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، مدرسہ دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۱۱/۸۵ھ۔

پرانے قبرستان میں کرایہ کے لئے دوکانیں بنانا

سوال[۷۵۰۲]: ایک مسجد کے روبرو قبرستان ہے جس کے دونوں جانب شاہراہ ہے۔ اہلِ مسجد یہ چاہتے ہیں کہ اس شاہراہ کے دونوں جانب کمرے تعمیر کرا کر اجارے پر دے دیئے جائیں جس کا کرایہ مسجد کی ضروریات: تنخواہ امام وموذن، بجلی وغیرہ یا تعمیرِ مسجد پر خرچ ہوتا رہے۔ اس تعمیر کے اندر چند بوسیدہ قبریں بھی آجائیں گی۔ یہ تعمیر جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو اس کا کرایہ مندرجہ بالا ضروریات پر خرچ کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ جگہ مسجد کی ہے اور قبریں اتنی پرانی ہیں کہ میت ان میں باقی نہیں، بلکہ مٹی بن چکی ہے تو باہمی

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الجنائز، مطلب فی دفن الميت: ۲/۲۳۸، سعيد)

"و لو بلى الميت و صار تراباً، جاز دفن غيره فی قبره، و زرعُه والبناءُ عليه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/۱۶۷، رشيديه)

(وكذا فی تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، دارالكتب العلمية بيروت)

(۲) "وسئل هو أيضاً عن المقبرة فی القرى إذا اندرست، ولم يبق أثر الموتى، لا العظم ولا غيره: هل يجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا، ولها حكم المقبرة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۲/۴۷۰، رشيديه)

"مقبرة قديمة ..... هل يباح لأهل المحلة الانتفاع بها؟ قال أبو نصر: لا يباح". (فتاوىٰ قاضی خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل فی المقابر: ۳/۳۱۴، رشيديه)

"ويكره أن يبنى على القبر". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۸۷، دارالكتب العلمية بيروت)

مشورہ سے وہاں دوکانیں تعمیر کرا کر کرایہ پر دینا اور وہ کرایہ ضروریاتِ مسجد، تعمیر، تنخواہ امام وموذن میں صَرف کرنا شرعاً درست ہے(۱)۔ جب قبر پرانی ہوجائے اور میت مٹی بن جائے تو قبر کا حکم باقی نہیں رہتا:

"لأن الميت إذا بلي وصار تراباً، جاز زرعه والبناء عليه". كذا في الدر المختار والزيلعي(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

قبرستان کے درختوں کا مصرف

سوال[۷۵۰۳]: ایک احاطۂ قبرستان جس کے درمیان میں ایک چھوٹی سی مسجد بنالی گئی ہے، قبرستان بہت پرانا ہے جس کے چاروں طرف انگریزوں کی ملکیت ہے، اس کا کوئی ایک مالک ہے اور وہ بھی اپنی ملکیت کی زمین فروخت کر چکا ہے۔ اگر قبرستان کے درخت وغیرہ کاٹ کر اپنے کام میں لائے جائیں اور مسجد کے مصارف چندہ سے پورے ہوتے ہوں تو اس کے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟ اور کیا یہ درخت مسجد میں لگ سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ قبرستان وقف ہے (جیسا کہ عرف ہے) تو کسی شخص کو درخت وغیرہ کاٹ کر اپنے کام میں لانا جائز نہیں، بلکہ مصارفِ وقف پر صرف کرنا واجب ہے(۳)۔ اور سبز درخت کا کاٹنا قبرستان سے ناجائز ہے،

---

(۱) "ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة، يعطون بقدر كفايتهم". (الدر المختار، كتاب الوقف: ۴/۳۶۶، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۵۶، رشيديه)

(وكذا في الهداية، كتاب الوقف: ۲/۶۴۱، مكتبه شركت علميه ملتان)

(۲) "ولو بلي الميت وصار تراباً، جاز دفن غيره في قبره وزرعُه والبناءُ عليه". (تبيين الحقائق، كتاب الصلوة، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا في الدر المختار، باب صلوة الجنازة: ۲/۲۳۸، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر والدفن: ۱/۱۶۷، رشيديه)

(۳) "وإن نبت الأشجار فيها بعد اتخاذ الأرض مقبرةً، فإن علم غارسها، كانت للغارس. وإن لم يعلم =

Made searchable using ScribeTools.com

البتہ سوکھا درخت کاٹ کر مصارفِ وقف پر صرف کردیا جائے (۱)۔ اگر واقف نے مسجد میں خرچ کرنے کی اجازت دی ہے تو وہاں بھی خرچ کرنا درست ہے۔ جو شخص اپنی ملکیت فروخت کر چکا ہے، اس کو کسی حال میں بھی کاٹنا اور اپنے کام میں لانا جائز نہیں۔ اس کے علاوہ اگر وہ قبرستان وقف نہیں، بلکہ ملک ہے تو مالک کو سوکھا درخت کاٹ کر اپنے کام میں لانا جائز ہے (۲):

"سئل نجم الدین فی مقبرة فیها أشجار، هل یجوز صرفها إلی عمارة المسجد؟ قال: نعم إن لم یکن وقف علی وجه اٰخر. قیل له: فإن تداعت حیطان المقبرة إلی الخراب یصرف

= الغارس، فالرأی فیها یکون للقاضی، إن رأی أن یبیع الأشجار ویصرف ثمنها إلی عمارة المقبرة، فله ذلک، ویکون فی الحکم کأنها وقف". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، فصل فی الأشجار: ۳/۳۱۱، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب الصلاة، باب الجنائز، القبر والدفن: ۲/۱۷۳، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، نوع فی وقف المنقول: ۶/۲۶۱، رشیدیه)

(۱) "یکره أیضاً قطع النبات الرطب والحشیش من المقبرة دون الیابس". (ردالمحتار، کتاب الصلاة، باب صلاة الجنائز، مطلب فی وضع الجرید ونحو الآس علی القبور: ۲/۲۴۵، سعید)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب الصلاة، باب الجنائز، القبر والدفن: ۲/۱۷۳، إدارة القرآن کراچی)

(۲) "مقبرة علیها أشجار عظیمة، فهذا علی وجهین: إما إن کانت الأشجار نابتة قبل اتخاذ الأرض مقبرةً، أو نبتت بعد اتخاذ الأرض مقبرةً، ففی الوجه الأول المسألة علی قسمَیْن: إما إن کانت الأرض مملوکةً لها مالکٌ، أو کانت مواتاً لا مالک لها، واتخذها أهل القریة مقبرةً، ففی القسم الأول الأشجار بأصلها علی ملک رب الأرض، یصنع بالأشجار ما شاء. وفی القسم الثانی الأشجار بأصلها علی حالها القدیم.

وفی الوجه الثانی المسألة علی قسمین: إما إن عُلم لها غارس أولم یعلم، ففی القسم الأول کانت للغارس، و فی القسم الثانی الحکم فی ذلک إلی القاضی، إن رأی بیعها و صرف ثمنها إلی مقبرة، فله ذلک". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات والحیاض والطرق الخ، مطلب: الکلام علی الأشجار التی فی المقبرة: ۲/۴۷۴، رشیدیه)

إليها، أو إلى المسجد؟ قال: إلى ما هي وقف عليه إن عرف. وإن لم يكن للمسجد متولى ولالمقبرة، فليس للعامة التصرف فيها بدون إذن القاضي، اهـ". عالمگیری (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/۶/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/۶/۵۷ھ۔

قبرستان کے پھل کا حکم

سوال[۷۵۰۴]: قبرستان کے اندر پھل کے درخت ہیں، مثلاً: آم، امرود، پیپل، انار وغیرہ، ان کو ہم کھا سکتے ہیں یا نہیں؟ ان کے پھل توڑ کر اس کا پیسہ ہم اپنے اوپر استعمال کر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر وہ قبرستان وقف ہے تو اس پھل کو فروخت کر کے قبرستان کی ضروریات میں قیمت صرف کریں، خود استعمال نہ کریں، نہ پھل نہ اس کی قیمت (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

قبرستانِ موقوفہ میں کاشت کرنا

سوال[۷۵۰۵]: ایک قبرستان بہت ہی وسیع ہے، اس کا کچھ حصہ ایسا بھی ہے جو عرصۂ دراز سے یوں ہی پڑا ہوا ہے، فی الحال اس میں کوئی قبر نہیں ہے اور نہ بالیقین کہا جا سکتا ہے کہ کسی زمانہ میں اس حصہ میں مُردے دفن کئے گئے یا نہیں، اس سال زبردست سیلاب آ کر قبرستان کو کمر بھر اونچا کیچڑ سے کر دیا جس کو ہماری

---

(۱) (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانی عشر، مطلب: الكلام على الأشجار التی فی المقبرة: ۴۷۶/۲، ۴۷۷، رشيديه)

(۲) "سئل نجم الدين عن رجل غرس تالة فی مسجد، فكبرت بعد سنين، فأراد متولی المسجد أن يصرف هذه الشجرة إلى عمارة بئر فی هذه السكة، والغارس يقول: هی لی، فإنی ما وقفتُها على المسجد؟ قال: الظاهر أن الغارس جعلها للمسجد، فلا يجوز صرفها إلى البئر، ولا يجوز للغارس صرفها إلى حاجة نفسه". (الفتاویٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة، باب الجنائز، القبر والدفن: ۸۷۶/۵، إدارة القرآن كراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

اصطلاح میں اچانک پڑھنا کہتے ہیں(۱)۔قبر کا نام ونشان نہیں ہے۔ایک شخص نے اس حصہ پر اپنی دیدہ ودانستہ دھان کی تخم ریزی کردی، ہاں! اگر غلطی سے دو چار قدم قبر والی زمین میں بھی بیج پڑ گیا ہو تو نہیں کہا جاسکتا، دھان ماشاءاللہ بہت اچھا ہوا اور اسی حصہ میں فصلِ ربیع بھی بلا جوتے لگا رکھا ہے۔

تو اب قابلِ سوال مسئلہ یہ ہے کہ اس شخص کا یہ فعل کیسا ہے اور اس زمین سے حاصل شدہ پیداوار کو کس مصرف میں صرف کیا جائے؟ اگر کسی مدرسہ میں دے دی جائے یا از خود طلبہ پر خرچ کیا جائے تو کیا درست نہیں ہے؟ نیز قبرستان کیا قابلِ کاشت ہوسکتا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جو قبرستان مردے دفن کرنے کے لئے وقف ہو اس میں کاشت کرنا جائز نہیں(۲)، خواہ بالفعل اس میں قبریں موجود ہوں یا نہ ہوں، "لأن شرط الواقف کنص الشارع". کذا فی رد المحتار(۳)۔ اب جو دھان اس میں پیدا ہوا بہتر یہ ہے کہ اس کو غرباء، طلباء پر صدقہ کیا جائے، بیواؤں یتیموں کو دیدیا جائے، خواہ مدرسہ کے مہتمم کو دیدے کہ وہ نادار طلبہ کے کپڑے کھانے پر صرف کردے(۴)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱/۹۲ھ۔

---

(۱) "اچانک پڑھنا: دفعۃً، ناگاہ، یکا یک، (فقرہ) وہ سفر کا قصد کر ہی رہے تھے کہ غدر نے اچانک آدبایا"۔(نور اللغات: ۱/۲۵۳، سنگ میل پبلی کیشنز لاهور)

(۲) "وسئل هو أيضاً عن المقبرة فی القری إذا اندرست، و لم يبق فيها أثر الموتی، لا العظم ولا غيره: هل يجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا، و لها حكم المقبرة". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۱/۴۷۰، رشيديه)

(وكذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل فی المقابر: ۳/۳۱۴، رشيديه)

(۳) (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فی قولهم: شرط الواقف كنص الشارع: ۴/۴۳۳، سعيد)

"شرط الواقف كنص الشارع: أی فی المفهوم والدلالة". (تنقيح الفتاویٰ الحامدية، شرط الواقف كنص الشارع: ۱/۱۲۶، مكتبه ميمنيه مصر)

(وكذا فی الأشباه والنظائر، الفن الثانی، الفوائد، كتاب الوقف: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچی)

(۴) "إذا استغنی هذا المسجد يصرف إلی فقراء المسلمين، فيجوز ذلك؛ لأن جنس هذه القربة مما لا =

Made Searchable by ScribeTools.com

قبرستان میں کھیتی کرنا

سوال[۷۵۰۶]: یہاں کے زمین دار قبرستانوں کو بیل سے جتوا کر کاشت کاری کرتے ہیں، بعض قبرستان پر قبریں موجود ہیں، ان پر ہل چلاتے ہیں۔ کیا شرعاً یہ جائز ہے؟ جن کا قبرستان ہے وہ مانع ہوتے ہیں کہ ہمارا قدیم قبرستان ہے، زمیندار کہتے ہیں کہ ہمارے نام کی زمین ہے، مگر قبریں پرانی بنی ہوئی ہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر قبریں اس قدر پرانی ہیں کہ میت بالکل مٹی بن چکی ہے تو اس زمین میں ہل چلانا اور کاشت کرنا سب درست ہے:"ولو بلی المیت و صار تراباً، جاز دفنُ غیرہ فی قبرہ، وزرعُہ والبناءُ علیہ، اھـ". بحر(۱)۔

اگر زمینداروں کی ملک نہیں، بلکہ دوسروں کی ملک ہے تو ایسی حالت میں زمیندار غاصب اور گنہگار ہوں گے(۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵/۶/۵۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، ۹/ جمادی الثانیہ/ ۵۷ھ۔

= یقطع". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، قبیل باب الرجل یجعل داره مسجداً: ۲۸۸/۳، رشیدیه)

(۱) (البحر الرائق، کتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۳۴۲/۲، رشیدیه)

"ولو بلی المیت و صار تراباً، جاز دفن غیره فی قبره، وزرعُه والبناءُ علیه". (الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱۶۷/۱، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار، باب صلوة الجنائز، مطلب فی دفن المیت: ۲۳۸/۲، سعید)

(وکذا فی تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۵۸۹/۱، دار الکتب العلمیة بیروت)

(۲) "الغصب فی الشریعة أخذ مال متقوم محترم بغیر إذن المالک علی وجهٍ یزیل یده ..... وعلی الغاصب رد عین المغصوبة". (الهدایة، کتاب الغصب: ۳۷۰/۳، ۳۷۱، إمدایه ملتان)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الغصب: ۱۹۶/۸، رشیدیه)

"وعن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه=

Made searchable using ScribeTools.com

قبرستان میں کھیتی کرتے وقت ہڈیاں نکلیں تو کیا کیا جائے؟

سوال[۷۵۰۷]: نمبر۵ کے جواب میں آپ نے ارشاد فرمایا ہے(☆) کہ:

''اگر قبریں اس قدر پرانی ہوں کہ میت بالکل گل چکی ہوگی تو اس زمین میں ہل چلانا اور کاشت کرنا سب کچھ درست ہے:"و لو بلی المیت و صار تراباً، جاز دفن غیرہ فی قبرہ، و زرعهُ والبناءُ علیه". بحر (۱)۔

آپ کا ارشاد ختم ہوا، مگر یہاں یہ واقع ہے کہ ہل چلانے میں ہڈیاں نکلتی ہیں۔ تو ایسی صورت میں کیا حکم ہے، قبر میں اگر ہڈی سر وغیرہ کی نکلے تو کیا حکم ہے، کیا دوسری میت دفن کردے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ایسی حالت میں اس زمین میں ہل چلانا اور کاشت کرنا جائز نہیں (۲)، البتہ اگر مملوکہ زمین میں بلا مالک کی اجازت کے کوئی میت کو دفن کردے تو مالک کو یہ اختیار رہتا ہے کہ اپنی زمین سے میت کو قبر کھود کر نکال دے، یا اس کو زمین سے ہموار کردے اور کھیتی وغیرہ جو دل چاہے کرے اور چاہے اس قبر کو باقی رہنے دے:

"ولا یخرج منه بعد إهالة التراب إلا لحق آدمی، کأن تکون الأرض مغصوبةً، أو أخذت بشفعة. و یخیر المالك بین إخراجه و مساواته بالأرض: أی لیزرع فوقه مثلاً؛ لأن حقه

= وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا یحل مال امرئ إلا بطیب نفسٍ منه". (مشکوة المصابیح، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(☆) اصل قدیم نسخہ میں نمبر:۵، اس سوال سے قبل نہیں، راجع، فتاویٰ محمودیہ: ۷/ ۲۴۷، نسخہ قدیمہ، لیکن شاید اس سے مراد ماقبل کا سوال ہو جس کا عنوان ہے: ''قبرستان میں کھیتی کرنا'' جو کہ اصل نسخہ کے مطابق: ۷/ ۲۳۷، کا ہے۔

(۱) (البحر الرائق، کتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/ ۳۴۲، رشیدیه)

(۲) "لا یحفر قبر لدفن آخر إلا إن بلی الأول، فلم یبق له عظم". (فتح القدیر، باب الجنائز، فصل فی الدفن: ۲/ ۱۴۱، مصطفی البابی الحلبی مصر)

"وخصوصاً إن کان فیها میت لم یبل، وما یفعل جهلة الحفارین من نبش القبور التی لم تبل أربابها، وإدخال أجانب علیهم، فهو من المنکر الظاهر". (ردالمحتار، باب صلاة الجنازة، مطلب فی دفن المیت: ۲/ ۲۳۳، سعید)

فی باطنها وظاهرها، فإن شاء ترك حقه فی باطنها، وإن شاه استوفیٰ، فتح". درمختار وشامی: ۹۳۸/۱(۱)۔

اگر پہلے سے علم ہے کہ اس جگہ قبر کھودنے سے ہڈیاں نکلیں گی تو وہاں نہ کھدوائے، اگر پہلے سے علم نہ ہو اور قبر کھودتے وقت ایک دو ہڈی نکل آوے تو اس کو وہیں ایک طرف کو رکھ دیا جائے اور مٹی اس کے درمیان اور میت کے درمیان حائل کردی جائے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

قبرستان کے چاروں طرف دیوار بنانا

سوال[۷۵۰۸]: قبرستان کے چاروں طرف دیوار بنانا کیسا ہے؟ اگر بنالیا گیا تو مسرفین اور مبذرین میں داخل ہوگا یا نہیں؟ بنانے والا بدعتی ہوگا یا نہیں؟

---

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار، باب صلاة الجنائز: ۲۳۸/۲، سعید)

"إذا دفن الميت فی أرض غيربغير إذن مالكها، فالمالک بالخيار: إن شاء أمر بإخراج الميت، وإن شاء سوّى الأرض، و زرع فيها، كذا فی التجنيس". (الفتاویٰ العالمكيرية، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱۶۷/۱، رشيديه)

"ولا ينبش بعد إهالة التراب ..... إلا لعذر ..... والعذر أن الأرض مغصوبة، أو يأخذها شفيع ..... فإن أحب صاحب الأرض أن يسوی القبر، ويزرع فوقه، كان له ذلک، فإن حقه فی باطنها و ظاهرها، فإن شاء ترک حقه فی باطنها، وإن شاء استوفاه". (فتح القدير، باب الحنائز، فصل فی الدفن: ۱۴۱/۲، مصطفی البابی الحلبی مصر)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر، الخ: ۴۷۲/۲، رشيديه)

(۲) "إلا أن لا يوجد، فيضم عظام الأول، و يجعل بينهما حاجزاً من تراب". (فتح القدير، باب الجنائز، فصل فی الدفن: ۱۴۱/۲، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(وكذا فی ردالمحتار، باب صلاة الجنائز، مطلب فی دفن الميت: ۲۳۳/۲، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر جانوروں سے حفاظت مقصود ہو، یا یہ اندیشہ ہو کہ بغیر احاطہ کے اس کی زمین دوسروں کے قبضہ میں چلی جاوے گی تو اس کی چار دیواری بنالینا درست بلکہ بہتر ہے، یہ اسراف اور تبذیر نہیں ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۴/۹۰ھ۔

قبرستان کی چہار دیواری سینما کی آمدنی سے بنانا

سوال[۷۵۰۹]: یہاں پر قدیم قبرستان ہے جس کی چہار دیواری نہیں کی گئی، اب اس کی صورت یہی ہے کہ کسی طرح اس کی چہار دیواری کرائی جائے۔ چندہ کی تحریک کی جاچکی ہے، مگر مسلمانوں کی بدحالی کی وجہ سے چندہ اکٹھا نہیں ہورہا ہے اور خرچ کا تخمینہ بہت زیادہ ہے۔ ایسی صورت میں اگر دو چار شو سینما کے کرا کر اس کی آمدنی سے چہار دیوار کرادی جائے تو شرعاً کیا حکم ہے؟ اگر کوئی دوسری صورت ہو تو اس سے بھی آگاہ کرنے کی زحمت فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اس مقصد کے لئے سینما کرانے اور اس سے رقم حاصل کرنے کی اجازت نہیں، معصیت ہے(۲)۔ اگر

---

(۱) "أرض لأهل قرية جعلوها مقبرةً وأقبروا فيها، ثم إن واحداً من أهل القرية بنى فيها بناءً لوضع اللبن وآلات القبر، وأجلس فيها من يحفظ المتاع بغير رضا أهل القرية أو رضا بعضهم بذلك، قالوا: إن كان فى المقبرة سعةٌ بحيث لايحتاج إلى ذلك المكان، فلا بأس. وبعد مابنى لو احتاجوا إلى ذلك المكان، رفع البناء حتى يقبر فيه، كذا فى فتاوىٰ قاضى خان". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثانى عشر فى الرباطات والمقابر الخ: ۴۶۷/۲، ۴۶۸، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل فى المقابر والرباطات: ۳۱۳/۳، رشيديه)

(۲) "قال تاج الشريعة: أما لو أنفق فى ذلك مالاً خبيثاً، ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، مطلب: كلمةٌ لا "باس" دليل على أن المستحب غيره، الخ: ۶۵۸/۱، سعيد)

قبرستان کے چہارطرف دوکانیں تعمیر کر کے ان کو کرایہ پر اٹھادیا جائے، اور کرایہ سے قبرستان کے مصارف پورے کئے جائیں تو اس کی گنجائش ہے جب کہ ان تعمیرات سے قبرستان میں تنگی واقع نہ ہو(۱)۔تعمیر کے لئے رقوم قرض میں لی جائیں، ایسے آدمی آج کل بسہولت مل جائیں گے جو پیشگی رقم دیدیں، اور دوکان اس کو دیدی جائے اور پیشگی دی ہوئی رقم کرایہ میں محسوب ہوتی رہے۔ایک کمیٹی بنالی جائے اور سب کام باہمی مشورہ واتفاق سے کیا جائے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۲/۱۶ھ۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۲/۱۶ھ۔

قبرستان میں پڑے پتھروں کو اس کے کمپاؤنڈ بنانے میں خرچ کرنا

سوال[۷۵۱۰]: ہمارے گاؤں کا قبرستان صدیوں پُرانا ہے، کہیں کہیں پتھروں اور اینٹوں کا خاصہ انبار لگا ہوا ہے، لیکن قبرستان کا کوئی محافظ کمپاؤنڈ نہیں اور قبروں کی بے حرمتی ہوتی ہے، اس لئے کمپاؤنڈ بنانے کا ارادہ ہے۔کیا مذکورہ اینٹ، پتھروں کو اس کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے؟

---

(۱) "ولو كانت الأرض متصلةً ببيوت المصر يرغب الناس فى استيجار بيوتها، و تكون غلة ذلك فوق غلة الزرع والنخيل، كان للقيم أن يبنى فيها بيوتاً يؤاجر ها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس فى ولاية الوقف وتصرف القيم فى الأوقاف، الخ: ۴۱۴/۲ رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، تصرف القيم فى الأوقاف: ۴۷۶/۵، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف: ۲۵۴/۶، رشيديه)

"أرض لأهل قرية جعلوها مقبرةً، وأقبروا فيها، ثم إن واحداً من أهل القرية بنى فيها بيتاً لوضع اللبن وأداة القبر، وأجلس فيها من يحفظ المتاع بغير رضا أهل القرية، أو رضى بذلك بعضهم، قالوا: إن كان فى المقبرة سعةٌ بحيث لا يحتاج إلى ذلك المكان، لا بأس به. وبعد ما بنى لو احتاجوا إلى ذلك المكان، رفع البناء حتى يقبر فيه". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، فصل فى المقابر والرباطات: ۱۱۳/۳، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الثانى عشر فى الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۴۶۷/۲، ۴۶۸ رشيديه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com ools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

پرانے قبرستان میں اینٹوں کا انبار ہے جن کا مالک کوئی نہیں (۱)، اس کا احاطہ حفاظت کے لئے بنانا ہے تو ان اینٹوں کو اس چہار دیواری بنانے میں خرچ کرنا شرعاً درست ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۹۴/۱۲/۲۵ھ۔

عیدگاہ اور قبرستان بستی کی کس جانب میں ہو؟

سوال[۷۵۱۱]: کچھ حضرات کا کہنا ہے کہ عیدگاہ ہمیشہ آبادی کے مغرب میں ہونی چاہیئے اور قبرستان آبادی کے مشرق میں ہونا چاہیئے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

آبادی سے جانب مغرب عیدگاہ ہونا ضروری نہیں، جس جانب بھی موقع ہو بنالی جائے، ان دونوں چیزوں کی یہ پابندی بے اصل ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۱/۲۵ھ۔

مخصوص قبرستان میں بلا اجازت دفن کرنا

سوال[۷۵۱۲]: ایک زمین قبرستان کے نام سے ایک خاندان کے لئے نامزد ہے، زمین مذکورہ میں خاندان موصوفہ کی میتیں مدفون ہوں، عوام الناس کو عام طریقہ پر اپنے مردے دفن کرنے کی اجازت نہیں ہے، اور نہ کرتے ہیں۔ اگر کوئی شخص غیر متعلق اپنا مردہ بلا اجازتِ اشخاص خاندان موصوفہ قبرستانِ مذکورہ میں دفن

---

(۱) اینٹ یا پتھر اکثر لوگ قبروں پر رکھنے کے لئے لاتے ہیں، بعض اوقات ضرورت سے زائد ہوتے ہیں وہ بغیر استعمال کے رہ جاتے ہیں، لہٰذا ایسے مواقع میں ان کا استعمال درست ہے: "وقد اعتاد أهل مصر وضع الأحجار حفظاً للقبور عن الاندراس والنبش، ولا بأس به". (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلوة، فصل: فی حملها ودفنها، ص: ۶۱۱، قديمی)

(۲) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "واليوم اعتادوا التسنيم باللبن صيانةً للقبر عن النبش، ورأوا ذلك حسناً، وقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ما رآه المسلمون حسناً، فهو عند الله حسنٌ". (ردالمحتار، مطلب فی وقف الميت: ۲/۲۳۷، سعيد)

کردے تو یہ جائز ہے یا ناجائز ہے؟ اگر اجازت حاصل کرنی چاہیئے تو جملہ خاندان کے اشخاص کی ضرورت ہے، یا صرف ایک دو شخصوں کی کافی ہے؟ اگر صرف دو چار اشخاص نے اجازت دیدی اور دیگر انکار کردیں تو اس اجازت پر عوض جائز ہے یا ناجائز ہے؟ فقط۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر وہ زمین شرعی طریق پر وقف ہے تو واقف کی شرائط کے موافق عمل کرنا چاہیئے، اگر واقف کی طرف سے اجازت ہے تو دفن کرنا درست ہے، اگر غیر متعلق اشخاص کے دفن کرنے کی ممانعت ہے تو دفن کرنا ناجائز ہے:

"شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع، وهو مالك، فله أن يجعل ماله حيث شاء مالم يكن معصيةً، وله أن يخص صنفاً من الفقراء ولو كان فی كلهم قربة، اهـ".

ردالمحتار(۱)۔

اگر وقف نامہ موجود نہیں، نہ شرائطِ واقف کا علم ہے اور عمل پہلے سے یہ ہے کہ غیر متعلق اشخاص کو اس میں دفن کرنے سے روکا جاتا ہے تو اس میں دفن نہیں کرنا چاہیئے۔ اگر وہ وقف نہیں، بلکہ مملوک ہے تو مالک کی اجازت سے دفن کرنا چاہیئے، بلا اجازتِ مالک کے دفن کرنا ناجائز ہے(۲)۔ جو جو اس کے مالک ہیں، مشترک اور مقسوم ہونے کی وجہ سے سب کی اجازت ضروری ہے، اگر تمام نے کسی ایک دو کو اس میں تصرفات اور اجازت وممانعتِ دفن کے لئے اپنا وکیل بنادیا ہے تو اس ایک دو کی اجازت کافی ہے(۳)، بلا اجازت دفن کی صورت میں مالک کو اختیار ہوگا کہ میت کو قبر سے باہر نکال دے، یا قبر کو برابر کردے:

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع: ۳۴۳/۴، سعيد)

(۲) "فإن أحب صاحب الأرض أن يسوى القبر ويزرع فوقه، كان له ذلك، فإن حقه فی باطنها وظاهرها، فإن شاء ترك حقه فی باطنها، وإن شاء استوفاه". (فتح القدير، باب الجنائز، فصل فی الدفن: ۱۴۱/۲، مصطفی البابی الحلبی مصر)

"ولو بلی الميت و صار تراباً، جاز دفن غيره فی قبره، وزرعهُ والبناءُ عليه". (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة، باب الجنائز: ۵۸۹/۱، سعيد)

(۳) "ولو قال: أنت وكيلی فی كل شئ جائز أمرك، يصير وكيلاً فی جميع التصرفات المالية كبيع وشراء و هبة و صدقة". (ردالمحتار، كتاب الوكالة: ۵۱۰/۵، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

"إذا دفن الميت فی أرض غيره بغير إذن مالكها، فالمالك بالخيار: إن شاء أمر بإخراج الميت، وإن شاء سوّى الأرض وزرع فيها، كذا فی التجنيس". فتاوی عالمگیری(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۴/شعبان/۵۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/شعبان/۵۴ھ۔

قبرستان کی مینڈھ باندھنے کے لئے وہاں کی مٹی لینا

سوال[۷۵۱۳]: قبرستان کی مینڈھ باندھنا چاہتے ہیں، مگر مینڈھ میں بعض جگہ مٹی قبر پر سے اٹھانی پڑتی ہے، اگر مینڈھ(۲) چاروں طرف کی نہ باندھی گئی تو مویشی پیشاب پاخانہ کرتے ہیں جس کی وجہ سے قبرستان کی بے حرمتی ہوتی ہے۔ اس حال میں مینڈھ باندھنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ضرور مینڈھ باندھ کر حفاظت کردیں(۳) لیکن مٹی قبروں کے آس پاس سے یا کسی دوسری جگہ سے لے لیں، قبروں کی مٹی نہ اتاریں، ایسا نہ ہو کہ قبریں کھل جائیں۔ ہاں! اگر قبروں پر مقدار شرع سے زائد مٹی ہو تو اس کو اتار سکتے ہیں(۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۷/۷/۸۸ھ۔

---

(۱) (الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/۱۶۷، رشيديه)

(وكذا فی فتح القدير، باب الجنائز، فصل فی الدفن: ۲/۱۴۱، مصطفی البابی الحلبی مصر)

(۲) ''مینڈھ: بغیر ''ھا'' کے بمعنی: حد، کنارہ۔ مینڈ بندی بمعنی حد بندی، حد باندھنا''۔ (فيروز اللغات، ص: ۱۳۳۳، فيروز سنز، لاهور)

(۳) "و قد اعتاد أهل مصر وضع الأحجار حفظاً للقبور عن الاندراس والنبش، ولا بأس به". (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، فصل فی حملها و دفنها، ص: ۶۱۱ قديمی)

(۴) "ولايخرج منه بعد إهالة التراب، اهـ". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب صلوة الجنائزة، مطلب =

قبر کی مٹی تبرکاً لیجانا

سوال[۷۵۱۴]: اگرکوئی شخص بزرگوں کی قبر پر سے مٹی اٹھا کر کے تبرکاً اپنے پاس رکھے تو جائز ہے یا نہیں؟ اگر شقِ ثانی ہو تو ممانعت کی وجہ کیا ہے؟ اگر شقِ اول ہے تو قرآن وحدیث سے ثبوت ہونا چاہئیے۔ اور اگر کوئی بزرگوں کے مزار سے مٹی لے بھی آوے تو اس کو کیسی جگہ پر ڈالنا چاہئیے، عام راستہ میں پھینک دینا درست ہے یا نہیں، ایسی صورت میں کیا حکم ہے؟ بینوا توجروا۔

شبیر علی، متعلم مدرسہ ہذا، ۷/صفر/۵۴ھ۔

الجواب حامداًومصلیاً:

قبرستان وقف سے مٹی اٹھا کر لانا ناجائز ہے، لأنہ وقف(۱) اور اپنے مملوک قبرستان سے مٹی اٹھا کر لانا جائز ہے "لأنہ ملکہ"۔ البتہ تبرکاً کسی بزرگ کی قبر سے مٹی لانا اور اپنے پاس رکھنا امرِ مُحدَث ہے۔ میت جب تک خاک بن جائے تو قبر کی جگہ بشرطیکہ مملوک ہو کھیتی کرنا درست ہے(۲)، اس سے معلوم ہوا کہ قبر کی مٹی کا

= فی دفن المیت: ۲/۲۳۸، سعید)

وقال العلامة الکاسانی رحمه الله تعالیٰ: ومقدار التسنیم أن یکون مرتفعاً من الأرض قدر شبر أو أکثر قلیلاً". (بدائع الصنائع، کتاب الصلوة، فی سنة الدفن: ۲/۳۵۹، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۱) "وعندهما: هو حبسها علی حکم ملک الله تعالیٰ، وصرف منفعتها علی من أحب و لو غنیاً، فیلزم". (الدرالمختار). قال العلامة ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ: "(قوله: فیلزم) تفریعٌ علی ما أفاده التعریف من خروج العین عن ملک الواقف، لثبوت التلازم بین اللزوم والخروج عن ملکه باتفاق أئمتنا الثلاثة". (ردالمحتار، کتاب الوقف: ۴/۳۳۸، ۳۳۹، سعید)

"فإذا تم ولزم، لا یملک ولایملّک ولایعار ولایرهن". (الدرالمختار، کتاب الوقف: ۴/۳۵۱، ۳۵۲، سعید)

(۲) "و لو بلی المیت و صار تراباً، جاز دفن غیره فی قبره، وزرعُه والبناءُ علیه". (الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/۱۶۷، رشیدیه)

(وکذا فی تبیین الحقائق، کتاب الصلاة، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، دارالکتب العلمیة بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

کوئی خاص احترام شریعت نے نہیں بتایا، بلکہ میت کا احترام بتایا ہے، لہذا اس مٹی کو عام راستہ میں پھینکنا بھی درست ہے۔ اگر عالم کسی قبر کی مٹی تبرکاً لاکر اپنے پاس رکھے گا تو جاہل قبر کو سجدہ کرنے سے دریغ نہ کرے گا، لہذا اجتناب چاہئیے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۴/۲/۹ھ۔

صحیح: عبداللطیف، مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/صفر/۵۴ھ۔

قبرستان کی مٹی کا حکم

سوال[۷۵۱۵]: قبرستان کی مٹی یا قبرستان کی جگہ پاک ہے یا نجاستِ غلیظہ ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کوئی نجاست نہیں ہے تو محض قبروں کے اندر میت ہونے کی وجہ سے اوپر کی مٹی کو نجس نہیں کہا جائے گا(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱/۲۶ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۱/۲۶ھ۔

قبرستان میں نماز عید

سوال[۷۵۱۶]: یہاں ایک وقف کردہ قبرستان ہے، قبرستان کے چاروں طرف چہار دیواری ہے، شہر کی بیشتر میت اسی قبرستان میں دفن کئے جاتے ہیں، قبرستان کے اندر کچھ زمین ابھی خالی ہے، اس خالی زمین کے پیچھے جو زمین ہے اسی میں میت دفن کئے جاتے ہیں، جب ضرورت ہوگی سامنے کی اس خالی زمین میں بھی میت دفن کی جائے گی۔ فی الحال شہر کو عیدین کی نماز ادا کرنے کے لئے ایک عیدگاہ کی ضرورت ہے، کچھ لوگوں کا ارادہ ہے کہ قبرستان کے باہر ایک غیر مذہب آدمی کی زمین قبرستان کے متصل ہے اُسے خرید کر عیدگاہ بنایا جائے، اکثر لوگ اسی کو پسند کر رہے ہیں، لیکن دو چار لوگ کہتے ہیں کہ ابھی عیدگاہ خریدنے کی ضرورت نہیں، بعد میں

---

(۱) "أی فإن التراب طاهر ولایحل أكله". (ردالمحتار، كتاب الطهارة، باب المياه: ۱/۲۰۹، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

خریدیں گے، ابھی عید کی نماز قبرستان کے اندر جو زمین خالی ہے اس میں پڑھیں گے۔

لیکن سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اگر وقف شدہ قبرستان کی اسی خالی زمین (جس کے سامنے قبر وغیرہ نہیں ہے) میں نماز پڑھنے کی اجازت دیدی جائے تو قبرستان کی وہ زمین ایک دن عیدگاہ بن جائے گی اور قبرستان کے قبضہ سے زمین نکل جائے گی اور جب ضرورت ہوگی تو اس میں مردے دفن نہیں کرسکیں گے اور ایک عیدگاہ خریدنے کی جو بات مکمل ہوگئی ہے وہ ختم ہوجائے گی۔

اب اہل شہر آپ کے جواب کے منتظر ہیں کہ جو جواب آپ عنایت کردیں گے اس پر عمل کیا جائے گا، اگر قبرستان کی زمین میں نماز پڑھنے کی ذرا بھی اجازت مل گئی تو شہر میں ہنگامہ کھڑا ہوجائے گا۔ امید ہے کہ اس بات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے جواب دیں گے۔

نقشۂ قبرستان ملاحظہ فرمائیں:



الجواب - عامداً ومصلیاً:

جب کہ اس قبرستان میں مردے دفن ہوتے ہیں اور وہاں قبریں نئی پرانی ہر قسم کی موجود ہیں تو وہاں نمازِ عیدادا نہ کی جائے (۱)، بلکہ اس کے قریب جو جگہ موجود ہے اور اس کو خرید کر عیدگاہ بنانے کی تجویز ہے تو اسی کو خرید

---

(۱) "سئل الأوزجندی عن المقبرة فی القری إذا اندرست، ولم یبق فیها أثر الموتی، لا العظم ولا غیره: هل یجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا، ولها حکم المقبرة، کذا فی المحیط". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الثانی عشر فی الرباطات والمقابر والخانات، الخ: ۱/۴۷۰، ۴۷۱، رشیدیه)

(وکذا فی فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، فصل فی المقابر: ۳/۳۱۴، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

کرعیدگاہ بنالیں، اس میں خلفشار وانتشار نہ کریں۔ واقف جس نیک مقصد کے لئے جوجگہ وقف کرے اس مقصد کوختم نہ کیا جائے اور دوسرے مقصد کے لئے وہ جگہ متعین نہ کی جائے، حتی الوسع شرعاً منشائے واقف کی رعایت لازم ہے:"لأن شرط الواقف كنص الشارع"(۱)۔ قبرستان میں نماز پڑھنے کی ممانعت حدیث وفقہ سے ثابت ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۸/ ۹۱ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۸/ ۹۱ھ۔

جوقبریں راستہ میں ہوں ان کو وہاں سے ہٹانا

سوال[۷۵۱۷]: یہاں کارپوریشن کے ذمہ دارحضرات کا کہنا ہے کہ راستے میں جتنے مزارات آتے ہیں اس کو ہم کرین سے اٹھا کر دوسری جگہ دفن کردیں گے، پورے احترام کے ساتھ۔تو کیا ایسا ہوسکتا ہے ؟ بعض علماء مزارات توڑنا یا ہٹانا اپنے نزدیک مداخلت فی الدین سمجھتے ہیں، جب کہ پونا کارپوریشن کے ذمہ داروں کا خیال ہے کہ اس سلسلہ میں کوئی باعزت سمجھوتہ ہوجائے تو بہتر ہے۔لہٰذا آپ سے گزارش ہے کہ فوراً جواب سے نوازیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

وہ قبریں اگر وقف زمین میں ہیں تو اس زمین کو منشائے واقف کے خلاف دوسرے کام میں استعمال کرنا

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعيد)

"شرط الواقف كنص الشارع: أى فى المفهوم والدلالة". (تنقيح الفتاوى الحامدية، شرط الواقف كنص الشارع: ۱/۱۲۶، مكتبه ميمنيه مسر)

(وكذا فى الأشباه والنظائر، الفن الثانى، الفوائد: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "عن أبى مرثد الغنوى رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لا تجلسوا على القبور، ولا تصلوا إليها". (جامع الترمذى، أبواب الجنائز: ۱/۲۰۳، سعيد)

"بقى فى المكروهات أشياء أخَر ..... منها ..... والصلاة فى مظان النجاسة كمقبرة و حمام". (ردالمحتار، باب مايفسد الصلوة ومايكره فيها، مطلب فى بيان السنة والمستحب، الخ: ۱/۶۵۴، سعيد)

درست نہیں:"لأن شرط الواقف کنص الشارع، الخ"(۱)۔ اگر مملوک زمین میں ہیں اور اتنی پرانی ہیں کہ اب صرف قبور کے نشانات موجود ہیں، لیکن میت مٹی بن چکی ہے تو اب قبور کا حکم بدل چکا ہے، مالک کو اختیار ہے کہ اس زمین کو کاشت، تعمیر وغیرہ جس کام میں چاہے استعمال کرے، چاہے فروخت کردے(۲)۔لیکن اگر وہاں کسی بزرگ کا مزار ہے جس کی وجہ سے اس جگہ کاشت یا راستہ بنانے سے فتنہ کا اندیشہ ہو تو اس کا لحاظ ضروری ہے، وہاں سے اٹھا کر دوسری جگہ دفن کرنا مفاسد سے خالی نہیں، اس لئے اس کی اجازت نہیں(۳)۔

"جاز زرعه (أی: القبر) والبناء علیه إذا بَلِیَ و صار تراباً، اهـ". درمختار(٤)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (الدرالمختار، کتاب الوقف: ۴/۴۳۳، ۴۳۴، سعید)

"لأن شرط الواقف یجب اتباعه، لقولهم: شرط الواقف کنص الشارع: أی فی وجوب العمل به، و فی المفهوم والدلالة". (الأشباه والنظائر، الفن الثانی، الفوائد، کتاب الوقف: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی تنقیح الفتاوی الحامدیة، شرط الواقف کنص الشارع: ۱/۱۲۶، مکتبه میمنیه مصر)

(۲) "وذکر أصحابنا إذا خرب ودثر، لم یبق حوله جماعة، والمقبرة إذا عفت ودثرت، تعود ملکاً لأربابها، فإذا عادت ملکاً، یجوز أن یبنی موضع المسجد داراً، وموضع المقبرة مسجداً وغیر ذلک" (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشرکی الجاهلیة و یتخذ مکانها مساجد: ۴/۱۷۹، إدارة الطباعة المنیریة دمشق)

"إن صاحب الأرض مخیر: إن شاء أخرجه منها، وإن شاء ساواه مع الأرض، وانتفع بها زراعةً أو غیرها". (البحر الرائق، کتاب الجنائز، فصل: السلطان أحق بصلاته: ۲/۳۴۱، رشیدیه)

(۳) "لاینبغی إخراج المیت من القبر إلا إذا کانت الأرض مغصوبةً". (الفتاوی العالمکیریة، کتاب الصلوة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن: ۱/۱۶۷، رشیدیه)

"وبعد مادفن لایسع إخراجه بعد مدة طویلة أو قصیرة إلا بعذر". (فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاوی العالمکیریة، باب فی غسل المیت ومایتعلق به: ۱/۱۹۵، رشیدیه)

(۴) (الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب صلوة الجنائز: ۲/۲۳۸، سعید) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

قبرستان میں جوتا پہن کر چلنا

سوال[۷۵۱۸]: قبرستان میں جوتہ پہن کر جانا کیسا ہے، اگر قبریں بہت کثیر تعداد میں ہوں تو ادھر سے گزر سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

قبروں پر راستہ بنانا منع ہے(۱) خواہ جوتا پہن کر ہو یا برہنہ پاؤں۔ اور قبروں سے بچ کر جوتا پہنے ہوئے بھی چلنا درست ہے:"والمشی فی المقابر بنعلین لا یکرہ عندنا، کذا فی السراج الوھاج". فتاوی عالمگیری(۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

= "ولو بلی المیت وصار تراباً، جاز دفن غیرہ فی قبرہ، وزرعُه والبناءُ علیه". (تبیین الحقائق، کتاب الصلوة، باب الجنائز: ۱/۵۸۹، دارالکتب العلمیة، بیروت)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن: ۱/۱۶۷، رشیدیه)

(۱) "وکرہ أبو حنیفة رحمه الله تعالیٰ أن یوطأ علی قبر، أو یجلس علیه، أو ینام علیه". (بدائع الصنائع، کتاب الصلوة، فصل فی سنة الدفن: ۲/۶۵، رشیدیه)

(وکذا فی الحلبی الکبیر، فصل فی الجنائز، ص: ۵۹۹، سهیل اکیڈمی لاهور)

"و یکرہ أن یوطأ علی القبر، یعنی بالرجل أو یقعد علیه، أو یقضی علیه حاجته". (الفتاویٰ التاتارخانیة، کتاب الصلاة، الجنائز، القبر والدفن: ۲/۱۷۱، إدارة القرآن کراچی)

(۲) (الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/۱۶۷، رشیدیه)

"ولا یکرہ المشی فی المقابر بالنعلین عندنا". (حاشیة الطحطاوی علی مراقی الفلاح، کتاب الصلوة، فصل فی زهٔرة القبور، ص: ۶۲۰ قدیمی)

"ولو وجد طریقاً فی المقبرة، و هو یظن أنه طریق أحدثوا، لا یمشی فی ذلک، وإن لم یقع ذلک فی ضمیرہ، لا بأس بأن یمشی فیه". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الصلوة، بیان أن النقل من بلد إلی بلد مکروہ، الخ: ۱/۱۹۵، رشیدیه) ..... =

قبرستان میں برہنہ پا ہونا

سوال[۷۵۱۹]: بعض ممالک کا رواج ہے کہ قبرستان پر سے گزرتے ہوئے برہنہ پا ہو جانا چاہیے، چونکہ پاپوش کے ساتھ گزرنے کے اندر مردہ کی بے حرمتی ہوتی ہے۔ مع حوالہ وصفحہ تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

قبر کے اوپر چلنا بے حرمتی ہے، خواہ جوتہ پہن کر ہو یا برہنہ پا۔ اور تمام قبرستان میں جوتہ پہن کر چلنا بے حرمتی نہیں ہے: "کرہ وطئها بالأقدام، اهـ". مراقی الفلاح، ص: ٣٦٤(١)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۹/محرم/۵۹ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ۹/محرم/۵۹ھ۔

قبرستان میں راستہ بنانا

سوال[۷۵۲۰]: قبرستان کے درخت وغیرہ صاف کر کے بیچ میں راستہ بنانا کیسا ہے؟ اور راستہ میں مرد وعورت سب چلتے ہیں۔ مع حوالہ تحریر کیجئے۔

= (وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة، الجنائز، القبر والدفن: ۲/۱۷۱، إدارة القرآن كراچی)

(۱) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلاة، فصل فی زيارة القبور، ص: ۶۲۳ قديمی)

"قال فی الفتح: و يكره الجلوس على القبر و وطؤه". (ردالمحتار، كتاب الصلاة، باب صلاة الجنازة: ۲/۲۴۵، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن، الخ: ۱/۱۶۶، رشيديه)

(و كذا فی الحلبی الكبير، فصل فی الجنائز، ص: ۵۹۹، سهيل اكيڈمی لاهور)

"ويكره أن يوطأ على القبر، يعنی بالرجل، أو يقعد عليه، أو يقضی عليه حاجته". (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة، الفصل الثانی والثلاثون فی الجنائز، القبر والدفن: ۲/۱۷۱، إدارة القرآن كراچی)

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

اگرقبرستان وقف ہوتو وہاں کوراستہ، سڑک بنانا درست نہیں (۱)، درختوں کوکاٹ کرجتنی جگہ کوراستہ بنایا جاوے گا، اس میں مردے دفن نہیں کئے جاسکیں گے، یہ منشائے واقف کے خلاف ہے:"شرط الواقف کنص الشارع". شامی (۲)۔ ہاں! اگرمردے لے جانے کے لئے راستہ نہیں توراستہ بنایا جاوے تاکہ وہاں کو مردے لے جاسکیں، تواس میں مضائقہ نہیں ہے (۳)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبدمحمودعفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۴/۹۰ھ۔

قبرستان میں بیڑی پینا

سوال[۷۵۲۱]: ۱.....قبرستان میں بیڑی پینا کیسا ہے؟

قبرستان میں آگ جلاکرکھانا پکانا

سوال[۷۵۲۲]: ۲.....قبرستان میں آگ جلاکرکھانا پکانا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....وہ عبرت کی جگہ ہے، بیڑی وغیرہ سے احتراز چاہئیے (۴)۔

۲.....قبرستان کومطبخ نہ بنانا چاہئیے، بلکہ وہاں جاکرقرآن پاک پڑھ کرایصال ثواب کریں اورمیت کے لئے

---

(۱) "ولو وجد طريقاً فی المقبرة و هو يظن أنه طريق أحدثوا، لا يمشی فی ذلک، وإن لم يقع ذلک فی ضميره، لا بأس بأن يمشی فيه". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، بيان أن النقل من بلد إلى بلد مكروه، الخ: ۱/۱۹۵، رشيديه)

(وكذا فی الفتاویٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة ،الجنائز، القبر والدفن: ۲/۱۷۱، إدارة القرآن كراچی)

(۲) (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فی قولهم: شرط الواقف كنص الشارع: ۴/۴۳۳، سعيد)

(وكذا فی الأشباه والنظائر، الفن الثانی، الفوائد، كتاب الوقف: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی تنقيح الفتاویٰ الحامدية، كتاب الوقف، مطلب: شرط الواقف كنص الشارع: ۱/۱۶۲، مكتبه ميمنيه)

(۳) "وفی شرح المشكاة: والوطء لحاجة كدفن الميت لايكره. وفی السراج: فإن لم يكن له طريق إلا علی القبر، جاز له المشی عليه للضرورة". (حاشية الطحطاوی علی مراقی الفلاح، فصل فی زيارة القبور، ص: ۶۲۰، قديمی)

(۴) "عن سليمان بن بريدة عن أبيه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم:=

اوراپنے لئے دعاء کریں اورسوچیں: ہمیں بھی قبر میں جانا ہے، اس کے لئے تیاری کریں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۱۱/ ۸۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/ ۱۱/ ۸۹ھ۔

قبرستان میں کبڈی وغیرہ کھیلنا

سوال[۷۵۲۳]: عام قبرستان جس کی کچی قبریں برابر ہوگئی ہوں، ان میں کبڈی، گیند، کرکٹ وغیرہ کھیلنا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جوزمین مردے دفن کرنے کے لئے وقف ہواس میں یہ سب کام منع ہیں، چاہے قبریں ظاہر ہوں یا برابر ہوگئی ہوں: "لأن شرط الواقف کنص الشارع"(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۴/۱۴۰۱ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

= "قد کنت نهیتکم عن زیارة القبور، فقد أذن لمحمد فی زیادة قبر أمه، فزوروها، فإنها تذکّر الأخرة".

(جامع الترمذی، أبواب الجنائز، باب ماجاء فی الرخصة فی زیارة القبور: ۱/۲۰۳، سعید)

(۱) "وإذا أراد زیارة القبور، یستحب له أن یصلی فی بیته رکعتین، یقرأ فی کل رکعة الفاتحة، وآیة الکرسی مرةً واحدةً، والإخلاص ثلاث مرات، و یجعل ثوابها للمیت، یبعث الله تعالیٰ إلی المیت فی قبره نوراً، ویکتب للمصلی ثواباً کثیراً، ثم لا یشتغل بما لا یعنیه فی الطریق، فإذا بلغ المقبرة ..... یقول: السلام علیکم یا أهل القبور! یغفر الله لنا ولکم، أنتم لنا سلف، ونحن بالإثر، کذا فی الغرائب". (الفتاویٰ العالمکیریة، الباب السادس عشر فی زیارة القبور و قرأ ة القرآن فی المقابر: ۵/۳۵۰، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، نوع فی المسجد: ۶/۳۵۸، رشیدیه)

(۲) (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فی قولهم: شرط الواقف کنص الشارع: ۴/۴۳۳، سعید)

"إن شرط الواقف یجب اتباعه لقولهم: شرط الواقف کنص الشارع: أی فی وجوب العمل به، و فی المفهوم والدلالة". (الأشباه والنظائر، الفن الثانی، الفوائد، کتاب الوقف: ۲/۱۰۶، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی تنقیح الفتاوی الحامدیة، کتاب الوقف، شرط الواقف کنص الشارع: ۱/۱۲۶، مکتبه میمنیه مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

باب مایتعلق بالمدارس

الفصل الأول فی تولیة المدارس ونظمها

(مدارس کے نظم ونسق اور اہتمام کا بیان)

مدرسہ کا مہتمم مجلس شوریٰ کے مشوروں کا پابند ہے یا نہیں؟

سوال[۷۵۲۴]: ہمارے یہاں کئی سال ہوئے چند اہلِ خیر حضرات نے مسلم بچوں کی دینی تعلیم وتربیت کے لئے مدرسہ قائم کرنے کا مشورہ کیا، اس پر متفق ہوکر کام شروع کردیا گیا۔ زمین حاصل کی گئی، چندہ جمع کیا گیا، نقشہ میونسپلٹی سے منظور کرا کے تعمیر شروع کردی گئی، اللہ تعالیٰ نے مدد فرمائی، مدرسہ بن گیا۔ اس کی ضروریات (دارالاقامہ، مطبخ وغیرہ بھی) فی الجملہ تیار ہوگئیں۔ یہ سب کام مجلسِ انتظامیہ کے تحت ہوا۔ اور یہ طے پایا کہ مدرسہ کے لئے اساتذہ اور دیگر ملازمین کا تقرر وعزل ونصب اور ان کی تنخواہوں کا اور عہدوں کا تعین وغیرہ تمام چیزیں مجلسِ انتظامیہ کیا کرے گی۔ مجلسِ انتظامیہ میں اکثر اہل علم ہیں، بعض غیر عالم تعمیر وغیرہ کی دیکھ بھال کے لئے ہیں، مگر سب اہلِ فہم واہلِ تدین ہیں۔ اساتذہ وملازمین کا تقرر ہوگیا، طلبہ داخل ہوئے اور تعلیم شروع ہوگئی۔

مدرسہ سے متعلق ایک مسجد بھی تعمیر کی گئی، مسجد کے لئے ایک امام صاحب کو رکھا گیا، ایک صاحب کو مدرسہ کا مہتمم تجویز کیا گیا، مہتمم صاحب کو تمام حسابات آمد وخرچ درست رکھنے کا ذمہ دار بنایا گیا۔ مجلسِ انتظامیہ گاہے گاہے (عامۃً تین ماہ گذرنے پر) حسابات کی جانچ کرتی رہی، اور مدرسہ کے لئے جائیداد خرید کر اور وقف کی ترغیب دے کر آمدنی کی صورتیں بڑھاتی رہی۔ مہتمم صاحب کی کوتاہیوں پر حسنِ ادب کے ساتھ توجہ دلاتی رہی، مگر مہتمم صاحب نے کوتاہیوں کی اصلاح نہیں فرمائی جس سے نظام متاثر ہوا۔ بار بار توجہ دلانے پر مہتمم صاحب نے اپنا رخ بدلا اور فرمایا کہ میں مختارِ کل ہوں، آپ لوگوں کی حیثیت تو صرف مشیر کی ہے، میرا دل چاہے

کسی بات میں مشورہ کروں، نہ دل چاہے تو مشورہ نہ کروں اور پھر یہ بھی ضروری نہیں کہ میں آپ کے مشورہ پر عمل کروں۔ اب بحث یہ شروع ہوگئی کہ صاحبِ اختیار مہتمم صاحب ہیں کہ جس کو چاہیں ملازم رکھیں، جس کو چاہیں الگ کردیں، یا مجلسِ انتظامیہ جس کو مشیر یا مجلسِ شوریٰ بھی کہا جاتا ہے۔

ادھر مسجد کے امام صاحب نے بھی فرمایا کہ امام پر نکتہ چینی کرنے کا کسی کو حق نہیں، نماز پڑھانے والا صرف ایک شخص ہوتا ہے جو کہ مصلے پر کھڑا ہوتا ہے، وہی امام ہے، بقیہ سب لوگ ارکانِ شوریٰ وغیرہ مقتدی ہیں، سب امام کی حرکت وسکون کے تابع ہیں، کسی کو اختلاف کرنے کا حق نہیں ہے، اگر امام نماز میں غلطی بھی کرتا ہے تو اس میں بھی امام کا اتباع لازم ہے، اگر امام میں کوتاہی ہو تو اس کو بھی برداشت کرنا ضروری ہے۔

مہتمم صاحب اور امام صاحب نے مل کر ایک مقالہ تیار کیا جس میں اپنا اپنا اقتدارِ اعلیٰ ثابت کیا ہے اور سب کو اپنا کلیۃً ماتحت اور تابع قرار دیا، مقالہ طویل ہے، اس میں غیر دینی سیکولر عہدہ داروں کا تذکرہ بطورِ مثال ودلیل کیا ہے، مثلاً: کلکٹر ایک ہوتا ہے اور تمام حکّامِ ضلع اس کے ماتحت اور تابع ہوتے ہیں، گورنر ایک ہوتا ہے، کمشنر ایک ہوتا ہے، وزیر اعظم ایک ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

ان مثالوں کو بطورِ دلیل بیان کیا ہے، ان کے متعلق تو ہمیں کچھ نہیں پوچھنا، کیونکہ ظاہر ہے کہ یہ مثالیں شرعی مسائل کی بنیاد یں نہیں، نہ حکومت نے کبھی یہ دعویٰ کیا ہے کہ ہماری حکومت شرعی حکومت ہے، بلکہ وہ تو بار بار اعلان کرچکی ہے کہ یہ لادینی حکومت ہے۔ جو شخص لادینی نظام پر دینی نظام کو قیاس کرنا چاہے ظاہر ہے کہ اس سے زیادہ لغویت کیا ہوگی، اس کے جواب کی تو ضرورت نہیں، کیونکہ کوئی سمجھدار آدمی اس مغالطہ میں نہیں آئے گا۔ البتہ مقالہ کے بعض مندرجہ امور سے شبہ ہوتا ہے، ان کے متعلق دریافت کرنا ہے:

۱..... گھر کا امیر باپ ہوتا ہے، اولاد سب تابع ہوتی ہے، اولاد کو یہ کہنے کا حق نہیں ہوتا کہ ہم کماتے ہیں، آپ ہمارے نوکر کی حیثیت سے رہیئے، گھر کی خدمت انجام دیجئیے اور جو کچھ ہم اس کے معاوضہ میں دیں، لے کر کھالیا کیجئیے۔

۲..... حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اہم امور میں حسبِ ارشادِ باری تعالیٰ، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مشورہ کیا، پھر جو کچھ شرح صدر ہوا، اس پر عمل کیا، صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی رائے اور ان کی کثرت رائے کے پابند نہیں ہوئے۔

Made searchable using ScribeTools.com

۳.....اللہ تعالیٰ نے ملائکہ سے مشورہ کیا، آدم علیہ السلام کو پیدا کرنے کے سلسلہ میں مگر ملائکہ کی رائے کے خلاف عمل کیا، اس سے معلوم ہوا کہ امیر مجلسِ شوریٰ کا پابند نہیں۔

۴.....کیا امیر کی اطاعت ہر کام میں لازم ہے، جب کہ وہ معصیت نہ ہو؟

۵.....کیا امیر کی کسی غلطی پر توجہ دلانا شرعاً حرام اور بغاوت ہے؟

۶.....کیا امیر پر اعتراض کرنے والا اور اس کی رائے سے اختلاف کرنے والا واجب القتل یا مستحقِ قتل ہے؟ اسلاف میں اس کے کچھ نظائر ہوں تو پیش فرمادیں۔

۷.....مہتمم صاحب نے یہ بھی فرمایا کہ: مہتمم کی حیثیت سلطانِ وقت کی ہے کہ اس کو پورے اختیارات حاصل ہیں، البتہ اس کے پاس فوج، پولیس، خزانہ نہیں ہے اس لئے وہ شرعی سزائیں نہیں دے سکتا، اس حد تک وہ سلطان معذور ہے۔

۸.....کیا امامِ نماز .....بھی ایسا ہی صاحبِ اقتدار ہے کہ مقتدی اس کی تمام غلطیوں میں اتباع کرنے پر مجبور ہیں۔

۹.....اگر مقتدی امام صاحب کی غلطیوں کی وجہ سے ان کے پیچھے نماز پڑھنے سے ناخوش ہوں تو ایسی حالت میں امام صاحب کا جبراً نماز پڑھانا اور کہنا کہ ''مجھے کوئی الگ نہیں کرسکتا'' کہاں تک درست ہے؟

۱۰.....کیا کثرتِ رائے کسی حالت میں بھی معتبر نہیں اور کیا یہ غیر دینی طریقہ ہے کہ اس پر عمل کرنے سے گناہ ہوگا؟

۱۱.....امام صاحب، مہتمم صاحب، ملازم صاحب کو کسی حالت میں برطرف بھی کیا جاسکتا ہے، یا وہ ہر حالت میں اپنے عہدوں پر تاحیات برقرار و تنخواہ دار رہیں گے؟

نوٹ: سوالات طویل ہوگئے ہیں، مگر امید ہے ہماری مجبوری کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مفصل، مدلل جوابات تحریر فرمائیں گے۔ ان اطراف میں مہتمم صاحب کے اس مقالہ سے بہت خلفشار ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے۔

الجواب واللّٰہ الھادی إلی الصواب:

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم:

Made Searchable by ScribeTools.com

محترمی! وعلیکم السلام ورحمة اللّٰہ وبرکاتہ!

۱..... باپ سے متعلق یہ خیال اور قول صحیح ہے کہ باپ کا درجہ بلند ہے، متعدد آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنی عبادت کا حکم فرماتے ہوئے والدین کے ساتھ احسان کا بھی حکم فرمایا ہے:

﴿وَ قَضٰی رَبُّكَ أن لَّاتَعْبُدُوْا إلَّا اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا﴾(۱)۔ نیز حدیث شریف میں ہے:

"أنت ومالك لوالدك، اھ". مشكوة شريف، ص: ۲۹۱ (۲)۔

اور فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر ایک شخص نے ایک دوکان شروع کی، پھر اس کا بیٹا بھی اس میں کام کرنے لگا جس سے ترقی ہوئی، پھر باپ بوڑھا ہوگیا، کام کے قابل نہیں رہا تو بیٹا یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں دوکان کا مالک ہوں، یا اس میں شریک وحصہ دار ہوں، کیونکہ میری محنت سے ترقی ہوئی ہے، بلکہ وہ دوکان باپ کی ملکیت ہوگی اور بیٹا معاون شمار ہوگا (۳)۔ نیز یہ بھی فقہاء نے بیان کیا ہے کہ بیٹے کے لئے جائز نہیں کہ باپ سے ملازم کی طرح خدمت لے کہ یہ احترامِ والد کے خلاف ہے (۴)۔

لیکن اس سے مسئلۂ مہتمم پر استدلال کرنا غلط اور مغالطہ ہے، کیونکہ باپ تو اصل ہوتا ہے اور اولاد اس

---

(۱) (سورة الإسرآء: ۲۳)

(۲) والحديث بتمامه: "عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضى الله تعالىٰ عنه أن رجلاً أتىٰ إلى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال: إنّ لى مالاً وإنّ والدى يحتاج إلى مالى، قال: "أنت ومالك لوالدك، إن أولادكم من أطيب كسبكم، كلوا من كسب أولادكم". رواه أبوداؤد وابن ماجة". (مشكوة المصابيح، باب النفقات وحق المملوك، ص: ۲۹۱، قديمى)

(۳) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "الأب وابنه يكتسبان فى صنعةٍ واحدة، ولم يكن لهما شئ، فالكسب كله للأب إن كان الابن فى عياله، لكونه معيناً له، ألا ترى لوغرس شجرةً تكون للأب". (ردالمحتار، كتاب الشركة، فصل فى الشركة الفاسدة: ۳۲۵/۴، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الشركة، الباب الرابع شركة الوجوه والأعمال: ۳۲۹/۲، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ الكاملية، كتاب الشركة، ص: ۵۱، مكتبه حقانيه پشاور)

(۴) "ولا يجوز استيجار الرجل أباه ليخدمه؛ لأنه مأمور بتعظيم أبيه، وفى الاستخدام استخفاف به، فكان حراماً". (بدائع الصنائع، كتاب الإجارة، ۵/۶، دارالكتب العلمية بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

کے ذریعہ وجود میں آتی ہے، وہ اولاد کی پرورش کرتا ہے، تعلیم دیتا اور تربیت کرتا ہے۔ مدرسہ میں شوریٰ کا وجود ومنصب پہلے ہے، اس نے اہتمام کا منصب تجویز کیا اور مہتمم صاحب کو لاکر بٹھایا اور ان کے لئے تنخواہ تجویز کی، پس مہتمِ مدرسہ اور شوریٰ کا حال باپ اور اولاد کے حال سے بالکل برعکس ہے۔

۲.....حضرت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رسول اور مؤید بالوحی ہونے کے باوجود حکمِ خداوندی: ﴿وشاورهم فی الأمر﴾(۱) کے تحت اہم امور میں صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مشورہ بھی فرمایا اور ﴿فإذا عزمت فتوكل على الله﴾(۲) کے تحت شرحِ صدر پر عمل بھی فرمایا۔

اور بعض مواقع میں جو اپنی رائے عالی کو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی دل جوئی کے پیشِ نظر ترک بھی فرمایا، غزوۂ احد کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رائے مدینہ طیبہ سے باہر جاکر جنگ کرنے کی نہیں تھی، مگر شہادت کے شوقین صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی رائے کو اختیار فرمایا(۳)۔ غزوۂ خندق کے موقع پر آپ کی رائے مصالحت کی تھی، مگر انصار کے دو قبیلوں کے سرداروں کی رائے نہیں ہوئی، آپ نے ان کی رائے کو قبول فرمالیا(۴)۔

---

(۱) (سورة آل عمران: ۱۵۹)

(۲) (سورة آل عمران: ۱۵۹)

(۳) "وكان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يكره الخروج، فقال رجال من المسلمين، ممن أكرم الله بالشهادة يوم أحد وغيره، ممن كان فاته بدر: يارسول الله! أُخرج بنا إلى أعدائنا، لايرون أنا جبنّاعنهم وضعفنا؟ ..... فلم يزل الناس برسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الذين كان من أمرهم حب لقاء القوم، حتى دخل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بيته، فلبس لأمته، وذلك يوم الجمعة حين فرغ من الصلوة ..... ثم خرج عليهم". (السيرة النبوية لابن هشام، غزوة أحد ، مشاورة الرسول القوم فى الخروج أو البقاء: ۶۷/۳، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

(وكذا فى البداية والنهاية، غزوة أحد فى شوال سنة ثلاث: ۱۲/۴، ۱۳، دارالفكر بيروت)

(وكذا فى تاريخ الطبرى، غزوة أحد: ۱۸۹/۲، مؤسسة الأعلمى بيروت لبنان)

(وكذا فى سيرة ابن هشام :۶۸/۳)

(وكذا فى البداية والنهاية: ۱۳/۴، بيروت)

(۴) "فأراد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أن يصالح غطفان على أن يعطيهم ثلث الثمرة، ويخذلوا =

"من قال: لا إله إلا الله" کے لئے جنت کی خوشخبری سنانے کے واسطے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نعلین شریفین دے کر بھیجا، لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے نہیں ہوئی، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی رائے عالی کو ترک فرمادیا(۱)۔ یہ سب واقعات کتبِ احادیث صحاح میں صاف صاف مذکور ہے۔

= بين الناس وينصرفوا عنه، فأبت ذلك الأنصارُ، فترك ماكان أراد من ذلك". (الطبقات الكبرى لابن سعد، غزوة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الخندق وهى غزوة الأحزاب: ۲/ ۶۹، دارصادر، بيروت)

(وكذا فى السيرة النبوية لابن هشام، غزوة الخندق، همّ الرسول بعقد الصلح بينه وبين غطفان ثم عدل: ۳/ ۲۲۳، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

(وكذا فى تاريخ الطبرى، ذكر الخبر عن غزوة الخندق: ۲/ ۲۳۸، ۲۳۹، مؤسسة الأعلمى بيروت لبنان)

(وكذا فى البداية والنهاية لابن كثير: ۴/ ۱۲، مكتبة الرياض الحديثية ودارالفكر بيرت)

(۱) "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: كنا قعوداً حول رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، معنا أبوبكر وعمر فى نفرٍ، فقام رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من بين أظهرنا ..... قال: فأتيت فاحتفرت كما يحتفر الثعلب وهؤلاء الناس ورآئى فقال: "يا أباهريرة!" -وأعطانى نعليه- قال: "اذهب بنعلىَّ هاتين، فمن لقيتَ من وراء هذا الحائط يشهد أن لا إله إلا الله مستيقناً بها قلبُه، فبشّرْه بالجنة". فكان أول مَن لقيتُ عمرُ، فقال: ماهاتان النعلان ياأباهريرة!؟ قلتُ: هاتين نعلاَ رسولِ الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بَعَثَنى بهما: مَن لقيتُ يشهد أن لاإله إلا لله مستيقناً بها قلبُه، بشّرتُه بالجنة. قال: فضرب عمر بيده بين ثديىَّ ضربةً، فخررت لإستى، فقال: ارجع يا أباهريرة!. فرجعتُ إلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، فاجهشت بكاءً، وركبنى عمر، فإذا هو على أثرى، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "مالك يا أباهريرة"؟ قلتُ: لقيتُ عمر، فأخبرتُه بالذى بَعَثْتَنى به، فضرب بين ثَديىَّ ضربةً خررت لإستى، قال: ارجع. قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ياعمر! ماحملك على مافعلت"؟ قال: يارسول الله! بأبى أنت وأمى! أبَعثتَ أباهريرة بنعليك مَن لقى يشهد أن لا إلٰه إلا الله مستيقناً بها قلبه، بشّره بالجنة؟ قال: "نعم". قال: فلا تفعل، فإنى أخشى أن يتكل الناس عليها، فخلِّهم يعملون. قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "فخلّهم". الحديث. (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعاً: ۱/ ۴۶، قديمى) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

ظاہر یہ ہے کہ ان مواقع پر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی رائے پر شرحِ صدر اور عزم ہوگیا۔ نبی کا مقام اتنا بلند ہے کہ وہاں غلط چیز پر شرحِ صدر نہیں ہوسکتا، کیونکہ وحی الٰہی عاصم ومحافظ ہے۔

لیکن مجلسِ شوریٰ اور مہتمم کو اس پر قیاس کرنا غلط در غلط ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو رفیع مقامات آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعلیم وتزکیہ اور فیضِ صحبت کی بدولت حاصل ہوئے: ﴿یتلوا علیهم اٰیاته ویزکیهم ویعلمهم الکتاب والحکمة﴾(۱)۔

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منصبِ رسالت نہیں دیا، بلکہ ﴿اللّٰه أعلم حیث یجعل رسالته﴾(۲)۔ پھر مہتمم کے منصبِ اہتمام کو جو کہ شوریٰ کا دیا ہوا ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منصبِ رسالت پر کیسے قیاس کیا جاسکتا ہے۔ أستغفر اللّٰه العظیم۔

۳..... ''جماعتِ ملائکہ'' کے لئے ''مجلسِ شوریٰ'' کا لقب بڑا عجیب لقب ہے اور آیت قرآنی: ﴿وإذ قال ربك للملئكة إنی جاعل فی الأرض خلیفةً﴾(۳) کا مطلب ''مشورہ طلب کرنا'' عجیب در عجیب ہے، نہ یہاں شوریٰ ہے، نہ مشورہ ہے، لہٰذا یہ نتیجہ نکالنا کہ جس طرح اللہ تعالیٰ ملائکہ کی شوریٰ کا پابند نہیں اسی طرح مہتمم بھی مدرسہ کی شوریٰ کا پابند نہیں، بالکل بے محل ہے۔

بات دراصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر اپنا خلیفہ بھیجنے کے لئے ملائکہ سے اپنا ارادہ ظاہر فرمایا کہ جس طرح دیگر کائنات سے متعلقہ خدمات ملائکہ کے سپرد ہیں، اسی طرح خلیفہ سے متعلقہ خدمات بھی ان کے سپرد کی جائیں گی، ملائکہ کو تخلیقِ آدم -علیہ الصلوۃ والسلام- کی حکمت کا علم نہیں تھا، اس لئے انہوں نے اپنے منصب سے بڑھ کر بات کی جس پر ان کو جواب دیا گیا: ﴿قال إنی أعلم مالا تعلمون﴾(٤)، پھر انہوں نے

=(وكذا فی إزالة الخفاء، الفصل الثالث فی جنس آخر من مقامات الیقین: ۱۶۵/۲، ۱۶۶، سهیل اكیڈمی، لاهور)

(۱) (سورة آل عمران: ۱۶۴)

(۲) (سورة الأنعام: ۱۲۴)

(۳) (سورة البقرة: ۳۰)

(۴) (سورة البقرة: ۳۰)

اعترافِ قصور کیا(۱)۔

حق تعالیٰ خالق ہیں، ملائکہ مخلوق ہیں، خالق کو مخلوق سے مشورہ لینے کا کیا محل ہے؟ اللہ پاک کا علم ذاتی ہے(۲)، ملائکہ کا علم حصولی (اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا) ہے، پھر وہاں مشورہ کی کیا گنجائش ہے۔ ملائکہ کو ملائکہ اللہ تعالیٰ نے بنایا، اللہ تعالیٰ کو اللہ تعالیٰ ملائکہ نے نہیں بنایا، کیا مدرسہ کے مہتمم اور شوریٰ کا بھی یہی حال ہے۔ نعوذ باللہ من شرور أنفسنا۔

۴.....امرِ امیر (سلطان) کی اطاعت واجب ہے، جب کہ موافقِ شرع ہو، معصیت نہ ہو:

"أمر السلطان إنما ينفذ إذا وافق الشرع، وإلا فلا". أشباه من القاعدة الخامسة، وفوائدشتى (۳)۔

"فلو أمر قضاته بتحليف الشهود، وجب على العلماء أن ينصحوه ويقولوا له: لا تكلّفْ قضاتك إلى أمر يلزم منه سخطك أو سخط الخالق، اه". درمختار۔ "وفى "ط" عن الحموى:

---

(۱) اسی لئے ملائکہ نے کہا: ﴿سبحنک لاعلم لنا إلّا ما علّمتنا إنک أنت العلیم الحکیم﴾ (سورة البقرة: ۳۲)

(۲) "والعلم: أى عن الصفات الذاتية وهى، صفة أزلية .....اهـ". (شرح الملا على القارى على الفقه الأكبر، ص: ۱۶۱، حقانيه پشاور)

"والعلم فإنه تعالىٰ عالم بجميع الموجودات ويعلم الجهر ومايخفى بعلمه الذى هو صفة أزلية". (شرح الإمام الماتريدى على الفقه الأكبر، ص: ۱۰۸، ۱۰۹، مجلس دائرة المعارف النظامية، حيدرآباد دكن)

"العلم وهى صفة أزلية". (شرح العقائد النسفية للتفتازانى، ص: ۴۱، ميرمحمد كتب خانه كراچى)

"لم يزل عالماً بعلمه: أى دائماً عالماً بعلمه القديم الأزلى والأبدى ..... والعلم صفة فى الأزل: أى العلم الذى هو صفةٌ له تعالىٰ ثابت فى الأزل كذاته تعالىٰ". (أحسن الفوائد شرح الفقه الأكبر، ص: ۵۵، مكتبة شمس العلوم ژوب بلوچستان)

(۳) (الأشباه والنظائر، النوع الثانى، القاعدة الخامسة، تصرف الإمام على الرعية منوط بالمصلحة، تنبيه: (رقم القاعدة: ۸۴۰): ۱/۳۳۱، ۳۳۲، إدارة القرآن كراچى)

Made Searchable by ScribeTools.com
Made searchable using ScribeTools.com

إن صاحب البحر ذكر ناقلاً عن أئمتنا أن طاعة الإمام فی غير معصيته واجبةٌ، فلو أمر بصوم يوم وجب، اهـ". شامی: ٤/٣٤٤(١)۔

لیکن اگر اکثر کے نزدیک امام کی رائے میں ضرر ہو تو اکثر کی رائے کا اتباع کیا جائے گا:

"قال فی الملتقی: وينبغی للإمام أن يعرض الجيش عنددخول دارالحرب ليعلم الفارس من الراجل. قال فی شرحه: وأن يكتب أسماء هم لأن يؤمَّر عليهم مَن كان بصيراً بأمور دارالحرب وتدبيرها ولو من الموالی، وعليهم طاعته؛ لأن مخالفة الأمير حرام، إلا إذا اتفق الأكثر أنه ضررٌ، فيتبع، اهـ". شامی: ٣/٢٣٤(٢)۔

۵..... نہ بغاوت ہے، نہ حرام ہے، بلکہ ضرر سے بچانے کے لئے خواہ ضرر دنیوی ہو یا اُخروی، امیر کو نصیحت کرنا علماء کے ذمہ واجب ہے، جیسا کہ نمبر:۴ میں گزرا ہے:"وجب علی العلماء أن ينصحوه، اهـ"(٣)۔

٦،٧..... "عن حذيفة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قلت: يارسول الله! أيكون بعد هذا الخير شرٌ كما كان قبله شرٌّ؟ قال: "نعم". قلت: فما العصمة؟ قال: "السيف". قلت: وهل بعد السيف بقية؟ قال: "نعم، تكون إمارة علی أقذآء وهدنة علی دخن". قلت: ثم ماذا؟ قال:" ثم ينشأ دعاة الضلال، فإن كان لله فی الأرض خليفةٌ، جلد ظهرك وأخذ مالك فأطعه، وإلا فمُتْ

---

(١) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب القضاء: ٥/٤٢٢، سعيد)

"إذا كان فعل الإمام مبنياً علی المصلحة فيما يتعلق بالأمور العامة، لم ينفُذ أمره شرعاً، إلا إذا وافقه، فإن خالفه لم ينفذ". (الأشباه والنظائر، القاعدة الخامسة: ١/٣٧٣، إدارة القرآن كراچی)

"لأن طاعة الإمام فيما ليس بمعصيةٍ فرضٌ". (البحرالرائق، كتاب السير، باب البغاة: ٥/٢٣٦، رشيديه)

(٢) (ردالمحتار، كتاب الجهاد، باب المغنم وقسمته، فصل فی كيفية القسمة: ٤/١٤٥، ١٤٦، سعيد)

(وكذ فی مجمع الأنهر، كتاب السير والجهاد، باب الغنائم وقسمتها: ٢/٤٣٢، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(٣) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب القضاء: ٥/٤٢٢، سعيد)

وأنت عاضٌ على جذل شجرة". الحديث(۱)۔

اس کی شرح مرقاۃ: ۵/۱۴۳، میں ہے(۲)۔

ایک ہی شخص کو ایک ہی وقت دفعِ شر کے لئے سیف (قتال) کا حکم دیا اور دوسرے وقت میں جسمانی و مالی اذیت وظلم کو برداشت کرتے ہوئے اطاعتِ امیر (خلیفہ) کا حکم دیا، نیز "كلمة حقٍ عند سلطان جائر" کو "أفضل الجهاد" قرار دیا، كذا في شرح الجامع الصغير، ص: ۸۱ (۳)۔

چند واقعات واقوال امراء (خلفاء) کے نقل کئے جاتے ہیں جن سے معلوم ہوگا کہ امیر کی رائے سے اختلاف اور اس پر اعتراض کی ان کے یہاں کیا سزا اور کیا قدر تھی:

۱- سب سے اول اور سب سے افضل خلیفہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، جب وہ خلیفہ

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الفتن، الفصل الثاني، ص: ۴۶۳، قديمي)

(۲) "وفيه: "قلت: ثم ماذ"؟ قال: "ثم ينتج المهر، فلا يركب حتى تقوم الساعة". وفي روايةٍ: "هدنةٌ على دخن وجماعة على أقذاء". قلت: يارسول الله! الهدنة على الدخن ماهي؟ قال: "لاترجع قلوب أقوام" وفيه: قال: "نعم، تكون إمارة على أقذاء" ..... وفي النهاية: الأقذاء جمع قذى، وهي: مايقع في العين والماء والشراب من تراب أو تبن أو وسخ أو غير ذلك، وأراد أن اجتماعهم يكون على فساد قلوبكم، فشبّهه بقذى العين. قال القاضي رحمه الله: أي إمارة مشوبة بشئ من البدع وارتكاب المناهي "وهدنة على دخن": أي مع خداع ونفاق وخيانة. وفي الفائق: هدن: أي سكن ضربه مثلاً، لما بينهم من الفساد الباطن تحت الصلاح الظاهر، ويمكن اجتماع الناس على من جعل أميراً بكراهية نفس لابطيب قلب ..... اهـ". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح: ۹/۲۷۲، ۲۷۳، كتاب الفتن، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۵۳۹۶)، رشيديه)

(۳) "عن أبي سعيد رضي الله تعالىٰ عنه..... أفضل الجهاد كلمة حق عند سلطان جائر". وقال العلامة شمس الدين رحمه الله تعالىٰ تحت هذا الحديث: "لأن مجاهد العدو متردد بين رجاء وخوف، وصاحب السلطان إذا أمره بمعروف تعرض للتلف، فهو أفضل من جهة غلبة خوفه، ولأن ظلم السلطان يسري إلى جم غفير، فإذا كفه فقد أوصل النفع إلى خلق كثير بخلاف قتل كافر". (فيض القدير شرح الجامع الصغير: ۳/۱۱۷۶، (رقم الحديث: ۱۲۴۶)، مكتبه نزار مصطفىٰ الباز، الرياض)

(ومسند الإمام أحمد: ۶/۳۳۳، (رقم الحديث: ۲۱۶۵۴)، دارإحياء التراث العربي، بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

ہوئے تو خطبہ دیا اور فرمایا:

"ثم تكلم أبوبكر، فحمدالله وأثنىٰ عليه، ثم قال: أما بعد! أيها الناس! فإني قد وُلّيتُ عليكم ولستُ بخيركم، فإن أحسنتُ فأعينوني، وإن أسأت فقوِّموني، اه". تاريخ الخلفاء، ص: ٥٨(١)۔

"فإذا رأيتموني استقمتُ فاتبعوني، وإذا رأيتموني زغت فقوّموني، اه". تاريخ الخلفاء، ص: ٦٠(٢)۔

یعنی: ''اگر میں سیدھا سیدھا چلوں تو میری اتباع کرو اور میری اعانت کرو، اگر میں ٹیڑھا پن اختیار کروں تو اس میں میری اتباع مت کرو، بلکہ مجھے ہی سیدھا کردو''۔

اسی ارشاد سے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے نتیجہ نکالا:

"قال مالك: لايكون أحدٌ إماماً أبداً إلا على هذا الشرط، اهـ".

تاريخ الخلفاء، ص: ٦٠(٣)۔

''کوئی شخص کبھی بھی امام نہیں بن سکتا، مگر اسی شرط کے ساتھ'' (جو خلیفہ اول نے بیان فرمائی)۔

۲-خلیفۂ ثانی حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

"لا تزيدوا في مهور النساء على أربعين أوقية، فمن زاد ألقيت الزيادة في بيت المال. فقالت امرأة: ما ذاك لك. قال: ولِمَ؟ قالت: لأن الله يقول: ﴿وآتيتم إحدهن قنطاراً﴾ فقال عمر رضى الله تعالىٰ عنه: امرأةٌ أصابت ورجلٌ أخطأ، اه". مرقاة المفاتيح: ٣/٤٤٧(٤)۔

---

(۱) (تاريخ الخلفاء للسيوطي، ذكر أبي بكر، فصل في مبايعته، ص: ٥٨، نور محمد كتب خانه كراچي)

(۲) (تاريخ الخلفاء للسيوطي، فصل في مبايعته، ص: ٦٠، نور محمد كتب خانه كراچي)

(۳) (تاريخ الخلفاء، المصدر السابق)

(۴) (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب النكاح، باب الصداق، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ٣٣٠٤): ٦/٣٥٩، ٣٦٠، رشيديه)

ایک عورت نے امیر المؤمنین کی رائے سے اختلاف کیا، اس کی قدر فرمائی، عتاب نہیں فرمایا۔

۳- "عن أبی وائل قال: جلستُ مع شیبة علی الکرسی فی الکعبة، فقال: لقد جلس هذا المجلس عمر، فقال: لقد هممتُ أن لاأدَعَ فیها صفراء ولا بیضاء إلا قسّمته. قلت: إن صاحبیك لم یفعلا. قال: هما المرآنِ أقتدی بهما". بخاری شریف، باب کسوة الکعبة، ص: ۳۱٦(۱)۔

یہاں بھی کوئی عتاب نہیں فرمایا، بلکہ اپنی رائے کو ترک فرمایا۔

٤-- وفیه روی أن عمر بن الخطاب رضی اللّٰه تعالیٰ عنه کان یعسّ بالمدینة اللیل، فسمع صوت رجل فی بیتٍ یتغنیّ، فتسور علیه فوجد رجلاً عنده امرأةٌ، وخمرٌ، فقال: یا عدوّ اللّٰه! أظننت أن اللّٰه یسترك وأنت علی معصیةٍ؟ فقال: وأنت یا أمیر المؤمنین! فلاتعجل علی أن أكُ عصیت اللّٰه فی واحدة، فأنت عصیته فی ثلاث: قال اللّٰه تعالیٰ: ﴿ولا تجسّسوا﴾ وقد تجسّستَ، وقال: ﴿ وأتوا البیوت من أبوابها﴾ وقد تسوّرتَ علیّ، وقال اللّٰه تعالیٰ: ﴿لاتدخلوا بیوتاً غیر بیوتکم حتی تستأنسوا وتسلموا علی أهلها﴾ وقد دخلت بیتی بغیر إذن ولاسلام. فقال عمر: فهل عندکم من خیر إن عفوت عنك؟ قال: نعم یاأمیر المؤمنین لئن عفوت عنّی لا أعود لمثلها أبداً، فعفا عنه، اه". إزالة الخفاء: ۲/٤۳(۲)۔

دیکھئے! یہاں نہ صرف اختلاف کیا، بلکہ کتنی سخت گرفت کی، لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سزا نہیں دی۔

خلیفہ ہونے کے بعد خطبہ دیا، اسی خطبہ میں فرمایا:

"وروی أنه قال یوماً علی المنبر: یامعاشر المسلمین! ماذا تقولون لو

---

(۱) (صحیح البخاری، کتاب المناسک، باب کسوة الکعبة: ۱/۲۱۷، قدیمی)

(۲) (إزالة الخفاء، مطلب: حکایات گشت حضرت ایشان: ۲/۷۷، ۷۸، سهیل اکیڈمی، لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

مِلتُ برأسی إلی الدنیا کذا –ومیَّل رأسه– فقام إلیه رجل فاستلّ سیفه، وقال رجل: کنا نقول بالسیف کذا –وأشار إلی قطعه– فقال: إیای تعنی بقولك؟ قال: نعم، إیاك أعنی بقولی. فنهره عمر ثلاثاً وهو ینهره عمر. فقال عمر: رَحمك اللّٰه! الحمد للّٰهالذی جعل فی رعیّتی مَن إذا تعوّجتُ قوّمنی". إزالة الخفاء: ٤/٥٦ ، چهارم مترجم(۱)۔

"قال عمر (رضی اللّٰه تعالیٰ عنه) فی مجلسٍ فیه المهاجرون والأنصار: أرأیتم لو ترخصتُ فی بعض الأمور ماذا کنتم فاعلین؟ فسکتنا، فقال ذلك مرّتین أو ثلثاً: لو ترخصتُ لکم فی بعض الأمور ماذا کنتم فاعلین؟ قال بشر بن سعد: لو فعلتَ ذلك لقوّمناك تقویم القدح. فقال عمر (رضی اللّٰه تعالیٰ عنه): أنتم إذاً أنتم". إزالة الخفاء: ٤/١٢٢(۲)۔

خلیفہ ہوتے ہی عام اجازت دی کہ میری جو بات قابلِ اعتراض ہو، سرِ دربار مجھے ٹوک دیا جائے۔ آپ کی طرف سے اعلان دیا گیا کہ:

"أحَبّ الناس إلیّ من رفع إلیّ عیوبی" (۳)۔

یعنی ''سب سے زیادہ میں اس شخص کو پسند کروں گا جو میرے عیوب پر مجھے اطلاع دے''۔

''اس کے بعد ادنیٰ ادنیٰ لوگوں نے سرِ دربار آپ پر نکتہ چینی شروع کی اگرچہ وہ نکتہ چینی غلط ہوتی تھی، مگر آپ اس پر خوش ہوتے تھے اور بڑی توجہ سے سنتے تھے اور اس کا

---

(۱) (إزالة الخفاء، الفصل الثانی فی جنس من مقامات الیقین أشیر إلیه فی قوله: ﴿أشِدّاء علی الکفار﴾ : ۲/۱۵۷، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) (إزالة الخفاء، الفصل الخامس ، قبول قول الناصح وإن شدوا: ۲/۱۷۶، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۳) (إزالة الخفاء، الفصل الخامس، مطلب: قبول قول الناصح: ۲/۱۷۶، سهیل اکیڈمی، لاهور)

Made Searchable by ScribeTools.com

جواب دیتے تھے، اھ"۔ سیرت فاروق اعظم، ص:۱۵(۱)۔

آپ-رضی اللہ تعالیٰ عنہ- خطبہ پڑھنے کے لئے تشریف لائے تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ٹوکا:

"أتت برودٌ من اليمن إلى عمر بن الخطاب (رضى الله تعالىٰ عنه)، فقسمها بين أصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم برداً برداً، ثم صعد المنبر يوم جمعة، فخطب الناس فى حلة منها -والحلة عند العرب ثوبان من جنس واحد، وكان ذلك من أحسن زيّهم - فقال: ألا! اسمعوا، ألا! اسمعوا، ثم وعظ الناس. فقام سلمان، فقال: والله! مانسمع، والله! مانسمع. قال: وما ذلك؟ قال: إنك أعطيتنا ثوباً ثوباً ورحت فى حلة، فقد تفضّلت علينا بالدنيا. فتبسّم، ثم قال: عجلتَ ياأبا عبدالله، رحمك الله! إنى كنتُ غسلت ثوبى الخلق، فاستعرتُ برد عبدالله بن عمر فلبسته مع بردى. فقال سلمان: الآن نسمع". إزالة الخفاء: ٤/١٢١(٢)-

"قال ابن عون: كان الرجل يقول لمعاوية رضى الله تعالىٰ عنه: والله! لتستقيمنّ بنا يامعاوية! أو لنقوّمنّك. فيقول: بماذا؟ فيقول: بالخشب؟ فيقول: إذاً نستقيم، اھ". تاريخ الخلفاء، ص: ١٤٩(٣)-

دیکھئے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کتنا سخت کلمہ کہا، مگر انہوں نے کیا معاملہ کیا۔

یزید کو جب ولی عہد بنانے کا قصہ پیش آیا، حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے گفتگو کے بعد حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نمبر آیا:

---

(۱) (الفاروق سیرت فاروق اعظم: ۳۸۲/۲، دارالإشاعت، کراچی)

(۲) (إزالة الخفاء، الفصل الخامس: التفوق على الإخوان: ۱۷۵/۲، ۱۷۶، سهيل اكيڈمی، لاهور)

(۳) (تاريخ الخلفاء للسيوطی، فصل: معاوية بن أبی سفيان، ص: ۱۴۹، میر محمد کتب خانه، کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

"ثم أرسل إلى ابن الزبير رضى الله تعالىٰ عنه، فقال: يا ابن الزبير! إنما أنت ثعلب روّاغ، كلما خرج من جحرٍ دخل فى آخر، وإنك عمدتَّ إلى هذين الرجلين، فنفخت فى مناخرهما وحملتهما على غير رأيهما. فقال ابن الزبير: إن كنت قد مللت الإمارة فأعتزلها، وهلم ابنك فلنبايعه، أرأيت إذا بايعنا ابنك معك لأيِّكما نسمع ونطيع، لا تجتمع البيعة لكما أبداً، اهـ". تاريخ الخلفاء، ص: ۱۵۰، ۱۵۵(۱)۔

غور کیجئے اور جاریہ بن قدامہ کا مکالمہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتنا سخت ہے، اس کو بھی دیکھئے:

"إن قوائم السيوف التى لقيناك بها بصفِّين فى أيدينا، قال (معاوية رضى الله تعالىٰ عنه): إنك لتهدّدنى؟ قال: إنك لن تملكنا قسرة ولم تفتتحنا عنوةً، ولكن أعطيتنا عهوداً ومواثيق، فإن وفّيتَ لنا، وفّينا، وإن ترغب إلى غير ذلك فقد تركنا وراء نا رجالاً مداداً وأذرعاً شداداً وأسّنةً حداداً، فإن بسطتَ إلينا فتراً من غدر، زلفنا إليك بباع من ختر. قال معاوية: لا أكثر الله فى الناس أمثالك، اهـ". تاريخ الخلفاء، ص: ۱۵۳(۲)۔

یزید الناقص ابوخالد بن الولید نے جو خطبہ دیا اس میں صاف صاف اعلان کیا:

"فإن أردتم بيعتى على الذى بذلت لكم فأنا لكم، وإن منت فلا بيعة لى عليكم. وإن رأيتم أحداً أقوى منى عليها، فأردتم بيعته، فأنا أول من يبايعه، ويدخل فى طاعته، وأستغفر الله لى ولكم، اهـ". تاريخ

---

(۱) (تاريخ الخلفاء للسيوطى، فصل: معاوية بن أبى سفيان، ص: ۱۵۰ - ۱۵۵، میر محمد کتب خانه، کراچی)

(۲) (تاريخ الخلفاء للسيوطى، معاوية بن أبى سفيان، فصل فى نبذة من أخباره، ص: ۱۵۲، میر محمد کتب خانه، کراچی)

الخلفاء للسيوطی، ص: ١٩٤(١)۔

دیکھئیے !ان اکابر اسلاف کے پاس فوج اور پولیس بھی تھی، بیت المال کا خزانہ بھی تھا، مگر اپنے سے اختلاف کرنے والوں اور اعتراض کرنے والوں کو قتل نہیں کیا، نہ قید کیا، بلکہ غایتِ تحمل سے کام لیا اور تاکیدی اعلانات کئے کہ ہم سے جو کوئی کوتاہی ہوجائے وہ بلاخوف ہمارے سامنے پیش کردو، تاکہ ہم اس کی اصلاح کریں۔ اگر اختلاف کرنے والے کو قتل کرنا واجب ہوتا تو یہ حضرات قدرت کے باوجود ترکِ واجب کا گناہ اپنے سر نہ لیتے۔

۸.....امام کا مقام بہت بلند ہے، اس کو حق جل شانہ کی بارگاہ میں اپنا نمائندہ بنا کر نماز ادا کی جاتی ہے(۲) وہ اعلیٰ صفات کے ساتھ متصف ہونا چاہیئے، احکامِ نماز کا وہاں سب سے زیادہ عالم ہو، قرآن کریم تجوید کے ساتھ صحیح پڑھتا ہو، سب سے زیادہ متقی ہو، وغیرہ وغیرہ:

"الأحق بالإمامة تقديماً بل نصباً الأعلم بأحكام الصلوة بشرط اجتنابه الفواحش الظاهرة، ثم الأحسن تلاوةً وتجويداً للقرأة، ثم الأورع: أی الأكثر اتقاءً للشبهات، اھ". درمختار علی هامش ردالمحتار: ١/٣٧٤(٣)۔

---

(١) (تاريخ الخلفاء، ذكر يزيد الناقص أبو خالد بن الوليد، ص: ١٩٤، مير محمد كتب خانه، كراچی)

(٢) "فإن الإمام من يؤتم به فی أمور الدين من طريق النبوة، وكذلک سائر الأنبياء أئمة عليهم السلام. لما ألزم الله تعالیٰ الناس من اتباعهم، والائتمام بهم فی أمور دينهم، فالخلفاء أئمة؛ لأنهم رتبوا فی المحل الذی يلزم الناس اتباعهم وقبول قولهم وأحكامهم، والقضاة والفقهاء أئمة أيضاً، ولهذا المعنى الذی يصلی بالناس يسمّی إماماً؛ لأن من دخل فی صلاته، لزمه الاتباع له والائتمام به".

وقال المصنف رحمه الله تعالیٰ بعد أسطر: وإذا ثبت أن اسم الإمامة يتناول ماذكرناه، ثم العلماء والقضاة العدول ومن ألزم الله تعالیٰ الاقتداء بهم، ثم الإمامة فی الصلوة ونحوها". (أحكام القرآن للجصاص: ١/٩٧، ٩٨، قديمی)

(٣) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ١/٥٥٧، سعيد)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب الخامس فی الإمامة، فصل فی بيان من هو أحق بالإمامة: ١/٨٣، رشيديه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ امام نے بھول کر غلطی کی تو مقتدی کو اس غلطی میں بھی اتباع لازم ہوتا ہے، تاکہ امام کی مخالفت فعلاً لازم نہ آئے، مثلاً: قنوت، تکبیرات العید، قعدۂ اُولیٰ، سجدۂ سہو، سجدۂ تلاوت، اگر امام ترک کردے تو مقتدی بھی اتباعِ امام میں ترک کردے، امام کی مخالفت نہ کرے:

"تجب متابعة الإمام فی الواجبات فعلاً، وکذا ترکاً إن لزم من فعله مخالفة الإمام فی الفعل کترکه القنوت أو تکبیرات العید أو القعدة الأولی أو سجود السهو والتلاوة، فیترکه المؤتم أیضاً، اھ". شامی: ۱/۳۱۶(۱)۔

لیکن ہر غلطی کا یہ حکم نہیں، جو امور بدعت ہوں، یا منسوخ ہوں، یا نماز سے ان کا تعلق نہ ہو ان میں امام کا اتباع نہیں کیا جائے گا، مثلاً: ایک سجدہ زائد کرے، یا تکبیراتِ عید میں اقوالِ صحابہ پر زیادتی کرے، یا نمازِ جنازہ میں چار سے زائد تکبیر کہے، یا پانچویں رکعت کے لئے بھول کر کھڑا ہوجائے تو ان صورتوں میں امام کا اتباع نہیں کیا جائے گا:

"وانه لیس له أن یتابعه فی البدعة والمنسوخ ومالا تعلق له بالصلوة، فلا یتابعه لوزاد سجدةً، أو زاد علی أقوال الصحابة فی تکبیرات العیدین، أو علی أربعٍ فی تکبیر الجنازة، أو قام إلی الخامسة ساهیاً، اھ". شامی: ۱/۳۱۶(۲)۔

سنن میں فعلاً امام کا اتباع واجب نہیں، مثلاً: امام تکبیر تحریمہ کے لئے رفع یدین نہ کرے، یا ثناء نہ پڑھے، یا رکوع وسجود کے لئے تکبیر نہ کہے، یا سبحان ربی العظیم اور سبحان ربی الأعلی نہ پڑھے، یا سمع اللّٰه لمن حمده نہ کہے تو ان امور میں امام کا اتباع واجب نہیں:

قال ابن عابدین رحمه اللّٰه تعالیٰ: "وانه لاتجب المتابعة فی السنن فعلاً وکذا ترکاً،

= (وکذا فی بدائع الصنائع، کتاب الصلوة، فصل فی بیان من هو أحق بالإمامة: ۱/۶۶۹، دارالکتب العلمیة، بیروت)

(۱) (ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الصلوة، باب صفة الصلوة، مطلب: مهمّ فی تحقیق متابعة الإمام: ۱/۴۷۰، سعید)

(۲) (ردالمحتار، المصدرالسابق)

فلا يتابعه فی ترك رفع اليدين فی التحريمة والثناء وتكبير الركوع والسجود والتسبيح فيهما والتسميع، اه". شامی: ۱/۳۱٦(۱)۔

اگر امام کسی واجبِ قولی کو ترک کردے جس کے کرنے سے واجبِ فعلی میں مخالفت لازم نہ آتی ہو، مثلاً: تشہد، سلام، تکبیر تشریق کو ترک کردے تو اس میں امام کا اتباع نہیں کیا جائے گا:

"وكذا لايتابعه فی ترك الواجب القولی الذی لايلزم من فعله المخالفة فی واجبٍ فعلی كالتشهد والسلام وتكبير التشريق، اه". شامی: ۱/۳۱٦(۲)۔

ہر فرض میں اتباعِ امام کو کلیتًا فرض کہنا بھی صحیح نہیں:

"وكون المتابعة فرضاً فی الفرض لايصح علی الإطلاق؛ لما صرّحوا به من أن المسبوق لوقام قبل قعود الإمام قدر التشهد فی الصلوة، تصح صلوته إن قرأ ماتجوز به الصلوة بعد قعود الإمام قدر التشهد، وإلا لا، مع أنه لم يتابع فی القعدة الأخيرة، فلو كانت المتابعة فرضاً فی الفرض مطلقاً، لبطلت صلوته، اه". شامی: ۱/۳۱٦(۳)۔

۹.....جس شخص کی امامت کو قوم ناپسند کرے اس لئے کہ اس میں خرابی ہے، یا اس سے زائد لائقِ امامت دوسرے آدمی موجود ہیں، پھر وہ شخص جبراً امام بن کر نماز پڑھائے تو اس کے لئے ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے، اس کی نماز مقبول نہیں:

"ولو أمّ قوماً وهم له كارهون، إن الكراهة لفسادٍ فيه، أو لأنهم أحق بالإمامة منه، كره له ذلك تحريماً، لحديث أبی داؤد: "لا يقبل الله صلوة من تقدّم قوماً وهم له كارهون، اه". درمختار: ۱/۳۷٦(٤)۔

---

(۱) (ردالمحتار علی الدرالمختار، باب صفة الصلوة، مطلب: مهمّ فی تحقيق متابعة الإمام: ۱/۴۷۰، سعيد)

(۲) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب صفة الصلوة، مطلب: مهمّ فی تحقيق متابعة الإمام: ۱/۴۷۰، سعيد)

(۳) (ردالمحتار، المصدر المتقدم: ۱/۴۷۱، سعيد)

(۴) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۵۹، سعيد)

(والحديث رواه أبوداؤد فی سننه فی باب الرجل يؤم القوم وهم له كارهون: ۱/۹۵، إمداديه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

قدرِ سنت سے قرأت واذکار کوطویل کرنا جوکہ قوم پر بارہو، مکروہ تحریمی ہے:"ویکرہ تحریماً تطویل الصلوة علی القوم زائداً علی قدر السنة فی قراءة وأذکار، اھ". :۱/۳۷۹(۱)۔

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عشاء کی نماز میں قرأت طویل کی، ایک مقتدی نے نماز توڑ دی، معاملہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس پہنچا تو امام صاحب ہی کو تنبیہ فرمائی:

"فأقبل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم علی معاذ قال: "یامعاذ! أفتّانٌ أنت، اقرأ ﴿والشمس وضحاها﴾. ﴿والضحی واللیل إذا یغشی﴾. ﴿سبح اسم ربك الأعلی﴾". متفق علیه، الخ". مشکوة شریف، ص: ۷۹(۲)۔

یہاں سے قرأتِ مسنونہ کا اندازہ ہوا۔

ایک شخص نے حاضرِ خدمت ہوکر شکایت کی کہ فلاں شخص صبح کی نماز طویل پڑھاتا ہے جس کی وجہ سے میں شریکِ نماز نہیں ہوتا، یہ شکایت سن کر امام پر بہت شدید عتاب فرمایا:

"عن قیس بن حازم قال: أخبرنی أبو مسعود رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه أن رجلاً قال: واللّٰہ یارسول اللّٰہ! إنی لأتأخر عن صلوة الغداة من أجل فلان مما یطیل بنا، فما رأیت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فی موعظة أشدّ غضباً منه یومئذٍ، ثم قال: "إن منکم منفرین، فأیّکم مَن صلی بالناس، فلیتجوّز، فإن فیهم الضعیف والکبیر وذا الحاجة". متفق علیه".

---

(۱) (ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۶۴، سعید)

(۲) الحدیث بتمامه: "عن جابر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال: کان معاذ بن جبل یصلی مع النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، ثم یأتی، فیؤمّ قومه. فصلی لیلةً مع النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم العشاء، ثم أتی قومه، فأمّهم، فافتتح بسورة البقرة، فانحرف رجلٌ، فسلّم، ثم صلی وحده، وانصرف، فقالوا: أنافَقْتَ یا فلان!؟ قال: لا واللّٰہ! ولأتینّ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فلأخبرنّه، فأتیٰ رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فقال: یارسول اللّٰہ! إنا أصحاب نواضح نعمل بالنهار، وإن معاذاً صلی معک العشاء، ثم أتی قومه فافتتح بسورة البقرة، فأقبل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم علی معاذ، فقال: "یامعاذ! أفَتّانٌ أنت؟ اقرأ: ﴿والشمس وضحٰها﴾ ﴿والضحی واللیل إذا یغشیٰ﴾ ﴿وسبح اسم ربک الأعلیٰ﴾". متفق علیه". (مشکوة المصابیح، کتاب الصلوة، باب القراءة فی الصلوة، ص: ۷۹، قدیمی)

مشکوۃ شریف: ۱/۱۰۱(۱)۔

تمام عالی صفات کے باوجود اگر امام سے نماز میں غلطی ہوجائے خواہ سہواً ہی ہو، اس سے کلیۃً صَرفِ نظر نہیں کیا جائے گا، بلکہ اس کو متنبہ کیا جائے گا، اگر قرأت میں غلطی ہوجائے تو نماز کو فساد سے بچانے کے لئے لقمہ دیا جائے گا، غلطیٔ فاحش ہوجانے کی صورت میں اعادہ نماز کا حکم ہوگا۔ اگر صلوۃِ رباعی میں تیسری رکعت پڑھ کر بیٹھنے لگے تو اس کو یاد دلایا جائے گا کہ کھڑا ہوجائے، اگر چوتھی پڑھ کر کھڑا ہونے لگے تو اس کو بٹھایا جائے گا، اگر وہ نہ بیٹھے تو اس کا اتباع نہیں کیا جائے گا (۲)۔

اگر امام سے سہواً کوئی واجبِ ترک ہوجائے تو سجدۂ سہو سے مکافات کی جائے گی، اگر نماز میں واجب کا ترک ہونا یاد ہی نہ آیا، یا قصداً سجدۂ سہو نہ کیا، یا عمداً واجب کو ترک کیا تو اعادۂ نماز کا حکم ہوگا (۳)۔ غرض اصلاحِ نماز کی کوشش میں امام کے بلند درجات حائل و مانع نہیں۔

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بھول ہوگئی تو مطلع ہونے پر مکافات فرمائی، نیز ارشاد فرمایا:

"إنما أنا بشرٌ مثلكم أنسى كما تنسون، فإذا نسيتُ فذكّروني". متفق عليه".

مشکوۃ، ص: ۸۲(٤)۔

یہ بھی حکم فرمایا کہ: میرے قریب اہلِ عقل وفہم کھڑے ہوا کریں، تاکہ اگر کوئی بات پیش آجائے تو نماز کو فساد سے بچانے میں سہولت رہے:

"لِيَلِيَنِي منكم أولو الأحلام والنهى، الخ". شامي: ۱/۳۸٤(٥)۔

---

(۱) (مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب الإمامة، ص: ۱۰۱، قديمي)

(۲) "وأنه ليس له أن يتابعه في البدعة والمنسوخ ومالا تعلق له بالصلوة فلا يتابعه لو زاد سجدة..... أو قام إلى الخامسة ساهياً". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب مهمّ في تحقيق متابعة الإمام: ۱/۴۷۰، سعيد)

(۳) "(ولها واجبات) لاتفسد بتركها وتعاد وجوباً في العمد والسهو إن لم يسجد له، وإن لم يعدها يكون فاسقاً آثما". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة: ۱/۴۵۶، سعيد)

(۴) (مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب السهو في الصلوة، ص: ۹۲، قديمي)

(۵) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة، مطلب في الكلام على الصف الأول: ۱/۵۷۱، سعيد) =

Made searchable using ScribeTools.com

مسلمانوں میں دینی انحطاط بڑھتا جارہا ہے، امامت کے اوصاف بھی کم ہوتے جارہے ہیں۔ ایک مسئلہ بیان کرتے ہوئے فقیہ ابواللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ کولکھنا پڑا: "الجهل فی القرّاء غالب، الخ". شامی: ۱/۴۰۳(۱)۔

امامت کو بہت سے حضرات نے پیشۂ معاش بنالیا ہے، متولی صاحبان بھی ان سے تاجروں کی طرح معاملہ کرتے ہیں، جوامام کم نرخ کا ملتا ہے اس کو رکھتے ہیں۔ مختلف علاقوں میں اماموں کی ذمہ داریاں بھی عجیب عجیب دیکھنے میں آتی ہیں اوران کی آمدنی کے شعبے بھی عجیب عجیب ہیں۔

ایک امام صاحب سے ملاقات کے لئے جانا ہوا، ان کے حجرے میں پانی کے متعدد گھڑے رکھے ہوئے تھے، دریافت کرنے پر بتایا کہ محلّہ کی مستورات جب ایامِ ماہواری سے فارغ ہوتی ہیں تو وہ پانی کا گھڑا امام صاحب کے پاس بھیجتی ہیں، امام صاحب چند مخصوص آیتیں اور سورتیں پڑھ کر اس پر دم کرتے ہیں، اس پانی سے مستورات غسل کرتی ہیں تب پاک ہوتی ہیں، ہر گھڑے پر دم کرنے کا معاوضہ بھی ہوتا ہے۔ اگر امام صاحب سفر میں گئے ہوں تو جب تک وہ واپس آکر پانی پر دم نہ کریں تو وہ پانی غسل کے لئے کارآمد نہ ہوگا، وہ مائے طہور نہ بنے گا، امام صاحب کے دم کرنے سے اس میں طہوریّت کی صفت آئے گی۔ اس دم کرنے میں امام صاحب کسی کو اپنا نائب بھی نہیں بناتے، اس لئے مستورات کئی کئی روز بلاغسل اور بلانماز رہتی ہیں۔ إنا للّٰه وإنا إليه راجعون۔

اہلِ محلّہ کی میت کو غسل دینا، اس کی نماز پڑھانا، اس کو قبر میں رکھنا، پھر سوئم و چہلم وغیرہ یہ سب چیزیں امام صاحب ہی کے متعلق رہتی ہیں، اوران میں ہر کام کا معاوضہ بھی ہوتا ہے۔ مرغی، بکری وغیرہ ذبح کی جائے تو وہ بھی امام صاحب ہی ذبح کریں گے اوراس کا معاوضہ لیں گے۔ عیدالاضحیٰ میں چرمِ قربانی اور عیدالفطر میں صدقۃ الفطر میں امام صاحب کا حق سمجھا جاتا ہے۔

= "عن أبی مسعود الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: كان رسول الله صلى الله تعالیٰ علیه وسلم يمسح مناكبنا فی الصلوة ويقول: "استووا، ولا تختلفوا، فتختلف قلوبكم، لِيَلِيَنِيْ منكم أولوا الأحلام والنُّهى، ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم". (مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب تسوية الصفوف، ص: ۹۸، قديمی)

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۹۹، سعيد)

فاسق کوامام بنانا مکروہ تحریمی ہے:

"وأما الفاسق، فقد عللوا كراهة تقديمه بأنه لايهتمّ لأمر دينه، وبأن فى تقديمه تعظيمٌ، وقد وجب عليهم إهانته شرعاً. ولايخفى أنه إذا كان أعلم من غيره، لاتزول العلّة، فإنه لا يؤمَن عليه أن يصلى بهم بغير طهارة، فهو كالمبتدع تكره إمامته بكل حال، بل مشىٰ فى شرح المنية على أن كراهة تقديمه كراهة تحريم لِما ذكرنا. قال: ولذا لم تجز الصلوة خلفه أصلاً عند مالك ورواية عن أحمد، اه". شامى: ۱/۳۷۶(۱)۔

اگرکوئی غیرمتقی، بےعمل، فاسق امام مسلط ہوجس کوالگ کرنے پرقدرت نہ ہوتو مجبوراًاس کے پیچھے نماز اداکرلی جائے، تاکہ جماعت ترک نہ ہو:

فى حديث أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه : "والصلوة واجبة عليكم خلف كل مسلم، براً كان أوفاجراً وإن عمل الكبائر ، اه". مشكوة شريف،ص: ۱۰۰(۲)۔

بعض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حجاج کے پیچھے ایسی ہی مجبوری میں نماز پڑھی ہے(۳)۔

۱۰..... اگرمجلسِ شوریٰ میں امام اورمہتمم کے انتخاب یاعزل کا مسئلہ پیش ہواوراس میں اختلافِ رائے ہوتوشرعی دلائل سے ترجیح دی جائے، اگردلائل مساوی ہوں توقرعہ اندازی کرلی جائے، یااہلِ علم کی کثرتِ رائے

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۶۰، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب الخامس فى الإمامة، الفصل الثالث فى بيان من يصلح إماماً لغيره: ۱/۸۴، ۸۵، رشيديه)

(۲) والحديث بتمامه: "عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم : "الجهاد واجبٌ عليكم مع كل أمير، برّاً كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر. والصلوة واجبة عليكم خلف كل مسلم، برًّا كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر. والصلوة واجبة على كل مسلم، برًّا كان أو فاجراً وإن عمل الكبائر". رواه أبوداود". (مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب الإمامة، ص: ۱۰۰، قديمى)

(۳) "(قوله: ولايجب الخروج عليه) ؛ لأن فساد الخروج أكثر من ظلمه وفسقه ..... وبقاؤه فى إمامته أخف عن الفتن، وقد صبر الصحابة فى إمامة بنى أمية وزَمَن يزيد والحجاج ولم يخرجوا عليه بالعزل". (تقريرات الرافعى، باب الإمامة: ۱/۱۶۸، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

کوترجیح دی جائے، بےعلم اور بےعمل عوام کی کثرت رائے معتبر نہیں:

"فإن استووا يُقرع بين المستويين، أو الخيار إلى القوم، فإن اختلفوا اعتُبِر أكثرهم. وإن قدّموا غير الأولىٰ، أساء وا بلا إثم". درمختار: ۱/۳۷۵(۱)۔

"فإن اختلفوا فالعبرة بما اختاره الأكثر، اه". "قال فی شرح المشكوة: لعله محمولٌ على الأكثر من العلماء إذا وجدوا، وإلا فلا عبرة لكثرة الجاهلين، قال الله تعالىٰ: ﴿ولكن أكثرهم لايعملون﴾، اه". طحطاوی، ص: ۲۰۳(۲)۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خلافت کے لئے چند حضرات میں سے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اکثریت کی رائے کے پیشِ نظر انتخاب کیا جس سے پھر سب ہی نے اتفاق کرلیا(۳)، شروحِ بخاری: فتح الباری(۴)، عمدۃ القاری وغیرہ میں تفصیل مذکور ہے(۵)۔

---

(۱) (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۵۸، ۵۵۹، سعيد)

(۲) (حاشية الطحطاوی على الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۲۴۳، دارالمعرفة، بيروت)

(ومرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب الإمامة، (رقم الحديث: ۱۱۲۳): ۳/۱۹۹، رشيديه)

(۳) "وأنه دار تلك الليالی كلها على الصحابة ومن وافی المدينة من أشراف الناس، لايخلو برجل منهم إلّا أمره بعثمان". (فتح الباری شرح صحيح البخاری، كتاب فضائل أصحاب النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، باب قصة البيعة، والاتفاق على عثمان بن عفان رضی الله تعالىٰ عنه: ۷/۸۶، قديمی)

"وأيضا: "قال (عبدالرحمن): ارفع يدك ياعثمان، فبايعه، فبايع له علیّ، وولج أهل الدار فبايعوه". (فتح الباری، المصدر السابق: ۷/۷۶، قديمی)

(۴) "عن الزهری أن حميد بن عبدالرحمن أخبره أن المسور بن مخرمة أخبره أن الرهط الذين ولاّهم عمر -رضی الله تعالىٰ عنه- اجتمعوا فتشاوروا. فقال لهم عبدالرحمن: لستُ بالذی أُنَافِسُكم على هذا الأمر، ولكنكم إن شئتم اخترتُ لكم منكم، فجعلوا ذلك إلى عبدالرحمن، فلما ولّوا عبدالرحمن أمرهم، فمال الناس على عبدالرحمن حتى ماأرىٰ أحداً من الناس يتبع أولئك الرهط ولايطأ عقبه. ومال الناس إلى عبدالرحمن يشاورونه تلك الليالی، حتى إذا كانت الليلة التی أصبحنا منها فبايعنا عثمان. قال المسور: طرقنی عبدالرحمٰن بعد هجع من الليل، فضرب الباب حتى استيقظتُ، فقال: أراك نائماً، فوالله! ماا كتحنتُ هذه الثلاث بكثير نوم، انطلقْ فادْعُ الزبير وسعداً فدعوتُهما له فشاورهما =

Made Searchable by ScribeTools.com

نیز سوال نمبر:۴ کے جواب میں امام (سلطان) کی رائے کے خلاف کرنے کی ممانعت کے ذیل میں شامی کی عبارت نقل کی گئی ہے:"إلا إذا اتفق الأكثر أنه ضرر، فيتبع، اه".(۱)۔

کثرتِ رائے کو اگر چہ وہ اہلِ علم اور اہلِ تدیّن کی ہو، بالکل نا قابلِ اعتبار قرار دینا اور یہ کہنا کہ یہ غیر دینی طریقہ ہے، غلط ہے۔ ایک مسئلہ میں اگر فقہائے کرام کا اختلاف ہو تو دیگر وجوہِ ترجیح کے علاوہ اس کو بھی بیان کیا گیا ہے:"وعليه الأكثر"۔ علامہ شامی نے ردالمحتار(۲)، تنقیح الفتاویٰ الحامدیہ(۳)، شرح

= ثم دعانی، فقال: ادْعُ لی علیًّا. فدعوتُه، فناجاه حتی ابهارّ اللیل، ثم قام علیٌّ من عنده وهو علی طمع ..... ثم قال: ادْعُ لی عثمان، فدعوتُه، فناجاه حتیٰ فرّق بینهما المؤذن بالصبح. فلما صلی الناس الصبح واجتمع أولئک الرهط عند المنبر، فأرسل إلی مَن کان حاضراً من المهاجرین والأنصار، وأرسل إلی أمراء الأجناد وکانوا وافوا تلک الحجة مع عمر. فلما اجتمعوا تشهَّدَ عبدالرحمن، ثم قال: أما بعد! یا علیُّ! إنی قد نظرتُ فی أمر الناس فلم أرهم یعدلون بعثمان، فلا تجعلنّ علی نفسک سبیلاً. فقال: أبا یعک علی سنة الله وسنة رسوله والخلیفتین من بعده، فبایعه عبدالرحمن وبایعه الناس المهاجرین والأنصار وأمراءُ الأجناد والمسلمون". (صحیح البخاری، کتاب الأحکام، بابٌ: کیف یبایع الإمام الناس: ۱۰۶۹/۲، ۱۰۷۰، قدیمی)

(وراجع للتفصیل فتح الباری شرح صحیح البخاری، کتاب الأحکام، بابٌ: کیف یبایع الإمام الناس: ۳۳۸/۱۳، قدیمی)

(وأیضاً فتح الباری، کتاب فضائل أصحاب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، باب قصة البیعة، والاتفاق علی عثمان بن عفان رضی الله تعالیٰ عنه: ۷/۷۴، قدیمی)

(۵) (راجع عمدة القاری شرح صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب قصه البیعة والاتفاق علی عثمان بن عفان رضی الله تعالیٰ عنه: ۲۰۷/۱۶، ۲۱۰، إدارة الطباعة المنیریة، بیروت)

(۱) (ردالمحتار، کتاب الجهاد، باب المغنم وقسمته، فصل فی کیفیة القسمة: ۱۴۵/۴، ۱۴۶، سعید)

(وکذا فی مجمع الأنهر، کتاب السیر والجهاد، باب الغنائم وقسمتها: ۴۳۲/۲، مکتبه غفاریه کوئٹه)

(۲) "فإن اختلفوا، یؤخذ بقول الأکثرین، ثم الأکثرین ممّا اعتمد علیه الکبارُ المعروفین منهم". (ردالمحتار، المقدمة، مطلب فی رسم المفتی: ۷۱/۱، سعید)

(۳) "متی اختلف فی المسألة، فالعبرة بما قاله الأکثر". (تنقیح الفتاویٰ الحامدیة، المقدمة، فوائد =

Made searchable using ScribeTools.com

عقود رسم المفتی (۱) میں اس کی تصریح کی ہے، حدود کے اندر رہتے ہوئے اس پر عمل کرنا گناہ نہیں، اور "للأکثر حکم الکل" تو ایسا مشہور ہے کہ فقہاء نے جگہ جگہ اس سے استدلال کیا ہے۔

۱۱.....حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ صوبہ کوفہ کے گورنر تھے، عشرۂ مبشرہ میں سے تھے، بہت قدیم الاسلام تھے، مستجاب الدعوات تھے، جنہوں نے نماز براہِ راست حضرت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سیکھی تھی، جنہوں نے کسریٰ کو شکست دی، ملکِ فارس کو فتح کیا۔ ان کی شکایت کی گئی، جس میں تھا کہ یہ نماز ٹھیک نہیں پڑھاتے: "انہ لایحسن یصلی". حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خود ان سے نماز کی کیفیت کو دریافت کیا اور سن کر فرمایا کہ میرا بھی یہی خیال ہے کہ تم اس طرح پڑھاتے ہوں گے (یعنی شکایت غلط ہے)۔

پھر آدمی کوفہ بھیج کر تحقیق کی تو سب نے ان کی تعریف کی، مگر ایک شخص نے شکایت کی۔ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعا کی: یااللہ! اگر یہ شخص جھوٹا ہے تو اس کے ساتھ ایسا ایسا ہو، چنانچہ اس کا بہت بُرا حال ہوا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شکایت غلط ہونے پر بھی حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معزول فرمادیا اور ان کی جگہ حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو متعین فرمادیا، بخاری شریف، ص: ۱۰۴ میں یہ واقعہ مذکور ہے (۲)،

= تتعلق بآداب المفتی: ۱/۳، مکتبہ میمنیة، مصر)

(۱) "وإذا لم یوجد فی الحادثة منهم جواب ظاهر وتکلم فیه المشایخ المتأخرون قولاً واحداً، یؤخذ به. فإن اختلفوا، یؤخذ بقول الأکثرین مما اعتمد علیه الکبارُ المعروفین". (شرح عقود رسم المفتی، ص: ۲۶، ۲۷، دارالإشاعت، کراچی)

(۲) "عن جابر بن سمرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: شکی أهل الکوفة سعداً إلی عمر رضی الله تعالیٰ عنه، فعزله واستعمل علیهم عمّاراً، فشکوا حتی ذکروا أنه لایحسن یصلّی فأرسل إلیه، فقال: یاأبا اسحٰق! إنّ هؤلاء یزعمون أنک لاتحسن تصلی. قال: أما أنا والله! فإنی کنتُ أصلی بهم صلوة رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ماأخرم عنها، أصلی صلوة العشاء فأرکد فی الأولیین وأخفّ فی الأخریین، قال: ذاک الظنّ بک یاأبا إسحٰق! فأرسل معه رجلاً أو رجالاً إلی الکوفة یسأل عنه أهل الکوفة، ولم یَدَعْ مسجداً، إلاسأل عنه، ویثنون علیه معروفاً، حتی دخل مسجداً لبنی عبس، فقام رجلٌ منهم یقال له: =

اَور بھی متعدد مقامات پر اپنی عادت کے موافق امام بخاری نے اس کو بیان فرمایا ہے۔

جس نے جو عہدہ دیا تھا اسی نے واپس لے لیا۔ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بددعا دی، نہ ان سے ناراض ہوئے، نہ کوئی احتجاج کیا کہ مجھے بلاقصور علیحدہ کر دیا، نہ نظام میں کوئی فرق آیا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی برأت بھی فرمادی کہ ان کا قصور نہیں تھا، بلکہ مصلحۃً وانتظاماً علیحدہ کیا ہے، ازالۃ الخفاء، ص: ۳۲۵، میں یہ صاف صاف مذکور ہے(۱)۔ اس سے معلوم ہوا کہ علیحدہ کرنے کے لئے قصوردار ہونا بھی ضروری نہیں بلکہ مصلحتاً وانتظاماً بھی علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معزول فرمایا جس کی تفصیل ازالۃ الخفاء، ص: ۲۳۴ میں ہے(۲)۔ حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عہدۂ سپہ سالاری سے علیحدہ ہوکر بھی ناخوشی کا اظہار نہیں کیا، بلکہ یہ فرمادیا کہ میرا مقصود عہدہ نہیں بلکہ خدمتِ اسلام ہے، اب سپاہی ہوکر خدمت کروں گا۔ الجوہر المضیئۃ میں متعدد فقہاء وقضاۃ کے متعلق لکھا ہے کہ ان کو فلاں عہدہ دیا گیا، پھر معزول کیا گیا، پھر عہدہ دیا گیا(۳)۔

= أسامة بن قتادة يكنى أبا سعده، فقال: أما إذ نشدتنا فإن سعداً كان لايسير بالسرّية، ولا يقسم بالسَّويَّة، ولا يعدل فى القضيَّة. قال سعدٌ: أما والله! لأدعُونّ بثلث: اللّهمَّ إن كان عبدك هذا كاذباً، قام رياءً وسمعةً فأَطِلْ عُمره، وأطل فقره، وعرّضه بالفتن. كان بعدُ إذا سُئِل يقول: شيخ كبيرٌ مفتون أصابتنى دعوة سعدٍ. قال عبدالملك: فأنا رأيتُه بعدُ قد سقط حاجباهُ على عينيه من الكبر، وانه ليتعرّض للجوارى فى الطرق يغمظهنّ". (صحيح البخارى، بابٌ: وجوب القراءة للإمام والمأموم فى الصلوات كلّها فى الحضر والسفر: ۱۰۴/۱، قديمى)

(۱) ''وہمچنین چون سعد را از عراق معزول فرمود بجہتِ خوفِ اختلاف قوم بروے ہیچ فتنہ برنخاست، ودر آخر عمر تصریح نمود بآنکہ عزلِ سعد نہ بنابر عجزِ او بود یا بسبب صدور خیانتے از وے، بل بجہتِ احتیاط از مظانِ اختلاف''۔ (إزالة الخفاء، حكاياتِ سياستِ فاروق اعظم: ۶۶/۲، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۲) ''دیگر آنکہ خالد بن ولید شاعرے را بر مدیح خود دہ ہزار درہم صلۃ داد، چو رسمِ فاسد بود، گوارائے طبیعتِ حضرت فاروق نیفتاد، خالد را از حکومت قنسرین معزول ساختہ، ودر مدینہ نشاند، وإلی آخر العمر اورا الحکومتے نامزد نہ کرد''۔ (إزالة الخفاء، حكايات سياست فاروق اعظم: ۶۵/۲، سهيل اكيڈمى لاهور)

(۳) "محمد بن إبراهيم بن داؤد بن حازم الأسدى ..... رجع إلى دمشق ودرس بالشبلية سَنَةً، ثم =

Made searchable using ScribeTools.com

جب کہ باہم طے کیا گیا کہ عزل ونصبِ مجلسِ انتظامیہ کے اختیار میں ہے تو جس طرح مجلسِ انتظامیہ نے امام صاحب، مہتمم صاحب، مدرس صاحب، ملازم صاحب کو عہدہ دیا، ان کے لئے تنخواہ مقرر کی، کام سپرد کیا، اسی طرح مجلسِ انتظامیہ کو عہدہ واپس لینے اور معزول کردینے کا بھی حق ہے، مگر اس میں نفسانیت نہ ہو، للّٰہیت ہو، ان کی خدمات اور وقار کا لحاظ رکھا جائے، تذلیل وتحقیر ہرگز نہ کی جائے۔ امام صاحب ومہتمم صاحب وغیرہ کو خود بھی علیحدہ ہوجانے کا اختیار ہے، وہ بھی مجلسِ انتظامیہ کی تذلیل وتحقیر سے پورا پرہیز کریں۔

اجارہ کا معاملہ طرفین کی رضامندی پر ہوتا ہے، ابتداءً بھی بقاءً بھی (۱)، اگر ماہانہ پر معاملہ ہوا ہے تو جو اس معاملہ کو ختم کرنا چاہے، وہ ایک ماہ قبل اطلاع کردے تاکہ طرفِ ثانی اپنا دوسرا انتظام کرلے۔ معاملۂ ملازمت ختم ہوجانے پر بھی تعلقات میں ناگواری اور کشیدگی نہ ہونے پائے۔

اگر آپ پورا رسالہ ارسال کردیتے تو ممکن ہے معلومات میں اضافہ ہوتا اور جواب کے لئے مزید بصیرت حاصل ہوتی۔

ایقاظ:

جو شخص امارت کی حرص یا طلب کرے، وہ اس کا مستحق نہیں:

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "إنكم ستحرصون علی الإمارة، وستكون ندامةً يوم القيامة، فنعم المرضعة وبئست الفاطمة". الخ"(۲)۔

"عن أبی موسیٰ رضی الله تعالیٰ عنه قال: دخلتُ علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أنا ورجلين من قومی، فقال أحد الرجلين: أمّرنا يارسول الله!، وقال الآخر مثله. فقال:

= **تولیٰ القضاة بدمشق ..... عوضاً عن ابن الحريری سَنةً كاملةً، ثم توجه إلی ديار المصرية وهو معزول". (الجواهر المضيئة: ۲/۲، قديمی)**

(۱) "ويشترط فی صحة الإجارة رضی العاقدين". (شرح المجلة لسليم رستم، كتاب الإجارة، (رقم المادة: ۴۴۷) : ۱/۲۵۴، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۲) (صحيح البخاری، كتاب الأحكام، باب مايكره من الحرص علی الإمارة : ۲/۱۰۵۸، قديمی)

"إنا لانولّی هذا مَن سأله ولامَن حرص علیه. الخ". بخاری شریف،ص: ۱۰۵۸(۱)۔

امارت کی حرص وطلب کو ناپسند فرمایا گیا اوراس کا انجام قیام میں خراب بتایا گیا۔حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کوعہدۂ قضاء پیش کیا گیا،مگرانہوں نے انکارفرمادیا،اس کی سزامیں دس کوڑے روزانہ لگتے تھےاور جیل میں ڈال کرزہردے کران کوختم کردیا گیا،مگروہ اپنے استقلال پرقائم رہے،عہدۂ قضاءقبول نہیں کیا(۲)۔ رحمه اللّٰه تعالیٰ ورفع درجته آمین ۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

تنبیه: مجلسِ منتظمہ(شوریٰ) کی جوکیفیت سوال میں بیان کی گئی ہے،اسی کے متعلق جواب تحریرکیا گیاہے،اگرکسی مجلسِ منتظمہ(شوریٰ) کی کیفیت اس سے مختلف ہوتواس کاحکم بھی مختلف ہوسکتاہے۔

حررہ العبدمحمودعفی عنہ،مدرسہ جامع العلوم کانپور،۱۸/ جمادی الثانیہ/۱۳۷۵ھ۔

کثرتِ رائے کا فیصلہ شریعت کی نظر میں

سوال[۷۵۲۵]: دینی مدارس میں اہم امورمثلاً:ملازمینَ کاعزل ونصب،عہدوں کاتقرر،ترقی وتنزّل،تعمیرات،آمدنی کے ذرائع،خریدِ جائیداد وغلہ وغیرہ اور ہنگامی حوادث پرغوروخوض اوران کی انجام دہی کے لئےمجلسِ شوریٰ کے نام سے چندافراد پرمشتمل ایک کمیٹی ہوتی ہے،اس میں فیصلہ کثرتِ رائے پرہوتاہے۔

زیدکاکہناہے کہ کثرتِ رائے پرفیصلہ کرناغیردینی اورمغربی طریق ہے،یہ ہمارے دینی اداروں میں انگریزوں سے آیاہے،اس کوخارج کرنالازم ہے،جوشخص مجلس کاصدرہوفیصلہ اس کی رائے پرہوناچاہیے،کثرتِ رائے کی قرآن کریم میں بہت جگہ مخالفت کی گئی ہے:

---

(۱)*(صحیح البخاری، کتاب الأحکام، باب مایکره من الحرص علی الإمارة : ۱۰۵۸/۲، قدیمی)

(۲) "حَکَمَ ابنُ هبیرة أبا حنیفة أن یَلِیَ له قضاء الکوفة، فأبیٰ علیه، فضربه مأة سوط وعشرة أسواط، فی کل یوم عشرة أسواهٍ، وهو علی الامتناع ..... اهـ". (تاریخ بغداد : ۳۲۶/۱۳، بیروت)

"وروی جماعة أنه رُفع إلیه قدحٌ فیه سمٌ لیشرب، فامتنع، فقال: إنی لأعلم مافیه ولا أعِیْنُ علی قتل نفسی، فطرح، فصُبّ فی فیه قهراً، فمات". (الخیرات الحسان، ص: ۱۶)

(وکذا فی ردالمحتار ، کتاب القضاء، مطلبٌ: أبو حنیفة دُعی إلی القضاء ثلاث مرات، فأبیٰ: ۳۶۸/۵،سعید)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

﴿أکثرھم لایعلمون﴾(۱)، ﴿أکثرھم لایعقلون﴾(۲)، ﴿أکثرھم فاسقون﴾(۳) وغیرہ وغیرہ۔ ہر دائرہ اور ہر طبقہ کا یہی حال ہے کہ فاسق ونافرمان اکثر ہوتے ہیں۔اس سلسلہ میں زید نے متعدد آیات پیش کی ہیں۔

دریافت طلب یہ بات ہے کہ زید کا قول کہاں تک صحیح ہے؟ دارالعلوم دیوبند، مظاہر علوم سہارنپور اوران کے مسلک پر چلنے والے دیگر مدارس کے ذمہ دار حضرات کے یہاں کثرتِ رائے پر فیصلہ ہوتا ہے، اور یہ انگریزوں کا طریقہ ان حضرات نے کیوں اختیار فرمایا؟ شرعی دلائل سے جواب دیا جائے، اکابرِ دیوبند، سہارنپور، تھانہ بھون کی کوئی سند مل جائے تو زیادہ باعثِ اطمینان ہوگی۔

المستفتی: محمد سعید، مدرس ومفتی دارالعلوم آزادول، جنوبی افریقہ، ۱۵/۳/۱۴۱۰ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دینی مدارس کی مجلس شوریٰ میں جو مسائل پیش ہوتے ہیں، ان میں تفصیل ہے:

۱- ایسے مسائل جن میں نص موجود ہو، وہاں عمل کے لئے نص متعین ہے(۴)۔

---

(۱) (سورة الأنعام: ۳۷)

(۲) (سورة المائدة: ۱۰۳)

(۳) (سورة التوبة: ۸)

(۴) "عن معاذ بن جبل رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لما بعثه إلی الیمن قال: "کیف تقضی إذا عرض لک قضاءٌ"؟ قال: أقضی بکتاب الله. قال: "فإن لم تجد فی کتاب الله"؟ قال: فبسنّة رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم. قال: "فإن لم تجدُ فی سنة رسول الله"؟ قال: أجتهد برأئی ولا آلُوا. قال: فضرب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی صدره وقال: "الحمدلله الذی وفّق رسول رسول الله لِمَا یرضی به رسول الله". الحدیث. (مشکوة المصابیح، باب العمل فی القضاء والخوف منه، الفصل الثانی، ص: ۳۲۴، قدیمی)

(وجامع الترمذی، أبواب الأحکام، باب ماجاء فی القاضی کیف یقضی: ۱/۲۴۷، سعید)

(وکذا فی مرقاة المفاتیح، کتاب الإمارة والقضاء (رقم الحدیث: ۳۷۳۷): ۷/۳۰۸، رشیدیه)

"لامساغ للاجتهاد فی مورد النص ..... ومعنی هذه المادة أنه لایسوغ الاجتهاد بقضیةٍ =

۲- ایسے مسائل جن میں نص موجود نہیں اوران میں دو پہلو ہیں: ۱- جلبِ منفعت، ۲- دفعِ مضرت۔ وہاں دفعِ مضرت کی رعایت غالب رہتی ہے(۱)۔

۳- ایسے مسائل جن میں نص موجود نہیں اور دفعِ مضرت کا ضابطہ بھی رہنما و کارفرما نہیں، جیسے: دو شخصوں میں کس کو مہتمم بنایا جائے، یا کس کو صدر مدرس تجویز کیا جائے، یا مطبخ کے لئے سامان کس دوکان سے خریدا جائے، یا طلبہ کتنی تعداد میں داخل کئے جائیں، یا امتحان کن تاریخوں مین لیا جائے وغیرہ وغیرہ۔ اورارکانِ شوریٰ کی رائے میں اختلاف ہو لیکن سب ارکان اس بات پر متفق ہوجائیں کہ معاملہ صدر محترم کی صوابدید اور شرحِ صدر کے سپرد کردیا جائے تو یہ بھی درست ہے(۲)۔ اگر صدر صاحب کا شرحِ صدر نہ ہو تو کثرتِ رائے پر عمل کرلیا جائے، یہ بھی درست ہے۔

۴- جس رائے پر متفق ہوکر ارکانِ شوریٰ اجماع کرلیں اور صدرِ محترم کی رائے ان سب کی متفقہ رائے کے خلاف ہو تو صدرِ محترم اپنی رائے پر اصرار نہ کریں۔

زید کا یہ خیال کہ: ''کثرتِ رائے پر فیصلہ کرنا کلیۃً مغربیت ہے، غیر دینی طریقہ ہے، انگریزوں کی

= شرعيةٍ وَرَدَ عليها النص صراحةً؛ لأن الاجتهاد إنما يكون فيما لانصّ عليه مثلاً: وَرَدَ النص بمنع الظلم ولعب القمار، فلا مساغ للاجتهاد بتجويز هما..... اهـ''. (شرح المجلة لسليم رستم، المقالة الثانية فى القواعد الفقهية، (رقم المادة: ۱۴) : ۱/۲۵، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الطلاق، باب الظهار، مطلب: مايسوغ فيه الاجتهاد: ۳/۴۶۶، سعيد)

(۱) ''درء المفاسد أولىٰ من جلب المصالح، فإذا تعارضت مفسدةٌ ومصلحةٌ، قدّم دفع المفسدة غالباً؛ لأن اعتناء الشرع بالمنهيات أشدّ من اعتنائه بالمأمورات''. (الأشباه والنظائر، الفن الأول، القاعدة الخامسة: ۱/۲۹۰، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى شرح المجلة لسليم رستم باز، (رقم المادة: ۳۰)، المقالة الثانية فى بيان القواعد الفقهية: ۱/۳۲، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فى قواعد الفقه، ص: ۸۱، الصدف پبلشرز، كراچى)

(۲) قال العلامة الحصكفى رحمه الله تعالىٰ: ''لأن طاعة الإمام فيما ليس بمعصيةٍ فرضٌ، فكيف بما هو طاعة''. (الدرالمختار، كتاب الجهاد، باب البغاة: ۴/۲۶۴، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

تقلید وپیروی ہے، کسی حال میں درست نہیں، اس کو دینی اداروں سے خارج کردیا جائے'' صحیح نہیں۔

خلیفۂ ثانی حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے جب ولی عہد بنانے کا مسئلہ آیا اور چند حضرات کے نام پیش کئے گئے جن کی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ آپ ان کی کمزوریوں سے بھی واقف تھے (ہر شخص میں کچھ صلاحیت ہوتی ہے، کچھ کمزوری بھی ہوتی ہے) تو آپ نے کسی کو متعین نہیں فرمایا، بلکہ مجلسِ شوریٰ بنادی کہ وہ انتخاب کرلے اور اختلاف کی صورت میں کثرتِ رائے پر عمل کرنے کی سخت تاکید فرمادی:

"عن عمرو بن میمون الأودی قال: قال عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه حین طعن لصهیب: صلِّ بالناس ثلاثاً ولیدخل علی عثمان وعلیّ وطلحة والزبیر وسعد وعبدالرحمن بن عوف، ولیدخل ابن عمر فی جانب البیت، ولیس له من الأمر شیء، فقم یاصهیب! علی رؤوسهم بالسیف وإن بایع خمسة ونکص واحد، فاجلد رأسه بالسیف، وإن بایع أربعة ونکص رجلان فاجلدوه سهماً حتی یستوثقوا علی رجل، اھ". الاعتصام للشاطبی: ۲/۲٦٥(۱).

"الطریقة الثالثة أن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه لما ضُرِب وأحس بالموت، خاف أن یترك المسلمین بدون خلیفة لئلا یختلفوا، ولم یکن أمام نظره مَن لو استخلفهٗ یکون مطمئنّ النفس من قبله، فلم یشأ أن یتحمل أمر المسلمین حیاً ومیتاً، فاختار ستةً من کبار الصحابة وممن یری أنه لایتطلع لأمر الخلافة غیرهم، ووضع لهم نظاماً ینتخبون به الخلیفة من بینهم، فأمر أن یجتمعوا بعد وفاته فی حجرة عائشة ویختاروا الخلیفة فی مدةٍ لاتزید علی ثلاثة أیام، وجعل للأغلبیة الرأی القبول، فیجب علی الأقلیة الرضوخ لحکمها، وإلا اعتبر خارجاً یستحق القتل". تاریخ الأمم الإسلامیة، ص: ٦٤٤(۲).

---

(۱) (الاعتصام للشاطبی، باب فی السبب الذی لأجله افترقت المبتدعة عن جماعة المسلمین: ۲/۵۲۰، دارالمعرفة، بیروت)

(والحدیث رواه البخاری فی صحیحه فی کتاب المناقب، باب قصة البیعة والاتفاق علی عثمان بن عفان، ومقتل عمر بن الخطاب: ۱/۵۲۳، قدیمی)

(۲) (تاریخ الأمم الإسلامیة، باب: مقتل عمرو عثمان رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما، وکیف انتخب: ۲/۲۰-۲۴، المکتبة التجاریة الکبریٰ، مصر) ..... =

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حسنِ تدبیر سے کثرتِ رائے کے ذریعہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ منتخب ہوگئے، پھر سب ہی نے بیعت کی اور اتفاق کرلیا اور یہ ایسا ہی ہوگیا جیسے خود حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منتخب و متعین فرمادیا ہو(۱)۔

پھر خلیفۂ ثالث کی شہادت کے بعد ارباب حل وعقد کی کثرتِ رائے سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے، ہردو کی تفصیل تاریخ الخلفاء میں ہے(۲)، یہ حضرات انگریزوں کی پیروی کرنے والے نہیں تھے۔

کثرتِ رائے کو کلیۃً نظر انداز کردینا غلط ہے، علامہ شامیؒ اصولِ افتاء تحریر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"واختلف الذين قد تأخروا يرجح الذى عليه الأكثر

وإذا لم يوجد فى الحادثة عن واحد منهم جواب ظاهر، وتكلم فيه المشايخ المتأخرون قولاً واحداً، يؤخذ به، فإن اختلفوا يوخذ بقول الأكثر، الخ". شرح عقود رسم المفتى، ص: ۳۳(۳).

= (وكذا فى تاريخ الأمم والملوك لأبى جعفر محمد بن جرير الطبرى، قصة الشورىٰ: ۳/۳۳-۳۸، دارإحياء التراث العربى، بيروت)

(۱) "بويع (أى عثمان بن عفان رضى الله تعالىٰ عنه) بالخلافة بعد دفن عمر بثلث ليال، فروى أن الناس كانوا يجتمعون فى تلك الأيام إلى عبدالرحمن بن عوف رضى الله تعالىٰ عنه يشاورونه ويناجونه، فلا يخلو به رجل ذو رأى فيعدل بعثمان أحداً. ولما جلس عبدالرحمن للمبايعة حَمِد الله وأثنى عليه، وقال فى كلامه: إنى رأيت الناس يأبون إلا عثمان ..... وفى رواية : أمّا بعد! يا على! فإنى قد نظرتُ فى الناس فلم أرهم يعدلون بعثمان، فلا تجعلن على نفسك سبيلاً، ثم أخذ بيد عثمان، فقال: نُبايعك على سنة الله وسنة رسوله وسنة الخليفتين بعده، فبايعه عبدالرحمن وبايعه المهاجرون والأنصار رضى الله تعالىٰ عنهم". (تاريخ الخلفاء للسيوطى، عثمان بن عفان، فصل فى خلافته، ص: ۱۱۹، نور محمد كتب خانه كراچى)

(۲) "فى مبايعته ومانشأ عن ذلك، قال ابن سعد: بويع علىّ بالخلافة الغد من قتل عثمان بالمدينة فبايعه جميع من كان بها من الصحابة". (تاريخ الخلفاء، ذكر على بن أبى طالب، فصل فى مبايعته، ص: ۱۳۳، نور محمد كتب خانه كراچى)

(۳) (شرح عقود رسم المفتى، ص: ۷۸، مير محمد كتب خانه كراچى)

Made searchable using ScribeTools.com

"السادس ما إذا كان أحد القولين المصححين قال به جلّ المشايخ العظام، ففی شرح البيری علی الأشباه: أن المقرر عن المشايخ أنه متی اختلف فی المسئلة، فالعبرة بما قاله الأكثر، انتهی. وقدّمنا نحوه عن الحاوی القدسی ، اه". ص: ٤٠(١)۔

یعنی مشائخِ فقہاء کی طرف سے یہ بات طے شدہ ہے کہ اختلاف کے وقت کثرتِ رائے ہی معتبر ہوگی، اگر انتخابِ امام میں اختلاف ہو اور دلائل متساوی ہوں تو قرعہ اندازی کرلی جائے، یا اہلِ علم کی کثرتِ رائے سے ترجیح دی جائے:

"فإن استووا، يُقرع بين المستويين، أو الخيارُ إلى القوم، فإن اختلفوا فالعبرة بما اختاره الأكثر، اه". درمختار: ١/٣٧٥(٢)۔

"قال فی شرح المشكوة: لعله محمول على الأكثر من العلماء إذا وجدوا، وإلا فلا عبرة لكثرة الجاهلين، قال الله تعالى: ﴿ولكن أكثرهم لايعلمون﴾، اه". (٣) طحطاوی، ص: ٢٠٣(٤).

کیا صاحبِ درمختار اور شامی اور شارحِ مشکوۃ اور طحطاوی انگریزوں کی تقلید میں کثرتِ رائے کو ترجیح دینے کی تلقین کررہے ہیں۔

۱۲۸۳ھ میں دارالعلوم دیوبند قائم ہوا اور اس کے چھ ماہ بعد مظاہر علوم سہارنپور قائم ہوا، ان دونوں درسگاہوں کے قائم کرنے والے، پھر ان کو چلانے والے، ان کی نگرانی کرنے والے، ان کی شوریٰ کے ارکان اور سرپرست اور صدر مدرس اپنے اپنے وقت کے اعلیٰ درجہ کے بے مثال فقیہ، محدّث، مفسر، متکلم، مناظر، عارف، روشن ضمیر، مجاہد، اولیاء اللہ ہوئے جن کے دینی کارنامے آفتاب سے زیادہ روشن ہیں۔ میدانِ شاملی کے ذرات، مالٹا کے خاردار حوالات، کراچی کی تنگ وتاریک کوٹھریاں گواہ ہیں کہ یہ حضرات ہرگز ہرگز انگریز کی پیروی کرنے

---

(١) (شرح عقود رسم المفتی، ص: ٨٩، میر محمد کتب خانه کراچی)

(٢) (الدر المختار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ١/٥٥٨، ٥٥٩، سعيد)

(٣) (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب الإمامة، (رقم الحديث: ١١٢٣): ٣/١٩٩، رشيديه)

(٤) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ١/٢٤٣، دار المعرفة، بيروت)

Made Searchable by ScribeTools.com

والے نہیں تھے۔

اصلاحِ انقلاب اُمّت ، اصلاح الرسوم، بہشتی زیور، حجۃ الاسلام، تقریر دل پذیر وغیرہ کو پڑھنے والا ہرگز یقین نہیں کرے گا کہ ان حضرات نے کثرتِ رائے پر فیصلہ کرنا انگریزوں سے لیا اور سیکھا۔ جو حضرات ذرا ذرا سی جُزئیات میں خلافِ سنت کا ادنیٰ شائبہ برداشت نہ کر سکتے ہوں وہ دینی اداروں کے فیصلہ کا مدار انگریزوں کی تقلید پر رکھ دیں گے، ہرگز نہیں۔ چند اکابر کے نام یہ ہیں:

''حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی، قطبُ الارشاد حضرت مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی، حضرت مولانا محمد مظہر صاحب، حضرت مولانا خلیل احمد صاحب مہاجر مدنی، حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب رائے پوری، حضرت مولانا محمود حسن صاحب شیخ الہند دیوبندی، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی، شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی، محدثِ کبیر حضرت مولانا انور شاہ کشمیری، حضرت مولانا محمد الیاس صاحب کاندھلوی، حضرت مولانا عبدالقادر صاحب رائے پوری نوَّر اللہ مراقدہم''۔

اب تھانہ بھون، دیوبند، سہارنپور تینوں جگہ کے اکابر کی تحریرات بھی نقل کی جاتی ہیں:

تحریر تھانہ بھون

''ایک مرتبہ حضرت مرشدی (حضرت مولانا اشرف علی صاحب مدظلہ العالی) نے ایک واقعہ بیان فرمایا کہ: جب اہلِ دیوبند مجلسِ شوریٰ میں شریک ہونا چاہتے تھے اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا تو اس پر بہت شور تھا اور فتنہ کا اندیشہ تھا تو میں نے حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو لکھا کہ حضرت دفعِ شورش کے لئے کیا حرج ہے، اگر ایک دو کو مجلسِ شوریٰ میں لے لیا جائے، آخر تو تعداد ہمارے حضرات ہی کی زیادہ رہے گی اور کثرتِ رائے پر فیصلہ ہوتا ہے۔ تو جواباً مولانا گنگوہیؒ نے تحریر فرمایا کہ: نااہل کا ممبر بنانا معصیت ہے جو سبب ہے ناراضی خدا و رسول کا، اس لئے ہم نااہل کو مدرسہ کا ممبر نہ بنائیں گے، چاہے مدرسہ رہے یا نہ رہے، ہم کو رضائے الٰہی مقصود ہے مدرسہ مقصود نہیں''۔

Made searchable using ScribeTools.com

(جامع ،ص: ۱۴۰۔ جدید ملفوظات مجموعہ سہ رسائل :۱- اشرف التنبیہ ملقب بہ محفوظات ،۲- ملفوظات ،۳- محظوظات ،من ابتدائے صفر، ۱۳۴۸ھ۔ ضبط کردہ: مولانا محمد نبیل صاحب واصل ٹانڈوی، شائع کردہ: مولانا ظہور الحسن صاحب از تھانہ بھون)(۱)۔

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ نے دارالعلوم دیوبند کے سرپرست حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں لکھا ہے، اس میں صراحت کے ساتھ تحریر فرمایا کہ: فیصلہ کثرتِ رائے پر ہوتا ہے، حضرت گنگوہی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس پر نکیر نہیں فرمایا۔

اگر یہ طریقہ غلط تھا تو جس طرح بحیثیتِ سرپرست حضرت تھانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی درخواست (مشورہ) کو رد فرمایا اور اس کی وجہ بھی بیان کردی جو کہ قابلِ قبول ہے اور اس پر عمل بھی کیا گیا، اسی طرح کثرتِ رائے کی تردید فرمادیتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ کثرتِ رائے پر فیصلہ اُس وقت سے بلانکیر جاری ہے۔

تحریرِ دیوبند

حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ دارالعلوم دیوبند کی شوریٰ کے ایک اجلاس کا حال لکھتے ہیں:

''ممبروں کی پوری جماعت نہیں آتی تھیں، مگر آراء آتی تھیں، حاضرین کی پارٹیاں اگرچہ ایک ہی خیال نہ رکھتی تھیں، مگر آخر میں سب اس پر متفق ہوگئیں کہ ہم مولانا تھانوی کے ان ہی اختیارات کو تسلیم کرنے کے لئے تیار ہیں جو ۴۵ھ، میں مولانا نے تحریر فرمائے تھے اور جنہیں ۴۹ھ، میں مولانا نے ترمیم بھی کی تھی، الغرض! وہ اختیارات مع ترمیم کے تسلیم کرتے ہیں بشرطیکہ مولانا خود جلسہ میں شرکت فرمایا کریں۔ مگر ''شرط'' کے لفظ کو حامیین نے صراحۃً کہنا پسند نہیں کیا، اس لئے یہ لکھا گیا تھا کہ: ہم فلاں فلاں دفعہ کو مع ترمیم قبول کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ مولانا خود شرکتِ جلسہ فرمایا کریں۔ مولانا نے خوشی سے

---

(۱) (مجموعۂ سہ رسائل ، اشرف التنبیہ، محفوظات ،محظوظات، جمع کردہ مولانا محمد نبیل صاحب واصل ٹانڈوی، ص: ۴۸، برق پریس دھلی)

(وکذا فی فی تحفة العلماء، نااہل کو ممبر بنانا: ۱/۹۸، ادارہ تالیفات اشرفیہ، ملتان)

اس کوقبول فرمالیا۔

اس کا خلاصہ یہ ہوا کہ سرپرست کومتفق علیہ تجویز میں کوئی اختیارِ مداخلت نہیں، مختلف فیہ میں اختیارِ مداخلت ہے، جس جانب کو چاہیں ترجیح دے دیں، خواہ اکثریت کو یا اقلیت کو، بشرطیکہ ان کو کسی جانب میں شرحِ صدر ہوجائے، ورنہ اکثریت ہی کو ترجیح ہوگی، اھ''۔

(مکتوبات شیخ الاسلام، :۱/ ۱۶، مکتوب نمبر:۶۶)(۱)۔

حضرت حکیم الامت نے بخوشی قبول فرمایا کہ سرپرست کومتفق علیہ میں اختیارِ مداخلت نہیں، مختلف فیہ بشرطِ شرحِ صدر ہے، جس کو چاہیں ترجیح دیں اور بوقتِ عدمِ شرح صدر کثرتِ رائے کوترجیح ہوگی۔ کیا یہ انگریز کی پیروی میں قبول فرمایا گیا۔

ایک اَور جگہ تحریر فرماتے ہیں:

''محترما! میں نے جو کچھ لکھا تھا کہ ''ہم تینوں کا اشتراکِ عمل مدرسہ کی بہبود اور ترقی کے لئے ضروری ہے'' اس کا مطلب یہی تھا کہ اپنی انفرادی زندگی کے لئے تو ہر ایک ایسے سامان رکھتا ہے کہ جن کی بناء پر کسی کو کسی کی حاجت نہیں، مستقل طور پر گذر بسر کرتا اور کرسکتا ہے، مگر دارالعلوم کی بہبود اور ترقی کے لئے ہم تینوں میں سے ہر ایک کو دوسرے کی حاجت ہے، آپس میں سر جوڑ کر ہم اپنی جدوجہد جاری رکھیں، تمام امور مہمہ میں مشورہ کو قبول کریں، کبھی اپنی رائے پر ہٹ نہ کریں، جو مفید اور حق بات ہو قبول کریں، خواہ اپنی رائے اس کے خلاف ہو، اپنی بات کی پچ نہ ہونی چاہئے، جیسا کہ حضرت نانوتوی قدس سرہٗ العزیز کی ہدایت ہے: منفرد ہوکر، یا آمر وڈکٹیٹر بن کر کام نہ چلائیں (۲)۔

میں نے اپنے آپ کو امور بالخصوص انتظامات میں اسی درجہ کا سمجھا ہے اور جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے ممبروں نے بھی ہم تینوں کو یہی درجہ دیا ہے۔ بحیثیتِ اہتمام اگرچہ قوتِ

---

(۱) (مکتوبات شیخ الإسلام، (مکتوب نمبر: ۶۵) : ۱/ ۱۵۱، مکتبہ دینیہ، دیوبند)

(۲) ''ڈکٹیٹر: آمر، حاکمِ مطلق، مطلق العنان حکمران''۔ (فیروز اللغات، ص:۶۷۹، فیروز سنز، لاہور)

Made searchable using ScribeTools.com

عاملہ آپ کے ہاتھ میں ہے اور تھی، مگر یہ قید کہ تینوں کی رائے کا اعتبار ہو، اور اختلاف کی صورت میں کثرتِ رائے کا اعتبار ہو، اسی لئے تھی، اھ''۔

(مکتوبات شیخ الاسلام: ۱۹۲/۲، مکتوب نمبر: ۶۲)(۱)۔

تحریر سہارنپور

سوال: ''ہر دو سوال پیش کر کے شرعی فتویٰ چاہتا ہوں:

۱- ہمارے دونوں مدرسوں: سہارنپور، دیوبند میں ایک مجلس شوریٰ ہے اور دوسرے ایک صاحب مہتمم یا ناظم کے نام سے ہیں جو کارمدارس کے ذمہ دار کہلائے جاتے ہیں، آپ کے نزدیک ان میں سے امیر کون ہے، آیا مجلسِ شوریٰ یا مہتمم یا ناظم؟ اور ﴿إذا عزمت فتوكل على الله﴾(۲) کا حکم کس کو ہے؟

۲- امور جو بھی ہوں اس کے اختیارات کیا ہیں اور فرائض شرعاً کیا ہیں؟ یہ سوال اس لئے ہے کہ میں اپنی نسبت دیکھ سکوں کہ میں وہ فرائض ادا کر سکتا ہوں یا نہیں؟ والسلام۔

احقر شبیر علی عفی عنہ، ۹/ ربیع الثانی/ ۱۳۶۴ھ۔

الجواب: ۱- مدرسہ مظاہر علوم کے دستور العمل میں سرپرستان اور مہتمم و ناظم کے اختیارات وفرائض بیان کئے گئے ہیں، ان سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کل اختیارات سرپرستان کو ہیں اور ناظم و مہتمم اس کے ماتحت ہیں، کام کی نگرانی کا ذمہ دار ہے، اس دستور میں اختلافِ آراء کی صورت میں فیصلہ کی تصریح نہیں ہے، لیکن قدیم سے معمول یہ ہے کہ فیصلہ کثرتِ رائے پر ہوتا ہے، اس لئے یہ دستور کثرتِ رائے پر مبنی معلوم ہوتا ہے، اس میں کسی کو امیر تسلیم نہیں کیا گیا ہے، ناظم یا مہتمم سرپرستان کی اکثریت کے تابع ہو کر عمل کرتا ہے۔ اب یہ بحث علیحدہ ہے کہ شرعاً کثرتِ رائے پر عمل کرنے کا کیا درجہ ہے، دیوبند کا

---

(۱) (مکتوبات شیخ الإسلام سید حسین أحمد المدنی رحمه الله تعالیٰ، (مکتوب نمبر: ۶۲): ۲۳۵/۲، مکتبه دینیه دیوبند ضلع سهارنپور)

(۲) (سورة آل عمران: ۱۵۹)

دستورالعمل میرے پاس نہیں ہے۔ سنا یہ ہے کہ وہاں بھی کثرتِ رائے پر فیصلہ ہوتا ہے۔

مدرسہ مظاہر علوم کے دستور میں سرپرستان کے یہ اختیارات مذکور ہیں:

دفعہ ۱: سرپرستانِ مدرسہ کو تمام امور مدرسہ: ترقی، تنزل، عزل، نصبِ ملازمان، تغیر وتبدل دفعات آئین وغیرہ کا کلی اختیار ہے اور ان کی تجویز جملہ امورِ مدرسہ میں قطعی ہوگی۔

دفعہ ۲: مہتمم کو مہتم بالشان امور میں تمام سرپرستان سے استفسار اور رائے لینا ضروری ہوگا۔ (معائنہ جات، ص:۳۶)(۱)۔

اختیارات وفرائضِ ناظم ومہتمم:

دفعہ ۱: مہتمم جملہ ملازمینِ مدرسہ کے ہر کام کی نگرانی اور درستیٔ حساب کا ذمہ دار ہے۔

دفعہ ۲: امورِ انتظامیہ اور مصارفِ روزمرہ معمولی میں مہتمم مجاز ہے، حسبِ صوابدید خود عمل کرے اور جُزئی اور معمولی خرچ بھی کرسکتا ہے، مگر کثیر اخراجات غیر معمولی اور خاص انتظامات بلا استصوابِ سرپرستان نہ ہوں گے۔

ان دفعات سے سرپرستان اور ناظم کے فرائض اختیارات ظاہر ہیں اور یہ بات واضح ہے کہ کلی اختیارات اس دستوری سرپرستان کے ہیں اور ہر کام کی نگرانی اور جزئی اختیارات ناظم کے ہیں، شرعاً بھی کسی ادارہ کے کارکنان پر وہی فرائض اور ذمہ داری عائد ہوتی ہے جو اس ادارہ کے دستور میں تسلیم کی گئی بشرطیکہ کوئی امر خلافِ شرع نہ ہو"۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۲/ ربیع الأول/۶۴ھ"۔

(منقول از فتاویٰ مظہریہ، :۲۳/۲۷۰)(۲)۔

---

(۱) (لم أجده)

(۲) (فتاویٰ مظهری للمفتی مظهر الله دهلوی رحمه الله: ۲۳/ ۲۷۰، مدینه پبلشنگ کمپنی کراچی)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

دنیا کا حال

اہلِ علم اقل ہیں اہلِ جہل اکثر، مومن اقل ہیں کافر اکثر، موحّد اقل ہیں مشرک اکثر، مخلص اقل ہیں منافق اکثر، مطیع اقل ہیں فاسق اکثر، مصلح اقل ہیں مفسد اکثر، کامل العقل اقل ہیں ناقص العقل اکثر، ایسی اکثریت قابلِ تقلید ورجیح نہیں: ﴿وإن تطع أكثر من فى الأرض يضلوك عن سبيل الله﴾ (۱)۔

غالباً زید کا ذہن ''کثرتِ رائے'' کے لفظ سے ایسی ہی اکثریت کی طرف متوجہ ہوگیا جس کا مشاہدہ آج کل کے الیکشنوں میں ہوتا ہے کہ پارلیمنٹ کا ممبر ایسی ہی اکثریت سے منتخب ہوتا ہے اور اکثریت کی رائے بھی کہیں روپیہ وعہدہ وغیرہ کے لالچ میں کہیں قسم قسم کے دباؤ سے حاصل کی جاتی ہے، کہیں ووٹ بھی جعلی ڈالے جاتے ہیں۔ مگر ایسی اکثریت کے سامنے دینی مدارس کے مسائل پیش نہیں کئے جاتے، ایسی کثرتِ رائے پر ارکانِ شوریٰ کی کثرتِ رائے کو قیاس کرنا بدیہہ البطلان اور روزِ روشن کو شبِ تاریک بنانا ہے۔ دینی مدارس میں جو ارکانِ شوریٰ ہیں جن کے چند اسمائے گرامی اوپر تحریر کئے گئے ہیں وہ اس اکثریت کے افراد نہیں جن کے ذمائم، قبائح، رذائل زید نے بیان کئے ہیں، بلکہ اس کے مقابل وبرعکس مدائح، محاسن، فضائل کے حامل ہیں۔

جیسے پہاڑوں میں لاکھوں مَن کے پتھر ہیں اور ان میں خال خال کوئی ہیرا ہوتا ہے، ہیرا روشن ہوتا ہے، اگر ایک جگہ دو ہیرے ہوں اور دوسری جگہ دس ہیرے ہوں تو یہ کثرت مذموم وقبیح نہیں، بلکہ ممدوح وقابلِ تحسین ہے۔ ایک کارخانہ کی ایک سائز کی موم بتی میں جتنی روشنی ہوتی ہے، دو میں اس سے زائد، تین میں اس سے زائد، چار میں اس سے زائد ہوگی۔ کوئی اہلِ عقل اس کثرت کو موجبِ ظلمت اور قبیح نہیں کہے گا۔ ایک پھول میں جتنی خوشبو ہے، متعدد پھولوں میں خوشبو زائد ہی ہوگی، پھولوں کی کثرت سے سارا چمن بلکہ اس کا ماحول بھی مہک جائے گا۔

ایسا ہی حال ان اکابر اہل اللہ کا اور ان کی کثرت کا ہے کہ ان کی آراء کی کثرت سے قلوب واذہان منور ومعطر ہوجائیں گے۔

زید کا یہ کہنا کہ ''ہر دائرہ اور ہر طبقہ کی اکثریت کا یہی حال ہے کہ وہ فاسق ونافرمان ہوتے ہیں'' زید کو لازم ہے کہ وہ اس پر نظرِ ثانی کرے اور غور سے سوچے کہ طبقۂ محدثین کی اکثریت ایک حدیث کو صحیح قرار دے تو

---

(۱) (سورة الأنعام: ۱۱۶)

کیااس کثرتِ رائے پر وہ سارے ذمائم، قبائح، رذائل چسپاں کردے گا۔استغفر اللّٰہ العظیم۔

اسی طرح طبقۂ مجتہدین، فقہاء اور دوسرے اہل علم واہلِ حق کے طبقاتِ پر غور کرے۔ دینی مدارس میں جس قدر اساتذۂ کرام درسِ حدیث دیتے ہیں، خانقاہ میں زید کے کسی بزرگ مرشد کے تحت جولوگ تزکیۂ باطن میں مشغول ہیں ان کی اکثریت کے متعلق وہ کیا الفاظ اختیار کرے گا؟

''فاسق'' کے معنی ''طاعت سے خارج ہونے والا''۔ابلیس کے متعلق ارشاد ہے:﴿کان من الجن ففسق عن أمر ربه﴾(۱)۔ اہل کتاب نے انبیاء کو دیکھا، ان کے معجزات کا مشاہدہ کیا، ان پر نازل شدہ کتابوں کو پڑھا پھر بھی اکثر ایمان نہیں لائے، ان کے اکثر کو فاسق کہا گیا۔

لعنت وغیرہ کے الفاظ ان کے لئے استعمال کئے گئے:

﴿لعن الذین کفروا من بنی إسرائیل علی لسان داؤد وعیسیٰ بن مریم ..... ولکن کثیراً منهم فاسقون﴾(۲)۔ ﴿یاأهل الکتاب هل تنقمون منا ..... وأن أکثرکم الفاسقون﴾(۳)۔ ﴿ولو امن أهل الکتاب لکان خیراً لهم، منهم المؤمنون وأکثرهم فاسقون﴾(٤)۔

یہاں "أکثرهم الفاسقون" کو "منهم المؤمنون" کے مقابلہ میں لایا گیا:﴿أفمن کان مؤمناً کمن کان فاسقاً لایستوون﴾(۵)۔ جس طرح "الذین یعلمون" اور "الذین لایعلمون" میں مساوات نہیں، بلکہ صریح تقابل ہے(٦) اور اعمی وبصیر میں مساوات نہیں، بلکہ صریح تقابل ہے(۷)۔اسی طرح مومن

---

(۱) (سورة الکهف: ۵۰)

(۲) (سورة المائدة: ۸۱)

(۳) (سورة المائدة: ۵۹)

(۴) (سورة آل عمران: ۱۱۰)

(۵) (سورة الٓمٓ السجدة: ۱۸)

(٦) قال الله تعالیٰ: ﴿قل هل یستوی الّذین یعلمون والّذین لایعلمون﴾ (سورة الزمر: ۹)

(۷) قال الله تعالیٰ: ﴿قل هل یستوی الأعمیٰ والبصیر أم هل تستوی الظلمٰت والنّور﴾ (سورة الرعد: ۱٦) =

Made searchable using ScribeTools.com

اورفاسق میں مساوات نہیں، بلکہ صریح تقابل ہے، پھر دونوں کے انجام کوالگ الگ بتایا گیا ہے:

﴿أما الذين آمنوا وعملوا الصالحات، فلهم جنات المأوى نزلاً بما كانوا يعملون، وأماالذين فسقوا فمأواهم النار، كلما أرادوا أن يخرجوا منها أعيدوا فيها﴾ الخ (۱)۔

منافقین کے متعلق ارشاد ہے:﴿إن المنافقين هم الفاسقون﴾ الخ (۲)۔

امید ہے کہ غور کرنے سے سمجھ میں آجائے گا کہ قرآنِ کریم میں ﴿أكثر هم فاسقون﴾ کی ضمیر کا مرجع دینی مدارس کے ارکانِ شوریٰ نہیں، اہلِ حق کی خانقاہوں کے ذاکرین، شاغلین نہیں، اساتذۂ حدیث وفقہ نہیں، محدثین وفقہاء، مجتہدین نہیں۔غرض کوئی بھی اصحابِ تقویٰ وخشیت اس کا مرجع نہیں۔

جوآیات مشرکین، کافرین، منافقین کے بارے میں نازل ہوئی تھیں، خوارج ان کومؤمنین پر چسپاں کیا کرتے تھے، كما في صحيح البخاري(۳)۔ یہ ان کا زیغ وضلال تھا، اللہ تعالیٰ ہر قسم کے زیغ وضلال سے محفوظ رکھے۔زید کو چاہیئے کہ اس سے پوراپرہیز وگریز کرے۔

الحاصل: دینی مدارس سے متعلق جزئیات غیر منصوص میں اختلافِ آراء کے وقت مصالحِ مدرسہ کے

= وقال الله تعالىٰ: ﴿وما يستوى الأعمىٰ والبصير، ولاالظلمٰتُ ولا النُّور، ولا الظِّلُّ ولا الحرور﴾ (سورة الفاطر: ۱۹-۲۱)

(۱) (سورة آلمٓ السجدة: ۱۹، ۲۰)

(۲) (سورة التوبة: ٦٧)

(۳) "باب قتال الخوارج والملحدين بعد إقامة الحجّة عليهم، وقول الله ﴿ماكان الله ليضل قوماً بعد إذ هداهم حتى يُبيّن لهم مايتقون﴾ وكان ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنها يراهم شرار خلق الله، وقال : إنهم انطلقوا إلى آياتٍ نزلت فى الكفار، فجعلوها على المؤمنين". (صحيح البخارى، كتاب استتابة المعاندين والمرتدين وقتالهم، باب قتال الخوارج والملحدين: ۲/۱۰۲۴، قديمى)

(وراجع للتفصيل، فتح البارى كتاب استتابة المرتدين والمعاندين، باب قتل الخوارج والملحدين بعد إقامة الحجة عليهم: ۱۲/ ۳۵۰- ۳۵۴، قديمى)

(وأيضاً عمدة القارى شرح البخارى، كتاب استتابة المرتدين والمعاندين، باب قتل الخوارج والملحدين: ۲۴/۸۴، إدارة الطباعة المنيرية، بيروت)

پیشِ نظر ارکانِ شوریٰ کی اکثر رائے کو ترجیح دے کر عمل کرنا انگریزوں کی پیروی نہیں، شرک نہیں، کفر نہیں بلکہ شرعاً درست ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم، ۲۵/۳/۱۴۱۰ھ۔

مدارس کا نظام کیسا ہونا چاہیئے؟

سوال[۷۵۲۶]: مدرسہ اسلامیہ کا شرعی نظم وضبط کیسا ہو، اس کا دستور العمل کیسا ہونا چاہیئے؟ نیز امامِ مسجد کو چھٹی مع تنخواہ وبلا تنخواہ کس قدر رہنی چاہیئے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دارالعلوم کا نظام چھپا ہوا ہے، اس کو منگا کر دیکھ لیں۔ اس کے علاوہ اربابِ مدرسہ حدودِ شرع میں جو معاملہ طے کرلیں، درست ہے۔ امام سے بھی جو معاہدہ ہوجائے، حسبِ صوابدید ومصالح درست ہے(۱)۔ اس کا لحاظ کرلیا جائے کہ نہ امام کو تنگی ہو، نہ نمازیوں کو، نہ مسجد غیر آباد ہو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۲۴/۴/۹۵ھ۔

بے دین لوگوں کو ورکنگ کمیٹی کا ممبر بنانا

سوال[۷۵۲۷]: کسی ادارہ کی ورکنگ کمیٹی میں ایسے افراد کا رکھنا جو علماء پر تنقید کرتے ہوں، کیسا ہے؟ ایسے افراد جن کی وضع قطع خلافِ شرع ہو، صلوۃ وصوم کے پابند نہ ہوں، ان کو مجلسِ شوریٰ میں رکھنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

دینی ادارہ کا ذمہ دار ایسے لوگوں کو بنایا جائے جو خود بھی دیندار ہوں اور دین کا جذبہ رکھتے ہوں، باسلیقہ ہوں(۲)، ورنہ نظام صحیح نہیں رہے گا۔ اور اہلِ علم کی جو تحقیر ہوگی اس کا سبب بڑی حد تک

---

(۱) قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿فاتقوا الله وأصلحوا ذات بينكم، وأطيعوا الله ورسوله إن كنتم مؤمنين﴾ (سورة الأنفال: ۱)

(۲) "قال في الإسعاف: ولا يولّى إلّا أمينٌ قادر بنفسه أو بنائبه؛ لأن الولاية مقيدة بشرط النظر، وليس من النظر تولية الخائن؛ لأنه يخلّ بالمقصود". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في شروط المتولي: ۳۸۰/۴، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۷۸/۵، رشيديه) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

وہی لوگ ہوں گے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

جب مدرسہ کا دستور نہ ہو تو اس وقت کیا کیا جائے؟

سوال[۷۵۲۸]: مدرسہ میں کسی قسم کا کوئی قانون نہیں ہے اور نہ کوئی دستور بنا ہوا ہے، ناظم جس وقت جو کچھ زبان سے نکال دے وہی دستور ہے، جب چاہتا ہے بلا اطلاع تنخواہ کاٹ لیتا ہے، بلا عذر مدرّسوں کو ملازمت سے الگ کر دیتا ہے۔ اس کا یہ فعل کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اربابِ خیر واہلِ صلاح کی ایک کمیٹی بنا لی جائے اور کسی باوجاہت اہلِ علم، اہل تقویٰ، تجربہ کار کو سرپرست تجویز کرلیا جائے تاکہ حساب وکتاب درست رہے (۲)، ہر مدّ کا پیسہ اسی مدّ میں خرچ ہو، اور کسی بڑے

= (وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس في ولاية الوقف: ۴۰۸/۲، رشيديه)

(۱) "عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: بينما النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يحدث إذ جاء أعرابي، فقال: متى الساعة؟ قال: "إذا ضُيعت الأمانة فانتظر الساعة". قال كيف إضاعتها؟ قال: "إذا وُسد الأمر إلى غير أهله، فانتظر الساعة". (مشكوة المصابيح، كتاب الفتن، باب أشراط الساعة، الفصل الأول، ص: ۴۶۹، قديمي)

"إذا وُسّد": أي أسند وفوّض "الأمر" إلى غير أهله": أي ممن لم يوجد فيه شرائط الاستحقاق: كالنساء والصبيان، والجَهَلة، والفَسَقة، والبخيل، والجبان ..... وأرباب المناصب من التدريس، والفتوىٰ والإمامة، والخطابة، وأمثال ذالك مما يتفاخر به الأقران". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب الفتن، باب أشراط الساعة (رقم الحديث: ۵۴۳۹): ۳۳۳/۹، ۳۳۴، رشيديه)

(۲) "قال في الإسعاف: ولا يولى إلا أمين قادر بنفسه، أو بنائبه". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في شروط المتولي: ۳۸۰/۴، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۷۸/۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس في ولاية الوقف وتصرف القيم في الأوقاف: ۴۰۸/۲، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

مدرسہ کا دستور سامنے رکھ کر (مثلاً: دارالعلوم دیوبند کا) اس مدرسہ کے مناسب دستور بنالیا جائے تاکہ بے راہ روی نہ ہونے پائے اور لوگوں کو یہ اعتراض وبدگمانی کا موقع نہ ملے۔

مسجد کا روپیہ مدرسہ میں اور مدرسہ کا روپیہ مسجد میں صَرف کرنا جائز نہیں (۱) ایسا کرنے سے ضمان لازم ہوگا۔ زکوۃ کا پیسہ بے محل صَرف کرنے سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی اور ضمان لازم ہوگا (۲)۔ مدرسہ ومسجد کا پیسہ امانت ہے، اس کو تاجروں کو دینا کہ وہ اپنے کام میں خرچ لیں، پھر وقت پر دے دیں، درست نہیں (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۵/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۵/ ۹۲ھ۔

ادارہ کو مخالف گروپ کی تباہی سے بچانے کے لئے کیا صورت اختیار کی جائے؟

سوال [۷۵۲۹]: ایک شخص ایک ادارہ کا سربراہ ہے، عالم بھی ہے، کچھ روز سے اس میں انانیت آ گئی ہے، نوجوان لڑکیوں کو بے پردہ تعلیم دلاتا ہے، چونکہ کمیٹی میں اس کی اکثریت ہے، اس لئے اس کو الگ کرنا بھی دشوار ہے۔ اس ادارہ کے استاذ بھی تنگ آ کر چلے گئے ہیں اور نئے استاذ آ گئے۔ دو پارٹیاں ہیں، دونوں

---

(۱) "الفاضل من وقف المسجد هل يصرف إلى الفقراء؟ قيل: لايصرف، وإنه صحيح، ولكن يشترى به مستغلاً للمسجد ..... سئل القاضى شمس الإسلام محمد الأزوجندى رحمه الله تعالىٰ عن أهل المسجد تصرفوا فى أوقاف المسجد يعنى آجروا المستغل، وله متول، قال: لايصح تصرفهم". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الفصل الثانى فى الوقف على المسجد وتصرف القيم: ۲/ ۴۶۳، رشيديه)

(۲) "ولو خلط زكاة موكليه، ضمن" (الدرالمختار). "وهُنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار، كتاب الزكوة: ۲/ ۲۶۹، سعيد)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف: ۳/ ۲۹۹، رشيديه)

(۳) "رجل جمع مالاً من الناس لينفقه فى بناء المسجد، وأنفق من تلك الدراهم فى حاجة نفسه، ثم ردّ بدلها فى نفقة المسجد، لايسعه أن يفعل ذلك. وإذا فعل إن كان يعرف صاحب المال ردّعليه الضمان، أو يسأله ليأذن له بإنفاق الضمان فى المسجد". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً أو سقايةً أو مقبرةً: ۳/ ۲۹۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

میں شدید اختلاف ہے۔ اس شخص نے مخالف پارٹی کو پریشان کرنے کے لئے پولیس میں رپورٹ اور مقدمہ بازی شروع کردی ہے۔ اپنے اثر ورسوخ کو استعمال کر کے لوگوں کو دباتا ہے، بعض کی آبروریزی کرتا ہے۔ پولیس اور غنڈوں کو روپیہ کھلاتا ہے اور خود بھی ایک ہزار روپیہ ماہانہ ہڑپ کر رہا ہے۔

لوگوں کو اس کے ظلم سے بچانے کے لئے کچھ حضرات کہتے ہیں کہ اس پر بھی مقدمہ چلایا جائے، خواہ جھوٹا ہی ہو اور خواہ جھوٹی گواہی دینی پڑے۔ عوام کو ضرر سے بچانے کے لئے اور اس کی فلاح کے لئے ہمارا یہ فعل ازروئے شرع جائز ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو چیز حرام اور معصیت ہے، وہ سربراہ کے حق میں بھی حرام ومعصیت ہے، کارکنوں، ممبروں، عوام کے حق میں بھی حرام ہے(۱)۔ ادارے کو تباہی سے بچانا سب کی ذمہ داری ہے، مگر اس کے لئے غلط طریقہ اختیار نہ کیا جائے(۲)۔ تنازع اور تقابل کے وقت ہر فریق اپنے کو حق پر سمجھتا ہے، مخلص وہمدرد اسلام اور ادارے کا

---

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أن قریشاً أهمّهم شان المرأة المخزومیة التی سرقت، فقالوا: من یکلم فیها رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم؟ فقالوا: من یجترئ علیه إلا أسامة حِبّ رسول الله -صلی الله تعالیٰ علیه وسلم- فکلمه أسامة. فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أتشفع فی حد من حدود الله". ثم قام فاختطب فقال: "أیها الناس! إنما أهلک الذین قبلکم، إنهم کانوا إذا سرق فیهم الشریف ترکوه، وإذا سرق فیهم الضعیف أقاموا علیه الحدود، وأیم الله! لو أن فاطمة بنت محمد سرقت، لَقطعتُ یدها". (الصحیح لمسلم، کتاب الحدود، باب قطع السارق الشریف وغیره، والنهی عن الشفاعة: ۲/۶۴، قدیمی)

(۲) قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿ و لا تنازعوا فتفشلوا و تذهب ریحکم ﴾ (سورة الأنفال : ۴۶)

قال العلامة السید محمود الآلوسی رحمه الله تعالیٰ: "واستدل بآلایة علی أن الطاعة إذا أدت إلی معصیة راجحة، وجب ترکها، فإن ما یؤدی إلی الشر شرٌ". (روح المعانی: ۷/۲۵۲، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

"وکل ما أدی إلی ما لا یجوز، لا یجوز". (الدرالمختار: ۶/۳۶۰، کتاب الحظر والإباحة، فصل فی اللبس، سعید) ..... =

خیرخواہ قرار دیتا ہے، دوسرے فریق کو ناحق، غیرمخلص، اسلام سے بے تعلق، خودغرض قرار دیتا ہے، اس لئے دونوں فریق مل کر کسی کو ثالث تجویز کرلیں اور اس کے فیصلہ پر آمادہ ہوجائیں (۱)، پھر وہ سب کے بیان لے کر حالات کی تحقیق کر کے جو کچھ فیصلہ کردے اس کو قبول کرلیں، خواہ سربراہ کے موافق ہو یا مخالف۔ اس طرح انشاء اللہ تعالیٰ نزاع ختم ہوجائے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

وقتِ ضرورت خرچ نہ کرنا بھی خیانت ہے

سوال[۷۵۳۰]: مدرسہ اسلامیہ کی رقم مبلغ ۴۰۰/ روپے ہے، اور یہ روپے مدرسہ کے صدر پر ہے، وہ مدرسہ کا روپیہ نہ تو مدرسہ میں لگاتے ہیں اور نہ طلب کرنے پر دیتے ہیں، کچھ لوگ اس کے گروپ کے ہیں، اس کو صدر رکھنا چاہتے ہیں۔ اس کو صدر رکھا جائے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مدرسہ میں خرچ کرنے کی ضرورت ہے، اس کے باوجود یہ رقم وہ مدرسہ میں نہیں دیتا، نہ خود ضرورت پوری کرتا، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کا روپیہ اپنے کام میں صَرف کرلیا، تو مدرسہ کے ممبر و بااثر لوگ مطالبہ

= "ووسيلة الحرام حرامٌ". (مرقاة شرح المشكوة: ۱۶/۲، كتاب البيوع، باب الكسب وطلب الحلال، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۲۷۶۳)، رشيديه)

(۱) قال الله تبارک و تعالیٰ: ﴿وإن خفتم شقاق بينهما فابعثوا حَكَماً من أهله وحكماً من أهلها﴾. (سورة النساء: ۳۵)

"حكّما رجلاً معلوماً، فحكم بينهما ببينة أو إقرار أو نكول و رضيا بحكمه، صح". (الدرالمختار، كتاب القضاء، باب التحكيم: ۴۲۸/۵، سعيد)

"وإذا حكّمَ رجلان رجلا فحكم بينهما ورضيا بحكمه جاز؛ لأن لهما ولاية على أنفسهما، فصح تحكيمهما وينفذ حكمه عليهما". (الهداية، كتاب القضاء، باب التحكيم: ۱۴۴/۳، شركة علميه ملتان)

(وكذا في شرح المجلة لسليم رستم باز: ۱۱۹۳/۲، (رقم المادة: ۱۸۴۱)، الباب الرابع في المسائل المتعلقة بالتحكيم، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

کریں۔ اگر خدانخواستہ خیانت ثابت ہوجائے تو اس کو صدارت سے الگ کردیں (۱) اور رقم وصول کرکے کسی دیانتدار کو ذمہ دار بنائیں۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۳/۲ھ۔

غبن کے اتہام پر حساب دینا

سوال[۷۵۳۱]: ایک مذہبی ادارہ کے صدر وسیکرٹری پر عام معاونینِ ادارہ ودیگر مسلمانوں کو غبن کا شبہ ہوا، لوگوں نے آمدوخرچ کی رپورٹ طلب کی، صدر حساب دینے سے کترارہے ہیں اور کہتے ہیں (کہ) ادارہ کی تشکیل میں میری ذاتی کوششوں کا نتیجہ ہے، مجھ سے کوئی حساب نہیں لے سکتا۔ جس سے لوگوں کو غبن کا یقین ہوگیا۔ کیا ایسے ادارے سے تعلقات ختم کرلینا موجبِ گناہ ہے؟ اور صدرِ مذکور کا جواب اطمینان بخش وصحیح ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صدر، سیکرٹری کا دعویٰ مذکورہ صحیح نہیں ہے، وہ محض وکیل ہیں، مالک نہیں (۲)۔ انہیں حساب دینے سے گریز نہیں کرنا چاہیے، خاص کر جب کہ ان پر غبن کا شبہ کیا جارہا ہے (۳)۔ ان کو لازم ہے کہ ذمہ داران وممبران

---

(۱) "وينزع وجوباً لو الواقف -فغيره بالأولىٰ- غير مأمون أو عاجزاً أو ظهر به فسق". (الدرالمختار).

"مقتضاه إثم القاضي بتركه والإثم بتولية الخائن، ولا شك فيه، بحر. لكن ذكر في البحر أيضاً عن الخصاف أن له عزله أو إدخال غيره معه". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۳۸۰/۴، سعيد)

"الثالث: إذا ظهرت خيانته، فإن القاضي يعزله وينصب أميناً". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۹۱/۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس في ولاية الوقف وتصرف القيم في الأوقاف: ۴۱۳/۲، رشيديه)

(۲) "فإذا تم ولزم، لايملك ولايملك ولايعار ولا يرهن". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۳۵۱/۴، ۳۵۲، سعيد)

"وعن هذا أفتى في الحامدية: بأنه ليس للمتولي التصرف في أمور الوقف بدون إذن المشرف". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: ليس للمشرف التصرف: ۴۵۸/۴، سعيد)

(۳) "لاتلزم المحاسبة في كل عام، ويكتفى القاضي منه بالإجمال لو معروفاً بالأمانة. ولو متهماً، يجبره =

وغیرہ کوحساب دکھلا کر مطمئن کردیں اور بدگمانیوں اور تہمتوں کو دور کر کے اپنی پوزیشن صاف کرلیں (۱)۔ اگر کوئی رقم بے احتیاطی یا غلط فہمی سے بے موقع خرچ ہوگئی ہے تو اس کا انتظام کریں۔ اگر بدگمانی عام ہوگئی ہے تو حساب لکھ کر شائع کردیں کہ مسلمانوں کی زبانیں طعن وتشنیع سے محفوظ رہیں اور اس مقصد کے لئے حسنِ تدبیر اور فہمائش سے کام لے کر ان پر اخلاقی زور بھی ڈالا جائے اور ادارہ سے تعلقات ختم نہ کئے جائیں۔

تنبیہ: بلا دلیلِ شرعی کسی کو متہم کرنا بھی معصیت ہے (۲)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۴/۸۸ھ۔

مدرسہ عربیہ کی مخالفت اور دیگر خیانتوں کے سبب قوم کے امام پر اشکالات

سوال[۷۵۳۲]: جناب مفتی صاحب! ہماری پونڈا کے مسلمانوں کی ایک جماعت ہے، جو کہ مسجد کا

= على التعين شيئاً فشيئاً، ولا يحبسه بل يهدده، ولواتّهمه يحلفه". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴۴۸/۴، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۴۰۷/۵، رشيديه)

(۱) "اتقوا مواضع التهم": ذكره في الإحياء. وقال العراقي في تخريج أحاديثه: لم أجد له أصلاً، لكنه بمعنى قول عمر: "من سلك مسالك الظن، اتّهم". ورواه الخرائطي في مكارم الأخلاق: "من أقام نفسه مقام التهم، فلا يلومنّ من أساء الظن به". وروى الخطيب في المتفق والمفترق عن سعيد بن المسيب قال: وضع عمر بن الخطاب ثماني عشرة كلمةً ..... "ومن عرض نفسه للتهمة، فلا يلومنّ من أساء به الظن". (كشف الخفاء، الهمزة مع التاء المثناة، (رقم الحديث: ۸۸): ۴۵/۱، دارإحياء التراث العربي بيروت)

(۲) قال الله تبارك وتعالىٰ: ﴿يأيُّها الذين آمنوا اجتنبوا كثيراً من الظنّ، إن بعض الظن إثم﴾ (سورة الحجرات: ۱۲)

"يقول تعالىٰ ناهياً عباده المؤمنين عن كثير من الظن وهو التهمة والتخون للأهل والأقارب والناس في غير محله؛ لأن بعض ذلك يكون إثماً محضاً، فليجتنب كثير منه ..... وقال مالك: عن أبي الزناد عن الأعرج عن أبي هريرة رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "إياكم والظن، فإن الظن أكذب الحديث". (تفسير ابن كثير، (سورة الحجرات: ۱۲): ۲۱۲/۴، سهيل اكيڈمی، لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

انتظام کرتی ہے اور قوم کی مذہبی ضروریات کی نگرانی کرتی ہے۔ یہ ادارہ پچھلے تیس سال سے قاضی محمد مصطفیٰ کی نگرانی میں کام کررہا تھا، مولانا ہونے کی وجہ سے ان پر پورا اعتماد تھا اور ان کا عہدہ بغیر جھگڑے کے رہا، انہوں نے جماعت کی کبھی میٹنگ طلب نہیں کی اور نہ ہی کبھی حساب داخل کیا، بعض اوقات اہم انتظامی معاملات میں کچھ حضرات سے مشورہ کیا ہے۔

انہوں نے کبھی قوم کو کوئی مذہبی منفعت پہونچانے کی کوشش نہیں کی، بلکہ ان کا رجحان گورنمنٹ کی ملازمت کی طرف ہوگیا اور مسلم قوم کے نمائندہ ہونے کی حیثیت سے شعبۂ تعلیم میں ایک جگہ مل گئی، یہ بہت اچھی تنخواہ کی جگہ ہے۔ وہ قوم کی خدمت کی طرف کم توجہ دیتے ہیں، اس سے تنگ آکر جماعت کے نوجوان اور باعزت ممبران نے ایک عربی مدرسہ شروع کیا، کیونکہ ہمارے بچوں کے لئے ایسی تعلیم کا کوئی انتظام نہیں تھا۔ مذکورہ مولانا نے اس مدرسہ کی مخالفت کی، کیونکہ ان کے خیال میں اگر دوسروں نے عربی پڑھ لی تو ان کی اہمیت کم ہوجائے گی۔

دعوت نامہ کے باوجود انہوں افتتاحیہ میٹنگ میں شرکت نہیں کی اور نہ کوئی پیغام بھیجا، بلکہ اس مدرسہ کے خلاف پروپیگنڈا شروع کیا۔ اب یہ مدرسہ گذشتہ ۴/ ماہ سے چل رہا ہے اور اس وقت ۱۲۰/ طلبہ زیرِ تعلیم ہیں۔ اس نیک کام کو برداشت نہ کرتے ہوئے مولانا صاحب نے ایک عربی مدرسہ کے لئے چندہ شروع کردیا، جب جماعت کے ذہن میں یہ بات آئی تو ان سے معلوم کیا گیا کہ آپ کس کے حق میں چندہ جمع کررہے ہیں، کیا جماعت نے آپ کو مقابلہ پر مدرسہ قائم کرنے کے لئے کوئی اختیار دیا ہے؟ جواب دینے کے بجائے انہوں نے ڈرانا دھمکانا شروع کردیا۔

باوثوق ذرائع سے یہ معلوم ہوا کہ انہوں نے ہزار ہا روپیہ مسلم قوم سے بغیر جماعت کے اختیار دیتے ہوئے جمع کیا ہے۔ پہلے انہوں نے چندہ جمع کرنے سے انکار کیا، لیکن جب ان کے سامنے رسیدات پیش کیں تو انہوں نے کہا کہ چند سال قبل جماعت نے چندہ جمع کرنے کے لئے اختیار دیا تھا۔ اپنے دعویٰ کی تصدیق کے لئے انہوں نے ایک میٹنگ بلائی اور اپنے ہم خیال ۶/ ممبران کے دستخط کرائے جب کہ کمیٹی کے ممبر ۲۰۰/ ہیں۔ جب ان سے درخواست کی گئی کہ وہ جماعت کی میٹنگ میں تشریف لائیں اور بیان دیں، لیکن وہ تشریف نہیں لائے۔

اب جماعت نے بالاتفاق ان کوصدارت سے علیحدہ کردیا،اس کے ردِعمل میں انہوں نے نئے منتخب صدر کوایک نوٹس بھیجا ہے کہ ان کوان کے عہدہ سے کوئی علیحدہ نہیں کرسکتا ہے، کیونکہ ان کا تعلق ایک معزز خاندان سے ہے جودوسرے مسلمانوں پرفوقیت رکھتا ہے جوکہ غریب اور جاہل ہے۔اپنے زمانۂ صدارت میں ایک پیشِ امام کے خاندان کومسجد کے احاطہ میں رہنے کی اجازت دے دی تھی،اس کے خاندان کی عورتیں مسجد کی تمام چیزوں کواستعمال کرتی ہیں، جب ان سے دریافت کیا گیا توانہوں نے کہا کہ میں عالم ہوں اورتم سے بہتر جانتا ہوں۔

مذکورہ بالامولانا صاحب کہتے ہیں کہ مسجداوراس کی متعلقہ جائیدادان کی اوران کے خاندان کی ہے، جس وقت سے ان کے خسر نے وقف کی،لیکن مسجد کی تعمیرقوم کے ممبران کے عطیہ سے تیارہوئی اوران کے خسر کو کچھ رقم ادا کی گئی ہے، حالانکہ دستاویز پر دستخط بحیثیتِ وقف کے کئے گئے ہیں۔مولانا نے چندہ اکھٹا کرکے مسجد میں کچھ ترمیمات کی ہیں،مگراس کا کوئی حساب کتاب نہیں دیا ہے۔ جب شہادت لی گئی تو معلوم ہوا کہ انہوں نے رقم کا ناجائزاستعمال کیا ہے۔مولانا کودمہ اورمختلف امراض ہیں،وہ کسی کوبحیثیتِ نمائندہ امام بنادیتے ہیں۔

ان مولانا صاحب کا ایک بھائی شہر کا ایک بدمعاش ہے،اس نے بہت سے یتیم بچوں کا مال ہضم کرلیا ہےاورجیل میں بھی گیا ہے،لیکن ہمارے مولانا صاحب اس کے ساتھ قیام کرتے ہیں اور بھائی کے گندے کام میں شریک ہیں۔تمام لوگوں میں یہ صرف ایک مولانا ہیں جنہوں نے پُرتگالی حکومت کے دورمیں درخواست دی کہ آغاخان کے حقوق ان کودے دیئے جائیں تاکہ پوری مسلم قوم کے کام انجام دے سکیں۔اس طرح سے وہ پیغمبری کا دعویٰ مسلمانوں میں کرنا چاہتے تھے جوکہ شرک ہے۔تمام مسلمانوں نے اس کی مخالفت پوری مستعدی سے کی۔

ہماری جماعت کے ممبراس بات پرغورکررہے ہیں کہ مندرجہ بالا کاموں کی وجہ سے ان کے خلاف قانونی کارروائی کریں، اور ذمہ داران کی معرفت ان سے کہلایا گیا کہ حسابات وغیرہ دے دیں اور باعزت طریقہ سے اس عہدہ سے سبکدوش ہوجائیں۔ہم ممبرنہیں چاہتے کہ مولانا کومصیبت میں گرفتارکرائیں،لیکن اگروہ سخت رہےتو قوم کے مفادکونظرانداز کرکے ایک شخص کی عزت نہیں بچائی جاسکتی۔اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ ہمیں بتایا جائے کہ اگرہم ان کی امامت برداشت کریں تو کیا ان کی امامت جائز ہےاورہمیں ان کے

Made searchable using ScribeTools.com

خلاف کارروائی کرنی چاہیے یانہیں؟ برائے مہربانی ہمارے اس مسئلہ کو بذریعہ فتویٰ حل کردیجئے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

وقف کا انتظام وحساب رکھنا ضروری ہے، دیانت دار اور منتظم آدمی وقف کا متولی ہوسکتا ہے، اور رہ سکتا ہے(۱)، جس متولی کے متعلق خیانت ثابت ہوجائے وہ اس قابل ہے کہ اس کو عہدۂ تولیت سے الگ کردیا جائے (۲)۔ دینی تعلیم کے لئے مدرسہ ہونا بہت ضروری ہے، اس کی مخالفت کرنا ہرگز جائز نہیں۔ مولانا صاحب اپنی رَوش پر نظرِ ثانی کرلیں اور جو شکایات ان سے ہیں ان کی اصلاح کرلیں۔ مسجد ومدرسہ کا شریعت کے مطابق انتظام اور حساب صاف رکھیں۔ اگر ایسی چیزوں سے پرہیز کریں جن سے ان کی حیثیت شرعاً مجروح ہوتی ہے تو ان کو برقرار رکھا جائے (۳)، ورنہ پھر لامحالہ کام صحیح رُخ پر چلانے کے لئے دوسرے لائق آدمی کا انتظام ناگزیر ہوگا (۴)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/۶/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "قال فی الإسعاف: ولا یولی إلا أمین قادر بنفسه أو بنائبه؛ لأن الولایة مقیدة بشرط النظر". (ردالمحتار، کتب الوقف، مطلب فی شروط المتولی: ۳۸۰/۴، سعید)

(۲) "وینزع وجوباً لو الواقف ..... غیر مأمون أو عاجزاً أو ظهر به فسق". (الدرالمختار). "مقتضاه إثم بترکه والإثم بتولیة الخائن، ولاشک، بحر. وذکر فی البحر أیضاً عن الخصاف أن له عزله أو إدخال غیره معه ..... وفیه: ولا یولی إلا أمین قادر بنفسه أو بنائبه؛ لأن الولایة مقیدة بشرط النظر، ولیس من النظر تولیة الخائن؛ لأنه یخل بالمقصود". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب: یأثم بتولیة الخائن: ۳۸۰/۴، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الوقف: ۳۷۸/۵، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الخامس فی ولایة الوقف وتصرف القیم: ۴۰۸/۲، رشیدیه)

(۳) "وکذا لو أخرجه لفسق وخیانة فبعد مدّةٍ تاب إلی الله وأقام بینةً أنه صار أهلاً لذلک، فإنه یعیده". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الخامس: ۴۲۶/۲، رشیدیه)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الوقف: ۳۸۰/۴، سعید)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الوقف، الفصل الأول فی المتولی: ۲۴۲/۶، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

(۴) (راجع رقم الحاشیة: ۲)

مہتمم مدرسہ اور ملازمین کو بلاوجہ معزول کرنا، برطرفی کے مہینہ کی تنخواہ کا استحقاق

سوال[۷۵۳۳]: ایک پرانے مدرسہ میں نئی کمیٹی کے برسراقتدار آتے ہی پہلی میٹنگ میں مدرسہ میں تقریباً تیس برس پرانے انتہائی صادق، امانت دار، دیانت دار مہتمم کو کسی خامی وغلطی بتائے وثابت کئے بغیر معزول کردیا گیا۔ نئی کمیٹی کی ماتحتی میں مدرسہ کے پرانے مدرسین حسبِ سابق کام کرتے رہے، معمول کے مطابق ششماہی سالانہ امتحانات ہوئے۔ امتحان سالانہ کے بعد حسبِ معمول مدرسہ میں تعطیل ہوگئی کہ اچانک ۴، ۵/ رمضان المبارک کو مدرسہ کے نئے مہتمم کی طرف سے پرانے تمام مدرسین کو- جن کی تعداد نو ہے- مدرسہ سے معطلی کا نوٹس مل جاتا ہے۔ معطلی کا نوٹس ملتے وقت رمضان سمیت مدرسین کی چار چار ماہ کی تنخواہ مدرسہ کے ذمہ باقی تھیں، وسطِ رمضان میں تین ماہ کی تنخواہیں مدرسین کو مل گئیں، مگر رمضان کی تنخواہ دینے سے صاف انکار کردیا گیا۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس طرح بلاقصور تیس سالہ ناظم کو معزول کردینا ازروئے شرع کیسا ہے؟ مذکورہ بالا حالات میں مدرسین رمضان کی تنخواہ پانے کے مستحق ہیں یا نہیں؟ اور نئے ناظم کا مدرسین کی تنخواہیں رمضان کی روک لینا ازروئے شرع کیسا ہے؟

محمد نیاز الدین، پیش امام جامع مسجد چمپانگر، بھاگل پور (بہار)۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کہ ناظم اور مدرسین صحیح طریقے پر حسبِ ضوابطِ مدرسہ پابندی سے کام کررہے ہوں تو بلاوجہ ان کو معزول یا معطل کرنے کا حق نہیں، نہ تنخواہ روکنے کا حق ہے، هكذا يفهم مما فى ردالمحتار، ص: ٣٨٦، تحت مطلب: لايصح عزل صاحب وظيفة بلاجنحة(۱)۔ پوری بات جب معلوم ہوگی کہ فریقِ ثانی کا

---

(۱) "قال فى البحر: واستفيد من عدم صحة عزل الناظر بلا جنحة عدمُها لصاحب وظيفة فى وقف بغير حـ ـحة وعدم أهلية ..... خصوصاً إن كان المقرر عن مدرسٍ أهلٍ، فإن الأهل لم ينعزل، وصرح البزازى فى الصلح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: لايصح عزل صاحب وظيفة بلا جنحة: ۳۸۲/۴، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۹۱/۵، رشيديه)

(وكذا فى فتح القدير، كتاب الوقف: ۲۴۲/۶، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

بیان بھی سامنے آئے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۱/۹۵ھ۔

ناظمِ مدرسہ کا ماتحت مدرسین سے باز پرس کرنا

سوال[۷۵۳۴]: مدرسہ کے ناظم صاحب کا اپنے ماتحت مدرسین کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ سیاست میں حصہ نہ لیں۔تو اگر کوئی مدرس یا صدر مدرس اس کے خلاف کرے اور سیاست میں حصہ لے تو ناظم صاحب کو باز پُرس کا حق ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسی صورت میں ناظم صاحب کو باز پرس کرنے کا حق حاصل ہے، کہ اس نے خلافِ عہد کیوں کیا(۱)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولا﴾ (سورة الإسراء: ۳۴)

"عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال: قلّما خطبنا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم إلا قال: "لاإیمان لمن لا أمانة له، ولا دین لمن لاعهد له". رواه البیهقی". (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، الفصل الثانی، ص: ۱۵، قدیمی)

(وکذا فی مسند أحمد: ۴/۷۵، (رقم الحدیث: ۱۲۷۸۷)، دارإحیاء التراث العربی، بیروت)

مہتم اور منتظم کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اس قسم کی شرائط اپنے مدرسین کے لئے مقرر اور وضع کریں، کیونکہ شریعتِ مطہرہ میں ایسے نظائر موجود ہیں جن میں حاکم کا اپنے محکوم کے لئے ایسی شرائط مقرر کرنا مصرح ہے:

"عن عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه: أنه کان إذا بعث عمّاله، شرط علیهم أن لا ترکبوا برزَوناً، ولا تأکلوا نقیًّا، ولا تلبسوا رقیقاً، ولا تغلقوا أبوابکم دون حوائج الناس، فإن فعلتم شیئاً من ذلک فقد حلت بکم العقوبة، ثم یشیّعُهم". (مشکوة المصابیح، کتاب الإمارة والقضاء، باب ماعلی الولاة من التسیر، الفصل الثالث، ص: ۳۲۴، قدیمی)

اسی طرح قوانین اور قواعد کے تحت فرائضِ منصبیہ کو پورا نہ کرنے کی صورت میں بھی حاکم کو باز پرس کا حق حاصل ہے، جب کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی ممکنہ کوتاہی عمل کے بارے میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا کہ "اگر =

Made Searchable by ScribeTools.com

مہتمم کا ملازم کو اجازت سے چندہ کے سفر کا ٹکٹ بنوانے کے بعد روکنا

سوال[۷۵۳۵]: زید مدرسِ مدرسۂ دینیہ بیمار تھا، آب وہوا کی تبدیلی کی غرض سے بسلسلۂ چندہ مدرسہ سے یعنی منجانب مدرسہ باغونوالی سفر کرنا چاہتا تھا، مہتمم مدرسہ سے ذکر کرنے پر زبانی اجازت دے دی، اور زید نے مہتمم مدرسہ سے ذکر کر کے ٹکٹ روانگی بنوالیا۔ ٹکٹ بن جانے پر مہتمم مدرسہ نے سفر سے بسلسلۂ چندہ انکار کر دیا اور رخصت دینے کا وعدہ کرلیا ہے۔ زید نے سفر کے روز سے تقریباً ایک ہفتہ قبل رخصت کی درخواست دے دی، مہتمم نے مدرسہ سے سفر کے روز عینِ وقت پر رخصت دینے سے انکار کر دیا۔

اگر ایسی صورت میں زید نے اپنے ذاتی صرفہ سے سفر کرلیا تو زید شرعاً مجرم ثابت ہوگا یا نہیں؟ نیز مہتمم صاحب کا بعد وعدہ کے عین وقت پر انکار کرنا جرم ہے یا نہیں؟ نیز صورتِ بالا میں زید کو برخاست کرنا صحیح ہے یا غلط ہے؟

ضابطۂ مدرسہ

۱- طلباء ہوں یا مدرس، تحریری رخصت لینا ضروری ہے، اس کے خلاف کرنے پر تدارک کیا جائے گا۔

۲- باستثناء رخصت اتفاقیہ ایک ماہ بیشتر درخواست دینا ضروری ہے، قانون غیر معمول بہا ہے، زید بلکہ جملہ ملازمین حتی کہ محرر قانون سے وقت سفر تک ناواقف ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مدرس کو ملازمت کا معاملہ کرتے وقت مدرسہ کے کم از کم ان ضوابط کا معلوم کرنا ضروری ہے، جن کی

= میں نیک کام کروں تو میری اتباع کرو اور اگر برا کام ہو تو میری اصلاح کرو" جب کہ حاکم اپنی اصلاح کے لئے رعایا سے اپنی اصلاح کی التجا کرتا ہو تو اسی طرح حاکم کو بھی حق ہے کہ اپنے ماتحت کی اصلاح کرے:

"وروی أنه قال یوماً علی المنبر: یامعاشر المسلمین! ماذا تقولون: لوملت برأسی إلی الدنیا کذا -ومیّل رأسه- فقام إلیه رجل فاستلّ سیفه، وقال: أجل کنا نقول بالسیف کذا -وأشار إلی قطعه- فقال: إیای تعنی بقولک؟ قال: نعم إیاک أعنی بقولی، فنهره عمر ثلثاً وهو ینهر عمر، فقال عمر: رحمک الله، الحمد لله الذی جعل فی رعیتی من إذا تعوّجت قوّمنی". (إزالة الخفاء عن خلافة الخلفاء، الفصل الثانی فی جنس من مقامات الیقین الخ، ص: ۱۵۷، سهیل اکیڈمی لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

پابندی اس کے ذمہ لازم ہے، یا جن کے تحت اس کو مراعاۃ دی جاسکتی ہے، ضوابطِ مدرسہ سے ناواقف رہنا بڑی کوتاہی ہے۔ ذمہ دارانِ مدرسہ (مہتمم وغیرہ) کو بھی لازم ہے کہ مدرس ملازم کو ضوابط سے آگاہ کردیا کریں، تاکہ نظم میں خلل پیدا نہ ہو۔ بعض مدارس میں زبانی اجازت لینا بھی کافی ہوتا ہے، پھر رجسٹر میں اندراج ہوتا ہے اور زبانی انکار بھی کافی ہوتا ہے، اگر وہاں کا معمول یہی ہے تو یہ اجازت کافی تھی (۱)۔ اور اگر مصالحِ مدرسہ کے پیشِ نظر سفر سے مہتمم صاحب نے منع کردیا تو یہ منع بھی صحیح ہے، البتہ ٹکٹ کی واپسی میں جو پیسہ خرچ ہوں وہ مہتمم صاحب دے دیں (۲)۔

پھر حسبِ وعدہ سفر کی رخصت دینا مہتمم صاحب کے ذمہ تھا، لیکن اگر عینِ وقت پر مانعِ قوی پیش آنے کی وجہ سے رخصت نہیں دی تو وہ وعدہ خلافی کے مجرم نہیں (۳) اور اس سفر کے کام کا معاوضہ پانے کا بھی حق

---

(۱) اس لئے کہ امور غیر منصوصہ میں عرف کا اعتبار ہوگا:

"ومالم ينص عليه، حمل على العرف". (ردالمحتار، كتاب البيوع، باب الربا: ۱۷۶/۵، سعيد)

(وكذا في الأشباه والنظائر، الفن الأول، (رقم القاعدة: ۲۲۸) : ۲۶۹/۱، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في قواعد الفقه، (رقم القاعدة: ۱۸۵)، ص: ۹۲، الصدف پبلشرز كراچی)

(۲) واضح رہے کہ مذکورہ صورت میں مدرس وکیل اور سفیر ہے، مہتمم مؤکل ہے اور وکیل کی آمد ورفت کا خرچہ موکل کے ذمہ ہوگا:

"إذا اشترطت الأجرة في الوكالة وأوفاها الوكيل، استحق الأجرة. إطلاقه يدل على أنه لافرق فيما إذا وقّت وقتاً معلوماً لإيفاء الوكالة، أولا". شرح المجلة، (رقم المادة: ۱۴۶۷): ۷۸۹/۲، مكتبه حنفيه)

(وكذا في الفقه الإسلامي، كتاب الوكالة، البحث الأول في تعريف الوكالة: ۴۰۵۸/۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوى الكاملية، كتاب الوكالة، ص: ۱۳۶، مكتبه حقانيه پشاور)

(وكذا في الدرالمختار، كتاب الطلاق، باب النفقة: ۵۷۲/۳، ۵۷۳، سعيد)

(۳) "عن زيد بن أرقم رضي الله تعالىٰ عنه، عن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "إذا وعد الرجل أخاه ومن نيته أن يفي له، فلم يف ولم يجئ للميعاد، فلا إثم عليه". رواه أبوداؤد". (مشكوة المصابيح، كتاب الأدب، باب الوعد، الفصل الثاني، ص: ۴۱۶، قديمي)

(وتفصيله في مرقاة المفاتيح، باب الوعد، الفصل الثاني، (رقم الحديث: ۴۸۸۱) : ۶۱۵/۸، رشيديه)

(وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الحظر والإباحة: ۲۳۶/۳، إدارة القرآن كراچی)

نہیں، لیکن اگر اپنی ذاتی ضرورت سے رخصت لے کر سفر کرے اور مدرسہ کے لئے چندہ بھی لا کر دے اور اس کا معاوضہ طلب نہ کرے تو یہ مدرسہ کے ساتھ خیر خواہی ہے جو کہ موجبِ اجر ہے۔ ہاں! اس میں بھی کوئی مفسدہ ہو تو بچنا لازم ہے۔

مدرسہ کے خیر خواہ کا معمولی بے عنوانی کی وجہ سے الگ کر دینا غلط ہے، پھر اچھا آدمی میسر نہیں ہوتا، لیکن جس کی ذات سے فتنہ پیدا ہوتا ہو، بعد تحقیق اس کو الگ کر دینا لازم ہے، ذاتی تعلقات کی بنا پر ایسے آدمی کو مدرسہ میں رکھنا خیانت ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۵/۹۰ھ۔

دینی مدارس کی مثال صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور تابعین کے دور میں

سوال[۷۵۳۶]: فی زماننا ہمارے ملک میں بہتیرے دینی مدارس قائم ہیں جن میں تعلیم کے ساتھ طلبہ کے طعام و قیام کا بھی بندوبست ہے، آمدنی کے تمام ذرائع عام طور پر عوام کے چندے، زکوۃ وصدقات ہیں۔ کیا یہ جائز ہے؟ کیا اس کی مثال صحابہ اور تابعین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانہ سے ملتی ہے۔ اگر نہیں تو پھر جواب کی کیا صورت ہوگی؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دَورِ حاضر کے دینی مدارس اور موجودہ زمانہ کی درسگاہوں کی مثال عہدِ نبوت علی صاحبہا الصلوۃ والسلام میں اصحابِ صُفّہ کی زندگی ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وینزع وجوباً لو الواقف غیر مأمون، أو عاجزاً، أو ظهره به فسق كشرب خمر ونحوه". (الدرالمختار). "مقتضاه إثم القاضي بتركه والإثم بتوليه الخائن، ولا شک ..... وقدمنا أنه لايعزله القاضي بمجرد الطعن في أمانته، بل بخيانة ظاهرة بيّنة". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۴/۳۸۰، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۷۸، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق، كتاب الوقف: ۴/۲۷۰، دارالكتب العلمية، بيروت)

(۲) اصحاب صفہ بھی فقر، تنگی اور مشقتوں کی زندگی گزار کر علم دین حاصل کرنے میں مصروف رہا کرتے تھے: ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

مدارس اور تبلیغ کی صورت میں خدمتِ دین کا طریقہ

سوال[۷۵۳۷]: حضرتِ والاسلام مسنون! مجھے دارالعلوم کا اجازت نامہ بھیجا جائے تاکہ میں یہاں دین کی خدمت کرسکوں اور تحریر کریں کہ کون کون سے کام خادمِ دین کے سپرد ہوتے ہیں، تاکہ میں لوگوں کو دین بتلاسکوں؟

سید عبدالحمید، موہڑا پونڈی راجوری، کشمیر۔

= "عن عبادة بن الصامت رضی الله تعالیٰ عنه قال: علّمت ناساً من أهل الصفة الكتابة والقرآن، فأهدى إليّ رجلٌ منهم قوساً ليست لي بمال .....اهـ". (مسند الإمام أحمد، حديث عبادة بن الصامت رضی الله تعالیٰ عنه: ۶/ ۴۳۰، (رقم الحديث: ۲۲۱۸۱)، دارإحياء التراث العربی، بيروت)

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه ..... قال فی حديث طويل: قال: "يا أباهر يرة! قلت: لبيک يارسول الله! قال: "ألحِق! أهل الصفة فادعوهم لی". قال: وأهل الصفة أضياف الإسلام لايأوون علی أهل ولامال ولا علی أحد، إذا أتته صدقة، بعث بها إليهم ..... اهـ". (صحيح البخاری، كتاب الرقاق، باب: كيف كان عيش النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم: ۲/ ۹۵۵، قديمی)

"عن عمارة بن غزية أن ربيعة بن أبی عبدالرحمن أخبره أنه سمع أنس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه يقول: أقبل أبو طلحة يوماً فإذا النبی صلی الله تعالیٰ عليا وسلم قائم يقرئ أصحاب الصفة -علی بطنه فصيلٌ من حجر يقيم به صلبه من الجوع- كان شغلهم تفهم الكتاب وتعلمه .....اهـ".

"وعن أبی سعيد الخدری رضی الله تعالیٰ عنه قال: أتیٰ علينا رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم ونحن أناس من ضعفة المسلمين ورجل يقرأ علينا القرآن ويدعولنا". الحديث". (حلية الأولياء، ذكر أهل الصفة: ۱/ ۳۴۲، دارالكتاب العربی بيروت)

"والصفّة كانت موضعاً مظللاً فی مسجد النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم، كان فقراء المهاجرين الذين ليس لهم منزل يسكنونها. وقيل: سُمّوا بأصحاب الصفة؛ لأنهم كانوا يصفون علی باب المسجد؛ لأنهم غرباء". (عمدة القاری، باب نوم الرجال فی المسجد: ۴/ ۱۹۸، إدارة الطباعة المنيرية، بيروت)

الجواب حامداً ومصلیاً:

دارالعلوم دیوبند میں جوقرآن کریم، حدیث شریف، تفسیر، فقہ، اصولِ کلام اور افتاء کی تعلیم باقاعدہ ہوتی ہے جس میں کئی سال صَرف ہوتے ہیں، سہ ماہی، ششماہی، سالانہ امتحانات لئے جاتے ہیں، تب سند دی جاتی ہے۔ اور ہر شخص خدائے پاک کی توفیق سے اپنی استعداد اور صلاحیت کے مطابق تدریس، تالیف، تذکیر وغیرہ دینی علمی خدمات انجام دیتا ہے۔ محض کسی کی درخواست پر اس کو کوئی سند نہیں دی جاتی۔ آپ کو خدمت کا شوق وجذبہ ہے تو تبلیغ کیجئے، مرکزِ تبلیغ نظام الدین دہلی سے جماعت بلوالیجئے وہ جماعت گشت کر کے لوگوں کو مسجد میں نماز کے لئے جمع کرتی ہے، کلمہ سنتی ہے، نماز سنتی ہے، تعلیمی حلقہ قائم کرتی ہے، اس کا پورا نظام سمجھ لیجئے۔

بہتر صورت یہ ہے کہ پہلے آپ خود دہلی نظام الدین جایئے وہاں سب کام دیکھئے، پھر اپنے مقام پر بھی کام شروع کردیجئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے اور آپ سے اپنے دین کی خدمت لے اور ہدایت پھیلائے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۴/۹۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۴/۹۴ھ۔

مدرس کو دوسری جگہ ملازمت کر کے پہلے مدرسہ کو ویران کرنا

سوال[۷۵۳۸]: زید ایک مستند عالم ہے اور ایک مذہبی بین الاقوامی ادارہ میں کام کرتا ہے، چار سال کام کیا، اس کے ساتھ بڑے احسانات کئے گئے، مگر اس سے ایسی کوتاہیاں ہوئیں کہ اگر مہتمم وصدر مدرس نہ سنبھالتے تو یہ کہیں کا نہ رہتا، مگر زید نے اس ادارہ کی اینٹ سے اینٹ بجانے کی کوشش کی۔ طلباء میں پارٹی بندی کرادی اور طلباء سے کہہ دیا کہ میں شوال میں نہیں آؤں گا، تم بھی نہ آنا۔ اور چندہ دہندگان کو سمجھایا کہ فلاں ادارے میں نہ کوئی طالب علم ہے نہ استاد ہے، وہاں نہ لڑکوں کو بھیجنا نہ چندہ دینا۔ اس طرح قدیم ادارہ کو توڑنا اور جدید جگہ پر طلباء کو لے جانا، یا ادھر ادھر منتشر کر کے ادارے کو بند کرانے کی سعی کرنا زید کے لئے جائز ہے یا ناجائز؟

ایم مجاہد فارسٹ رینجر (ریٹائرڈ) بیلگام، کرناٹک۔

Made Se[illegible]pols.com
Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ حرکت سخت مذموم، قابلِ نفرت، قابلِ ملامت ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/۹۵ھ۔

بلاوجہ دینی مدرسہ کو بند کرنا

سوال[۷۵۳۹]: ایک قصبہ میں عرصہ سے ایک مدرسہ اسلامیہ چل رہا ہے، جس کا انتظام چند ممبرانِ کمیٹی اور ایک منیجر کے سپرد ہے، جملہ مسلمان مدرسہ میں چندہ دے کر مدرسہ کی اعانت کرتے ہیں اور عام مسلمانوں کے پیسہ سے مدرسہ کا کام چلتا ہے، سبھی مسلمانوں کے بچے مذہبی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔اب عرصہ ایک ماہ ہوا کہ بغیر کسی وجہ اور میٹنگ اور بغیر کسی مشورہ کے منیجر مذکورہ نے مدرسہ کو تالا لگا دیا، بچوں کی دینی تعلیم بند ہوگئی۔اب جملہ مسلمان پریشان ہیں اور یہ چاہتے ہیں کہ منیجر کو بدل دیں۔اگر از روئے شرع کوئی جرم ثابت ہوتا ہے تو تحریر فرمائیں، جب کہ علمِ دین کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے، اس کا بند کرنے والا کس جرم کا مرتکب ہوا، اور اس کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بلاوجہ دینی مدرسہ کو بند کرنا اور تالا ڈالنا درست نہیں، منیجر کوئی وجہ معقول پیش نہ کرے تو علیحدگی کا مستحق ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۸/۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/۸/۹۲ھ۔

---

(۱) قال اللہ تبارک وتعالیٰ: ﴿ولا تبغ الفساد فی الأرض، إن اللہ لایحب المفسدین﴾ (سورۃ القصص:۷۷)

قال الحافظ ابن کثیر تحتها: "﴿ولا تبغ الفساد﴾: أی لاتکن همتک بما أنت فیه أن تفسد به فی الأرض وتسئ إلی خلق اللہ". (تفسیر ابن کثیر: ۳۹۹/۳، سهیل اکیڈمی، لاهور)

(۲) "وینزع وجوباً لو الواقف -فغیره بالأولی- غیر مأمون، أو عاجزاً، أو ظهر به فسق کشرب خمر ونحوه". (الدرالمختار، کتاب الوقف: ۳۸۰/۴، سعید) .....=

جدید مدرسہ بنانے پر قدیم مدرسہ کا حکم

سوال[۷۵۴۰]: ایک واقف نے حسبِ ذیل شرائط کے ساتھ اپنا مکان مدرسہ کے لئے میمن جماعت کو وقف کر کے سپرد کیا تھا، شرائط یہ تھیں:

۱- مدرسہ میں اہل سنت والجماعت کی بچوں کو تعلیم دی جائے۔

۲- تعلیم کی کوئی فیس نہ لی جائے۔

۳- مدرسہ میں انگریزی تعلیم نہ دی جائے۔

ان شرطوں کے ساتھ یہ مدرسہ تقریباً ساٹھ برس سے چلتا ہے۔ فی الحال میمن جماعت نے مدرسہ کے لئے نیا مکان بنوایا ہے، اور اس مدرسہ کو متولی کو واپس کر دیا ہے، اب یہ مدرسہ چھ ماہ سے بند پڑا ہے۔ مدرسہ قدیم کی کوئی آمدنی نہیں ہے کہ جس سے مدرسہ کو چلایا جا سکے۔ دریافت طلب یہ ہے کہ مذکورہ مدرسہ کو کسی بھی اہل سنت والجماعت کی جماعت برادری کو دیا جا سکتا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱- جو حضرات بھی قرآن پاک اور دینی تعلیم کا انتظام کر سکیں ان کے حوالہ کر دیا جائے (۱) تاکہ واقف کو ثواب پہونچتا رہے اور مدرسہ کو چالو کر دیا جائے۔

۲- اگر آمدنی کی کوئی صورت نہیں تو بالائی حصے میں تعلیم کا انتظام کر دیا جائے اور تحتانی (نیچے) کا حصہ

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۹۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس في ولاية الوقف وتصرف القيم في الأوقاف: ۲/۴۱۳، رشيديه)

(۱) "ولايولى إلا أمين قادر بنفسه أو بنائبه؛ لأن الولاية مقيدة بشرط النظر. وليس من النظر تولية الخائن، وكذا تولية العاجز؛ لأنه يخل بالمقصود". (ردالمحتار: ۴/۳۸۰، كتاب الوقف، مطلب في شروط المتولي، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق: ۵/۳۷۸، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲/۴۰۸، كتاب الوقف، الباب الخامس في ولاية الوقف، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کرایہ پر دیدیا جائے، تاکہ اس کی آمدنی سے مدرسہ کی ضروریات پوری ہوسکیں (۱)۔

۳- اعلیٰ بات یہ ہے کہ تمام مسلمانوں سے چندہ کرکے مدرسہ چلایا جائے اور دونوں منزلوں میں مدرسہ ہی رہے (۲)، کرایہ پر دینے کی ضرورت ہی پیش نہ آئے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/۱/۹۵ھ۔

دینی مکتب و مدرسہ کو ذاتی ملک سمجھنا

سوال[۷۵۴۱]: ایک دینی مکتب و مدرسہ جو عوام کے تعاون سے چلتا ہو، جس میں مقامی مسلمانوں کا کم اور بیرونی مسلمانوں کا تعاون زیادہ ہو، کیا ایسے مکتب یا مدرسہ کو کوئی مخصوص قوم، یا کوئی مخصوص خاندان، یا کوئی مخصوص انسان اپنی ملکیت یا جاگیر سمجھے، یا اپنی ملکیت بنانے کی سعی کرے تو ایسی صورت میں ایسی ملکیت اور مدرسہ کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟ اور ایسی قوم، ایسے خاندان، ایسے انسان کے لئے شرعی حکم کیا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ایسا مدرسہ کسی شخص یا کسی خاندان کی ذاتی ملک نہیں، نہ اس پر دعوائے ملکیت صحیح وقابلِ تسلیم ہے (۳)،

---

(۱) "وهذا كالخان الموقوف على الفقراء إذا احتيج فيه إلى خادم، يكسح الخان ويفتح الباب و يسده، فيسلم المتولى بيتاً من بيوته إلى رجل بطريق الأجرة له ليقوم بذلك، فهو جائز". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۴۱۴/۲، ۴۱۵، كتاب الوقف، الباب الخامس فى ولاية الوقف، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية: ۷۴۶/۵، كتاب الوقف، الفصل السابع فى تصرف القيم فى الأوقاف، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى المحيط البرهانى: ۴۳/۷، كتاب الوقف، الفصل السابع فى تصرف القيم فى الأوقاف، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿و تعاونوا على البر والتقوىٰ﴾ (سورة المائدة : ۲)

(۳) "فإذا تم (الوقف) ولزم، لايملك و لا يرهن". (الدرالمختار). "(قوله لا يملك): أى لا يكون مملوكاً لصاحبه (ولايملك): أى لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه، لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه". (ردالمحتار: ۳۵۱/۴، ۳۵۲، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق: ۳۲۰/۵، كتاب الوقف، رشيديه) ..... =

جو چیز اپنی ملک نہ ہو اس کو اپنی ملکیت سمجھنا، یا قرار دینا غلط ہے، کسی ایسے غلط عمل کی وجہ سے دینی مدرسہ سے تعلق منقطع نہیں کرنا چاہئیے، بلکہ اس کے ساتھ تعاون کرتے رہنا چاہیئے۔ جو لوگ غلط طور پر اس کو اپنی ملک سمجھتے ہیں ان کو فہمائش کی جائے۔ اور یہ بات سمجھ میں بھی نہیں آتی کہ ایسے مدرسہ کو وہ لوگ اپنی ذاتی ملک کیسے سمجھتے ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۸/ ۹۹ھ۔

مدرسہ کا مہتمم کس کا وکیل ہے؟ اور کیا مدرسہ کا چندہ وقف ہے؟

سوال[۷۵۴۲]: ۱..... بعض حضرات رقوم اداروں کے مہتمم صاحبان یا ان کے نمائندوں کو ادا کر دیتے ہیں اور کسی ذاتی مجبوری کی وجہ سے، سفر وغیرہ کی مجبوری سے وہ رقم ادارے کو بہت دیر میں پہونچتی ہے، اس دوران میں دینے والے کا انتقال ہو جاتا ہے۔ تو ان اداروں کے نمائندگان اور مہتمم و منتظم حضرات کے ذمہ اس رقم کی واپسی واجب ہے یا نہیں؟

۲..... نیز اگر مہتمم و منتظم، سفیر وغیرہ کے قبضہ میں بعینہ رقم موجود ہو، یا مدرسہ کے خزانہ میں، یا بینک میں جمع ہے مگر ابھی تک غرباء و مساکین پر خرچ نہیں ہوئی اور نہ ہی اس کی تملیک کرائی گئی تھی کہ دینے والا کا انتقال ہو گیا تو اس رقم کی واپسی اس کے ورثاء کو واجب ہے یا نہیں؟

۳..... نیز جن اداروں کو زکوۃ کی رقم دی جا چکی ہے اور وہ اس کو خرچ بھی کر چکے ہیں، مگر انہوں نے شرعی طریقہ پر تملیک نہیں کرائی، بغیر تملیک کرائے اس کو خرچ کر چکے ہیں تو ان اداروں کو دینے سے زکوۃ ادا ہوگی یا نہیں؟

۴..... سفیر اور مہتمم صاحبان کے نمائندگان امداد دینے والوں کے وکیل، یا غرباء و مساکین و مصارفِ صدقات و زکوۃ کے وکیل ہیں، جب کہ ان اداروں میں مصارفِ زکوۃ موجود ہیں اور ان کے اخراجات کی کفالت وہ ادارہ کرتا ہے؟

محمد احمد تھانوی، مدرسہ اشرفیہ سکھر۔

= (وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف: ۲۸۵/۳، رشيديه)

(وكذا في الهداية: ۶۴۰/۲، كتاب الوقف، مكتبه شركة علميه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....اس مسئلہ سے متعلق حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہٗ نے حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری قدس سرہٗ سے سوال کیا تھا، وہ اور اس کے جواب مع حذفِ مکرر امداد الفتاویٰ: ۲/۲۷۲-۲۷۷، میں منقول ہے جو کہ درج ذیل ہے:

سوال: ''مدرسہ میں جو روپیہ آتا ہے اگر یہ وقف ہے تو بقائے عین کے ساتھ انتفاع کہاں ہے؟ اور اگر یہ ملک معطی کا ہے تو اس کے مرجانے کے بعد واپسی ورثاء کی طرف واجب ہے''؟

جواب: ''عاجز کے نزدیک مدارس کا روپیہ وقف نہیں، مگر اہلِ مدرسہ مثلِ عمالِ بیت المال، معطین وآخذین کی طرف سے وکلاء ہیں، لہٰذا نہ اس میں زکوۃ واجب ہوگی اور نہ معطین واپس لے سکتے ہیں''۔

سوال: ''عمالِ بیت المال منصوب من السلطان ہیں اور سلطان کی ولایت عامہ ہے، اس لئے وہ سب کا وکیل بن سکتا ہے اور مقیس میں ولایتِ عامہ نہیں، اس لئے آخذین کا وکیل کیسے بنے گا؟ کیونکہ نہ تو کیل صریح ہے نہ دلالۃً، اور مقیس علیہ میں دلالت ہے کہ جب وہ اس کے زیرِ اطاعت ہیں تو وہ واجب الاطاعت ہے''۔

جواب: ''بندہ کے خیال میں سلطان میں دو وصف ہیں: **ایک حکومت**: جس کا ثمرہ ہے تنفیذِ حدود وقصاص۔ دوسرا: انتظام حقوقِ عامہ ہے۔

امرِ اول میں کوئی اس کا قائم مقام نہیں ہوسکتا، امرِ ثانی میں اہلِ حل وعقد بوقتِ ضرورت قائم مقام ہوسکتے ہیں، وجہ یہ ہے کہ اہل حل وعقد کی رائے ومشورہ کے ساتھ نصبِ سلطان وابستہ ہے جو بابِ انتظام سے ہے، لہٰذا مالی انتظام مدرس جو برضائے مالک وطلبہ بقائے دین کے لئے کیا گیا ہے، بالا ولیٰ معتبر ہوگا، ذرا غور فرماویں انتظام جمعہ کے لئے عامہ

Made Searchable by ScribeTools.com

کا نصب امام معتبر ہونا ہی جزئیات میں شاید اس کی نظیر ہو سکے‘‘(۱)۔

ایک تحریر تذکرۃ الرشید:۱/۱۶۴ میں زیرِ عنوان ’’**شبہاتِ فقہیہ و مسائلِ مختلف فیہا**‘‘ موجود ہے، اس کو بھی نقل کرتا ہوں:

سوال: ’’مدرسہ میں چندہ وغیرہ کا جو روپیہ آتا ہے وہ وقف ہے یا مملوک؟ اگر وقف ہے تو بقائے عین واجب ہے اور صَرف بالاستہلاک ناجائز۔ اگر مملوک ہے اور مہتمم صاحب وکیل ہے تو معطیٔ چندہ اگر مرجائے تو غرباء اور ورثاء کا حق ہے، اس کی تفتیش وکیل کو واجب ہے۔ زمانۂ شارع علیہ السلام وخلفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں جو بیت المال تھا اس میں بھی یہ اشکال جاری ہے، بہت سوچا مگر قواعدِ شرعیہ سے حل نہ ہوا۔ اور مختلف چندوں کو خلط کرنا استہلاک ہوجانا چاہیے اور مستہلک (بفتح اللام) ملک مستہلِک ہوکر جو صَرف کیا جائے اس کا تبرع ہوگا اور مالکوں کا ضامن ہوگا۔ اگر یہ ہے تو اہلِ مدرسہ یا امینِ انجمن کو سخت دقّت ہے۔ امید ہے کہ جواب باصواب سے تشفی فرماویں گے‘‘۔

جواب: ’’مہتمم، مدرسہ کا قیّم ونائب جملہ طلباء کا ہوتا ہے جیسا کہ امیر نائب جملہ عالَم کا ہوتا ہے، پس جو شئے کسی نے مدرسہ کو دی، مہتمم کا قبضہ خود طلباء کا قبضہ ہے، اس کے قبضہ سے ملکِ معطی سے نکلا اور ملک طلبہ کا ہوگیا، اگرچہ وہ مجہول الکمیۃ والذوات ہوں، مگر نائب معین ہے، پس بعد موتِ معطی کے ملک ورثاء معطی کی اس میں نہیں ہوسکتی۔ اور مہتمم بعض وجوہ میں وکیل معطی کا بھی ہوسکتا ہے۔ بہرحال نہ یہ وقف مال ہے اور نہ ملک ورثۂ معطی کی ہوگی اور نہ خود معطی کی ملک۔ واللہ اعلم‘‘(۲)۔

---

(۱) (إمداد الفتاویٰ، کتاب الوکالة، مہتمم مدرسہ معطین چندہ کی طرف سے وکیل ہے اور زکوۃ کا روپیہ تنخواہ مدرسین میں صرف نہیں کرسکتا، الخ: ۳/۳۱۵، ۳۱۶، مکتبہ دارالعلوم کراچی)

(۲) (تذکرۃ الرشید، عنوان: شبہات فقیہ ومسائل مختلف فیہا: ۱/۱۶۴، إدارہ اسلامیات، لاہور)

(وکذا فی جواہر الفتاویٰ للمفتی عبدالسلام چاٹگامی: ۱/۶۳-۷۵، عنوان: ’’تملیک زکوۃ میں مولانا گنگوہی اور مولانا سہارنپوری رحمہما اللہ تعالیٰ کا موقف‘‘، اسلامی کتب خانہ کراچی)

Made searchable using ScribeTools.com

اس تحریر میں شبہ مولانا صادق الیقین رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور جواب حضرت مولانا گنگوہی قدس سرہٗ کا ہے، امید ہے کہ آپ کا مسئلہ ان تحریرات سے حل ہوجائے گا۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۸/۳/۱۹ھ۔

مدرسہ سے متعلق ایک وصیت نامہ

سوال[۷۵۴۳]: ذیل کی لکھی ہوئی وصیت کے بارے میں کیا حکم ہے؟

''حبیب اللہ! تم میرے انتقال کے بعد جامع مسجد میں تمام نمازیوں سے چند باتیں بتلا دینا، کیونکہ میری طبیعت ٹھیک نہیں چل رہی ہے:

۱- میں نے جو تحریر مدرسہ اور مسجد کے بارے میں لکھی ہے، ان پر عمل کیا جائے، وہ لوگوں کو پڑھ کر سنا دینا۔

۲- تمام لوگ مل کر ایک مجلسِ انتظامیہ بنالیں اس میں ہر طرف کے آدمی ہونے چاہیے، اگر مجلس ٹھیک کام نہیں کرتی تو اس کو بدلا بھی جاسکتا ہے اور دوسری مجلسِ انتظامیہ بنائی جاسکتی ہے۔

۳- جو بھی رقم مسجد یا مدرسہ کے لئے وصول کی جائے اس کی رسید باقاعدہ لوگوں کو دی جائے، بغیر رسید کے کسی کی رقم نہ لینی چاہیے، اور جو رقم وصول کی جائے اسے فوراً ڈاکخانے میں جمع کردیا جائے، کیونکہ آج کل زمانہ بہت نازک ہے۔

۴- میری تحویل بمدِ زکوۃ وصدقات کو تم ڈاکخانے میں جمع کردینا، مدرسہ کے نام جو منتظمہ کمیٹی بنائی جائے اس کو ڈاک خانے کی کتاب دے دینا۔

۵- کسی عالم ہم خیال وعقیدۂ حنفی دیوبندی کو تعلیم کے واسطے مدرسہ میں ضرور مقرر کرنا، میرے بعد تعلیم سے غافل نہ ہونا، ورنہ مجھے بڑا دکھ ہوگا۔ دیکھو! آئندہ اپنے فعل کے تم سب ذمہ دار ہوگے''۔

سائل: حبیب اللہ معرفت مولانا سکندر حسین سمدھن، فرخ آباد۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ سب باتیں شرعاً درست اور مفید ہیں (۱)۔ڈاک خانہ میں ایسی صورت بھی ہے جس میں سود کا معاملہ نہیں، اسی صورت میں جمع کریں اور جو رقوم واجبُ التملیک ہوں ان کو مستحقین تک پہونچانے کا مناسب انتظام کریں (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۲/۹ھ۔

درسگاہ میں گھنٹہ بجنے سے پہلے نشانی رکھ دینا

سوال[۷۵۴۴]: طلبائے دارالعلوم دیوبند عام طور پر ایسا کرتے ہیں کہ اسباق میں بیٹھنے کے لئے گھنٹہ بجنے سے پہلے ہی درسگاہوں میں اپنی نشانی رکھ دیتے ہیں۔اس طور پر نشانی رکھنے سے اس جگہ پر ان کے بیٹھنے کا استحقاق ہوجاتا ہے یا نہیں؟ براہِ کرم جواب عنایت فرمائیں۔

مختار احمد سہارنپور۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

پہلے ہی سے محض اس نشانی کو رکھ دینے کی وجہ سے ان کا حق لازم ومستقر نہیں ہوجاتا، کوئی دوسرا طالب علم آکر وہاں بیٹھ جائے تو گنہگار نہیں ہوگا۔البتہ دوسری جگہ موجود ہو تو نشانی والے کو وحشت میں ڈالنے سے اخلاقاً

---

(۱) "وإن مات القيم وقد أوصى إلى أحد، فوصيُّ القيم بمنزلة القيم. وهذه المسئلة دليلٌ على أن للقيم تفويضاً إلى غيره عند الموت بالوصية؛ لأنه بمنزلة الوصّي عند الموت، وللوصيّ أن يوصي إلى غيره".

(فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الفصل الثاني في نصب المتولي ومايملكه: ۳/۲۵۱-۲۵۲، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: الوصيّ يصير متولياً بلا نصٍ: ۴/۴۲۲، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس في ولاية الوقف وتصرف القيم: ۲/۴۰۹، رشيديه)

(۲) مذکورہ رقم منتظمین کے پاس امانت ہے اور امانت کو مستحقین تک پہنچانا ضروری ہے:

قال الله تبارك وتعالىٰ: ﴿إن الله يأمركم أن تؤدّوا الأمٰنٰتِ إلى أهلها﴾ (سورة النساء: ۵۸)

Made searchable using ScribeTools.com

احتراز مناسب ہے۔

ہاں! اگر کوئی شخص پہلے سے آکر بیٹھ چکا تھا، پھر کسی عارض کی وجہ سے مثلاً تجدیدِ وضو وغیرہ کی وجہ سے اٹھ کر گیا اور نشانی رکھ گیا تاکہ ضرورت سے فارغ ہوکر بلاتشویش آکر بیٹھ جائے تو اس کی جگہ دوسرے کو بیٹھنے کا حق نہیں۔ شامی (۱) وعالمگیری (۲)، شرح اشباہ (۳)، شرح بخاری شریف (۴) میں اس کی تفصیل مذکور ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "فی القنیة: له فی المسجد موضع معین یواظب علیه، وقد شغله غیره، قال الأوزاعی: له أن یزعجه، ولیس له ذلک عندنا، اهـ: أی لأن المسجد لیس ملکاً لأحد. قلت: وینبغی تقییده بما إذا لم یقم عنه علی نیة العود بلا مهلة کمالوقام للوضوء مثلاً، ولا سیما إذا وضع فیه ثوبه لتحقق سبق یده ..... وکذا کل مایکون المسلمون فیه سواء کالنزول فی الرباطات والجلوس فی المساجد المصلوة". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، مطلب فیمن سبقت یده إلی مباح: ۱/۶۶۲، سعید)

(۲) "ذکر الفقیه رحمه الله تعالیٰ فی التنبیه: حرمة المسجد خمسة عشر ..... والتاسع أن لا ینازع فی المکان، والعاشر أن لایضیق علی أحد فی الصف". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس فی آداب المساجد: ۵/۳۲۱، رشیدیه)

(۳) "وقال فی شرح المهذب فی باب الجمعة: لایقام أحد من مجلسه لیجلس فی موضعه، فإن قام باختیاره، لم یکره". (شرح الأشباه والنظائر، القاعدة الثالثة من الفن الأول: ۱/۳۲۱، إدارة القرآن کراچی)

"یجوز لکل واحد الانتفاع بالمباح، لکنه یشترط أن لایضرّ بالعامة". (شرح المجلة، الفصل الثالث فی أحکام الأشیاء المباحة الخ، رقم المادة: ۱۲۵۴)، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(۴) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أنه قال: "من ترک الصف الأول مخافة أن یؤذی مسلماً، أضعف الله له أجر الصف". (شرح صحیح البخاری لابن بطال رحمه الله، کتاب الأذان، باب الصف الأول: ۲/۳۴۶، مکتبة الرشد، ریاض)

الفصل الثانی فی مصارف المدرسة واستبدالها

(مدرسہ کے مصارف اوراس کو بدلنے کا بیان)

مصرف بدلنا

سوال[۷۵۴۵]: زید نے ایک جوڑی بیل مدرسہ کو دے دی، مدرسہ نے اس کو فروخت کر دیا، اب زید کہتا ہے کہ بیلوں کی قیمت بجائے مدرسہ کے مسجد کی تعمیر میں صرف کی جائے۔ کیا زید کا یہ کہنا شرعاً درست ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جب وہ بیل مسجد کو نہیں دیئے، بلکہ مدرسہ کو دیئے ہیں اور مدرسہ نے ان کو فروخت کر دیا تو اب زید کا یہ کہنا کہ ''قیمت مسجد میں خرچ کی جائے'' بے محل ہے، قابلِ اتباع نہیں۔ وہ قیمت مدرسہ ہی میں صرف کی جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

---

(۱) "فإذا تم (أی الوقف) ولزم، لایملک ولایملّک ولا یرهن". (الدرالمختار). "(قوله: لایملک): أی لا یکون مملوکاً لصاحبه. (ولایملّک): أی لا یقبل التملیک لغیره بالبیع ونحوه، لاستحالة تملیک الخارج عن ملکه". (ردالمحتار: ۴/ ۳۵۱، ۳۵۲، سعید)

"(قوله: اتحد الواقف والجهة) من أنه لیس له إعطاء الغلة لغیر مَن عیّنه، لخروج الوقف عن ملکه بالتسجیل، فإنه صریح فی عدم صحة الرجوع عن الشروط ..... وفی الإسعاف: و لا یجوز له أن یفعل إلا ماشرط وقت العقد ..... و فی فتاوی الشیخ قاسم: وماکان من شرط معتبر فی الوقف، فلیس للواقف تغییره و لا تخصیصه بعد تقرره و لا سیما بعد الحکم". (ردالمحتار: ۴/ ۴۵۹، کتاب الوقف، مطلب: لایجوز الرجوع عن الشروط، سعید)

Made Searchable using ScribeTools.com

مدرسہ کی آمدنی سے امارتِ شرعیہ کی امداد

سوال[۷۵۴۶]: ایک مدرسہ کی آمدنی کی رقم سے دوسرے مدارس یا امارتِ شرعیہ وغیرہ کا تعاون جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

ایک مدرسہ کی وقف کی آمدنی دوسرے مدارس، یا امارت شرعیہ کے تعاون میں صرف کرنا جائز نہیں ہے:

"اتحد الواقف والجهة وقلّ مرسوم بعض الوقف عليه بسبب خراب وقف أحدهما، جاز للحاكم أن يصرف من فاضل الوقف الآخر عليه؛ لأنهما حينئذٍ كشئ واحد. وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين، أو رجل مسجداً ومدرسةً، و وقف عليها أوقافاً، لايجوز له ذلك". درمختار على هامش الشامية: ۳/۵۱۵(۱)۔ "فإن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع". شامی: ۳/۴۹۹(۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۸ھ۔

---

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۴/۳۶۰، كتاب الوقف، مطلب فی نقل أنقاض المسجد ونحوه،سعيد)

"قال الخير الرملی: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهی واقعة الفتوى". (ردالمحتار: ۴/۳۶۱، كتاب الوقف، مطلب فی نقل أنقاض المسجد و نحوه، سعيد)

"و قد علم منه أنه لا يجوز لمتولی الشيخونية بالقاهرة صرف أحد الوقفين للآخر". (البحرالرائق: ۵/۳۶۲، كتاب الوقف، رشيديه)

(۲) (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: شرائط الواقف معتبرة، :۴/۳۴۳، سعيد)

(وكذا فی مجمع الأنهر، كتاب الوقف، فصل:۲/۶۰۸، غفاريه كوئٹه)

(وكذا فی تنقيح الفتاوى الحامدية، كتاب الوقف، مطلب: شرط الواقف كنص الشارع: ۱/۱۲۶، مكتبه ميمنيه مصر)

چندہ کا روپیہ جلسۂ انعامی میں خرچ کرنا

سوال[۷۵۴۷]: یہاں مدرسہ اسلامیہ کے لئے قصبہ سے سالانہ چندہ کیا جاتا ہے، جس میں زیادہ تعداد صدقاتِ واجبہ: زکوۃ، چرم قربانی کی ہوتی ہے اور مصارفِ مدرسہ: تنخواہِ مدرسین اور خرچ یتیم خانہ دو بڑی مدیں ہیں، اس کے علاوہ روزمرہ کے کچھ متفرق خرچ ہوجاتا ہے۔ چندہ دہندگان کے ذہن میں اخراجاتِ مدرسہ کی تفصیل نہیں ہوتی اور نہ ہر ہر وقت ان سے ہر ہر خرچ کی اجازت لی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ دو تین سال میں جلسہ انعامی بھی ہوتا ہے جس میں طلباء کو کتابیں انعام میں اور علماء کا خرچِ آمدورفت دیا جاتا ہے۔

آیا یہ خرچِ جلسہ بھی مدرسہ کے چندہ کی رقم میں سے کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ اور اگر بلا اجازت نہیں کیا جاسکتا تو اجازت زکوۃ دہندگان سے لی جایا کرے، یا تملیک کرنے والے جو زکوۃ کی رقم اپنی ملک میں لے کر مدرسہ میں داخل کردیتا ہے، یا قرض لے کر مدرسہ میں دیدیتا ہے، ان کو صدقات کی رقم اپنا قرض ادا کرنے کے لئے دیدی جاتی ہے۔ امید ہے کہ جواب سے مشرف فرمائیں گے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر چندہ دہندگان نے مصرف کی تعیین کردی ہے تو اسی مصرف پر چندہ صرف کیا جائے گا، اس کے خلاف نہ کیا جائے (۱)۔ اگر مصرف کی تعیین نہیں کی، بلکہ مہتمم کو مصالحِ مدرسہ میں صرف کرنے کا کلی اختیار دیدیا ہے تو پھر ہر مصلحت میں صرف کرنا درست ہے (۲)۔ جن رقوم میں تملیک واجب ہے، ان کو بغیر تملیک کے غیر

---

(۱) "ومن اختلاف الجهة: ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهي واقعة الفتوىٰ، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في نقل أنقاض المسجد: ۴/ ۳۶۱، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۳۶۲، رشيديه)

"وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من الموكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار، كتاب الزكوة: ۲/ ۲۶۹، سعيد)

(۲) "مسجدٌ له أوقاف مختلفة، لا بأس للقيم أن يخلط غلتها كلها، وإن خرب حانوت منه، فلا بأس بعمارته من غلة حانوت آخر؛ لأن الكل للمسجد". (البحرالرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۳۶۲، رشيديه) =

Made searchable using ScribeTools.com

محل: یعنی تنخواہ وغیرہ میں صرف کرنا جائز نہیں (۱)۔

جب انعامی جلسہ ہوتا ہے تو ظاہر ہے کہ چندہ دہندگان بھی کثیر مقدار میں جمع ہوتے ہوں گے، ان کے سامنے مدرسہ کا پورا آمد وصرف کا حساب مدّ وار پیش کیا جاتا ہوگا، یہ ان کے لئے ذریعۂ علم ہے، پھر ہر شخص سے علیحدہ علیحدہ ہر ہر مد بتلا کر مصرف (یعنی جو رقم زکوۃ وصدقات کے علاوہ یکمشت مدرسہ میں آتی ہے اس کے لئے تفصیل کی ضرورت نہیں، اجمالی علم ان مدات کا ان کو ہوتا ہی ہے وہ کافی ہے) کا دریافت کرنا ضروری نہیں۔ ہاں! اگر قرائن سے معلوم ہوجائے کہ یہ صاحب اپنا روپیہ فلاں مد میں صرف کرنا پسند نہ کریں گے تو ان کا روپیہ اس مد میں بلا اجازت صرف نہیں کرنا چاہئے۔

اگر اب تک چندہ دہندگان کے سامنے جملہ مدات کو پیش نہیں کیا گیا تو بہتر یہ ہے کہ ان کو ضرور پیش کردیا جائے تاکہ ان کو معلوم ہوجائے کہ ہمارا روپیہ کہاں کہاں صرف ہوتا ہے اور جس شخص کو اس طرح چندہ دینے سے گریز ہو تو وہ اس میں خرچ کرنے سے منع کردے۔ جلسۂ انعامی بھی مصالحِ مدرسہ میں سے ہے۔ رقم واجب التملیک میں مستحقین کو انعام دینا درست ہے اور غیر مستحقین کو بلا تملیک درست نہیں۔ جب رقم واجب التملیک کی تملیک ہوگئی تو اصل دہندہ کی زکوۃ وغیرہ ادا ہوگئی، اب اگر کسی مد میں صرف کرنے کے لئے اجازت کی ضرورت ہو تو جو شخص مالک بننے کے بعد از خود مدرسہ میں دے گا اس سے اجازت لی جائے، سابق دہندہ سے اجازت کی ضرورت نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی غفرلہ، مظاہر علوم سہارنپور ۲۲/۱/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف۔

مجلسِ شوریٰ نے جس کے لئے جو چیز تجویز کردی وہ اسی کے لئے ہے

سوال[۷۵۴۸]: مدرسین کا اس مال سے تنخواہ لینا کیسا ہے جو زکوۃ، صدقہ، امداد میں مخلوط ہو، اور بلا

= (وكذا في البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الرابع في المسجد وما يتصل به: ۲۶۹/۶، ۲۷۰، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الوقف: ۳۶۰/۴، سعيد)

(۱) "وقدمنا أن الحيلة أن يتصدق على الفقير، ثم يأمره بفعل هذه الأشياء. وهل له أن يخلاف أمره؟ لم أره، والظاهر: نعم". (الدر المختار، كتاب الزكوة، باب المصرف: ۳۴۵/۲، سعيد)

تملیک ہو، اگر شوریٰ نے کوئی شئ کسی ایک کے لئے عملہ میں سے منتخب کردی تو کیا دوسرا آدمی اسی عملہ کا اس سے چیزیں لے سکتا ہے، ضرورت کے پیشِ نظر؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

زکوۃ وصدقہ سے تنخواہ لینا درست نہیں ہے(۱)۔شوریٰ نے جس کے لئے جوشئ تجویز کردی، بغیر شوریٰ کی اجازت کے کسی دوسرے کو اُس کے لینے کا حق نہیں (۲)، ضرورت ہوتو شوریٰ سے کہے۔فقط واللہ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مدرسہ کے لئے دی ہوئی رقم اپنے رکھے ہوئے مدرس کو دینا

سوال[۷۵۴۹]: ا.....میں کمیٹی کی طرف سے بنایا ہوا ایک مدرسہ کا مہتمم ہوں۔زید مدرسہ کے نیچے کی منزل کا کرایہ دار ہے، مدرسہ کو کرایہ دیتا چلا آیا ہے۔میری زید سے مخالفت ہوگئی تو زید نے یہ عمل کیا کہ مدرسہ کے ایک کمرہ میں ایک مدرس کو اپنی ذمہ داری پر تعلیم کے لئے بٹھادیا، میں نے بوجہ فتنہ کوئی مخالفت نہیں کی۔زید کے اوپر دوسال کا کرایہ مدرسہ کا واجب ہوگیا، اس سے کرایہ کا مطالبہ کیا گیا تو اس نے جواب دیا کہ میں تو اپنے

---

(۱) زکوۃ کی ادائیگی میں تملیک بلاعوض شرط ہے اور تنخواہ عوض میں دی جاتی ہے لہٰذا یہ جائز نہیں: "هی تملیک المال من فقیر مسلم غیر هاشمی ولا مولاه بشرط قطع المنفعة عن المملک من کل وجه لله تعالیٰ". (البحر الرائق، کتاب الزکوة: ۳۵۲/۲، ۳۵۳، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الزکوة: ۶۵۶/۲، ۶۵۸، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الزکوة، الباب الأول: ۱۷۰/۱، رشیدیه)

(۲) "وقفٌ له متولّ ومشرف، لایکون للمشرف أن یتصرف فی مال الوقف؛ لأن ذلک مفوّض إلی المتولی، والمشرف مأمور بالحفظ لاغیر". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً أو خاناً أو سقایةً أو مقبرةً: ۲۹۷/۳، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الخامس فی ولایة الوقف وتصرف القیم: ۴۱۵/۲، رشیدیه)

(وکذا فی خلاصة الفتاویٰ، کتاب الوقف، الفصل الثانی: ۴۱۱/۴، امجد اکیڈمی، لاهور)

(وکذا فی فتح القدیر، کتاب الوقف: ۲۴۱/۶، مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

رکھے ہوئے مدرس کو تنخواہ دیتا ہوں، آپ کو نہیں دوں گا۔ اس کا یہ عمل کیسا ہے؟ میں اس کے اس عمل سے متفق نہیں ہوں، تو مدرسہ کا دوسال کا کرایہ اس پر واجب ہے، یا شرعاً ادا ہو گیا؟

ایضاً

سوال[۷۵۵۰]: ۲.....شادی وغیرہ کے موقع پر بعض لوگ مدرسہ کو رقم دیتے ہیں، مذکورہ شخص وہ رقم لے کر مدرسہ میں دینے کے بجائے اپنے مدرس کو تنخواہ دیتا ہے۔ اس کا یہ عمل شرعاً کیسا ہے؟ اور یہ سب کچھ میری مخالفت کی وجہ سے کر رہا ہے، اور وہ شادی وغیرہ کی رقم اس کے ذمہ واجب الاداء ہے یا نہیں؟

لئیق احمد، مدرسہ خادم القرآن، سردھنہ میرٹھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... حسبِ معاہدہ زید کے ذمہ کرایہ کا ادا کرنا واجب ہے(۱)، اپنی ذمہ داری پر کسی مدرس کو تنخواہ دینے سے کرایہ ساقط نہیں ہوگا، بلکہ اگر بطورِ چندہ مدرسہ میں وہ روپیہ یا سامان دے، یا طلباء کو کھانا دے اس سے بھی کرایہ ساقط نہیں ہوگا(۲)۔

۲.....جو چیز رقم وغیرہ کسی نے اس کو مدرسہ میں دینے کے لئے دی ہے وہ چیز امانت ہے، اس کے ذمہ لازم ہے کہ مدرسہ کے ذمہ دار کے حوالہ کرے، خود اپنے رکھے ہوئے مدرس کو دینا درست نہیں، اس طرح سے حقِ امانت ادا نہیں ہوتا(۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/ ۵/ ۹۲ھ۔

---

(۱) "واعلم أن الأجر لایلزم بالعقد، فلا یجب تسلیمه به، بل بتعجیله أو شرطه فی الإجارة ..... أو الاستیفاء للمنفعة أو تمکنه منه". (الدر المختار، کتاب الإجارة: ۶/ ۱۰، سعید)

"ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إما بشرط التعجیل أو بالتعجیل أو باستیفاء المعقود علیه، فإذا وجد أحد هذه الثلاثة، فإنه یملکها". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الإجارة، الباب الثانی: ۴/ ۴۱۳، رشیدیه)

(۲) چونکہ مدرس کو زید ہی نے رکھا ہے، لہٰذا زید ہی کے ذمہ اس کی تنخواہ ہے، مدرسے کی رقم سے نہیں دے سکتا ہے، کما تقدم فی الحاشیة المتقدمة.

(۳) قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿إن الله یأمرکم أن تؤدوا الأمٰنٰت إلی أهلها﴾ (سورة النساء: ۵۸)

Made Searchable by ScribeTools.com

سفر بکارِ مدرسہ میں اپنا ذاتی سامان ضائع ہوجائے تو اس کا بدل

سوال[۷۵۵۱]: مدرسہ کے کام سے کہیں گئے اور اپنا ذاتی سامان کھو گیا تو کیا مدرسہ سے مطالبہ کرسکتے ہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۲/۱۴۰۶ھ۔

دینی مدرسہ کے لئے وقف شدہ زمین کی پیداوار اسکول میں دینا

سوال[۷۵۵۲]: والدمرحوم نے اپنی حیات میں ایک دینی مدرسہ کی خدمت کے واسطے مدرسہ میں زمین وقف کی تھی، پہلے دینی تعلیم اور اسی کورس کی تعلیم ہوتی تھی، چند سال بعد ممبران مدرسہ نے اسے بدل کر انگریزی، ہندی شامل کر کے پورا ہائر سکنڈری کورس کے مطابق چلایا۔اس وقت وہ کالج ہے، طلبہ کی وضع قطع بالکل بدل گئی۔گورنمنٹ کی طرف سے روپیہ مدرسہ کو ملتا ہے، سرکاری امتحانات ہوتے ہیں، سرکاری مشورہ سے نصاب میں ترمیم وتنسیخ بھی ہوتی ہے۔والدصاحب اس وقت مخالف ہوئے اور ممبری سے استعفاد یدیا، اور وقف زمین کی پیداوار غلہ دھان وغیرہ بجائے اس مدرسہ میں دینے کے دارالعلوم دیوبند اور دوسرے مدارس کو جہاں دینی تعلیم ہو، دینے لگے۔

اب والدصاحب کا انتقال ہوگیا ہے، ہم چار بھائی ہیں، ہم سب کا بھی وہی خیال ہے جو والدصاحب کا تھا۔کمیٹی والے ہم کو زور دے رہے ہیں کہ تم بھی دو، کیونکہ تمہارے والدصاحب نے مدرسہ میں زمین وقف کی تھی۔ہم جواب دیتے ہیں کہ یہ رجسٹرڈ نہیں ہے کہ آپ کا مدرسہ جس حال میں بھی ہو قیامت تک اس کا غلہ دیا جائے۔بہرحال زمین رجسٹرڈ نہیں ہے۔

---

(۱) "الأصل أن الضمانات فی الذمة لاتجب إلا بأحد الأمرين: إما بأخذ أو بشرط، فإذا عدما، لم تجب. قال: الأخذ وهو الغصب وقبض الرهن والتقاط من غير إشهاد ونحوها، والشرط قبول العقد كالشراء والاستيجار ونحوها". (قواعد الفقه، (رقم القاعدة: ۱۶)، ص: ۱۵، الصدف پبلشرز، كراچی)

(وكذا فی شرح المجلة: ۱/۵۴، (رقم المادة: ۸۲)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

دریافت طلب امر یہ ہے کہ ایسی حالت میں اس کا غلہ اس مدرسہ میں دیا جائے یا دوسرے مدراسِ اسلامیہ کو جہاں دینی تعلیم ہوتی ہے؟ جواب سے نوازیں۔

عبدالمنان چودھری جبدا مانک، گنج کچھاڑ، آسام۔

الجواب حامداًومصلیاً:

جس دینی خدمت کے لئے آپ کے والدِ مرحوم نے وہ زمین مدرسہ کو دی تھی جب وہ خدمت وہاں نہیں رہی، بلکہ اس کے خلاف کا سلسلہ قائم ہوگیا، اور والد صاحب نے خود بھی اس جگہ اس زمین کا غلہ دینا بند کردیا تو آپ سب بھی وہاں غلہ نہ دیں، بلکہ دینی تعلیم پر خرچ کریں۔ واقف کی غرض فوت ہونے کی وجہ سے ممبروں کو اس کے مطالبہ کا حق نہیں۔ غرض! واقف کی رعایت لازم ہوتی ہے، جیسا کہ بحر(۱) تبیین (۲) ردالمحتار وغیرہ میں موجود ہے (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۱/۹۴ھ۔

ایک مدرسہ کی رقم دوسرے مدرسہ کے طالبِ علم کو دینا درست نہیں

سوال[۷۵۵۳]: مدرسہ کے نام پر وصول کی ہوئی رقم کسی ایسے محتاج طالب علم کو دینا جو اس مدرسہ میں داخل نہ ہو، درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جو رقم ایک مدرسہ کے لئے وصول ہوئی ہو، وہ کسی غیر متعلق آدمی کو دینا درست نہیں، اگر چہ وہ کسی

---

(۱) "لو شرط عندالإيقاف ذلک، اعتبر شرطه". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۶۸/۱، رشيديه)

"أجمعت الأمة أن من شروط الواقفين ما هو صحيح معتبر يعمل به". (البحر الرائق: ۴۱۱/۵، كتاب الوقف، رشيديه)

(۲) "لأن شرط الواقف معتبر، فيراعى كالنصوص". (تبيين الحقائق: ۲۶۹/۴، كتاب الوقف، دارالكتب العلمية بيروت)

(۳) "وماخالف شرط الواقف، فهو مخالف للنص ..... سواء كان نصه فى الوقف نصاً أو ظاهراً ..... وشرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه". (ردالمحتار: ۴۹۵/۴، كتاب الوقف، سعيد)

دوسرے مدرسہ کا طالب علم ہی ہو(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۵/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۵/ ۹۲ھ۔

ایک مدرسہ کے لئے جمع شدہ روپیہ دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۵۵۴]: ایک جماعت نے مدرسہ اسلامیہ قائم کرکے اس کے نام رسید وغیرہ بھی جاری کرکے چندہ وصول کیا اور چند ماہ تک مدرسہ کو اس چندہ سے چلاتے رہے، بعد میں کافی رقم ہونے پر چند اشخاص نے دوسری جگہ مدرسہ اسلامیہ جاری کرنے کا ارادہ کیا۔ اب وہ روپیہ جو مدرسہ موجودہ کے لئے جمع کیا گیا تھا دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ حالانکہ پہلے مدرسہ میں روپیہ کی سخت ضرورت ہے اور مدرسہ روپیہ کا سخت محتاج ہے۔ صاف ومدلل جواب باصواب سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جس مدرسہ کے لئے متعین طور پر چندہ وصول کیا ہے جب تک وہ مدرسہ آباد ہو اور اس میں وہ روپیہ خرچ ہوسکتا ہو تو دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا شرعاً جائز نہیں (۲)، کیونکہ جماعت چندہ وصول کنندہ امین ہے،

---

(۱) متولی اور مہتمم مدرسہ رقم دینے والوں کی طرف سے وکیل ہے، اور وکیل کو مؤکل کی تصریح کے خلاف خرچ کرنے کا حق نہیں ہے:"و هنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل و قد أمره بالدفع إلىٰ فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار: ۲/ ۲۶۹، كتاب الزكاة، مطلب: فى زكاة ثمن المبيع وفاء، سعيد)

"و لو اشترى بغلة الوقف ثوباً و دفعه إلى المساكين، يضمن ما نقد من مال الوقف، لوقوع الشراء له". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲/ ۴۱۸، كتاب الوقف، الباب الخامس، رشيديه)

(وكذا فى البحرالرائق: ۵/ ۳۶۰، كتاب الوقف، رشيديه)

(۲) "قال الخير الرملى: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهى واقعة الفتوى". (ردالمحتار: ۴/ ۳۶۱، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد و نحوه، سعيد)

"وأما إذا اختلف الواقف، أو اتحد الواقف واختلف الجهة بأن بنى مدرسةً و مسجداً وعيّن لكلٍ وقفاً، و فضل من غلة أحدهما، لايبدل شرط الواقف ..... و قد علم منه أنه لا يجوز لمتولى =

Made searchable using ScribeTools.com

جس مدرسہ کے لئے وصول کیا ہے اس میں خرچ کرنا ضروری ہے اور دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا امانت اور دیانت کے خلاف ہے، اور جو خیانت کرے وہ متولی و مہتمم بننے کا مستحق نہیں: "وفی الإسعاف: لا یولّی إلا أمین قادر بنفسه أو بنائبه، اهـ". عالمگیری: ۲/۴۰۸(۱)۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

اگر پہلا مدرسہ غیر آباد ہو جائے تب دوسرے مدرسہ میں صرف کرنا درست ہے، بشرطیکہ چندہ دہندگان منع نہ کریں (۲)۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

ایک مدرسہ کا روپیہ دوسرے مدرسہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۵۵۵]: بارات کے سمدھی (معطی) نے بعد تحقیق و تفتیش یہ واضح طور پر بتلایا کہ میں نے کھیڑے والی مسجد اور مدرسہ میں پچاس روپے لوجہ اللہ دیئے ہیں اور حال یہ ہے کہ ان روپیوں کو کسی دوسرے مدرسہ کے متولی نے عیاری سے لے لیا۔ استفتاء یہ ہے کہ ان روپیوں کا کھیڑے والی مسجد اور مدرسہ کے علاوہ کسی دوسرے مسجد یا مدرسہ میں صرف کرنا جائز ہے یا ناجائز؟ جبکہ معطی بار بار یہ کہہ رہا ہے کہ میری یہ خیرات کھیڑے

= الشیخونیة بالقاهرة صرف أحد الوقفین للآخر". (البحر الرائق: ۵/۳۶۲، کتاب الوقف، رشیدیه)

(۱) (الفتاویٰ العالمکیریة: ۲/۴۰۸، کتاب الوقف، الباب الخامس فی ولایة الوقف و تصرف القیم، رشیدیه)

(وکذا فی ردالمحتار: ۴/۳۸۰، کتاب الوقف، مطلب فی شروط المتولی، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق: ۵/۳۷۸، کتاب الوقف، رشیدیه)

(۲) "عن شمس الأئمة الحلوانی: أنه سئل عن مسجد أو حوض خرب، ولا یحتاج إلیه، لتفرق الناس عنه، هل للقاضی أن یصرف أوقافه إلی مسجد أو حوض آخر؟ قال: نعم". (ردالمحتار: ۴/۳۵۹، کتاب الوقف، مطلب فیما لو خرب المسجد أو غیره، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق: ۵/۴۲۲، کتاب الوقف، فصل فی أحکام المسجد، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۲/۴۷۸، کتاب الوقف، الباب الثالث عشر فی الأوقاف التی یستغنی عنها، رشیدیه)

والے مدرسہ اور مسجد کے لئے ہے۔شرعی حکم سے مطلع فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

جس جگہ خرچ کرنے کے لئے وہ روپیہ دیا ہے اسی جگہ خرچ کرنا لازم ہے(۱)، اگر دوسری جگہ خرچ کردیا تو ضمان لازم ہوگا۔اس لئے کہ متولی امین اور وکیل ہے، معطی کی تصریح کے خلاف خرچ کرنے کا اس کو حق نہیں(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ،۲۲/۵/۹۰ھ۔

طلبہ کی انجمن کا روپیہ دارالعلوم میں دینا

سوال[۷۵۵۶]: افریقی طلباء کی ایک انجمن ہے جس کا نام ''افریقا مسلم اسٹوڈنٹس یونین'' ہے، یہ وقتی طور پر معطل قرار دی گئی ہے، اس کا چندہ اکثر جنوبی افریقہ سے آتا تھا، ہم نے وہاں کے ایک رسالہ کے ذریعہ انجمن کے معطل ہونے کا عام اعلان کیا ہے اور یہ بھی اعلان کیا کہ انجمن کا معمولی سامان ڈابھیل کے مدرسہ جامعہ اسلامیہ میں امانت رہے گا، اور رقم دارالعلوم دیوبند میں بطورِ عطیہ دی جارہی ہے۔کیا اس صورت میں اس رقم کو دارالعلوم میں داخل کرسکتے ہیں؟

الجواب حامداً مصلیاً:

چندہ دینے والوں کو اگر یہ منظور ہے اور اس پر کوئی اعتراض نہیں تو ایسا کرنا شرعاً درست ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۱۵/۸/۹۵ھ۔

---

(۱) "و ماخالف شرط الواقف، فهو مخالف للنص ..... وشرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه". (ردالمحتار: ۴۹۵/۴، كتاب الوقف، سعيد)

(وكذا في الأشباه والنظائر: ۱۰۶/۲، كتاب الوقف، الفن الثاني، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في مجمع الأنهر: ۶۰۸/۲، كتاب الوقف، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(۲) "و هنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلىٰ فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار: ۲۶۹/۲، كتاب الزكاة، مطلب: في زكاة ثمن المبيع وفاء، سعيد)

(۳) "الإذن والإجازة توكيل". (شرح المجلة لخالد آتاسي: ۴۰۵/۴، (رقم المادة: ۱۴۵۲)، كتاب =

Made Searchable using ScribeTools.com

موقوفہ کتب کوایک مدرسہ سے دوسرے مدرسہ میں منتقل کرنا

سوال[۷۵۵۷]: ایک قدیم مدرسہ ہے جس میں بہت سی کتب ہیں، اس وقت وہ بند ہے، کوئی بھی فائدہ نہیں ہوتا، بلکہ دیمک کی نذر ہورہی ہے تو کیا شرعی رو سے اگر کوئی شخص جو کسی دوسرے مدرسہ میں پڑھ رہا ہو ان سے استفادہ کرسکتا ہے؟ یا ایک مدرسہ جو جاری ہے البتہ وہ کتب جن کی ضرورت ہے اس وقت رکھی ہوئی ہیں، کوئی فائدہ نہیں اٹھا رہا ہے، فی الحال مدرسہ کو ضرورت ہے، تو کیا کسی کو بطورِ استفادہ دے سکتے ہیں، واپسی ہر حالت میں ضروری ہے بعد استفادہ کے؟ جواب مع حوالہ عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

واقف و مہتممِ مدرسہ اور دیگر اصحابِ رائے باہمی مشورہ کرکے ان کتب کو ایسے مدرسہ میں منتقل کرسکتے ہیں جہاں ان سے استفادہ کیا جاسکے اور دیمک سے بھی حفاظت ہوجائے، واقف کا مقصد بھی فی الجملہ ہو، جیسا کہ درمختار کی جزئیات سے مستفاد ہوتا ہے(۱)۔ دوسرے مدرسہ میں پڑھنے والا قابلِ اطمینان ہو کہ کتابیں واپس

= الوكالة، حقانيه پشاور)

"يشترط أن يكون المؤكل ممن يملك التصرف بالنوع الذى وكله؛ لأن الوكيل يستفيد ولاية التصرف من المؤكل و يقدر عليه من قبله". (شرح المجلة لسليم رستم: ۲/۷۷۴، (رقم المادة ۱۴۵۷)، كتاب الوكالة، الباب الثانى فى بيان شروط الوكالة، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فى ردالمحتار: ۲/۲۶۹، كتاب الزكاة، سعيد)

(۱) "جاز للحاكم أن يصرف من فاضل الوقف الآخر عليه؛ لأنهما كشئ واحد". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۳۶۰، سعيد)

"وحكى أنه وقع مثله فى زمن سيدنا الإمام الأجل فى رباط فى بعض الطرق خرب ولاينتفع المارّة به، وله أوقاف عامرة، فسئل: هل يجوز نقلها إلى رباطٍ آخرٍ ينتفع الناس به؟ قال: نعم؛ لأن الواقف غرضه انتفاع المارة، ويحصل ذلك بالثانى". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد: ۴/۳۶۰، سعيد)

"وقف مصحفاً على أهل مسجد للقراءة إن يحصون، جاز. وإن وقف على المسجد، جاز، ويقرأ فيه، ولايكون محصوراً على هذا المسجد، وبه عرف حكم نقل كتب الأوقاف من محالها =

کردے گا تو اس کو استفادہ کے لئے دینا بھی درست ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/ ۷/ ۱۴۰۰ھ۔

شیخ کے مہمانوں کا مدرسہ کے کلوخ استعمال کرنا

سوال[۷۵۵۸]: جولوگ سہارنپور میں حضرت شیخ کے مہمان بنتے ہیں وہ رمضان میں قبلہٗ، یا بعدہ مدرسہ کے کلوخ بیت الخلاء وغیرہ استعمال کرسکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

رمضان المبارک کے سلسلہ میں جو مہمان حضرت شیخ کی وجہ سے سہارنپور آتے ہیں وہ خود بھی براہِ راست مدرسہ کی خدمت واعانت بڑی مقدار میں کرتے ہیں اور کھانے، بجلی وغیرہ کا وہاں پورا خرچ حضرت شیخ ادا کرتے ہیں، جس میں ڈھیلے بھی شامل ہیں(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/ ۱۱/ ۹۵ھ۔

مدرسہ کا کھانا تبلیغی جماعت کو کھلانا

سوال[۷۵۵۹]: ایک مدرسہ میں مہتمم صاحب نے تبلیغی مرکز قائم کر رکھا ہے، ہر جمعرات کو جماعتیں آتی ہیں تو انہیں مدرسہ کی طرف سے کھانا کھلایا جاتا ہے۔مدرسہ کے روپے سے تبلیغی جماعت کو کھانا کھلانا درست ہے یا نہیں؟ جماعت میں غریب امیر سب ہی قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

ان مہتمم صاحب کا یہ طریقہ غلط ہے، اس کی اصلاح ضروری ہے(۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱۲/۲۸ھ۔

= للانتفاع بها، والفقهاء بذلک مبتلون". (الدر المختار، کتاب الوقف: ۴/ ۳۶۶، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/ ۳۸۱، ۳۸۲، رشیدیه)

(۱) (راجع الحاشیة المتقدمة)

(۲) واضح رہے کہ جب حضرت شیخ مدرسہ کے تمام اخراجات خود برداشت کرتے ہیں تو مہمان گویا حضرت شیخ ہی کی چیز کو استعمال کرتے ہیں، اس لئے اس میں کوئی حرج نہیں۔

(۳) (راجع، ص: ۴۷۷، رقم الحاشیة: ۱)

Made searchable using ScribeTools.com

طلبہ کا غلہ تبلیغی جماعت کو کھلانا

سوال[۷۵۶۰]: کسی مدرسہ میں بچے تعلیم پاتے ہیں اور تبلیغی جماعت بھی آتی ہے، چندہ مدرسہ خیر السلام اور دار المسافرین کے نام سے ہوتا ہے، پھر لوگوں کو یہ معلوم نہیں کہ جس مدرسہ میں ہم غلہ دیتے ہیں اس میں تبلیغی جماعت کے آدمی کھاتے ہیں۔ یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو غلہ مدرسہ میں پڑھنے والے بچوں کے لئے دیا گیا ہے اس میں سے تبلیغی جماعت کے لوگوں کو کھلانا درست نہیں، جب تک دینے والوں کی طرف سے اجازت نہ ہو(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۱۲/۵/۹۱ھ۔

مدرسہ کا روپیہ تبلیغ میں خرچ کرنا

سوال[۷۵۶۱]: ۱..... مدرسہ کا روپیہ تبلیغ میں خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

۲..... مدرسہ کے نام سے جو کچھ وصول ہوتا ہے: روپے، دھان، چاول، پاٹ، آلو، پیاز وغیرہ ان سب چیزوں سے تبلیغ کے مہمانوں اور مبلغین اور سامعین کو کھلانا کیسا ہے، جائز ہے یا نہیں؟

۳..... مدرسہ کے روپے سے کسی آدمی یا مبلغ کو خرچہ دیکر کلکتہ دہلی وغیرہ کسی مرکز، یا اجتماع میں بھیجنا جائز ہے یا نہیں؟

---

(۱) "وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين، أو رجل مسجداً و مدرسةً، و وقف عليهما أوقافاً، لا يجوز له ذلك". (الدر المختار). "(قوله: لا يجوز له ذلك): أى الـ

الخير الرملى: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان

للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهى واقعة الفتوى

مطلب فى نقل أنقاض المسجد و نحوه، سعيد)

"فإن كان الوقف معيناً على شىء، يصرف إليه بعد

كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب، سعيد)

(وكذا فى منحة الخالق على البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۵۷، ر

الفر

(وكذا

يجعل داره مد

۴.....روزانہ جو مٹھی کھانا پکنے کے وقت نکالی جاتی ہے (مدرسہ کے نام) وہ چاول یا آٹا تبلیغ میں خرچ کرنا اور تبلیغ والوں کو کھلانا کیسا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....جو روپیہ مدرسہ میں طلباء کے کھانے، کپڑے کے لئے دیا گیا ہے اس کو تبلیغ میں باہر بھیج کر خرچ نہ کیا جائے (۱)۔

۲.....یہ چیزیں بھی طلباء پر خرچ کرنے کے لئے دی گئی ہوں تو ان کو مواقعِ مسئولہ پر خرچ نہ کریں۔

۳.....اس کا جواب نمبر:۱ سے ظاہر ہے۔

۴.....اس کا جواب نمبر:۲ میں آ گیا، غلہ وغیرہ دینے والوں کو اگر بتادیا جائے کہ اس کو تبلیغ وغیرہ میں بھی خرچ کیا جائے گا اور وہ اس کی اجازت دیدیں تو درست ہے (۲)۔

مدرسین کے لئے خاص کھانا

سوال[۷۵۶۲]: ۱.....مجلسِ منتظمہ کی اجازت سے اگر مدرسہ کے روپے سے مدرسہ کے طلباء کے لئے عام اور مدرسین کے لئے خاص کھانا پکے تو یہ خاص کھانا مدرسین کے لئے جائز ہے یا نہیں، اس کا کیا حکم ہے؟

---

(۱) تقدم تخریجه تحت عنوان: ''طلبہ کا غلہ تبلیغی جماعت کو کھلانا''۔

(۲) ''مسجدٌ له مستغلات و أوقاف أراد المتولی أن یشتری من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصیراً أو حشیشاً ..... قالوا: إن وسع الواقف ذلک للقیم وقال: تفعل ما تری من مصلحة المسجد، کان له أن یشتری للمسجد ماشاء''. (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر: ۴۶۱/۲، رشیدیه)

''فإن فعل، فإن عرف صاحب ذلک، ردّ المال علیه، أو سأله تجدید الإذن فیه''. (التاتارخانیة، کتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فی الأوقاف التی یستغنی عنها: ۸۷۹/۵، إدارة القرآن کراچی)

فی فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۲۹۹/۳، کتاب الوقف، باب الرجل یجد أو خاناً أو سقایةً أو مقبرةً، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....عام اور خاص کا برتاؤ از روئے شرع جائز ہے یا نہیں؟

۳.....کیا اسلام میں اس کی کوئی نظیر یا دلیل موجود ہے؟ اگر ہے تو مہربانی فرما کر تحریر فرمائیں۔

۴.....کیا ایک ہی مجلس میں بیٹھ کر بعض لوگ عام اور بعض لوگ خاص کھانا کھا سکتے ہیں؟ کیا حدیث شریف میں عام وخاص کا کوئی ثبوت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حدیث پاک میں ہے "أنزلوا الناس منازلهم" جیسا کہ مسلم(۱) اور ابوداود(۲) کی روایت سے جامع صغیر ۱/۱۰۸ میں مذکور ہے(۳)۔ اس حدیث کے پیشِ نظر تخصیص وتعمیم کے بے شمار واقعات ظاہر ہوئے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے یہاں ایک سائل آیا تو اس کو معمولی چیز دے کر چلتا کر دیا، ایک مہمان آیا تو اس کو بٹھا کر اہتمام سے کھانا کھلایا(۴)۔ نماز میں بڑے آدمیوں کا صفِ اول میں کھڑا ہونا اور بچوں کا پیچھے ہونا کتبِ فقہ میں مذکور ہے(۵)۔ امام کے قریب اہلِ علم، اہلِ عقل کا کھڑا ہونا حدیث شریف سے ثابت ہے:

---

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أنها قالت: أمرنا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أن ننزل الناس منازلهم". (الصحیح لمسلم: ۱/۴، المقدمة، قدیمی)

(۲) "عن میمون بن أبی شبیب، أن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها مرّ بها سائل، فأعطته کسرةً، ومرّ بها رجل علیه ثیاب وهیأة، فأقعدته فأکل، فقیل لها فی ذلک، فقالت: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "أنزلوا الناس منازلهم". (سنن أبی داؤد: ۲/۳۱۷، کتاب الأدب، باب فی تنزیل الناس منازلهم، امدادیه)

(۳) قال العلامة المناوی رحمه الله تعالیٰ: "أنزلوا الناس منازلهم": أی احفظوا حرمة کل أحد علی قدره، وعاملوه بما یلائم حاله فی دین و علم وشرف، فلا تسوّوا بین الخادم والمخدوم، والرئیس والمرؤوس، فإنه یورث عداوةً وحقداً فی النفوس ..... و قد عدّ الأسکری هذا الحدیث من الأمثال والحِکَم، وقال: هذا مما أدّب به المصطفی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم أمته من إیفاء الناس حقوقَهم من تعظیم العلماء والأولیاء و إکرام ذی الشیبة و إجلال الکبیر وما أشبه". (فیض القدیر شرح الجامع الصغیر: ۵/۲۳۲۲، (رقم الحدیث: ۷۳۵۲)، مکتبه نزار مصطفی الباز ریاض)

(۴) (راجع سنن أبی داؤد، المصدر المتقدم)

(۵) "(یصفّ الرجال) ظاهره یعم العبد (ثم الصبیان، ثم الخناثیٰ، ثم النساء)". (الدرالمختار). =

Made Searchable by ScribeTools.com

"لِيَلِيَنِيْ منكم أولوا الأحلام والنهى"(۱)۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعوت میں عوام وخواص کا فرق کیا کرتے تھے(۲)۔

نشست میں بھی، نوع طعام میں بھی، اَور چیزوں میں کافی فرق ہوتا ہے، مثلاً: مدرس کی تنخواہ زیادہ ہوتی ہے، طالب علم کا وظیفہ کم ہوتا ہے، مدرس اچھے کپڑے پہنتا ہے اور طالب گھٹیا، مدرس کے بیٹھنے کی جگہ نمایاں ہوتی ہے، کبھی دری ہوتی ہے کبھی گدا، کبھی تکیہ بھی، اور طلباء کے واسطے یہ چیزیں نہیں ہوتیں، مدرس کا کمرہ مخصوص ہوتا ہے، عامۃً وہ تنہا رہتا ہے، طلباء ایک کمرے میں کئی کئی رکھے جاتے ہیں۔

غرض تمام ہی چیزوں میں فرق ہوتا ہے اور ان پر اشکال نہیں کیا جاتا، تو کھانے میں ہی اشکال کی کیا وجہ ہے۔ اگر مدرسہ کی طرف سے مدرسین کو کھانا کچھ مخصوص دیا جائے جو کہ جزو تنخواہ ہے اور طلباء کو عام کھانا دیا جائے جو کہ کسی تنخواہ کا جزو نہیں تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/ ۹/ ۱۳۹۹ھ۔

خرچ شدہ رقم سے زائد مدرسہ سے وصول کرنا

سوال[۷۵۶۳]: ہمارے یہاں ایک مدرسہ ہے، مدرسہ کا کوئی کام کیا اور دس روپے خرچ ہوئے اور مدرسہ میں ساڑھے بارہ روپے لکھواتے ہیں۔ تو کیا اس طرح پر مدرسہ کے پیسے لینا جائز ہے؟

= "(قوله: ظاهره يعم العبد) أشار به إلى أن البلوغ مقدم على الحرية، لقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لِيَلِيَنِيْ منكم أولوا الأحلام والنهى": أى البالغون". (ردالمحتار: ۱/ ۵۶۸-۵۷۱، كتاب الصلوة، باب الإمامة، سعيد)

(۱) الحديث بتمامه: "عن أبى مسعود الأنصارى رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يمسح مناكبنا فى الصلوة، ويقول: "استووا و لاتختلفوا، فتختلف قلوبكم، لِيَلِيَنِيْ منكم أولوا الأحلام والنهىٰ، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم". (مشكوة المصابيح، كتاب الصلوة، باب تسوية الصفوف، الفصل الأول، ص: ۹۸، قديمى)

(۲) لم أقف عليه

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ جھوٹ اور فریب ہے جس کا ناجائز ہونا بالکل واضح ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۸۹ھ۔

کمرۂ مسجد میں مدرسہ کا کرایہ مسجد کو دینا

سوال[۷۵۶۴]: ہمارے محلّہ کی مسجد میں ایک کمرہ ایسا ہے جس میں عرصۂ دراز سے پیش امام رہتا تھا اور اس میں بچوں کو دینی تعلیم دیتا تھا۔ایک موقع پر جب کوئی پیش امام نہیں تھا، زید نے مسجد مذکور کے متولی عمر کے کہنے سے کسی تنخواہ کا معاملہ کئے بغیر امامت شروع کردی اور اس کمرہ میں خود رہنے کے بجائے ایک مولوی صاحب کو بچوں کی تعلیم کے لئے مقرر کردیا، بچوں سے کوئی فیس نہیں رکھی گئی۔مولوی صاحب کی تنخواہ آٹے کی چٹکی (۲) اور چندہ سے اہلِ محلّہ کی طرف سے دی جاتی رہی۔متولی عمر نے اس کمرہ کا راستہ بیرونِ مسجد کردیا اور کہا کہ اب اس کمرہ کو کرایہ پر دے گا، زید نے کہا کہ آپ اس کمرہ کا کرایہ نہ لگایئے، ہم نماز تو پڑھایا ہی کرتے ہیں، اس کمرہ کا کرایہ ہماری تنخواہ سمجھ لینا۔

مدرسہ کرایہ دینے سے مجبور ہے، لیکن عمر اپنی بات پر جم گیا۔اکثر واقفینِ مسجد متولی عمر کی اس رائے کے خلاف ہیں، سب کا خیال یہی ہے کہ جب تک امام کے لئے دوسرا کمرہ نہ بن جائے اس وقت تک اس کمرہ کا

---

(۱) قال الله تعالى: ﴿و لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

قال الإمام القرطبى رحمه الله تعالىٰ: "الخطاب بهذه الآية يتضمن جميع أمة محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، والمعنى: لا يأكل بعضكم مال بعض بغير حق، فيدخل فيه القمار، والخداع، والمغصوب، وجحد الحقوق، وما لا تطيب به نفس مالكه، أو حَرّمَتُه الشريعة وإن طابت نفس مالكه".

(تفسير القرطبى: ۲/ ۲۲۵، دارالكتب العلمية بيروت)

(وكذا فى معالم التنزيل للبغوى: ۲/ ۵۰، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من حمل علينا السلاح فليس منا، ومن غشنا فليس منا". (الصحيح لمسلم: ۱/ ۷۰، كتاب الإيمان، باب قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من غشنا، قديمى)

(۲) "چٹکی: مٹھی بھر آٹا، مٹھی بھر چٹکنا"۔(فيروز اللغات، ص: ۵۲۱، فيروز سنز لاهور)

کرایہ لگانا مناسب نہیں۔ متولی عمر نے وعدہ کیا کہ کچھ عرصہ کرایہ دے دوتا کہ مسجد اس پیسہ سے دوسری طرف کھپریل (۱) ڈال دے اور پھر اس طرف مدرسہ منتقل کردینا۔

اس معاہدہ کے تحت مدرسہ نے چودہ ماہ تک مبلغ ۲۱۰/ روپیہ مسجد کو کرایہ دیا اور مدرسہ کے ذمہ دار زید برابر نماز پڑھاتے رہے۔ اس درمیان میں متولی عمر سے کرایہ کی پریشانی برابر کہی جاتی رہی، لیکن متولی عمر نے دوسری طرف کھپریل کا انتظام نہیں کیا، حتی کہ وہ وقت بھی آگیا جب کہ مدرسہ کرایہ دینے سے بالکل مجبور ہوگیا اور تاہنوز مجبور ہے۔ کچھ عرصہ کے بعد متولی عمر نے مسجد کے دوسرے حصے کی طرف چھت بنوائی ہے، لیکن ایک دوسرے پیش امام کو مقرر کردیا اور وہ نئی جگہ ان کے حوالہ کردی اور مدرسہ کے معزز سیکرٹری کے نام عدالت میں کرایہ داری اور تخلیہ کا مقدمہ دائر کردیا۔

زید اور دیگر واقفینِ مسجد کے لئے یہ صورتِ حال بہت پریشان کن ہے، خود عمر کو بھی اس مقدمہ سے تشویش ہے اور اس تنازعہ کا کوئی مناسب حل شریعت کی روشنی میں چاہتا ہے۔ زید کا کہنا ہے کہ چونکہ ہم نے متولی عمر کے کہنے سے امامت کی ہے اس لئے ہمیں تنخواہ کے مطالبہ کا حق ہے، متولی عمر ہمیں امامت کا معاوضہ سابقہ پیش امام حضرات کی تنخواہ کی مناسبت سے دے دیں۔ وہی روپیہ ہم مدرسہ کی طرف سے بطورِ کرایہ ادا کردیں گے۔

دریافت طلب یہ امور ہیں کہ:

۱.....کیا زید کو اب صورتِ مسئولہ میں اپنی تنخواہ کے مطالبہ کا حق حاصل ہے؟

۲.....کیا عمر مسجد کی طرف سے زید کو گذشتہ مہینوں کی تنخواہ دینے اور مدرسہ سے کرایہ لینے کی اس صورت میں معاملہ کرنے کا مجاز ہے؟

۳.....اور مسجد کا متنازعہ مدرسہ کرایہ پر دیا جائے یا بلا کرایہ پر دیا جائے؟

عبدالصبور، کان پور۔

---

(۱) ''کھپرا: چھال، چھلکا، مٹی کا ٹھیکرا جو کھپریل پر بچھایا جاتا ہے، کھپریل: کھپروں سے چھائی ہوئی چھت''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۰۵۳، ۱۰۵۴، فیروز سنز، لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....تنخواہ کا معاملہ نہیں ہوا تھا، لہٰذا زید کو تنخواہ کے مطالبہ کا کوئی حق نہیں، خاص کر جب کہ وہاں تنخواہ دار امام کے بغیر ہی نماز و جماعت ہو رہی تھی (۱)۔

۲.....عمر کو مسجد سے زید کی گذشتہ امامت کی تنخواہ دینے کا اختیار نہیں (۲)، وہ کمرہ اگر امام کے رہنے اور تعلیم دینے کے لئے بنایا گیا تھا تو اس کو کرایہ پر دینا اور اس کا کرایہ وصول کرنا درست نہیں (۳)۔ اگر کرایہ کے لئے بنایا گیا تھا تو کرایہ پر دینا اور کرایہ وصول کرنا درست ہے (۴)۔

۳..... نمبر:۲، سے ظاہر ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۹/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۹/۸۵ھ۔

---

(۱) "وتنعقد بأعرتُک هذه الدار شهراً بكذا؛ لأن العارية بعوض إجارة، بخلاف العكس، أو وهبتُک، أو أجرتُک منافعها شهراً بكذا؟ أفاد أن ركنها الإيجاب والقبول". (الدرالمختار، كتاب الإجارة: ۶/۴، ۵، سعيد)

(۲) "المتولي لو أمياً، فاستأجر الكاتب لحسابه، لايجوز إعطاء الأجرة من مال الوقف. ولو استأجر لكنس المسجد، وفتحه وإغلاقه بمال المسجد، يجوز". (الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الرابع فى المسجد ومايتصل به: ۶/۲۷۲، رشيديه)

(۳) "(قوله: أو جعل فوقه بيتاً، الخ) ظاهره أنه لافرق بين أن يكون البيت للمسجد أولا، إلا أنه يؤخذ من التعليل أن محل عدم كونه مسجداً، فيما إذا لم يكن وقفاً على مصالح المسجد، وبه صرح فى الإسعاف، فقال: وإذا كان السرداب، أو العلو لمصالح المسجد، أو كان وقفاً عليه، صار مسجداً، اهـ. شرنبلالية". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى أحكام المسجد: ۴/۳۵۷، سعيد)

(۴) "(قوله: يراعى شرط الواقف فى إجارته): أى وغيرها لما سيأتى فى الفروع من أن شرط الواقف كنص الشارع، كما سيأتى بيانه إلا فى مسائل تقدمت. (قوله: فلم يزد القيم، الخ) يعنى إذا شرط الواقف أن لا يوجر أكثر من سنة، والناس لا يرغبون فى استيجارها أكثر من سنة أنفع للفقراء، فليس للقيم أن يوجرها أكثر من سنة بل يرفع الأمر للقاضى، حتى يوجرها؛ لأن له ولاية النظر للفقراء، والغائب، =

مدرسہ کے ڈھیلوں کا سفر میں استعمال

سوال[۷۵۶۵]: اپنے مدرسہ کے استنجے کے ڈھیلے ہم طالب علم سفر میں استعمال کر سکتے ہیں، اگر متولی اجازت دے تو وہ شرعاً اجازت سمجھی جاوے گی یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ ڈھیلے مدرسہ میں استعمال کرنے کے لئے ہیں، سفر میں لے جانے کے لئے نہیں (۱)، متولی کی اجازت کے متعلق اول تحقیق کیجئے، خود متولی کو اجازت دینے کی بھی اجازت ہے یا نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور۔

مسجد یا مدرسہ کی رقم پر زکوۃ ہے یا نہیں؟

سوال[۷۵۶۶]: اگر کسی مسجد یا مدرسہ کی رقم نصاب کو پہونچ گئی۔ سال بھر گزرنے کے بعد اس پر زکوۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مدرسہ یا مسجد کے پاس جب رقم بقدرِ نصاب ہو تو اس میں زکوۃ لازم نہیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= والميت وإن لم يشترط الواقف، فللقيم ذلك بلا إذن القاضي، كما في المنح عن الخانية".
(ردالمحتار، كتاب الوقف، فصل يراعى شرط الواقف في إجارته: ۴/۴۰۰، سعيد)

(۱) "صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار: ۴/۴۴۵، مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة، سعيد)

"ما خالف شرط الواقف، فهو مخالف للنص، و هذا موافق لقول مشايخنا كغيرهم: شرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه". (ردالمحتار: ۴/۴۹۵، مطلب: ماخالف شرط الواقف الخ، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق: ۵/۴۱۱، كتاب الوقف، رشيديه)

(۲) "(قوله: ملك نصاب) فلا زكاة في سوائم الوقف والخيل المسبلة، لعدم الملك". (ردالمحتار، كتاب الزكوة، مطلب في أحكام المعتوه: ۲/۲۵۹، سعيد)

"فمنها الملك، فلا تجب الزكوة في سوائم الوقف والخيل المسبلة، لعدم الملك. وهذا لأن في الزكوة تمليكاً، والتمليك في غير الملك لا يتصور". (بدائع الصنائع، كتاب الزكوة، فصل: أما الشروط التي ترجع إلى المال: ۲/۸۸، رشيديه)

(وكذا في حاشية الشلبي على تبيين الحقائق، كتاب الزكوة: ۲/۱۹، دارالكتب العلمية، بيروت)

Made Searchable using ScribeTools.com

الفصل الثالث فی بیع وقف المدرسة والتصرف فیه

(مدرسہ کا وقف فروخت کرنے اور اس میں تصرف کرنے کا بیان)

مدرسہ کی زمین میں مسجد بنانا

سوال[۷۵۶۷]: ۱.....عام مسلمانوں نے مدرسہ بنانے کے لئے چندہ کر کے ایک زمین خریدی اور اس زمین پر مدرسہ کی عمارت بھی بنائی گئی اور اس میں تعلیم بھی عرصہ ۱۵/ سال سے جاری ہے۔ مدرسہ کا نام ''مدرسہ اسلامیہ'' ہے اور اوقاف بورڈ میں ہے، مدرسہ کے نام سے اب تک چندہ بھی مسلمانوں سے کیا جاتا ہے۔ اب شہر رام پور کے کچھ مسلمان یہ چاہتے ہیں کہ مدرسہ کی عمارت جس میں دینی تعلیم ہوتی ہے جو موقوفہ ہے اور بنام مدرسہ ہے، مدرسہ کی عمارت توڑ کر اس پر مسجد بنائیں گے۔ شرعاً مسجد مدرسہ کی موقوفہ زمین پر بنانا جائز ہے یا نہیں؟ اگر ناجائز ہے تو جو مسلمان اس کے لئے از حد سعی کر رہے ہیں ان کے لئے کیا حکم ہے؟ حالانکہ اس مدرسہ کے تھوڑے ہی فاصلہ پر ایک بڑی عالیشان مسجد موجود ہے۔

مدرسہ کی زمین کے علاوہ دوسری جگہ بھی زمین مل سکتی ہے، مگر وہ چند مسلمان صرف ضد میں ہیں کہ ہم لوگ مدرسہ کو ہی مسجد بنائیں گے اور یہ کہتے ہیں کہ مدرسہ کی موقوفہ زمین پر مسجد بنانا جائز ہے۔

مدرسہ کی عمارت کو مسجد بنانے کے لئے فروخت کرنا

سوال[۷۵۶۸]: ۲.....اگر اراکینِ مدرسہ موجودہ عمارت مدرسہ کو مسجد بنانے کے لئے فروخت کر دیں تو اراکینِ مدرسہ کو مسجد کے لئے مدرسہ کی موقوفہ زمین کو فروخت کرنے کا حق ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کہ چندہ مدرسہ کے لئے کیا گیا اور اسی نیت سے دینے والوں نے دیا ہے اور اس پیسے سے زمین خرید کر مدرسہ کے لئے اس کو وقف کر دیا گیا اور پھر مدرسہ تعمیر کر دیا گیا اور اس میں دینی تعلیم جاری ہے، تو اب اس کو گرا کر مسجد تعمیر کرنا یا مسجد کے لئے اس کو خریدنا ہرگز جائز نہیں ہے، حتی کہ مدرسہ کی آمدنی مسجد میں خرچ کرنا بھی

جائزنہیں:

"فإذا تم (أی الوقف) ولزم، لا یملك ولایملّك، ولایعار و لا یرهن". درمختار۔

"(قوله: لایملك): أی لا یکون مملوکاً لصاحبه. (ولایملّك): أی لا یقبل التملیك لغیره بالبیع ونحوه، لاستحالة تملیك الخارج عن ملکه، اهـ". شامی: ۳/۷۶۷(۱).

"اتحد الواقف والجهة وقل مرسوم بعض الموقوف علیه بسبب خراب وقف أحدهما، جاز للحاکم أن یصرف من فاضل الوقف الأٰخر علیه. وإن اختلف أحدهما بأن بنی رجلان مسجدین أو رجلٌ مسجداً ومدرسةً، و وقف علیهما أوقافاً، لایجوز له ذلك". درمختار(۲).

لہٰذا یہ خرید وفروخت بالکل ناجائز ہوگی، ہرگز ایسا نہ کریں (۳)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۲/۸۸ھ۔

مدرسہ کی زمین میں مسجد بنانا

سوال[۷۵۶۹]: ایک شخص نے مدرسہ کے لئے ایک جائیداد وقف کیا اور اس جائیداد کے بعض حصہ میں تو مدرسہ کا گھر بنایا گیا ہے اور بعض قطعۂ زمین اس لئے رکھا کہ اس کو اجارہ پر دے کر منافع سے کل جائیداد کا خراج ادا کیا جائے، البتہ اگر مدرسہ کے متعلق کوئی ضرورت پیش آئے تو اس کو مدرسہ کے کام میں صرف کیا جائے۔اور خراج کا بندوبست متولی کرے گا۔یہ بھی واضح رہے کہ مدرسہ میں جماعت سے نماز پڑھنے کی صورت

---

(۱) (الدر المختار مع رد المحتار، کتاب الوقف: ۴/۳۵۱، ۳۵۲، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق: ۵/۳۴۲، کتاب الوقف، رشیدیه)

(وکذا فی فتح القدیر: ۶/۲۲۰، کتاب الوقف، مصطفی البابی الحلبی مصر)

(وکذا فی الهدایة: ۲/۶۴۰، کتاب الوقف، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

(۲) (الدر المختار، کتاب الوقف: ۴/۳۶۰، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق: ۵/۳۶۲، کتاب الوقف، رشیدیه)

(وکذا فی حاشیة الطحطاوی، کتاب الوقف: ۲/۵۳۸، دارالمعرفة، بیروت)

(۳) "إذا صح الوقف، لم یجز بیعه و لا تملیکه". (الهدایة: ۲/۶۴۰، کتاب الوقف، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

Made searchable using ScribeTools.com

تو ہے مگر شرعی مسجد نہیں ہے، اب متولی جائیداد چاہتا ہے کہ مدرسہ کے گھر کے علاوہ جو قطعہ زمین کا ہے اس میں ایک شرعی مسجد بنا کر جماعت سے نماز پڑھ کر ثواب وافر سے بہرہ مند ہو۔ اب قابلِ دریافت امر یہ ہے کہ مدرسہ میں مسجد شرعی بنانا ضروریاتِ مدرسہ میں شامل ہو کر مسجد شرعی ہو جائے گی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر قریب کوئی دوسری مسجد نہیں جس میں اہلِ مدرسہ نماز ادا کر سکیں، یا مسجد تو موجود ہے مگر تنگ ہے کہ سب اس میں سما نہیں سکتے، یا وہاں نماز پڑھنے کے لئے جانے سے مدرسہ کی مصالح فوت ہوتی ہے، مثلاً: وقت کا زیادہ حرج ہوتا ہے، یا مدرسہ کی حفاظت نہیں رہتی وغیرہ وغیرہ تو مدرسہ کی زمین میں مسجد بنانا ضروریاتِ مدرسہ میں شامل ہے، ایسی حالت میں مسجد مسجدِ شرعی ہوگی (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۶/۱۰/۵۵ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۷/شوال/۱۳۵۵ھ۔

زمین مدرسہ کو دینے کے بعد واپس لینے کا حق نہیں

سوال[۷۵۷۰]: ایک قطعۂ زمین کو مالکانِ زمین نے مدرسہ بدر الاسلام کو منتقل کیا اور دستاویز مستقل رجسٹری کرایا۔ دستاویز کی اصل عبارت یہ ہے:

قبل از اصل دستاویز

''ہم کو شیخ عبد المجید ولد حاجی حافظ شیخ محمد صاحب مرحوم، ساکن قصبہ شاہ گنج پرگنہ انگلی، ڈاکٹر شاہ گنج جون پور، جو کہ ہم مقرّ قطعہ احاطۂ موقوعہ کوڑیا شاہ گنج پرگنہ انگلی کے مالک

---

(۱) "ویبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة". (الدر المختار).

"شَرَطَ الواقف أولا، ثم ماأقرب إلى العمارة، وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة ..... ثم السراج والبساط، وكذلك إلى آخر المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۳۶۶/۴، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد ومايتعلق به: ۴۶۲/۲، رشيديه)

مستقل ہیں، جن پر ہم بنفاذِ جمیع حقوق مالکانہ وقابض دخیل ہیں، علاوہ ہم مقرّ کے کوئی دوسرا شریک وسہیم جائیداد مفصلہ میں نہیں ہے اور ہم مقر حصر طور پر اس کے کریں گے۔ شاہ گنج میں ایک مدرسہ موسوم مدرسہ بدرالاسلام واسطے تعلیم دینی وغیرہ قائم وجاری ہے جس کے لئے عمارت ودرسگاہ کی سخت ضرورت ہے، لہذا ہم مقر کی اپنی خواہش ہوئی کہ بنظرِ ثوابِ عقبیٰ ہم مقر جائیداد متصلہ ذیل کو اغراضِ مدرسہ کے لئے دے دیں، لہذا ہم مقر بحالتِ صحت وبدرستی ہوش وحواس، بلا جبر واکراہ، برضاء ورغبت اپنے بلاتحریکِ ترغیبِ دیگرے ذریعہ تحریر تملیک نامہ پابند شرائطِ ذیل کے ہوتے ہیں، اور حسبِ ذیل اقرار کرتے ہیں:

الف: ہم مقر نے زمین احاطۂ متصلہ ذیل مبلغ ایک سوروپیہ مدرسہ اسلامیہ موسومہ بدرالاسلام کے لئے دیدیا ہے، کارکنان و منتظمینِ مدرسہ کو اختیار ہے کہ احاطۂ ذیل میں درسگاہ یا دارالاقامہ تیار کرادیں، یا مدرسہ کے واسطے بطریقِ مناسب استعمال کریں۔

ب: تا قیامِ مدرسہ مذکورہ جائیداد مذکورہ صرفہ ذیل مکتب مدرسہ میں رہے گی، اگر خدانخوستہ کسی وقت مدرسہ قائم نہ رہے تو اس حالت میں جائیداد مذکورہ مصرحہ ذیل ہم مقر خواہ ورثاء ہم مقر کی طرف عود کر جائے گی اور ہم مقر زندہ رہے تو ہم مقر ورنہ ورثاء کا حق ہوجائے گا۔

ج: تا قیامِ مدرسہ ہم مقر خواہ ہم مقر کے ورثاء کو احاطۂ مذکورہ کو واپس لینے یا قبضہ کرنے کا استحقاق نہیں ہوگا، لہذا ہم مقر نے تملیک نامہ لکھدیا تا کہ سند رہے اور وقتِ ضرورت کام آئے''۔

مدرسہ بدرالاسلام نے زمین ملنے کے بعد اس پر قبضہ کیا اور کچھ تعمیری سلسلہ میں بھی کام ہوا، مگر سرمایہ نہ ہونے کی وجہ سے تعمیر کی تکمیل نہ ہوسکی اور عرصہ سے تعمیری کام رُکا رہا۔ تو اب سوال یہ ہے کہ مدرسہ بدرالاسلام کو دی ہوئی یہ زمین مدرسہ بدرالاسلام کے مہتمم وناظم کی مرضی کے بغیر جب کہ مدرسہ بدرالاسلام پہلے کی طرح اب بھی جاری ہے، بلکہ ترقی پذیر ہے، زمین کو دینے والے لوگ واپس لے کر کوئی مدرسہ یا مکتب جس کا مدرسہ بدر اسلام سے کوئی تعلق نہ ہو، تعمیر کرنا چاہیں تو کیا از روئے شرع جائز ہوگا یا نہیں؟

مہتمم مدرسہ بدرالاسلام، شاہ گنج جون پور، ۴/صفر ۱۳۹۳ھ۔

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

یہ احاطہ دوام کے لئے مدرسہ بدرالاسلام کو دیا گیا ہے جیسا کہ (الف نمبر) میں تصریح ہے، اس پر تا قیامِ مدرسہ، مدرسہ کی ملکیت رہے گی جیسا کہ (الف نمبر) میں مذکور ہے۔ اس کے واپس لینے کا نہ معطی کو حق ہے نہ معطی کے ورثہ کو حق ہے جیسا کہ (ج) میں مذکور ہے۔ مدرسہ بدرالاسلام حسبِ مصالح اس پر تعمیر کا حق رکھتا ہے، اور کسی کو مدرسہ بدرالاسلام کے علاوہ کوئی مکتب و مدرسہ وہاں قائم کرنے کا حق نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۲/۹۳ھ۔

مدرسہ میں زمین دینے کے بعد اس سے انکار کرنا

سوال[۷۵۷۱]: ایک شخص نے کچھ زمین مدرسہ میں دی اور اعلان کیا کہ میں زمین دے چکا، مگر اب وہ انکار کر رہا ہے۔ ایسے شخص کا اعتبار کرنا چاہئے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر زمین مدرسہ میں دینے اور وقف کرنے کے گواہ موجود ہیں تو اس کے انکار کا اعتبار نہیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۹۲ھ۔

---

(۱) "فإذا تم (أی الوقف) ولزم، لا یملک ولایملک ولایعار و لا یرهن". (الدرالمختار). "(قوله: لایملک): أی لا یکون مملوکاً لصاحبه. (ولایملّک): أی لا یقبل التملیک لغیره بالبیع ونحوه". (ردالمحتار: ۴/ ۳۵۱، ۳۵۲، کتاب الوقف، سعید)

"إذا جعل أرضاً وقفاً علی المسجد وسلم، جاز، ولایکون له أن یرجع" (فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۳/ ۲۹۱، باب الرجل یجعل داره مسجداً، کتاب الوقف، رشیدیه)

(وکذا فی البحرالرائق: ۵/ ۳۴۲، کتاب الوقف، رشیدیه)

(۲) "إذا جعل أرضاً وقفاً علی المسجد وسلم، جاز، ولایکون له أن یرجع". (فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۳/ ۲۹۱، باب الرجل، یجعل داره مسجدا، کتاب الوقف، رشیدیه)

(وکذا فی الهدایة: ۲/ ۶۴۰، کتاب الوقف، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

Made Searchable by ScribeTools.com

زمین مدرسہ کو دینے کا ارادہ کرنے سے ملکیت ختم نہیں ہوتی

سوال[۷۵۷۲]: ایک صاحب درسِ نظامی کے مدرسہ میں کچھ زمین دینے کا پختہ ارادہ کر چکے تھے، بعد میں اس مدرسہ کا تعلق حکومت سے کیا گیا، یہ مدرسہ خالص مذہبی مدرسہ نہیں رہا۔ تو یہ زمین کسی دوسرے مدرسہ میں دے سکتے ہیں یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

محض وعدہ وارادہ کر لینے سے وہ زمین اس کی ملک سے خارج نہیں ہوئی (۱)، جس دینی مدرسہ میں اب دینا چاہے تو شریعت کی طرف سے اجازت ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۴/۹۱ھ۔

دینی وقف مدرسہ کو اسلامی اسکول کے لئے دینا

سوال[۷۵۷۳]: ۱..... مدرسہ اسلامیہ عربیہ محلّہ بندوقچیان جس جگہ پر قائم ہے وہ موقوفہ ہے اور واقف کی شرط ہے کہ یہ جگہ مدرسہ اسلامیہ کے لئے وقف کی جاتی ہے، اس میں تعلیمی درسگاہیں، مکان رہائشِ طلبہ واساتذہ کرام، یا باغیچہ صرف مدرسہ اسلامیہ کے لئے بنائے جاسکتے ہیں۔ اس وقت مدرسہ کی تعلیمی حالت یہ ہے کہ درجۂ حفظ وناظرۂ قرآن، اردو میں دینی تعلیم کا رسالہ اور تعلیم الاسلام وغیرہ پڑھائے جاتے ہیں، اور درجہ پانچ تک بیسک ریڈر کی تعلیم ہوتی ہے۔ اب کچھ ترقی پسند لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ اس میں مسلم ہائی اسکول قائم کیا جائے۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس موقوفہ جائیداد میں جو درسگاہیں تعمیر ہیں ان کو مسلم ہائی اسکول کے لئے مدرسہ کی منتظمہ کمیٹی اجازت دے سکتی ہے یا نہیں؟

---

(۱) "و ركنه الألفاظ الخاصة: كأرضي هذه صدقة موقوفة مؤبدة على المساكين، ونحوه من الألفاظ كموقوفةٌ لله تعالىٰ، أو على وجه الخير والبر. واكتفىٰ أبو يوسف بلفظ موقوفة فقط. قال الشهيد: ونحن نفتي به، للعرف". (الدرالمختار مع رد المحتار: ۴/۳۴۰، كتاب الوقف، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲/۳۵۱، كتاب الوقف، الباب الأول، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق: ۵/۳۱۷، ۳۲۰، كتاب الوقف، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....اس موقوفہ جائیداد میں مسلم ہائی اسکول قائم ہوسکتا ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....جب واقف نے اس شرط کی تصریح کردی ہے کہ یہ جگہ مدرسہ اسلامیہ عربیہ کے لئے وقف ہے تو پھر مسلم ہائی اسکول کے لئے منتظمہ کمیٹی کو دینے کی ہرگز اجازت نہیں:"لأن شرط الواقف كنص الشارع". شامی(۱)۔

۲.....بالکل نہیں ہوسکتا۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

کتاب پر وقف لکھ دینے اور موت سے قبل وصیت سے رجوع کرنے کا حکم

سوال[۷۵۷۴]: کسی نے کتاب وغیرہ مدرسہ میں وقف کردیا، یہ لکھ دیا کہ ''میرے بعد مدرسہ بیت العلوم سرائے میر پر یہ کتابیں وقف ہیں''۔تو کیا مدرسہ مذکورہ کو ہی دینا ضروری ہے یا دوسرے مدرسہ کو دے سکتا ہے؟ اگر دوسرے غریب کو دے دے تو گنہگار تو نہیں ہوگا؟ دوسرے یہ کہ صاحبِ نصاب کو کوئی چیز وقف کرسکتا ہے یانہیں؟ میں نے ایک کتاب پر لکھ دیا تھا کہ مدرسہ بیت العلوم پر یہ کتاب وقف ہے، بعد کو مدرسہ کا نام کاٹ دیا، اپنی زندگی میں ان چیزوں کو باوجود ورثاء کے بیچ ڈالے یا کسی کو دے دے تو کوئی گناہ تو نہیں؟

مولانا اصغر حسین صاحب نے مفید الوارثین میں لکھا ہے کہ ''قبل مرض الموت کے اپنی چیز جس کو چاہے دے سکتا ہے''۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اپنے (مرنے کے) بعد مدرسہ میں کتاب کو وقف کرنے کے لئے کہنا یا لکھ دینا وصیت ہے، ایک

---

(۱) "شرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه". (ردالمحتار: ۴/۴۹۵، كتاب الوقف، سعيد)

"صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار: ۴/۴۴۵، كتاب الوقف، سعيد)

"أجمعت الأمة أن من شروط الواقفين ما هو صحيح معتبر يعمل به". (البحر الرائق: ۵/۴۱۱، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق: ۴/۲۶۹، كتاب الوقف، دار الكتب العلمية بيروت)

تہائی مال کے اندر اندر اس کا پورا کرنا ضروری ہے۔ ایسی صورت میں اگر وصیت سے رجوع کرنا چاہے تو اس کو حق ہے:

"شرطه شرط سائر التبرعات، وأن يكون منجزاً، لامعلقاً إلا بكائن، ولا مضافاً، اه". درمختار۔ "(قوله: ولا مضافاً) يعنى إلى مابعد الموت ..... سيأتى فى الشرح أنه يكون وصية لازمة من الثلث بالموت لا قبله، اه". شامى: ٣/٢٦٠(١)۔ "وله: أى للوصىّ الرجوعُ عنها". درمختار: ٥/٤٢١(٢)۔

پس جس مدرسہ کے لئے چاہے وصیت کردے، بشرط الانتفاع سے مقید کرنا بھی درست ہے، کیونکہ یہ درحقیقت وصیت ہے جس کا نفاذ موتِ موصی کے بعد ہوگا(۳)۔ مالک کو اپنی چیز کے متعلق پورا اختیار ہے، مرض الوفات سے پہلے جس کو چاہے دے(۴)، البتہ ہونے والے ورثاء کو محروم کرنے کی نیت نہ ہو، ورنہ ظلم ہوگا(۵)۔ محض

---

(۱) (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: قد يثبت الوقف بالضرورة: ۴/ ۳۴۱، سعيد)

"لوعلق الوقف بموته، ثم مات، صح، ولزم إذا خرج من الثلث". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۲۳، رشيديه)

(وكذا فى تبيين الحقائق، كتاب الوقف: ۴/۲۶۲، دارالكتب العلمية بيروت)

(۲) (الدرالمختار، كتاب الوصايا: ۶/۶۵۸، سعيد)

"وله أن يرجع قبل موته كسائر الوصايا". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۲۲، رشيديه)

(وكذا فى الهداية، كتاب الوصايا، باب فى صفة الوصية، مايجوز من ذلك، ومايستحب منه، ومايكون رجوعاً منه: ۴/۶۵۶، مكتبه شركت علميه ملتان)

(۳) (راجع رقم الحاشية: ۱)

(۴) "كل يتصرف فى ملكه كيف شاء". (شرح المجلة لسليم رستم باز، كتاب الشركة: ۱/۴۵۴، رقم المادة: ۱۱۹۲)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۵) "وفى الخانية: لابأس بتفضيل بعض الأولاد فى المحبة ..... وكذا فى العطايا إن لم يقصد به الإضرار، وإن قصد فسوىٰ بينهم". (الدرالمختار، كتاب الهبة: ۵/۶۹۶، سعيد)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الهبة، فصل فى هبة الوالد للولد: ۳/۲۷۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کتاب پر وقف لکھنے سے وقف تام نہیں ہوتا جب تک وہ مدرسہ میں نہ دیں (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۳/۹۴ھ۔

کیا مدرسہ میں گھڑی دینے کی نیت سے اس کا وقف صحیح ہوجائے گا؟

سوال[۷۵۷۵]: ۱..... کسی شخص نے یہ نیت کی تھی کہ میں مدرسہ میں ایک گھڑی وقف کروں گا، ابھی تک گھڑی لایا نہیں، اور مسجد میں گھڑی کی سخت ضرورت ہے تو اس نے کہا کہ مسجد میں رکھدو، تو ایک حافظ صاحب کا کہنا ہے کہ مدرسہ کی نیت کو بدل کر اب مسجد کی نیت نہیں کرسکتے۔لہذا اس مسئلہ کو واضح کردیں کہ وہ گھڑی کہاں رکھیں؟

تبدیلِ نیت کا وکیل کو حق نہیں

سوال[۷۵۷۶]: ۲..... ایک شخص کے بھائی نے مدرسہ کے واسطے روپیہ بھیجا، اسی کا بھائی اب کہتا ہے کہ مدرسہ کے منتظمین صحیح استعمال نہیں کرتے۔اس لئے اس روپیہ کی کوئی خرید کر جس کی مدرسہ میں ضرورت ہو مدرسہ میں دیدے تو کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... محض نیت وارادہ کرنے سے گھڑی کا مدرسہ میں وقف کرنا لازم نہیں ہوگا (۲)، اس کو یہ بھی حق ہے

---

(۱) "ولو قال: وهبت داری للمسجد أو أعطيتها له، صح، ويكون تمليكاً، فيشترط التسليم، كما لو قال: وقفت هذه المأة للمسجد، يصح بطريق التمليک إذا سلمه للقيم". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر فی المسجد، الفصل الثانی منه: ۲/۴۶۰، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل الحادی والعشرون فی المساجد: ۵/۸۵۳، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی المحيط البرهانی، كتاب الوقف، الفصل الثانی فيما يتعلق بجواز الوقف وصحته: ۷/۱۱، مكتبه غفاريه، كوئٹه)

(۲) "وركنه الألفاظ الخاصة: كأرضی هذه صدقةٌ موقوفةٌ مؤبدةٌ على المساكين، ونحوه من الألفاظ: كموقوفةٌ لله تعالىٰ، أو على وجه الخير والبر. واكتفىٰ أبو يوسف بلفظ موقوفة فقط. قال الشهيد: ونحن نفتی به، للعرف". (الدرالمختار مع ردالمحتار: ۴/۳۴۰، كتاب الوقف، سعيد)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲/۳۵۱، كتاب الوقف، الباب الأول، رشيديه) ..... =

کہ بالکل گھڑی کہیں بھی نہ دے، یہ بھی حق ہے کہ کسی دوسرے مدرسہ میں دیدے، یہ بھی حق ہے کہ مسجد میں دیدے(۱)۔

۲.....جس نے مدرسہ کے لئے روپیہ بھیجا ہے، اگر وہ اس کی طرف سے اجازت ہوتو چاہے روپیہ دیدے، چاہے کوئی چیز مدرسہ کی ضرورت کی خرید کر دیدی جائے، تب تو یہ حق ہے کہ روپیہ نہ دے، بلکہ حسبِ صواب دید کوئی چیز خرید کر دیدے، اگر اجازت نہ ہوتو پھر روپیہ ہی دینا چاہئے (۲)۔ اگر مدرسہ کے انتظام پر اعتماد نہیں تو بھائی کو مشورہ دیکر اجازت حاصل کرلے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

لاوارث زمین میں مدرسہ بنانا

سوال[۷۷۵۷]: ایک مدرسہ ہم لوگوں نے ایسی جگہ قائم کیا ہے جو زمین تکیہ دار کے نام سے مشہور تھی، پھر وہاں امام باڑہ بنایا گیا تو اس نام سے مشہور ہوگئی۔ اس زمین میں آٹھ قبریں تھیں، قبریں مسمار ہونے پر لوگ رہنے لگے۔ امام باڑہ کی تعمیر کا نشان ابھی تک باقی ہے، ہم نے اس میں دینی تعلیم کا مدرسہ قائم کرلیا ہے، کچھ دیواریں بھی بنالی ہیں۔ تو اس جگہ دینی مدرسہ رکھنا مناسب ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

آپ کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ جگہ قبروں کے لئے تھی اور مدت دراز سے وہاں کسی کو دفن نہیں کیا گیا، پرانی قبریں ختم ہوجانے پر لوگ وہاں رہنے لگے، پھر وہاں امام باڑہ بنالیا گیا۔ گویا کہ وہ جگہ لاوارث اور

= (وكذا في البحر الرائق: ۵/۳۱۷، ۳۱۸، كتاب الوقف، رشيديه)

(۱) "كل يتصرف في ملكه كيف شاء". (شرح المجلة لسليم رستم: ۱/۶۵۴، (رقم المادة: ۱۱۹۲)، كتاب الشركة، الباب الثالث في المسائل المتعلقة بالحيطان، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۲) "وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلىٰ فلان، فلايملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار: ۲/۲۶۹، كتاب الزكاة، سعيد)

(وكذا في شرح المجلة لسليم رستم: ۲/۷۷۴، (رقم المادة: ۱۴۵۷)، كتاب الوكالة، الباب الثاني، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

وقف ہے یعنی اس کا کوئی مالک ہی نہیں، جو چاہتا ہے قبضہ کرلیتا ہے۔ ایسی جگہ دینی تعلیم کا مدرسہ بنالیا جائے تو درست ہے(۱)، مگر ایسا طریقہ اختیار نہ کریں کہ فساد برپا ہو، بلکہ حسنِ تدبیر سے کام لیا جائے۔ نیز ایسی جگہ کوئی اپنا ذاتی مکان نہ بنائے(۲)، یا غلط کام کے لئے اس کو استعمال نہ کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۵/۸۹ھ۔

---

(۱) "وأما المقبرة الداثرة إذا بُنی فیها مسجد لیصلی فیه، فلم أرفیه بأساً؛ لأن المقابر وقف، وکذا المسجد، فمعنا هما واحد". (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب: هل تنبش قبور مشرکی الجاهلیةُ یتخذ مکانها مساجد: ۴/۱۷۴، إدارة الطباعة المنیریة، دمشق)

"فإن قلت: هل یجوز أن تبنی المساجد علی قبور المسلمین؟ قلت: قال ابن القاسم: لو أن مقبرةً من مقابر المسلمین عفت، فبنیٰ قوم علیها مسجداً، لم أر بذلک بأساً، وذلک؛ لأن المقابر وقفٌ من أوقاف المسلمین لدفن موتاهم، لایجوز لأحد أن یملکها، فإذا درست واستغنی عن الدفن فیها، جاز صرفها إلی المسجد؛ لأن المسجد أیضاً وقفٌ من أوقاف المسلین، لایجوز تملکه لأحد، فمعنا هما علی هذا واحد". (عمدة القاری شرح صحیح البخاری، المصدر السابق: ۴/۱۷۹)

"ولو بلی المیت وصار تراباً، جاز دفن غیره فی قبره، وزرعه والبناء علیه". (ردالمحتار، کتاب الصلوة، مطلب فی دفن المیت: ۲/۲۳۳، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، الفصل السادس فی القبر والدفن: ۱/۱۶۷، رشیدیه)

(۲) "فإذاتم ولزم، لایملک ولایملک ولایعار ولایرهن". (الدرالمختار). "(قوله: لایملک): أی لایکون مملوکاً لصاحبه (ولایملک): أی لایقبل التملیک لغیره بالبیع ونحوه، لاستحالة تملیک الخارج عن ملکه". (ردالمحتار، کتاب الوقف: ۴/۳۵۱، ۳۵۲، سعید)

"إذا صح الوقف، لم یجز بیعه ولاتملیکه". (الهدایة، کتاب الوقف: ۲/۶۴۰، مکتبه شرکة علمیه ملتان)

(وکذا فی فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف: ۳/۲۸۵، رشیدیه)

مدرسہ کے لئے وقف زمین انگریزی اور بنگلہ تعلیم آنے کی وجہ سے نئے مدرسہ کو دینا

سوال[۷۵۷۸]: زید نے کسی مدرسہ میں پچاس سال پہلے زمین وقف کی تھی، آج تک مدرسہ کو اس کا فائدہ ملتا رہا۔ پہلے نصاب میں صرف، نحو، فارسی، فقہ، منطق تھا اور اب قرآن وحدیث تفسیر تک ترقی ہوچکی ہے، ضرورت کی بنا پر بنگلہ (بنگلہ دیشی زبان) اور انگریزی کا بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ اب واقفوں کا کہنا ہے کہ چونکہ اس میں انگریزی اور بنگلہ آ گئی ہے، اس لئے ہمارے نئے مدرسہ میں اس کو دیدیا جائے۔

الجواب حامداًومصلیاً:

وقف کرتے وقت مدرسہ غالبًا ابتدائی حالت میں تھا، پھر اللہ تعالیٰ نے ترقی دی اور حدیث وتفسیر کی تعلیم بھی شروع ہوگئی، یہ حق تعالیٰ کا انعام ہے اور اس میں واقف کا اخلاص بھی کارفرما ہے۔ جس طرح منطق اور ادب مقصود بالذات نہیں ہے، بلکہ مُعین اور مددگار کی حیثیت سے بقدرِ ضرورت تبعاً پڑھاتے ہیں، اسی طرح اگر کچھ بنگلہ اور انگریزی بھی بقدرِ ضرورت تبعاً پڑھائی جائے تو اس کی وجہ سے واقف کو وقف کے واپس لینے کا حق نہیں (۱)۔

مگر اس کا لحاظ ضروری ہے کہ خدانخواستہ یہ بنگلہ اور انگریزی آہستہ آہستہ مقصود بن کر غالب نہ آجائے، جیسا کہ بہت سے مدارس جو کہ اصالۃً دینی مدراس تھے اور کچھ مدت کے بعد ختم ہوگئے اور دینی تعلیم ختم ہوگئی وہ اسکول اور کالج بن گئے، اس لئے اس کا انتظام پہلے کرلیا جائے، اگر انتظام نہ ہوسکا تو پھر وہاں بنگلہ اور انگریزی کو ہرگز داخل نہ کیا جائے، واقف کے ورثاء کو اس میں جدوجہد کا پورا حق ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "ولا یجوز الرجوع عن الوقف إذا کان مسجلاً". (الدرالمختار: ۴/۴۵۹، کتاب الوقف، سعید)

"إذا جعل أرضه وقفاً علی المسجد وسلم، جاز، ولا یکون له أن یرجع". (فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۳/۲۹۱، باب الرجل یجعل داره مسجداً، کتاب الوقف، رشیدیه)

"فإذا تم (أی الوقف) ولزم، لایملک ولا یرهن". (الدرالمختار: ۴/۳۵۲، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق: ۵/۳۴۲، کتاب الوقف، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

مدرسہ کی زمین سے مدرسہ کے زیرِ تولیت مسجد کی توسیع

سوال[۷۵۷۹]: مسجد چھتہ جو دارالعلوم دیوبند کے زیرِ تولیت ہے اور از اول تا آخر اس کا انتظام وانصرام دارالعلوم سے متعلق ہے، دارالعلوم کی جانب سے ہی اس کے امام اور مؤذن کا تقرر عمل میں آتا ہے اور دارالعلوم ہی کی جانب سے اس کی صفائی اور فرش وشامیانہ کا انتظام ہوتا ہے، اس کی طرف سے اس کی مرمت وغیرہ پر مصارف کئے جاتے ہیں۔ کیا مسجد کے تنگ ہوجانے کی وجہ سے اس کی توسیع کے لئے مدرسہ کی زمین لے کر اس کی توسیع کیا جاسکتی ہے؟ آیا حضرت مہتمم صاحب یا مجلسِ شوریٰ کو یہ اختیار حاصل ہے کہ مدرسہ کی ضرورت سے مسجد کی توسیع کی خاطر مدرسہ کی زمین کو مسجد میں شامل کردیں؟ اس مسجد کی توسیع جانبِ مغرب ہی ممکن ہے جہاں مدرسہ کی زمین واقع ہے، بقیہ جوانب توسیع کرنے میں دشواری ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو زمین مصالحِ مدرسہ کے لئے ہو اور اہلِ مدرسہ کے نزدیک مسجد کی توسیع کی ضرورت ہے تو اس زمین کو داخل مسجد کرکے توسیع کی اجازت ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۳/۹۷ھ۔

مدرسہ کو دوسری جگہ منتقل کرنا

سوال[۷۵۸۰]: اگر مدرسہ دوسری جگہ منتقل ہوا، یا درمیان میں نام بدل دیا گیا، پھر اس کا نام وہی

---

(۱) "ویرفع من غلاتها ما یحتاج إلیه لنوائبها، فما فضل من ذلک، یُصرف إلی عمارة المسجد بموضع کذا ..... و ما فیه مصلحة للمسجد علی أن للقیم أن یتصرف فی ذلک ما یری فیه". (الفتاویٰ التاتارخانیة: ۸۵۲/۵، کتاب الوقف، مسائل وقف المساجد، إدارة القرآن کراچی)

"فیقدم أولاً العمارة الضروریة، ثم الأهم فالأهم من المصالح والشعائر بقدر ما یقوم به الحال، فإن فضل شیء یعطی لبقیة المستحقین؛ إذ لا شک أن مراد الواقف انتظام حال مسجده أومدرسته، لامجرد انتفاع أهل الوقف". (ردالمحتار: ۳۶۸/۴، کتاب الوقف، مطلب: یبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إلیها، سعید)

(وکذا فی بدائع الصنائع: ۳۳۰/۵، کتاب الوقف، رشیدیه)

رکھا گیا تو کیا مہتممِ مدرسہ کسی شرعی قباحت میں ماخوذ ہوگا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

بلاضرورت مدرسہ کو دوسری جگہ منتقل کرنا غرضِ واقف کے خلاف ہے اور منشائے واقف کو حتی الوسع پورا کرنا لازم اور اس کی مخالفت ممنوع ہے(۱)، البتہ اگر پہلی جگہ غیر آباد ہوجائے تو دوسری جگہ منتقل کرنا اور نام بدلنا کچھ درست ہے کہ اس میں اضاعت سے حفاظت ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۸/۳/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۹/ ربیع الاول/ ۶۷ھ۔

مدرسہ کی زمین سے راستہ

سوال[۷۵۸۱]: نقشہ میں جو قدیمی راستہ دکھایا گیا ہے جو مدرسہ کے آخری سرے پر واقع ہے، اس کو اہلِ مدرسہ اب بند کررہے ہیں، چونکہ اہلِ مدرسہ نے راستہ سے بالکل ملی ہوئی زمین اندازاً دوسو روپیہ میں خرید

---

(۱) "و ما خالف شرط الواقف، فهو مخالف للنص، سواء كان نصه فى الوقف نصاً أو ظاهراً ..... شرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه". (ردالمحتار: ۴/۴۹۵، كتاب الوقف، سعيد)

"صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار: ۴/۴۴۵، كتاب الوقف، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق: ۵/۴۱۱، كتاب الوقف، رشيديه)

(۲) "نقل عن شمس الأئمة الحلوانى أنه يجوز للقاضى و للمتولى أن يبيعه و يشترى مكانه آخر وإن لم ينقطع، و لكن يؤخذ بثمنه ما هو خيرٌ منه للمسجد لا يباع. وقد روى عن محمد: إذا ضعفت الأرض الموقوفة عن الاستغلال، والقيم يجد بثمنها أخرى هى أكثر ريعاً، كان له أن يبيعها و يشترى بثمنها ما هو أكثر ريعاً". (البحرالرائق: ۵/۳۴۵، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية: ۵/۸۷۷، كتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فى الأوقاف التى يستغنى عنها و ما يتصل به، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى ردالمحتار: ۴/۳۷۹، كتاب الوقف، مطلب فى الوقف إذا خرب ولم يكن عمارته، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲/۴۰۱، كتاب الوقف، الباب فى ما يتعلق بالشرط فى الوقف، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

لی ہے۔اب اہل محلّہ کومسجد میں جانے اور سڑک دہرہ دون پر جانے میں بہت تکلیفیں ہوں گی۔



اس لئے اہل محلّہ چاہتے ہیں کہ جو زمین نئی مدرسہ نے خریدی ہے،اس میں سے ہمیں چار پانچ فٹ کا ایک راستہ دیدیا جائے۔سوال یہ ہے کہ مدرسہ کی زمین میں سے یہ راستہ دینا جائز ہے یانہیں،جبکہ ہم اپنے قدیمی راستہ کودے رہے ہیں؟فقط۔

سعید احمد کیلاشپوری۔

Made Searchable by ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

جوعام راستہ قدیم زمانے سے ہے جس پر بے روک ٹوک سب ہی چلتے اور گزرتے رہے ہیں، اس کو بند کرنے کا حق نہیں، اہلِ محلّہ اگر کچھ راستہ مانگتے ہیں تو ان کو راستہ دینا چاہیئے، مدرسہ کی دیوار متصل بنانے پر جب راستہ بند ہوجائے اور اہل محلّہ اس کے لئے آمادہ ہیں کہ مدرسہ کی خرید کردہ زمین سے دیوار کے برابر راستہ دیدیا جائے اور جو راستہ صحن میں تھا اس کو مدرسہ کی حدود میں لے لیا جائے تو شرعاً اس میں مضائقہ نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ سبحانہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۶/۹۵ھ۔

مدرسہ کی رقم سے تجارت اور عمارتِ مدرسہ میں مسجد

سوال[۷۵۸۲]: ۱.....ایک مدرسہ میں مدرسہ کی تحویلدار غلہ وغیرہ خرید لیتے ہیں، اگر نفع ہوتا ہے تو مدرسہ کو دے دیتے ہیں، نقصان کو وہ اپنی جیب سے پورا کرتے ہیں۔ کیا یہ طریقہ درست ہے؟

۲.....ایک شخص نے مدرسہ کی عمارت میں اوپر کی منزل پر مسجد بنوائی ہے، یوں کہتے ہیں کہ محلّہ کی مسجد

---

(۱) "أخرج إلى طريق العامة كنيفاً أو ميزاباً أو جرصناً كبرج و جزع و ممر علو وحوض طاقة ونحوها..... جاز إحداثه إن لم يضرّ بالعامة، ولم يمنع منه. فإن ضرّ، لم يحل ..... و لكل أحد منعه ومطالبته بنقضه و رفعه بعده: أى بعد البناء ..... هذا إذا بنى لنفسه بغير إذن الإمام ..... وإن بنىٰ للمسلمين كمسجد و نحوه، لا ينقض. وإن كان يضر بالعامة، لايجوز إحداثه، لقوله عليه السلام: "لا ضرر و لا ضرار فى الإسلام". (الدرالمختار: ۵۹۲/۶، ۵۹۳، كتاب الديات، باب ما يحدث فى الطريق، سعيد)

"قوم بنوا مسجداً واحتاجوا إلى مكان ليتسع، وبجنبه طريق المسلمين، فأخذوا شيئاً من الطريق، وأدخلوه فى المسجد، فإن كان لا يضر بأصحاب الطريق، رجوتُ أن لا يكون به بأس". (التاتارخانية: ۸۴۲/۵، كتاب الوقف، باب أحكام المسجد، إدارة القرآن كراچى)

"قوم بنوا مسجداً و احتاجوا إلى مكان ليسع المسجد، فأخذوا من الطريق، وأدخلوه فى المسجد، إن كان يضرّ بالطريق لا يجوز، وإلا فلا بأس به". (البحرالرائق: ۴۲۸/۵، كتاب الوقف، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

میں لوگ طلباء پر اعتراض کرتے ہیں کہ بدھنی توڑتے ہیں (۱)، شور کرتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ کیا یہ شرعاً مسجد کے حکم میں ہے؟ اور اگر محلّہ کا کوئی شخص اس مسجد میں نماز پڑھے تو اس کو مناسب ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... تحویلدار امین ہے، اس کو امانت کے روپیہ میں اس طرح تصرف کرنے کا حق نہیں، آئندہ احتیاط رکھے (۲)۔

۲..... یہ شرعی مسجد نہیں جب کہ تحتانی منزل مدرسہ کی ہے، یہاں نماز پڑھنے سے مسجد کا ثواب نہیں ہوگا، مگر نماز ادا ہو جائے گی (۳)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۳/۹۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۲۱/۳/۹۳ھ۔

---

(۱) ''بدھنی: مٹی کی ٹونٹی دار لٹیا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۸۹، فیروز سنز لاهور)

(۲) "أهل المسجد لو باعوا غلة المسجد، أو نقض المسجد بغير إذن القاضي، الأصح أنه لايجوز ..... وفي فتاوىٰ النسفية: سئل عن أهل المحلة باعوا وقف المسجد لأجل عمارة المسجد، قال: لايجوز بأمر القاضي وغيره". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر: ۴۶۳/۲، ۴۶۴، رشيديه)

"ولا يجوز للقيم شراء شئ من مال المسجد لنفسه ..... ولا البيع له وإن كان فيه منفعة ظاهرة للمسجد". (البحرالرائق: ۴۰۱/۵، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية: ۸۶۱/۵، كتاب الوقف، مسائل وقف المسجد، إدارة القرآن كراچى)

(۳) "ومن جعل مسجداً تحته سرداب أو فوقه بيت وجعل بابه إلى الطريق وعزله، أو اتخذ وسط داره مسجداً وأذن للناس بالدخول، فله بيعه ويورث عنه؛ لأنه لم يخلص لله تعالىٰ، لبقاء حق العبد متعلقاً به ..... وحاصله: أن شرط كونه مسجداً أن يكون سفله وعلوه مسجداً، لينقطع حق العبد عنه، لقوله تعالىٰ: ﴿وأن المساجد لله﴾". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۴۲۱/۵، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى أحكام المساجد: ۴۵۷/۴-۲۵۸، سعيد)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الوقف، أحكام المساجد: ۸۴۳/۵، إدارة القرآن كراچى)

مدرسہ کے روپیہ سے تجارت

سوال[۷۵۸۳]: درسِ نظامی کورس کے مطابق ایک خالص دینی مدرسہ ہے، اس مدرسہ میں مختلف عطایا بطورِ امداد کے لوگ دیتے ہیں، مثلاً: زکوۃ، صدقۂ فطر، چرم قربانی اوراس کی قیمت، منت وغیرہ کی۔ اور وہ روپیہ مدرسہ کے لڑکوں کے کھانے وغیرہ میں خرچ ہوتا ہے، لیکن مدرسہ کے سیکریٹری صاحب نے مدرسہ کے مفاد کے لئے تجارت کی نیت سے کئی ہزار روپیہ مدرسہ کے فنڈ سے لیکر گول آلو خرید کر برف گھر میں رکھ دیئے، کئی مہینہ کے بعد جب بیچنے کا ارادہ کیا اس وقت آلو کا دام بازار میں گر گیا تھا جس سے سولہ سو روپے کا نقصان ہوا۔

اب سوال یہ ہے کہ مذکورہ بالا طریقہ سے جمع شدہ روپیہ کو لیکر اس طریقہ سے آلو یا اَور کوئی چیز تجارت کی نیت سے خریدنا سیکرٹری صاحب کے لئے جائز ہے یا نہیں؟ اور جو روپیہ نقصان ہوا اس کا ذمہ دار کون ہوگا؟ اور اگر نفع ہوتا تو نفع کے روپیہ کا مالک کون ہوتا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مدرسہ کا روپیہ سیکرٹری کے پاس امانت ہے، اس سے تجارت کرنا جائز نہیں، جتنا نقصان ہوا، اس کا ضمان سیکرٹری پر لازم ہوگا(۱)۔ اگر وہ روپیہ زکوۃ کا تھا تو اتنی مقدار زکوۃ دینے والوں کو واپس کرے، اگر وہ لوگ پھر دیدیں کہ اس کو طلباء پر خرچ کردو تو مستحق طلباء کے لئے اس روپیہ سے کھانے کپڑے کا انتظام کردے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱/۲۹ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۱/۲۹ھ۔

---

(۱) "و مقتضى ماقاله أبو السعود أنه يُقبل قوله فى حق براء ة نفسه، لا فى حق صاحب الوظيفة؛ لأنه أمين فيما فى يده، فيلزم الضمان فى الوقف؛ لأنه عامل له، وفيه ضرر بالوقف". (ردالمحتار: ۴/۴۴۹، كتاب الوقف، مطلب: إذا كان الناظر مفسداً لا يقبل قوله، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق: ۵/۴۰۲، كتاب الوقف، رشيديه)

"ولا يجوز للقيم شراء شئ من مال المسجد لنفسه..... ولا البيع له وإن كان فيه منفعة ظاهرة للمسجد". (البحرالرائق: ۵/۴۰۱، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية: ۵/۸۶۱، كتاب الوقف، مسائل وقف المسجد، إدارة القرآن كراچى)

(۲) "رجل جمع مالاً من الناس لينفقه فى بناء المسجد، وأنفق من تلك الدراهم فى حاجة نفسه، ثم رد =

Made searchable using ScribeTools.com

مدرسہ کی رقم کسی دوسرے مدرسہ کو قرض دینا

سوال[۷۵۸۴]: اراکینِ مدرسہ حسینیہ تجوید القرآن منصور پور مدرسہ کی تحویل میں سے کچھ رقم قرضِ حسنہ شرعیہ کسی مدرسہ کو دینا چاہتے ہیں، ایسی رقم قرضِ حسنہ کے طور پر دینا درست ہے یا نہیں؟ بحکم جناب مہتمم صاحب مدرسہ ہذا یہ امر استفسار طلب ہے۔

عبدالوحید صدر مدرس مدرسہ ہذا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اراکینِ مدرسہ امین ہیں، مدرسہ کی تحویل امانت ہے، امین کو امانت سے قرض دینا جائز نہیں (۱)۔ ہاں! اگر چندہ کی رقم ہو اور چندہ دینے والوں کی طرف سے اجازت ہو تو گنجائش ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۳/۹۴ھ۔

= بدلها فی نفقة المسجد، لا یسعه أن یفعل ذلک. وإذا فعل إن کان یعرف صاحب المال، ردّ الضمان علیه، أو یسأله لیأذن له بإنفاق الضمان فی المسجد". (فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۳/۲۹۹، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً أو خاناً أو سقایةً أو مقبرةً، رشیدیه)

(وکذا فی التاتارخانیة: ۵/۸۷۹، کتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فی الأوقاف التی یستغنی عنها، إدارة القرآن کراچی)

(۱) "وأما حکمها، فوجوب الحفظ علی المودع، وصیرورة المال أمانةً فی یده، ووجوب أدائه عند طلب مالکه. والودیعة لا تودع و لا تعار و لا تواجر ولا ترهن. وإن فعل شیئاً منها، ضمن". (الفتاویٰ العالمکیریة: ۴/۳۳۸، کتاب الودیعة، الباب الأول، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق: ۷/۴۶۷، کتاب الودیعة، رشیدیه)

(وکذا فی الدر المختار: ۵/۶۷۹، کتاب الودیعة، سعید)

(۲) "رجل جمع مالاً من الناس لینفقه فی بناء المسجد، فأنفق من تلک الدراهم فی حاجة نفسه، ثم ردّ بدلها فی نفقة المسجد، لا یسعه أن یفعل ذلک. فإن فعل فإن عرف صاحب ذلک، ردّ المال علیه، أو سأله تجدید الإذن فیه". (التاتارخانیة: ۵/۸۷۹، کتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فی الأوقاف =

مدرسہ کا روپیہ قرض دینا

سوال[۷۵۸۵]: ایک مکتب ہے جس کی زیادہ تر آمدنی چرم قربانی، صدقۂ فطر، غلہ کا چالیسواں حصہ ہے۔ مہتمم مدرسہ نے ایک مدرس کو بطورِ قرض کے کچھ روپیہ دیا تھا، اتفاق سے ان کی موت ہوگئی۔ اب اس قرض کی واپسی کی کوئی شکل نہیں ہے اور نہ مہتمم صاحب ہی موجود ہیں کہ خود قرض کو اپنی طرف سے ادا کردیں۔ اس بارِ قرض کو ختم کرنے کے لئے کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ فطرہ کی آمدنی میں سے کسی غریب کے حوالہ کردیا جائے اور اس غریب ماسٹر صاحب کے قرض کی ادائیگی میں روپیہ مدرسہ میں جمع کرایا جائے۔ اگر یہ صورت شرعاً جائز ہو تو دونوں صاحبان قرض کے بارے میں سبکدوش ہوجائیں گے۔ اور کیا مدرسہ کی اس طرح کی آمدنی سے کسی ضرورت مند کو قرض دیا جاسکتا ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اس طرح قرض ادا کردینا مناسب ہے جب کہ اَور کوئی صورت نہ ہو(۱)۔ مدرسہ کا روپیہ قرض دینے کی اجازت نہیں، مہتمم امین ہے اور امانت میں ایسا تصرف کرنے کا حق نہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

= التی یستغنی عنها، إدارة القرآن کراچی)

"مسجد له مستغلات و أوقاف أراد المتولی أن یشتری من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصیراً أو حشیشاً ..... قالوا: إن وسع الواقف ذلک للقیم وقال: تفعل ما تری من مصلحة المسجد، کان له أن یشتری للمسجد ما شاء". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر: ۲/۴۶۱، رشیدیه)

(۱) "وحیلة الجواز أن یعطی مدیونه الفقیر زکاته، ثم یأخذها عن دینه". (الدرالمختار). "(وحیلة الجواز): أی فیما إذا کان له دین علی معسر وأراد أن یجعله زکاةً عن عین عنده أو عن دین له علی آخر". (ردالمحتار، کتاب الزکوة: ۲/۲۷۱، سعید)

"ومن له علی فقیر دینٌ، وأراد جعله عن زکاة العین، فالحیلة أن یتصدق علیه، ثم یأخذ منه عن دینه، وهو أفضل من غیره". (الأشباه والنظائر، الفن الخامس، الفصل الثالث فی الزکوة: ۳/۲۹۶، إدارة القرآن کراچی)

(۲) "أما حکمها، فوجوب الحفظ علی المودع وصیرورة المال أمانةً فی یده، ووجوب أدائه =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

مدرسہ کا روپیہ اپنے کام میں بطورِ قرض خرچ کرنا

سوال[۷۵۸۶]: مدرسہ کے روپے پیشگی چھ سوسات سوروپے اپنے کام میں خرچ کردینا جائز ہوگا، مدرسہ کے کام کے وقت نہ دے سکے اور ہر مہینہ کی تنخواہ میں کاٹ دیا جائے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جس کے پاس مدرسہ کا روپیہ امانت رکھا ہواس کو وہ روپے اپنے کام میں خرچ کرنا جائز نہیں، یہ خیانت ہے جو کہ بروئے حدیث منافق کی علامت ہے(۱)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۸۹ھ۔

= عندالطلب. والوديعة لا تودع ولاتعار، ولا تواجر ولا ترهن. وإن فعل شيئاً منها، ضمن". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوديعة والأمانة، الباب الأول : ۳۳۸/۴، رشيديه)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوديعه،: ۴۶۷/۷، رشيديه)

"وليس للقيم أن يأخذ مافضل عن وجه عمارة المدرسة ديناً ليصرفها إلى الفقهاء وإن احتاجوا إليه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الخامس فى ولاية الوقف وتصرف القيم: ۴۱۵/۲، رشيديه)

(۱) "عن أبى هرٰيرة رضى الله تعالىٰ عنه عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قالَ: "آية المنافق ثلاث: إذا حدث كذب، وإذا وعد أخلف، وإذا اؤتمن خان". (صحيح البخارى: ۱۰/۱، كتاب الإيمان، باب علامة المنافق، قديمى)

(والصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب خصال المنافق: ۵۶/۱، قديمى)

"و مقتضى ماقاله أبو السعود أنه يقبل قوله فى حق براء ة نفسه، لا فى حق صاحب وظيفة؛ لأنه أمين فيما فى يده، فيلزم الضمان فى الوقف؛ لأنه عامل له، و فيه ضرر بالوقف". (ردالمحتار: ۴۴۹/۴، كتاب الوقف، مطلب: إذا كان الناظر مفسداً لا يقبل قوله، سعيد)

"رجل جمع مالاً من الناس لينفقه فى بناء المسجد و أنفق من تلك الدراهم فى حاجة نفسه، ثم رد بدلها فى نفقة المسجد، لا يسعه أن يفعل ذلك. وإذا فعل إن كان يعرف صاحب المال، رد الضمان عليه، أو يسأله ليأذن له بإنفاق الضمان فى المسجد". (فتاوى قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲۹۹/۳، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً أو سقايةً أو مقبرةً، رشيديه) =

مدرسہ ومسجد کا روپیہ سود پر قرض دینا

سوال[۷۵۸۷]: اگر مسجد، یتیم خانہ، مدرسہ عربی کا چندہ یا دوکان وجائیداد کی آمدنی امام، مہتمم ومدرس کی تنخواہ دینے کے بعد رقم تحویل میں بچ رہتی ہے، اگر کوئی دیانتدار ہزار روپیہ یکمشت اس آمدنی سے لے بغرضِ تجارت اور طے شدہ رقم سالانہ مثلاً دوسو روپیہ دیتا رہے، خواہ اس کو نفع ہو یا نقصان، اور جس وقت رقم طلب کی جاوے گی یکمشت ادا بھی کردے گا۔ تو ایسی چندہ وآمدنی والی رقم دینا شرعاً درست ہے یا نہیں۔ جس کی آمدنی مدرسہ وغیرہ میں صرف ہو جس میں ترقی زیادہ ہو۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

دوسو روپے سالانہ کی جو رقم بطورِ ترقی وآمدنی حاصل ہوگی یہ سود ہے، سود کا معاملہ حرام ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

مدرسہ کی آمدنی ذاتی ضروریات میں بطورِ قرض خرچ کرنا

سوال[۷۵۸۸]: مدرسہ کی آمدنی سکریٹری یا اراکینِ مدرسہ اپنی نجی ضرورتوں میں صرف کر لیتے ہیں، مگر جب ضرورت پڑتی ہے تو دے دیتے ہیں اور مدرسہ کے کام میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں ہوتی۔

= (وكذا في التاتارخانية: ۵/۸۷۹، كتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون في الأوقاف التي يستغني عنها، إدارة القرآن كراچی)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿وأحل الله البيع وحرّم الربوا﴾ (سورة البقرة: ۲۷۵)

وقال الله تعالىٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا اتقوا الله، و ذروا ما بقي من الربوا، إن كنتم مؤمنين﴾ (سورة البقرة: ۲۷۸)

"عن جابر رضي الله تعالىٰ عنه قال: لعن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم آكل الربوا و موكله و كاتبه و شاهديه، وقال: "هم سواءٌ". رواه مسلم". (مشكوة المصابيح، ص: ۲۴۴، كتاب البيوع، باب الربوا، الفصل الأول، قديمی)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

جوروپیہ مسلمانوں نے چندہ میں دیا ہے، یہ روپیہ امانت ہے(۱)، اپنے ذاتی مصارف میں اس کوخرچ کرنا جائزنہیں (۲)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۱/۸۸ھ۔

مدرسہ کے ذمہ دار کا مدرسہ کے روپیہ کو کھالینا

سوال[۷۵۸۹]: زیدنے مسجد یامدرسہ میں یاکسی بھی نیک کام میں روپے دیئے اورامانت داروں نے وہ روپے کھالئے اورحساب نہیں لگایا، توکیادینے والے کوثواب ملے گا؟

عبدالغفار لکھیم پوری۔

الجواب حامداًومصلیاً:

زیدکوثواب ملے گا(۳) درمیان میں کھانے والوں کی پکڑ ہوگی، ان کے ذمہ ضمان لازم ہوگا(۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/۵/۹۴ھ۔

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "آية المنافق ثلاث: إذا حدث كذب، وإذا وعد أخلف، وإذا اؤتمن خان". (صحيح البخاری: ۱/۸، كتاب الإيمان، باب علامة المنافق، قديمی)

(۲) "رجل جمع مالاً من الناس لينفقه فی بناء المسجد، وأنفق من تلك الدراهم فی حاجة نفسه، ثم رد بدلها فی نفقة المسجد، لا يسعه أن يفعل ذلك". (التاتارخانية: ۵/۸۷۹، كتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فی الأوقاف التی يستغنی عنها، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية: ۳/۲۹۹، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، رشيديه)

(۳) قال الله تعالیٰ: ﴿إن المصّدّقين والمصّدّقات و أقرضوا الله قرضاً حسناً، يضٰعف لهم، ولهم أجر كريم﴾ (سورة الحديد: ۱۸)

(۴) قال الله تعالیٰ: ﴿إن الله يأمركم أن تؤدوا الأمنٰت إلی أهلها﴾ (سورة النساء: ۵۸) =

اسکول فنڈ سے شیرینی تقسیم کرنا

سوال[۷۵۹۰]: دینیات کے امتحان میں بچوں اور حاضرین کو شیرینی تقسیم کرنے میں اسکول فنڈ سے خرچ کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

فنڈ میں جمع کرنے والے اگر اس تصرف سے راضی ہیں تو جائز ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ۔

طلبہ کو مدرسہ کی رقم سے انعام دینا

سوال[۷۵۹۱]: ۱.....کیا مہتمم مدرسہ چندہ کی رقم سے طلباء کو ان کی محنت پر انعام دے سکتا ہے؟

= "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "آية المنافق ثلاث: إذا حدث كذب، وإذا وعد أخلف، وإذا أوتمن خان". (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان،باب خصال المنافق: ۱/۵۶، قديمی)

"الأمانة غير مضمونة، فإذا هلكت أو ضاعت بلا صنع الأمين، لايلزمه الضمان. وأما إذا هلكت بتعدی الأمين أو تقصيره، فإنه يضمن". (شرح المجلة: ۱/۴۲۶، (رقم المادة: ۷۶۸)، الكتاب السادس فی الأمانات، الباب الأول فی أحكامه، مكتبه حنفيه كوئٹه)

وكذا ردالمحتار، كتاب الوديعة: ۵/۶۷۹، سعيد)

(۱) "إذا أراد أن يصرف شيئاً من ذلک إلى إمام المسجد أو إلى مؤذن المسجد، فليس له ذلک، إلا إن كان الواقف شرط ذلک فی الوقف". (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر، الفصل الثانی منه: ۲/۴۶۳، رشيديه)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فی نقل أنقاض المسجد: ۴۶۰۴، سعيد)

"مسجد له مستغلات و أوقاف وأراد المتولی أن يشترى من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصيراً أو حشيشاً ..... قالوا: إن وسع الواقف ذلک للقيم وقال: تفعل ما ترى من مصلحة المسجد، كان له أن يشترى للمسجد ما شاء". (فتاوى قاضی خان على هامش الفتاویٰ العالمكيرية : ۳/۲۹۷، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً، رشيديه)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر، الفصل الثانی منه: ۲/۴۶۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....حضرتِ والا! ایک مدرس درکار ہے، ایسا ہو کہ کتبِ متوسط: تلخیص، اصول الشاشی، شرح تہذیب وغیرہ پڑھا سکے، اس کے علاوہ اگر کوئی مدرس درجۂ قرأت کے لئے ہو تو مطلع فرمائیں۔ مولوی محمد یوسف صاحب بہرائچی کا خط جو احقر کے پاس آیا ہے، وہ حضرتِ والا کی خدمت میں روانہ کر رہا ہوں، اگر آنجناب مناسب خیال فرمائیں تو ان ہی کو رکھ لیا جائے، وہ اس سے پیشتر بھی کام کر چکے ہیں۔

عبدالغنی، مدرسہ مدینۃ العلوم سمدھن، ضلع فروخ آباد۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....جس طرح طلبہ کو وظیفہ دے سکتے ہیں اسی طرح چندہ کی رقم سے طلباء کو ان کی محنت اور امتحان میں کامیابی پر ان کو انعام بھی دے سکتے ہیں (۱)۔

۲.....الحمدللہ! سب خیریت ہے، استفتاء کا جواب تحریر کر دیا۔ مولانا محمد یوسف صاحب پہلے وہاں رہ چکے ہیں، وہاں کے آدمی اُنہیں جانتے ہیں، آپ نے بھی ان کو نزدیک سے دیکھا ہے، مجھ سے زیادہ آپ ان سے واقف ہیں، ایسی حالت میں آپ کی رائے ان شاء اللہ خیر ہوگی، استخارہ مسنونہ کر لیں تو زیادہ اچھا ہے۔ اگر ان کا معاملہ ہو جائے تو پھر شاید آپ کو مدرس کی ضرورت نہ رہے، معاملہ نہ ہو یا پھر ضرورت باقی رہے تو مطلع کریں اور مشاہرہ بھی لکھ دیں۔ قاری ابھی موجود نہیں، آخر سال میں امید ہے مل جائیں گے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۴/۹۵ھ۔

فساد کے خوف سے مدرسہ کی زمین فروخت کرنا

سوال[۷۵۹۲]: زید، بکر، عمر نے کچھ زمین مدرسہ شاہ پور میں وقف کیا، مدرسہ کے ممبران اس پر دخل

---

(۱) "ویبدأ من غلة الوقف بعمارته، ثم ماهو أقرب كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار). "شرط الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلى العمارة وأعم للمصلحة ..... وكذلك إلى آخر المصالح. هذا إذا لم يكن معيناً، فإن كان الوقف معيناً على شئ، يصرف إليه بعد العمارة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب: ۴/۳۶۷، سعيد)

"وكذا الوقف على الذين يختلفون إلى هذه المدرسة، أو على متعلميها، أو على علمائها، يجوز للقيم أن يفضّل البعض ويحرم البعض إذا لم يعين الواقف قدرما يعطى لكل واحد". (منحة الخالق على هامش البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۵۸، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

نہیں کر سکے، اگر دخل کرتے ہیں تو بڑا فساد ہوگا، خون کا بے حد خطرہ ہے، اس زمین کے خریدار ہیں۔ تو کیا اس کا بیچنا جائز ہے؟ اسے بیچ کر دوسری زمین مدرسہ شاہ پور کے لئے دینا جائز ہوگا اور جن لوگوں نے مدرسہ کو وقف کیا اس کو واپس دینا فرماتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو زمین مدرسہ شاہ پور میں دی گئی ہے اگر اس پر قبضہ کرنے میں فساد اور خون ہو جائے گا تو مجبوراً اس کو فروخت کر کے اس کی قیمت سے دوسری مناسب زمین خرید کر اسی مدرسہ میں دے دینا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۰/۹۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۰/۹۴ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "سئل شیخ الإسلام عن أهل قرية رحلوا و تداعى مسجدها إلى الخراب، و بعض المتغلبة يستولون على خشبه وينقلونه إلى دورهم، هل لواحد لأهل المحلة أن يبيع الخشب بأمر القاضى و يمسك الثمن ليصرفه إلى بعض المساجد أو إلى هذاالمسجد؟ قال: نعم". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد: ۴/۳۶۰، سعيد)

"رجل وقف موضعاً فى صحته وأخرجه عن يده، فاستولىٰ عليه غاصب، وحال بين الوقف وبينه، قال الشيخ الإمام أبو بكر محمد بن الفضل رحمه الله تعالىٰ: يأخذه من الغاصب قيمتها، ويشترى بها موضعاً آخر، فيقفه على شرائط الأول". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳/۳۱۲، كتاب الوقف، فصل فى وقف المنقول، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲/۴۴۹، كتاب الوقف، الباب التاسع فى غصب الوقف، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الرابع فی بیع وقف المدرسة وإجارته

(مدرسہ کے وقف کو بیچنے اور کرایہ پر دینے کا بیان)

زکوٰۃ کی رقم سے خرید کردہ غلہ نرخ کم ہونے کے بعد فروخت کرنا

سوال[۷۵۹۳]: ایک دینی مدرسہ کے صدر نے مدرسہ کے مطبخ کے خرچ کے لئے فصل کے موقع پر گندم اس خیال سے خرید لیا کہ سال گذشتہ غلہ کا نرخ بہت گراں ہوگیا تھا، اس سال نرخ گر گیا کہ ۳۱/ پیسہ فی کلو کا فرق ہوگیا۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ صدر مدرس نے ایک روپیہ ۳۱/ پیسہ کے حساب سے گندم دس کونٹل خرید لیا، اب یہاں کا بھاؤ ایک روپیہ ۵/ پیسہ ہے۔ اب طلباء کے نہ ہونے سے مطبخ بھی بند ہوگیا، اب اس کے فروخت کرنے میں مدرسہ کا خسارہ ہے، گندم بھی زکوۃ کی رقم سے خریدا گیا ہے تو اب یہ خسارہ کون دے گا؟ اور زکوۃ کی رقم سے گندم کی خریداری درست ہوئی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

زکوٰۃ کی رقم سے طلباء کے لئے غلہ خریدا، اس وقت طلباء کے واسطے مطبخ موجود تھا، پھر طلباء موجود نہ رہے، مطبخ بند کردیا گیا، غلہ طلباء ہی کے لئے لیا گیا تھا اور زکوٰۃ طلباء کے کھانے کے واسطے ہی دی گئی تھی، لہذا مطبخ بند ہوجانے پر وہ غلہ معطین کو واپس کردینا چاہئے تھا، یا ان کی اجازت سے دیگر مستحقین کو دینا چاہئے تھا(۱)، اگر ایسا نہ کیا گیا، بلکہ غلہ فروخت کرکے روپیہ بنالیا گیا جس میں خسارہ ہوا، مدرسہ کے ذمہ دار پر اس خسارہ کا ضمان لازم نہیں ہوگا(۲)۔ البتہ اس کو چاہئے کہ معطین کو پوری صورت حال کی اطلاع دے کر قیمت کے متعلق

---

(۱) "و هنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، و قد أمره بالدفع إلىٰ فلان، فلا يمكن الدفع إلى غيره". (ردالمحتار: ۲/۲۶۹، كتاب الزكاة، قبيل باب السائمة، سعيد)

(وكذا في التاتارخانية: ۲/۲۸۴، كتاب الزكاة، الفصل التاسع، إدارة القرآن كراچی)

(۲) "المال الذى قبضه الوكيل بالبيع والشراء و إيفاء الدين واستيفائه، والمال الذى قبضه الوكيل بقبض=

استصواب رائے کریں، وہ اگر اپنی قیمت واپس لینا چاہیں اور خود مستحقین پر صرف کرنا چاہیں تو ان کو واپس دیدے۔ اگر وہ بعد تملیک تنخواہ وغیرہ میں صرف کرنے کی اجازت دیں تو اس کے موافق عمل کرے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۵/۹/۲۹ھ۔

قرآن کریم وقف ہونے کے بعد اس کو فروخت کرنا

سوال[۷۵۹۴]: مردہ کے ایصال ثواب کے لئے بعض لوگ مدرسہ میں قرآن شریف وقف کرتے ہیں، مدرسہ والے اس کو فروخت کر کے قیمت کو مدرسہ کے کام میں لگاتے ہیں۔ تو کیا یہ فعل جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

وقف ہونے کے بعد اس کو فروخت کرنا جائز نہیں(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

= العين بحسب وكالته، هو في حكم الوديعة بيد الوكيل، فإذا تلف بلا تعدّ ولا تقصيرٍ، لا يلزم الضمان والمال؛ لأن يد الوكيل ..... يد نيابة عن المؤكل" (شرح المجلة لسليم رستم: ۷۸۴/۲، (رقم المادة: ۱۴۶۳)، كتاب الوكالة، الباب الثالث، حنفيه كوئٹه)

(وكذا في خلاصة الفتاوىٰ: ۱۵۸/۴، ۱۵۹، كتاب الوكالة، الفصل الخامس، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق: ۲۹۳/۷، ۲۹۴، كتاب الوكالة، باب الوكالة بالبيع والشراء، رشيديه)

(۱) "ويشترط أن يكون الصرف تمليكاً لا إباحةً، ولا يصرف إلى بناء مسجد و كفن ميت ..... لعدم التمليك و هو الركن ..... و قدمنا أن الحيلة أن يتصدق على الفقير، ثم يأمره بفعل هذه الأشياء".

(الدر المختار: ۳۴۴/۲، ۳۴۵، كتاب الزكاة، باب المصرف، سعيد)

"والحيلة لمن أراد ذلك أن يتصدق ينوى الزكاة على فقير، ثم يأمره بعد ذلك بالصرف إلى هذه الوجوه، فيكون لصاحب المال ثواب الصدقة، ولذلك الفقير ثواب هذا الصرف". (التاتارخانية: ۲۷۲/۲، كتاب الزكاة، الفصل الثامن، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في البحر الرائق: ۴۲۴/۲، كتاب الزكاة، باب المصرف، رشيديه)

(۲) قال العلامة الحصفكيؒ: "فإذا تم (أى الوقف) ولزم، لايملك ولايملك ولايعار ولا يرهن". =

Made searchable using ScribeTools.com

اساتذہ کا امتحانی کاپیوں کو فروخت کرنا

سوال[۷۵۹۵]: مکاتب کے امتحان سہ ماہی وسالانہ وغیرہ طلبہ سے کاپیاں بنوائی جاتی ہیں، طلبہ امتحان کے بعد وہ کاپیاں اساتذہ کے پاس جمع کردیتے ہیں بلکہ اساتذہ جمع کرلیتے ہیں، پھران کو حسبِ موقع فروخت کرکے قیمت خود استعمال کرلیتے ہیں۔ کیا شرعاً یہ درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر استاذ کی خدمت میں وہ ہدیۃً پیش کردیتے ہیں تو حسبِ قاعدۂ شرعیہ ہبہ تام ہونے پر موہوب لہ کو ان کاپیوں کے اوراق کی قیمت کا اپنے کام میں لانا شرعاً درست ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تعلیم کے لئے موقوفہ عمارت میں مہتمم کا قیام، یا اس کا کرایہ وصول کرنا

سوال[۷۵۹۶]: مدرسہ کے لئے وقف شدہ عمارت کو صحیح اس وقت سمجھا جاوے گا جب کہ اس میں

= (الدرالمختار). "(قوله: لايملك): أي لا يكون مملوكاً لصاحبه. (ولايملك): أي لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه، لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه". (ردالمحتار: ۳۵۱/۴، ۳۵۲،سعيد)

(وكذا في الهداية: ۲۴۰/۲، كتاب الوقف، مكتبه شركة علميه ملتان)

(وكذا في فتح القدير: ۲۲۰/۶، كتاب الوقف، مصطفى البابى الحلبى مصر)

(۱) چونکہ ہبہ کرنے سے شی موہوبہ اس کی ملک ہوگئی، اور اپنے ملک میں ہر قسم کا تصرف جائز ہے: "يملك الموهوب له الموهوب بالقبض، فالقبض شرط لثبوت الملك". (شرح المجلة لسليم رستم: ۴۷۳/۱، (رقم المادة: ۸۶۱)، كتاب الهبة، الباب الثالث فى أحكام الهبة، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا في الدرالمختار: ۶۸۸/۵، كتاب الهبة، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۳۷۴/۴، كتاب الهبة، الباب الأول، رشيديه)

"كلٌّ يتصرف فى ملكه كيف شاء". (شرح المجلة لسليم رستم: ۶۵۴/۱، (رقم المادة: ۱۱۹۳)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا في ردالمحتار: ۵۰۲/۴، كتاب البيوع، مطلب فى تعريف المال والملك والتقوم، سعيد)

تعلیم ہو، یا منتظمینِ مدرسہ اگر کسی کو کرایہ پر دیدیں اور اس کا کرایہ مدرسہ کو ملے، یا مہتمم مدرسہ قیام کریں اور اس سلسلہ میں ان کی تنخواہ سے بچت ہو۔ کیا ان دونوں صورتوں میں بھی عمارت کو مدرسہ کے لئے وقف سمجھا جائے گا؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جب کہ واقف کی غرضِ اصلی تعلیم ہے تو اصالۃً اس عمارت کو تعلیم ہی کے کام میں استعمال کرنا چاہئیے، تعلیم کے کام کو بند کر کے رہائش میں استعمال کرنا منشائے واقف کے خلاف اور وقف کے ساتھ خیانت ہے(۱)۔ البتہ اگر تعلیم کے ساتھ ساتھ رہائش کے کام میں بھی تبعاً وضرورۃً اربابِ حل وعقد کے مشورہ سے استعمال کیا جائے تو گنجائش ہے(۲)، مثلاً مہتمم مدرسہ کے پاس کوئی رہنے کا مکان نہیں اور کرایہ پر لینے کی وسعت نہیں اور مدرسہ کا کام کرنے کی وجہ سے مدرسہ میں قیام ضروری ہے تو گنجائش ہے(۳)۔ اسی طرح اگر عمارتِ مدرسہ کے مختلف حصے ہیں، اکثر حصے تعلیمی کام میں مشغول ہیں اور کوئی حصہ خالی اور بیکار ہے جو کرایہ پر چل سکتا ہے تو اس کو

---

(۱) "صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة" (ردالمحتار: ۴۴۵/۴، كتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة، سعيد)

"ما خالف شرط الواقف، فهو مخالف للنص ..... شرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه". (ردالمحتار: ۴۹۵/۴، كتاب الوقف، مطلب: ما خالف شرط الواقف، سعيد)

"متولى الوقف باع شيئاً منه أو رهن، فهو خيانة، فيعزل". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف الباب الخامس فى ولاية الوقف و تصرف القيم: ۴۱۳/۲، رشيديه)

(۲) "للحاكم الدِّين أن يصرف من فاضل وقف المصالح والعمارة إلى الإمام والمؤذن باستصواب أهل الصلاح من أهل المحلة إن كان الوقف متحداً؛ لأن غرضه إحياء وقفه، وذلك يحصل بما قلنا". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد: ۳۶۰/۴، سعيد)

(۳) "ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة، يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار). "أى من غلته عِمارته شرط الواقف أولا، ثم ماهو أقرب إلى العمارة، وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد، والمدرس للمدرسة يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم ..... وكذلك إلى آخر المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب إليها: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کرایہ پر دینا درست ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تعلیم گاہ کو کرایہ پر دینا

سوال[۷۵۹۷]: دینی تعلیم کے لئے ایک عمارت برادری کے پیسے سے بنائی گئی، لیکن شہر کے جو مدرسہ کے ذمہ دار اور امین ومتولی ہیں ان لوگوں نے عام لوگوں کی رائے کے بغیر اس عمارت کو تعلیم کا کام بند کرکے سرکار کو تین سو روپے ماہوار میں کرایہ پر دیدیا۔اب بچے تعلیم کے لئے پریشان ہیں۔کیا امین اور متولی کا ایسا فعل شرعاً جائز ہے؟ ایسے لوگوں کے بارے میں شریعت کیا کہتی ہے جن کو بچوں کی تعلیم سے زیادہ دنیوی روپے پیسے محبوب ہیں؟ جب ان سے کہا گیا کہ دینی تعلیم بھی ضروری ہے اور یہ قوم کی امانت ہے۔تو جواب دیا کہ پڑھاؤ یا نہ پڑھاؤ، ہم نے دے دیا۔اب ان لوگوں کو کس لفظ سے یاد کرنا چاہئے اور کیا کہنا چاہئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو عمارت دینی تعلیم کے لئے عام مسلمانوں کے چندہ سے بنائی گئی اور وہاں دینی تعلیم ہوتی ہے، تو ایسی عمارت کو روپے حاصل کرنے کے لئے کرایہ پر دے دینا اور دینی تعلیم کو بند کردینا متولی کے لئے شرعاً درست نہیں(۲)، ایسے شخص کو متولی نہ بنایا جائے(۳)۔اگر صورت حال کچھ اَور ہے تو اس کو تفصیل سے لکھیں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۳/۱۴۰۶ھ۔

---

(۱) "قال الفقیه أبو جعفر رحمه الله تعالیٰ: إذا لم یذکر الواقف ..... إجارة الوقف، فرأی القیم أن یؤاجرها و یدفعها مزارعةً، فما کان أدرّ علی الوقف و أنفع للفقراء، فعل". (فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۳/۳۳۲، کتاب الوقف، فصل فی إجارة الوقف، رشیدیه)

(۲) "فإذا تم (الوقف) ولزم، لا یملک ولا یملک ولایعار و لا یرهن". (الدرالمختار) "(قوله: لایملک): أی لا یکون مملوکاً لصاحبه (ولایملک): أی لا یقبل التملیک لغیره بالبیع ونحوه". (ردالمحتار: ۴/۳۵۲، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق: ۵/۳۴۲، کتاب الوقف، رشیدیه)

"سئل الإمام شمس الإسلام محمود الأزوجندیؒ عن أهل المسجد تصرفوا فی أوقاف المسجد: یعنی آجروا المستغل و له متول؟ قال: لایصح تصرفهم". (الفتاویٰ العالمکیریة: ۲/۴۶۳، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر، الفصل الثانی منه، رشیدیه)

(۳) "و ینزع وجوباً لو غیر مأمون، أو عاجزاً، أو ظهر به فسق کشرب الخمر و نحوه". (الدرالمختار). =

مدرسہ موقوفہ کی جگہ برات کے لئے کرایہ پر دینا

سوال[۷۵۹۸]: ہمارے گاؤں کھیڑی کی آبادی ۱۹۴۷ء سے پہلے تقریباً چھ سو مسلمان گھرانوں پر مشتمل تھی، اس دوران یہاں ایک چھوٹا مدرسہ قائم کیا گیا، جب اس کے اندر طلباء نہ آسکے تو پھر ایک بہت بڑا مدرسہ قائم کیا گیا تھا، مگر خدا کی شان کی بات ہے، گڑبڑ ہوجانے کی وجہ سے تمام مسلمان چلے گئے، صرف پچاس ساٹھ گھر مسلمانوں کے رہ گئے۔ اب جو چھوٹا مدرسہ ہے اس کے اندر ہم لوگ یہاں شادی میں آنے جانے والے آدمیوں کے اتارنے کا سلسلہ چل رہا ہے اور بڑے مدرسہ کے اندر دس پندرہ بچے پڑھنے والے ہیں، وہ وہاں تعلیم پاتے ہیں۔

اب ہمارے یہاں کے لوگوں کی کمزوری ہونے کی وجہ سے قربانی، فطرہ اور خیرات کی رقم اس چھوٹے مدرسہ پر مسافر خانہ کے لحاظ سے لگانا چاہتے ہیں۔ یہ جائز ہے یا ناجائز؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

چھوٹا اور پرانا مدرسہ خالی پڑا ہے، اس میں جو لوگ بیاہ شادی میں مہمانوں کو ٹھہراتے ہیں ان سے کچھ کرایہ لیا جائے اور وہ کرایہ کی رقم نئے مدرسہ میں جو بڑا ہے اور آباد ہے اس میں خرچ کی جائے (۱)۔ فطرہ اور

= "قال فی الإسعاف: ولا یولی إلا أمین قادر بنفسه أو بنائبه؛ لأن الولایة مقیدة بشرط النظر، ولیس من النظر تولیة الخائن؛ لأنه یخل بالمقصود". (ردالمحتار: ۴/۳۸۰، کتاب الوقف، مطلب فی شروط المتولی، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۲/۴۰۸، کتاب الوقف، الباب الخامس فی ولایة الوقف و تصرف القیم، رشیدیه)

(وکذا فی البحرالرائق: ۵/۳۹۱، ۳۹۲، کتاب الوقف، رشیدیه)

(۱) "قال الفقیه أبو جعفر رحمه الله تعالیٰ: إذا لم یذکر الواقف ..... إجارة الوقف، فرأی القیم، یؤاجرها و یدفعها مزارعةً، فما کان أدر علی الوقف و أنفع للفقراء، فعل". (فتاوی قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمکیریة: ۳/۳۳۲، کتاب الوقف، فصل فی إجارة الوقف، رشیدیه)

"اتحد الواقف والجهة، وقلّ مرسوم بعض الموقوف علیه بسبب خراب وقف أحدهما، جاز للحاکم أن یصرف من فاضل الوقف الآخر علیه؛ لأنهما کشیء واحد". (الدرالمختار). "وحکی أنه =

Made searchable using ScribeTools.com

قیمت چرم قربانی مسافر خانہ کی تعمیر وغیرہ میں خرچ کرنا جائز نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ، دارالعلوم دیوبند۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

مکانِ مدرسہ میں ملازم کا بلا کرایہ رہنا

سوال[۷۵۹۹]: ایک شخص مدرسہ میں ملازمت کرتا ہے اور مدرسہ کے مکان میں بلا کرایہ ادا کئے رہتا ہے اور اپنی ضرورت کے سب ہی کام اس میں کرتا ہے تو اس کے لئے مکان جائز ہونے کی کیا شکل ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

بے خطر صورت تو یہ ہے کہ مدرسہ کو کرایہ ادا کرے، لیکن اگر مدرسہ اپنے ملازم کو مکان بھی دیتا ہے اور کرایہ نہیں لیتا اور یہ مکان کا بلا کرایہ دینا بمنزلۂ جزوِ تنخواہ ہے کہ اگر مکان نہ دے تو ملازم زیادہ تنخواہ کا مطالبہ کرتا ہے اور اس کا مفاد اسی میں ہے کہ کم تنخواہ کا ملازم رکھا جائے اور مکان بھی اس کو بلا کرایہ دیا جائے، تو اس میں بھی گنجائش ہے (۲)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

= وقع مثله فی زمن سیدنا الإمام الأجل فی رباط فی بعض الطرق خرب، ولا ینتفع المارّة به، وله أوقاف عامرة، فسئل: هل یجوز نقلها إلی رباط آخر لینتفع به؟ قال: نعم؛ لأن الواقف غرضه انتفاع المارة به، ویحصل ذلک بالثانی". (ردالمحتار: ۳۶۰/۲، کتاب الوقف، مطلب فی نقل أنقاض المسجد ونحوه، سعید)

(۱) قال الله تعالیٰ ﴿إنما الصدقٰت للفقراء والمسٰکین والعاملین علیها والمؤلفة قلوبهم، وفی الرقاب والغٰرمین و فی سبیل الله و ابن السبیل﴾ (سورة التوبة: ۶۰)

"ویصرف إلی کلهم أو إلی بعضهم تملیکاً لا إباحة، لا یصرف إلی بناء نحو مسجد ولا إلی کفن میت". (الدرالمختار). "(قوله: نحو مسجد) کبناء القناطر والسقایات و إصلاح الطرقات و کری الأنهار و الحج والجهاد و کل ما لا تملیک فیه". (ردالمحتار، کتاب الزکوة، باب المصرف: ۳۴۴/۲، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الزکاة، باب المصرف: ۴۲۴/۲، رشیدیه)

(۲) "یبدأ من غلته بعمارته، ثم ما هو أقرب لعمارته کإمام مسجد و مدرس مدرسة، یعطون بقدر =

مدرسہ کا مکان کرایہ دار سے خالی کرانا

سوال[۷۶۰۰]: ایک مسلمان حجام نے اپنا مکان کرایہ پر دوسرے کو دے دیا ہے، اس پر کرایہ دار نے چکی لگادی، کچھ عرصہ کے بعد مالکِ مکان نے خالی کرانے کی کوشش کی، کرایہ دار نے خالی نہیں کیا۔ مالکِ مکان نے نصف مکان مدرسہ اسلامیہ میں دے دیا ہے اور بقیہ نصف مکان عیدگاہ کی مرمت کے لئے وقف کردیا ہے۔ جس نصف مکان کو مدرسہ میں دیا تھا، اس میں تین کمرے تیار ہوئے ہیں جن میں سے دو کمروں میں مدرسہ کا کام ہورہا ہے اور ایک کمرہ سابق کرایہ دار کے قبضہ میں ہے، دو روپیہ ماہوار کرایہ دیتا ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے لوگ اس کمرے کے ۲۰/ روپیہ ماہوار کرایہ دیتے ہیں، لیکن کرایہ دار خالی نہیں کرتا ہے۔

اور جو نصف مکان مالک مکان نے عیدگاہ کے لئے دیا تھا وہ بھی اسی کرایہ دار نے اپنے قبضہ میں کرلیا ہے جس کا دو روپیہ ماہوار کرایہ دیتا ہے۔ مالک مکان نے محفلِ میلاد شریف قائم کرکے تمام مسلمانوں کے درمیان یہ کہا تھا کہ یہ نصف مکان بیچ کر عیدگاہ کی مرمت کرادی جاوے۔ مالکِ مکان کا انتقال ہوچکا ہے اور اب تمام مسلمانوں کی خواہش ہے کہ اس مکان کو نیلام کرکے عیدگاہ کی مرمت کرادی جاوے، لیکن کرایہ دار خالی نہیں کرتا ہے۔ ایسی صورت مسئولہ میں مسئلہ شرعی کیا ہے اور مسلمانوں کو ایسی حالت میں کیا کرنا چاہیے؟ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مدرسہ کا کمرہ اس چکی والے سے خالی کراکے دوسرے شخص کو آباد کرادیا جاوے۔ اس کے لئے قانونی چارہ جوئی کی جائے۔ اگر اہلِ مدرسہ مناسب سمجھیں تو موجودہ کرایہ دار کو خالی کرانے کا نوٹس دے دیں کہ مدرسہ کے لئے ضرورت ہے اور قانوناً ایسی صورت میں وہ خالی کرنے پر مجبور ہوگا، پھر اس جگہ بھی مدرسہ کے لئے کمرہ بنادیا جاوے، یا سمجھوتہ کرکے کرایہ میں اضافہ کرالیا جاوے اور کہہ دیا جاوے کہ اگر اضافہ نہ کیا تو مقدمہ کرکے خالی

= كفايتهم". (الدرالمختار). "ثم ما هو أقرب إلى العمارة وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة، يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم، ثم السراج والبساط، و كذلك إلى آخر المصالح".

(ردالمحتار: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق: ۳۵۶/۵، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا في الدر المنتقى على هامش مجمع الأنهر: ۵۸۷/۲، كتاب الوقف، غفاريه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

کرایا جائے گا(۱)۔

نصف مکان جو عیدگاہ کے لئے دیا ہے، اگر فروخت کر کے مرمت کے لئے دیا ہے تو اس کو فروخت کر دیا جائے(۲)۔ پھر خریدار اگر مضبوط ہوگا تو وہ خالی کرائے گا، یا کرایہ میں اضافہ کرے گا(۳)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۶/۹۰ھ۔

مدرسہ کے کمرہ میں ملازم کے بچوں کو رکھنا

سوال[۷۶۰۱]: امام صاحب کے بچے اور اہلیہ مدرسہ کے کمرہ میں رہتے ہیں۔ بعض لوگ اس کو

---

(۱) "الواقف إذا آجر الوقف إجارةً طويلةً إن كان يخاف على رقبتها التلفَ بسبب هذه الإجارة، فللحاكم أن يبطلها، وكذلك إن آجرها من رجل يخاف على رقبتها من المستأجر، فينبغي للحاكم أن يبطل الإجارة". (التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل السابع في تصرف القيم في الأوقاف: ۵/۷۵۲، إدارة القرآن كراچی)

"حانوت وقف وعمارته ملك لرجل، أبىٰ صاحب العمارة أن يستأجر بأجر مثله، ينظر: إن كانت العمارة لو رفعت يستأجر بأكثر مما يستأجر صاحب العمارة، كلّف رفع العمارة، ويؤجر من غيره؛ لأن النقصان عن أجر المثل لايجوز..... وفيه: وكذا إذا آجرها الواقف سنين كثيرةً ممن يخاف أن تتلف في يده، قال: يبطل القاضي الإجارة ويخرجها من يد المستأجر". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۹۷، ۳۹۸-۴۰۰، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، فصل في إجارة الأوقاف: ۳/۳۳۴، ۳۳۵، رشيديه)

(۲) "فإن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع، وهو مالك، فله أن يجعل ماله حيث شاء مالم يكن معصيةً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: شرائط الوقف معتبرة: ۴/۳۴۳، سعيد)

"شرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: ماخالف شرط الواقف فهو مخالف للنص: ۴/۴۹۵، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۴۱۱، رشيديه)

(۳) (راجع رقم الحاشية: ۱)

Made Searchable by ScribeTools.com

حرام بتلا کر عوام کو بہکاتے ہیں۔ آیا مدرسہ اسلامیہ میں اہلیہ کو رکھنا حرام ہے یا حلال؟ جو حرام بتلاتے ہیں شریعت کے نزدیک وہ کیسے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص امام یا کوئی بھی مدرس ہو اور اس کی ملازمت کے لئے مدرسہ کی طرف سے مکان کا بھی معاملہ ہے تو اس کو اپنے بچوں اور اہلیہ کو مدرسہ میں مکان میں رکھنا شرعاً درست ہے(۱)۔ جو شخص اس کو ناجائز کہتا ہے وہ غلط کہتا ہے۔ پردہ کا لحاظ بہرحال ضروری ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ دارالعلوم دیوبند۔

ملازمِ مدرسہ کی اولاد کا مدرسہ کے مکان میں رہنا

سوال[۷۶۰۲]: ہندوستان سے پانچ سال کی مدت کے لئے ایک استاذ مدرسہ میں پڑھانے کی غرض سے بلائے گئے، یہاں ان کو تنخواہ کے علاوہ مدرسہ کے لئے وقف شدہ مکان بلا کرایہ دیا گیا جس میں ہر ماہ پانی اور بجلی کا خرچ بھی مدرسہ کے ذمہ رہا۔ پانچ سال پورے ہونے پر ملازمت کی تجدید نہیں کی گئی، مگر موصوف نے پڑھانے کا کام جاری رکھا۔ اور اس اوقاف کے مکان میں موصوف کے دونوں صاحبزادوں کا قیام ہے، ان میں ایک شادی شدہ اور دوسرا غیر شادی شدہ ہے۔ شادی شدہ لڑکے کی دوکانیں ہیں اور غیر شادی شدہ لڑکے کی آمدنی اپنے باپ کی آمدنی سے زیادہ ہے۔ یہ دونوں صاحبزادے اسی اوقاف کے مکان میں اپنے باپ کے ساتھ رہتے ہیں۔

---

(۱) "یبدأ من غلته بعمارته، ثم ما هو أقرب لعمارته كإمام مسجد و مدرس مدرسة، يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار). "ثم ما هو أقرب إلى العمارة وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة، يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم، ثم السراج والبساط، وكذلك إلى آخر المصالح".

(ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بما هو أقرب: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق: ۳۵۶/۵، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا في الدر المنتقى على مجمع الأنهر: ۵۸۷/۲، كتاب الوقف، غفاريه كوئٹه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿وقرن في بيوتكن و لا تبرجن تبرّج الجاهلية الأولى﴾ (سورة الأحزاب: ۳۳)

Made searchable using ScribeTools.com

لڑکے کی شادی ہوجانے کی وجہ سے مکان تنگ ہورہا ہے اور ساتھ ہی پانی اور بجلی کے خرچ میں اضافہ ہورہا ہے، تو کیا اب بھی مدرسہ، استاذ اور ان کے لڑکوں کی رہائش کا ذمہ دار ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جب معاملہ ملازمت کا پانچ سال کے لئے تھا کہ مدت پوری ہونے پر ملازمت ختم ہوگئی، نہ مدرسہ کے مکان میں قیام کا حق رہا، نہ تنخواہ کا استحقاق باقی رہا(۱)۔لیکن پانچ سال گذرنے کے بعد اہلِ مدرسہ نے ان کو بدستور کام پر رکھا، وہ کام کرتے رہے، تنخواہ ملتی رہی، مدرسہ کے مکان میں قیام رہا تو یہ عملی طور پر گویا معاملۂ ملازمت بشرطِ سابق تجدید ہوگئی، جب تک مدرسہ ان کو الگ نہ کرے وہ ملازم ہے(۲)۔ان کے جو لڑکے بالغ اور کمانے والے ہیں اور ان کا نفقہ خود ان کی کمائی سے پورا ہوتا ہے، والد کے ذمہ واجب نہیں (۳)، ان کو مستقلاً مدرسہ کے مکانِ موقوف میں رہنے کا حق نہیں ہے(۴)، خاص کر جب کہ ان کی وجہ سے بجلی و پانی کے مصارف

---

(۱) "لو استؤجر عقاراً كل شهر بكذا من دون بيان عدد الأشهر، يصح العقد، لكن عند ختام الشهر الأول لكلٍّ من الآجر والمستأجر فسخُ الإجارة فى اليوم الأول وليلته من الشهر الثانى الذى يليه". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۹۴)، كتاب الإجارة، الباب الرابع: ۱/۲۷۴، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الإجارة، باب فسخ الإجارة: ۶/۸۴، سعيد)

(۲) "لكن عند ختام الشهر الأول لكل من الآجر والمستأجر فسخ الإجارة فى اليوم الأول من الشهر الثانى الذى يليه. وأما بعد مضى اليوم الأول، فليس لهما ذلك، بل يصح العقد فى الشهر الثانى. وإذا مضى الشهر الثانى ولم يفسخ أحدهما فى اليوم الأول وليله من الشهر الثالث، صح العقد أيضاً فيه؛ لأنه إذا مضى اليوم الأول وليله ولم يفسخ أحدهما بحضور الآخر، كان سكوتهما دلالةً على الرضى".

(شرح المجلة، كتاب الإجارة، الباب الرابع: ۱/۲۷۴، (رقم المادة: ۴۹۴)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

"السكوت فى الإجارة يُعدّ قبولاً ورضى". (شرح المجلة لسليم رستم: ۱/۲۴۴، (رقم المادة: ۴۳۸)، كتاب الإحرة، الفصل الأول فى ركن الإجارة، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۳) "ولايجب على الأب نفقة الذكور الكبار، إلا أن يكون الولد عاجزاً عن الكسب لزمانةٍ أو مرضٍ".

(الفتاوىٰ العالمكيرية، باب النفقات، الفصل الرابع فى نفقة الأولاد: ۱/۵۶۳، رشيديه)

(۴) "يفتى بالضمان فى غصب عقار الوقف وغصب منافعه أو إتلافها كما لو سكن بلا إذن أو أسكنه المتولى بلا أجر، كان على الساكن أجر المثل ..... ودخل مالو كان الوقف مسجداً أو مدرسةً سكن فيه، فتجب فيه أجرة المثل". (الدرالمختار، كتاب الوقف: ۴/۴۰۸، سعيد) ..... =

مدرسہ پرزیادہ پڑتے ہیں۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مدرسہ کے کمرہ میں پولیس کا قیام

سوال[۷۶۰۳]: گورنمنٹ کہتی ہے کہ چھٹی کے موقعہ پرآپ کے مدرسہ میں پولیس کے قیام وطعام کا انتظام رہے گا۔بند خالی کمروں میں پولیس کا رہنا جائز ہے کہ نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مدرسہ پڑھنے اور پڑھانے والوں کے لئے وقف ہے، غیر متعلق لوگوں کا وہاں قیام وطعام غرضِ واقف کے خلاف ہے،اس لئے اجازت نہیں(۱)،اس کا انتظام دوسری جگہ کیا جائے،ہاں!اگر مدرسہ ہی کے مصالح کے لئے ہوتو اجازت ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۱/۸/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

= "ولیس للقیم أن یُسکن فیها أحداً بغیر أجر". (التاتارخانیة، کتاب الوقف، الفصل السابع فی تصرف القیم: ۵/۷۴۹، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الوقف: ۴/۳۵۲، سعید)

(۱) "صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفین واجبة" (ردالمحتار: ۴/۴۴۵، کتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفین واجبة، سعید)

"ما خالف شرط الواقف فهو مخالف للنص، وهذا موافق لقول مشایخنا کغیرهم: شرط الواقف کنص الشارع، فیجب اتباعه". (ردالمحتار: ۴/۴۹۵، کتاب الوقف، مطلب: ما خالف شرط الواقف، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق: ۵/۴۱۱، کتاب الوقف، رشیدیه)

(۲) "نعم! یتصرف القیم فی الوقف بما فیه نفع للوقف، والمسئلة فی الخیریة والإسعاف". (تنقیح الفتاوی الحامدیة: ۱/۲۰۹، کتاب الوقف، مکتبه میمینه مصر)

(وکذا فی التاتارخانیة: ۵/۷۵۷، کتاب الوقف، الفصل السابع فی تصرف القیم، إدارة القرآن کراچی)

"سئل الإمام شمس الإسلام محمود الأزوجندی رحمه الله تعالیٰ عن أهل المسجد تصرفوا فی أوقاف المسجد: یعنی آجروا المستغل، و له متول، قال: لایصح تصرفهم". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، الباب الحادی عشر، الفصل الثانی منه: ۲/۴۶۳، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل الخامس فی وظائف المدرسین

(مدرسین کی تنخواہوں کا بیان)

جن مہینوں میں خالص مدرسہ کا کام کیا جائے ان مہینوں کی تنخواہ وصول کرنا

سوال[۷۶۰۴]: مہتمم مدرسہ تمام سال اہتمام بلاتنخواہ کرتے ہیں، کچھ اپنا نجی کام بھی کرتے ہیں، مگر جن ایام میں تحصیلِ چندہ کا کام ہوتا ہے، اس میں مشغول ہونے کی وجہ سے وہ اپنا نجی کاروبار بھی نہیں کرسکتے۔ تو ان مہینوں کی تنخواہ لینا جائز ہے یا نہیں؟ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

صورتِ مسئولہ میں مہتمم صاحب کو چاہیے کہ مجلسِ شوریٰ کے ارکان کے سامنے اس چیز کو پیش کردے کہ سال بھر میں مثلاً دو ماہ چندہ کرتا ہوں اپنا نجی کام نہیں کرتا، اس لئے ان دو ماہ کے لئے میری تنخواہ تجویز کردی جائے، بقیہ دس ماہ حِسبۃً للہ خدمت مدرسہ انجام دوں گا، کوئی معاوضہ نہیں لوں گا(۱)۔ اگر مہتمم صاحب نے اس طرح باقاعدہ معاملہ نہ کیا تو تہمت اور اعتراض کا مظنہ ہے جس سے بچنا ضروری ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۶/۱۱/۸۵ھ۔

---

(۱) حضرت مولانا مفتی سید عبدالرحیم لاجپوری رحمہ اللہ ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

"مدرسہ کے لئے مہتمم صاحب برائے چندہ سفر کریں تو اربابِ شوریٰ (ٹرسٹیوں) کے مشورہ سے مناسب تنخواہ مقرر کرلی جائے اور وہ تنخواہ دی جائے، یا پھر ارباب شوریٰ سے مناسب انعام دے دیا جائے، دوسری صورت میں الغرض کمیشن کی صورت سے بچتے ہوئے اصحاب شوریٰ کے مشورہ کے مطابق عمل کیا جائے، معاملہ مخفی رکھنا بالکل مناسب نہیں، اس میں ارباب شوریٰ نیز عوام کو انگلی اٹھانے کا موقع ملے گا، اور اس میں مہتمم کی بدنامی بھی ہے، اور مہتمم کا اتنی بڑی رقم کا مطالبہ کرنا بھی تعجب خیز معلوم ہوتا ہے اور اصحاب شوریٰ کو بھی مدرسہ کا لحاظ کرتے ہوئے مناسب فیصلہ کرنا ہوگا، اتنی بڑی رقم قبول کرنے کا ان کو بھی اختیار نہ ہوگا"۔ (فتاویٰ رحیمیہ، کتاب الإجارۃ، باب مایجوز من الاجارۃ ومالایجوز، بیرون ملک چندہ کے لئے جانے والے مہتمم کا چندہ میں سے ایک بڑی رقم بطور اجرت لینا: ۹/۳۰۴، دارالاشاعت)

(۲) "اتقوا مواضع التهم": ذكره في الإحياء. وقال العراقي في تخريج أحاديثه: لم أجد له أصلاً، لكنه =

تعطیلِ کلاں کی تنخواہ کا استحقاق

سوال[۷۶۰۵]: ایک دینی ادارہ جس میں چند مدرسین چند سالوں سے کام کررہے ہیں۔ اتفاق سے گذشتہ درمیانِ سال میں مہتمم صاحب سے کچھ مدرسین کو شکایت ہوئی جس کی وجہ سے حسبِ قانونِ مدرسہ مدرسین نے استعفیٰ دیدیا یعنی ایک ماہ سے بیشتر، مگر مہتمم صاحب اور دوسرے اراکین نے باصرارِ تمام اس معاہدہ پر کہ آئندہ رمضان کی ۳۰/ تاریخ تک آپ لوگ استعفاء مؤخر کردیں اور ۳۰/ رمضان تک کی تنخواہ آپ لوگوں کو دی جائے گی، گویا کہ آپ لوگ باوجود چھٹیوں کے اور اس کے بعد مدرسہ میں نہ آنے کی صورت میں ۳۰/ رمضان تک مدرسہ میں ملازم ہوں گے، چھٹیوں کے استعمال کا حق آپ لوگوں کو ہوگا۔ اس تصریح کے ساتھ ان مدرسین کو روک لیا۔

اب حسبِ سابق ان مدرسین نے مدرسہ میں آخرِ سال یعنی ۱۸/ شعبان تک کام کیا، اس کے بعد، یا اس سے پہلے ایک دوروز کی رخصت لیکر چلے آئے۔ آنے سے قبل صرف فنڈ کا روپیہ وصول کرلیا اور شعبان ورمضان کی تنخواہ اس وجہ سے کہ پہلے سے یہ تنخواہیں آتے وقت نہیں دیتے تھے، شعبان کی تنخواہ گھر بھیج دیتے تھے اور رمضان کی واپسی پر چھوڑ کر چلے آئے، مطالبہ اور سرکاری رقم جو آئندہ آنے والی ہے، مدرسہ کے ذمہ باقی ہے۔ جواب طلب امر یہ ہے کہ اس معاہدہ کے بعد ان مدرسین کو ۱۸/ شعبان کے بعد ۳۰/ رمضان تک کی تنخواہ لینا جائز ہے یا نہیں اور مہتمم صاحب کو ان تک پہونچانا واجب ہے یا نہیں؟ اور ادا نہ کرنے کی صورت میں مہتمم مدرسہ عنداللہ ماخوذ ہوں گے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

عموماً دینی مدارس کا ہمارے اطراف میں تعاملِ معروف یہ ہے کہ ختمِ سال ماہ شعبان کی جس تاریخ کو

= بمعنى قول عمر رضى الله تعالىٰ عنه: "من سلك مسالك الظن، اتّهم". ورواه الخرائطى فى مكارم الأخلاق: "من أقام نفسه مقام التهم، فلا يلومنّ من أساء الظن به". وروى الخطيب فى المتفق والمفترق عن سعيد بن المسيب قال: وضع عمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه ثمانى عشرة كلمةً ..... "ومن عرض نفسه للتهمة، فلا يلومنّ من أساء به الظن". (كشف الخفاء، الهمزة مع التاء المثناة، (رقم الحديث: ۸۸): ۱/۴۵، دارإحياء التراث العربى بيروت)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

بھی فراغت ہواس تاریخ کی تنخواہ تو بوجہ کارکردگی لازم ہوتی ہے، اس کے بعد تعطیلِ کلاں ہوتی ہے، اس تعطیلِ کلاں (بقیہ شعبان، کامل رمضان، ابتدائے شوّال) کی تنخواہ کا استحقاق اس شرط پر ہوتا ہے کہ ملازم بعد التعطیل حاضر ہوکر کام میں مشغول ہوجائے، اگر ملازم حاضر نہ ہو، بلکہ ملازمت ختم کردے تو استحقاق نہیں ہوتا (۱)۔

لیکن صورت مسئولہ میں جب کہ مہتمم صاحب اور دیگر ارکینِ مدرسہ نے وعدہ کرلیا ہے تو اس مدت کی تنخواہ لینے کا مدرسین کو حق حاصل ہے، وعدہ صریح کی بناء پر تعامل معروف کو ترک کردیا جائے گا، الأشباہ والنظائر میں ہے: "الخلف فی الوعد حرام" (۲)۔

اگر مہتمم صاحب اور اراکین کے نزدیک اس وعدہ میں مدرسہ کی خیر خواہی مضمر تھی تو ان کو وعدہ کرنے کا حق تھا اور اس کو پورا کرنا لازم ہے، ورنہ مواخذۂ اُخرویہ باقی رہے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، ۲۱/۱۰/۹۰ھ۔

---

(۱) "المعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (الأشباه والنظائر، الفن الأول، القاعدة السادسة: ۱/۲۷۸، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی شرح المجلة، (رقم المادة: ۴۳)، المقالة الثانية فی بيان القواعدالفقهية: ۱/۳۷، مكتبه حنفية كوئٹه)

"ومنها البطالة فی المدارس كأيام الأعياد ويوم عاشوراء وشهر رمضان فی درس الفقة، لم أرها صريحةً فی كلامهم، والمسئلة علىٰ وجهين: فإن كانت مشروطةً، لم يسقط من المعلوم شئ، وإلا فينبغی أن يلحق ببطالة القاضی، وقد اختلفوا فی أخذ القاضی مارُتّب له ..... فی يوم بطالته، فقال فی المحيط: إنه يأخذ فی يو م البطالة". (شرح الأشباه والنظائر، الفن الأول فی القواعد، القاعدة السادسة: ۱/۲۷۲، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی الدر المختار، كتاب الوقف، مطلب فی استحقاق القاضی والمدرس الوظيفة فی يوم البطالة: ۴/۳۷۲، سعيد)

(۲) (الأشباه والنظائر، كتاب الحظر والإباحة: ۳/۲۳۶، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب الأداب، باب المزاح، الفصل الثانی، (رقم الحديث: ۴۸۹۲): ۸/۶۲۷، رشيديه)

ایّامِ تعطیل میں کام کرنے کی تنخواہ

سوال[۷۶۰۶]: ۱..... مدرسینِ مدرسہ رمضان شریف کوموقعہ پر مدرسہ کا کام کرتے ہیں جبکہ وہ ان کی رخصت کا وقت ہوتا ہے۔اب ان کواجرت کس حساب سے دی جائے، کیافیصد مقرر کرکے دی جائے یابلاتعین دی جائے؟

۲..... جو مدرسین تعلیم کے اوقات میں مدرسہ کا کام کرتے ہیں، ان کواُجرت دینے کی کیا شرح ہونی چاہئیے؟

۳.....دارالعلوم دیوبند میں مدرسین یاسفیرِ مدرسہ کورخصت اورعدمِ رخصت میں مدرسہ کا کام کرنے پر جودیاجاتاہےاس کی کیاشرح ہے، کیاآپ بغیرتنخواہ کام کرتے ہیں؟

مہتمم جامعہ امدادالعلوم زیدپور بارہ بنکی۔

الجواب حامداًومصلیاً:

۱.....اگراس کے لئے مدرسہ کی طرف سے کوئی ضابطہ نہیں ہے توطرفین باہمی مشورہ سے معاملہ طے کرلیں،مثلاً:اس طرح کہ مستقل ملازم اگرایّامِ تعطیل میں فراہمیٔ چندہ کی خدمت حسبِ تجویزِارکانِ مدرسہ انجام دے گا تواس کواتنے ایام کی تنخواہ دوچندہ دی جائے گی، یااس سے کچھ زیادہ یاکم، جوکچھ طے ہوجائے، تاکہ جہالت باقی نہ رہے۔فی صدمقررنہ کریں کہ اس میں جہالت ہے، کیونکہ یہی متعین نہیں کہ کس قدروصول ہوگا، بلا تعین دیئے جانے پرقناعت دشوار ہے..... جہالت کی وجہ سےنزاع کا بھی مظنہ ہے،وھذاظاھر(۱)۔

۲.....اوقاتِ تعلیم کی توتنخواہ ملتی ہے،اگرتعلیم کےعلاوہ کوئی دوسرا کام ان اوقات میں ان سے لیناہےتو کام کی اورمدرسین کی حیثیت کوملحوظ رکھتے ہوئے معاملہ کرلیاجائے۔برضائے طرفین حسبِ مصالحِ مدرسہ جوکچھ

---

(۱) "وشرطها كون الأجرة والمنفعة معلومتين؛ لأن جهالتهما تفضى إلى المنازعة". (الدرالمختار، كتاب الإجارة: ۶/۵، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الأول: ۴/۴۱۱، رشيديه)

(وكذا فى شرح المجلة، (رقم المادة: ۴۵۱)، كتاب الإجارة، الفصل الثالث: ۱/۲۵۴، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

بھی طے ہوجائے (۱) اگر وہ اپنی اصلی تنخواہ تدریس پر ہی دوسرا کام انجام دینے کے لئے آمادہ ہوجائیں تو یہ بھی درست ہے جب کہ مفادِ مدرسہ بھی اس میں ہو۔

۳.....اس کو دفتر اہتمام سے دریافت کیا جائے، مجھے اس کی شرح معلوم نہیں۔ میں نے خود کبھی دینی خدمات بلا معاوضہ انجام نہیں دی، بلکہ میری تنخواہ مقرر رہتی ہے۔ جس پر معاوضہ کا مسئلہ سامنے آیا ہو، کارِ مفوّضہ کا جو کچھ مشاہرہ مجھے ملتا ہے وہ بھی میری قابلیت وحیثیت سے زیادہ ہے، اس کے علاوہ مدرسہ کبھی کوئی کام لیتا ہے تو اس کے معاوضہ کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/ ۵/ ۹۴ھ۔

تعطیلِ کلاں کی تنخواہ کا استحقاق

سوال[۷۶۰۷]: زید ایک ادارے کا مہتمم ہے، بے جا غلط فہمی کی بناء پر انہوں نے بکر مدرس سے ۱۵/ شوال کو مستعفی ہونے کو کہا، بکر نے استعفیٰ پیش کر دیا۔ تو کیا اس صورت میں بکر تعطیلِ کلاں کی تنخواہ کا مستحق نہیں ہے، جب کہ مطالبۂ استعفیٰ معزول کر دینے کے ہم معنیٰ ہے اور بصورتِ معزول ادارۂ مذکورہ کے دستور کے مطابق مزید ایک ماہ کی تنخواہ کا مستحق ہوتا ہے؟ غرضیکہ بکر مدرس تنخواہ تعطیل کلاں کا مطالبہ کرتا ہے، اس لئے کہ استعفیٰ مہتمم کے مطالبہ پر دیا گیا ہے اور مہتمم مدرسہ برعکس اس کے تعطیل کلاں کی کچھ حاصل کی ہوئی تنخواہ کی واپسی کا مطالبہ کرتا ہے اور بکر کا سامان- جو اس کے پاس بطورِ امانت رکھا ہوا ہے- واپس نہیں کرتا۔

مہتمم مذکور کا ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور بکر کو تعطیلِ کلاں کی تنخواہ ملنی چاہئے یا نہیں؟ اور جو کچھ بسلسلۂ تنخواہ لے چکا ہے اس کو واپس کرنا پڑے گا یا نہیں؟

سائل: مشتاق احمد فیض آبادی، متعلم دارالعلوم دیوبند۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر تعطیل، استعفاء، معزولی کے متعلق مستقلاً کوئی معاملہ نہیں ہوا تھا تو عام دینی مدارس کے عرف کو حکم

---

(۱) "وأما شرائط الصحة، فمنها رضا المتعاقدين، ومنها أن يكون المعقود عليه وهو المنفعة، معلوماً علماً يمنع المنازعة". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الأول: ۴/ ۴۱۱، رشيديه)

تجویز کیا جائے گا(۱)۔صورت مسئولہ میں جب کہ مدرس نے استعفیٰ نہیں دیا،شوال میں حاضر ہوکر کام کرنا چاہتا تھا تو وہ تعطیل کلاں کی تنخواہ کا حقدار ہے، پندرہ شوال (تاریخ مطالبۂ استعفاء) تک کی تنخواہ اس کو دی جائے (۲) اور جو سامان اس کا محبوس کرلیا وہ واپس دیا جائے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۲۴/۳/۹۵ھ۔

مدرسہ کی تعطیلِ کلاں کی تنخواہ جب کہ تعطیل کے ختم پر دوسری جگہ چلا گیا

سوال[۷۶۰۸]: زید بحیثیتِ عربی مدرس ایک ادارہ میں ملازم تھا اور مستقل تھا، جمادی الاولیٰ میں ساز باز کر کے دوسری جگہ ملازمت کی بات کی اور رمضان شریف میں تقرر کرالیا،شعبان میں رخصت پر گیا اور بعد رمضان نئی جگہ پر چلا گیا اور شعبان اور رمضان کی تنخواہ دھوکہ سے لے لی، جب کہ اس ادارہ کا قانون ہے کہ کم از کم ایک ماہ قبل استعفیٰ دے اور اس ماہ کام بھی کرے تاکہ ادارہ دوسرے معلم کا انتظام کرلے،لیکن زید نے اس کے خلاف کیا، پورے شوال غیر حاضر رہ کر ذی قعدہ میں اپنے نہ آنے کو مطلع کیا۔نصف شعبان اور رمضان کی تنخواہ زید کے لئے جائز ہے یا ناجائز؟

---

(۱) "المعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۳)، المقالة الثانية فى بيان القواعد الفقهية: ۱/۳۷، حنفية كوئٹه)

(وكذا فى الأشباه والنظائر، الفن الأول فى القواعد، القاعدة السادسة : ۱/۲۷۸، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب: مسألة الدراهم: ۳/۱۳۰ ، سعيد)

(۲) "ومنها البطالة فى المدارس كأيام الأعياد ويوم عاشوراء وشهر رمضان فى درس الفقه، لم أرها صريحةً فى كلامهم، والمسألة علىٰ وجهين: فإن كانت مشروطةً لم يسقط من المعلوم شئ، وإلا فينبغى أن يلحق ببطالة القاضى ..... فقال فى المحيط: إنه يأخذفى يوم البطالة؛ لأنه يستريح لليوم الثانى".

(الأشباه والنظائر، الفن الأول فى القواعد: ۱/۲۷۲، ۲۷۳، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى استحقاق القاضى والمدرس الوظيفة فى يوم البطالة : ۴/۳۷۲، سعيد)

(وكذا فى شرح المجلة ، (رقم المادة: ۴۹۵)، كتاب الإجارة، الفصل الرابع: ۱/۲۷۴، مكتبه حنفية كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر وقتِ ملازمت تعطیل کے متعلق کوئی معاملہ طے نہیں ہوا تو دیگر مدارس میں جو کچھ تعامل ہے، اس کے مطابق عمل کیا جائے (۱)، وہ یہ ہے کہ ماہ شعبان میں سالانہ امتحان سے فراغت پر تعطیل ہو جاتی ہے، رمضان المبارک کا پورا مہینہ تعطیل میں گذر جاتا ہے، پھر شوال کا بھی کچھ وقت تعطیل میں محسوب ہوتا ہے، مگر اس سے مستفید ہونے کے لئے شرط یہ ہے کہ بعد تعطیل مدرسہ کھلنے پر ملازم حاضر ہو کر مدرسہ کے کام میں مشغول ہو جائے، ورنہ اس کو ان ایّام کی تنخواہ نہیں ملے گی۔ پس جو شخص شوال میں حاضر نہیں ہوا، نہ رُخصت لی (رُخصتِ استحقاقی بھی حاضری کے حکم میں ہے) بلکہ اس نے دوسری جگہ ملازمت کر لی، اس تعطیل کی مدّت کی تنخواہ کا مستحق نہیں (۲)، اگر تنخواہ لے چکا ہے تو واپس کر دے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/۹۵ھ۔

عارضی مدرس کیلئے تعطیلِ کلاں کی تنخواہ

سوال[۷۶۰۹]: نذیر احمد کو مدرسہ مظہر العلوم شموگہ کے ذمہ داروں نے ماہ ذی الحجہ/۹۴ھ سے آخر سال تعلیم شعبان تک کے لئے عارضی مدرس رکھا۔ اب کیا مسمّیٰ مذکور ایامِ تعطیل کلاں از پندرہ شعبان تا پندرہ شوال

---

(۱) "إنما تعتبر العادة إذا اطردت أو غلبت..... المعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۱-۴۳)، المقالة الثانية فی بيان القواعد الفقهية: ۱/۳۷، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب: مسألة الدراهم: ۳/۱۳۰، سعيد)

(۲) "ومنها البطالة فی المدارس كأيام الأعياد ويوم عاشوراء وشهر رمضان فی درس الفقه، لم أرها صريحةً فی كلامهم، والمسألة علىٰ وجهين: فإن كان مشروطةً لم يسقط من المعلوم شئ، وإلا فينبغی أن يلحق ببطالة القاضی .....فقال فی المحيط: إنه يأخذ فی يوم البطالة؛ لأنه يأخذ فی يوم البطالة؛ لأنه يستريح لليوم الثانی". (الأشباه والنظائر، الفن الأول فی القواعد، القاعده السادة: ۱/۲۷۲، ۲۷۳، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فی استحقاق القاضی والمدرس الوظيفة فی يوم البطالة: ۴/۳۷۲، سعيد)

Made Searchable by ScribeTools.com

پوری دوماہ کی تنخواہ کا شرعاً حق دار ہے یانہیں، جب کہ ہر مدرس کوعلی حالہ پوری تنخواہ دی جارہی ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جب کہ عارضی ملازمت ہی شعبان تک تھی تو پھر تعطیل کلاں کی تنخواہ کا استحقاق نہیں، مستقل مدرسین پر قیاس نہ کیا جائے (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند ۱۱/۹/۹۵ھ۔

تعطیل کلاں کے بعد استعفیٰ پر تنخواہ کا استحقاق

سوال[۷۶۱۰]: پورے سال بھر پڑھانے کے بعد اگر کوئی شخص رمضان کی تعطیل میں استعفیٰ دینا چاہتا ہے تو وہ شرعاً رمضان کی تنخواہ کا مستحق ہے یانہیں، اگر نہیں ہے تو کیا استحقاق کی کوئی صورت ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہاں قانون یہ ہے کہ رمضان کی تنخواہ کا استحقاق تعطیل ہونے کی صورت میں اُس وقت ہے جب کہ شوال میں مدرسہ کھلنے پر حاضر ہوکر کام کرے ورنہ استحقاق نہیں، وہاں کا قانون بھی یہی ہو تو حکم بھی یہی ہوگا (۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۹۰ھ۔

---

(۱) "إذاعقدت الإجارة فی أول الشهر علی شهر واحد، أو أكثر من شهر، انعقدت مشاهرةً ..... لوعقدت الإجارة فی أول الشهر لسَنةٍ، تعتبر اثنی عشرة شهراً". (شرح المجلة لسليم رستم: ۱/۲۷۲، ۲۷۳، (رقم المادة: ۴۸۸، ۴۹۲)، كتاب الإجارة، الفصل الرابع، مكتبه حنفية كوئٹه)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية: ۴/۴۱۶، كتاب الإجارة، الباب الثالث فی الأوقات التی يقع عليها عقد الإجارة، رشيديه)

"وإذا وقعت علی وقت معلوم، فتجب الأجرة بمضی الوقت إن هو استعمله أولم يستعمله، وبمقدارمامضی من الوقت تجب الأجرة". (النتف فی الفتاویٰ، كتاب الإجارة، ص: ۳۳۸، سعيد)

(۲) "وهل يأخذ أيام البطالة كعيد ورمضان لم أره، وينبغی إلحاقه ببطالة القاضی، واختلفوا فيها، =

Made searchable using ScribeTools.com

بلانوٹس استعفیٰ سے استحقاقِ تنخواہ

سوال[۷۶۱۱]: زید نے ایک مدرسہ میں قوانین مدرسہ کے اقرار پابندی کے ساتھ قریب دوسال تک مدرسی کی، ایک روز افراد کمیٹی نے تعلیمی انحطاط کو دیکھ کر زید کی عزت ووقار سے تعرض کئے بغیر سنجیدگی کے ساتھ بوجہ انحطاطِ تعلیم کے توجہ الی الطلبہ کی یاددہانی کرائی تو زید کو ناگوار گذری، اس بناء پر مدرسی سے استعفاء دیدیا اور اب قوانینِ مدرسہ کا انکار کرتا ہے، استعفیٰ والے مہینے میں بیس یوم تعلیمی کام کیا اور دس دن باقی رہ گئے ہیں۔ وہ قوانین یہ ہیں:

۱- کسی مدرس کو نوٹس دینے، یا کسی مدرس کو ازخود نکلنے کے لئے ضروری ہے کہ کم ازکم ایک ماہ قبل اطلاع دی جائے۔

۲- اگر اطلاع کئے بغیر کسی مدرس کو فوری طور پر نکالا گیا تو افراد کمیٹی مدرس کو ایک ماہ کا مشاہرہ دیکر نکال سکتے ہیں۔

۳- اسی طرح سے فوری طور پر نکلنے والے مدرس پر بس ایک ماہ کی تنخواہ عائد ہوتی ہے۔

تو اب دریافت طلب بات یہ ہے کہ ازروئے شرع مدرس کے انکار مع الاقرار کی بناء پر مدرس کی بیس

= والأصح أنه يأخذ؛ لأنها الاستراحة، أشباه. إنه أظهر، فينبغي أن يكون كذلك في المدرس ..... فينبغي أن يعطى ليوم البطالة المتعارفة بقرينة ماذكره في مقابلة من البناء على العرف، فحيث كانت البطالة معروفةً في يوم الثلثاء والجمعة، وفي رمضان والعيدين، يحل له الأخذ". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البطالة: ۴/۳۷۲، سعيد)

(وكذا في الأشباه والنظائر، الفن الأول في القواعد، القاعدة السادسة: ۱/۲۷۲، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۹۵)، كتاب الإجارة، الفصل الرابع: ۱/۲۷۴، حنفيه كوئٹه)

"المعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (شرح المجلة، (رقم المادة: ۴۳)، المقالة الثانيه في بيان القواعد الفقهية: ۱/۳۷، مكتبه حنفية كوئٹه)

دن کی تنخواہ افراد کمیٹی کے ذمہ واجب الاداء سمجھی جائے یا مجرم قانون شکن مدرس پر بقیہ دس دن کا مشاہرہ عائد کیا جائے؟ فقط۔

الجواب حامداًومصلیاً:

تعلیمی انحطاط دیکھ کر توجہ دلانا مدرسہ سے علیحدہ کرنا نہیں، اس سے متأثر ہوکر مدرس نے استعفیٰ دیا ہے تو ایک ماہ قبل استعفیٰ دینا لازم ہے، استعفیٰ دیکر ایک ماہ کام کرے تو اس ماہ کی تنخواہ کا مستحق ہوگا (۱)، اب ان بیس یوم کی تنخواہ کا مستحق نہیں اگر استعفیٰ دے کر فوراً کام ترک کردیا ہو (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۸/ ۹۰ھ۔

فساد کے اندیشہ سے کچھ مدت گھر بھیجے گئے مدرس کو اس زمانہ کی تنخواہ

سوال[۷۶۱۲]: طلباء میں باہمی نزاع کی بناء پر اربابِ مدرسہ نے ایک مدرس کو گھر بھیج دیا، پندرہ روز بعد یہ مدرس مدرسہ میں آگئے۔ تو اس پندرہ دن کی تنخواہ دینا اور ان کو لینا کیسا ہے؟

---

(۱) "فإن وقعت على عمل معلوم، فلا تجب الإ جارة إلا بإتمام العمل ..... وإن كان يصلح أوّله دون آخره، فتجب الأجرة ما عمل". (النتف فى الفتاوىٰ، كتاب الإجارة، ص: ۳۳۸، سعيد)

"ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إمّا بشرط التعجيل، أو بالتعجيل، أو باستيفاء المقعود عليه، فإذا وجد أحد هذه الأشياء الثلاثة، فإنه يملكها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الثانى: ۴/ ۴۱۳، رشيديه)

(وكذا فى الدر المختار، كتا ب الإجارة: ۶/ ۱۰، سعيد)

(۲) "فإن عرض فى المدة مايمنع الانتفا ع ..... سقطت الأجرة بقدر ذلک". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الثانى فى بيان أنه متى تجب الأجرة ..... الخ: ۴/۴۱۳، رشيديه)

"والمعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (الأشباه والنظائر، الفن الأول: ۱/ ۲۷۸، إدارة القرآن كراچى)

"المعروف كالمشروط يوجب إلحاق ماذكر بالمشروط" (ردالمحتار، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب: مسألة الدراهم: ۳/ ۱۳۰، سعيد)

(وكذا فى شرح المجلة لسليم، (رقم المادة: ۴۳)، المقالة الثانية فى بيان القواعد الفقهية: ۱/ ۳۷، حنفية كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

فساد کے اندیشہ سے مدرسہ کے مصالح کی خاطر مدرسہ کی انتظامیہ کمیٹی نے جب ایک مدرس کو۱۵/ دن کے لئے اس کے وطن بھیج دیا، پھر فساد کا اندیشہ دفع ہونے پر باہمی مصالحت کے بعد مدرس کو بلالیا تو پندرہ دن کی تنخواہ مدرس کو دی جاسکتی ہے اور اس کو لینے میں بھی مضائقہ نہیں (۱)۔اگر مدرس نے استعفاء دیدیا ہوتا، یا اس کو اہلِ مدرسہ نے الگ کردیا ہوتا، یعنی اس کی ملازمت ختم کردی جاتی اور تقررِ جدید کرکے بلایا جاتا تو اس مدت کی تنخواہ لینا اور دینا درست نہ ہوتی (۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

زمانۂ قید و بیماری کی تنخواہ

سوال[۷۶۱۳]: زید کو مدرسہ اشرف العلوم برما کی طرف سے چندہ کے لئے مشرقی پاکستان

---

(۱) "منها البطالة فی المدارس کأیام الأعیاد ویوم عاشوراء وشهر رمضان فی درسّ الفقه، لم أرها صریحةً فی کلامهم، والمسألة علیٰ وجهین: فإن کانت مشروطةً، لم یسقط من المعلوم شئ". (الأشباه والنظائر، الفن الأول فی القواعد، القاعدة السادسة: ۱/۳۰۰، إدارة القرآن کراچی)

"وهل یأخذ أیام البطالة کعید ورمضان، لم أره، وینبغی إلحاقة ببطالة القاضی ..... والأصح أنه یأخذ". (الدرالمختار). "إن کان الواقف قدّر لکل یوم مبلغاً، فلم یدرس..... لایحل له أن یأخذ ..... بخلاف ما إذا لم یقدّر لکل یوم مبلغاً، فإنّه یحل له الأخذ وإن لم یدرس فیها للعرف". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب فی استحقاق المدرس والقاضی فی یوم البطالة: ۴/۳۷۳، سعید)

"یشترط فی صحة الإجارة رضی العاقدین". (شرح المجلة لسلیم رستم، (رقم المادة: ۴۴۸): ۱/۲۵۴، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(۲) "الأجیر الخاص یستحق الأجرة إذا کان فی مدة الإجارة حاضراً للعمل ..... لکن لیس له أن یمتنع عن العمل. وإذا امتنع، لایستحق الأجر". (شرح المجلة، (رقم المادة: ۴۲۵)، کتاب الإجارة، الباب الأول: ۱/۲۳۹، مکتبه حنفیة کوئٹه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الإجارة، الباب الثامن والعشرون فی بیان حکم الأجیر الخاص: ۴/۵۰۰، رشیدیه)

بھیجا گیا، مگر بنگلا دیش بننے کی وجہ سے وہ وہاں پر مقید ہوگیا اور دوسال تک مقید رہا۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ ان دوسالوں کی زید کو مقررہ تنخواہ ملے گی یا نہیں؟

(الف) اشرف العلوم کی طرف سے زید کے گھر فی ماہ اسّی روپے گزروقت کے حساب سے دیا جاتا تھا، حسبِ شرع یہ اسّی روپیہ قرض ہوگا، یا اس کی تنخواہ میں شمار ہوگا؟

(ب) زید نے پہلے سال چار مہینے تحصیل کا کام کیا، دوسرے سال وہ بیماری میں مبتلاء ہونے کی وجہ سے تحصیل بھی نہ کرسکا۔ اس صورت میں کیا حکم ہوگا، آیا پورے دوسال کی تنخواہ ملے گی یا صرف ایامِ تحصیل کی تنخواہ ملے گی؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر زید کو مدرسہ نے ملازمت سے برطرف کرکے اطلاع نہیں کی اور زید نے بھی استعفاء نہیں دیا، نہ وہاں کوئی دوسری جگہ ملازمت وغیرہ کا شغل اختیار کیا، بلکہ مدرسہ اشرف العلوم ہی کا ملازم اپنے کو تصور کرکے حتی الوسع کوشش میں لگا رہا تو ان ایام کی اس کو تنخواہ ملے گی (۱)۔

(الف) اگر زید کی طرف سے یہ ہدایت تھی کہ میرے مکان پر اسّی روپیہ یا اہلِ خانہ کے طلب ظاہر کرنے پر جس قدر وہ روپیہ طلب کریں، یا اپنی صوابدید کے موافق مناسب مقدار گھر میں دے دیا کریں، تو اس روپیہ کو تنخواہ میں محسوب کیا جائے گا (۲)۔

---

(۱) "الأجير الخاص يستحق الأجرة إذا كان فى مدة الإجارة حاضراً للعمل، ولايشترط عمله بالفعل". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۲۵)، كتاب الإجارة، الباب الأول: ۱/۲۳۹، مكتبه حنفية كوئٹه)

"ومنها البطالة فى المدارس كأيام الأعياد ويوم عاشوراء وشهر رمضان فى درس الفقه، لم أرها صريحةً فى كلامهم، والمسئلة علىٰ وجهين: فإن كانت مشروطةً، لم يسقط من المعلوم شئ، وإلا فينبغى أن يلحق ببطالة القاضى ..... فقال فى المحيط: إنه يأخذ فى يوم البطالة". (الأشباه والنظائر، الفن الأول فى القواعد، القاعدة السادة: ۱/۲۷۲، إدارةالقرآن كراچى)

(۲) "وفيه قال: أنفقُ علىّ أو على عيالى أو على أولادى، ففعل، قيل: يرجع بلاشرطه". (الدرالمختار). "وكذا لوقال: أنفق من مالک على عيالى أو فى بناء دارى، يرجع بما أنفق". (ردالمحتار، كتاب =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

(ب) اس کے لئے مدرسہ کی طرف سے کوئی ضابطہ ہے تو اس پر عمل کیا جائے، یعنی ایسے ملازم کو بیماری کی وجہ سے سال بھر میں جتنی رخصت مل سکتی ہو وہ مع تنخواہ ملے گی، اس سے زائد پر تنخواہ وضع ہوگی۔ اگر کوئی ضابطہ نہ ہو تو پھر دیگر مدارس میں جو ضابطہ ہو اُسی کے موافق عمل کیا جائے گا (۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۹۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۵/ ۹۴ھ۔

ملازم کے لئے غیر حاضری کی تنخواہ

سوال[۷۶۱۴]: ملازم وقف دو دن کی رخصت لیکر گیا اور چھ روز میں آیا۔ دریافت یہ ہے کہ ملازم کو اس چار دن کی تنخواہ لینی کیسی ہے اور متولی کو دینا چاہیئے کہ نہیں؟ فقط والسلام۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر ملازمت کے شرائط میں یہ ہے کہ بلا تحصیلِ رخصت غیر حاضری پر تنخواہ وضع ہوگی تو صورتِ مسئولہ میں تنخواہ وضع کی جائے گی۔ اگر شرائط میں کچھ مدت بلا تحصیلِ رخصت چھٹی پر رہنے اور حاضر نہ ہونے کی بھی موجود ہے تو اس مدت کی تنخواہ وضع نہ ہوگی۔ غرض! حسبِ شرائط عمل کیا جائے جب کہ وہ موافقِ شرع ہوں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مظاہر علوم۔

= الطلاق، باب النفقة، مطلب: أمر غيره بالإنفاق ونحوه هل يرجع: ۳/ ۶۱۷، ۶۱۸، سعيد)

(۱) "المعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (الأشباه والنظائر، الفن الأول، القاعدة السادسة: العادة محكمة: ۱/ ۲۷۸، إدارة القرآن كراچی)

"إنما تعتبر العادة إذا طردت أو غلبت ..... المعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۱-۴۳)، المقالة الثانية فی بيان القواعد الفقهية: ۱/ ۳۷، مكتبه حنفية كوئٹه)

(وكذا فی ردالمحتار، كتاب النكاح، باب المهر، مطلب: مسألة الدراهم: ۳/ ۱۳۰، سعيد)

(۲) "يلزم مراعاة الشرط بقدر الإمكان". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۸۳)، كتاب الإجارة: ۱/ ۵۴، حنفية كوئٹه) ..... =

مدرس کی تنخواہ کا ناغہ کاٹنا

سوال[۷۶۱۵]: ایک شخص امامت ومدرسی پر ملازم ہے، تنخواہ الگ الگ متعین نہیں۔اس حالت میں مدرسہ کے ناغہ پر کیا کاٹنا ضروری ہے، یا منتظمین کی مرضی سے جائے تو کچھ نہ کٹے گا، چاہے وہ تبلیغ میں جائے، یا نجی ضرورت سے جائے، منتظمین اجازت دیدیں اور کچھ تنخواہ نہ کاٹیں تو گنہگار تو نہیں ہوں گے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مستقل معاملہ طرفین کی رضامندی سے طے کرلیا جائے (۱)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲/۱۱/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ۔

رخصتِ بیماری میں روحانی بیماری کا توریہ

سوال[۷۶۱۶]: بعض احباب اپنے اخلاقی ومعاشرتی وروحانی امراض کی بناء پر اپنی چھٹی بڑھاتے ہیں، ضابطہ میں جتنی چھٹی ہوتی ہے اس سے زیادہ، مثلاً: ایک ماہ بیماری کے نام سے تار یا خط لکھ کر بڑھوائی، وہ بڑھ گئی، اسے اپنی روحانی بیماری کے علاج میں گذار کر واپس ہوئے، وہاں جاکر پھر ملازمت شروع کردی، اس بیماری کی چھٹی کی تنخواہ بھی مل گئی۔تو اس تنخواہ کا لینا کیسا ہے؟ کیونکہ اس دفتر میں بیماری سے مراد معروف بیماری

= (وكذا في قواعد الفقه، (رقم القاعدة: ۴۹)،ص: ۸۴، الصدف پبليشرز كراچی)

"أما شرائط الصحة فمنها رضا المتعاقدين، ومنها أن يكون المعقود عليه هو المنفعة معلوماً، ومنها بيان المدة. وأما في حق الأجير الخاص، فلايشترط بيان جنس المعمول فيه، وإنما يشترط بيان المدة فقط". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الأول: ۴/۴۱۱، رشيديه)

"يعتبر ويراعى كل مااشترط العاقدان". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۷۳)، كتاب الإجارة، الفصل الثاني: ۱/۲۶۴، مكتبه حنفية كوئٹه)

(۱) "يشترط في صحة الإجارة رضى العاقدين". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۴۸)، كتاب الإجارة، الفصل الثالث: ۱/۲۵۴، مكتبه حنفية كوئٹه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الأول: ۴/۴۱۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

جسمانی ہوتی ہے، اس مہینے میں دفتر کا کوئی کام نہیں کیا اور جسمانی بیماری جو معروف ہے وہ بھی نہ تھی، روحانی بیماری کا توریہ کیا تھا تو اس تنخواہ کا شرعاً کیا حکم ہے؟

اگر ناجائز اور واپس کرنے کا حکم ہو اور واپس کرنا مشکل ہو تو اس رقم کا مصرف کیا ہوگا، آیا اپنے ماں باپ یا رشتہ داروں کو دے سکتا ہے، یا غرباء وفقراء پر تقسیم کردیں، یا کیا کرے؟ اور اس ملازمت میں دولتِ مسلم یا غیر مسلم ہونے میں تنخواہ کے جواز وعدمِ جواز میں کیا فرق ہوگا؟ چونکہ ابھی ایک صاحب نے یہ ہم سے پوچھا ہے اور وہ دور ملک کے رہنے والے ہیں، ان کو جلدی جواب دینا ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مبتلیٰ بہ خود جانتا ہے کہ کونسی بیماری زیادہ نقصان دہ اور خطرناک ہے جس کے لئے چھٹی کی ضرورت ہے، صورت مسئولہ میں توریہ درست ہے (۱) اور یہ تنخواہ بھی درست ہے (۲)۔ دولت مسلم اور غیر مسلم سے اس میں فرق نہیں ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۳/۲/۲۵ھ۔

---

(۱) "التورية أن يظهر خلاف ما أضمر في قلبه، إتقاني. قال في العناية: فجاز أن يراد بها هنا اطمينان القلب، وأن يراد الإتيان بلفظٍ يحتمل معنيين". (ردالمحتار، كتاب الإكراه، مطلب: بيع المكره فاسد وزوائده مضمونة بالتعدي: ۱۳۴/۶، سعيد)

"التورية أن يظهر خلاف ما يضمر، فجاز أن يكون المراد بها هاهنا اطمينان القلب، وجاز أن يكون الإتيان بلفظٍ يحتمل معنيين". (فتح القدير، كتاب الإكراه: ۲۴۱/۹، مصطفى البابي الحلبي مصر)

(وكذا في الفقه الإسلامي وأدلته، المطلب الثاني: صيغة اليمين القضائية، :۵۹۲/۶، مكتبة حقانية پشاور)

(۲) "ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إما بشرط التعجيل أو بالتعجيل أو باستيفاء المعقود عليه، فإذا وُجد أحد هذه الأشياء الثلاثة، فإنه يملكها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الثاني: ۴۱۳/۴، رشيديه)

(وكذا في الدرالمختار، كتاب الإجارة :۱۰/۶، ۱۱، سعيد)

(وكذا شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۶۷، ۴۶۸)، كتاب الإجارة :۲۶۱/۱، مكتبه حنفية، كوئٹه)

بغیر پڑھائے مدرسہ میں حاضر رہ کر تنخواہ لینا

سوال[۷۶۱۷]: زید کسی عارضی وجہ سے ایک دن مدرسہ کے درسگاہ میں حاضر نہیں ہوا اور نہ سبق پڑھایا، بلکہ مدرسہ کے احاطہ میں اپنے کمرہ میں رہا۔ تو اس کو اس مذکورہ دن کی تنخواہ لینا جائز ہے یا نہیں؟ جب کہ اس مدرسہ کا قانون یہ ہے کہ لڑکے جب غلہ وغیرہ کی وصولی کے لئے جاتے ہیں تو مدرس کے ذمے اگرچہ کوئی کام نہیں رہتا، لیکن اس کو مدرسہ کے احاطہ میں رہنا ضروری ہوتا ہے، چاہے درسگاہ میں رہے یا اپنے حجرہ میں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

تنخواہ اس دن کی لینے کا حق نہیں (۱)، یہاں سبق نہ پڑھانا اپنی ذاتی ضرورت سے ہے، غلہ کی وصولی کے لئے لڑکے چلے جاتے ہیں اور اس وقت سبق نہیں پڑھایا جاتا تو یہ مدرسہ کی ضرورت ہے اس لئے قیاس صحیح نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۹۰ھ۔

مدرس کو مہتمم نے الگ کیا، پھر سرپرست نے رکھ لیا، مدتِ علیحدگی کی تنخواہ کس کو دینی ہے؟

سوال[۷۶۱۸]: مدرسہ اسلامی کے ایک مدرس کو ایک شکایت کے مسموع ہونے پر اپنے طور پر تحقیق کرنے کے بعد- جو ان کے نزدیک درست تھی- مہتمم مدرسہ نے بمشورۂ چند اراکینِ مدرسہ مدرس مذکور کو ملازمتِ

---

(۱) "الأجير الخاص يستحق الأجرة إذا كان فى مدة الإجارة حاضراً للعمل ..... غير أنه يشترط أن يتمكن من العمل، فلو سلّم نفسه ولم يتمكن منه لعذر كالمطر والمرض، فلا أجر له، ولكن ليس له أن يمنع عن العمل. وإذا امتنع، لا يستحق الأجرة". (شرح المجلة لسليم، (رقم المادة: ۴۲۵)، كتاب الإجارة: ۱/۲۳۹، مكتبه حنفيه كوئٹه)

"بخلاف غيرهما من أيام الأسبوع، حيث لايحل له أخذ الأجرعن يومٍ لم يدرس فيه مطلقاً، سواء قدّر له أجر كل يوم أولا". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى استحقاق القاضى والمدرس الوظيفة فى يوم البطالة: ۴/۳۷۲، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۵۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

مدرسہ سے برخاست کردیا، بعد برخاستگی مدرس مذکور اپنے وطن چلے گئے، سرپرستِ مدرسہ کو جب برخاستگی کی اطلاع دی گئی تو انہوں نے شکایت مسموع کا شرعی ثبوت فراہم نہ ہونے کی وجہ سے یہ برخاستگی کالعدم قرار دے دی، مدرس مذکور کوملازمت پر بحال کردیا، چنانچہ ان کووطن سے بلاکر کارمتعلقہ ان کے سپرد کردیئے گئے۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ مدرس مذکور ایامِ برخاستگی کی تنخواہ پانے کا مستحق ہے یانہیں؟ اگر مستحق ہیں تو پھر یہ تنخواہ اور جو مالی نقصان ان کو ہوا ہے کس کے ذمہ واجب ہے، آیا ان کو منجانبِ مدرسہ تنخواہ دی جائے یا مہتمِ مدرسہ اور وہ اراکین جن کے مشورہ سے برخاستگی عمل میں آئی تھی، اپنے طور سے ادا کریں گے؟ فقط بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مہتمم کو اختیار تھا برخاست کرنے کا اور اپنے گمان کی حد تک ثبوت کے بعد برخاست کیا ہے تو ان ایام کی تنخواہ مہتمم پر نہیں، بلکہ بہتر یہ ہے کہ سرپرست اپنے پاس سے دیدے۔ اگر مہتمم کو بغیر سرپرست کی اجازت کے اختیار نہیں تھا تو مہتمم صاحب پر ذمہ داری ہے(۱)۔ بہتر یہ ہے کہ اس کو قانونی شکل نہ دی جائے، بلکہ مہتمم صاحب وغیرہ خارجی طور پر بہ حیثیتِ اعانت ان کی خدمت کردیں تاکہ ان کے نقصان کی بھی تلافی ہوجائے اور بلاکام کئے تنخواہ کا بار مدرسہ پر بھی نہ پڑے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۵/۹۰ھ۔

عرصہ تک ملازمت کرنے کے بعد معذور ہوا، تو کیا وہ تنخواہ لینے کا حقدار ہے؟

سوال[۷۶۱۹]: ۱.....زید نے عرصۂ دراز تک بعوضِ تنخواہ ایک مدرسہ میں رہ کر درسِ کلام پاک کی

---

(۱) "باع القاضی أو أمینه عبداً لدین الغرماء وأخذ المال، فضاع ثمنه عند القاضی، واستحق العبد، لم یضمن؛ لأن أمین القاضی کالقاضی، والقاضی کالإمام، وکل منهم لایضمن بل ولا یحلف". (ردالمحتار، کتاب القضاء، مسائل شتیٰ: ۴۵۸/۵، سعید)

"وقفٌ له متولی ومشرف، لا یکون للمشرف أن یتصرف فی مال الوقف؛ لأن ذلک مفوض إلی المتولی، والمشرف مأمور بالحفظ لاغیر". (فتاویٰ قاضی خان علیٰ هامش الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الوقف، باب الرجل یجعل داره مسجداً.....: ۲۹۷/۳، رشیدیه)

(وکذا فی ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب: لیس للمشرف التصرف: ۴۵۸/۴، سعید)

Made Searchable by ScribeTools.com

تعلیم انجام دی، اب بوجہ مسلسل بیمار و بزمانۂ پیرسالی مدرسہ مذکور کی کسی بھی قسم کی خدمت انجام نہیں دے سکتے۔ اب فرمایئے کہ اس صورت میں مدرسہ سے تنخواہ پانے کے مستحق ہوسکتے ہیں یا نہیں؟

۲.....زید مذکور اپنی عادت بد کی وجہ سے مدرسہ کے نظم میں خلل اندازی بھی کرتے رہتے ہیں جس کی وجہ سے مدرسہ کے طلباء کی تعلیم وتربیت میں حرج واقع ہوتا ہے۔ زید مدرسہ میں ہی رہتے ہیں، ان کے عزیز واقارب گھر لے جانا چاہتے ہیں اور یہ جاتے نہیں ہیں جس کی وجہ یہ بھی ہے کہ مدرسہ کے کارکن حضرات زید مذکورہ کے تلامذہ میں سے ہیں، اس لئے زید مذکور کو مدرسہ سے الگ کرنے پر قادر نہیں ہیں۔ اور مدرسہ کی بدنظمی جو ان کی وجہ سے ہورہی ہے اس کا کارکن حضرات کو بھی سخت احساس ہے۔ اب تحریر فرمائیں کہ کیا کیا جائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....تنخواہ تو کام کا معاوضہ ہے، جب مدرسہ کا کوئی کام نہیں کرتے تو پھر تنخواہ کس بات کی ہے(۱)۔

۲.....اس حالت میں ان کو چاہئے کہ وہ مدرسہ کا قیام ترک کردیں (۲)، کارکنانِ مدرسہ جوان کے تلامذہ ہیں وہ آداب واحترام کے ساتھ ان کو رخصت کردیں اور ان کی جانی مالی خدمت حسبِ استطاعت بحقِ

---

(۱) "الأجیر الخاص یستحق الأجرة إذا کان فی مدة الإجارة حاضراً للعمل، ولایشترط عمله بالفعل، غیر أنه یشترط أن یتمکن من العمل، فلو سلّم نفسه ولم یتمکن منه لعذر کالمطر والمرض، فلا أجرله". (شرح المجلّة لسلیم رستم، (رقم المادة: ۴۲۵): ۱/۲۳۹، مکتبه حنفیة کوئٹه)

"فلو امتنع ولو حکماً کمطر ومرض فلاأجر له". (الدرالمنتقیٰ علی هامش مجمع الأنهر، کتاب الإجارة: ۳/۵۴۷، غفاریة کوئٹه)

(وکذا فی المحیط البرهانی، کتاب الإجارة، الفصل الثامن والعشرون فی بیان حکم الأجیر الخاص والمشترک: ۹/۳۳۱، غفاریه کوئٹه)

(۲) "ولیس للقیّم أن یُسکِن فیها أحداً بغیرأجر؛ لأنه إتلاف منافع الوقف بغیر عوض". (المحیط البرهانی، کتاب الوقف، الفصل السابع فی تصرف القیم فی الأوقاف: ۷/۴۷، مکتبه غفاریة کوئٹه)

(وکذا فی التاتارخانیة، کتاب الوقف، الفصل السابع فی تصرف القیم فی الأوقاف: ۵/۷۴۹، إدارة القرآن کراچی)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الوقف: ۵/۳۹۹، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

شاگردی کرتے رہیں (۱)۔ ہاں! اگر مدرسہ میں ان کے قیام سے مدرسہ کا نفع ہو، مثلاً: ان کے اثر سے مدرسہ کا نظم وضبط قائم رہتا ہو اور ان کی تجربہ کارانہ رائے سے کارکنوں کو روشنی ملتی ہو اور ان کی صحبت سے اصلاح وتربیت ہو تو پھر مدرسہ میں قیام بھی درست ہے اور تنخواہ کی بھی گنجائش ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۱۱/۹۱ھ۔

تنخواہ میں اضافہ کا وعدہ

سوال [۷۶۲۰]: ایک مدرسہ کے عملۂ ملازمین نے بسلسلۂ اضافۂ تنخواہ مدرسہ کے مہتمم کو درخواست دی، مہتمم نے سرپرستِ مدرسہ کے خدمت میں اس درخواست کو پیش کردیا، سرپرستِ مدرسہ اپنی مشغولیت کی وجہ سے چند ماہ غور نہ فرما سکے۔ ملازمینِ مدرسہ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد درخواست دیتے رہے، مہتمم نے ملازمینِ مدرسہ سے وعدہ کرلیا کہ جو بھی اضافہ ہوگا وہ گذشتہ ماہ محرم الحرام سے ہوگا، سرپرست مدرسہ نے موجودہ ماہ سے اضافہ فرمایا اور تحریر فرمایا کہ اسی ماہ سے اضافہ ہوگا۔ دریافت طلب مسئلہ یہ ہے کہ اضافہ گذشتہ ماہ محرم الحرام سے دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ مفصل تحریر فرمائیں۔

احقر: جمیل احمد نذیری۔

---

(۱) قال العلامة برهان الإسلام الزرنوجي: "الحرمة خيرٌ من الطاعة، ألا ترىٰ أن الإنسان لايكفر بالمعصية، وإنما يكفر باستخفافها وبترک الحرمة ..... ومن تعظيم العلم تعظيم المعلم ..... وقال مشايخنا رحمهم الله: من أراد أن يكون ابنه عالماً، فينبغي أن يراعي الغرباء من الفقهاء ويكرمهم ويطعمهم ويعظّمهم ويعطيهم شيئاً". (تعليم المتعلم للزرنوجي، ص: ۲۱، ۲۲، قديمي)

(۲) "ويبدأ من غلته بعمارته، ثم ما هو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار). "ثم ماهو أقرب إلى العمارة وأعمّ للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم ..... وكذلک إلى آخر المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة: ۴/۳۶۷، سعيد)

"نعم يتصرف القيّم في الوقف بمافيه من النفع للوقف". (تنقيح الفتاوىٰ الحامدية، كتاب الوقف: ۱/۲۰۹، مكتبه ميمنيه مصر)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۴۲، رشيديه)

الجواب حامداًومصلیاً:

اگرسرپرستِ مدرسہ ہی نے یکم محرم سے تنخواہ کے اضافہ کا وعدہ کیا تھا،لیکن ان کو یاد نہیں رہا، وعدہ پورا کرنے کا موقع نہیں ملا، نیز مصلحتِ مدرسہ کا تقاضا یہ ہے کہ یکم محرم سے اضافہ کردیا جائے، ورنہ بدزبانی وبدگمانی کا دروازہ کھلے گا، اَور بھی کوئی نامناسب صورت پیش آسکتی ہے، مثلاً: خدانخواستہ مدرسین بغاوت کردیں، اپنا کام چھوڑ دیں، یا طلباء کے اندر غلط قسم کے جذبات پیدا کرنے کی کوشش کریں وغیرہ وغیرہ تو یکم محرم سے اضافہ کرسکتے ہیں(۱)۔اگرسرپرست نے وعدہ نہیں کیا تھا، بلکہ مہتمم نے وعدہ کیا تھا اور مہتمم کو اس کا اختیار نہیں تو مہتمم کو یکم محرم سے اضافہ کرنے کا حق نہیں(۲)۔

بصورتِ دیگر مدرسین کے لئے زیبا یہ ہے کہ گذشتہ ایام کے مطالبہ کا ارادہ نہ کریں، بلکہ جس روز سے باضابطہ تجویز کیا جائے اسی روز سے اس اضافہ کو قبول کریں، یہ ان کے مقامِ بلند کے لئے بہت لائق اور بہتر ہے، ان کا حال اونچا ہونا چاہئیے کہ (اُن کی) نظر دینی تعلیم، خدمت اور افادۂ طلباء اور ترقی مدرسہ اور خشیت پر ہو، روپیہ کمانے کی نیت ہرگز نہ ہو کہ یہ تو فیکٹریوں کے ملازمین اور مزدوروں کا حال ہوتا ہے کہ ان کے سامنے بس اپنا

---

(۱) قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولاً﴾ (سورة الإسراء: ۳۴)

"يبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار). "ثم ماهو أقرب إلىٰ العمارة وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة يصرف إليهم إلىٰ قدر كفايتهم، ثم السراج والبساط كذلک إلىٰ آخر المصالح".

(ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بماهو أقرب إليها :۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف :۳۵۶/۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقْف، الباب الحادي عشر في المسجد ومايتعلق به: ۴۶۲/۲، رشيديه)

(۲) "وقفٌ له متولي ومشرف، ليس للمشرف أن يتصرف في مال الوقف؛ لأن ذلک مفوّض إلىٰ المتولي، والمشرف مأمور بالحفظ لاغير". (البحرالرائق، كتاب الوقف :۴۰۸/۵، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان علىٰ هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً ..... اهـ:۲۹۷/۳، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

روپیہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قناعت وتوکل کی دولت سے نوازے اور ﴿من یتوکل علی اللّٰہ فھو حسبہ﴾(۱) پر پورا اعتماد عطا ہوجائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۶/۱۴۰۶ھ۔

تدریس وامامت کی قلیل تنخواہ میں اضافہ کا مطالبہ

سوال[۷۶۲۱]: ۱.....زید ایک مسجد کا امام ہے اور بچوں کو تعلیم بھی دیتا ہے، ۱۷۵/ روپے ماہوار تنخواہ ملتی ہے۔ چند ماہ بعد زید نے تمام نمازیوں کو یہ حکم دیا کہ باری باری ہر فرد مجھے کھانا بھیج دیا کرے، ورنہ وہ سچا مسلمان نہیں ہوسکتا۔ مزید اس نے بچوں کا داخلہ بند کردیا جس کی وجہ سے بچوں کی تعلیم پر اثر پڑ رہا ہے۔ تو کیا زید اور اس کی حامیوں کی اطاعت از روئے شرع واجب ہے یا نہیں؟

۲..... جو لوگ امام صاحب کی اس بات پر حامی نہیں، ان کو شوقیانہ الفاظ سے یاد کرتے ہیں۔ کیا یہ اسلامی شعار ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....امام صاحب موصوف کو ایسا اعلان نہیں کرنا چاہئے، اس قسم کی وعید سنانے کا حق نہیں، جب معاملہ ۱۷۵/ روپیہ ماہانہ پر ہوا ہے، کھانا شرط نہیں تھا تو اب ایسا طریقہ اختیار کرنا غلط ہے(۲)۔

غلط بات کو تسلیم نہ کرنے سے ایمان میں فرق نہیں آئے گا (۳)، بچوں کی تعلیم کا انتظام کرنا

---

(۱) (سورة الطلاق : ۳)

(۲) "یشترط أن تکون الأجرة معلومةً، سواء کانت من المثلیات أو من القیمات، أو کانت منفعةً أخریٰ؛ لأن جهالتها تفضی إلی المنازعة، فیفسد العقد". (شرح المجلة لسلیم رستم، (رقم المادة: ۴۵۰)، کتاب الإجارة، الفصل الثالث فی شروط الإجارة: ۱/۲۵۴، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الإجارة، الباب الأول: ۴/۴۱۱، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار: ۶/۵، کتاب الإجارة، سعید)

(۳) غلط بات کو تسلیم نہ کرنا تو ایک امر مستحسن ہے، جبکہ اہلِ سنت وجماعت کے ہاں کبیرہ گناہ کے ارتکاب سے بھی ایمان زائل نہیں ہوتا: "ولانکفر مسلماً بذنب من الذنوب وإن کانت کبیرةً: أی ولانسقط عن المسلم بسبب ارتکاب کبیرة وصف الإیمان". (شرح الفقه الأکبر للملا علی القاری، ص: ۱۷۱، قدیمی) =

ضروری ہے (۱)۔

۲..... بلاوجہ شرعی کسی کے لئے شوقیانہ الفاظ اختیار کرنا درست نہیں، یہ ہرگز اسلامی شعار نہیں (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مہتمم صاحب کی تنخواہ ماہ رمضان میں دوگنی اور کارِ مفوّضہ انجام نہ دینا

سوال[۷۶۲۲]: ایک دینی مدرسہ کے ذمہ دار (ناظم و مہتمم صاحب) نے اپنی تنخواہیں صدر مدرس اور شیخ الحدیث سے بھی زیادہ کر رکھی ہے اور مفوضہ خدمات یعنی فراہمیٔ مالیات کے لئے صرف ماہ رمضان میں تشریف لے جاتے ہیں، رجسٹر حاضری کے دستخط سے بھی وہ مبرّا ہیں۔ مدرسہ کا پورا عملہ تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے پریشان رہتا ہے، چھ چھ، سات سات، ماہ کی تنخواہیں چڑھ جاتی ہیں۔

رمضان میں گیارہ ماہ آرام کے بعد اور اپنے نجی دھندے کر کے چندہ کو جاتے ہیں تو نام نہاد شواری کے ممبروں کو حلوے انڈے کھلا کر- وہ بھی مدرسہ ہی کے- ان سے کہا کہ دیکھئے صاحب! ہماری ایک مہینہ کی چھٹی ہوتی ہے اور اسی میں ہم باہر رہتے ہیں، لہذا اسی مہینہ کی ہمیں دوگنی تنخواہ ملنی چاہئیے، اب یہ ناظم اور مہتمم صاحب

= (وكذا في البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين: ۵/ ۲۰۹، رشيديه)

(۱) "عن أبي سعيد وابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهم قالا: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من وُلد له ولد، فليحسن اسمه وأدبه". (مشكوٰة المصابيح، كتاب النكاح، باب الولي في النكاح، الفصل الثالث، ص: ۲۷۱، قديمي)

"فليحسن اسمه وأدبه": أي معرفة أدبه الشرعيّ". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوٰة المصابيح، كتاب النكاح، باب الولي في النكاح: ۶/ ۳۰۰، رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿يأيّها الذين امنوا لايسخر قوم من قوم عسىٰ أن يكونوا خيراً منهم ..... ولاتلمزوا أنفسكم ولاتنابزوا بالألقاب، بئس الاسم الفسوق بعد الإيمان﴾ (سورة الحجرات: ۱۱)

"عن علقمة، عن عبد الله رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ليس المؤمن بالطعان ولااللعان ولا الفاحش ولاالبذيّ". (جامع الترمذي، أبواب البر والصلة، باب ماجاء في اللعنة: ۲/ ۱۸، ۱۹، سعيد)

Made Searchable using ScribeTools.com

بجائے بارہ ماہ کے سال میں ساڑھے تیرہ ماہ کی تنخواہ پاتے ہیں۔

آیا یہ ساڑھے تیرہ ماہ کی تنخواہ ایک سال کے لئے درست ہے یا نہیں؟ جب کہ بے چارے مدرسین گیارہ ماہ پوری تندہی، دیانت ومحنت کے ساتھ تعلیم دیتے ہیں اور ماہ مبارک میں چندہ کر کے اپنی تنخواہوں کا خود بندوبست کرتے ہیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر معاملہ اس طرح ہو کہ فلاں ماہ میں اتنی تنخواہ ملے گی تو اس کی گنجائش ہے(۱)، لیکن جو کام سپرد ہوا ہو، اس کو پورا کرنا ضروری ہے، کارِ مفوّضہ کا انجام نہ دینا اور تنخواہ لینا جائز نہیں (۲)، ارکانِ شوریٰ اگر علم کے باوجود اجازت دیں تو اس سے وہ تنخواہ حلال نہیں ہو جاتی، البتہ جرم میں وہ بھی شریک ہو جاتے ہیں (۳)، اگر دنیا میں کوئی باز پرس نہ کر سکے تو قیامت میں بہر حال حساب دینا ہے، کوئی بھی نہ ناظم ومہتمم کو بچا سکے گا، نہ مدرسین کو، نہ

---

(۱) "يشترط فى صحة الإجارة رضى العاقدين ..... ويشترط أن تكون الأجرة معلومةً". (شرح المجلة لسليم رستم، كتاب الإجارة، الفصل الثالث، (رقم المادة: ۴۴۸، ۴۵۰) : ۱/۲۵۴، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الأول: ۴/۴۱۱، رشيديه)

(۲) "الأجير الخاص يستحق الأجرة إذاكان فى مدة الإجارة حاضراً للعمل ..... ليس له أن يمتنع عن العمل. وإذا امتنع، لايستحق الأجرة". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۲۵)، كتاب الإجارة، الباب الأول: ۱/۲۳۹، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الثامن والعشرون فى بيان حكم الأجير الخاص: ۴/۵۰۰، رشيديه)

(۳) "وفى الإسعاف: ولايُولّى إلا أمين قادر بنفسة أو بنائبه؛ لأن الولاية مقيدة بشرط النظر، وليس من النظر تولية الخائن؛ لأنه يخل بالمقصود". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يأثم بتولية الخائن: ۴/۳۸۰، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۷۸، رشيديه)

ارکانِ شوریٰ کو(۱)۔

مدرسین کو تنخواہ نہ ملے اور ناظم و مہتمم استحقاق سے بھی زیادہ وصول کریں، یہ صریح ظلم ہے جس کا وبال دنیا و آخرت میں سخت ہے(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔ الجواب صحیح: نظام الدین عفی عنہ۔

مدرس کو علیحدہ کرنے پر ایک ماہ کی تنخواہ زائد دینا

سوال[۷۶۲۳]: زید عربی مدرسہ میں دو سال سے ملازم تھا، بوقتِ تعطیل کلاں رمضان المبارک میں اس نے مہتمم صاحب سے کہا: میں چندہ کرنے سے قاصر ہوں، میرے بارے میں جو فیصلہ ہوا ہے، آپ ظاہر کردیجیے۔ مہتمم صاحب نے کہا کہ تم کو رمضان المبارک کے کچھ دن یہاں مدرسہ میں رہنا ہے، تمہارے بجائے میں جاؤں گا، لہٰذا زید مکان مذکور سے واپس آیا اور مہتمم صاحب کی واپسی تک مدرسہ میں رہا اور مہتمم صاحب کی اجازت سے مکان چلا گیا، راستہ میں مہتمم صاحب کے کہنے پر جو کام بتلایا تھا وہ بھی انجام دیا۔ مہتمم صاحب نے شوال کے دوسرے ہفتے میں اطلاع دی کہ تمہاری ملازمت ختم ہوگئی ہے، زید کہتا ہے کہ اس کو شوال کی تنخواہ ملنی چاہیے۔ازروئے شرع وہ کتنی تنخواہ کا حق دار ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مہتمم صاحب نے جس وقت سے اطلاع کی ہے، اس وقت (تک کی) تنخواہ بلاشبہ لازم ہے(۳)۔

---

(۱) قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿واتقوا یوماً لاتجزی نفس عن نفس شیئاً، ولایقبل منها عدل، ولاتنفعها شفاعة، ولاهم ینصرون﴾ (سورةالبقرة: ۱۲۳)

(۲) قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿ولا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالی عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "قال الله: ثلثة أنا خصمهم یوم القیامة: رجل أعطی بی ثم غدر، ورجل باع حراً فأکل ثمنه، ورجل استاجر أجیراً فاستوفیٰ منه ولم یعطه أجره". رواه البخاری". (مشکوٰة المصابیح، باب الإجارة، الفصل الأول: ۲۵۸/۱، قدیمی)

(۳) "الإجارة لاتخلو من وجهین: إما أن تقع علی وقت معلوم أو علی عمل معلوم، فإن وقعت علی عمل =

Made searchable using ScribeTools.com

پورے ماہ شوال کے متعلق یہ تفصیل ہے کہ اگر مدرسہ کا کوئی ضابطہ مقرر ہے، یا زید سے اس کے متعلق معاہدہ ہوا ہے (مثلاً جب دل چاہے زید ملازمت ترک کردے اور جب دل چاہے مہتمم صاحب علیحدہ کردیں تو اس وقت معاملہ ختم ہوجائے گا اور آئندہ کا کوئی حساب یعنی بلا کام کئے تنخواہ دینے کا حق باقی نہ رہے گا، اس طرح گذشتہ کام کی تنخواہ ضبط کرنے کا بھی حق نہیں رہے گا؛ تب تو اس کے مطابق عمل درآمد ہوگا (۱)، ورنہ عمومی مدارس کا طریقہ یہ کہ اگر مہتمم علیحدہ کرنا چاہیں تو ایک ماہ پیشتر اطلاع کردیں کہ یکم ذیقعدہ سے آپ سبکدوش ہیں۔ اگر ایسا نہیں کیا، بلکہ فوری طور پر علیحدہ کیا تو ایک ماہ کی تنخواہ مزید دیکر علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح مدرس کا حال ہے کہ وہ اپنی علیحدگی کے لئے ایک ماہ پہلے اطلاع کردے، ورنہ ایک ماہ کی تنخواہ سے دست بردار ہوجائے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۲۴ھ۔

= معلوم، فلاتجب الأجرة إلا بإتمام العمل ..... إن كان يصلح أوّله دون آخره، فتجب الأجرة بمقدار ماعمل ..... وإذا وقعت على وقت معلوم فتجب الأجرة بمضى الوقت ..... وبمقدار مامضى من الوقت تجب الأجرة". (النتف للفتاوىٰ، كتاب الإجارة، ص: ۳۳۸، سعيد)

"ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إمابشرط التعجيل أو بالتعجيل، أو باستيفاء المعقود عليه، فإذا وُجد أحد هذه الثلاثة، فإنه يملكها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الثانى: ۴/۴۱۳، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الإجارة: ۶/۱۰، سعيد)

(۱) "المعلق بالشرط يجب ثبوته عند ثبوت الشرط". (شرح المجلة لسليم، (رقم المادة: ۸۲): ۱/۵۴، مكتبه حنفيه كوئٹه)

"يعتبر ويراعى كل مااشترط العاقدان فى تعجيل الأجرة وتأجيلها". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۷۳)، كتاب الإجارة، الفصل الثانى: ۱/۲۶۴، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۲) "المعروف عرفاً كالمشروط شرعاً". (الأشباه والنظائر، الفن الأول فى القواعد، القاعدة السادسة: العادة محكمة: ۱/۲۷۸، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى شرح المجلة، (رقم المادة: ۴۳)، المقالة الثانية فى بيان القواعد الفقهية: ۱/۳۷، مكتبه حنفية كوئٹه) .....=

سال بھر پورا ہونے پر ایک ماہ کی تنخواہ زائد دینا اور ہر چھٹی پر تنخواہ وضع کرنا

سوال[۷۶۲۴]: زید ایک ایسے مدرسہ میں ملازم ہے جہاں کا قانون یہ کہ پورے سال میں رخصتِ علالت واتفاقیہ ایک دن بھی نہیں ہے، بلکہ رخصت کے بجائے ایک مہینہ زائد کی تنخواہ دی جاتی ہے اور حسبِ ضرورت ناغہ ہونے پر ایک گھنٹہ تک کی بھی تنخواہ وضع کرلی جاتی ہے۔ اب اگر زید نے ناظم یا ممبرانِ مدرسہ کے یہاں کسی ضرورت کی بناء پر یہ درخواست پیش کی کہ مجھے بلا معاوضہ رخصت عطا کی جائے اور ممبرانِ مدرسہ نے اس کو منظور کرلیا تو ازروئے شرع زید کی یہ درخواست پیش کرنا اور ممبران حضرات کا اس کو منظور کرلینا جائز ہے یا نہیں، جب کہ قوم نے ناظم یا ممبران کو اپنا حاکم تسلیم کرلیا ہے؟ درصورتِ عدمِ جواز وجہ تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

زید کو اپنی ضرورت کے تحت درخواست دینے میں تو کوئی اشکال نہیں، وہ یہ بھی درخواست دے سکتا ہے کہ میرے ساتھ اَور بھی خصوصیات برتی جائیں، مگر ہر درخواست لائقِ قبول نہیں، ناظم اور ممبران کو ایسی درخواستوں کے قبول کرنے میں دشواری ہوگی، وجہِ خصوصیت بتلانے میں بھی مشکل ہوگا۔ دوسرے ملازم درخواست دیں تو اس کو رد کرنا بھی مشکل ہوگا، قسم قسم کے الزامات عائد ہوں گے۔ اور قوم نے بھی اس کو نمائندہ اس لئے نہیں بنایا کہ زید کے لئے خصوصی رعایت کریں، بلکہ قانون عام ہوتا ہے(۱)۔

البتہ اگر ناظم وممبران مل کر قانون میں ہی مدرسے کی بہتری کے لئے کوئی اس قسم کی تبدیلی وترمیم کریں

= "ومنها البطالة فی المدارس کأیام الأعیاد ویوم عاشوراء وشهر رمضان فی درس الفقة، لم أرها صریحةً ..... فإن کانت مشروطةً لم یسقط من المعلوم شیء، وإلا فینبغی أن یلحق ببطالة القاضی".

(الأشباه والنظائر، الفن الأول فی القواعد، القاعدة السادسة: ۱/۲۷۲، إدارة القرآن کراچی)

(۱) "علیٰ أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفین واجبة". (ردالمحتار، کتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفین واجبة: ۴/۴۴۵، سعید)

"أجمعت الأمة أن من شروط الواقفین ماهو صحیحٌ معتبرٌ یعمل به". (البحرالرائق، کتاب الوقف: ۵/۴۱۱، رشیدیه)

(وکذا فی تنقیح الفتاویٰ الحامدیة، کتاب الوقف: ۱/۱۲۶، مکتبه میمنیه مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

جس سے سب نفع اٹھاسکیں اور مدرسہ کا بھی نقصان نہ ہوتو اس کا حق ہوگا پھر اس تبدیلی وترمیم میں قوم کو بھی آگاہ کر دیں تو بہتر ہوگا، تاکہ قوم مطمئن رہے کہ ہمارے نمائندے مدرسہ کا مال صحیح طور پر صرف کررہے ہیں، اپنے ذاتی تعلق والوں پر بے ضابطہ روپیہ خرچ نہیں کرتے (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۶/ ۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۶/ ۹۰ھ۔

تنخواہ کیلئے حیلۂ تملیک کی صورتیں

سوال[۷۶۲۵]: یہاں اس شہر میں ایک مدرسہ ہے جس میں شہر کے بچوں کو ناظرۂ قرآن اور نماز وغیرہ کے ضروری مسائل کی تعلیم دی جاتی ہے۔اب مندرجہ ذیل امور قابلِ التفات ہیں:

۱..... بچے سب اسی شہر کے ہیں اور صبح کو ایک گھنٹہ اور شام کو ایک گھنٹہ یہاں تعلیم پاتے ہیں اور پورے دن سرکاری پرائمری اسکول میں پڑھتے ہیں۔

۲..... رمضان شریف میں اس مدرسہ کے لئے شہر سے زکوٰۃ کا روپیہ وصول کیا جاتا ہے اور اخراجات میں سوائے تنخواہ مدرسین کے کوئی دوسری مد نہیں ہے۔کیا یہ جائز ہے؟

۳.....کیا حیلۂ تملیک کے بعد مدرس کو تنخواہ دینا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر بیرونی بچے اس مدرسہ میں نہیں، سب مقامی ہیں اور غریب نادار ہیں تو ان کو بطورِ وظیفہ زکوٰۃ کا پیسہ دیدیا جائے جس سے زکوٰۃ ادا ہوجائے (۲)، پھر ان کے اولیاء سے کہا جائے کہ وہ اس بچے کی فیس مدرسہ میں

---

(۱) "نعم يتصرف القيم فى الوقف بما فيه من النفع للوقف". (تنقيح الفتاوىٰ الحامدية، : ۱/ ۲۰۹، مكتبه ميمنيه مصر)

(وكذا فى ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى المصادقة على الاستحقاق : ۴/ ۴۴۱، سعيد)

(۲) قال الله تبارك وتعالىٰ: ﴿إنما الصدقٰت للفقراء والمسٰكين، والعاملين عليها، والمؤلفة قلوبهم، وفى الرقاب، والغٰرمين، وفى سبيل الله، وابن السبيل﴾ (سورة التوبة: ۶۰)

"الزكاة هى تمليك جزء مال عيّنه الشارع من مسلم فقير غير هاشمى ولامولاه مع قطع =

Made Searchable by ScribeTools.com

داخل کردیں اور وہ پیسہ بچوں سے لیکر فیس دیدیں، اس فیس سے تنخواہ وغیرہ کا کام چل سکتا ہے(۱)۔ بچے اگر بالغ ہوں تو خود ان سے بھی فیس میں وہ پیسہ لینا درست ہے، اولیاء کا واسطہ واجازت بھی ضروری نہیں۔ جو بچے نادار نہیں ان کو زکوٰۃ کا پیسہ وظیفہ میں دینا درست نہیں (۲)۔ اور اگر کسی غریب مستحقِ زکوٰۃ کو زکوٰۃ دے کر مالک بنادیا جائے اور وہ اپنی طرف سے مدرسہ میں دیدے تو اس کو بھی تعلیم میں خرچ کرنا درست ہے، خواہ تنخواہ میں دیا جائے یا تعمیری کام میں خرچ کیا جائے:

"والحيلة أن يتصدق به على الفقير، ثم يأمره بفعل هٰذه الأشياء، اه". درمختار علىٰ هامش ردالمحتار: ۲/۶۳(۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۳/ ۷/ ۹۱ھ۔

لوگوں کی طرف سے مدرسین کو جو کھانا دیا جائے، وہ اباحت ہے یا تملیک؟

سوال[۷۶۲۶]: یہاں مدرسہ میں تنخواہ کے ساتھ کھانے ناشتہ کا بھی نظم ہے، گاؤں والے کھانا باری سے دیتے ہیں، کم ہوجائے تو مطالبہ نہیں، زیادہ ہوتو واپس نہیں ہوتا، یہی معمول ہے۔ اگر کوئی مسافر ہوتو ساتھ کھالیتا ہے، کسی کو اعتراض نہیں ہوتا ہے۔ کھانا گاؤں کے کسی فرد کو کھلائیں تو اعتراض ہوتا ہے، لیکن لوگ کھل کر کچھ نہیں کہتے۔ ان سے پہلے مدرس تھے وہ کھانا اپنے گھر لیجا کر کھاتے تھے، اس پر لوگوں کا خیال تھا کہ مدرسہ ہی میں کھائیں تو بہتر ہے کہ دو تین کھانوں میں ایک آدمی اگر زائد آجائے تو وہ بھی شریک ہوجائے۔

اب سوال یہ ہے کہ یہ کھانا دینا مدرسہ میں اباحت ہے یا تملیک جب کہ دینے والوں کی طرف سے اس

= المنفعة عن المملک من کل وجه لله تعالیٰ". (الدرالمختار، کتاب الزکاة: ۲/۲۵۶، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الزکاة، : ۲/۳۵۲، رشیدیه)

(وکذا فی تبیین الحقائق، کتاب الزکاة: ۲/۱۷، ۱۸، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۱) (راجع رقم الحاشیة: ۳)

(۲) (راجع، ص: ۵۴۹، رقم الحاشیة: ۲)

(۳) (الدرالمختار، کتاب الزکوة، باب المصرف: ۲/۳۴۵، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الزکوة، باب المصرف : ۲/۴۲۴، رشیدیه)

(وکذا فی تبیین الحقائق، کتاب الزکوة، باب المصرف : ۲/۱۲۱، دارالکتب العلمیة بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

کی کوئی تصریح نہیں ہوتی اور دوسروں کو کھانے میں خواہ وہ گھر کے ہی کیوں نہ ہوں شریک کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جب کھانا مدرس کے پاس بھیج دیا اور اس کو یہ بھی اختیار ہے کہ جس مہمان یا جس مسافر کو چاہے اپنے ساتھ شریک کرلے، اور جو کھانا بچ جائے اس کی واپسی نہیں ہوتی، نیز تنخواہ کے ساتھ کھانے کا بھی معاملہ ہے تو یہ سب علامات ہیں کہ یہ کھانا ان کو تملیکاً دیا جاتا ہے، اباحۃً نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۸/ ۷/ ۹۳ھ۔

بلاتنخواہ مدرسہ کی خدمت کرنا اور تعمیرِ مدرسہ میں قیام کرنا

سوال[۷۶۲۷]: مہتمم مدرسہ جو بلامقررہ تنخواہ لئے ہوئے صرف عمارت میں قیام کو اپنی خدمت کا صلہ سمجھتا تھا، وہ شرعی نقطۂ نظر سے گنہگار ہوگا یا نہیں؟ امید ہے کہ جواب جلد عنایت فرمائیں گے۔

عبدالمنان، تاجر برتن، زیر جامع مسجد سلطان پورا (اودھ)، ۱۴/ جنوری/ ۴۸ء۔

---

(۱) اباحت میں کھانے کے سوا دوسرے تصرفات کی اجازت نہیں ہوتی ہے جب کہ تملیک میں ہر قسم کے تصرف کرنے کا اختیار ہوتا ہے:

"دعا قِماً إلى طعام و فرّقهم على أخوِنَة، ليس لأهل خوان مناولة أهل خوان آخر، ولا إعطاء سائل وخادم وهرّة لغير رب المنزل، ولاكلبٍ ولو لرب المنزل". (الدرالمختار: ۵/ ۷۱۰، كتاب الهبة، فصل فى مسائل متفرقة، سعيد)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية: ۵/ ۳۴۴، كتاب الكراهية، الباب الثانى عشر فى الهدايا والضيافات، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية: ۶/ ۳۴۳، كتاب الهبة، الباب الثالث فى الحظر والإباحة والإحلال منه، رشيديه)

"كل يتصرف فى ملكه كيف شاء". (شرح المجلة لسليم رستم: ۱/ ۶۵۴، رقم المادة: ۱۱۹۲، مكتبه حنفيه كوئٹه)

"والتحقيق أن المنفعة ملك لا مال؛ لأن الملك ما من شأنه أن يتصرف فيه بوصف الاختصاص". (ردالمحتار: ۴/ ۵۰۲، كتاب البيوع، مطلب فى تعريف الملك والمال والتقوم، سعيد)

الجواب حامداًومصلیاً:

اس میں گنجائش ہے، مگر مہتمم کو چاہئے کہ مدرسہ کی خدمت حسبۃً للہ انجام دے اور اس قیام کو خدمات کا صلہ تصور نہ کرے، بلکہ خدماتِ مدرسہ کے لئے مدرسہ کی ضرورت سے مدرسہ میں قیام کی تجویز کردیا جائے تاکہ ہر وقت پوری نگرانی اور حفاظت میں سہولت رہے، جیسا کہ بعض مساجد میں امام یا مؤذن کا قیام مسجد کے حجرے میں تجویز ہوتا ہے کہ وہ خدمت کی صلہ میں نہیں ہوتا، بلکہ خدمت کا معاوضہ مستقل ہوتا ہے، یا خدمت محض ثواب کی نیت سے کرتا رہے اور قیام ضرورت کے لئے، ایسا ہی معاملہ مدرسین کے ساتھ کیا جاتا ہے کہ وہ مدرسہ کی عمارت میں قیام کرتے ہیں (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور، ۸/۳/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور، ۹/ ربیع الاول/ ۶۷ھ۔

معلم کی تنخواہ میں انجمن کا پیسہ

سوال[۷۶۲۸]: یہاں پر ایک انجمن اصلاح المسلمین قائم ہے جس کا مقصد مکتب کو فروغ دینا ہے، انجمن کی کچھ رقم جمع ہے۔ تو کیا اس رقم کو مکتب کے معلم کی تنخواہ میں دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جب انجمن اصلاح المسلمین کے مقاصد میں سے مکتب کو فروغ دینا بھی ہے تو اس کا پیسہ مکتب کے معلم کی تنخواہ میں دینا شرعاً درست ہے (۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸/۶/ ۸۹ھ۔

---

(۱) "یبدأ من غلته بعمارته، ثم ما هو أقرب لعمارته كإمام مسجد ومدرس مدرسة يعطون بقدر كفايتهم". (الدرالمختار). "ثم ما هو أقرب إلى العمارة وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة يصرف إليهم إلىٰ قدر كفايتهم، ثم السراج والبساط كذالک إلىٰ آخر المصالح".

(ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ من غلة الوقف بعمارته: ۴/۳۶۶، ۳۶۷، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/۳۵۶، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد ومايتعلق به: ۲/۴۶۲، رشيديه)

(۲) "يبدأ من غلته بعمارته، ثم ماهو أقرب لعمارته كإمام مسجد، ومدرس مدرسة يعطون بقدر =

Made searchable using ScribeTools.com

تنخواہِ مدرسین میں گورنمنٹ کی امداد کا روپیہ

سوال[۷۶۲۹]: مدرسہ عربیہ کو گورنمنٹ سے کچھ روپیہ ملتا ہے، لیکن ان کا صحیح پتہ نہیں چل سکا کہ استاذوں کے ہیں یا مدرسہ کے، بعض لوگوں سے معلوم ہوا کہ مدرسہ کے ہیں، استاذوں کے نہیں۔ تو کیا ان کو استاذوں کی تنخواہ میں خرچ کر سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گورنمنٹ کی طرف سے جو روپیہ بطورِ امداد مدرسہ میں ملتا ہے، اس کو مدرسین کی تنخواہ میں صَرف کرنا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۸۹/۲/۱۹ھ۔

کیا دینی معلم کی تنخواہ پرائمری کے معلم سے کم ہونا اہانت ہے؟

سوال[۷۶۳۰]: عربی فارسی کی تعلیم دورۂ حدیث تک ہوتی ہے، نیز اردو ہندی حساب کی تعلیم درجہ

= كفايتهم". (الدرالمختار). "ثم ماهو أقرب إلىٰ العمارة وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة يصرف إليهم إلىٰ قدر كفايتهم، ثم السراج والبساط كذلك إلىٰ آخر المصالح". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: يبدأ بعد العمارة بماهو أقرب إليها: ۳۶۶/۴، ۳۶۷، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف: ۳۵۶/۵، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد ومايتعلق به: ۴۶۲/۲، رشيديه)

(۱) "ومصرف الجزية والخراج ومال التغلبي وهديتهم ..... مصالحنا كسدّ ثغور وبناء قنطرة وجسر وكفاية العلماء". (الدرالمختار). "وكذا النفقة علىٰ المساجد كما في زكاة الخانية، فيدخل فيه الصرف على إقامة شعائرها من وظائف الإمامة والأذان ونحوهما". (ردالمحتار، كتاب الجهاد، باب الجزية، مطلب في مصارف بيت المال: ۲۱۷/۴، سعيد)

"والجزية والخراج ومال التغلبي وهدية أهل الحرب ..... يصرف في مصالحنا كسدّ الثغور وبناء القناطر والجسور وكفاية القضاة والعلماء". (البحرالرائق، كتاب السير، باب العشر والخراج والجزية: ۱۹۸/۵، رشيديه)

(وكذا في تبيين الحقائق، كتاب السير، باب العشروالخراج والجزية: ۱۷۰/۴، سعيد)

پنجم تک تو حدیث وتفسیر کے اساتذہ کی تنخواہ خشک اور پرائمری درجات کی معلمین کی تنخواہ مع خوراک وناشتہ کے اس تناسب سے کہ حدیث تفسیر کا درس دینے والے اساتذہ باعتبار پرائمری درجات کے معلمین کے کم تنخواہ پائیں کہ یہ علماء اور علمِ دین کی اہانت نہیں اور کیا واقعۃً پرائمری درجات کے معلم ہی فوقیت کے مستحق ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اہلِ علم حضرات کو علوم دین کی خدمت محض اللہ کے لئے کرنی چاہئے، تنخواہ کے لئے نہیں، جو کچھ ملے اس کو مالکِ حقیقی کا عطیہ تصور کرنا چاہئے، خدمتِ دین کا معاوضہ نہیں (۱)، انشاء اللہ اجر وثواب بھی پورا ملے گا، حق تعالیٰ کی رضا بھی حاصل ہوگی اور دنیا میں بھی عزت حاصل ہوگی۔ اگر روپیہ وتنخواہ کے لئے کام کریں گے تو رُخ دوسرا ہوگا، تنخواہ زیادہ لینے کی ہوس پیدا ہوگی اور تنخواہ کی زیادتی کو عزت تصور کریں گے کہ تنخواہ پر ذلت واہانت ذہن میں قائم ہوگی اور طرح قلب میں انتشار پیدا ہوگا۔

یہ بھی یاد رکھیں کہ اصل عزت اللہ کی بارگاہ میں مقبول ہونا ہے جس کا مدار اخلاص پر ہے، اہانت وذلت اس کی بارگاہ سے مردود ہونا ہے دنیا والوں کی عزت کرنا، یا ذلیل سمجھنا حقیقی عزت وذلت نہیں (۲)۔ جو حضرات مدرسہ کے ارباب حل وعقد ہیں ان کے ذمہ بھی لازم ہے کہ وہ اہلِ علم کے سامنے ہرگز ایسا معاملہ نہ کریں جس سے اہلِ علم کی تحقیر واہانت ہوتی ہو، ورنہ وہ سخت مجرم ہوں گے اور ان سے باز پرس ہوگی (۳)۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ومن أراد الآخرة وسعى لها سعيها وهو مؤمن، فأولئك كان سعيهم مشكوراً. كلًّا نمدّ هؤلآء وهؤلآء من عطاء ربك، وما كان عطاء ربك محظوراً﴾ (سورة الإسراء: ۱۹، ۲۰)

"عن راشد الحبراني قال: قال عبد الرحمن بن شبل رضی اللہ تعالیٰ عنه: سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم يقول: "اقرأوا القرآن ولاتأكلوا به، ولاتستكثروا به، ولاتجفوا عنه، ولاتغلوا فيه". (مسند الإمام أحمد، (رقم الحديث: ۱۵۱۰۷) :۴۴۶/۴، دار إحياء التراث العربي بيروت)

(۲) قال اللہ تعالیٰ: ﴿إن أكرمكم عند اللہ أتقكم﴾ (سورة الحجرات: ۱۳)

(۳) "عن أبي أمامة رضی اللہ تعالیٰ عنه: حامل القرآن حامل راية الإسلام، مَن أكرمه فقد أكرم اللہ، ومن أهانه فعليه لعنة اللہ". (فيض القدير، (رقم الحديث: ۳۶۰) :۲۹۱۳/۶، مكتبة نزار مصطفى الباز، رياض)

Made Se[Made searchable using ScribeTools.com]ools.com

امام اور قاضی کی تنخواہ کا معیار

سوال[۷۶۳۱]: ۱.....میں اپنے یہاں کی مسجد میں امام ہوں اور قاضی بھی، دین کا کام فی سبیل اللہ عرصہ سے کرتا آرہا ہوں، نیز گاؤں میں ایک عالیشان مسجد اور کنواں بھی تعمیر کروادیا ہے، مگر اب میں مجبور اور ضعیف ہوگیا ہوں، گاؤں کے لوگ میری مجبوری کو دیکھتے ہوئے تنخواہ دینے کو تیار ہیں۔ تو کیا چندہ کی رقم سے گھر کے اخراجات کے لئے تنخواہ لینا درست ہے؟

۲.....سفیر امام عالم کو اندازاً کتنا روپیہ لینا چاہئے؟ ضرور تحریر فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....آپ نے اتنی مدت تک خدمت کی ہے، حق تعالیٰ اجر عظیم سے نوازے اور آپ کی تنگ دستی دور کرے۔ جو چندہ مسجد وغیرہ کے لئے کرتے ہیں اس میں سے آپ اپنے خرچ کے لئے نہ لیں (۱)، ہاں! آپ کو یہ حق ہے کہ اہلِ مسجد سے کہہ دیں کہ پہلے مجھے ضرورت نہیں تھی تنخواہ کی، اب مجھے ضرورت ہے، اس لئے تنخواہ دی جائے۔ اہلِ مسجد کو بھی چاہئے کہ وہ مناسب تنخواہ مقرر کردیں (۲)۔ قاضی کا کام جن لوگوں کے لئے کرتے ہیں، ان سے بھی مناسب تنخواہ لے سکتے ہیں (۳) اور ان لوگوں کو بھی چاہئے کہ دیدیا کریں۔ اگر یہ صورت نہ ہوسکے تو

---

(۱) چونکہ محصل معطین کی طرف سے وکیل ہے اور وکیل مؤکل کی اجازت کے بغیر کسی کو کچھ نہیں دے سکتا: ”وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلىٰ فلان، فلا يملك الدفع إلىٰ غيره“. (ردالمحتار، كتاب الزكوة: ۲/۲۶۹، سعيد)

(۲) قال العلامة الحصكفي رحمه الله: ”ويفتىٰ اليوم بصحتها لتعليم القرآن والفقه والإمامة والأذان“. (الدرالمختار، باب الإجارة الفاسدة: ۶/۵۵، سعيد)

(وكذا في الهداية، كتاب الإجارة، باب الإجارةالفاسدة: ۳/۳۰۱، إمداديه ملتان)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الفصل الرابع في فساد الإجارة: ۴/۴۴۸، رشيديه)

(۳) ”يستحق القاضي الأجر علىٰ كتب الوثائق والمحاضرات والسجلات قدر ما يجوز لغيره كالمفتي، فإنه يستحق أجر المثل علىٰ كتابة الفتوىٰ“. (الدرالمختار، كتاب الإجارة، مسائل شتىٰ: ۶/۹۲، سعيد)

(وكذا في خلاصة الفتاوىٰ، كتاب القضاء، الجنس الثاني في الأقضية: ۴/۷، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب القضاء، الباب التاسع في رزق القاضي: ۳/۳۳۰، رشيديه)

جولوگ چندہ دیتے ہیں، ان کو آپ اطلاع کردیں کہ اس میں سے میں اتنا روپیہ اپنے گھر کے لئے رکھوں گا اور وہ اس پر رضامند ہوں تو اجازت کے مطابق لینا درست ہے(۱)۔

۲.....سفیر، امام، معلم اپنی حیثیت، ضرورت اور کام کے مناسب جو تنخواہ مقرر کرے اس کا لینا درست ہے(۲)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

مدرس اور امام کی تنخواہ کی حیثیت

سوال[۷۶۳۲]: ائمۂ مساجد اور مدرسین کی تنخواہیں چونکہ مقرر ہوتی ہیں اور قلیل بھی ہوتی ہیں، لوگوں کا خیال یہ ہے کہ یہ حق الخدمت ہے، لیکن زید ایک عالمِ دین ہے، اس کا خیال ہے کہ یہ نفقہ ہے، حق الخدمت نہیں ہے، اور تعیین دفعِ نزاع کے لئے ہوتی ہے۔ کیا ان کا یہ کہنا درست ہے، اور اس تنخواہ کا لینا معاوضۂ دین ہونے کی وجہ سے حرام ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اعلیٰ مقام تو یہ ہے کہ مدرسین اور ائمۂ مساجد ان خدمات کو بلا معاوضہ ادا کریں اور نیت محض اللہ پاک کو راضی کرنا ہو، مگر چونکہ ضروریاتِ نفقۂ واجبہ ان کے ذمہ بھی ہے اور ہر شخص کے پاس آمدنی کے ذرائع موجود نہیں، اگر یہ حضرات امامت اور تدریس کی پابندی کرتے ہیں تو نفقاتِ واجبہ کے ادا ہونے کی کوئی صورت نہیں، اگر نفقاتِ واجبہ کی تحصیل میں مصروف ہوتے رہیں تو یہ خدمات معطل رہتی ہیں جس سے دین ضائع ہوتا ہے، اس مجبوری کی بناء پر فقہائے کرام نے اجازت دی ہے، تاکہ نفقاتِ واجبہ بھی ادا ہوتے رہیں اور یہ حضرات بے

---

(۱) "وإذا أراد أن يصرف شيئاً من ذلك إلىٰ إمام المسجد أو إلىٰ مؤذن المسجد، فليس له ذلك، إلا إن كان الواقف شرط ذلك في الوقف ..... ولو شرط الواقف في الوقف الصرف إلىٰ إمام المسجد وبين قدره، يصرف إليه إن كان فقيراً". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر في المسجد وما يتعلق به: ۴۶۳/۲، رشيديه)

(وكذا في خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الوقف، الفصل الرابع في المسجد وأوقافه: ۴۲۶/۴، رشيديه)

(۲) (راجع، ص: ۵۵۵، رقم الحاشية: ۲)

Made searchable using ScribeTools.com

فکر ہوکر اپنی دینی خدمات میں مشغول رہیں (۱)۔

تنخواہ اور تعطیل وغیرہ کے معاملہ کو صاف کرلیا جائے، کوئی بات گول مول نہ رہے جس سے نزاع پیدا ہو (۲)، چنانچہ بڑے مدارس میں اس کے متعلق بات صاف رہتی ہے، اور دستور میں چھپی رہتی ہے، چھوٹے مدارس ان کے تابع ہوتے ہیں، اس طرح نزاع نہیں ہوتا۔ بعض مساجد میں بھی یہ طریقہ ہے اور بعض میں عرف کے ماتحت عمل ہوتا ہے، البحر الرائق میں کتاب الوقف میں اس پر بحث موجود ہے (۳)۔

---

(۱) "ولا لأجل الطاعات مثل الأذان والحج والإمامة وتعليم القرآن والفقه، ويفتىٰ اليوم بصحتها لتعليم القرآن والفقه والإمامة والأذان". (الدرالمختار). "قال فی الهداية: وبعض مشايخنا رحمهم اللهتعالىٰ استحسنوا الاستيجار على تعليم القرآن اليوم، لظهور التوانّی فی الأمور الدينية، ففی الامتناع تضييع حفظ القرآن، وعليه الفتوىٰ .....وزاد فی مختصر الوقاية ..... تعليمَ الفقه. وزاد متن المجمع الإمامةَ ..... وزاد بعضهم الأذان والإقامة والوعظ". (ردالمحتار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة: ۵۵/۶، ۵۶، سعيد)

(وكذا فی تنقيح الفتاوىٰ الحامدية، كتاب الإجارة، مطلب: الفتوىٰ علىٰ جواز الإجارة على تعليم القرآن: ۱۳۷/۲، مكتبه ميمنيه مصر)

(وكذا فی الهداية، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة: ۳۰۱/۳، إمدادية ملتان)

(۲) "والأصل فی شرط المعلم بالأجرة قول النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "من استأجر أجيراً، فليعلمه أجره". (بدائع الصنائع، كتاب الإجارة: ۲۰/۶، دارالكتب العلمية بيروت)

"ويشترط أن تكون الأجرة معلومةً ..... لأن جهالتها تفضی إلى المنازعة، فيفسد العقد".

(شرح المجلة لسليم رستم، كتاب الإجارة، الفصل الثالث فی شروط صحة الإجارة: ۲۵۴/۱، (رقم المادة: ۴۵۰)، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فی الدرالمختار، كتاب الإجارة: ۵/۶، سعيد)

(۳) "فإن قلت: ما يأخذه صاحبُ الوظيفة أجرةٌ أو صدقةٌ أو صلةٌ؟ قلت: الطرسوسی فی أنفع الوسائل إن فيه شوب الأجرة والصلة والصدقة، فاعتبرنا شائبة الأجرة فی اعتبار زمن المباشرة وما يقابله من المعلوم ..... وقد كثر وقوع هذه الحادثة بالقاهرة، فأفتىٰ بعض الحنفية بما قالوا فی حق الأولاد من اعتبار مجیٔ الغلة، حتىٰ أن بعضهم يفرغ عن وظيفة قبل مجیٔ الغلة بشهر أو جمعة، وقد كان =

معاہدہ اور معاملہ کرنے والے کے متعلق ایسے سخت الفاظ استعمال کرنے کہ ''وہ حرام لیتے ہیں، حرام کھاتے ہیں'' یہ جہالت اور حدودِ شرعیہ سے تجاوز ہے، ہرگز جائز نہیں (۱)۔ پھر جس کو اپنے دین کا رہبر تجویز کیا اور سب سے بڑی عبادت اس کی اقتدا میں ادا کرتے ہیں اس کے متعلق ایسا کہنا انتہائی بے غیرتی بھی ہے، تاہم نماز ان کی بھی ہوجاتی ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱/۲/۸۹ھ۔

قرض میں تنخواہ کو محسوب کرنا

سوال [۷۶۳۳]: ایک شخص مدرسہ چلاتا تھا، اس نے اپنے کام کے لئے مجبوراً مدرسہ کا روپیہ قرض لیا اور نیت کی کہ ضرور ادا کروں گا، مگر کسی مجبوری کو نہیں بتلایا۔ اس کے بعد بلا تنخواہ چند ماہ کام کیا اور گھر میں ظاہر کیا کہ ہم تو بلا تنخواہ کام کر رہے ہیں (گویا کہ قرض میں وضع کر دیں گے)، لیکن کسی مجبوری کو نہیں بتلایا۔ تو تنخواہ نہ لینے کا روپیہ قرض میں محسوب سمجھا جائے گا یا نہیں، جبکہ مقروض کا انتقال ہو چکا ہے اور مدرسہ بھی ختم ہو چکا ہے؟

= باشر غالبَ السَّنَة ..... ولكن بالقاهرة إنما تعتبر الأقساط ..... الخ". (البحر الرائق، كتاب الوقف: ۵/ ۳۸۲، رشيديه)

(۱) "عن عبدالله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "سباب المسلم فسوق، وقتاله كفرٌ". متفق عليه". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الأدب، باب حفظ اللسان والغيبة والشتم، الفصل الأول، ص: ۴۱۱، قديمى)

"عن ابن مسعودٍ رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ليس المؤمن بالطّعان ولا باللعان ولاالفاحش ولاالبذى". رواه الترمذى". (مشكوٰة المصابيح، كتاب الأدب، باب حفظ اللسان والغيبة والشتم، الفصل الثانى، ص: ۴۱۳، قديمى)

(۲) "ولو أمّ قوماً وهم له كارهون، إنِ الكراهة لفسادٍ فيه، أو لأنهم أحق بالإمامة منه، كره له ذلك. وإن هو أحق، لا، والكراهة عليهم". (الدرالمختار، كتاب الصلوٰة، باب الإمامة: ۱/ ۵۵۹، سعيد)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الصلوٰة، الفصل السادس، أما الكلام فى بيان من هو أحق بالإمامة: ۱/ ۶۰۳، ۶۰۴، إدارة القرآن كراچى)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

پڑھانے کا معاملہ نہیں کیا گیا، تنخواہ مقرر نہیں کی گئی، اس لئے اس قرض کو محسوب کرنے کا حق نہیں (۱)، یہ مدرسہ میں بلاتنخواہ کام کرنا تبرع اور احسان ہے، اس کا اجر ملے گا۔ جتنا روپیہ چندہ کا اپنے کام میں خرچ کیا ہے وہ قرض ہے، ورثہ اگر ادا کرنا چاہتے ہیں تو پورا روپیہ ادا کریں (۲) اور دینی مدرسہ میں - جہاں مناسب ہو- دیدیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

تبلیغ کے لئے مدرسہ سے تنخواہ

سوال[۷۶۳۴]: کیا کوئی آدمی تبلیغ کا کام کرکے مدرسہ سے تنخواہ کا پیسہ لے سکتا ہے، مثلاً زید نے یہ طے کیا کہ اگر مجھے تبلیغ کے کام سے دو چار روز چھٹی ملی تو پڑھادوں گا، ورنہ نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اہلِ مدرسہ تعلیم کے لئے بھی ملازم رکھتے ہیں، تبلیغ کے لئے بھی رکھ سکتے ہیں، لیکن اگر معاملہ تعلیم کے

---

(۱) "ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إما بشرط التعجيل أو بالتعجيل أو باستيفاء المعقود عليه، فإذا وُجد أحد هذه الأشياء الثلاثة، فإنه يملكها". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الثانى: ۴۱۳/۴، رشيديه)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الإجارة: ۱۰/۶، ۱۱، سعيد)

(وكذا فى شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۴۶۷، ۴۶۸)، كتاب الإجارة: ۱/ ۲۶۱، كوئٹه)

(۲) "رجل جمع مالاً من الناس لينفقه فى بناء المسجد، وأنفق من تلك الدراهم فى حاجة نفسه. ثم رد بدلها، لايسعه أن يفعل ذلك ..... وفى القضاء يكون ضامناً، فيكون ذلك ديناً عليه لصاحب المال". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً: ۲۹۹/۳، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فى الأوقاف التى يستغنى عنها وصرف غلة الأوقاف: ۸۷۹/۵، ۸۸۰، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى، كتاب الوقف، الفصل الرابع: ۴۲۳/۴، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

لئے کیا گیا ہوتو مدرس کواس کی پابندی لازمی ہوگی، اس کے لئے یہ جائز نہیں کہ چار دن، چھ دن موقع مل گیا تو پڑھادوں گا ورنہ تبلیغ کروں گا(۱)، اس سے تعلیم کا حرج ہوگا۔

اورزکوٰۃ سے تنخواہ دینا براہ راست کسی کے لئے جائز نہیں ہے، نہ معلم کو، نہ مبلغ کو(۲)۔ مدرسہ کے ذمہ دار حضرات صرف معطیین کے ہی وکیل نہیں، بلکہ وہ تعلیم کے بھی ذمہ دار ہیں، اسی بناء پر معطیین نے ان کو وکیل بنایا ہے، اس لئے ان کو ایسی صورت اختیار کرنا جائز نہیں جس سے تعلیم کا حرج ہو(۳)، ہاں! اگر سب لوگ تبلیغ کو اصل قرار دیکر تعلیم کو تابع قرار دیں تو پھر دوسری بات ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۱/۲/۲۸ھ۔

---

(۱) قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: "وليس للخاص أن يعمل لغيره، ولو عمل، نقص من أجرته بقدر ماعمل". (الدرالمختار، كتاب الإجارة، باب ضمان الأجير: ۶/۷۰، سعيد)

"وإنما سمي أجير وَحْدٍ؛ لأنه لايمكنه أن يعمل لغيره؛ لأن منافعه في المدة صارت مستحقة له، والأجر مقابل بالمنافع". (الهداية، كتاب الإجارة، باب ضمان الأجير: ۳/۳۰۸، مكتبه إمداديه ملتان)

(وكذا في شرح المجلة، كتاب الإجارة، الباب الأول، (رقم المادة: ۴۲۲، ۴۲۵): ۱/۲۳۶، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿إنما الصدقٰت للفقراء والمسٰكين والعٰملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفي الرقاب والغٰرمين وفي سبيل الله﴾ (سورةالتوبة: ۶۰)

"ولو دفعها المعلم لخليفة إن كان بحيث يعمل له لولم يعطه صح، وإلا لا". (الدرالمختار).

"(قوله: ولو دفعها المعلم لخليفة) أي: من هو نائب عنه، ونظيره: إذا دفعها المؤجر لمن استأجره أو الشيخ لمن يحضره، (قوله: صحّ)؛ لأنه تمحضّ تبرعاً فإذا نوى به الزكوة صح، (قوله: وإلا لا)؛ لأن المدفوع حينئذٍ بمنزلة العوض". (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار، كتاب الزكوة، أخر باب المصرف: ۱/۴۳۲، دارالمعرفة)

(۳) "على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة: ۴/۴۴۵، سعيد)

"أجمعت الأمة أن من شروط الواقفين ماهو صحيح معتبر يعمل به". (البحرالرائق، كتاب الوقف: ۵/۴۱۱، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

مدرس کو ڈیڑھ سو روپیہ دے کر دوسو پر دستخط لینا

سوال[۷۶۳۵]: ایک دینی مدرسہ گورنمنٹ سے ملحق ہے اور گورنمنٹ کے اسکیل کے مطابق مدرسین کی تنخواہیں متعین ہیں جس میں گورنمنٹ مدرسین کی آدھی تنخواہ ومہنگائی وغیرہ بذریعۂ منیجر مدرسہ مدرسین کو دے دیتی ہے، لیکن منیجر اور مجلسِ منتظمہ اس رقم کا ۱/۴ (چوتھائی) حصہ مدرسین سے جبراً لیتی ہے۔ اور اگر کوئی مدرس دینے کے لئے آمادہ نہ ہوتو اخراج کی دھمکی دے کر خاموش کر دیا جاتا ہے۔ پھر اپنی مرضی کے مطابق مدرسین کو مثلاً کسی کی تنخواہ دوسو روپیہ ہے تو ڈیڑھ سو روپیہ دیکر دوسو پر دستخط لیتے ہیں۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ ایسا کرنا مجلسِ منتظمہ کے لئے درست ہے یا نہیں؟ اور مدرسین کو اس کٹوتی پر نیکی ملے گی یا نہیں؟ بصورتِ دیگر مدرسین کی خاموشی گناہ کا سبب بنے گی یا نہیں، ایسے ماحول میں مدرسین کیا کریں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

منتظمہ کا یہ طرزِ عمل جھوٹ ہے، خیانت ہے، بددیانتی ہے، ظلم ہے۔ مدرسین مظلوم ہیں، جتنا صبر کریں گے ان کو اجر ملے گا۔ یہ کاٹا ہوا روپیہ منتظمہ کے لئے نہ خود رکھنا درست ہے، نہ مدرسہ کے کسی کام میں خرچ کرنے کا حق ہے(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

---

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

"عن أبى حرة الرقاشى عن عمه رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لاتظلموا، ألا! لايحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه". رواه البيهقى". (مشكوٰة المصابيح، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، الفصل الثانى، ص: ۲۵۵، قديمى)

"عن أبى هريرة رضى الله تعالىٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من حمل علينا السلاح فليس منا، ومن غشنا فليس منا". (الصحيح لمسلم، باب قول النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: من غشينا فليس منا: ۱/۷۰، قديمى)

"ليس لأحد أن يأخذ مال غيره بلاسبب شرعيّ وإن أخذه ..... وجب ردّه". (شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۹۷)، المقالة الثانية فى بيان القواعد الفقهية: ۱/۶۲، مكتبه حنفية كوئٹه)

(وكذا فى الدرالمختار، باب الغصب: ۶/۲۰۰، سعيد)

زکوٰۃ وعطیات کی مخلوط رقم سے تنخواہ دینا

سوال[۷۶۳۶]: جس ادارہ میں یہ نظم نہیں کہ زکوٰۃ وعطیات کی رقمیں علیحدہ ہوں، بلکہ گڈمڈ ہوں، اس سے مدرسین وملازمین کی تنخواہ دینا درست ہے یانہیں؟ اور پھر زکوٰۃ کی رقم میں تملیک نہیں ہوتی وہ زکوٰۃ کی رقمیں معطی کی طرف سے ادا ہوتی ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

زکوٰۃ کی رقم کا تنخواہ دینا جائز نہیں ہے(۱)، مخلوط میں سے جتنی رقم زکوٰۃ کی تنخواہ میں دی گئی ہے اتنی مقدار زکوٰۃ ادا نہیں ہوئی ہے، معطی کو اطلاع کردی جائے کہ وہ اتنی زکوٰۃ خود ادا کریں(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۱/۹۱ھ۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿إنما الصدقٰت للفقراء والمسٰكين والعٰملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفى الرقاب والغٰرمين وفى سبيل الله﴾. (سورةالتوبة: ۶۰)

"ولو دفعها المعلم لخليفة إن كان بحيث يعمل له لولم يعطه صح، وإلا لا". (الدرالمختار).

"(قوله: و لو دفعها المعلم لخليفة) أى: من هو نائب عنه، ونظيره: إذا دفعها المؤجر لمن استأجره أو الشيخ لمن يحضره، (قوله: صحّ)؛ لأنه تمحضّ تبرعاً فإذا نوى به الزكوة صح، (قوله: وإلا لا)؛ لأن المدفوع حينئذٍ بمنزلة العوض". (حاشية الطحطاوى على الدرالمختار، كتاب الزكوة، أخر باب المصرف: ۱/۴۳۲، دارالمعرفة)

(۲) "المذكر إذا سأل للفقير شيئاً وخلط ما أخذ بعضها ببعض، إن لم يأمره الفقير بالسؤال والأخذ، يكون ضامناً، فإن أدى ذلك المال بعد ذلك إلى الفقير، يكو ن متصدقاً لنفسه من مال نفسه، ولايجزئ ذلك عن أرباب الأموال. وإن كانوا دفعوا إليه بنيّة الزكاة، لاتسقط زكاتهم". (فتاوىٰ قاضى خان علىٰ هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً ..... الخ: ۳/۲۹۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الفصل السادس فی المبعوثین والتبرعات

(مدارس کے سُفراءاور چندہ کے احکام)

سفیر کی غلطی پر جرمانہ

سوال[۷۶۳۷]: زیدوبکر مدرسہ کا چندہ کرنے کے لئے ایک طویل سفراس لئے کرتے ہیں کہ دوہزار روپیہ ضرروہوجائیں گے، مگر۱۷/ دن کی دوڑ دھوپ کے بعدکل چندہ چھ سو پچاس روپیہ کے قریب ہوتاہے اورخرچہ تقریباً دوسوروپیہ ہوتاہے جس میں ایک روپیہ بھی ناجائزخرچ نہیں کیا۔ اب سفیر چندہ کی کمی کو محسوس کرتے ہوئے خرچ میں کمی اس صورت سے کرتے ہیں کہ عمر نے پچاس روپئے دیئے، اس کورسید ہی میں پانچ بنادیااورخرچ کا پرچہ بجائے دوسوروپیہ کے ایک سو پچاس بنا کر مہتمم کوپیش کردیا، اس نیت سے یہ کام کیا کہ ہم پرتومدرسہ کا کوئی پیسہ نہیں رہا۔

اب کسی وجہ سے مہتمم کومعلوم ہوگیا کہ رسید میں پچاس روپیہ کو پانچ روپیہ بنایا گیا۔ معلوم کرنے پرزیداوربکر نے بتادیا کہ ہم نے یہ غلطی محض اس لئے کی تھی کہ چندہ بہت کم ہوااورخرچ بہت ہوگیا، نہ توہم پر مدرسہ کا کچھ رہتاہے اورنہ مدرسہ پر ہمارارہتاہے صرف لکھنے کا پھیر ہے۔ مہتمم کہتاہے کہ ۴۵/ روپے تم کودینے ہوں گے۔ کیاوہ دیناشرعا جائز ہے۔ جبکہ سفیر غلطی کی معافی طلب کررہے ہیں اورآئندہ ایسانہ کرنے کا عہد کرتے ہیں؟ کیازید، بکرکوشرعاً دیناواجب ہے، اگرنہ دیں توکیاوہ گنہگارہوں گے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

سفیر نے غلطی کی اگرچہ نیک نیتی سے کی، اب اس کی تصحیح کردیں، جرمانہ سفیر سے وصول نہ کیاجائے (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/ ۵/ ۱۴۰۰ھ۔

---

(۱) قال اللہ تعالی: ﴿ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸) ..... =

مدرسہ کے سفیر کا دھوکہ دینا

سوال[۷۶۳۸]: اگر زید کسی بڑے ادارہ میں اس شرط پر سفیر ہے کہ رمضان میں کبھی اس ادارہ کے کام کو نہیں چھوڑے گا اور دستور کا پابند رہے گا، لیکن زید دھوکہ دیکر بغیر استعفیٰ دیئے چلا گیا اور مدرسہ کے خلاف پروپیگنڈہ کیا، کہیں مدرسہ کے نام پر چندہ کیا اور ڈبہ توڑ کر رقم نکال لی۔ تو کیا ایسا شخص قابل لعن وطعن نہیں ہے؟ کیا اس پر مقدمہ دائر کیا جائے اور اس سے تنخواہ واپس لینا درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر معاملہ اسی طرح ہے تو وہ شخص بہت ہی قابلِ ملامت ہے(۱)۔ جس قدر مدرسہ کا مال لیا ہے،

= "عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللهصلی اللهعلیه وسلم: ألا إلا تظلموا، ألا! لایحل مال امرئ إلابطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(وکذا فی السنن الکبری للبیهقی، (رقم الحدیث ۵۴۹۲): ۳۸۷/۴، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

"لایأخذ مال فی المذهب ..... وفی المجتبی: إنه کان فی ابتداء الإسلام، ثم نسخ". (الدرالمختار). "قال فی الفتح: "وعن أبی یوسف رحمه الله تعالیٰ: یجوز التعزیر للسطان بأخذ المال. وعندهما وباقی الأئمة لایجوز، ومثله فی المعراج. وظاهره أن ذلک روایة ضعیفة عن أبی یوسف. قال فی الشرنبلالیة: ولایفتی بهذا؛ لما فیه من تسلیط الظَّلَمة علی أخذ مال الناس، فیأکلونه ..... إذلایجوز لأحد من المسلمین أخذ مال أحد بغیر سبب شرعی". (ردالمحتار، کتاب الحدود، باب التعزیر، مطلب فی التعزیر بأخذ المال: ۶۱/۴، سعید)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الحدود، باب حد القذف، فصل فی التعزیر: ۶۸/۵، رشیدیه)

(وکذا فی النهر الفائق، کتاب الحدود، باب حد القذف، فصل فی التعزیر: ۱۶۵/۳، إمدادیه ملتان)

(۱) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول اللهصلی اللهعلیه وسلم قال: "آیة المنافق ثلث: إذا حدث کذب، وإذاوعد أخلف، وإذا اؤتُمن خان". (الصحیح لمسلم، کتاب الإیمان، باب خصال المنافق: ۵۶/۱، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

اس سے واپس لیا جائے (۱)۔ غیر حاضر رہ کر جو تنخواہ لی ہے، وہ بھی واپس لی جائے (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/۹۵ھ۔

سفیر اور منتظم کے درمیان اختلاف ہو تو ایک کو حَکم بنالیا جائے

سوال[۷۶۳۹]: ایک صاحب کو مدرسہ میں ملازم رکھا گیا جن سے مندرجہ ذیل باتیں طے پائیں:

۱- سفارت ۲- مدرسہ میں مقیم ہونے پر تعلیم وتدریس کا کام، معاوضہ اَسّی روپے، ترقی پانچ روپے ماہوار، سو روپے پر ترقی بند، سال میں ایک ماہ کی رخصت، آنے جانے کا خرچہ۔

لیکن انہوں نے حسبِ ذیل خلاف ورزیاں کیں:

۱- ایک بار بغیر اجازت صرف اطلاع دے کر مدرسہ میں تالا ڈال کر چلے گئے۔ ۲- گھر سے واپسی پر تاخیر سے پہونچے۔ ۳- سفارت کا پروگرام بنا کر چلے گئے، راستہ سے لکھا کہ ڈیڑھ ماہ سے زیادہ کام نہیں کروں گا اور فلاں مقام پر کام نہیں کروں گا۔ ۴- سفر میں اپنی تنخواہ کی رقم پیشگی نکال لی جبکہ معاملہ یہ طے نہیں ہوا تھا۔

---

(۱) "یلزم رد المغصوب عیناً وتسلیمه إلی صاحبه فی مکان الغصب، إن کان موجوداً". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، (رقم المادة: ۸۹)، کتاب الغصب: ۱/۴۸۸، مکتبه حنفیه کوئٹه)

"هی إزالة ید محقة بإثبات ید مبطلة فی مالٍ متقومٍ قابلٍ للنقل بغیر إذن مالکه. واعلم أن المغصوب مضمون بالإتلاف مع أنه لیس بمملوک أصلاً، صرح به فی البدائع. فلو قال: بلا إذن من له الإذن، لکان أولی. وحکمه الإثم ..... وردّ العین قائمةً والغرم هالکةً". (الدرالمختار، کتاب الغصب: ۶/۱۷۷، ۱۷۹، سعید)

(وکذا فی المبسوط للسرخسی، کتاب الغصب: ۱۱/۵۳، ۵۴، مکتبه غفاریة کوئٹه)

(۲) "الأجیر الخاص یستحق الأجرة إذا کان فی مدة الإجارة حاضراً للعمل..... لکن لیس له أن یمتنع عن العمل. إذا امتنع، لایستحق الأجرة". (شرح المجلة لسلیم، (رقم المادة: ۴۲۵)، کتاب الإجارة، الباب الأول: ۱/۲۳۹، مکتبه حنفیة کوئٹه)

(وکذا فی النتف للفتاوی، کتاب الإجارة، ص: ۳۳۸، سعید)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الإجارة: ۶/۷۰، سعید)

۵-گوشوارہ نامکمل بنا کے دیا اور کہا: یہ میری ذمہ داری نہیں۔۶-ہم نے لکھا کہ آپ رقم نجیب آباد میرے آدمی کے پاس رکھ دیں، انہوں نے لکھا کہ میں رقم ان کو نہیں دوں گا واپس آکر دوں گا۔۷-ایک بار پروگرام بنا کر نہیں دیا تھا تو صرف چار جگہ کام کیا، ایک ماہ پورا لگایا۔۸-اس مرتبہ بے ترتیب کام کیا جس سے مدرسہ کے اخراجات بھی زیادہ ہوئے اور دن بھی زیادہ لگے۔۹-مدرسہ میں ۲۰/ یوم تاخیر سے پہونچے۔۱۰-تعویذ گنڈوں کی اجرت اتنی بڑھادی جس کو دیکھ کر دل کانپتا ہے۔

مندرجہ بالا وجوہات کی بناء پر بلا کسی مہلت کے سفیر صاحب کو مدرسہ سے خارج کردیا، انہوں نے دو ماہ رہنے کی اجازت چاہی، ہم نے ان کو لکھا کہ اگر آپ آئندہ کو اصلاح کی کوشش کریں تو دیگر اراکینِ مدرسہ سے گفتگو کریں۔جس کا جواب حسبِ ذیل ملا:

یہ کام میرے بس کا نہیں، آپ مہلت دیں یا نہ دیں، جو رقم ان کی طرف نکل رہی تھی اس کیلئے پندرہ اگست تک کا وعدہ فرمایا۔آٹھ ماہ بعد جب تقاضا کیا گیا تو لکھا کہ آپ نے اچانک مجھ کو علیحدہ کیا ہے۔اس لئے ایک ماہ کی تنخواہ آپ ہی مجھے دیں، ۱۵/ یوم پڑھانے کی تنخواہ۔۱۸/ جولائی کو مجھے علیحدہ کیا ہے اس لئے ماہ جولائی کی ۱۸/ یوم کی تنخواہ مزید آپ مجھے دیں۔شرائط میں یہ باتیں طے نہیں ہوئی تھی کہ ایک ماہ کی تنخواہ دی جائے گی، اگر اچانک علیحدہ کریں گے۔۱۸ یوم کی تنخواہ کے لئے ہم ان کو لکھ چکے تھے کہ آپ اپنی تنخواہ کاٹ لیں۔اب آپ ازروئے شرع بتائیں کہ اراکینِ مدرسہ غلطی پر ہیں یا سفیر صاحب؟ فقط۔

عبدالجبار، ناظم مدرسہ اسلامیہ، اوپر بازار پوری گڑھوال۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ نزاعی شکل ہے، اس کے لئے بہتر طریقہ یہ ہے کہ سفیر صاحب اپنا بیان تحریر کردیں اور دونوں فریق باہم مشورہ کرکے کسی کو ثالث (حَکَم) مان لیں اور اس کے فیصلہ پر راضی ہوجائیں (۱)، ورنہ یک طرفہ بیان پر حکم

---

(۱) "إذا حكّم رجلان رجلاً، فحكم بينهما وورضيا بحكمه، جاز". (الهداية: ۱۴۳/۳، كتاب آداب القاضي، باب التحكيم، إمداديه ملتان)

"حكما رجلاً معلوماً، فحكم بينهما ببينة أو إقرار أونكول ورضيا بحكمه، صح".

(الدرالمختار: ۴۲۸/۵، ۴۲۹، كتاب القضاء، باب التحكم، سعيد) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

تحریر کرنے سے نزاع ختم نہیں ہوگا، دوسرا فریق سائل کی تغلیط کردے گا، متفقہ بیان پر حَکم کا فیصلہ دونوں کے لئے قابلِ تسلیم ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/۳/۹۵ھ۔

کمیشن پر چندہ وصول کرنا، سفیر کا زکوٰۃ اور دیگر صدقات کو مخلوط کرنا

سوال[۷۶۴۰]: دورِ حاضر میں مدارس کی جانب سے سفراء تحصیلِ چندہ کیلئے بھیجے جاتے ہیں جو خیرات، صدقات، زکوٰۃ وصول کرکے مخلوط رقم جمع کرلیتے ہیں، تنخواہ یا کمیشن دے کر حساب میں جمع کرلی جائے تو یہ جائز ہے یا نہیں؟ بہت سے حضرات تو حیلۂ شرعی کی زحمت بھی گوارا نہیں کرتے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر زکوۃ بالکلیہ بے محل ہضم کرلی گئی ہے، یا بے محل تعمیر وتنخواہ وغیرہ میں بلاتملیک صرف کردی گئی ہے، وہ ادا نہیں ہوئی (۱)۔ مختلف لوگوں کی زکوٰۃ وصدقات کو معطی کی اجازت سے مخلوط کرنا درست ہے، پھر جب مقدارِ واجبہ مستحقین کو دیدی جائے تو زکوٰۃ ادا ہوجائے گی، سفیرِ مدرسہ سے کمیشن پر کام لینا جائز نہیں (۲)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۱/۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۱/۸۵ھ۔

= (وكذا في شرح المجلة لسليم رستم، (رقم المادة: ۱۸۴۱)، كتاب القضاء، الباب الرابع: ۱۱۹۳/۲، ۱۱۹۴، مكتبه حنفيه كوئٹة)

(۱) "ويشترط أن يكون الصرف تمليكاً لا إباحةً، لايصرف إلى بناء نحو مسجد ولا إلى كفن ميت وقضاء دينه ..... ولا إلى ثمن ما: أى قنٍّ يعتق، لعدم التمليك وهو الركن". (الدرالمختار شرح تنوير الأبصار، كتاب الزكوة، باب المصرف: ۳۴۴/۲، ۳۴۵، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الزكاة، الباب السابع في المصارف: ۱۸۸/۱، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الزكوة، باب المصارف: ۴۲۴/۲، رشيديه)

(۲) مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ تعالیٰ کمیشن پر چندہ کے متعلق تحریر فرماتے ہیں کہ یہ معاملہ دو وجہ سے جائز نہیں: ..... =

سفرائے مدارس کا خرچہ کہاں سے دیا جائے؟ کمیشن پر چندہ

سوال[۷۶۴۱]: مدارسِ اسلامیہ کے مدرسین وسفراء جو برائے وصولِ صدقات وزکوٰۃ وغیرہ دیگر مقامات کا سفر کرتے ہیں اور مدارس کے لئے رقمیں وصول کرتے ہیں، ان کا سفرخرچ وغیرہ کس مد سے دیا جائے؟ آیا ان کی حیثیت عاملینِ صدقات کی سی ہے یا نہیں؟

نیز جولوگ کمیشن پر چندہ وصول کرتے ہیں، یا ان سے اسی طرز سے وصول کرایا جاتا ہے اور فیصد متعین کرکے کمیشن دیا جاتا ہے، یہ عمل عندالشریعہ کیسا ہے؟ جبکہ عوام الناس اس کو بالکل معیوب اور ناپسند سمجھتے ہیں۔ بعض مدارس اس کا شکار ہیں جس سے عوام بے حد بدظن رہا کرتے ہیں۔

= ۱-اجرت من العمل ہے جو ناجائز ہے، ۲-اجیر اس عمل پر بنفسہ قادر نہیں، قادر بقدرۃ الغیر ہے، اس کا عمل چندہ دینے والوں کے عمل پر موقوف ہے بنفسہ شرط ہے، چنانچہ قفیز طحان کے فساد کی علت بھی یہی ہے کہ مستاجر قدر علی الأجرۃ بقدرۃ العامل ہے، بنفسہ قدر نہیں۔ حسب تصریح فقہاء رحمہم اللہ تعالیٰ بوقت عقد اجیر کا قادر علی العمل ہونا اور مستاجر کا قادر علی تسلیم الأجرۃ ہونا صحت عقد کے لئے شرط ہے۔

معاملہ مذکورہ میں قفیز طحان سے بھی زیادہ فساد ہے، اس لئے کہ قفیز طحان میں اجرت جو حق اجیر ہے وہ اسی اجیر ہی کے عمل پر موقوف ہے اور وہ بذریعہ عمل وصول اجرت پر قادر ہے مگر مسئلہ زیرِ بحث میں اجیر کو عمل پر کسی قسم کی بھی قدرت حاصل نہیں غیر کا محتاج ہے۔

قفیز طحان اجارۂ فاسدہ ہے اور کمیشن پر چندہ کا معاملہ اجارۂ باطلہ ہے بصورت حصہ مقررہ اس کی اجرت حرام ہے۔ مہتمم اور سفیر دونوں پر اس اجارۂ فاسدہ سے توبہ واجب ہے اور سفیر کو اجرت مسمی واجر مثل میں سے اقل ملے گا۔(احسن الفتاویٰ، کتاب الإجارۃ، کمیشن پر چندہ کرنا جائز نہیں:۷/۲۷۶، سعید)

”ولو دفع غزلاً لآخر لينسجه له بنصفه، أو استأجر بغلاً ليحمل طعامه ببعضه، أو ثوراً ليطحن بره ببعض دقيقة، فسدت فی الكل؛ لأنه استأجره بجزءٍ من عمله، والأصل فی ذلک نهيه صلى الله عليه وسلم عن قفيز الطحان“. (الدرالمختار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة :۶/۵۶،۵۷، سعيد)

(وكذا فی الهداية، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة :۳/۳۰۳، إمداديه ملتان)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الفصل الثالث فی قفيز الطحان:۴/۴۴۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

سفراء کا خرچ زادِراہ زکوٰۃ اور صدقاتِ واجبہ سے نہ دیا جائے، بلکہ عطایا سے دیا جائے (۱)۔ان لوگوں کا حال عاملین کا حال نہیں ہے، اموالِ ظاہرہ کی زکوٰۃ بیت المال کے عاملین کو دینا لازم ہوتا ہے اور وہ اس کے وصول کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں، اربابِ اموال اگر ان کو زکوٰۃ نہ دیں تو مجرم اور سخت سزا کے مستحق ہوتے ہیں، مدارس کے سفراء کی یہ حیثیت نہیں (۲)

کمیشن پر سفیر کو رکھنا کہ جتنا چندہ لاؤ گے اتنا فیصد اس میں سے تم کو تملیکاً دیا جائے گا شرعاً غلط اور ممنوع

---

(۱) "هی (أی الزکوة) تملیک المال من فقیر مسلم غیر هاشمی ولامولاه بشرط قطع المنفعة عن المملّک من کل وجه لله تعالی". (البحرالرائق: ۳۵۲/۲، کتاب الزکوة، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار: ۲۵۲/۲، کتاب الزکوٰة، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة: ۱۷۰/۱، کتاب الزکوٰة، الباب الأول فی تفسیرها وصفتها وشرائطها، رشیدیه)

(۲) "عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: لما توفی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، استخلف أبوبکر رضی الله تعالیٰ عنه بعده، وکفرمن کفر من العرب ..... فقال أبوبکر: والله لأقاتلن من فرق بین الصلوة والزکاة، فإن الزکاة حق المال، والله! لومنعونی عناقاً کانوا یؤدّونها إلی رسول الله صلی الله علیه وسلم لقاتلتُهم علی منعها". الحدیث. (مشکوٰة المصابیح، کتاب الزکوٰة، الفصل الثالث، ص: ۱۵۷، قدیمی)

"وعامل یعم الساعی والعاشر". (الدرالمختار). "(قوله: یعم الساعی) هو من یسعی فی القبائل لجمع صدقة السوائم. والعاشر: من نصبه الإمام علی الطرق لیأخذ العشر ونحوه من المارة". (ردالمحتار: ۳۳۹/۲، کتاب الزکوٰة، باب المصرف، سعید)

"هو من نصبه الإمام لیأخذ الصدقات من التجار". (البحرالرائق: ۴۰۲/۲، کتاب الزکوٰة، باب العاشر، رشیدیه)

"(قوله: والعامل) تقدم تفسیره فی باب العاشر، وعبربالعامل دون العاشر لیشمل الساعی أیضاً". (البحر الرائق: ۴۲۰/۲، کتاب الزکوة، باب المصرف، رشیدیه)

Made Searchable by ScribeTools.com

ہے، یہ اجارہ درست نہیں، یہ قفیز طحان کے تحت داخل ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۴/۱۳۹۹ھ۔

سفیر کا خود تملیک کرنا

سوال[۷۶۴۲]: ۱.....ایک سفیر نے چندہ کیا، کیا اس کی تملیک خود کرسکتا ہے جبکہ وہ خود بھی کچھ جائیداد کا مالک ہے، لیکن نقد اس کے پاس کچھ نہیں ہے؟

سفیر کا قبل التملیک قرض دینا

سوال[۷۶۴۳]: ۲.....یہ سفیر باہر جمع شدہ روپے کو قبل التملیک کسی کو قرض دے سکتا ہے یا نہیں؟

مدرس کا قبل التملیک خرچ کرنا

سوال[۷۶۴۴]: ۳.....ایسے ہی اگر مدرسہ کے مدرس نے چندہ کیا اور خرچ کرلیا اور اپنی تنخواہ میں سے جو خرچ کیا ہے حساب کردیا، تو کیا مدرس کے لئے تملیک سے قبل اپنے لئے خرچ کرنا درست ہے یا نہیں اگرچہ اس روپیہ کی تملیک یقیناً ہوئی ہے جو اس نے تنخواہ میں کٹوایا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... لوگوں نے سفیر کو اس لئے چندہ نہیں دیا کہ وہ خود مالک بن بیٹھے بلکہ اس لئے دیا ہے کہ طلبہ پر کھانے کپڑے میں خرچ کیا جائے، اس لئے اس کا خود مالک بننا درست نہیں(۲)۔

---

(۱) "لو دفع غزلاً لآخر لينسجه، له بنصفه أو استأجر بغلاً ليحمل طعامه ببعضه، أو ثوراً ليطحن براً ببعض دقيقة، فسدت في الكل؛ لأنه استأجره بجزءٍ من عمله". (الدرالمختار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة: ۶/۵۷، سعيد)

(وكذا في الهداية، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة: ۳/۳۰۳، إمداديه ملتان)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الفصل الثالث في قفيز الطحان: ۴/۴۴۴، رشيديه)

(۲) "وهنا الوكيل: إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره كما لو أوصى لزيد بكذا، ليس للوصي الدفع إلى غيره". (ردالمحتار، كتاب الزكوة: ۲/۲۶۹، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....اس کو حق نہیں، وہ امین ہے(۱)۔

۳.....اس کو بھی حق نہیں، وہ امین ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/۱۰/۹۵ھ۔

کیا سفیر کی خوراک جزوِ تنخواہ ہے؟

سوال[۷۶۴۵]: مدرسہ کا چندہ کرنے کے لئے جو مدرس یا سفراء باہر جاتے ہیں ان کی تنخواہوں کے ساتھ ان کا کھانا بھی منجانبِ مدرسہ طے ہوتا ہے، چنانچہ کہیں سستا کہیں مہنگا جیسا بھی ملتا ہے مدرسہ کا خرچ ہوتا ہے، اس کی کوئی مقدار معین نہیں ہے۔اگر یہ غیر معین ہونے کے باوجود اس لئے درست ہو کہ مستاجر کے ذمہ اجیر کا کھانا بھی سفر کی حالت میں ہوگا تو فبہا، ورنہ کیا یہ صورت جواز کی ہوسکتی ہے کہ جن اوقات میں اہلِ خیر حضرات اس سفیر کو کھانا کھلائیں جیسا کہ عام دستور ہے کہ مدرسہ کی اعانت سمجھ کر سفیر کو کھانا کھلا دیتے ہیں، ان اوقات کے علاوہ کو وہ سفیر درج کرلے اور وقت یا دن کے حساب سے، مثلاً: فی یوم ایک روپیہ تنخواہ پر مزید اضافہ کیا جائے، یا مطلقاً جتنے دن سفر کرے اتنے دن کے ایک روپیہ کے حساب سے مثلاً مقرر کردیا جائے، خواہ وہ خرید کر کھائے یا کوئی اس کو کھلائے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اسی ذیل میں یہ کھانا داخل کرلیا جائے جس کو آپ نے ''فبہا'' لکھا ہے۔اگر تنخواہ کا جز قرار دے کر ایک روپیہ یومیہ مثلاً مزید تجویز ہوجائے، تو اس کی بھی گنجائش ہے(۲)، خواہ یہ ''مزید'' کل یا جز خرچ ہوجائے یا بچ

---

(۱) قال اللہ تبارک وتعالی: ﴿إن اللہ یأمر أن تؤدوا الأمانات إلی أهلها﴾ (سورة النساء: ۵۸)

"وأما حکمها فوجوب الحفظ علی المودع، وصیرورة المال أمانةً فی یده ووجوب أدائه عند طلب مالکه. والودیعة لاتودع ولاتعار ولاتواجر ولاترهن. وإن فعل شیئاً، منها ضمن". (الفتاویٰ العالمکیریة: ۳۳۸/۴، کتاب الودیعة، الباب الأول، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق: ۴۶۷/۷، کتاب الودیعة، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار: ۶۷۹/۵، کتاب الودیعة، سعید)

(۲) "إذا زاد الآجر والمستأجر فی المعقود علیه أو فی المعقود به، إن کانت الزیادة مجهولةً، لاتجوز ..... وإن کانت معلومةً من جانب الآجر تجوز، سواء کانت من جنس ماآجر أومن خلاف جنس ماآجر". =

جائے اور بالکل مزید ہی بن جائے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۳ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۲/۴/۱۴ھ۔

سفیر کو سبکدوش کردینا

سوال[۷۶۴۶]: ہمارے یہاں ایک سفیر صاحب عرصہ آٹھ ماہ سے تھے، ان کو ایام کارکردگی کی تنخواہ پیشگی بھی دی جاتی رہی، حسبِ ضرورت ان کو قرض بھی دیا جاتا رہا، جس کا صاحبِ موصوف کو احساس بھی معلوم ہوتا ہے۔آج کل حالات اور گرانی کی وجہ سے مدرسہ کی مالی حالت کمزور ہوکر پیشگی رقم ایامِ کارکردگی دینے میں تاخیر ہوتی رہی جس کو موصوف تکلیف پر محمول کرتے ہیں، حالانکہ جن حالات سے وہ دوچار ہورہے تھے-احقر بھی پانچ بچے والا ہے-مگر موصوف ان ناگزیر حالات میں تکلیف کو برداشت کرتے ہوئے مدرسہ کے کام کو چلانے میں مدد کرنے کے بجائے یہ کہتے ہیں کہ چونکہ مالی حالت کمزور ہے اس لئے میں چلا جانا چاہتا ہوں، تو احقر نے زبانی جواب دیا کہ اچھی بات ہے۔

پھر ان کی احساس کمتری پر غصہ آیا کہ انہوں نے ان حالات میں ایسا کیوں کہا، حالانکہ ماہانہ سو روپے ان کو دیئے جاتے ہیں۔غرض ان کو سمجھانے کے بجائے غصہ آکر پرچہ لکھ دیا کہ فلاں تاریخ تک آپ اپنی خواہش کے مطابق سبکدوش ہوسکتے ہیں۔ان تمام حالات کے پیشِ نظر جو غصہ کیا گیا برمحل ہے، یا ان کی عاجزی منت کرکے سمجھانا مناسب تھا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

قوتِ برداشت سب کی یکساں نہیں ہوتی، ہر ایک کے ساتھ اس کی حیثیت کے موافق معاملہ کرنا

= (الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الإجارة، الباب الرابع عشر فی تجديد الإجارة بعد صحتها والزيادة فيها: ۴/۴۳۹، رشيديه)

(وكذا فی تنقيح الفتاوی الحامدية، كتاب الإجارة، مطلب: إذا زادت الأجرة فی أثناء المدة: ۱/۱۰۹، مكتبه ميمنيه مصر)

Made searchable using ScribeTools.com

چاہیے(۱)، نرمی سے سمجھا دینا قرینِ مصلحت تھا، مدرسہ کا بھی فائدہ تھا، کیونکہ دوسرا معاون آپ کے پاس موجود نہیں۔ اپنے احساس اور حسنِ کارکردگی کی بناء پر غصہ ہوکر ایسی کاروائی کرنا اپنے احسان کو ختم کردینا ہے(۲)۔

فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۷/ ۹۳ھ۔

مستحق طلباء کی آمد کی امید پر چندہ لینا

سوال[۷۶۴۷]: ایک مولوی صاحب نے ایک مدرسہ قائم کیا ہے جس میں خالص عربی فارسی کی تعلیم ہوتی ہے اور یہ علاقہ از روئے دینی تعلیم نابلد ہے۔ ہر قسم کا چندہ لیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ کچھ رقوم جمع ہوجائے تو یہاں پر کھانے کا انتظام کیا جائے گا۔ کیا اس امید پر ہر قسم کا چندہ لینا جائز ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر فی الحال غریب مستحق طلبہ کے لئے رقم ناکافی ہونے کی وجہ سے کھانے کا انتظام نہیں اور وہ اس کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں کہ اس کا انتظام کریں اور اس کی غالب توقع ہے تو وہ ایسی رقم بھی لے سکتے ہیں(۳)، مگر اس کا

---

(۱) "عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنها قالت: أمرنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "أن ننزل الناس منازلهم". (مقدمة الصحیح لمسلم: ۱/۴، قدیمی)

(۲) قال اللہ تعالی: ﴿وأحسن کما أحسن اللہ إلیک﴾ (سورة القصص: ۷۷)

"أی أحسن إلی خلقه کما أحسن هو إلیک". (تفسیر ابن کثیر، سورة القصص، :۳/۳۹۹، سهیل اکیڈمی لاهور)

"وینبغی للآمر والناهی أن یرفق، لیکون أقرب إلی تحصیل المطلوب، فقد قال الإمام الشافعی: من وعظ أخاه سراً فقد نصحه وزانه، ومن وعظه علانیةً، فقد فضحه وشانه". (مرقاة المفاتیح، کتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول: ۸/۸۶۳، رشیدیه)

(۳) قال اللہ تبارک وتعالی: ﴿للفقراء الذین أحصروا فی سبیل اللہ، لایستطیعون ضرباً فی الأرض، یحسبهم الجاهل أغنیاء من التعفف، تعرفهم بسیماهم، لایسئلون الناس إلحافاً، وماتنفقوا من خیر، فإن اللہ به علیم﴾ (سورة البقرة :۲۷۳) ..... =

خیال رہے کہ جو رقم جس مد کے لئے لی جائے اس مد میں اس کا خرچ کرنا ضروری ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۶/۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین، دارالعلوم دیوبند، ۳۰/۶/۸۸ھ۔

جتنے طلبہ کے لئے سرکار سے وظیفہ ملے اور پھر ان کی تعداد کم رہ جائے تو کیا کرے؟

سوال[۷۶۴۸]: ۱.....سرکاری طور پر ہر بچہ کو جو اردو پڑھاتے ہیں دو روپیہ فی بچہ منظور ہو کر آتے ہیں کہ ان کو دیدیں۔اب ہر طالب علم کو دو روپیہ دینا ضروری ہے، یا اربابِ اختیار کتب وغیرہ خرید کر دے سکتے ہیں یا نہیں؟

۲.....بعض طالب علم اب غیر حاضر ہیں ان کی رقم مدرسہ میں محفوظ ہے۔اب ان طلبہ کے گھر پہونچائے جائیں، یا مدرسہ میں صرف کرلی جائے، یا کسی اَور طالب علم کو دیدی جائے؟

= "﴿لایستطیعون﴾ لاشتغالهم بذلک ﴿ضرباً فی الأرض﴾: أی مشیاً فیها وذهاباً للتکسب والتجارة، وهم أهل الصفة –رضی اللہ تعالی عنهم– قاله ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما. وکانوا نحواً من ثلثمأة من فقراء المهاجرین یسکنون سقیفة المسجد یستغرقون أوقاتهم بالتعلم والجهاد". (روح المعانی: ۴۶/۳، دار إحیاء التراث العربی بیروت)

"عن جریر رضی اللہ عنه قال: کنافی صدر النهار عند رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فجاء قوم عراة مجتابی النمار ..... فتعمر وجه رسول اللہ لمارأی بهم من الفاقة، فدخل، ثم خرج، فأمر بلالاً، فأذن وأقام فصلی وخطب، فقال: "یا أیها الناس! اتقوا ربکم ..... اهـ". (سنن ابن ماجة، باب الانتفاع بالعلم والعمل به، ص: ۲۳، قدیمی)

"عن أبی سعید الخدری رضی اللہ تعالی عنه: جاء رجل یوم الجمعة –والنبی صلی اللہ علیه وسلم یخطب– بهیأة بذة، فقال له رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم: "أصلیت"؟ قال: لا، قال: "صل رکعتین" وحثّ الناس علی الصدقة، فألقوا ثیابهم". (سنن النسائی، کتاب الجمعة، باب حث الإمام علی الصدقة: ۲۰۸/۱، قدیمی)

(۱) "وهنا الوکیل إنما یستفید التصرف من الموکل، وقد أمره بالدفع إلی فلان، فلایملک الدفع إلی غیره". (ردالمحتار، کتاب الزکوة: ۲۶۹/۲، سعید)

Made searchable using ScribeTools.com

۳.....مثال کے طور پر کسی مدرسہ میں ۲۰/طلباء کی فہرست گئی، اب صرف ۱۵/ طالب علم باقی رہ گئے، رقم ۲۰/ کی آ گئی اب ۵/ طالب علم کسی اَور مدرسہ کے لکھ کر ۲۰/ کی تعداد پوری کر دیں، بعض لڑکے کہتے ہیں کہ گورنمنٹ کی رقم کی زیادہ تحقیق کی ضرورت نہیں۔ فقط۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....حسبِ ہدایتِ معطی ہر مستحق طالب علم کو دو روپیہ دے دیں، پھر چاہے اس کو توجہ دلا دیں کہ وہ اس کی فلاں کتاب خرید لے۔

۲.....غیر حاضر کا نام آپ نے خارج تو نہیں کیا، اس کا حصہ محفوظ رکھیں، حاضر ہونے پر دے دیں، یہ بھی حق ہے کہ اس کو مکان پر ہی دے دیں (۱)۔

۳..... جب ۲۰/طلباء کی فہرست گئی اور اب ۱۵/ رہ گئے تو جن غیر حاضر طلبہ کی رقم آئی ہے وہ واپس پہونچا دیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، و قد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع الى غيره (ردالمحتار: ۲/۲۶۹، كتاب الزكاة، سعيد)

(وكذا فيْ شرح المجلة: ۲/۴۷۷، (رقم المادة: ۱۴۵۷)، كتاب الوكالة، الباب الثانى فى بيان شروط الوكالة، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(۲) "والمال الذى قبضه الوكيل بقبض العين بحسب وكالته هو فى حكم الوديعة بيد الوكيل ..... والمال الذى فى يد الرسول من جهة الرسالة أيضاً فى حكم الوديعة". (شرح المجلة لسليم رستم: ۲/۷۸۰، (رقم المادة: ۱۴۶۳)، كتاب الوكالة، الباب الثالث فى أحكام الوكالة، مكتبه حنفيه كوئٹه).

"وأما حكمها فوجوب الحفظ على المودع، وصيرورة المال أمانةً فى يده، ووجوب أدائه عند طلب مالكه". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۴/۳۳۸، كتاب الهبة، الباب الأول، رشيديه)

(وكذا فى الهداية: ۳/۲۷۱، كتاب الوديعة، مكتبه امداديه ملتان)

(وكذا فى الدرالمختار، كتاب الوديعة: ۵/۶۶۴، سعيد)

چندہ کے لئے معطی پر اصرار، تدریس کے ساتھ تجارت

سوال[۷۶۴۹]: ۱.....کسی نیک کام کا چندہ وصول کرنے کے لئے چندہ دینے والوں کو پریشان کرنا مثلاً چندہ دینے والا پانچ یا دس روپیہ دیتا ہے اور وصول کرنے والے خوشامد کرکے یا خفگی کا اظہار کرکے اس بات پر مجبور کرتے ہیں کہ اور زیادہ دو، تو مجبوراً زیادہ دیتا ہے۔ تو کیا اس طرح چندہ کرنا جائز ہے؟ اور ایسے چندہ کو کارِ خیر میں لگانا جائز ہے یا نہیں؟ یہاں پر بعض عالم اس قسم کے چندہ کو بالکل ناجائز اور حرام بتاتے ہیں، حالانکہ فتاوی دارالعلوم دیوبند میں ایسے چندہ کو کارِ خیر میں لگانا جائز لکھا ہے(۱)۔ یہاں کے علماء کہتے ہیں کہ مواعظِ اشرفیہ میں ایسے چندہ کو حرام لکھا ہے۔ اس کی تحقیق مقصود ہے۔

۲.....ایک مولانا صاحب تجارت کرتے ہیں، بازار میں دوکانیں ہیں اور دینی خدمت مثلاً: بچوں کی تعلیم، کتابوں کی تصنیف اور فتاوی کے جوابات دیتے ہیں، یہ سب کام بلا اجرت کے جائز ہے یا نہیں؟ یہ عالم قابلِ تعریف ہیں یا قابلِ مذمت؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... چندہ کا یہ طریقہ غلط اور ممنوع ہے(۲) جیسا کہ امداد الفتاوی جلد رابع میں حضرت تھانویؒ نے ممنوع لکھا ہے(۳)۔ اور فتاوی دارالعلوم دیوبند میں بھی یہی ہے(۴)، لیکن اس قسم کے چندہ کا طریقہ ناجائز

---

(۱) (فتاوی دارالعلوم دیوبند، کتاب الوقف، عنوان ''جو چندہ زبردستی وصول کیا ہو اس کا مصرف'': ۱/۵۶۷، دار الاشاعت کراچی)

(۲) "عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللهصلی اللهعلیه وسلم: "ألا! لاتظلموا، ألا! لایحل مال امرئ إلابطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، باب الغصب والعاریة، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(والسنن الکبری للبیهقی، باب شعب الایمان: ۴/۳۸۷، (رقم الحدیث: ۵۴۹۲)، دارالکتب العلمیة بیروت)

(۳) ''**سوال**: اگر کسی محلّہ کی مسجد میں مؤذن کی خوراک وغیرہ کے لئے کچھ لوگ محلّہ کے چندہ دیتے ہیں اور کچھ مسلمانوں کو دینے سے انکار ہے تو ایسی حالت میں زمیندار مالک محلّہ اگر جبراً ان کو چندہ میں شریک کرے تو جائز ہے یا نہیں؟

الجواب: نہیں''۔ (امداد الفتاوی، مسائل شتی عنوان: ''حرمتِ جبر بر چندہ'': ۴/۵۰۲، مکتبہ دارالعلوم کراچی)

(۴) مفتی عزیز الرحمٰنؒ فرماتے ہیں کہ: ''اصل یہ ہے کہ اس طرح تنگ کرکے لینا تو اچھا نہیں ہے، لیکن جب مالک نے کسی =

Made searchable using ScribeTools.com

ہونے کے باوجود کارِ خیر میں لگانا جس طرح حضرت مفتی عزیز الرحمٰن صاحب سے آپ نے نقل کیا ہے کہ درست ہے، اس طرح تھانویؒ نے جس جگہ ناجائز لکھا ہے اس کو بھی نقل کردیں تو غور کرلیا جائے۔

۲.....حقوقِ واجبہ ادا کرنے کے لئے اور حلال روزی کمانے کے لئے تجارت کرنا شرعاً مذموم نہیں، بلکہ پوری اجازت ہے، حتی کہ بعض حالات میں واجب ہے(۱)۔ اس کے ساتھ دینی علمی خدمت میں لگے رہنا بڑی ذمہ داری کو پورا کرنا ہے، اگر حق تعالیٰ کسی کو یہ توفیق دے تو بڑی نعمت ہے۔ مگر تجارت کے ساتھ دوکان پر بھی تدریس افتاء کی خدمات انجام دینے میں اقرب یہ ہے کہ تدریس، افتاء کا پورا احترام نہیں ہوسکے گا، نہ اس طرف پوری توجہ ہوگی جس کی وجہ سے غلطی بھی امکان ہے(۲)، اس لئے اگر اوقات تقسیم کردیئے جائے تو زیادہ بہتر ہوگا کہ کچھ وقت تدریس افتاء کے لئے بھی مخصوص کرلیا جائے، کچھ وقت دوکان چلانے کے لئے، کچھ معمولی تدریس دوکان کے ساتھ بھی جاری رہے، جس میں زیادہ توجہ کی ضرورت نہ ہو، تو اس میں بھی مضائقہ نہیں کہ یہ بھی بعض

= طرح طوعاً وکرھاً دیدیا اور کارِ خیر میں لگادیا، تو آئندہ کو اس مال میں حرمت نہیں رہی، کیوں کہ یہ چوری اور غصب کا مال نہیں ہے''۔ (فتاوی دار العلوم، کتاب الوقف، عنوان: ''جو چندہ زبردستی وصول کیا ہو اس کا مصرف'': ۱/۵۶۷، دار الإشاعت کراچی)

(۱) ''عن عبدالله رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: ''طلب کسب الحلال فریضة بعد الفریضة''. رواه البیهقی''. (مشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الکسب وطلب الحلال، الفصل الثالث، ص: ۲۴۲، قدیمی)

(۲) ''ینبغی أن لایفتی فی حال تغیر خُلقه وتشغل قلبه ویمنعه التأمل کغضب، وجوع، وعطش وحزن، وفرح غالب، ونعاس، أو ملل، أو حر مزعج، أو مرض مؤلم، أو مدافعة حدث، کل حال یشتغل فیه قلبه، ویخرج عن حد الاعتدال، فإن أفتی فی بعض هذه الأحوال وهو یری أنه لم یخرج عن الصواب، جاز، وإن کان مخاطراً بها''. (المجموع شرح المهذب، باب آداب الفتوی والمفتی والمستفتی، فصل فی أحکام المفتین وفیه تسع مسائل، الرابعة: ۱/۷۶، دار الفکر بیروت)

(وکذا فی مقدمة شرح عقود رسم المفتی، ص: ۱۰، میر محمد کتب خانه کراچی)

''یشترط تیقظه وقوة ضبطه وأهلیة اجتهاده''. (البحر الرائق، کتاب القضاء، فصل فی المفتی: ۶/۴۴۸، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاوی العالمکیریة، کتاب القضاء، الباب الأول: ۳/۳۰۸، رشیدیه)

سلف سے منقول ہے(۱)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۴/۱۰ھ۔

چندہ کر کے مدرسہ تعمیر کرنا اور اس کو اپنا مکان کہنا، بہشتی زیور کے بعض مسائل کو صحیح نہ جاننا

سوال[۷۶۵۰]: ایک مولوی صاحب کے پانچ بھائی موجود ہیں، انہوں نے اپنے باپ سے ڈیڑھ بیگہ زمین مدرسہ کے نام سے اپنے نام بیع نامہ کرالیا ہے، چکبندی کے محکمہ نے اس بیع نامہ کو مان لیا۔ باپ نے وہ زمین وقف للمدرسہ نہیں کی، اب چکبندی میں اس کا چک علیحدہ کٹے گا۔ مولوی صاحب موصوف سے لوگ وقف کرنے کے لئے کہتے ہیں، تو وہ اسے وقف نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ اگر میں وقف کردوں تو مجھے یہاں سے نکال دیں گے۔

مدرسہ کے لئے چندہ خود ہی کرتے ہیں، کہنے پر بھی حساب نہیں دکھاتے۔ چندہ میں امداد، زکوٰۃ، صدقہ وغیرہ ہر قسم کا مال آتا ہے۔ اس رقم سے ایک مکان بصورت مدرسہ تعمیر ہورہا ہے۔ موصوف کا کہنا ہے کہ جب تک بچے یہاں پڑھیں گے، پڑھاؤں گا، ورنہ مکان میرا ہے، حال یہ ہے کہ کسی دوسرے شخص کو وہ مدرسہ میں نہیں رکھتے۔ یہ بھی خیال رہے کہ مدرسہ میں گاؤں کے ہی بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں، بیرونی نہیں کہ جن کا مدرسہ کفیل ہو۔ موصوف کہتے ہیں کہ اس سے میرے باپ کو ثواب ملے گا۔

ایسے شخص کے بارے میں علماء کیا فرماتے ہیں؟ نیز اس کے باپ کو ثواب ملے گا یا نہیں؟ اکثر بیشتر غلط مسئلے بتاتے ہیں، بہشتی زیور کے تمام مسئلوں کو صحیح تسلیم نہیں کرتے۔ ایسے شخص کے پیچھے نماز کا حکم کیا ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

زکوٰۃ اور صدقہ کو نہ تعمیرِ مدرسہ میں خرچ کرنا جائز ہے، نہ تنخواہ میں صرف کرنا درست ہے، بلکہ وہ تو نادار

---

(۱) جیسا کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں منقول ہے: "قدتواتر عنه أنه كان يتّجر فى الخز مسعوداً ماهراً فيه، وله كان فى الكوفة شركاء يسافرون له فى شراء ذلك ويبيعه مستغنياً بنفسه". (الخيرات الحسان فى مناقب الإمام الأعظم أبى حنيفة النعمان، الفصل الخامس والعشرون فى أكله من كسبه، مطبعة المدنى الموسسة السعودية بمصر)

Made searchable using ScribeTools.com

غریبوں کو دینا واجب ہے(۱)۔ چندہ کر کے مدرسہ تعمیر کرنا اور یہ کہنا کہ یہ تو مکان میرا ہے غلط طریقہ ہے(۲)، ان کو ان سب کی اصلاح لازم ہے۔ مسائل کیا غلط بتاتے ہیں، بغیر تفصیل سامنے آئے کیا کہا جائے۔ مولوی صاحب اگر اپنے حالات ٹھیک نہ کریں تو ان کو امام بنانا مکروہ ہوگا(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۸/ ۹۴ھ۔

مدرسہ کے لئے چندہ کر کے جو عمارت بنائی جائے کیا وہ وقف ہے؟

سوال[۷۶۵۱]: ایک مدرسہ دینیہ ۳۸/ سال قبل یہاں قائم کیا گیا، درس تدریس کا کام کرایہ کی عمارت میں شروع ہوا، چندۂ خصوصی وعمومی سے مدرسہ کے مصارف پورے کئے جاتے ہیں۔ مدرسہ قائم ہونے

---

(۱) قال الله تبارک وتعالی: ﴿إنما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفي الرقاب والغارمين وفي سبيل الله وابن السبيل﴾ (سورة التوبة: ٦٠)

"الزكاة: هي تمليك المال من فقير مسلم غير ها شمي ولا مولاه، بشرط قطع المنفعة عن المملّك من كل وجه لله تعالى". (البحرالرائق، كتاب الزكوة: ۳۵۲/۲، رشيديه)

(وكذا في الدرالمختار، كتاب الزكوة: ۲۵۶/۲، سعيد)

(۲) "(فإذا تم ولزم، لايملك ولايملك ولايعار ولايرهن): أي لايكون مملوكاً لصاحبه. (ولايملّك): أي لايقبل التمليك لغيره بالبيع وغيره، لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه".

(الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف: ۳۵۱/۴، ۳۵۲، سعيد)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب الوقف: ۳۲۰/۵، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف: ۲۸۵/۳، رشيديه)

(۳) "ويكره إمامة عبد وأعرابي، وفاسق، وأعمى ونحوه ..... أماالفاسق فقد عللوا كراهة تقديمه بأنه لايهتم لأمر دينه، وبأن في تقديمه للإمامة تعظيمه، وقدوجب عليهم إهانته شرعاً". (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۵۶۰/۱، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الصلوة، الباب الخامس في الإمامة، الفصل الثالث في بيان من يصلح إماماً لغيره: ۸۵/۱، رشيديه)

(وكذا في البحرالرائق، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۶۱۰/۱، رشيديه)

Made Searchable by ScribeTools.com

کے چندسال بعد والیٔ ریاست ٹونک نے ایک ہزار سالانہ رقم مقرر فرمادی، چونکہ یہ آمدنی رقم مدرسہ کے مصارف کی کفیل نہیں ہوسکتی تھی ،اس لئے بذریعۂ سفیر بیرون جات سے چندہ بھی ہوتا رہا اوراب بھی ہورہا ہے۔ اور ریاست کے حکمران کی مقرر کردہ امداد بچند وجوہ اس دورِ حکومت میں ملنا بند ہوگئی۔ منتظمینِ مدرسہ نے عرصہ ہوا ایک عمارت مع اس کے وسیع احاطہ کے خرید لی، جب سے اس مدرسہ کا کام اس عمارت میں ہورہا ہے، ساتھ ہی ساتھ احاطہ سے باہر چند دکانیں بھی تعمیر کردی گئیں، کرایہ کی آمدنی مدرسہ کی ضروریات میں صرف ہوتی ہے۔ چندہ کی وصولی کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

مسلم وقف بورڈ کا مطالبہ یہ ہے کہ مدرسہ کی عمارت اور دکانوں کا رجسٹریشن وقف بورڈ میں کرایا جائے اور شرح معینہ کے تحت سالانہ چندہ بھی داخل کیا جاتا رہے، منتظمین مدرسہ کا عذر یہ ہے کہ مدرسہ کی عمارت اور دکانیں کسی کی وقف کردہ نہیں ہیں، بلکہ چندہ عمومی سے جو رقم پس انداز کی جاتی رہی اس سے یہ عمارت خریدی گئی اور دکانیں تعمیر کرائی گئی ہیں، اس لئے یہ جائیداد وقف کی تعمیر میں نہیں آتی اور موقوفہ نہیں کہی جاسکتی۔

چندہ نگرانی کی بابت یہ عذر ہے کہ دکانوں کے کرایہ کی اس حد تک آمدنی نہیں ہے کہ مدرسہ کے مصارف کی کفیل ہوسکے مزید مصارف چندہ سے پورے کئے جاتے ہیں، پھر چندہ نگرانی بورڈ کہاں سے ادا کیا جائے اور کس وجہ سے دیا جائے؟ وقف بورڈ اس کل جائیداد کو موقوفہ قرار دیتا ہے۔

استدلال: یہ ظاہر ہے اگر چہ عمارت دوکانات کسی کی وقف کردہ نہیں، لیکن عام مسلمانوں کی چندہ کی بھی رقم سے یہ جائیداد بنائی تو اس پر موقوفہ کا بھی اطلاق ہوتا ہے۔

بدلائلِ شرعیہ مطلع فرمایا جائے کہ فریقین ہذا کے استدلالات میں سے کسی کی دلیل قابلِ توجہ ہوسکتی ہے۔ اور بقولِ منتظمین مدرسہ یہ جائیداد موقوفہ نہیں کہی جاسکتی، یا بقولِ وقف بورڈ موقوفہ تسلیم کی جائے۔ جو حکم شرعی اس جائیدادِ مدرسہ پر عائد ہوتا ہے اگر اس سے جلد مطلع فرمایا جائے تو باعث تکریم ہوگا۔

سائل احقر محمد عبدالحی ،سرونج، ایم، پی۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو عمارت چندہ کر کے بنائی گئی ہو یا خریدی گئی ہو، وہ ابھی وقف نہیں ہوئی جب تک اس کو وقف نہ

Made searchable using ScribeTools.com

کردیاجائے اورمصالح مدرسہ کاتقاضاہے کہ اسے اب سے وقف کردیاجائے، قاضی خاں جلد چہارم ص۳۰، میں ہے:

"المتولی إذا اشتری من غلة المسجد حانوتاً أو داراً أو مستغلاً آخراً، جاز؛ لأن هذا من مصالح المسجد. إن أراد المتولی أن يبيع ما اشتری وباع، اختلف فيه، قال بعضهم: لايجوز هذا البيع؛ لأن هذا صار من أوقاف المسجد، وقال بعضهم: يجوز هذا البيع، وهو الصحيح؛ لأن المشتری يذكر شيئاً من شرائط الوقف، فلايكون مااشتری من جملة أوقاف المسجد"(۱)۔

اگروقف کرنا مصالحِ مدرسہ کے خلاف ہےتووقف نہ کیاجائے۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۲۴/۱/۸۸ھ۔

رسمی رقموں کی وصولی اورخرچ

سوال[۷۶۵۲]: میں ایک سرکاری مکتب کامعلم ہوں،اس لئے سرکاری تنخواہ کےعلاوہ مکتب کے طلباءوعوام سے متعلق رکھتے ہوئے چندآدمیوں کاجوقدیم رواج مدت سے ہےاورابھی تک چلتا آرہاہےعلمائے دین سے فیصلہ لیناچاہتاہوں کہ مندرجہ ذیل آمدنی میرےحق میں کیسی ہوگی؟

۱.....کسی تقریب کاجیسے۱۵/اگست،۲۶/جنوری ٹیچرسن ڈے،ششماہی وسالانہ امتحانات کےموقع پر بچوں سےتقریب کےخرچ کےتخمینہ سےزیادہ رقم وصول کرنااورخرچ سے بچی ہوئی رقم کواپنےمصرف میں صرف کرناشریعت کی روسے کیساہوگا؟

---

(۱) (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية: ۳۹۷/۳، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً، رشيديه)

"وفی العتابية، فإذا اجتمعت غلة فاشتری بها بيوتاً للغلة، جاز. وهل تصير وقفاً؟ اختلف المشايخ فيه، والمختار أنه يجوز بيعها إن احتاجوا إليه". (التاتارخانية: ۷۵۶/۵، كتاب الوقف، الفصل السابع فی تصرف القيم فی الأوقات، إدارة القرآن كراچی)

"اشتری المتولی بمال الوقف داراً للوقف، لاتلحق بالمنازل الموقوفة، ويجوز بيعها فی الأصح". (الدرالمختار: ۴۱۶/۴، ۴۱۷، كتاب الوقف، مطلب: اشتری بمال الوقف داراً للوقف، يجوز بيعها، سعيد)

۲.....بچوں سے داخلہ کے وقت ایک روپیہ یا دو روپیہ کرکے وصول کرنا سند دیتے وقت فی لڑکا پانچ یا دو روپیہ جبراً رسم بنا کر وصول کرنا جبکہ سرکار کا کوئی قانون نہیں۔ ہفتہ وار، جمعراتی، عیدی، بقرعیدی شروع کرائی رسم بنا کر وصول کرنا، اس میں بھی جب کہ سرکار کا کوئی قانون نہیں۔ تو ان رقموں کو اپنی ذاتی مصرف میں خرچ کرنا شرعی اعتبار سے کیسا ہوگا؟ رسم نہیں، اگر نذرانہ کے طور پر دینے والا دے تو کیسا ہوگا؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....رقوم دینے والوں کو اگر علم ہو کہ خرچ سے زائد حصہ آپ رکھتے ہیں اور وہ اس پر رضامند ہوں تو جائز ہے(۱)۔

۲.....جبراً جائز نہیں، زبردستی کی ہوئی رقم کا واپس کرنا ضروری ہے(۲)۔ "لایحل مال امرئ مسلم إلا بطیب نفس منه". الحدیث(۳)۔ بخوشی دی ہوئی رقم کا استعمال کرنا درست ہے کہ یہ ہدیہ ہے(۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱/۹۳ھ۔

الجواب صحیح بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱/۹۳ھ۔

---

(۱) "لایجوز لأحد أن یتصرف فی ملک غیره بلا إذنه أو وکالة منه أو ولایة علیه". (شرح المجلة لسلیم رستم باز: ۱/۶۱، (رقم المادة: ۹۶)، المقالة الثانیة فی القواعد، مکتبه حنفیه کوئٹة)

(وکذا فی الدرالمختار: ۶/۲۰۰، کتاب الغصب، سعید)

(۲) قال اللہ تعالی: ﴿ولاتأکلوا أموالکم بینکم بالباطل﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

"عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "ألا! لاتظلموا، ألا! لایحل مال امرئ إلابطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، ص: ۲۵۵، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، قدیمی)

"لیس لأحد أن یأخذ مال غیره بلاسبب شرعی". (شرح المجلة لسلیم رستم باز: ۱/۶۲، (رقم المادة: ۹۷)، المقالة الثانیة فی القواعد، مکتبه حنفیه کوئٹة)

(۳) (السنن الکبری للبیهقی: ۴/۳۸۷، (رقم الحدیث: ۵۴۹۲)، باب شعب الإیمان، دارالکتب العلمیة، بیروت)

(ومشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

(۴) "هی (أی الهبة) المال الذی یعطی لواحد أویرسل إلیه إکراماً له". (شرح المجلة لسلیم رستم باز: =

Made searchable using ScribeTools.com

نکاح کے موقعہ پر مدرسہ کیلئے روپیہ لینے کی رسم

سوال[۷۶۵۳]: نکاح کے موقعہ پر ناکح پر دعوی کر کے مسجد ومدرسہ کے لئے روپیہ لیتے ہیں۔ یہ جائز ہے یا ناجائز؟ یا رسم ہونے کی وجہ سے دیتے ہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

نکاح کے موقع پر ناکح پر دعوی کر کے زبردستی مدرسہ کے لئے روپیہ لینا جائز نہیں، وہ بخوشی دیں تو اجازت ہے، پابندیٔ رسم کی وجہ سے مجبوراً دیں تب بھی درست نہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۳/۱۵ھ۔

منتظمین کا تعلیم کے بجائے عمارت، بیل وغیرہ پر دھیان دینا

سوال[۷۶۵۴]: ایک ادارہ میں مالی وسعت کافی ہے، وہ ادارہ علمی اعتبار سے مرکزیت حاصل کرسکتا ہے، مگر افسوس کہ منتظمین کی کج اندیشی، خودغرضی اور مفاد پرستی پر کہ وہ ادارہ کو ترقی دینا نہیں چاہتے۔ اور جتنی تعلیم اس وقت ہے اس کی جائیداد موجود تعلیم وطلباء ومدرسین پر خرچ کرنے کے لئے کافی ہے، نیز اس جائیداد کا غلط مصرف ہے زمین کا خریدنا، مقصدِ اصلی تعلیم سے ہٹ کر بیلوں اور کاشت وعالیشان عمارت پر خرچ کرنا۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ عندالشرع یہ سب باتیں درست ہیں یا نہیں؟ نیز اس کے لئے چندہ کرنا کیسا ہے؟

= ۴۶۲/۱، (رقم المادة: ۸۳۴)، الكتاب السابع فى الهبة، مكتبه حنفيه كوئٹة)

(وكذا فى قواعد الفقه، القواعد الفقهية، ص: ۵۵۱، باب الهاء، الصدف پبليشرز كراچى)

(۱) قال الله تعالى: ﴿ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

"عن أبى حرة الرقاشى عن عمه رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول اللهصلى اللهعليه وسلم: ألا! لاتظلَموا، ألا! لايحل مال امرئ مسلم إلابطيب نفس منه". (سنن الكبرى للبيهقى، كتاب الغصب، باب من أخذ لوحاً فأدخله فى سفينة أو بنى عليه جداراً، (رقم الحديث: ۱۱۵۴۵): ۱۶/۶، طبع دار الكتب العلمية بيروت)

(ومشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، ص: ۲۵۵، قديمى)

الجواب حامداًومصلیاً:

جب ادارہ کے پاس مالی وسعت اتنی ہے کہ بغیر چندہ اور بغیر زکوٰۃ لئے ہوئے اس کے مصارف پورے ہوسکتے ہیں تو اس کو چندہ نہ مانگنا چاہئے، نہ زکوٰۃ، معطی حضرات بھی ایسے ادارہ کو نہ دیں بلکہ جو مدرسہ غریب اور مستحق ہو اور دینی تعلیم وتربیتِ اخلاق میں زیادہ کوشاں ہو، وہاں دے (۱)۔علمِ دین کے ادارہ کا اصلی مقصد دینی تعلیم وترتیب ہے۔کھیت، زمین، بیل وغیرہ کی فراہمی اس مقصد کے استحکام وترقی کیلئے ہے۔مقصدِ اصلی سے صَرفِ نظر کرکے محض مالی وسعت وترقی ہی میں منہمک رہنا تو تجارتی مقصد ہے جس سے ''آلہ'' اصل مقصد کی جگہ لے لیتا ہے اور ''مقصد'' تابع بن جاتا ہے۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۱۱/۹۱ھ۔

ادائے حقوقِ ملازمین میں کوتاہی کرنیوالے رئیس کی دینی ادارہ میں امداد

سوال[۷۶۷۵]: ایک رئیس جو کہ مسلمان ہیں اور نماز روزہ کے پابند ہیں، ساتھ ہی تبلیغی جماعت میں بغرضِ تبلیغ دور دور تک بڑے بڑے عالموں کے ساتھ جاتے رہتے ہیں۔ان کے یہاں گورنمنٹ کے پراجکٹ کا کام ہوتا ہے اور وہ اپنے ملازمین کو پندرہ یوم پر تنخواہ دیتے تھے، لیکن اب سات سال سے وہ وقت مقررہ پر ملازمین کو تنخواہ نہیں دیتے ہیں اور ملازمین پریشان ہوکر ناامید ہوکر چلے جاتے ہیں۔اور وہ رئیس ہر سال

---

(۱) قال الله تبارک وتعالی: ﴿للفقراء الذين أحصروا فی سبيل الله، لايستطيعون ضرباً فی الأرض، يحسبهم الجاهل أغنياء من التعفف، تعرفهم بسيمٰهم، لايسئلون الناس إلحافاً، وماتنفقوامن خير، فإن الله به عليم﴾. (سورة البقرٰه :۲۷۳)

قال اللهتبارک وتعالی: ﴿إنماالصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها والمولفة قلوبهم وفی الرقاب والغارمين وفی سبيل الله وابن السبيل﴾ (سورة التوبة :۶۰)

''هی تمليک المال من فقير مسلم غير هاشمی ولامولاه بشرط قطع المنفعة عن المملک من كل وجه لله تعالی''. (البحرالرائق: ۳۵۲/۲، كتاب الزكوة، سعيد)

''ولايحل أن يسأل شيئاً مَن له قوت يومه بالفعل أو بالقوة كالصحيح المكتسب ..... ولوسأل للكسوة أو لاشتغاله عن الكسب بالجهاد أو طلب العلم، جاز لو محتاجاً''. (الدرالمختار: ۳۵۵/۲، كتاب الزكوٰة، باب المصرف، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

ہندوستان کے ایک بہت بڑے دینی تعلیمی ادارہ کوزکوٰۃ دیتے ہیں اوراس دینی ادارہ کے ناظم بھی بہت بڑے عالم ہیں، ساتھ ہی وہ رئیس ان کے مرید بھی ہیں۔

نیز ان رئیس صاحب کے یہاں جو ماہانہ تنخواہ پر نوکر ہیں ان کو بھی کبھی پوری تنخواہ ہر ماہ نہیں دی، بلکہ جس نوکر کی تنخواہ چار سو روپے ہے اس کو دوسو روپے دے کر یہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ اگلے ماہ حساب کروں گا، لیکن وہ وقت کبھی نہیں آتا ہے کہ نوکر کو پورا حساب ملے۔ اس طرح کسی نوکر کی ۱۷/ ماہ کی تنخواہ روک لی اور کسی کی ایک سال کی۔ جب کہا گیا تو جواب ملا کہ کیا مجھ پر احسان کرتا ہے، جب ہوگی تب مل جائے گی، آخر کار نوکر عاجز ہوکر چھوڑ کر اپنے وطن چلے گئے اور آج تک ان کی مزدوری باقی ہے۔

کیا ایسے رئیس کی زکوٰۃ یا کسی قسم کا روپیہ لینا اس ناظم اعلیٰ کو جائز ہے اور دینی تعلیمی ادارہ میں لگانا جائز ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر واقعی اسی طرح ہے تو ان رئیس صاحب کی بڑی کوتاہی ہے جو ظلم کی حد میں داخل ہے، حقوق العباد کوادا نہ کرنا اور مزدوروں کی تنخواہ کو ان کے پورے کام کے باوجود ضبط کرلینا جس سے وہ پریشان ہوکر چلے جائیں۔ معمولی چیز نہیں نہایت سخت چیز ہے(۱)۔ دو پیسے (پرانے) اگر کسی کے رکھ لئے اور نہیں دیئے تو قیامت کے دن سات سو فرض مقبول نمازیں اس کے عوض دلائی جائیں گی (۲)۔ جبکہ وہ صاحب تبلیغ میں بھی باہر جاتے ہیں تو ان کو سوچنا چاہیے کہ تبلیغ کا پہلا اور اعلیٰ مقصد اپنی اصلاح ہے، اس سے بے توجہی نہایت غلط طریقہ ہے۔ اس سب کے باجود وہ جو کچھ زکوٰۃ دیتے ہیں وہ ادا ہوجاتی ہے اور جس کو بھی زکوٰۃ دیتے ہیں اس کو ان کے حالات

---

(۱) قال اللہ تبارک وتعالی: ﴿ولاتأکلوا أموالکم بینکم بالباطل﴾ (سورۃ البقرۃ :۱۸۸)

"عن أبی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: قال الله تعالیٰ: "ثلثة أناخصمهم یوم القیامة: رجل أعطی بی ثم غدر، ورجل باع حراً فأکل ثمنه، ورجل استأجر أجیراً، فاستوفی منه ولم یعطه أجره". (صحیح البخاری: ۱/۳۰۲، کتاب الإجارة، باب إثم من منع أجر الأجیر، قدیمی)

(۲) قال العلامة ابن نجیم: "جاء فی بعض الکتب أنه یوخذ لدانق ثواب سبع مأة صلاة بالجماعة". (الأشباه والنظائر: ۱/۱۴۰، الفن الأول فی القواعد تحت القاعدة الأولی، إدارة القرآن کراچی)

معلوم ہونے کے باجود زکوۃ کا لینا اور صحیح مصرف میں خرچ کرنا درست ہے(۱)، لیکن اہل علم کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ اپنے مریدین اور متعلقین کی اصلاح وتربیت کا خاص فکر واہتمام رکھیں، ہرمناسب موقع پر ان کو غلطیوں سے بچنے کے لئے نصیحت کرتے رہیں۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

صغیر وکبیر کے مخلوط مال سے چندہ

سوال[۷۶۷۶] : ۱.....زید اور بکر دو بھائی ہیں، اپنے باپ کے مرنے کی وجہ سے دونوں مال متروکہ کے وارث ہوئے، بکر نابالغ یتیم ہے اور مال مشترک ہے اور زید بالغ ہے اور روزی کر کے مال متروکہ کو بڑھاتا ہے، جتنی جائیداد ہے اس کی حفاظت وغیرہ بھی کرتا ہے۔زید اس مالِ مشترک سے قربانی ادا کرتا ہے، صدقات دیتا ہے، نیز لوگوں کو کھانا کھلاتا ہے، مدرسہ وغیرہ دینی کاموں میں چندہ بھی دیتا ہے۔زید کو مذکورہ کارِ خیر کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ یا یہ بھی مالِ مشترک شمار کیا جائے گا حالانکہ بکر کچھ روزی نہیں کماتا۔

۲.....ہمارے دیار میں اکثر لوگوں کا مال یتیموں کے مال کے ساتھ مختلط ہوتا ہے، مدارس دینیہ کے چندہ وصول کنندہ جب چندہ کے لئے ان کے پاس جاتے ہیں تو چندہ دیتے ہیں، لیکن قوی اندیشہ ہے کہ مال مختلط سے دیتے ہیں لیکن چندہ وصول کنندہ اس کی تفتیش کئے بغیر چندہ لیتا ہے۔

اب دریافت امر یہ ہے کہ اس قسم کا چندہ مشتبہات میں شمار ہوگا یا نہیں؟ اگر مشتبہات میں شمار ہو تو دینی مدارس کیلئے اس میں شرعاً کچھ وسعت وگنجائش ہے یا نہیں؟ اگر گنجائش نہ ہووے تو مدارسِ دینیہ قائم رکھنا دنیا میں دشوار ومحال ہوجائے گا، حالانکہ دنیا بھر کے اکثر مدارسِ دینیہ قومیہ: دیوبند، سہارن پور، بنگال، آسام، ہندوستان کے اکثر شہروں کے مدارس چندہ ہی پر موقوف ہیں۔جواب باصواب مفصل مدلل تحریر فرمائیں۔

محمد یونس سلہٹی۔

---

(۱) "وفی الفصل العاشر من التاترخانية عن فتاوىٰ الحجة: من ملک أموالاً غير طيبة أو غصب أموالاً وخلطها ملكها بالخلط ويصير ضامنا وإن لم يكن له سواها نصاب فلا زكاة عليه فيها، وإن بلغت نصاباً؛ لأنه مديون ومال المديون لاينعقد سبباً لوجوب الزكوة عندنا اهـ، فأفاد بقوله: (وإن لم يكن له سواها نصاب الخ) أن وجوب الزكوة مقيد بما إذا كان له نصاب سواها". (ردالمحتار، كتاب الزكوة، باب زكوة الغنم: ۲/۲۹۱، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

مالِ مشترک سے ایسے مواقع میں خرچ کرنا درست نہیں، کیونکہ ہر دو بھائی ایک دوسرے کے مال میں تصرف کا حق نہیں رکھتے، بلکہ بمنزلۂ اجنبی کے ہیں، کذافی العالمگیری(۱)۔ البتہ جو روزی وہ علیحدہ کماتا ہے اس میں تصرف کرسکتا ہے، مواقعِ مذکورہ میں بھی صرف کرسکتا ہے(۲)۔

۲..... جہاں ظنِ غالب ہو کہ یہ یتیموں کے مخلوط مال سے چندہ دیتا ہے وہاں تفتیش کرلی جائے، اگر یہ ظن صحیح ثابت ہو تو چندہ لینے سے انکار کردے۔ اور جہاں ظنِ غالب نہ ہو، یا اس کے خلاف کا ظن ہو، وہاں تفتیش کی ضرورت نہیں(۳)۔ جب اہلِ مدارس دیانت کے ساتھ اس کے حلال روپے سے مدرسے چلانے کا پختہ عزم کریں گے اور حرام روپے سے اجتناب کریں گے، تو اللہ تعالیٰ کی امداد بالیقین شاملِ حال رہے گی، لقولہ تعالیٰ:

---

(۱) "ولایجوز لأحدهما أن یتصرف فی نصیب الأخر إلا بأمره، وکل واحد منهما کالأجنبی فی نصیب صاحبه". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الشرکة، الباب الأول، الفصل الأول منه: ۲/ ۳۰۱، رشیدیه)

(وکذا فی الدرالمختار، کتاب الشرکة: ۴/ ۳۰۰، سعید)

(وکذا فی البحرالرائق، کتاب الشرکة: ۵/ ۲۷۹، ۲۸۰، رشیدیه)

(۲) "إلا إذا کان لها کسب علی حدة، فهو لها". (ردالمحتار، کتاب الشرکة، فصل فی الشرکة الفاسدة: ۴/ ۳۲۵، سعید)

"کل یتصرف فی ملکه کیف شاء". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، (رقم المادة: ۱۱۹۲)، کتاب الشرکة، الباب الثالث فی المسائل المتعلقة بالحیطان والجیران: ۱/ ۶۵۴، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(۳) "أهدی إلی رجل شیئاً أو أضافه إن کان غالب ماله من الحلال، فلابأس، إلا أن یعلم بأنه حرام، فإن الغالب هوالحرام، ینبغی أن لایقبل الهدیة ولایأکل الطعام، إلا أن یخبره بأنه حلال". (الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیه، الباب الثانی عشر فی الهدایا والضیافات: ۵/ ۳۴۲، رشیدیه)

"لأن من أصله أن الدراهم المغصوبة من أناس متی خلط البعض بالبعض، فقد ملکها الغاصب، ووجب علیه مثل ماغصب. وقالا: لایملک تلک الدارهم، وهی علی ملک صاحبها، فلایحل له الأخذ". (الفتاویٰ العالمکیریة، المصدرالسابق)

(وکذا فی خلاصة الفتاوی، کتاب الکراهیة، الفصل الرابع فی المال من الإهداء والمیراث وغیر ذلک: ۴/ ۳۴۸، رشیدیه)

﴿ومن يتق الله يجعل له مخرجاً، ويرزقه من حيث لا يحتسب، ومن يتوكل على الله، فهو حسبه﴾ الآية(۱)۔

اللہ پاک کا وعدہ بالکل سچا ہے، وہ ضرور پورا ہوگا:"إن الله لا يخلف الميعاد"(۲)۔ دیگر دنیا دارالامتحان ہے، اس میں حسبِ حیثیت ہر ایک کی آزمائش ضرور ہوتی ہے، اس میں استقامت از حد ضروری ہے کہ یہ بہت بڑا کمال ہے جس کو نصیب ہو جائے۔"اللهم ارزقنا منه حظاً وافراً"۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/ ۸/ ۶۴ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۰/ ۸/ ۶۴ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، ناظم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

نابالغ کا مدرسہ کے چندہ میں پیسے دینا

سوال[۷۶۷۷]: مدرسہ کے نابالغ بچے جو اپنے ناشتہ کے لئے پیسے اپنے گھر سے لاتے ہیں۔ اگر وہ مدرسہ میں بطورِ چندہ دے دیں تو لینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر ان کے ولی نے مدرسہ میں دینے کے لئے پیسے دیئے ہیں تو جائز ہے(۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) (سورة الطلاق: ۲، ۳)

(۲) (سورة ال عمران: ۹)

(۳) "قال: يجوز أن يقبل في الهدية والإذن قول العبد والجارية والصبي؛ لأن الهدايا تبعث على أيدي هؤلاء ..... فلو لم يقبل قولهم، يؤدي إلى الحرج". (الهداية، كتاب الكراهية، فصل في الأكل والشرب: ۴/ ۴۵۴، إمداديه ملتان)

(وكذا في الدر المختار وردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة: ۶/ ۳۴۵، سعيد)

"ويشترط أن يكون الوكيل عاقلاً مميزاً، ولا يشترط أن يكون بالغاً، فيصح أن يكون الصبي المميز وكيلاً". (شرح المجلة لسليم رستم باز، (رقم المادة: ۱۴۵۸)، كتاب الوكالة، الباب الثاني في شروط الوكالة: ۱/ ۷۷۵، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

جعلی سفیر سے زائد روپیہ وصول کرنا

سوال[۷۶۷۸]: زید کسی مدرسہ کی سفارت کرتا تھا، پھر وہ اس ذمہ داری سے معزول کردیا گیا۔ سفارت سے برخاست ہونے کے بعد زید نے مدرسہ مذکور کی طرف سے جعلی رسید چھپوائی اور در پردہ ناجائز طور پر اس رسید کے ذریعہ چندہ وصول کرنے لگا، چند دنوں کے بعد پردہ فاش ہوگیا۔ اور اراکینِ مدرسہ کے پوچھ گچھ کے بعد اس نے بتلایا کہ اس نے کل دوسوتئیس ۲۲۳/ روپیے وصول کئے ہیں جس وصولیابی کی یہ رسید شاہد ہے اور میں اس بات پر حلف بھی اٹھاسکتا ہوں۔

لیکن اراکینِ مدرسہ نے اس کی نہ مانی اور کہا کہ تو نے نوسواڑسٹھ روپے وصول کئے ہیں، لیکن اراکینِ مدرسہ کے پاس ۹۶۸/ روپے زید کے سرتھوپنے کی نہ تو کوئی دلیل ہے نہ برہان۔ لہٰذا زید سے دوسوتئیس ۲۲۳/ کے علاوہ جو زائد روپیہ کمیٹی وصول کرے گی وہ دیانۃً اور عنداللہ یقیناً وہ روپے ہوں گے جو زید اپنے گھر سے دے گا۔ چندہ سے ان زائد روپیوں کا قطعاً تعلق نہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ دوسوتئیس یا نوسواڑسٹھ روپے جو زید کمیٹی کو دے گا ان روپیوں کا مدرسہ میں صرف کرنا جائز یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر کمیٹی کے پاس نوسواڑسٹھ روپے کا ثبوت موجود ہے اور زید حلف کرکے انکار کرتا ہے تو کمیٹی کو اس روپیہ کے وصول کرنے کا حق نہیں۔ اگر وصول کرلیا ہو تو واپسی ضروری ہے(۱)، مدرسہ میں ہرگز خرچ نہ کیا جائے، ہاں! جتنے روپیوں کا ثبوت ہے وہ ضرور اس سے وصول کرلیا جائے اور مدرسہ میں خرچ کیا جائے۔ اگر وہ زکوٰۃ،

---

(۱) "عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول اللهصلی اللهعلیه وسلم: "ألا! لاتظلموا، ألا! لایحل مال امرئ إلابطیب نفس منه". (مشکوة المصابیح، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)

"لیس لأحد أن یأخذ مال غیره بلاسبب شرعی، وإن أخذه ولو علی ظن أنه ملکه، وجب علیه رده عیناً إن کان قائماً، وإلافیضمن قیمته". (شرح المجلة لسلیم رستم باز، المقالة الثانیة فی بیان قواعد الفقهیة: ۱/۶۲، مکتبه حنفیه کوئٹه)

Made Searchable by ScribeTools.com

صدقاتِ واجبہ کا مستحق ہوتو مستحقین پر تملیکاً صرف کیا جائے (۱) اوراس کا انتظام کیا جائے کہ زید پھرایسی حرکت کرکے قوم کو دھوکہ نہ دے سکے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۲۲/ ۵/ ۹۰ھ۔

جعلی رسید سے جمع کردہ چندہ کا مصرف

سوال[۷۶۷۹]: ایک شخص نے جعلی رسید لیکر مدرسہ کا چندہ کیا، حالانکہ مدرسہ بھی نہیں ہے، وہ شخص شبہ کی وجہ سے پکڑا گیا اوراس سے مدرسہ کی تصدیق طلب کی گئی جس کی وجہ سے وہ رات ہی میں فرار ہوگیا اور مبلغ ایک سوچالیس روپیہ ورسید چھوڑ کر بھاگا۔ اب اس کا مصرف کیا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

دوسرے، کسی دینی مدرسہ میں ایسی رقم کا خرچ کرنا درست ہے (۲)، اگر وہ مدرسہ موجود ہے جس کے نام پر چندہ کیا گیا ہے تو اسی میں دیدیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہٗ دارالعلوم دیوبند، ۱/ ۵/ ۸۹ھ۔

---

(۱) "الزكاة: هي تمليك المال من فقير مسلم غير هاشمي ولامولاه، بشرط قطع المنفعة عن المملّك من كل وجه لله تعالى". (البحر الرائق، كتاب الزكوٰة: ۲/ ۳۵۲، رشيديه)

(وكذا في الدرالمختار، كتاب الزكوٰة: ۲/ ۲۵۶، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الزكاة: ۱/ ۱۷۰، رشيديه)

(۲) "حشيش المسجد وحصره مع الاستغناء عنهما، وكذا الرباط والبئر، وإذا لم ينتفع بهما، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر إلى أقرب مسجد أورباط أو بئر أو حوض إليه". (الدرالمختار). "في شرح الملتقى: يصرف وقفها لأقرب مجانس لها". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فيمالو خرب المسجد أو غيره: ۴/ ۳۵۹، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف، فصل في أحكام المساجد: ۵/ ۴۲۲، رشيديه)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الثالث عشر في الأوقاف التي يستغنى عنها: ۲/ ۴۷۸، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

محض دفتری خانہ پُری کرکے سرکار سے امداد لینا، گرانی الاؤنس سے زائد دکھلا کر زیادہ وصول کرنا

سوال[۷۶۸۰]: ایک مدرسہ میں چند مدرسین درسِ نظامی کی تعلیم پر مامور ہیں اور اس کی انہیں تنخواہ ملتی ہے اور ۳۰/ روپیہ ماہانہ گرانی الاؤنس بھی ملتا ہے۔ ان اخراجات کی آمدنی کے لئے کوئی مستقل ذریعہ نہیں ہے، بلکہ اہتمام کی طرف سے مختلف ذرائع اختیار کئے جاتے ہیں، ان ہی میں سے ذریعہ کے طور پر بعض دیگر ادارتی مصلحتوں کی بناء پر سرکار سے الحاق کرلیا گیا ہے، مگر سرکاری نصاب کی تعلیم نہیں ہوتی، صرف دفتری خانہ پُری کے ذریعہ تعلیم دکھلا دی جاتی ہے۔ سرکار مختلف ناموں سے امداد دیتی رہتی ہے: لائبریری کے نام سے، کبھی تنخواہوں کے نام سے اور دیگر تعلیمی اخراجات کے نام سے۔ اور مہتمم ان رقوم کو ادارتی مصلحتوں میں خرچ کرتا رہتا ہے اور مدرسین کو ان دفتری خانہ پری سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

اب گورنمنٹ نے ۳۰/ روپیہ ماہانہ گرانی الاؤنس دیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اس طریقہ سے گورنمنٹ سے رقم لینا اور اپنی حسبِ صوابدید ادارہ پر خرچ کرنا شرعاً درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر الحاق کی شرائط موجود نہیں، غلط بیانی کرکے شرائطِ الحاق موجودہ ظاہر کرکے الحاق کیا گیا ہے اور اس کے تقاضوں کو پورا نہیں کیا جاتا، صرف دفتری خانہ پری کرکے بتلا دیا جاتا ہے کہ تقاضوں کو پورا کردیا گیا اور اس طور پر امداد حاصل کی جاتی ہے تو یہ زُور وخداع ہے(۱)، اس کا لینا دانشمندی کے بھی خلاف ہے، پھر اس کی تقسیم کا

---

(۱) غلط طریقہ سے کسی کا مال کسی بھی درجے میں کھانا جائز نہیں:

قال الله تبارک وتعالیٰ: ﴿ولا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

"عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه". (مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، الفصل الثاني، ص: ۲۵۵، قديمی)

"عن أبي هريرة رضي الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "من حمل علينا السلاح، فليس منا، ومن غشنا فليس منا". (الصحيح لمسلم، كتاب الإيمان، باب قول النبي صلى الله تعالیٰ عليه وسلم: "من غشنا": ۱/۷۰، قديمی)

سوال بے محل ہے۔ کیا مدرسین حضرات ایسی رقم لینے کے لئے آمادہ ہوجائیں گے، امید تو یہ ہے کہ اگر ان کو دی جائے تب بھی وہ قبول نہیں کریں گے، ان کی دیانت اس کی اجازت نہیں دے گی بلکہ اس کو برداشت نہیں کریں گے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۲/۲/۹۰ھ۔

مدرسہ کے کاغذات، مہریں، رسیدیں لیکر چندہ کرنے کا حکم

سوال[۷۶۸۱]: مدرسہ اسلامیہ حنفیہ سعادت گنج بارہ بنکی کے ناظم وصدر صاحب کچھ عرصہ تک بخوبی اپنے فرائض انجام دیتے رہے ہیں، انہوں نے خفیہ پارٹی بنالی اور ایک دن موقع پا کر مدرسہ مذکورہ کا تمام ضروری سامان، کاغذات، رقم، رسیدیں، مہریں وغیرہ اٹھا کر چلے گئے اور پھر کسی طرح کارکنوں سے مصالحت نہ ہوسکی۔ سوالات یہ ہیں کہ:

۱.....مدرسہ مذکورہ کی رقم واپس کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

۲.....مدرسہ کا سامان، مہریں وغیرہ واپس کرنا چاہیے یا نہیں؟

۳.....مدرسہ مذکورہ کی رسیدوں سے وصول کی ہوئی رقم مدرسہ ہی کی ہے یا نہیں؟

۴.....مدرسہ کی رسیدوں سے کچھ چندہ وصول کر کے انہوں نے علیحدگی کے بعد ایک نیا مدرسہ کھولا تھا، ان رسیدوں کی وصول شدہ رقم اپنے مدرسہ میں لگائی۔ کیا وہ رقم اس جدید مدرسہ میں لگ سکتی ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....مدرسہ کی رقم ذاتی مصارف میں خرچ کرنا جائز نہیں، اس کی واپسی ضروری ہے(۱)۔

---

(۱) "رجل جمع مالاً من الناس لينفقه فى بناء المسجد، وأنفق من تلك الدراهم فى حاجة نفسه. ثم رد بدلها، لايسعه أن يفعل ذلك..... وفى القضاء يكون ضامناً، فيكون ذلك ديناً عليه لصاحب المال". (فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً: ۲۹۹/۳، رشيديه)

(وكذا فى التاتارخانية، كتاب الوقف، الفصل الرابع والعشرون فى الأوقاف التى يستغنى عنها وصرف غلة الأوقاف: ۸۷۹/۵، ۸۸۰، إدارة القرآن كراچى)

(وكذا فى خلاصة الفتاوى، كتاب الوقف، الفصل الرابع: ۴۲۳/۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

۲.....اس سب کی بھی واپسی ضروری ہے۔

۳.....وہ رقم بھی مدرسہ کی ہے(۱)۔

۴.....سابق مدرسہ کے نام پر اس کی رسیدوں سے چندہ وصول کر کے اپنے قائم کردہ مدرسہ میں صرف کرنا درست نہیں، جبکہ سابق مدرسہ موجود ہے(۲)۔فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۳/۴ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۰/۳/۴ھ۔

مدرسہ کی رسید پر زکوٰۃ، فطرہ، قربانی کی کھالیں وصول کرنا

سوال[۷۶۸۲]: مدارسِ عربیہ کے اراکین اور اساتذہ کرام زکوٰۃ، صدقات، قربانی کی کھالیں مدرسہ کی رسید دیکر غریب بچوں کے نام پر وصول کرلیا کرتے ہیں۔آپ ہمیں صرف یہ بتلادیں کہ سب سے پہلے کس شخص نے کس سن میں کس مدرسہ کی رسید پر زکوۃ یا فطرہ یا قربانی کی کھال وصول کی تھیں؟ یہ طریقہ کس کا ایجاد کردہ ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اللہ پاک کا ارشاد ہے:﴿و اتوا الزکوۃ﴾(۳)، حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم فرمایا: ﴿خذ من أموالهم صدقةً﴾ الآية(٤)۔ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے عاملین کو زکوۃ وصول

---

(۱) (راجع، ص: ۵۹۲، رقم الحاشية: ۱)

(۲) "وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين، أو رجل مسجداً ومدرسةً، ووقف عليهما أوقافاً، لايجوز له ذلك: أى الصرف المذكور. قال الخير الرملى: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذاكان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهى واقعة الفتوى".

(الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد: ۳۶۰/۴، ۳۶۱، سعيد)

"وقد علم منه أنه لايجوز لمتولى الشيخونية بالقاهرة صرف أحد الوقفين للآخر".

(البحرالرائق، كتاب الوقف: ۳۶۲/۲، رشيديه)

(۳) (سورة البقرة: ۴۳)

(۴) (سورة التوبة: ۱۰۳)

کرنے کے لئے بھیجا، وہ لیکر آئے، پھر اس کو مستحقین پر خرچ فرمایا(۱)۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی اپنے عاملین کے ذریعہ زکوۃ وصول کی اور بیت المال میں جمع کر کے مستحقین کو دی (۲)۔

پھر جب بیت المال کا حال بعد کے لوگوں نے صحیح نہیں رکھا تو اربابِ اموال خود زکوۃ ادا کرنے لگے۔ اور دین کی اشاعت کے لئے جب مدراس قائم کئے گئے تو اول اول سلاطین نے ان کے اخراجات برداشت کئے (۳)۔ پھر اربابِ مدارس نے خود انتظام کیا اور زکوۃ، صدقات وصول کر کے طالبِ علم دین پر خرچ کرنے کا انتظام کیا۔ یہ سلسلہ بحمد اللہ بہت مفید ہے اور اسلاف سے منقول ہے، قرآن وسنت سے ماخوذ ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما أن رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم بعث معاذاً إلى اليمن، فقال: "إنک تأتی قوماً أهل كتاب، فادعهم إلى شهادة أن لا إله إلا الله وأن محمداً رسول الله، فإن هم أطاعوا لذلک فأعلمهم أن الله قد فرض عليهم صدقةً تؤخذ من أغنيائهم فتردّ على فقرائهم، فإن هم أطاعوا لذالک فإياک و كرائم أموالهم ..... اهـ". (مشكوة المصابيح ، ص: ۱۵۵ ، كتاب الزكاة، الفصل الاول، قديمی)

"وعن معاذ رضی الله تعالیٰ عنه أن النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم لما وجّهه إلى اليمن، أمره أن يأخذ من البقرة من كل ثلثين تبيعاً تبيعةً". (مشكوة المصابيح، كتاب الزكاة، باب ما تجب فيه الزكوة، الفصل الثانی، ص: ۸۵۶، ۸۵۷، قديمی)

(۲) "وعن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: لما توفی النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم واستخلف أبوبكر بعده وكفر من كفر من العرب ..... فقال أبو بكر: "والله! لأقاتلن من فرّق بين الصلوة والزكاة، فإن الزكاة حق المال. والله! لو منعونی عناقاً كانوا يؤدّونها إلى رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم لقاتلتُهم على منعها". (مشكوة المصابيح: ۱/۱۵۷ ، كتاب الزكاة، الباب الأول ، قديمی)

(۳) "ومن ذلک مسئلة الاستيجار على تلاوة القرآن المجردة ..... فإن المفتی به صحة الاستيجار على تعليم القرآن لا على تلاوته ..... فقد اتفقت النقول عن أئمتنا الثلاثة: أبی حنيفة وأبی يوسف ومحمد رحمهم الله تعالیٰ أن الاستيجار على الطاعات باطل، لكن جاء مَن بعدهم من المجتهدين الذين =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

مدرسہ کے چندہ سے دوکانیں بنانا

سوال[۷۶۸۳]: ایک مدرسہ کی تعمیر چندہ کے روپے سے کی گئی ہے، اب مہتمم صاحب کی یہ رائے ہے کہ اس مدرسہ کی چار دکانیں نکال دی جائیں اور اسی کے اوپر اس کے بجائے مدرسہ تعمیر کرالیا جائے تاکہ مدرسہ میں کرایہ کی آمدنی آتی رہے اور یہ سلسلہ چلتا رہے۔ شرعاً یہ جائز ہے یا نہیں؟

سائل: عبدالحکیم غفرلہ۔

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر اہل محلہ اور چندہ دہندگان کو اس پر اعتراض نہ ہو تو یہ درست ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔

اگر مدرسہ بن چکا ہے تو اب اس میں دوکان بنانا جائز نہیں(۲)، اگر ابھی بنا نہیں اور چندہ دینے والے

= هم أهل التخريج والترجيح، فأفتوا بصحته على تعليم القرآن للضرورة، فإنه كان للمعلمين عطايا من بيت المال وانقطعت". (شرح عقود رسم المفتى للعلامة ابن عابدين، مطلب: لا بد من المراجعة إلى المأخذ الأصلى الخ، ص: ۴۷، الرشيد (الوقف)، كراچى)

(۱) "مسجدٌ له مستغلات وأوقافٌ، وأراد المتولى أن يشترى من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصيراً أو حشيشاً أو آجراً أوجصاً..... قالوا: إن وسع الواقفُ ذلك للقيم وقال: تفعل ماترى من مصلحة المسجد، كان له أن يشترى للمسجد ماشاء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادى عشر، الفصل الثانى: ۴۶۱/۲، رشيديه)

(وكذا فى فتاوىٰ قاضى خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً: ۲۹۷/۳، رشيديه)

(۲) "وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين، أورجل مسجداً و مدرسةً، ووقف عليهما أوقافاً، لايجوز له ذلك". (الدرالمختار). "(قوله: لايجوز له ذلك): أى الصرف المذكور..... قال الخير الرملى: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنى والآخر للاستغلال، فلايصرف أحدهما للآخر، وهى واقعة الفتوى". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب فى نقل أنقاض المسجد: ۳۶۰/۴، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الوقف: ۳۶۲/۵، رشيديه)

راضی ہیں تو جائز ہے(۱)۔سعید احمد غفرلہ،۲۳/شوال/۶۶ھ۔

صحیح:عبداللطیف مظاہر علوم سہارنپور۔

چندہ کے پیسہ سے تنخواہ دینا

سوال[۷۶۸۴]: ایک مدرس رمضان شریف میں مدرسہ کی جانب سے چندہ وصول کرنے جاتا ہے جس میں وہ زکوٰۃ،فطرہ وغیرہ کے روپے لیکر آتا ہے۔تو گھر پر آجانے کے بعد قبل از تملیک اس پیسہ میں سے مدرس کی تنخواہ دی جاسکتی ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

زکوٰۃ کے پیسہ سے تنخواہ دینا جائزنہیں(۲)،جب مستحق کے پاس بطورِملک پہونچ جائے گا تب زکوٰۃ اداہوگی، پھر وہ بغیر کسی دباؤ کے اپنی طرف سے بطیبِ خاطر مدرسہ میں دیدے تو تنخواہ میں دینادرست ہوگا(۳)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۱۹/۶/۹۵ھ۔

---

(۱) "ويبدأ من غلته بعمارته بلاشرط؛ لأن قصد الواقف صرف الغلة مؤبداً، ولاتبقى دائماً إلابالعمارة ..... وإنما تستحق العمارة عليه بقدر مايبقى الموقوف على الصفة التى وقفه ..... فأما الزيادة على ذلک، فليست بمستحقة..... فلايجوزصرفه إلى شئ آخر إلابرضاه". (البحرالرائق، كتاب الوقف:۳۴۸/۵، رشيديه)

(۲) قال الله تبارک وتعالىٰ: ﴿إنما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها والمؤلفة قلوبهم وفى الرقاب والغارمين وفى سبيل الله وابن السبيل﴾ (سورة التوبة : ۶۰)

"الزكوة: هى تمليک جزء مال من فقير مسلم، غير هاشمى ولامولاه، بشرط قطع المنفعة عن المملّک من كل وجه لله تعالى". (البحرالرائق، كتاب الزكوة :۲۵۸/۲، سعيد)

(وكذا فى البحرالرائق، كتاب الزكاة: ۳۵۲/۲، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكبرية، كتاب الزكوة، الباب الأول: ۱۷۰/۱، رشيديه)

(۳) "الحيلة فى الجواز ..... أن يتصدق بمقدار زكاته على فقير، ثم يأمره بعد ذلک بالصرف إلى =

Made searchable using ScribeTools.com

مدرسین کی پنشن کا علم چندہ دہندگان کو ہونا چاہئے

سوال[۷۶۸۵]: مدرسہ عربیہ کے ضعیف معذور مدرسین کو پنشن دی جاسکتی ہے یا نہیں؟ کیا چندہ دینے والوں کو اس کا علم ضروری ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر اربابِ مدرسہ نے قانون بنا کر شائع کر دیا اور چندہ دینے والوں کو علم ہو گیا کہ ہمارے دیئے ہوئے روپیہ سے معذور اور ضعیف العمر مدرسین کو پنشن بھی دی جاتی ہے، انہوں نے اس کو منظور کر لیا، اس پر اعتراض نہیں کیا تو پنشن دینا درست ہے(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۶/ ۵/ ۹۷ھ۔

چندہ کا روپیہ جلسہ انعامی میں خرچ کرنا

سوال[۷۶۸۶]: یہاں مدرسہ اسلامیہ کے لئے قصبہ سے سالانہ چندہ کیا جاتا ہے جس میں زیادہ تعداد صدقاتِ واجبہ: زکوٰۃ، چرم قربانی کی ہوتی ہے اور مصارفِ مدرسہ تنخواہ مدرسین اور خرچ یتیم خانہ دو بڑی

= هذه الوجوه، فيكون لصاحب المال ثواب الزكوة، وللفقير ثواب هذه القربة". (البحر الرائق، كتاب الزكوة، باب المصرف: ۴۲۴/۲، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الزكوٰة، باب المصرف: ۳۴۵/۲، سعيد)

(وكذا في تبيين الحقائق، كتاب الزكوة، باب المصرف: ۱۲۱/۲، دار الكتب العلمية بيروت)

(۱) "مسجدٌ له مستغلاتٌ وأوقافٌ، وأراد المتولي أن يشتري من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصيراً أو حشيشاً أو آجراً، أوجصاً لفرش المسجد أو حصى، قالوا: إن وسع الواقفُ ذلك للقيم وقال: تفعل ماترى من مصلحة المسجد، كان له أن يشتري للمسجد ماشاء". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادي عشر، الفصل الثاني منه: ۴۶۱/۲، رشيديه)

(وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً ..... اهـ: ۲۹۷/۳، رشيديه)

"لايجوز لأحد أن يتصرف في ملك غيره بلا إذنه أو وكالة منه أو ولاية عليه، وإن فعل، كان ضامناً". (شرح المجلة لسليم رستم باز، (رقم المادة: ۹۶): ۶۱/۱، مكتبه حنفيه كوئٹة)

مدیں ہیں، اس کے علاوہ روزمرہ کے کچھ متفرق خرچ ہوجاتا ہے۔ چندہ دہندگان کے ذہن میں اخراجاتِ مدرسہ کی تفصیل نہیں ہوتی ہے اور نہ ہر وقت ان سے ہر ہر خرچ کی اجازت لی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ دو تین سال میں جلسہ انعامی بھی ہوتا ہے، جس میں طلباء کو کتابیں انعام میں اور علماء کا خرچ آمد ورفت دیا جاتا ہے۔

آیا یہ خرچ جلسہ بھی مدرسہ کے چندہ کی رقم میں سے کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ اور اگر بلا اجازت نہیں کیا جاسکتا تو اجازت زکوٰۃ دہندگان سے لی جایا کرے، یا تملیک کرنے والے جو زکوٰۃ کی رقم اپنی ملک میں لے کر مدرسہ میں داخل کردیتا ہے، یا قرض لے کر مدرسہ میں دے دیتا ہے، ان کو صدقات کی رقم اپنا قرض ادا کرنے کیلئے دیدی جاتی ہے۔ امید ہے کہ جواب سے مشرف فرمائیں گے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر چندہ دہندگان نے مصرف کی تعیین کردی ہے تو اسی مصرف پر چندہ صرف کیا جائے گا، اس کے خلاف نہ کیا جائے (۱)۔ اگر مصرف کی تعیین نہیں کی، بلکہ مہتمم کو مصالحِ مدرسہ میں صرف کرنے کا کلی اختیار دیدیا ہے تو پھر ہر مصلحت میں صَرف کرنا درست ہے (۲)۔ جن رقوم میں تملیک واجب ہے ان کو بغیر تملیک کے غیر محل یعنی تنخواہ وغیرہ میں صرف کرنا جائز نہیں (۳)۔ جب انعامی جلسہ ہوتا ہے تو ظاہر ہے کہ چندہ دہندگان بھی

---

(۱) "فإن شرائط الواقف معتبرة إذالم تخالف الشرع، وهو مالک، فله أن يجعل ماله حيث شاء مالم يكن معصيةً. وله أن يخص صنفاً من الفقراء ولو كان الوضع فی كلهم قربةً". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: شرائط الواقف معتبرة: ۳۴۳/۴، سعيد)

"أجمعت الأمة أن من شروط الواقفين ماهو صحيح معتبريعمل به". (البحرالرائق، كتاب الوقف: ۴۱۱/۵، رشيديه)

(۲) "مسجدٌ له مستغلاتٌ وأوقافٌ، وأراد المتولی أن يشترى من غلة الوقف للمسجد دهناً أو حصيراً أو حشيشاً أو آجراً، أوجصاً، قالوا: إن وسع الواقفُ ذلک للقيم وقال: تفعل ماترى من مصلحة المسجد، كان له أن يشترى للمسجد ماشاء". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أو خاناً ..... اهـ: ۲۹۷/۳، رشيديه)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الوقف، الباب الحادی عشر، الفصل الثانی منه: ۴۶۱/۲، رشيديه)

(۳) "هی تمليک المال من فقير مسلم، غير هاشمی ولامولاه، بشرط قطع المنفعة عن المملّک من =

Made searchable using ScribeTools.com

کثیر مقدار میں جمع ہوتے ہوں گے، ان کے سامنے مدرسہ کا پورا آمد وصرف کا حساب مدوار پیش کیا جاتا ہوگا، یہ ان کے لئے ذریعۂ علم ہے، پھر ہر شخص سے علیحدہ علیحدہ ہر ہر مد بتلا کر مصرف (یعنی جو رقم زکوٰۃ وصدقات کے علاوہ یکمشت مدرسہ میں آتی ہے، اس کے لئے تفصیل کی ضرورت نہیں اجمالی علم ان مدات کا ان کو ہوتا ہی ہے، وہ کافی ہے) کا دریافت کرنا ضروری نہیں۔

ہاں! اگر قرائن سے معلوم ہوجاوے کہ یہ صاحب اپنا روپیہ فلاں مد میں صرف کرنا پسند نہ کریں گے تو ان کا روپیہ اس مد میں بلا اجازت صرف نہیں کرنا چاہئے (۱)۔

اگر اب تک چندہ دہندگان کے سامنے جملہ مدات کو پیش نہیں کیا گیا تو بہتر یہ ہے کہ ان کو ضرور پیش کردیا جائے تاکہ ان کو معلوم ہوجائے کہ ہمارا روپیہ کہاں کہاں صرف ہوتا ہے اور جس شخص کو اس طرح چندہ دینے سے گریز ہو تو وہ اس میں خرچ کرنے سے منع کردے۔ جلسہ انعامی بھی مصالح مدرسہ میں سے ہے، رقم واجب التملیک میں مستحقین کو انعام دینا درست ہے اور غیر مستحقین کو بلا تملیک درست نہیں۔ جب رقم واجب التملیک کی تملیک ہوگئی تو اصل دہندہ کی زکوٰۃ وغیرہ ادا ہوگئی (۲)۔ اب اگر کسی مد میں صرف کرنے کے لئے اجازت کی ضرورت ہو تو جو شخص مالک بننے کے بعد از خود مدرسہ میں دے گا اس سے اجازت لی جائے، سابق دہندہ سے اجازت کی ضرورت نہیں۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، گنگوہی مظاہر علوم سہانپور، ۲۲/۱/۶۰ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد، صحیح: عبداللطیف۔

= كل وجه لله تعالى". (البحر الرائق، كتاب الزكوة: ۳۵۲/۲، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الزكوة: ۲۵۶/۲، ۲۵۸، سعيد)

(۱) "وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من الموكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان، فلايملك الدفع إلى غيره". (ردالمحتار، كتاب الزكوٰة: ۲۶۹/۲، سعيد)

(وكذا في التاتارخانية، كتاب الزكاة، المسائل المتعلقة بمعطى الزكاة: ۲۸۴/۲، إدارة القرآن كراچی)

(۲) "الحيلة في الجواز أن يتصدق بمقدار زكاته على فقير، ثم يأمره بعد ذلك بالصرف إلى هذه الوجوه، فيكون لصاحب المال ثواب الزكوة، وللفقير ثواب هذه القربة". (البحر الرائق، كتاب الزكوة، باب المصرف: ۴۲۴/۲، رشيديه) ..... =

Made Searchable by ScribeTools.com

چندہ سے خوشحال بچوں کی تعلیم

سوال[۷۶۸۷]: کسی مدرسہ میں باہر کے دوچار بچے داخل کرکے پورے علاقہ سے چندہ جمع کرتے ہیں اوران غریب بچوں کی آڑ میں خوشحال آدمیوں کے بچے بھی پڑھتے ہیں اورسال بھر میں زیادہ سے زیادہ دوچار روپیہ دیتے ہیں خوشحال بچے والے۔ اورمدرس کی تنخواہ پچاس روپیہ ہے اورایک دوسفیر بھی رہتے ہیں تو سال بھران اشخاص کی تنخواہ اٹھارہ سوروپیہ ہوتی ہے جس میں پچاس ساٹھ طلبہ تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

نوٹ: چندہ ایک بھیک ہے جس کو خیرات کہتے ہیں، اس سے خوشحال بچوں کی تعلیم ہوتی ہے، ملازمین اس سے تنخواہ حاصل کرتے ہیں۔ یہ کہاں تک جائز ہے؟ خوشحال بچوں کو اس پیسے سے پڑھانا جائز ہے یانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اصل یہ ہے کہ ہرشخص کو اپنی اولاد کے لئے دینی تعلیم کا انتظام لازم ہے(۱)، لیکن جب مسلمانوں کو اس کا احساس نہ رہے، یا وہ مجبور ومعذور ہوں تو لامحالہ چندہ سے انتظام کیا جائے گا۔ جوحضرات تعلیم دیتے ہیں وہ اپنے اور متعلقین کے نفقاتِ واجبہ ادا کرنے کے لئے چندہ کے پیسے سے تنخواہ لیں گے اور یہ تنخواہ ان کی درست ہے(۲)، پھران کے ذریعہ غریبوں اور مالداروں کے جو بچے تعلیم حاصل کریں گے، وہ بھی درست ہے۔ مگر

= (وكذا في الدرالمختار، كتاب الزكوٰة، باب المصرف: ۳۴۵/۲، سعيد)

(۱) "عن أبي سعيد وابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهم قالا: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من ولد له ولد فليحسن اسمه وأدبه، فإذا بلغ فليزوّجه". (مشكوٰة المصابيح، كتاب النكاح، باب الولي في النكاح، الفصل الثالث، ص: ۲۷۱، قديمي)

"فليحسن اسمه وأدبه": أي معرفة أدبه الشرعي". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوٰة المصابيح، (رقم الحديث: ۳۱۳۸)، كتاب النكاح، باب الولي في النكاح: ۳۰۰/۶، رشيديه)

(۲) "ويفتى اليوم بصحتها لتعليم القرآن والفقه والإمامة والأذان". (الدرالمختار). "قال في الهداية: وبعض مشائخنا استحسنوا الاستيجار على تعليم القرآن اليوم، لظهور التواني في الأمور الدينية، ففي الامتناع تضييع حفظ القرآن، وعليه الفتوى". (ردالمحتار، كتاب الإجارة، مطلب في الاستيجار على الطاعات: ۵۵/۶، سعيد) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

مالداروں کے لئے غیر تمندی کے ساتھ خود غور کرنے کی بات ہے، ان کو چاہیے کہ اپنی حیثیت کی موافق زیادہ سے زیادہ مدرسہ میں چندہ دیں، بلکہ اہلِ وسعت ایک دو مدرس کی تنخواہ اپنے پاس سے دے دیں کہ چندہ کی ضرورت نہ رہے اور صرف اس کی دی ہوئی تنخواہ سے مدرس سب بچوں کو تعلیم دے تو یہ اس کی وسعتِ مالی اور عزتِ ایمانی کا تقاضا اور صدقۂ جاریہ ہے۔

تنبیہ: زکوۃ اور صدقۂ فطر کا پیسہ تنخواہ میں دینا درست نہیں (۱)۔ دینی خدمت کے لئے جو چندہ کیا جائے اس کو بھیک سمجھنا اور حقیر سمجھ کر دینا دین کی بڑی ناقدری اور دین سے بے تعلقی کی نشانی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، ۱۸/۱۰/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند۔

خیراتی مدرسہ میں مالدار بچوں کی تعلیم

سوال[۷۶۸۸]: جو مدرسے زکوۃ، چرمِ قربانی، فطرہ اور امداد کی رقم سے چلتے ہیں تو ایسے مدارس میں صاحبِ نصاب کے بچے تعلیم پا سکتے ہیں، یا صاحبِ نصاب کو کچھ فیس یا امداد ماہوار کچھ دینا چاہئے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

صاحبِ نصاب کے بچے ایسے مدارس میں تعلیم تو پا سکتے ہیں، مگر ان بچوں کو مدرسہ سے سیپارہ، کھانا، کپڑا وغیرہ دوسری چیزیں لینا جائز نہیں ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

= (وكذا في الهداية، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة: ۳/۳۰۱، مكتبه امداديه ملتان)

(وكذا في تبيين الحقائق، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسده: ۶/۱۱۷، دارالكتب العلمية بيروت)

(۱) "ولو دفعها المعلم لخليفة إن كان بحيث يعمل له لولم يعطه صح، وإلا لا". (الدرالمختار).

"(قوله: ولو دفعها المعلم لخليفة) أي: من هو نائب عنه، ونظيره: إذا دفعها المؤجر لمن استأجره أو الشيخ لمن يحضره، (قوله: صحّ)؛ لأنه تمحضّ تبرعاً فإذا نوى به الزكوة صح، (قوله: وإلا لا)؛ لأن المدفوع حينئذٍ بمنزلة العوض". (حاشية الطحطاوي على الدرالمختار، كتاب الزكوة، أخر باب المصرف: ۱/۴۳۲، دارالمعرفة)

(۲) "الزكوة هي تمليك المال من فقير مسلم غير هاشمي ولا مولاه، بشرط قطع المنفعة عن المملك =

ہائی اسکول میں چندہ دینا

سوال[۷۶۸۹]: میرے علاقہ میں ہندواور مسلمان دونوں مل کرایک ہائی اسکول کھول رہے ہیں، جس میں دونوں چندہ دے رہے ہیں، مجھے بھی پانچ سوروپے دینے کو کہتے ہیں۔تو مجھ کواس میں کچھ ثواب ملے گایانہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جبکہ اپنے بچے بھی اس میں تعلیم حاصل کریں گےتو کچھ تو ثواب ضرور ہوگا،اگر چہ خالص اپنے بچوں کی دینی تعلیم کا ثواب اس سے کہیں زیادہ ہوتا ہے(۱)،مگراس کا خیال رہے کہ وہاں بددینی کی تعلیم نہ ہوجس سے عقائدواخلاق تباہ ہوجائیں،ورنہ سخت وبال ہوگا(۲)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبدمحمودغفرلہ،دارالعلوم دیوبند،۱۲/۱۱/۸۸ھ۔

الجواب صحیح:بندہ نظام الدین عفی عنہ،دارالعلوم دیوبند،۱۲/۱۱/۸۸ھ۔

= من كل وجه لله تعالىٰ". (البحرالرائق: ۲/۳۵۲، كتاب الزكاة، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار: ۲/۲۵۶، كتاب الزكاة، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية: ۱/۱۷۰، كتاب الزكاة، رشيديه)

(۱) "عن أبي مسعود رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول اللهصلى الله عليه وسلم: "إذا أنفق المسلم نفقةً على أهله وهو يحتسبها، كانت له صدقةً". متفق عليه". (مشكوة المصابيح، باب أفضل الصدقة، الفصل الأول: ۱/۱۷۰، قديمي)

(۲) قال الله تبارك وتعالى: ﴿وقد نزل عليكم في الكتب أن إذا سمعتم آيات الله، يكفر بها ويستهزأ بها، فلا تقعدوا معهم﴾ (سورةالنساء: ۱۴۰)

جن مجالس سے بددینی پھیلنے،اورعقائد کے خراب ہونے کا اندیشہ ہوایسی مجلسوں میں شرکت کی گنجائش نہیں ہے: "وعن الحسن: لاتجالس صاحب هوىٰ فيقذف في قلبك ماتتبعه عليه فتهلك، أو تخالفه فيمرض قلبك".

"وعن أبي قلابة: لاتجالسوا أهل الأهواء ولاتجادلوهم، فإني لاآمن أن يغمسوكم في ضلالتهم ويلبسوا عليكم ماكنتم تعرفون. وعنه أيضاً: أنه كان يقول: إن أهل الأهواء أهل ضلالة ولا أرىٰ مصيرهم إلا إلى النار". (الاعتصام للشاطبي، باب في ذم البدع وسوء منقلب أصحابها، ص: ۶۵، دارالمعرفة بيروت)

Made searchable using ScribeTools.com

چندہ کا مخصوص طریقہ

سوال[۷۶۹۰]: مسجد یا مدرسہ کے چندہ کے لئے مجمع کے ساتھ مع جھنڈے کے لوگوں کے گھروں پر جانا اور چند اشخاص کا باہم آواز ملا کر اشعارِ نعتیہ وترغیبیہ پڑھنا اور اس طرح نظم خوانی کے ساتھ چندہ وصول کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور اس چندہ کی رقم کا کیا حکم ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

چندہ کا یہ طریقہ سلف صالحین کے طریقہ کے خلاف ہے، اس سے پرہیز کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/ ۷/ ۹۶ھ۔

مدرسہ قدیم کی امداد بند کر کے مدرسہ جدید کی امداد کرنا

سوال[۷۶۹۱]: زید ایک مدرسہ اسلامیہ میں- جو بہت قدیم درسگاہ ہے اور اس کے آباواجداد نے قائم کی تھی- امداد برابر کرتا رہتا تھا، مگر اب کسی وجہ سے یہ کہتا ہے کہ اس مدرسہ میں امداد نہ دوں گا، دوسری جگہوں میں دوں گا۔ تو اس قدیم مدرسہ کی امداد بند کر دینا کیسا ہے؟ فقط۔

الجواب حامداً مصلیاً:

اگر دوسرے مدرسہ کو کوئی شرعی وجہ ترجیح حاصل ہے تب تو مضائقہ نہیں، ورنہ ترجیح المرجوح لازم آتی ہے، اور "خیر العمل مادِیم علیه" کے بھی خلاف ہے(۱)۔ اگر دونوں مدرسہ تمام امور میں مساوی ہوں تب بھی قدیم افضل ہے، ونظیرہ: "وإن استوی المسجدَانِ فأقدمهما أفضل". طحطاوی علی

---

(۱) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یحتجر حصیراً باللیل فیصلی، و یبسطه بالنهار فیجلس علیه، فجعل الناس یثوبون إلی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فیصلون بصلاته حتی کثروا، فأقبل، فقال: "یا أیها الناس! خذوا من الأعمال ما تطیقون، فإن الله لا یملّ حتی تملّوا، وإن أحب الأعمال إلی الله ما دام وإن قلّ". (صحیح البخاری: ۲/ ۸۷۱، کتاب اللباس باب الجلوس علی الحصیر ونحوه، قدیمی)

(وسنن ابن ماجة: ۲/ ۳۱۲، کتاب الزهد، باب المداومة علی العمل، قدیمی)

مراقی الفلاح، ص: ۱۵۶ (۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور۔

دینی مدرسہ میں سرکاری امداد

سوال[۷۶۹۲]: جس گاؤں میں مدرسہ اسلامیہ قائم ہو، مگر گاؤں والے امداد نہیں کرتے، بلکہ لڑکے بھی بڑی مشکل سے اکھٹے ہوتے ہیں تو اگر ڈسٹرکٹ بورڈ سب ڈپٹی یا ڈپٹی انسپکٹر مدرسہ اسلامیہ سے امداد کی درخواست کی جائے اور وہ درخواست امداد منظور ہو جائے تو جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

گاؤں والوں کو مدرسہ اسلامیہ کی ضرور امداد کرنی چاہیے (۲)۔ ڈسٹرکٹ بورڈ سے امداد لینے میں اگر یہ خیال ہو کہ مدرسہ کو سرکار اپنے قبضہ میں کر کے اپنی تعلیم اس میں جاری کرے گی اور دینی تعلیم یا بالکل بند کر دے گی یا مختصر کر کے برائے نام جاری رکھے گی تو سرکار سے امداد نہیں لینی چاہیے۔ اور اگر یہ اطمینان ہو کہ دینی تعلیم بدستور رہے گی اور بھی کسی قسم کا شرعی نقصان نہیں تو درست ہے، اور اس کا کام میں لانا بھی درست ہے (۳)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۲/۲/۱۴ھ۔

صحیح: عبد اللطیف، مدرسہ مظاہر علوم، ۱۶/ رجب المرجب/۵۲ھ۔

---

(۱) (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح، ص: ۲۸۷، باب الإمامة، كتاب الصلوة، قديمی)

"وقالوا: فی المسجدين يختار أقدمهما، فإن استويا فأقربهما". (النهر الفائق: ۱/ ۲۳۹، كتاب الصلوة، باب الإمامة، مكتبه امداديه ملتان)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿وتعاونوا على البرّ والتقوى، ولاتعاونوا على الإثم والعدوان﴾ (سورة المائدة: ۲)

(۳) "درأ المفاسد أولى من جلب المصالح، فإذا تعارضت مفسدةٌ ومصلحةٌ، قُدّم دفع المفسدة غالباً؛ لأن اعتناء الشرع بالمنهيات أشدّ من اعتنائه بالمأمورات". (الأشباه والنظائر، الفصل الأول فی القواعد، القاعدة الخامسة: الضرر يزال: ۱/ ۲۹۰، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا فی شرح المجلة، (رقم المادة: ۲۰)، المقالة الثانية فی القواعد: ۱/ ۳۲، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فی قواعد الفقه، ص: ۸۱ (رقم القاعدة: ۱۳۳) الصدف پبلشرز كراچی)

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

پراویڈٹ فنڈ دینی مدرسہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۶۹۳]: آج کل دنیوی فیکٹریوں اور کالجوں کے علاوہ بھی بعض مدرسہ دینیہ میں جو حضرات کہ مدرس یا ملازم ہیں ان لوگوں کی تنخواہ سے ہر ماہ کچھ رقم روک لی جاتی ہے (اور یہ روکنا ان کی مرضی سے ہوتا ہے) مثلاً ہر ماہ دس روپیہ روک لیا جاتا ہے۔ تو منجانبِ مدرسہ بھی اتنی ہی رقم ملا کر فنڈ میں جمع کر دیتے ہیں اور اس فنڈ کو پرائیویٹ فنڈ کہا جاتا ہے۔ اب جب اس ملازم یا مدرس کا انتقال ہو جائے، یا بعذرِ معقول وہاں سے منتقل ہونے لگے تو اس کی جمع شدہ رقم کے ساتھ ساتھ وہ رقوم جو بمقدارِ جمع منجانب مدرسہ ملایا گیا ہے تمام ان کے ورثاء یا ان کو دیا جاتا ہے۔

شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں علمائے دین سے سوال ہے کہ اس طرح کچھ رقم تنخواہ سے لے کر اسی مقدار میں منجانبِ مدرسہ ملا کر جمع کر دینا اور بروقت ان کو یا ان کے ورثاء کو دیا جانا درست ہے یا نہیں؟ اگر درست ہے تو وہ مزید رقم (جسے منجانب مدرسہ ملایا گیا ہے) کس حکم میں داخل کیا جائے گا؟ کیا مدرس یا ملازم کی تنخواہ میں شمار کریں گے یا کوئی اَور وجہ جواز نکل سکتی ہے؟ مفصل مدلل جواب مرحمت فرما کر احسانِ عظیم فرماویں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

مدرس یا ملازم کی رضامندی سے جزءِ تنخواہ جمع کرنا پھر اختتامِ ملازمت پر جمع شدہ مع اضافہ دینا درست ہے(۱)، یہ اضافہ حسنِ خدمات کی وجہ سے انعام ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

---

(۱) "یعتبر ویراعی کل ما اشترط العاقدَانِ فی تعجیل الأجرة وتأجیلها". (شرح المجلة لسلیم رستم: ۲۶۴/۱، (رقم المادة: ۴۷۳)، کتاب الإجارة، مکتبه حنفیه کوئٹه)

"یشترط فی صحة الإجارة رضی المتعاقدین". (شرح المجلة لسلیم رستم: ۲۵۴/۱ (رقم المادة: ۴۴۸)، کتاب الإجارة، مکتبه حنفیه کوئٹه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الإجارة، الباب الأول: ۴۱۱/۴، رشیدیه)

الفصل السابع فی صرف المال الحرام ومال الکافر فی المدارس

(مدارس میں مالِ حرام اور مالِ کافر کے صَرف کرنے کا بیان)

مدارس کے لئے ناجائز مال سے چندہ

سوال[۷۶۹۴]: ہندوستان کے طول وعرض میں چھوٹے بڑے دینی مدارس برسہابرس سے بڑی خاموشی کے ساتھ دینی خدمات انجام دے رہے ہیں، مجھے بیشتر مدارسِ دینیہ کی زیارت کا شرف حاصل ہے اور ہر چھوٹی بڑی درسگاہ کے سفراء سے بھی ہر سال واسطہ پڑتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان درسگاہوں کا قیام اہلِ خیر حضرات پر ہی ہے اور بصورتِ چندہ وصولی رقم جمع کی جاتی ہے، بلاکم وکاست ہر مدرسہ کا دارومدار اسی چندہ کی صورت پر منحصر ہے۔ ظاہر ہے کہ ہندوستان کی عوام کمزور وخستہ حال ہے، جیسے کچھ انہیں دینی مدارس کا تعاون کرنا چاہیے، اس کے کرنے سے وہ معذور ہیں۔ جو طبقہ درمیانی پوزیشن رکھتا ہے، زکوۃ وصدقات کی ادائیگی میں وہ قرابتداروں کو اولین حیثیت دیتا ہے، باقی بچا کھچا، ایک ایک، دو دو روپیہ کی صورت میں مدارس کا تعاون کرتا ہے۔

اب رہا وہ مالدار طبقہ جو ہر حیثیت سے مضبوط پوزیشن رکھتا ہے، الا ماشاء اللہ کو چھوڑ کر اکثر کی کمائی مشکوک ہے، بلکہ یقینی حد تک ناجائز کہی جاسکتی ہے، کوئی شراب کا (جو آج کل انگریزی نام دے کر اس کی حرمت وقباحت کو کم کرنے یا ختم کرنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے) بیوپاری ہے، کوئی سودی لین دین کا ایجنٹ ہے، کوئی سٹہ، جوئے کا خوگر ہے، کوئی اسمگلر ہے، کوئی اسمگلنگ میں اپنا جواب نہیں رکھتا، کوئی سینماؤں کا مالک یا اکٹرس وکلاکار ہے، بلاشبہ اَور بھی بڑے بڑے مرچنٹیں ہیں (۱)۔ بس ایسے ہی لوگ ہمارے سفراء کو چندہ زیادہ دیتے ہیں۔ اور ہر سفیر پہلی ملاقات میں نہ سہی، دوسری تیسری بار تو جان ہی جاتا ہے کہ اس کا فلاں دھندہ ہے، اس کے باوجود بلاروک وٹوک رمضان میں سُفراء ان داتاؤں کی چوکھٹ پر صف بستہ آس لگائے بیٹھے رہتے ہیں (۲)۔

---

(۱) ''مرچنٹ: بیوپاری، تاجر، بڑا سوداگر''۔ (انگلش ٹو انگلش اینڈ اردو ڈکشنری، ص: ۵۵۲، فیروز سنز، لاهور)

(۲) ''آس لگانا: اُمید لگانا، خواہش، آرزو، بھروسہ، سہارا''۔ (فیروز اللغات، ص: ۱۸، فیروز سنز، لاهور)

Made searchable using ScribeTools.com

اب سوال یہ ہے کہ کیا معلوم ہوتے ہوئے بھی ایسے حضرات کا پیسہ لینا جائز ہے؟ اگر درست ہے تو یہ شکل بھی درست ہونی چاہیے کہ بعض اِکٹرس وکلا کا رشوت کھلا کر اور سرکس کا مالک ایک شو کی آمدنی بطورِ عطیہ کہہ کر دے دیتے ہیں؟ چونکہ بعض سفرائے کرام کی جواز کی دلیل یہ ہے کہ صاحب کیا کیا جائے جب کہ اس کے سوا بقائے نسل کی سبیل دکھائی نہیں دیتی، ہاں بعض غیر مسلم حضرات سے بھی چندہ لیا جاتا ہے۔ کیا یہ صورت درست ہے؟

ایم اے شیخ جی، شیر جی روڈ کوپر گاؤں احمد نگر (ایم ایس)۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

گردشِ روزگار کا حال آج کل ایسا ہو رہا ہے کہ نہ مال کمانے والوں میں عموماً یہ فکر ہے کہ حلال راستہ سے کمائیں، نہ چندہ وصول کرنے والے اربابِ مدارس میں قناعت وتوکل ہے کہ مالِ حرام سے بچ کر قلیل حلال پر گزارہ کرلیں۔ یہی وجہ ہے کہ دینی تعلیم کے زیادہ اچھے اثرات مرتب نہیں ہوتے (۱)۔ چندہ لینے والے کہیں کچھ حیلۂ تملیک وغیرہ کرلیتے ہیں، کہیں تحقیق سے چشم پوشی کرتے ہیں، کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ لینے سے صاف انکار کردیتے ہیں، مگر یہ بہت کم ہے۔

وہ خود کچھ ایسی پریشانی میں مبتلا ہیں کہ قلیل پر قناعت کرنے والے نہ ان کو مدرس وملازم ملتے ہیں، نہ طلبہ ملتے ہیں، نہ وہ مدرسین وملازمین طلبہ کی قلیل مقدار پر کفایت کرتے ہیں، کیوں کہ ایسی صورت میں ان کو چندہ ہی ملنا مشکل ہوجائے گا اور جو حیثیت مدرسہ کی قائم کررکھی ہے وہ باقی نہیں رہے گی۔ تاہم موجودہ صورت میں بھی

---

(۱) "عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "إن الله طيبٌ لا يقبل إلّا طيّباً، وإنّ الله أمر المؤمنين بما أمر به المرسلين، فقال: ﴿يأيُّهَا الرُّسُل كلوا من الطيبات واعملوا صالحاً﴾ وقال تعالیٰ: ﴿يا أيّها الّذين اٰمنوا كلوا من طيّبات مارزقنكم﴾. ثم ذكر الرجل يطيل السفر أشعثُ اغبرّ يمدّ يديه إلى السمآء ياربّ ياربّ! ومطعمه حرامٌ ومشربه حرامٌ وملبسه حرامٌ وغُذِی بالحرام، فأنّی يُستجاب لذلک". رواه مسلم". (مشكوة المصابيح، كتاب البيوع، باب الكسب وطلب الحلال، الفصل الأول، ص: ۲۴۱، قديمی)

"وعنه أيضاً: قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: " يأتی علی الناس زمانٌ لايبالی المرء ما أخذ منه، أمِنَ الحلالِ أم من الحرام". رواه البخاری". (مشكوة المصابيح، المصدر السابق)

علومِ دینیہ کی حفاظت بڑی حد تک ہورہی ہے اوران میں ہی سے کچھ اچھے بھی نکل آتے ہیں۔اس کے باوجود اس صورتِ حال سے بہت گھٹن اور کڑھن ہے۔فإلی اللّٰہ المشتکی۔فقط۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۴/۴/۹۵ھ۔

شراب کی آمدنی سے زمین خرید کر مدرسہ میں وقف کرنا

سوال[۷۶۹۵]: شراب کی تجارت کی آمدنی سے خریدی ہوئی زمین کسی مدرسہ میں یا کسی مسجد میں وقف کی جاسکتی ہے یانہیں(☆)؟

مالِ حرام سے دینی خدمت

سوال[۷۶۹۶]: بعض لوگوں کی کمائی سینما یا سٹہ یا جوا یا شراب کی ہوتی ہے اوروہ یہ چاہتے ہیں کہ ہم دینی مدرسہ یا مسجد میں دیں تو کیا طریقہ اختیار کریں۔بعض اہلِ یہ کہتے ہیں کہ کسی شخص سے روپیہ بطورِ قرض لے کر دینی مدرسہ یا تعمیرِ مسجد میں دے دیں اوراپنی اس کمائی کی رقم سے اس قرض کوادا کریں تو کیا یہ طریقہ جائز ہے؟اس طریقہ سے وہ رقم دینی مدرسہ یا مسجد میں خرچ کرسکتے ہیں؟ سارے جواب حدیث وفقہ کی روشنی میں دیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

جن کے پاس ناجائز کمائی کا روپیہ ہے وہ اگر کسی سے جائز روپیہ قرض لے کر مدرسہ یا مسجد کے لئے دیں تو یہ درست ہے۔ناجائز دیں تو مدرسہ یا مسجد کی تعمیر کے واسطے نہ لیا جائے۔

"ولا بأس بنقشه على محرابه بجصٍ وماء ذهب لو بماله الحلال، اه". درمختار۔ "قال: تاج الشريعة: أما لوا أنفق فی ذلك مالاً خبيثاً أو مالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن اللّٰه تعالیٰ لايقبل إلا الطيب، فيكره تلويث بيته بمالا يقبله، اه. شرنبلالية". شامی: ۱/۴۲۲(۱)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند،۲۴/۳/۹۱ھ۔

(☆)(اس کا جواب مع تخریج باب الحظر والاباحۃ، باب المال الحرام میں موجود ہے، وہاں ملاحظہ فرمائیں)

(۱) (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلب: كلمة "لابأس" دليل، اهـ: ۱/۶۵۸، سعيد)

Made searchable using ScribeTools.com

سنیما کی آمدنی مسجد اور مدرسہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۶۹۷]: مسجد یا مدرسہ میں سنیما کی آمدنی خرچ کی جاسکتی ہے یا نہیں؟ اگر کوئی شخص سنیما ہاؤس، مسجد یا مدرسہ کو ہبہ کرنا چاہے تو اس لوکرایہ پر دینا یا فروخت کر کے اس کی رقم مسجد یا مدرسہ میں لگانا درست ہوگا یا نہیں؟ اور حرام اور سود سے کمائی ہوئی رقم پر زکوۃ واجب ہوگی یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

سنیما یا کوئی بھی ناجائز آمدنی کا مسجد یا مدرسہ میں خرچ کرنا درست نہیں، ایسی آمدنی کا تصدق ضروری ہے(۱)۔ غریب مسکین طلبہ ہی اس کے مَصرف ہیں، تنخواہ وتعمیر وغیرہ میں خرچ نہ کریں۔ اگر سنیما ہاؤس جو کہ جائز آمدنی سے بنایا گیا تھا اس کو مسجد یا مدرسہ میں دے تو اس کو خالی کرا کے جائز محل میں صَرف کیا جائے (کرایہ پر دیا جائے، یا فروخت کیا جائے)۔ جس رقم (حرام کی ملک) پر مِلک ثابت نہیں اس پر زکوۃ نہیں (۲)، بلکہ اس کو واپس کرنا یا صدقہ کرنا ضروری ہے، کسی کام میں لانا بھی درست نہیں (۳)۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) "وفی المنتقی: امرأة نائحة أو صاحبة طبل أو زمرٍ اکتسبت مالاً، ردّته علی أربابه إن علموا، وإلا یتصدق به". (ردالمحتار، کتاب الإجارة، باب الإجارةً الفاسدة، مطلب: الاستیجار علی المعاصی: ۵۵/۶، سعید)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس عشر فی الکسب: ۳۴۹/۵، رشیدیه)

(وکذا فی البحر الرائق، کتاب الکراهیة، فصل فی البیع: ۳۶۹/۸، رشیدیه)

(۲) "هذا إذا کان له مال غیر ما استهلکه بالخلط منفصل عنه یوفی دینه، وإلافلا زکاة، کما لو کان الکل خبیثاً، کما فی النهر". (الدرالمختار). "فی القنیة: لو کان الخبیث نصاباً، لا یلزمه الزکوة؛ لأن الکل واجب التصدق علیه، فلا یفید إیجاب التصدق ببعضه". (ردالمحتار، کتاب الزکوة: ۲۹۱/۲، سعید)

(۳) "سئلت فیمن یملک نصاباً من حرام: هل تجب علیه فیه الزکوة؟ الجواب: لا تجب علیه فیه الزکوة، بل یلزمه التصدق بجمعیه علی الفقراء لا بنیة الثواب". (الفتاویٰ الکاملیة، کتاب الزکوة، ص: ۱۵، حقانیه پشاور)

(وکذا فی النهر الفائق، کتاب الزکوة: ۴۱۴/۱، إمدادیه ملتان)

Made Searchable by ScribeTools.com

مدرسہ کے کرایہ داروں کا پیشہ باجہ بنانا ہے تو اس آمدنی سے اخراجاتِ مدرسہ

سوال[۷۶۹۸]: مدرسہ کی جائیداد کے کرایہ دار اکثر ایسے ہیں جن کا کام باجہ بنانے یا بنوانے، یا باجہ فروخت کرنے کا ہے، دو یا تین کرایہ دار ایسے بھی ہیں جن کی تجارت دوسری ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں جائیداد کا جو کرایہ آتا ہے اس سے مدرسہ کے اخراجات، تنخواہِ مدرسین وتعمیرات وغیرہ میں استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز نہیں تو جواز کی کیا شکل ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

باجہ بنانا، فروخت کرنا مکروہ ہے، اس کی آمدنی حرام کے درجہ میں نہیں، مکروہ کے درجہ میں ہے، مجموعی کرایہ کی آمدنی کو ضروریاتِ مدرسہ میں صَرف کر سکتے ہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۵/۱۲/۲۵ھ۔

فلم ایکٹر کی آمدنی مسجد ومدرسہ میں

سوال[۷۶۹۹]: ۱..... فلمی ایکٹر جو کہ صوم وصلوۃ کا پابند ہے، بخوشی کارِ خیر میں چندہ دیتا ہے۔ مسجد اور مدرسہ کے لئے اس سے چندہ لینا کیسا ہے؟

ایضاً

سوال[۷۷۰۰]: ۲..... ایسے شخص کے پاس اراکینِ مدرسہ کو چندہ کے لئے جانا چاہیے یا نہیں؟

---

(۱) امداد الفتاویٰ میں ہے: "الجواب عن الأربعة: في العالمكيرية ويجوز بيع البربط والطبل والمزمار والدف والزد وأشباه ذلك في قول أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ، وعنده لايجوز بيع هذه الأشياء قبل الكسر (أي إذا باعها ممن يستعملها أو يبيعها هذا المشتري ممن يستعملها كما فيها عن السير الكبير) فلا يجوز الانتفاع به كذا في المحيط". (۴/۶۸)

اس روایت سے معلوم ہوا کہ ان اشیاء کی خرید وفروخت امام صاحب کے نزدیک جائز ہے اور صاحبین کے نزدیک ناجائز، پس خرید وفروخت نہ کرنا احتیاط ہے اور خرید وفروخت کرنے بھی گنجائش رکھتا ہے"۔ (إمداد الفتاوىٰ، للشيخ أشرف علي التهانوي رحمه الله تعالىٰ، كتاب الحظر والإباحة، غناومزامیر اور لہوولعب وتصاویر کے احکام، بچوں کے کھیل کھلونے فروخت کرنے کا حکم: ۴/۲۵۶، دار العلوم)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... ناجائز آمدنی کا پیسہ نہ مسجد کے لئے قبول کیا جائے اور نہ مدرسہ کے لئے، اس کا غرباء پر صدقہ کرنا ضروری ہے، جو غریب بالغ لڑکے یا غریب آدمی کے نابالغ لڑکے مدرسہ میں پڑھتے ہیں، وہ اس کا مصرف ہیں (۱)۔

۲..... بالکل نہ جائیں (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/ ۷/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۰/ ۷/ ۸۸ھ۔

مدرسہ چلانے کے لئے سینما اور عُرس

سوال[۷۷۰۱]: اردو اسکول کی مالی حالت کمزور ہے، اس لئے خیرات کے نام پر سینما کا شو چلانا اور قوالی کرانا اور اس سے جو آمدنی ہو اس کو اردو اسکول یا مدرسہ میں لگانا کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مدرسہ چلانے کے لئے سینما یا اس قسم کی کوئی چیز کرنا اور اس سے رقم حاصل کرنا جائز نہیں، ہرگز ہرگز

---

(۱) "(قوله: لو بماله الحلال) قال تاج الشريعة: أما لو أنفق في ذلك مالاً خبيثاً ومالاً سببه الخبيث والطيب، فيكره؛ لأن الله لايقبل إلا الطيّب". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، مطلبٌ: كلمة "لابأس" دليلٌ على أن المستحب غيره: ۱/ ۶۵۸، سعيد)

"امرأة نائحة أو صاحبة طبل أو زمرٍ اكتسبت مالاً، ردته على أربابه إن علموا، وإلا تتصدق به".

(ردالمحتار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة، مطلب: الاستيجار على المعاصي: ۶/ ۵۵، سعيد)

(وكذا في الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس عشر في الكسب: ۵/ ۳۴۹، رشيديه)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الكراهية: ۸/ ۳۶۹، رشيديه)

(۲) "آكل الربا وكاسب الحرام أهدى إليه أو أضافه، وغالب ماله حرام، لايقبل ولايأكل مالم يخبره أن ذلك المال أصله حلالٌ ورثه أو استقرضه". (الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الثاني عشر: ۵/ ۳۴۳، رشيديه)

ایسا نہ کریں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۸/ ۷/ ۸۸ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۹/ ۷/ ۸۸ھ۔

مزار کا پیسہ مسجد اور مدرسہ میں خرچ کرنا

سوال[۷۷۰۲]: خراسان سے آنے والے جناب سید ابوالقاسم خراسانی نقشبندی طریقہ کے ایک ولی کامل تھے، پچھتر سال سے ان کے مزارِ مبارک کی لوگ زیارت کرتے ہیں۔ان کے صاحبزادہ اور صاحبزادی اور نواسے وغیرہ اسی مزار کی خدمت، جھاڑو دینا وغیرہ خاندانی طور پر پچھتر سال سے کرتے آرہے ہیں۔زائرین حضرات پیسہ بھی عطیہ دیتے ہیں، فی الحال مذکور سید صاحب مرحوم کے نواسے بحیثیت خدّام مزار مذکور کا پیسہ مزار کے کام میں خرچ کرتے ہیں اور پیسہ فاضل رہنے سے اپنے کھانے پینے میں صَرف کرتے ہیں۔فی الحال ایک گروہ مذکور مزار کے پیسہ کو مدرسہ کے کام میں خرچ کرنا چاہتا ہے اور اس کا مدعی بھی ہے یعنی مدرسہ میں بھی خرچ کرنا پڑے گا، حتی کہ زبردستی سے روپیہ پیسہ کو لینے کے لئے کوشاں ہے، جس سے مسلمانوں میں ایک بھاری پریشانی کا باعث بنا ہے۔

اب دریافت طلب یہ ہے کہ خراسانی سید صاحب مرحوم کے عطیہ کا زبردستی دوسرے کاموں میں صَرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور خراسانی سید صاحب مرحوم کے نواسے کا مزار کی خدمت کرکے اپنا وقت صَرف کرنے کی وجہ سے مذکورہ عطیہ کا پیسہ اگر فاضل رہ جائے تو اپنے کھانے پینے میں صَرف کرسکتے ہیں یا نہیں؟ ازرُوئے

---

(۱) "وفی المنتقی: امرأة نائحة أو صاحبة طبل أو زمرٍ اکتسبت مالاً، ردّته علی أربابه إن علموا، وإلا تصدق به. وإن من غیر شرط فهولها. قال الإمام الأستاذ: لا یطیب، والمعروف کالمشروط. قلت: وهذا مما یتعین الأخذ به فی زماننا لعلمهم أنهم لا یذهبون إلا بأجر ألبتّة". (ردالمحتار، کتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة، مطلب: الاستیجار علی المعاصی: ۶/ ۵۵، سعید)

"لأن سبیل الکسب الخبیث التصدق إذا تعذر الرّد". (البحر الرائق، کتاب الکراهیة، فصل فی البیع: ۸/ ۳۶۹، رشیدیه)

(وکذا فی الفتاویٰ العالمکیریة، کتاب الکراهیة، الباب الخامس عشر فی الکسب: ۵/ ۳۴۹، رشیدیه)

Made searchable using ScribeTools.com

شرع اس کا کیا حکم ہے؟ دلائل اور معتبر کتب کے حوالہ سے جواب تحریر فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

زائرین جو پیسہ خادمِ مزار کو بسلسلۂ خدمت وتعلقِ صاحبِ مزار دیتے ہیں وہ خدامِ مزار کا ہے، اس کو جبراً مدرسہ کے واسطے لینے کا کسی کو حق نہیں، حدیث پاک میں ہے: "لایحل مال امرئ مسلم إلّا بطیب نفس منه. اهـ"(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۱۱/۹۲ھ۔

کبڈی کا مقابلہ شرط کے ساتھ اور اس کا انعام مدرسہ میں

سوال[۷۷۰۳]: اس شہر میں کبڈی کھیلنے کا بہت شوق ہے، ہر محلّہ میں کبڈی کی ٹیمیں ہیں، جو آپس میں مقابلہ کرتی ہیں، جس میں ہر ٹیم فیس ادا کرتی ہے اور پھر وہ روپیہ کسی دینی مدرسہ میں دے دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ کبڈی کے کھیل میں ہار جیت بھی ہوتی ہے۔ تو اس قسم کی رقم مدرسہ میں خرچ کرنا درست ہے، کبڈی میں لوگ ستر کھول کر کھیلتے ہیں تو کیا از روئے شریعت درست ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

ہار جیت کی رقم کا معاملہ اگر دونوں طرف سے ہو تو ناجائز ہے، ایسی رقم کی واپسی ضروری ہے، جس سے لی ہے اسی کو واپس کردیں، کسی مدرسہ وغیرہ میں نہ دیں۔ اگر ہار جیت کی رقم کا معاملہ ایک طرف سے، مثلاً اس طرح کہ اگر فلاں ٹیم جیت گئی تو دوسری ٹیم اس کو اتنی رقم دے گی، اگر ہار گئی تو کچھ نہیں، یا کوئی تیسرا شخص انعام کا وعدہ کرے کہ جو ٹیم جیت جائے گی اس کو انعام دیا جائے گا، یہ جائز ہے، ایسی رقم مدرسہ کو دی جائے تو وہاں صَرف کرنا بھی جائز ہے، یہ حکم تو رقم کا ہے۔

کبڈی اگر ورزش اور جہاد کی مشق کے لئے ہو، اس میں ستر نہ کھلے، نیز اس کی وجہ سے نماز میں تاخیر نہ

---

(۱) (السنن الکبری للبیهقی: ۳۸۷/۴، (رقم الحدیث: ۵۴۹۲)، دارالکتب العلمیة، بیروت)
(ومشکوة المصابیح، کتاب البیوع، باب الغصب والعاریة، الفصل الثانی، ص: ۲۵۵، قدیمی)
"لیس لأحدٍ أن یأخذ مال غیره بلا سبب شرعی". (شرح المجلة لسلیم رستم، (رقم المادة: ۹۷)، المقالة الثانیة فی القواعد: ۶۲/۱، مکتبه حنفیه کوئٹه)

ہو، اَور بھی کوئی چیز خلافِ شرع نہ ہوتو درست ہے، ورنہ جیسی جیسی چیز اس میں خلافِ شرع ہوگی، اسی کی نسبت سے ممانعت ہوگی:

"حل الجعل إن شرط المَال من جانب واحد، وحرم لو شرط من الجانبين، إلّا إذا أدخلا ثالثاً بينهما". درمختار: ۵/۲۵۸(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۴/۳/۹۱ھ۔

---

(۱) العبارة بتمامها: "ولا بأس بالمسابقة فی الرمی والفرس والإبل، وعلی الأقدام؛ لأنه من أسباب الجهاد، فكان مندوباً ..... حل الجعل إن شرط المال من جانب واحد، وحرم لوشرط من الجانبين؛ لأنه يصير قماراً، إلا إذا أدخلا ثالثاً بينهما". (الدرالمختار، كتاب الحظر والإباحة، فصل فی البيع: ۶/۴۰۲، ۴۰۳، سعيد)

(وكذا فی مجمع الأنهر، كتاب الكراهية، فصل فی المتفرقات: ۴/۲۱۶، مكتبه غفاريه كوئٹه)

(وكذا فی تبيين الحقائق، كتاب الكراهية، فصل فی السابقه: ۶/۳۲، إمداديه ملتان)

(وكذا فی الفتاویٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب السادس فی المسابقة: ۵/۳۲۴، رشيديه)

"و حرم شرط الجعل من الجانبين، لا من أحد الجانبين ..... و هو قمار، فلا يجوز". (تبيين الحقائق: ۷/۴۶۶، مسائل شتی، دارالكتب العلمية بيروت)

"وإن شرط فيها جعل من إحدى الجانبين أو من ثالث لأسبقهما، جاز، ومن كلا الجانبين يحرم، إلا أن يكون بينهما محلل". (ملتقی الأبحر مع مجمع الأنهر: ۴/۲۱۶، كتاب الكراهية، فصل فی المتفرقات، غفاريه كوئٹه)

"ومنها أن يكون الخطر فيه من أحد الجانبين، إلا إذا وجد فيه محللاً، حتی لو كان الخطر من الجانبين جميعاً ولم يدخلا فيه محللاً، لا يجوز؛ لأنه فی معنی القمار ..... و لو قال أحدهما لصاحبه: إن سبقتنی فلك علیّ كذا، وإن سبقتُك فلا شیء عليك، فهو جائز؛ لأن الخطر إذا كان من أحد الجانبين، لا يحتمل القمار". (بدائع الصنائع: ۸/۳۴۹، ۳۵۰، كتاب السباق، دارالكتب العلمية بيروت)

"كل لهو المسلم حرام إلا ثلاثة: ملاعبته أهله و تاديبه لفرسه و مناضلته بقوسه". (ردالمحتار، كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، فصل فی البيع: ۶/۳۹۵، سعيد) ..... =

Made Se[illegible]ools.com
Made searchable using ScribeTools.com

ہندو اور پیشہ ور عورت کا مال مدرسہ میں لگانا

سوال[۷۷۰۴]: کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرعِ متین مسائل ذیل کے بارے میں؟

۱..... پاکستان کے باشندے اہل ہنود اپنی حلال کمائی سے بطیبِ خاطر بلا جبر واکراہ مقامی ایک اسلامی مدرسہ میں جس میں علاوہ دینیات کے بنگلہ، انگریزی وحساب وغیرہ کی تعلیم بھی ہوتی ہے، کچھ امداد کرنا چاہتے ہیں۔ واضح رہے کہ مدرسے میں مختلف قسم کے کام بھی ہورہے ہیں جیسے بیت الخلاء کا پختہ کرنا، تالاب کے گھاٹ ودرسگاہ اوراس کے صحن وغیرہ پختہ کرنا، گھروں کا بندوبست کرنا۔ اب دریافت طلب یہ ہے کہ اہلِ ہنود کی امداد کو مدرسہ کے ان کاموں میں لگانا درست ہے یانہیں؟

۲..... مدرسہ میں غرباء کی تحویل بھی ہے جس میں سے غریب طلباء کی کپڑے وکتابیں ودیگر ضروریات میں امداد کی جاتی ہے۔ کیا اس میں بھی شرعاً اہل ہنود سے امداد لینا جائز ہوگا یانہیں؟

۳..... ایک مسجد بھی ہے اسی مدرسہ کی، آیا تعمیری کاموں میں ان اہل ہنود کی امداد لینا درست ہے یانہیں؟

۴..... ایک کتب خانہ بھی ہے جس کی کتابیں طلبہ کو پڑھنے کے واسطے دی جاتی ہیں، مثلاً کتبِ حدیث وکتب تفسیر اور دیگر فنون کی کتابیں، ان اہل ہنود کی امداد سے خریدنا جائز ہے یانہیں؟

۵..... پیشہ کار یعنی بازاری عورت کا مال حلال ہے یانہیں؟ اگر حرام ہے تو اس کے حلال کرنے کی کیا صورت ہوگی؟ بینوا بالدلائل مع حوالہ کتب۔

عبدالصمد، ۷/ جمادی الاولی/ ۶۹ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱..... جب وہ ثواب سمجھ کر بلا جبر واکراہ اپنی رغبت سے دیں اور کوئی مفسدہ بھی نہ ہو، لینا شرعاً درست ہے، فقہاء نے وصایائے ذمی کے متعلق ایسا ہی لکھا ہے، خاص کر جب کہ مدرسہ ومسجد کے مہتمم ومتولی کو دے دے

= "قال القاسم بن محمد: كل ما ألهى عن ذكر الله و عن الصلوة، فهو من الميسر". (تفسير ابن كثير: ۲/ ۹۱، سهيل اكيڈمى لاهور)

(وكذا فتى فتح القدير: ۱۰/ ۶۵، مسائل متفرقة، مصطفىٰ البابى الحلبى مصر)

تو اس کو ان تمام مواقع میں صرف کرنا شرعاً درست ہے۔

۲.....اس کا جواب بھی مثل جوب نمبر:۱، کے ہے۔

۳.....اس کا بھی یہی حکم ہے۔

۴.....یہ بھی اس کی نظیر ہے:

"اعلم أن وصايا الذمي ثلثة أقسام: الأول جائز بالاتفاق، وهو: ما إذا أوصىٰ بما هو قربةٌ عندنا وعنده، كما إذا أوصى بأن يسرج في بيت المقدس ..... سواء كان لقوم معينين، أولا. والثاني باطل بالاتفاق، وهو: ماإذا أوصى بما ليس قربة عندنا وعندهم، كما إذا أوصى للمغنيات والنائحات، أو بما هو قربة عندنا فقط كالحج وبناء المسجد للمسلمين، إلا أن يكون لقوم بأعيانهم، فيصح تمليكاً.

والثالث مختلف فيه، وهو: ما إذا أوصى بما هو قربة عندهم كبناء الكنيسة لغير معيّنين، فيجوز عنده لاعندهما، وإن لمعنيين، جاز إجماعاً. وحاصله أن وصيته لمعيّنين يجوز في الكل على أنه تمليك له. وماذكره من الجُنة من إسراج المساجد ونحوه على الطريقة المشهورة بالالتزام، فيفعلون به ماشاء وا؛ لأنه ملكهم، والوصية إنما صحت باعتبار التمليك. زيلعي ملخصاً". شامي: ٥/٤٤٥(١)۔

۵.....جو مال بازاری عورت کو حرام کاری کے عوض میں ملا ہے، وہ حلال نہیں، اس کے حلال ہونے کی کوئی صورت نہیں، اس کے ذمہ واجب ہے کہ واپس کردے۔ اگر معطی مرگیا تو اس کے ورثہ کو دے دے، اگر ورثہ بھی موجود نہ ہو تو صدقہ کردے اس نیت سے کہ اللہ تعالیٰ اس کے وبال سے مجھ کو بچالے اور اس صدقہ سے ثواب کی نیت نہ کرے:

"وفي المنتقى: امرأة نائحة أو صاحبة طبل أو زمرٍ اكتسبت مالاً، ردّت على أربابه إن

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الوصايا، فصل في وصايا الذمي وغيره: ٦/٦٩٦، سعيد)

(وكذا في الهداية، كتاب الوصايا، باب وصية الذمي: ٤/٦٨٥، إمداديه ملتان)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الوصايا، باب وصية الذمي: ٤/٤٥١، مكتبه غفاريه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

علم، وإلا تتصدق به. وإن من غير شرط، فهو لها. قال الإمام الأستاذ: لايطيب، والمعروف كالمشروط. قلت: وهذا مما يتعين الأخذ به فی زماننا؛ لعلمهم أنهم لا يذهبون إلا بأجر ألبتّة، اهـ". شامی: ٥/٣٤(١)۔

"مات رجل ويعلم الوارث أن أباه كان يكسب من حيث لايحل، ولكن لا يعلم الطالبَ بعينه ليردّ عليه، حل له الإرث، والأفضل أن يتورع ويتصدق بنية خصماء أبيه، اهـ. وكذا لايحل إذا علم عين الغصب مثلاً، وإن لم يعلم مالكه؛ لِمَا فی البزازية: أخذ مورثه رشوةً أو ظلماً إن علم ذلك بعينه، لايحل له أخذه حكماً، أما فی الديانة فيتصدق به بنية إرضاء الخصماء، اهـ". شامی: ٤/١٣٠(٢)۔ فقط۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۸/ جمادی الأولی/ ۶۹ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد۔

طوائف کے بنائے ہوئے مکان کو مدرسہ کے لئے کرایہ پر لینا

سوال[۷۷۰۵]: ایک طوائف نے اپنی کسی حرام آمدنی سے ایک مکان تعمیر کیا، آیا اس مکان کو بغرضِ مدرسہ اسلامیہ کہ جس میں قرآن شریف وحدیث وغیرہ کی تعلیم دی جاتی ہے، کرایہ پر لینا جائز ہے یا نہیں؟ نیز مکان مذکورہ میں نماز جماعۃً اور منفرداً ادا کرنا کیسا ہے؟ بینوا بالکتاب توجروا یوم الحساب۔

المستفتی: محمد شعیب، بقلم خود، ۱۷/ ذی الحجہ/ ۵۵ھ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

یہ امر ظاہر ہے کہ زنا کی اجرت حرام ہے، رنڈی اس کی مالک نہیں ہوتی، اصل مالک کو اور اس کی عدم

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة، مطلب فی الاستيجار على المعاصی: ٦/٥٥، سعيد)

(۲) (ردالمحتار، كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، مطلب فيمن ورث مالاً حراماً: ٥/٩٩، سعيد)

(وكذا فی البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل فی البيع: ٨/٣٦٩، رشيديه)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس عشر فی الكسب: ٥/٣٤٩، رشيديه)

موجودگی کے وقت اس کے ورثہ کو واپس کرنا ضروری ہے، اگر ان میں سے کوئی نہ ہو، یا علم نہ ہو تو تصدق بہ نیتِ گلو خلاصی واجب ہے۔ اگر رنڈی کے پاس حلال مال بھی تھا اور حرام بھی اور ان دونوں کے مجموعہ سے مکان کو تعمیر کیا ہے تو حرام کو حلال کے ساتھ خلط کر دینے سے ملک متحقق ہوگئی (اگرچہ حرام کا ضمان بطریقِ مذکور واجب ہے):

"وفی الفصل العاشر من التاترخانية عن فتاوىٰ الحجة: من ملك أموالاً غير طيبةٍ، أو غصب أموالاً وخلطها، ملكها بالخلط، ويصير ضامناً". ردالمحتار: ۲/۳٤(۱)۔

"والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال، وجب ردّه عليهم، وإلا فإن علم عين الحرام، لايحل له، ويتصدق به بنية صاحبه ..... لو اختلط بحيث لايتميز، يملكه ملكاً خبيثاً، لكن لايحل له التصرف فيه مالم يؤدّ بدله". ردالمحتار: ٤/۱۸۱(۲)۔

لہٰذا اس مکان کو کرایہ پر لینا اور اس میں دینی تعلیم دینا اور نماز پڑھنا منفرداً و جماعۃً درست ہے۔

اگر رنڈی کے پاس حلال مال بالکل نہ تھا، بلکہ محض حرام مال سے زمین خریدی اور مکان تعمیر کرایا تھا تو اس میں تفصیل ہے: وہ یہ کہ اگر قیمت پہلے دے دی اور حرام مال سے دی ہے اور پھر اس کے عوض میں زمین خریدی ہے تب تو اس کا کرایہ لینا ناجائز ہے اور اگر قیمت پہلے تو نہیں دی، لیکن اس حرام مال کو متعین کر کے مخصوص طور پر اس کے عوض میں زمین خریدی ہے اور وہی متعین کردہ حرام مال قیمت میں دے دیا تب بھی اس کا کرایہ پر لینا ناجائز ہے۔ اور ان دونوں صورتوں میں اس میں نماز پڑھنا بھی صلوة فی الأرض المغصوبة کے حکم میں ہے۔

اور اگر زمین خریدی ہے، حرام کو متعین کر کے اور قیمت ادا کر دی غیر حرام سے، یا زمین خریدی بلا تعیینِ حرام وحلال اور قیمت ادا کی حرام سے تو ان تینوں صورتوں میں اس کا کرایہ پر لینا اور اس میں نماز پڑھنا جائز ہے:

---

(۱) (ردالمحتار، كتاب الزكوة، باب زكاة الغنم، مطلب فيما لوصادر السلطان جائراً، فنوى بذلك أداء الزكوة إليه: ۲/۲۹۱، سعيد)

(۲) (ردالمحتار، كتاب البيوع، مطلب فيمن ورث مالاً حراماً: ۵/۹۹، سعيد)

(وكذا فى البحر الرائق، كتاب الكراهية، فصل فى البيع: ۸/۳۶۹، رشيديه)

(وكذا فى الفتاوىٰ العالمكيرية، كتاب الكراهية، الباب الخامس عشر فى الكسب: ۵/۳۴۹، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

"توضیح المسئلة مافی التاترخانیة حیث قال: رجلٌ اکتسب مالاً من حرام، ثم اشتری، فهذا علی خمسة أو جه: إن دفع تلك الدراهم إلی البائع أولاً، ثم اشتری منه بها، أو اشتریٰ قبل الدفع بها ودفعها، أو اشتری قبل الدفع بها ودفع غیرها، أو اشتری مطلقاً ودفع تلك الدراهم، أو اشتری بدارهم أخَرَ ودفع تلك الدراهم، قال أبو نصر: یطیب له، ولا یجب علیه أن یتصدق إلا فی الوجه الأول، وإلیه ذهب الفقیه أبو اللیث، لکن هذا خلاف ظاهر الراویة، فإنه نص فی الجامع الصغیر: إذا غصب ألفاً فاشتری بها جاریةً وباعها بألفین، تصدق بالربح۔

قال الکرخی فی الوجه الأول والثانی: لایطیب، وفی الثلثة الأخیرة: یطیب. وقال أبوبکر: لایطیب فی الکل، لکن الفتویٰ الآن علی قول الکرخی دفعاً للحرج عن الناس، اه. وفی الولوالجیة: وقال بعضهم: لایطیب فی الوجوه کلها، وهو المختار، ولکن الفتویٰ الیوم علی قول الکرخی دفعاً للحرج، لکثرة الحرام، اه". ردالمحتار: ٤/٣٠٤(١)۔

تاہم ایسے مکان کو کرایہ پر لینے سے خصوصاً تعلیمِ دین کے لئے اوراس میں نماز پڑھنے سے احتیاط اور اجتناب بہرحال انسب وافضل ہے، ترجیحاً للمختار ولاسیما فی زماننا دفعاً لطعن العوام(٢)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی، معین المفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۵۴/۱۲/۲۱ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف عفا اللہ عنہ، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۲۷/ ذی الحجہ/۵۴ھ۔

---

(١) (ردالمحتار، کتاب البیوع، باب المتفرقات، فصل: إذا اکتسب حراماً ثم اشتری، فهو علی خمسة أو جه: ٥/٢٣٥، سعید)

(وکذا فی الهدایة، کتاب الغصب: ٣/٣٧٣، ٣٧٤، شرکت علمیه ملتان)

(وکذ افی البحر الرائق، کتاب الغصب: ٨/٢٠٦، رشیدیه)

(٢) "اتقوا مواضع التهم". ذکره فی الإحیاء، قال العراقی فی تخریج أحادیثه: لم أجد له أصلاً، لکنه بمعنی قول عمر رضی الله تعالیٰ عنه: "من سلک مسالک الظنّ اتُّهِمَ". ورواه الخرائطی فی مکارم الأخلاق مرفوعاً بلفظ: "من أقام نفسه مقام التُّهَم فلا یلومنّ مَن أساء الظنّ به". وری الخطیب فی المتفق والمتفرق عن سعید بن المسیب قال: وضع عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه ثمانی عشرة کلمةً =

Made Searchable by ScribeTools.com

مدارسِ اسلامیہ کے لئے عیسائیوں سے امداد لینا

سوال[۷۷۰۶]: ہمارے یہاں ایک دینی مدرسہ ہے جس کی نہ کوئی ذاتی عمارت ہے اور نہ ہی حکومت سے کوئی امداد ملتی ہے، مدرسہ کے ذمہ داروں کے سامنے اس وقت مسائل درپیش ہیں۔ امید ہے کہ جناب والا شرعی حیثیت سے اس کا جواب مرحمت فرمائیں گے۔

مدرسہ کی بدحالی کو دیکھ کر بعض غیر ملکی عیسائیوں نے تمام اخراجات برداشت کرنے کا ذمہ لیا، اور ایک مدت سے وقفہ وقفہ سے کچھ رقم برابر ادا کرتے رہے ہیں، جس سے مدرسہ کی عمارت، اساتذہ کی تنخواہ اور طلباء کی کفالت وغیرہ کا کام لیا جاتا ہے۔ کیا فقہی نقطۂ نظر سے عیسائیوں کی اس رقم کو ایک دینی واسلامی مدرسہ کے لئے خرچ کر سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

کوئی بھی غیر مذہب کا آدمی اہلِ اسلام کے دینی کام کے لئے کارِ ثواب سمجھ کر روپیہ دے تو فی نفسہٖ اس کا لینا اور وہاں صَرف کرنا شرعاً درست ہے، جب کہ اس میں کوئی مفسدہ نہ ہو(۱)۔ عیسائی لوگ جو رقم دینِ اسلام کے مدرسہ کے لئے دیتے رہتے ہیں اس سے ان کی بھی کچھ غرض ہوتی ہے، وہ اہلِ اسلام کو زیرِ احسان رکھتے ہیں، اپنے اخلاق کا اثر ڈالتے ہیں، بچوں کے اخراجات دے کر ان کو اپنے سے قریب کرتے ہیں، اپنے اسکولوں میں ان کو داخل کرنے کی ترغیب دیتے ہیں، اپنے نظریات کو دماغوں میں اتارتے ہیں، اپنے بچوں کو دینی مدرسہ میں داخل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اپنی کتابیں وہاں پڑھانے کے لئے کہتے ہیں، اپنا مدرس وہاں رکھنے کی تدبیریں کرتے ہیں۔

یہ سب کام بہت آہستہ آہستہ غیر محسوس طریقہ پر کرتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دینی تعلیم وتربیت کم ہو کر

= ..... "ومن عرض نفسه للتهمة، فلا يلومنّ مَن أساء به الظنّ". (كشف الخفاء، الهمزة مع التاء المثناة، (رقم الحديث: ۸۸): ۱/۴۵، دارإحياء التراث العربي بيروت)

(۱) "اعلم أن وصايا الذمي ثلثة أقسام: الأول جائز بالاتفاق، وهو: ما إذا أوصى بما هو قربةٌ عندنا وعنده، كما إذا أوصى بأن يُسرج في بيت المقدس ..... سواء كان لقوم معينين أولا". (ردالمحتار، كتاب الوصايا، فصل في وصايا الذمي وغيره: ۶/۶۹۶، سعيد)

(وكذا في الهداية، كتاب الوصايا، باب وصية الذمي: ۴/۶۸۵، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الوصايا، باب وصية الذمي: ۴/۴۵۱، مكتبه غفاريه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

عیسائی تعلیم وتربیت اس کی جگہ فروغ پاتی ہے، پھر وہ اول مخلوط مدرسہ یا اسکول بنتا ہے، پھر کالج بن جاتا ہے، اسی قسم کی خرابیوں کی وجہ سے ہمارے اکابر نے انگریز سے امداد قبول نہیں کی، اَور بھی مفسدہ ہے۔

ناواقف لوگوں نے امداد قبول کی، ان کے مدرسہ کا بگڑتا ہوا حال ہم نے خود دیکھا، جہاں پہلے حدیث شریف کی تعلیم ہوتی تھی اس امداد کی نحوست سے اب دینی تعلیم کچھ نہیں رہی، اس کی جگہ انگریزی اور دوسری تعلیم نے لے لی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۳/۲/۱۴۰۱ھ۔

غیر مسلم کی امداد دینی مدرسہ میں

سوال[۷۷۰۷]: ایک کافر، دین کے مدرسہ میں کچھ کپڑے اناج یا روپیہ کی امداد کرنا چاہتا ہے تاکہ وہ امداد غریب طلبہ ومسکینوں پر خرچ کردی جائے۔ اس کا لینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر ثواب سمجھ کر دیتا ہے اور غالب خیال یہ ہے کہ اہلِ مدرسہ طلبہ وغیرہ یا دیگر اہل اسلام پر اپنے احسان کا اظہار نہیں کرے گا، نہ کسی اَور مضرت کا اندیشہ ہے تو لینا جائز ہے(۱)۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم۔

صحیح: عبداللطیف، الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۷/ رمضان/ ۵۶ھ۔

---

(۱) "مصرف الجزية والخراج ومال التغلبي وهديتهم ..... مصالحنا كسدّ الثغور وبناء قنطرة وجسر وكفاية العلماء". (الدرالمختار). "وكذا النفقة على المساجد كما في زكاة الخانية، فيدخل فيه الصرف على إقامة شعائرها من وظائف الإمامة والأذان ونحوهما'. (ردالمحتار، كتاب الجهاد، فصل في الجزية، مطلب في مصارف بيت المال: ۴/۲۱۷، سعيد)

"واعلم أن وصايا الذمي ثلثة أقسام: الأول جائز بالاتفاق، وهو ماإذا أوصى بماهو قربةٌ عندنا وعنده، كما إذا أوصى بأن يُسرَج في بيت المقدس ..... سواء كان لقوم معينين أولا". (ردالمحتار، كتاب الوصايا، فصل في وصايا الذمي وغيره: ۶/۶۹۶، سعيد)

(وكذا في الهداية، كتاب الوصايا، باب وصية الذمي: ۴/۶۸۵، مكتبه شركت علميه ملتان)

(وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الوصايا، باب وصية الذمي: ۴/۴۵۱، مكتبه غفاريه كوئٹه)

باب المتفرقات

کیا دستار بندی ضروری ہے؟

سوال[۷۷۰۸]: ادارۂ شریعت کے اندر مولوی اور مولانا اور عہدۂ قضاء، مسندِ افتاء پر مفتی باضابطہ ادارۂ تعلیماتِ اسلامیہ سے ہونا ضروری ہے، یا خود ساختہ بن سکتا ہے۔ مروج دستار بندیٔ فضیلت ان امورِ شرعیہ میں ضروری ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً مصلیاً:

اہلیت وصلاحیت ضروری ہے، مروجہ دستار بندی ضروری نہیں، نااہل کو عہدہ سپرد کرنا اس منصب کو ذلیل وبرباد کرنا ہے جو کہ بروئے حدیث شریف قیامت کی علامت ہے(۱)۔ جو شخص خود عہدہ کا طالب وساعی

---

(۱) حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: ''بعض مدرس کی رسم ہے کہ جب طالب علم نے کتابیں پڑھ لیں خواہ اس کی استعداد ہو یا نہ ہو، اس کو فضیلت کی سند دے دیتے ہیں، اور دستار بندی کر دیتے ہیں (لیکن) غور کرنا چاہیے کہ دستار بندی کی رسم واقع میں اساتذہ ومشایخ کی طرف سے عوام کے روبرو اس امر کا اظہار اور شہادت ہے کہ یہ شخص ہمارے نزدیک اس قابل ہے کہ دین میں اس کی طرف رجوع کیا جائے اور اس سے مسائل پوچھ کر عمل کیا جائے، خلاصہ یہ ہے کہ یہ شخص آج سے مقتدائے دین ہے۔ جب اس کی حقیقت یہ ہے تو جو شرائط شہادت کے ہیں وہ اس میں بھی ہونا واجب ہے اور شہادت کی بڑی شرط یہ ہے کہ شاہد کو اس امر کا پورا علم اور یقین ہو جس کی شہادت دے رہا ہے کہ وہ صحیح ہے تاکہ اس کو جھوٹ کا گناہ اور دوسروں کو دھوکہ دینے کا گناہ نہ ہو اور کسی کو اس سے ضرر نہ پہنچے۔ اسی طرح یہاں بھی اس شخص کی نسبت پوری تحقیق ہونی چاہیے کہ (یہ شخص جس کو سند دی جارہی ہے) مقتدا فی الدین بننے کے قابل ہے یا نہیں، اگر علمائے حاضرین کو اس پر پورا اطمینان ہو اور اس کی علمی وعملی حالت قابل قناعت ہو تو دستار بندی بہت خوب (اچھی) رسم ہے کہ اس میں ناواقفوں کے روبرو اظہار ہو جاتا ہے بشرطیکہ تکلفات زائد جس میں کہ ریا واسراف لازم نہ کئے جائیں۔ اور بدون اہلیت کے ہرگز ہرگز دستار بندی نہ کی جائے، نہ سند دی جائے کہ بجز اضلال خلق (مخلوق کو گمراہ کرنے کے) اس کا دور کیا ثمر ہے''۔ (تحفۃ العلماء، سند اور دستار بندی کی شرعی وفقہی حقیقت: ۱/۴۱۴، ادارۂ تالیفات اشرفیہ ملتان) ..... =

Made searchable using ScribeTools.com

ہووہ مستحقِ عہدہ نہیں (۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۶/۲/۹۵ھ۔

جوشخص علمائے حق کو برا کہے اس کو معلّم بنانا

سوال[۷۷۰۹]: زیدلوگوں کو بھی ورغلاتا ہے، جس سے مسلمانوں کے درمیان فساد ہو چکا ہے اور اس کی طرف سے اب بھی فساد ہونے کا اندیشہ ہے، زید اس سے پہلے اسی جامع مسجد کا امام بھی رہا ہے، مدرسہ دار العلوم کے متعلقین کو اپنی تقریروں میں وہابی اور کافر کہتا ہے، بڑا جوش واشتعال پھیلا چکا ہے، جس کی وجہ سے مسجد سے علیحدہ کیا گیا تھا۔صرف مدرسہ میں برائے تعلیم بعض لوگوں کی گٹ (ضد) پر اس کو اپنے لوگوں نے مدرسہ میں رکھ لیا ہے جس کی وجہ سے اس کو موقع ورغلانے کا ملتا رہتا ہے۔ نیز بعض لوگ بھی عمداً اس کو یہ موقع دیتے رہتے ہیں جس سے ہر وقت فساد کا خطرہ رہتا ہے۔ایسے اشخاص کا شرعاً کیا حکم ہے؟ اور زید مُفسد کا کیا حکم ہے؟ ایسے آدمی سے تعلیم دلانا، اس کے پیچھے اقتدا کرنا، یا امام بنانا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟

الجواب حامداً مصلیاً:

ابن سیرینؒ کی حدیث ابوداؤد شریف میں ہے کہ ”یہ علم دین ہے، دیکھ لو، غور کرلو! کس سے اپنا دین

= ”عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه قال: بينما النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فی مجلس يحدّث القوم، جاء ه أعرابیٌّ فقال: متی الساعة؟ فمضی رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يحدّث. فقال: بعض القوم: سمع ما قال، فكره ما قال. وقال بعضهم: لم يسمع، حتی إذا قضی حديثه، قال: ”أين“. أراه السائل عن الساعة. قال: ها أنا يا رسول الله! قال: ”إذا ضيّعت الأمانة فانتظر الساعة“. فقال: كيف إضاعتها؟ قال: ”إذا وُسّد الأمر إلیٰ غير أهله، فانتظر الساعة“. (صحيح البخاری: ۱/۱۴، كتاب العلم، باب من سئل علماً و هو مشتغل فی حديثه، قديمی)

(۱) ”عن أبی موسی رضی الله تعالیٰ عنه قال: دخلت علی النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم أنا و رجلان من بنی عمّی، فقال: أحدهما: يا رسول الله! أمّرنا علیٰ بعض ما ولّاک الله، و قال الآخر: مثل ذلک. فقال: ”إنا والله! لا نولّی علی هذا العمل أحداً سأله، ولا أحداً حرص عليه“. (مشكوة المصابيح: ۲/۳۲۰، كتاب الإمارة والقضاء، الفصل الأول، قديمی)

حاصل کرتے ہو‘‘(۱)، جیسا علمِ دین کی تعلیم دینے والا ہوگا ویسا ہی پڑھنے والوں پر اثر پڑے گا، کیونکہ بچے اپنے استاذ کے اثر کو قبول کرتے اور اس کے رنگ میں رنگے جاتے ہیں، لہٰذا غلط آدمی جو جماعت کا تارک ہو، جمعہ کا تارک ہو، علمائے حق کو بُرا کہتا ہو، وہ ہرگز اس قابل نہیں کہ اس کو استاذ اور معلم بنا کر بچوں کو ان کے سپرد کردیا جائے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۷/۶/۹۳ھ۔

مہتمم کا اساتذہ وطلباء کے خطوط بلا اجازت پڑھنا

سوال[۷۷۱۰]: اگر کوئی مہتمم مدرسہ، اساتذہ وطلباء کے آمدہ خطوط پڑھتا ہے بغیر اجازت اور کہتا ہے کہ یہ انتظام مدرسہ کے لئے ضروری ہیں۔ یہ کیسا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر مہتمم اور ذمہ دار کو انتظام برقرار رکھنے کے لئے اس کی ضرورت ہے تو بطورِ ضابطہ وقانون اس کو شائع کردے، خواہ فارم داخلہ میں درج کردے تاکہ سب اس پر مطلع ہوجائیں، جس کا دل چاہے اس کو تسلیم کرکے داخلہ لے، نہ دل چاہے داخلہ نہ لے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۲/۹/۹۴ھ۔

---

(۱) لم أجده في أبي داؤد وقد رواه مسلم في مقدمة صحيحه فقال: ”عن هشام عن محمد بن سيرين قال: ”إن هذا العلم دينٌ، فانظروا عن من تأخذون دينكم“. (والصحيح لمسلم: ۱/۱۱ باب بيان أن الإسناد من الدين، قديمي)

”قال: ”إن هذا العلم دين“: اللامُ للعهد، وهوما جاء به النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لتعليم الخلق من الكتاب والسنة وهما أصول الدين. ”فانظروا عمن تأخذون دينكم“ المراد الأخذ من العدول والثقات. ”وعن“ متعلقُ ”تأخذون“ على تضمين معنى تَرْوُون“. (مرقاة المفاتيح، كتاب العلم، الفصل الثالث: ۱/۵۲۸، رشيديه)

(۲) مصالحِ مدرسہ کے لئے ایسے قوانین جو خلاف شرع نہ ہو وضع کرنا جائز ہے، لہٰذا ایسے قوانین کی پابندی کا وعدہ جب طلباء واساتذہ سے لیا جائے تو حسب وعدہ ان کے لئے اس وعدہ کو پورا کرنا اور اس پر عمل کرنا ضروری ہوگا:

قال الله تبارک و تعالیٰ: ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولا﴾ (سورة الإسراء: ۳۴) =

Made Se Made searchable using ScribeTools.com pols.com

کامیاب ہونے پر طلبہ سے انعام وصول کرنا

سوال[۷۷۱۱]: اکثر مدرسین جب بچے اسکول میں پاس ہوجاتے ہیں تو بچوں سے انعام وصول کرتے ہیں اور کبھی کبھی پہلے ہی وصول کرلیتے ہیں، اس انعام کا لینا کسی صورت سے جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً مصلیاً:

اگر طلبہ بطورِ خوشی کے بطورِ شکرانہ کے انعام دیں تو لینا درست ہے، انعام ہوتا ہی وہ ہے جو خوش ہوکر دیا جائے، مدرس کا حق نہیں، زبردستی کرنا درست نہیں (۱)۔ اگر کوئی انعام نہ دے تو اس پر طعن وغیرہ کرنا اور آئندہ اس کو حقیر سمجھنا، ذلیل کرنا، اس کے ساتھ محنت میں کمی کرنا ہرگز جائز نہیں: "لایحل مال امرئ مسلم إلا بطیب نفس منه". الحدیث (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹/۳/۸۸ھ۔

مہتمم اگر زکوٰۃ صحیح مصرف میں خرچ نہ کرے تو کیا ملازم اپنے طور پر صرف کرسکتا ہے؟

سوال[۷۷۱۲]: زید اور بکر دونوں دیوبند کے فارغ ہیں، زید ایک عربی مدرسہ کا ناظم ہے، اس مدرسہ میں بظاہر صدر مہتمم ممبران سب کچھ ہیں، لیکن مدرسہ کا سارا کام لوگوں نے زید کے سپرد کردیا ہے اور وہی سیاہ وسفید کا مالک ہے۔ مدرسہ میں زکوۃ، صدقات، امداد، نیز مسجد کے نام پر بھی مدرسہ کی مسجد میں رقم آتی ہے۔ زید ان تمام رقومات کو مدرسہ کے صدر اور مہتمم اور بعض ممبران کے پاس رقم دیتا ہے۔ یہ سب لوگ تاجر ہیں، مدرسہ

= "عن أنس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال: قلما خطبنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم إلا قال: "لاإیمان لمن لا أمانة له، ولا دین لمن لا عهد له". رواه البیهقی". (مشکوة المصابیح، کتاب الإیمان، الفصل الثانی، ص: ۱۵، قدیمی)

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿و لا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

(۲) (السنن الکبری للبیهقی: ۳۸۷/۴، (رقم الحدیث: ۵۴۹۲)، دارالکتب العلمیة بیروت)

(ومشکوة المصابیح: ۲۵۵/۱، کتاب البیوع، باب الغصب والعاریة، قدیمی)

"لیس لأحد أن یأخذ مال غیره بلا سبب شرعیّ". (شرح المجلة لسلیم رستم: ۶۲/۱، (رقم المادة: ۹۷)، المقالة الثانیة فی القواعد، مکتبه حنفیه کوئٹه)

کی رقم کو تجارت میں لگا دیتے ہیں، ضرورت کے مطابق زید ان لوگوں سے رقم لے کر مدرسہ میں صرف کرتا ہے، زید اس بات کا بالکل خیال نہیں رکھتا ہے اور نہ ہی حساب رکھتا ہے کہ مسجد کی رقم مسجد میں استعمال ہو، زکوٰۃ کی رقم مدِ زکوٰۃ میں استعمال ہو، بلکہ جس میں جتنی رقم درکار ہوئی لیکر صرف کر دیا، اور شعبان میں قرض روئیداد چھاپ کر لوگوں میں تقسیم کر دیا کرتا ہے۔

بکر عرصہ تین سال سے مدرسہ کے صدر مہتمم، ناظم، ممبران سے کوشش کرتا ہے کہ کسی صورت سے مدرسہ کی آمدنی جائز طور پر استعمال ہو، لیکن اس کی کوشش بے کار جاتی ہے، بکر نے عاجز آ کر یہ کہہ دیا کہ میرے ذریعہ سے جو آمدنی مدرسہ کو ہوگی اس کو میں خود خرچ کروں گا، کسی کو نہیں دوں گا، بکر کے ذمہ مدرسہ میں مطبخ کا کام سپرد ہے۔ چنانچہ اس سال بکر نے تقریباً چار ہزار روپے وصول کئے اور اپنی مرضی سے خرچ کر رہا ہے، اب بھی اس بات کی کوشش کر رہا ہے کہ حساب وکتاب درست ہو جائے۔

زید نے حساب وکتاب یہاں تک گڑبڑ کر رکھا ہے کہ رسیدات تک کا حساب نہیں کہ کتنی چھپ کر آئیں اور کتنی ختم ہوئیں اور کتنی باقی ہیں، دریافت یہ کرنا ہے کہ بکر کا یہ فعل شرعاً درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً مصلیاً:

بکر ملازم ہے جتنا اختیار اس کو دیا گیا ہے اس سے زائد تصرف کرنے کا حق نہیں رکھتا (۱)، خواہ کتنا ہی نیک نیت ہو، بکر کی طرح اگر ہر ملازم اس طرح کرنے لگے تو کسی کو کیسے روکا جائے گا، اور ہر شخص پر کیسے اعتماد کیا جائے گا، اس لئے بکر کو ایسا نہیں کرنا چاہئے، البتہ زید کی روش میں اصلاح کی ضرورت ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۴/ ۵/ ۹۲ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/ ۵/ ۹۲ھ۔

---

(۱) "وقفٌ له متولٍ ومشرفٌ، لا يكون للمشرف أن يتصرف في مال الوقف؛ لأن ذلك مفوّض إلى المتولي، و المشرف مأمور بالحفظ والأمانة لا غير". (فتاویٰ قاضی خان علی هامش الفتاویٰ العالمكيرية: ۲۹۷/۳، كتاب الوقف، باب الرجل يجعل داره مسجداً أوخاناً، رشيديه)

(وكذا في ردالمحتار: ۴۵۸/۴، كتاب الوقف، مطلب: ليس للمشرف التصرف، سعيد)

(۲) "عن طارق بن شهاب ..... سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "من رأى منكم =

Made searchable using ScribeTools.com

فاضل وقت میں عالم سے مدرسہ کا کوئی دوسرا کام لینا

سوال[۷۷۱۳]: خطۂ گجرات میں جب کسی عالم کی ضرورت ہوتی ہے کچھ شرائط لگا کر طلب کرتے ہیں، دو یا پانچ سال بعد حیلہ کر کے اسے نکالنا چاہتے ہیں، حالانکہ شرائط قبول کرنے کے بعد تا وقت..... کے لئے آتا ہے، مگر اس پر طرح طرح کا کام ڈال دیتے ہیں، مثلاً: فتویٰ دینے کے لئے اگر کسی کو رکھا ہے تو اگر اتفاق سے کبھی نہیں آیا تو مدرسہ کی دوسری ذمہ داری ڈال دیتے ہیں۔ تو اگر وہ عالم انکار کر دے تو کیا یہ درست ہے؟

الجواب حامداً مصلیاً:

جو معاملہ صاف صاف طے کیا جائے اس کی پابندی کے باوجود ملازم کو علاحدہ کرنے کے لئے حیلہ بہانا کرنا اور اس پر زیادہ بار ڈالنا جائز نہیں۔ اور جب کہ اس سے ایک سال کا معاہدہ ہے تو بلا وجہ اس کو الگ بھی نہیں کرنا چاہئے (۱)، اس سے ملازم بھی بد دل ہوتا ہے اور آئندہ کو کام کا آدمی بھی سہولت سے نہیں ملتا، ادارہ بھی بدنام ہوتا ہے، ادارہ میں ہمیشہ نئے نئے آدمی آنے سے خیر و برکت بھی نہیں ہوتی، ملازمین کو ادارہ کے ساتھ محبت اور ہمدردی کا تعلق بھی پیدا نہیں ہوتا۔

جس کو فتویٰ کے لئے ملازم رکھا جائے اور اس کے پاس فتوے کا کام کم ہو، وقتِ فاضل بچتا ہو اور مدرسہ کو ضرورت ہو تو اسباق پڑھانے سے انکار نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ اصل مقصد خدمتِ دین ہے، خواہ تدریس کی شکل میں ہو یا فتوے کی شکل میں، میل ملازم کی طرح علماء کو کام نہیں کرنا چاہیئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۳/۶/۹۱ھ۔

= منكراً فليغيره بيده، فإن لم يستطع فبلسانه، فإن لم يستطع فبقلبه، وذلك أضعف الإيمان" (الصحيح لمسلم: ۱/۵۱، كتاب الإيمان، باب كون النهى عن المنكر من الإيمان، قديمى)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿وأوفوا بالعهد إن العهد كان مسئولا﴾ (سورة الإسراء: ۳۴)

"عن أنس رضي الله تعالىٰ عنه قال: قلما خطبنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم إلا قال: "لا إيمان لمن لا أمانة له، ولا دين لمن لا عهد له". رواه البيهقى". (مشكوة المصابيح، كتاب الإيمان، الفصل الثانى، ص: ۱۵، قديمى)

"واستفيد من عدم صحة عزل الناظر بلا جنحة عدمُها لصاحب وظيفة فى وقف بغير جنحة".

(ردالمحتار: ۴/۳۷۲، كتاب الوقف، مطلب: لايصح عزل صاحب وظيفة بلا جنحة، سعيد) =

مدرسہ کے وقت میں چائے وغیرہ

سوال[۷۷۱۴]: مدرسہ کے اوقات میں چائے وغیرہ بنانا اور ناشتہ پانی کرنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً مصلیاً:

سبق پڑھا کر طلبہ کا پورا حق ادا کردینے کے بعد اگر وقت مل جائے تو گنجائش ہے کہ اتفاقیہ کبھی چائے بنالی جائے یا ناشتہ کرلیا جائے (۱)، طلبہ کو سبق نہ پڑھا کر ان کا پورا حق ادا نہ کر کے وقت بچانا اور اس میں اپنا کام کرنا (چائے ناشتہ وغیرہ) جائز نہیں (۲)، یہ خیانت ہے۔ مدارس کا معاملہ بہت سخت ہے، ان میں قوم کا پیسہ آتا ہے، اگر وہ برمحل خرچ نہ ہو تو سب کے حقوق ذمہ میں باقی رہتے ہیں، سب سے معافی کرانا بھی دشوار ہوتا ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین عفی عنہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۰/۶/۹۰ھ۔

= (وكذا في البحر الرائق: ۵/۳۹۴، كتاب الوقف، رشيديه)

(۱) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "إمام يترك الإمامة لزيارة أقربائه في الرساتيق أسبوعاً أو نحوه أو لمصيبة أو لاستراحة، لابأس به، ومثله عفوٌ في العادة والشرع". (منحة الخالق على هامش البحر الرائق: ۵/۳۸۵، كتاب الوقف، رشيديه)

(وكذا في الأشباه والنظائر: ۱/۲۷۳، الفن الأول في القواعد، القاعدة السادسة: العادة محكمة، إدارة القرآن كراچی)

(وكذا في ردالمحتار: ۴/۴۱۹، كتاب الوقف، مطلب فيما إذا قبض المعلوم وغاب قبل تمام السنة، سعيد)

(۲) "وليس للخاص أن يعمل لغيره، ولو عمل، نقص من أجرته بقدر ما عمل". (الدر المختار: ۶/۷۰، كتاب الإجارة، باب ضمان الأجير، سعيد)

(وكذا في الهداية: ۳/۳۰۸، كتاب الإجارة، باب ضمان الأجير، مكتبه إمداديه ملتان)

(وكذا في شرح المجلة لسليم رستم: ۱/۲۳۷، (رقم المادة: ۴۲۲)، كتاب الإجارة، الباب الأول، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

مدرسہ میں جعلی رجسٹر کی کاروائی

سوال[۷۷۱۵]: (الف) بہار میں اکثر مدارس بہار اگزامینیشن بورڈ سے ملحق ہیں، مدرسین کو مدرسہ کے علاوہ بورڈ بھی کچھ رقم دیتا ہے، لیکن اگر گرانی کے باعث منجانب مدرسہ تنخواہ میں اضافہ ہوتا ہے تو معلوم ہوجانے کی صورت میں بورڈ اضافہ شدہ رقم کے مطابق تنخواہ کم کردیتا ہے، اب مدرسین حضرات اس کٹوتی کے ڈر سے کم ہی تنخواہ کا بل بورڈ کو پیش کرتے ہیں، تاکہ تنخواہ میں کٹوتی نہ ہو، حالانکہ تنخواہ زیادہ ہوتی ہے۔

(ب) ملحق مدرسہ کی کل کاروائی حکومت کے سامنے بوقت طلبی پیش کی جاتی ہے، جس میں اصل میٹنگ کی بات نہیں دی جاتی ہے، بلکہ جو عوامی فیصلہ ہوتا ہے وہ پرائیویٹ رجسٹر میں درج ہوکر الگ رہتا ہے اور مدرسہ کے مفاد کے پیشِ نظر حکومت کو فرضی میٹنگ اور کاروائی حقیقت کی شکل میں بنا کر پیش کی جاتی ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

(الف) جتنی تنخواہ کا اظہار کیا جاتا ہے وہ بطورِ حصر کے نہیں ہے، اس کو اصل تنخواہ قرار دے لیا جائے اور جو اضافہ ہے، اس کو خدمتِ زائدہ، مثلاً: طلبہ کی نگرانی، مسجد کی امامت وغیرہ کا معاوضہ تجویز کرلیا جائے تو بات صحیح رہے گی (۱)۔

(ب) جو کاروائی میٹنگ میں ہوئی وہ پیش کی جاتی ہے تو وہ کذب نہیں، اگرچہ مدرسہ میں اس پر عمل نہ ہوا ہو، وہاں تو بتایا جاتا ہے کہ میٹنگ نے یہ پاس کیا اور یہ صحیح ہے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۶/۹۳ھ۔

(۱،۲) واضح رہے کہ اصل تنخواہ سے کم بتا کر زیادہ وصول کرنا درحقیقت دھوکہ ہے، اس لئے کہ حکومت کی طرف سے تنخواہ پڑھانے کی ملتی ہے، نگرانی وغیرہ کی نہیں، تاہم اس طرح حیلہ بنا کر جواز کی حد تک تو گنجائش ہے، لیکن درحقیقت یہ دھوکہ ہی ہے جس کا ترک کرنا اَولیٰ وافضل ہے:

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "من غشّنا فليس منا". (الصحيح لمسلم: ۱/۷۰، كتاب الإيمان، باب قول النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: من غشنا، قديمی)

Made Searchable by ScribeTools.com

مدرسہ کے پڑوسی کی دیوار میں نزاع

سوال[۷۷۱۶]: ایک اسلامی مدرسہ کی تعمیر ہورہی ہے، اس وقت ذمہ دارانِ مدرسہ نے برابر کے مکان والے سے کہا کہ تم اپنی کچی دیوار کو پختہ بنالو، کیونکہ ہم کو اس طرف غسل خانہ وغیرہ بنانے ہیں، ایسا نہ ہو کہ دیوار وغیرہ کو نقصان پہنچ جائے۔ اس نے جواب دیا کہ میں دیوار کو تو پختہ نہیں بناتا، مگر دیوار کی جگہ آپ کو دے سکتا ہوں آپ اس کو پختہ بنالیں، مدرسہ کے ذمہ دار اس پر راضی ہوگئے، مگر انہوں نے کہا اس دیوار سے تم کو فائدہ ہوگا، کیوں کہ اس طرف تمہارا مکان ہے، اس دیوار کی نصف اینٹوں کا خرچہ تم کو دینا ہوگا، مگر صاحبِ مکان نے انکار کردیا۔

پھر ذمہ داران مدرسہ نے کہا کہ اچھا مزدوری میں جو پچاس روپیہ خرچ ہوگا، اس کا نصف ۲۵/ روپیہ تو آپ کو ضرور دینا ہوگا، اس پر صاحب مکان راضی ہوگیا۔ پھر مکان کی جگہ میں دیوار فریقین کے اتفاق سے تیار ہوگئی، مزدوری کا نصف نصف روپیہ بھی لینا دینا ہوگیا، اور معاملہ صاف ہوگیا۔

تعمیر کے وقت دیوار میں صاحبِ مکان کی جانب انگیٹھی الماریاں بھی فریقین کی رضامندی اور موجودگی میں تیار کرادی گئی۔ اس کے بعد فریقین میں کسی بات پر تنازع ہوگیا، اور ایک دوسری کی مخالفت شروع ہوگئی۔ چونکہ مدرسہ کے اراکین میں بھی تبدیلی ہوگئی، یہ بھی تنازع کا سبب بن گیا۔ اب مدرسہ کے ذمہ دار کہتے ہیں کہ دیوار مدرسہ کی ہے، آپ کا اس میں کوئی حق نہیں، لیکن صاحبِ مکان نے دیوار میں سابقہ معاملہ اور معاہدہ کی بنا پر اپنا حق سمجھتے ہوئے دیوار سے متصل اپنا کوٹھا بنالیا ہے اور اس کے اوپر اپنے مکان کے لینٹر کی اینٹیں رکھ دیں اور الماری وانگیٹھی سے فائدہ اٹھانا شروع کردیا، تقریباً چار سال سے تنازعہ ہورہا ہے، جس وقت سے کہ مدرسہ کا عملہ بدلا ہے۔

دریافت کرنا یہ ہے کہ آیا صاحبِ مکان کے لئے مدرسہ کی دیوار پر لینٹر کی اینٹیں رکھنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز نہیں تو اس کے تصفیہ کی شرعی صورت کیا ہوگی؟ یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ اگر کوٹھے کو گرادیا جائے یا ہٹادیا جائے تو اس میں صاحبِ مکان کا بے حد نقصان ہے، تصفیہ کی شرعی شکل سے مطلع فرمائیں تاکہ فریقین کے لئے باعثِ اطمینان ہو اور عمل درآمد ہوسکے۔

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

جب مکان والے نے دیوار کے لئے مدرسہ کو جگہ دیدی تو وہ جگہ مدرسہ کی ہوگئی (۱)، پھر اہلِ مدرسہ کا اس سے اینٹوں کی قیمت یا مزدوری کا مطالبہ کرنا غلط تھا (۲)، کیونکہ اس کا مطلب یہ تھا کہ وہ دیوار کو مشترک قرار دینا چاہتے تھے جو ہمیشہ کے لئے نزاع کی جڑ ہے۔ اب بہتر صورت یہ ہے کہ جس قدر مزدوری اس سے لی تھی یعنی (پچیس) روپیہ وہ اس کو واپس کردیں اور اپنی دیوار بنا کر، یا پائے اٹھا کر لینٹر اس پر رکھ دے، تاکہ مدرسہ اگر وہاں سے اپنی دیوار کسی وقت ہٹانا چاہے تو اس کے لینٹر اور تعمیر کو نقصان نہ پہونچے اور مدرسہ کی دیوار پر اس کا کوئی حق وتصرف نہ رہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/ ۹۵ھ۔

پانی کے نل کی درستگی کے لئے دوسروں سے پیسہ لینا

سوال[۷۷۱۷]: ہمارے یہاں اسکول میں ایک نل ہے، اس کا پانی پینے کے لئے عالم صاحب نے اپنے ہاتھ سے نل کھولا، بعد اس کے ٹھیک نہیں کرسکا اور مستری لاکر اس کو ٹھیک کیا اور مستری کو پیسہ دینے کے لئے

---

(۱) "فإذا تم ولزم، لا يملک و لا يملک و لا يعار و لا يرهن". (الدرالمختار). "أی لا يكون مملوكاً لصاحبه ..... و لا يقبل التمليک لغيره بالبيع ونحوه، لاستحالة تمليک الخارج عن ملكه".

(ردالمحتار، كتاب الوقف: ۴/۳۵۲، سعيد)

(وكذا فی الهداية: ۲/۶۴۰، كتاب الوقف، شركة علميه ملتان)

(وكذا فی الفتاوىٰ العالمكيرية: ۲/۳۵۰، كتاب الوقف، الباب الأول، رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ و لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل ﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

"عن أبی حرة الرقاشی عن عمه رضی الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه". (مشكوة المصابيح، ص: ۲۵۵، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، الفصل الثانی، قديمی)

"ليس لأحد أن يأخذ مال غيره بلا سبب شرعی، وإن أخذه و لو على ظن أنه ملكه، وجب عليه رده". (شرح المجلة لسليم رستم: ۱/۶۲، (رقم المادة: ۹۷)، المقالة الثانية فی القواعد، مكتبه حنفيه كوئٹه)

ہر طالب علم سے دس پیسہ زبردستی لیا۔ کیا یہ جائز ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

جس نے نل خراب کیا، درست کرانا بھی اسی کے ذمہ ہے(۱)، دوسروں سے جبراً پیسہ لینا درست نہیں(۲)۔ ہاں! اگر دوسرے لوگ اس کو درست کرانے کی اجرت خوشی سے دے دیں تو دوسری بات ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۶/ ۷/ ۸۹ھ۔

مدرسۃ البنات کا قیام ودیگر سوالات

سوال[۷۷۱۸]: ۱.....کیا سلف نے دینی مدرسہ عورتوں اور بچوں کے متعلق قائم کیا ہے؟

۲.....اس دَور میں جب کہ طلباء وطالبات اسکولوں وکالجوں میں داخل ہوئے دینی مدارس کا قیام درست ہے؟

۳.....ایسے مدرسہ میں بغیر محرم کے قیام شرعاً کیسا ہے؟

۴.....اس وقت کوئی مدرسہ ایسا قائم کریں جہاں بچیاں قیام کرکے تعلیم حاصل کرسکیں، نیز دین کی حفاظت لڑکیوں میں کس طرح ممکن ہے؟

---

(۱) "إذا اجتمع المباشر والمتسبب، يضاف الحكم إلى المباشر". (شرح المجلةلسليم رستم. ۱/ ۵۹، (رقم المادة: ۹۰)، المقالة الثانية فى القواعد، مكتبه حنفيه كوئٹه)

(وكذا فى فواعد الفقه، ص: ۵۶، الصدف پبلشرز)

(۲) قال الله تعالىٰ: ﴿ و لا تأكلوا أموالكم بينكم بالباطل ﴾ (سورة البقرة: ۱۸۸)

"عن أبى حرة الرقاشى عن عمه رضى الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "ألا! لا تظلموا، ألا! لا يحل مال امرئ إلا بطيب نفس منه". (مشكوة المصابيح، ص: ۲۵۵، كتاب البيوع، باب الغصب والعارية، الفصل الثانى، قديمى)

"ليس لأحد أن يأخذ مال غيره بلا سبب شرعى، وإن أخذه ولو على ظن أنه ملكه، وجب عليه رده". (شرح المجلة لسليم رستم: ۱/ ۶۲، (رقم المادة: ۹۷)، المقالة الثانية فى القواعد، مكتبه حنفيه كوئٹه)

Made searchable using ScribeTools.com

۵.....لڑکیوں کا وعظ کرنا بذریعۂ لاؤڈ اسپیکر کیسا ہے؟

۶.....عورتوں کی اصلاح کا بہترین طریقہ اس زمانہ میں کون سا ہے؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

۱.....سلف صالحین میں بچوں کو دینی تعلیم دینے کا عام رواج تھا کہ ماں باپ یا دیگر اعزہ خود تعلیم دیا کرتے تھے، ان کے لئے مستقل مدارس یا ادارے نہیں تھے۔

۲.....غلط تعلیم اور اس کے اثرات سے بچوں کو روکنے اور محفوظ رکھنے کے لئے اب بھی یہی صورت اختیار کی جائے کہ جب تک سیانی نہ ہوں، ان کی تعلیم کے لئے مستقل ادارہ بھی کھولا جاسکتا ہے جس میں ان کی تعلیم بھی ہو اور تربیت بھی ہو، غیر دینی تعلیم ہر حال میں مضر ہے(۱)۔

---

(۱) حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ ''کفایت المفتی'' میں بنات کی تعلیم سے متعلق رقمطراز ہیں کہ: ''باپ کے اوپر اولاد کی تربیت کی ذمہ داریاں جو غذا، لباس اور تأدیب وتعلیم سے تعلق رکھتی ہیں چند درجات پر منقسم ہیں: فرائض وواجبات شرعیہ کی تعلیم فرض ہے اور حسن اخلاق ومعاشرہ اور روزگار اور پیشہ وہنر وغیرہ کی تعلیم شرعی وطبعی درجات کے مطابق مستحب ومباح ہے''۔

اس سے چند سطر پہلے تحریر فرماتے ہیں کہ: ''اجمالاً یہ کہ لڑکیوں کے اسکول صرف لڑکیوں کے لئے مخصوص ہونے چاہئیں اور ان کے لئے اسکولوں میں جمع ہونے اور آمد ورفت کے ایسے طریقے اختیار کئے جائیں کہ فتنہ کا احتمال باقی نہ رہے، نیک کردار، پاکدامن عورتوں کو تعلیم وتربیت کی خدمت کے لئے مقرر کیا جائے۔ اگر معلمات نہ مل سکیں تو مجبوراً نیک اور صالح قابلِ اعتماد مردوں کو معین کیا جائے اور ان کی کڑی نگرانی کی جائے۔ قریب البلوغ لڑکیاں عورتوں کے حکم میں ہیں، جس طرح بالغ عورت کی آواز پردہ ہے تو اسی طرح ان کی آواز بھی پردہ ہے''۔

نیز فرماتے ہیں کہ: ''سن بلوغ کی عمر کم سے کم نو سال اور زیادہ سے زیادہ پندرہ سال ہے یعنی نو سال کی لڑکی کا بالغ اور مکلّف ہوجانا ممکن ہے..... لڑکیوں کے لئے ستر عورت کا حکم یہ ہے کہ ستر واجب ہوجاتا ہے اور دس سال کی لڑکی کے لئے ستر کی حد مثل بالغہ عورت کے ہے، درمختار میں ہے: ''ثم کبالغ'' صاحب ردالمحتار فرماتے ہیں: ''أی عورته تکون بعد العشرة کعورة البالغین''.

اور صاحب ردالمحتار نے درجہ مشتہاۃ کو اس طرح بیان کیا ہے:

''واختلفوا فی حد المشتهاة، وصحح الزيلعی أنه لااعتبار بالسن عن السبع علی ماقيل أو التسع، وإنما المعتبر أن تصلح للجماع بأن تكون عبلةً ضخمةً، والعبلة المرأةُ التامة الخلق''. (كفايت=

۳.....چھوٹی اور ناسمجھ بچیاں بغیر محرم کے بھی پڑھنے کے لئے آسکتی ہیں، جب کہ کوئی خطرہ نہ ہو(۱)۔

۴..... ہمارے اطراف میں بیشتر مستورات اپنے اپنے مکانات میں بچوں کو تعلیم دیتی ہیں، مگر جس طرح بیرونی لڑکوں کے لئے قیام وطعام اور وظائف کا انتظام ہے کہ وہ دور دراز سے آکر رہتے ہیں اور کئی کئی سال قیام کرکے پورا درس پڑھ کر عالم وفاضل ہوکر جاتے ہیں، یہ صورت لڑکیوں کے لئے نہیں ہے اور نہ اس کی ضرورت ہے۔

۵.....لڑکی جب بالغہ ہوجائے یا قریبُ البلوغ ہو تو اس کو مستورات میں اس طرح وعظ کہنا کہ اس کی آواز نامحرم مرد بھی سنتے ہوں نہیں چاہیئے (۲)۔

= المفتی، کتاب العلم، تیسرا باب: تعلیم زناں: ۲/۶۷، دار الاشاعت کراچی)

"وفی الخلاصة الفتاویٰ: امرأة تتعلم القرآن من الأعمی، إن تعلمت من المرأة أحب".

(خلاصة الفتاویٰ، کتاب الصلوة، جنس اٰخر: ۱/۱۰۳، امجد اکیڈمی لاهور)

"وإذا کان الشرع أذن للمرأة أن تتعلم ماینفعها فی أمر دینها ودنیاها، فیجب أن یکون هذا التعلیم بمعزل عن الذکور، وبمنأی عنهم، حتی یسلم للبنت عرضها وشرفها، وحتی تکون دائماً حَسَنَة السمعة، کریمة الخلق، کثیرة الاحترام". (تربیة الأولاد فی الإسلام، مسؤولیة الواجب التعلیمی: ۱/۳۷۷، دار الاسلام للطباعة والنشر والتوزیع، بیروت)

(۱) شریعت مطہرہ نے پردہ بالغہ عورتوں پر فرض کیا ہے، کیونکہ وہاں پر اغلب یہ ہے کہ فتنہ پیدا ہو، جب کہ چھوٹی بچیوں کے لئے پردہ شرعاً لازم نہیں، لیکن اگر یہاں بھی خوفِ فتنہ ہو تو بھی احتیاط ضروری ہے:

"(وتمنع) المرأة الشابة (من کشف الوجه بین رجال) لا لأنه عورة بل (لخوف الفتنة) .....

فحل النظر منوط بعدم خشیة الشهوة مع عدم العورة". (الدر المختار). قال ابن عابدین رحمه الله تعالیٰ: "(لاعورة للصغیر جداً) وکذا الصغیرة کما فی السراج، فیباح النظر والمس کما فی المعراج".

(ردالمحتار، کتاب الصلوة، باب شروط الصلوة، مطلب فی ستر العورة: ۱/۴۰۶، ۴۰۷، سعید)

(۲) "نغمة المرأة عورة، وتعلمها القرآن من المرأة أحب. قال علیه الصلوة والسلام: "التسبیح للرجال، والتصفیق للنساء" فلا یحسن أن یسمعها الرجل، اهـ. وفی الکافی: ولا تلبی جهراً؛ لأن صوتها عورة، ومشی علیه فی المحیط فی باب الأذان، بحر. قال فی الفتح: وعلی هذا لو قیل: إذا جهر بالقراءة فی الصلوة فسدت، کان متجهاً، ولهذا منعها علیه الصلوة والسلام من التسبیح بالصوت لإعلام الإمام =

Made Se[illegible]ools.com Made searchable using ScribeTools.com

۶.....عورتوں کے شوہر، والد، چچا، بھائی ماموں سب ہی فکر کر کے ان کی تعلیم وتربیت کے لئے کوشش کریں، اپنے طور پر ان کو پڑھائیں، انشاء اللہ تعالیٰ بہت ہی فائدہ ہوگا۔ مگر یہ اس وقت ہوسکتا ہے جب ان کے مَردوں میں بھی علم واخلاق کی روشنی موجود ہو اور ان کو فکر بھی ہو، اگر وہ خود ہی بے بہرہ ہوں تو کیا فکر کریں گے اور کیا تعلیم وتربیت کرسکیں گے، وہ تو کالجوں اور یونیورسٹیوں میں بھیج کر تباہ ہی کریں گے، اس لئے مَردوں میں دینی اخلاق وفکر پیدا ہونا ضروری ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۹۴/۱۲/۵ھ۔

مدرسہ کے طلباء وطالبات کی امداد اور ان کو بُرے الفاظ کہنا

سوال[۷۷۱۹]: زید ایک ہمدردِ قوم ہے، بہت سے طلباء وطالبات کی خود بھی امداد کرتا ہے اور دوسروں سے بھی کراتا ہے۔ کیا زید کا یہ عمل قابلِ طعن ہے؟ کیا ان لڑکے اور لڑکیوں کو زید کا غلام، لونڈی، بیوی، معشوق اور محبوب بولنا صحیح ہے، یہ الزام اور بہتان ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

جو شخص محض اللہ تعالیٰ کو خوش کرنے کے لئے علمِ دین حاصل کرنے والے طلباء اور طالبات کی اعانت کرتا ہے، ذاتی ونفسانی خواہش ومفاد پیشِ نظر نہیں، تو اللہ کے نزدیک اس کا رتبہ بہت بلند ہے اور بہت بڑے اجر وثواب کا مستحق ہے(۱)۔ اس کے لئے طعن وملامت کا لفظ بولنا جائز نہیں، بے بنیاد الزام اور تہمت لگانا حرام

= بسهوه إلى التصفيق، اهـ. وأقره البرهان الحلبى فى شرح المنية الكبير، وكذا فى الإمداد، ثم نقل عن خط العلامة المقدسى: ذكر الإمام أبو العباس القرطبى فى كتابه فى السماع: ولايظن من لافطنة عنده أنا إذا قلنا صوت المرأة عورة أنا لا نريد بذلك كلامها؛ لأن ذلك ليس بصحيح، فإنا نجيز الكلام مع النساء للأجانب ومجاورتهن عند الحاجة إلى ذلك؛ لما فى ذلك من استمالة الرجال إليهن وتحريك الشهوات منهم، ومن هذا لم يجز أن تؤذن المرأة، اهـ". (ردالمحتار، كتاب الصلوة، باب شروط الصلوة، مطلب فى ستر العورة: ۱/۴۰۶، سعيد)

(۱) قال الله تعالىٰ: ﴿الذين ينفقون أموالهم فى سبيل الله، ثم لا يتبعون ما أنفقوا مناً ولا أذىً، لهم أجرهم عند ربهم، ولا خوف عليهم و لا هم يحزنون﴾. (سورة البقرة: ۲۶۲)

اور کبیرہ گناہ ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۱/۳/۹۵ھ۔

سفیرِ مدرسہ کے ورثاء کو بطورِ امداد کچھ رقم دینا

سوال[۷۷۲۰]: زید ایک دینی درسگاہ میں سفیر کی حیثیت سے تھے، موصوف نہایت ہی مستعدّی کے ساتھ کارِ سفارت (چندہ وغیرہ) انجام دیتے تھے، لیکن بقضائے الٰہی کچھ دنوں بیمار رہ کر اس دارِ فانی سے رحلت کر گئے۔ اراکینِ مدرسہ نے زید موصوف کے ورثہ کو ایامِ علالت کی تنخواہ کے علاوہ اس بات کا فیصلہ کیا کہ منجانبِ مدرسہ کچھ رقم ورثائے زید کو دے دی جائے، تاکہ ان لوگوں کو فی الوقت پریشانی سے دوچار ہونا نہ پڑے۔

اب دریں مسئلہ علمائے دین سے سوال یہ ہے کہ آیا زید کے ایامِ مرض کی تنخواہ کے علاوہ جو اُن کے ورثاء کو اراکینِ مدرسہ نے دینے کا فیصلہ کیا ہے وہ شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں جائز ہے یا نہیں؟

الف: اگر فیصلہ شدہ رقم ورثائے زید کو دینا جائز ہے تو اُسے تنخواہ میں شمار کیا جائے گا یا علی سبیل الامداد ہوگا؟

ب: اور کیا اراکینِ مدرسہ یا مہتمم کو اس بات کا حق ہے کہ متعلقینِ مدرسہ کی وفات کے بعد ان کے ورثاء کو علاوہ ان کی تنخواہ کے کچھ امداد کے طور پر دے سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

مدرسہ کی رقم ملازم مدرسہ کی ملازمت ختم ہونے پر اس کے ورثاء کو بطورِ امداد دینے کا

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿ومن یکسب خطیئةً أو إثماً، ثم یرم به بریئًا، فقد احتمل بهتاناً وإثماً مبیناً﴾ (سورة النسآء: ۱۱۲)

وقال الله تعالیٰ: ﴿یأیها الذین آمنوا اجتنبوا کثیراً من الظن إن بعض الظن إثم، ولا تجسسوا، ولا یغتب بعضکم بعضاً﴾ (سورة الحجرات: ۱۲)

"عن أبی الدرداء رضی الله تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول: "اللعانین لا یکونون شهداء و لا شفعآء یوم القیامة". رواه مسلم". (مشکوة المصابیح، ص: ۴۱۱، کتاب الأدب، باب حفظ السان، الفصل الأول، قدیمی)

Made searchable using ScribeTools.com

حق نہیں ہے(۱)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

امام ومدرس کی بدچلنی کا علم ہوتے ہوئے لوگوں کو واقف نہ کرنا

سوال[۷۷۲۱]: ایک آدمی کسی مسجد کے امام اور مدرسہ کے مدرس کے متعلق بدچلنی جانتا ہے، اس کی چال چلن کے بارے میں موضع والوں کو آگاہ نہ کرے، جب کہ تمام آدمی اس کے پیچھے نماز ادا کرتے ہیں اور موضع کے لڑکے لڑکیاں مدرسہ میں پڑھنے جاتے ہیں جب کہ وہ آدمی اس امام کو بدچلن جانتا ہے۔ایسے آدمی پر کیا فتوی عائد ہوتا ہے؟

الجواب حامداًومصلیاً:

اگر اس کا مقصد یہ ہے کہ امام کا عیب ظاہر نہ ہو اور لوگوں کی نظروں میں وہ ذلیل نہ ہو، بلکہ تنہائی میں اس کو نصیحت کردے اور امام بدچلنی سے باز آجائے، توبہ کرے تو اس شخص کا یہ طریقہ درست اور بہتر ہے(۲)۔

---

(۱) یہ رقم وقف نہیں، البتہ متعین مدرسہ کے طلبہ کے لئے ہے، جب مصرف متعین ہو کسی اور مصرف میں صرف کرنا درست نہیں:

"وقف مصفحاً على أهل مسجد للقراءة إن يحصون، جاز، وإن وقف على المسجد جاز، ويقرأ فيه". (الدرالمختار). قال ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: "(قوله: إن يحصون، جاز) هذا الشرط مبنى على ماذكره شمس الأئمة من الضابط وهو أنه إذا ذكر للوقف مصرفاً، لابد أن يكون فيهم تنصيص على الحاجة حقيقةً كالفقراء، أو استعمالاً بين الناس كاليتامى والزمنى". (ردالمحتار، كتاب الوقف، مطلب: متى ذكر للوقف مصرفاً لايد أن يكون فيهم تنصيص على الحاجة: ۳۶۵/۴، سعيد)

کیونکہ یہ وقف کا مال ہے اور وقف کا مال کسی کو تملیکاً دینے کا حق نہیں:

"فإذا تم ولزم، لايملك ولايملك ولايعار ولايرهن". (الدرالمختار). "(قوله: لايملك): أى لايكون مملوكاً لصاحبه. (ولايملك): أى لايقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه، لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه". (ردالمحتار، كتاب الوقف: ۳۵۱/۴، ۳۵۲، سعيد)

(۲) "عن أبى سعيد الخدرى رضى الله تعالىٰ عنه، عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: "من رأى منكم منكراً فليغيره بيده، فإن لم يستطع فبلسانه، فإن لم يستطع فبقلبه، وذلك أضعف الإيمان". رواه مسلم". (مشكوة المصابيح، ص: ۴۳۶، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، الفصل الأول، قديمى) =

اور اگر کوئی دوسرا مقصد ہے تو اس کو ظاہر کیا جائے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۹/۱۱/۹۴ھ۔

عربی پڑھ کر سرکاری مدرسہ میں ملازمت

سوال[۷۷۲۲]: دارالعلوم اور مظاہر علوم کے فارغین امتحانِ فاضل دے کر سرکاری مدرسہ یا اسکول میں داخل ہو رہے ہیں، پبلک مدرسہ چھوڑ کر تنخواہ کم ہونے کی وجہ سے۔ اس بارے میں حضرت والا کی رائے مبارک کیا ہے، جب کہ تنخواہ اتنی کم ہے جس سے گزارہ نہیں ہوتا، حقوق ادا کرنا مشکل ہو رہے ہیں؟

ابوبکر، ۲۴، پرگنہ۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

علمِ دین تو دین درست کرنے، دین کی خدمت کرنے اور خدا کو راضی کرنے کے لئے حاصل کیا جاتا ہے، اس کی تحصیل کے بعد اگر فاضل وغیرہ کا امتحان دیکر سرکاری اسکول میں ملازمت کریں اور تنخواہ زیادہ کمائیں تو اصل مقصد تو حاصل نہ ہوگا، جس کے لئے مدرسہ میں قیام کیا، وظیفہ لیا، پڑھا، لیکن اس تنخواہ کو ناجائز نہیں کہا جائے گا جب کہ تعلیم میں خلافِ شرع چیزیں نہ ہوں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۱۵/۳/۹۴ھ۔

= "وينبغي للآمر والناهي أن يرفق، ليكون أقرب إلى تحصيل المطلوب، فقد قال الإمام الشافعي: من وعظ أخاه سراً فقد نصحه وزانه، و من وعظ علانيةً فقد فضحه و شانه". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح: ۸/۸۶۰، ۸۶۳، كتاب الآداب، باب الأمر بالمعروف، رشيديه)

(وكذا في حاشية النووي على صحيح مسلم: ۱/۵۱، كتاب الإيمان، باب كون النهي عن المنكر من الإيمان، قديمي)

(۱) تنخواہ چونکہ اس کے عمل کی اجرت ہے، اس لئے نفس تنخواہ میں کوئی قبح نہیں: "والإجارة لاتخلو: إما أن تقع على وقتٍ معلومٍ أو على عمل معلوم، فإن وقعت على عمل معلوم ..... إن كان يصلح أوّله دون آخره فتجب الأجرة بمقدار ما عمل، و إذا وقعت على وقت معلوم، فتجب الأجرة بمضي الوقت". (النتف في الفتاوى، ص: ۳۳۸، كتاب الإجارة، سعيد)

"ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إما بشرط التعجيل أو بالتعجيل أو باستيفاء المعقود عليه". (الفتاوىٰ العالمكيرية: ۴/۴۱۳، كتاب الإجارة، الباب الثاني في بيان أنه متى تجب الأجرة، رشيديه) =

Made searchable using ScribeTools.com

مدرسین کے لئے مسجد کی جماعت سے پہلے نماز پڑھنے کا فیصلہ

سوال[۷۷۲۳]: مدرسہ میچنگ باڈی نے یہ فیصلہ کیا کہ مدرسین نماز ظہر علیحدہ جماعت سے پہلے پڑھ لیں اور پھر تعلیم شروع کردیں، حالانکہ مدرسین وقفہ میں جماعت سے پہلے نماز پڑھتے تھے، وقفہ ایک بجے سے دو بجے تک رہتا تھا، اب ساڑھے بارہ بجے سوا بجے تک کردیا۔ ایسے حضرات کے لئے کیا حکم ہے؟ اسکول میں جہاں سنتِ مؤکدہ حکماً ترک کردی جائے، چرمِ قربانی زکوۃ وغیرہ دینی جائز ہے یا نہیں؟

الجواب حامداًومصلیاً:

مسجد کی جماعت میں مدرسین کو شرکت کی اجازت دی جائے (۱)، جتنا وقت اس میں صرف ہو اس کی تلافی شروع یا آخر میں ہوسکتی ہے۔ ترکِ جماعت کا جو فیصلہ کیا گیا ہے وہ قابلِ تنفیذ نہیں، اس کو واپس لیا جائے (۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۴/۳/۹۰ھ۔

الجواب صحیح: بندہ نظام الدین غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۵/۳/۹۰ھ۔

= (وكذا في الدر المختار: ۶/۱۰، كتاب الإجارة، سعيد)

(۱) فرض نماز کا مسجد میں پڑھنا الگ سنت ہے اور اس کا جماعت کے ساتھ پڑھنا الگ سنت ہے، لہٰذا صورتِ مذکورہ میں ایک سنت کا ترک لازم آتا ہے، اسی طرح صورتِ مذکورہ میں ترکِ مسجد کی بناء پر مسجد کے ثواب سے بھی محروم ہوگا:

"عن أبي الأحوص قال: قال عبد الله رضي الله تعالىٰ عنه: لقد رأيتنا وما يختلف عن الصلوة إلا منافق قد علم نفاقه، أو مريض، إن كان المريض ليمشي بين رجلين، حتى يأتي الصلوة. وقال: إن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم علّمنا سنن الهدى، وإن من سنن الهدى، الصلوة في المسجد الذي يؤذن فيه". (الصحيح لمسلم، كتاب الصلوة، باب فضل جماعة المسجد: ۱/۲۳۲، قديمي)

"(والجماعة سنة مؤكدة للرجال) ..... (وقيل: واجبة، وعليه العامة) ..... (على الرجال العقلاء البالغين الأحرار القادرين على الصلوة بالجماعة من غير حرج)". (الدرالمختار، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۵۵۶، سعيد)

"وسئل الحلواني عمن يجمع بأهله أحياناً: هل ينال ثواب الجماعة؟ فقال: لا، ويكون بدعةً ومكروهاً بلا عذر". (فتح القدير، كتاب الصلوة، باب الإمامة: ۱/۳۴۵، مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

(۲) "عن النواس بن سمعان رضي الله تعالىٰ عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: "لاطاعة =

Made Searchable by ScribeTools.com

یومِ عاشورہ کی تعطیل مدارس میں

سوال[۷۷۲۴]: ۹، ۱۰/محرم کواس اطراف کے مدارس میں اکثر بہتیرے چھوٹے لڑکے پڑھنے نہیں آتے اور بڑے لڑکے عربی خواں طلبہ میں سے بھی بعض طلبہ پڑھنے سے گریز کرتے ہیں اور بعض طوعاً وکرہاً شریکِ درس ہوتے ہیں۔ پس اس صورت میں ان تاریخوں میں تعطیل کرنا کیسا ہے؟ زید کہتا ہے کہ ان دنوں میں روزہ مسنون ومستحب ہے، پس ان دنوں میں روزہ رکھا جائے اور اسی کے ضمن میں تعطیل کردی جائے جیسا کہ رمضان میں تعطیل ہوتی ہے۔ اور عمر کہتا ہے کہ درست نہیں، تعطیل میں اہلِ تشیع واہلِ بدعت کا تشبہ لازم آتا ہے، کہ وہ ان دنوں میں کاروبار چھوڑ کر ماتم، مرثیہ وغیرہ میں مشغول ہوجاتے ہیں اور کاروبار کو معیوب سمجھتے ہیں۔ ان میں سے کس کا قول صحیح ہے؟ بہرکیف شریعت کی روشنی میں جو حکم ہو صاف صاف مدلل بیان فرمایا جاوے۔

نیز قطعِ نظر لڑکوں کے آنے نہ آنے اور قطعِ نظر روزہ رکھنے اور نہ رکھنے کے تعطیل کرنا کیسا ہے؟ جواب مدلل مع حوالہ عنایت ہو۔

محمد یاسین، مدرس مدرسہ احیاء العلوم مبارکپور، ضلع اعظم گڑھ۔

= لملخوق فی معصية الخالق". (مشكوة المصابيح، ص: ۳۲۱، كتاب الإمارة والقضاء، قديمی)

"وعن علی رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: "لا طاعة لمخلوق فی معصية الله عزوجل". (مسند أحمد: ۱/۲۱۲، (رقم الحديث: ۱۰۹۸)، دارإحياء التراث العربی بيروت)

"وذكر الجزری فی أسنی المناقب بسنده عن علی رضی الله تعالیٰ عنه قال: دعانی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال: "ياعلی! إن فيک من عيسیٰ مثلاً أبغضه اليهود حتی بهتوا أمه، وأحبته النصاری حنی أنزلته بالمنزلة التی ليس بها". فقال علی كرم الله وجهه: إنه يهلک فی محب مطرلی يقرظنی بما ليس فیّ، ومبغض مفتر يحمله علی أن بهتنی، ألا! وإنی لست بنبیٍّ ولا يوحی إلیّ، ولكنی أعمل بكتاب الله وسنة رسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مااستطعت له، فما أمرتكم من طاعة الله فحق عليكم طاعتی فيما أحببتم أوكرهتم، وما أمرتكم بمعصية الله أنا أو غيری، فلا طاعة لأحد فی معصية الله، إنما الطاعة فی المعروف. حديث حسن رواه الحاكم فی صحيحه، وقال: صحيح الإسناد ولم يخرجاه، اهـ". (مرقاة المفاتيح، كتاب الإمارة والقضاء، الفصل الثانی: ۷/۲۷۴، رشيديه)

Made searchable using ScribeTools.com

الجواب حامداًومصلیاً:

دس محرم کو روزہ کی فضیلت حدیث شریف سے ثابت ہے(۱)، اَور بھی متعدد خصوصیات اس دن کی وارد ہوئی ہیں (۲)، لیکن اس دن میں تعطیل کرنا اور کاروبار یا مدارس کو بند رکھنا روافض کا شعار ہے جس سے

---

(۱) "عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: مارأیت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یتحرّی صیام یوم فضّله علی غیره إلا هذا الیوم: یوم عاشورا، وهذا الشهر، یعنی رمضان". (مشکوة المصابیح، کتاب الصوم، باب صیام التطوع، الفصل الأول، ص: ۱۷۸، قدیمی)

"عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنها أن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قدم المدینة فوجد الیهود صیاماً یوم عاشوراء، فقال لهم رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "ماهذا الیوم الذی تصومونه"؟ قالوا: هذا یوم عظیم أنجی الله فیه موسیٰ وقومه، وغرق فرعون وقومه، فصامه موسیٰ شکراً، فنحن نصومه. فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: "فنحن أحق وأولیٰ بموسیٰ منکم". فصامه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، وأمر بصیامه". (الصحیح لمسلم، کتاب الصوم، باب صوم یوم عاشوراء: ۱/۳۵۹، قدیمی)

(۲) چندفضائل یہ ہیں:قال الفقیه أبو اللیث السمرقندی رحمه الله تعالیٰ: "ثنا الحاکم أبو الحسن علی بن الحسین السردری، حدثنا أبو جعفر أحمد بن حاتم، حدثنا یعقوب بن جندب عن حامد عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "من صام یوم عاشوراء من المحرم، أعطاه الله تعالیٰ ثواب عشرة آلاف ملک. ومن صام یوم عاشوراء من المحرم، أعطی ثواب عشرة آلاف حاج ومعتمر وعشرة آلاف شهید. ومن مسح یده علی رأس یتیم یوم عاشوراء، رفع الله تعالیٰ له بکل شعرة درجة. ومن فطر مؤمناً لیلة عاشوراء، فکأنما أفطر عنده جمیع أمة محمد علیه الصلوة والسلام وأشبع بطونهم". قالوا: یارسول الله لقد فضل الله یوم عاشوراء علی سائر الأیام؟ قال: "نعم! خلق الله تعالیٰ السمٰوٰت والأرضین یوم عاشوراء، وخلق الجبال یوم عاشوراء، وخلق البحر یوم عاشوراء، وخلق اللوح والقلم یوم عاشوراء، وخلق آدم یوم عاشوراء، وخلق حواء یوم عاشوراء، وخلق الجنة، وأدخله الجنة یوم عاشوراء، وولد إبراهیم یوم عاشوراء، ونجاه الله من النار یوم عاشوراء، وقد أمِرَ بالذبح یوم عاشوراء، وفدی ولده من الذبح یوم عاشوراء، وأغرق فرعون یوم عاشوراء، وکشف البلاء عن أیوب یوم عاشوراء، وتاب الله علی آدم یوم عاشوراء، وغفرذنب داود یوم عاشوراء، ورد =

.....

= ملک سلیمان یوم عاشوراء، وولد عیسی فی یوم عاشوراء، ورفع الله إدریس وعیسی یوم عاشوراء، وولد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی یوم عاشوراء، ویوم القیامة فی یوم عاشوراء.

"حدثنا محمد بن الفضل، حدثنا محمد بن جعفر، حد ثنا إبراهیم بن یوسف، حدثنا السبب بن أبی بکر عن عکرمة رضی الله تعالیٰ عنه قال: یوم عاشوراء هو الیوم الذی تیب فیه علی آدم، وهو الیوم الذی أهبط فیه نوح من السفینة فصامه شکراً، وهو الیوم الذی أغرق فیه فرعون وفلق البحر لبنی إسرائیل فصاموه، فإن استطعت أن لایفوتک صومه فافعل.

قال: حدثنا محمد بن الفضل، حدثنا محمد بن جعفر، حدثنا إبراهیم بن یوسف، حدثنا سفیان عن إبراهیم عن محمد بن میسرة قال: بلغنا أن: "من وسّع علی عیاله یوم عاشوراء وسّع الله علیه سائر السنة". قال سفیان: جرّبناه فوجد ناه کذلک.

وروی سعید بن جبیر عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال: قدم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم المدینة فوجد الیهود یصومون یوم عاشوراء، فسألهم عن ذلک فقالوا: إن هذا الیوم أظهر الله فیه موسیٰ وبنی إسرائیل علی قوم فرعون، فنحن نصومه تعظیماً له، فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم : "نحن أولی بموسی منکم" فأمر بصومه.

قد اختلفوا فی تفسیر هذا الیوم، قال بعضهم: إنما سمی عاشوراء؛ لأنه عاشر یوم من المحرم. وقال بعضهم: لأن الله تعالیٰ أکرم فیه عشرةً من الأنبیاء بعشر کرامات: تاب الله علی آدم یوم عاشوراء، وولد إبراهیم علیه السلام فی یوم عاشوراء، واتخذه خلیلاً وأنجاه من النار کذلک، وتاب الله علی داود یوم عاشوراء، ورفع الله عیسیٰ یوم عاشوراء، وأنجی الله موسیٰ من البحر وأغرق فرعون یوم عاشوراء، وأخرج یونس من بطن الحوت یوم عاشوراء، ورد ملک سلیمان یوم عاشوراء، وولد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم عاشوراء.

قال بعضهم: إنما سمی عاشوراء؛ لأنه عاشر عشر کرامات أکرم الله بها هذه لأمة: أولها: شهر رجب وهو شهر الله الأصم، وإنما جعله کرامةً لهذه الأمة، وفضله علی سائر الشهور کفضل هذه الأمة علی سائر الأمم. والثانی: شهر شعبان وفضله علی سائر الشهور کفضل النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی سائر الأنبیاء علیهم الصلوة والسلام. والثالث: شهر رمضان وفضله علی سائر الشهور کفضل الله تعالیٰ علی خلقه. والرابع: لیلة القدر، وهی خیر من ألف شهر. والخامس: یوم الفطر، وهو یوم الجزاء. =

Made searchable using ScribeTools.com

اجتناب لازم ہے:"من تشبه بقوم، فهو منهم" (۱) اور"من كثّر سواد قوم، فهو منهم". الحديث(۲)۔

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے "ماثبت بالسنة" میں اس تاریخ کی خصوصیات اور بدعات کو جمع فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ فلاں بات اصل ہے اور فلاں بات بے اصل ہے۔ جیسے کہ فی نفسہ حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کا ذکر مباح ہے ممنوع نہیں، لیکن یومِ عاشورہ میں خصوصیت سے ذکر کرنا تشبہ روافض کی وجہ سے ممنوع ہے:

"سئل عن ذكر مقتل الحسين رضي الله تعالىٰ عنه في يوم عاشوراء: يجوز أم لا؟ قال: لا؛ لأن ذلك من شعار الروافض"۔

عامۂ اسلامی اداروں میں جمعہ کے روز تعطیل ہوتی ہے، اتوار کی تعطیل سے اسی لئے منع کیا جاتا ہے کہ اس روز غیر مسلم تعطیل کرتے ہیں۔

رہا ۹، ۱۰/ روزہ رکھ کر تعطیل کرنا اور اس کا سبب روزہ کو قرار دینا محض حیلہ ہے، ذی الحجہ کے نو دن میں بھی روزہ کا ثبوت ہے (۳)، ۱۵/ شعبان میں بھی روزہ کا ثبوت ہے (۴)، شوال میں چھ روزوں کا ثبوت ہے (۵)،

= والسادس: أيام العشر، وهي أيام ذكر الله تعالىٰ. والسابع: يوم عرفة، وصومُه كفارة ستين. والثامن: يوم النحر، وهو يوم القربان. والتاسع: يوم الجمعة، وهو سيد الأيام. والعاشر: يوم عاشوراء، وصومه كفارة سنة، فلكل وقت من هذه الأوقات كراماتُ جعلها الله تعالىٰ لهذه الأمة لتكفير ذنوبهم وتطهير خطاياهم". (تنبيه الغافلين، باب فضل يوم عاشوراء، ص: ۱۸۲، ۱۸۳، رشيديه)

(۱) (مشكوة المصابيح، ص: ۳۷۵، كتاب اللباس، الفصل الثانى، قديمى)

(۲) والحديث بتمامه: "عن عبد الله بن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول: "من كثر سواد قوم فهو منهم، ومن رضى عمل قوم، كان شريكاً لمن عمله". (المطالب العالية بزوائد المسانيد الثمانية: ۴۲/۲، مكة المكرمة)

(۳) "عن هنيدة بن خالد عن امرأته عن بعض أزواج النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قالت: كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يصوم تسع ذى الحجة، و يوم عاشوراء، وثلاثة أيام من كل شهر، أول اثنين من الشهر والخميسن". (سنن أبى داؤد: ۳۳۸/۱، كتاب الصوم، باب فى صوم العشر، إمداديه ملتان) =

ہر ماہ میں ایامِ بیض کے روزوں کا ثبوت ہے (۱)، پیر اور جمعرات کے روزوں کا ثبوت ہے (۲)، کہاں تک رمضان کی حرص کر کے تعطیل کی جائے گی۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ، معین مفتی مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور، ۱۳/ ربیع الثانی/ ۶۷ھ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، ۱۷/ ربیع الثانی/ ۶۷ھ۔

یوم عاشورہ کی تعطیل

سوال[۷۷۲۵]: یوم عاشورہ کی تعطیل اسلامی مدارس میں کرنی چاہئے کہ نہیں؟ دارالعلوم دیوبند میں چھٹی عشرہ محرم کی چھٹی ہوتی ہے یا نہیں؟

ڈاکٹر سجاد خان میگل گنج کھیری۔

الجواب حامداً ومصلیاً:

عاشورہ محرم کی تعطیل دارالعلوم میں نہیں ہوتی، اسلامی مدارس و مکاتب میں اس کی تعطیل نہ

= (۴) "عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت: كان رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يصوم حتى نقول: لا يفطر، و يفطر حتي نقول: لايصوم. و ما رأيت رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم استكمل صيام شهر إلا رمضان، و ما رأيته أكثر صياماً منه فى شعبان". (صحيح البخارى: ۱/۲۶۴، كتاب الصوم، باب صوم شعبان، قديمى)

(۵) "عن أبى أيوب صاحب النبى صلى الله تعالیٰ عليه وسلم عن النبى صلى الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "من صام رمضان، ثم أتبعه بست من شوال، فكأنما صام الدهر". (سنن أبى داود: ۱/۳۳۰، كتاب الصوم، باب فى صوم ستة أيام من شوال، إمداديه)

(۱) "عن أنس أخى محمد عن أبى ملحان القيسى عن أبيه قال: كان رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يأمرنا أن نصوم البيض: ثلث عشرة وأربع عشرة و خمس عشرة. قال: قال: "هن كهيأة الدهر". (سنن أبى داؤد: ۱/۳۳۲، كتاب الصوم، باب فى صوم الثلث من كل شهر، إمداديه)

(۲) "عن حفصة رضى الله تعالیٰ عنها قالت: "كان رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يصوم ثلثة أيام من الشهر، الإثنين والخميس والإثنين من الجمعة الأخرى". (سنن أبى داؤد: ۱/۳۳۲، كتاب الصوم، باب من قال: الإثنين والخميس، إمداديه)

Made searchable using ScribeTools.com

کی جائے (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۲۵/۱/۹۴ھ۔

تعلیم کی غرض سے بچوں سے نعت پڑھوانا

سوال [۷۷۲۶]: تعلیم کی غرض سے چھوٹے چھوٹے بچوں کو صبح کے وقت نعت حضور پُرنور پڑھوایا جاتا ہے تاکہ بچوں کو شوق ہو اور دوسرے بچے تعلیم کے لئے آئیں۔ یہ شرعاً درست ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلوۃ وسلام مستقل قربت وسعادت ہے۔ بچے اور بڑے سب ہی پڑھا کریں۔ مگر ادب واحترام کا تقاضا یہ ہے کہ ہر ایک جداگانہ تنہائی میں بیٹھ کر پڑھے۔ آواز ملا کر جس میں گانے اور قوالی کا طرز پیدا ہو جائے نہ پڑھیں۔ نعت کا بھی یہی حال ہے۔ ترانے کے طور پڑھنے سے اس میں لہو ولعب کی شان پیدا ہو جاتی ہے۔ اس سے پوری احتیاط چاہیے۔ فقط واللہ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند، ۷/۱۱/۹۵ھ۔

مدرسہ ہے یا چوپال

سوال [۷۷۲۷]: ۱.....ایک چوپال (۲) موضع شورم پٹی میر بخش میں مسجد سے ملحق ہے جس میں ہمیشہ سے دینی تعلیم ہوتی چلی آرہی ہے، اس کی مرمت مسجد کے پیسوں سے ہوتی ہے۔ جائز یا ناجائز؟

۲.....وقتاً فوقتاً مسلمانوں کی بارات آتی ہے تو بچوں کی چھٹی ایک دو روز کی کردی جاتی ہے۔

۳.....تمام مسلمان ہمیشہ خوش رہے ہیں اور امداد دیتے ہیں، کسی نے سر نہیں اٹھایا۔

۴..... اس پٹی میں تقریباً ۵/ ہزار مسلمان جو مدرسہ سے تعلق رکھتے ہیں، اس مدرسہ کا نام

---

(۱) (تقدم تخریجه تحت عنوان: ''یوم عاشورہ کی تعطیل مدارس میں'')

(۲) ''چوپال: بیٹھک، نشست گاہ، گاؤں کا وہ پنچائتی مکان جس میں لوگ مل کر بیٹھتے ہیں''۔ (فیروز اللغات، ص: ۵۳۹، فیروز سنز، لاہور)

بدرالعلوم ہے۔

چند پارٹی اورشر پسند جن کی تعداد۱۰،۱۵/ ہوگی، اقتدار کی خواہش میں مدرسہ میں دخل انداز ہوگئے۔اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ چوپال سانگ (۱) تماشے کے لئے ہوتی ہے، اس میں مدرسہ کا کیا کام ہے؟ فی الحال اس مدرسہ میں دوسو سے زیادہ بچے اور چار مدرس ہیں۔اوروہ یہ بھی چاہتے ہیں کہ عمارت کی دیواریں جن پر مدرسہ کا نام لکھا ہوا ہے اس کو مٹادیں۔ان کا یہ بھی خیال ہے کہ عدالتی کارروائی کریں۔انہوں نے درخواست دی ہے اور پولیس تحقیقات کے لئے آئی اور پولیس افسر نے تمام محلے والوں سے تصدیق کی ہے، سب مسلمانوں نے کہا کہ اس میں ہمیشہ سے تعلیم ہوتی چلی آرہی ہے۔

وہ بھی یہ کہہ کر گئے ہیں کہ اس میں سے مدرسہ نہیں ہٹایا جائے گا، بلکہ ہمیشہ ہمیشہ مدرسہ رہے گا۔تو اس جگہ کے بارے میں آپ کا خیال کیا ہے، مدرسہ رہے یا چوپال؟ مفصل جواب دیں۔

الجواب حامداًومصلیاً:

حقیقتِ حال تو خدا ہی کو معلوم ہے، لیکن ظاہر صورت اور طرزِ عمل سے یہ ہی معلوم ہوتا ہے کہ جگہ مدرسہ ہے، اس میں دینی تعلیم ہوتی ہے، اور مسجد کے پیسے سے اس کی مرمت کی جاتی ہے، کسی تقریب کے موقع پر اس کو مدرسہ سے عاریت پر لے کر مہمانوں کو ٹھہرایا جاتا ہے اور تعلیم کی چھٹی کردی جاتی ہے، یہ تعلقات کی رواداری کی بات ہے اس سے یہ سمجھنا کہ یہ چوپال ہے، مدرسہ نہیں بظاہر درست نہیں۔ بلکہ ظاہر تو یہ ہے کہ مسجد سے متعلق مدرسہ ہے اس وجہ سے مسجد کے پیسے سے مرمت کی جاتی ہے، دینی تعلیم کو وہاں سے ختم نہ کیا جائے گا اور مدرسہ کا نام جو دیوار پر لکھا ہوا ہے اس کو نہ مٹایا جائے گا۔اور شر کو حسنِ تدبیر سے ختم کیا جائے گا (۲)۔

---

(۱) ''سانگ: نقل، اداکاری، کھیل تماشا''۔(فیروز اللغات، ص:۷۶۹، فیروز سنز، لاہور)

(۲) قال الله تعالیٰ: ﴿ادفع بالتی هی أحسن﴾ (سورة حم السجدة: ۳۴)

قال العلامة الآلوسی رحمه الله تعالیٰ تحت هذه الآیة: "أی ادفع السیئة حیث اعترضتک من بعض أعادیک بالتی هی أحسن منها وهی الحسنة". (تفسیر روح المعانی، (سورة حم السجدة: ۳۴): ۱۲۳/۲۴، دارإحیاء التراث العربی بیروت)

Made searchable using ScribeTools.com

آپسی نزاع کے اندر بہت خرابی ہے، اس کے نتائج بھی نہایت خراب ہوتے ہیں (۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دارالعلوم دیوبند۔

---

(۱) قال اللہ تعالیٰ: ﴿ولا تنازعوا، فتفشلوا وتذهب ريحكم، واصبروا، إن الله مع الصٰبرين﴾ (سورة الأنفال: ۴۶)

"عن أبی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه، عن النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم قال: "إياكم وسوء ذات البين، فإنها الحالقة". رواه الترمذی". (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر، الفصل الثانی، ص: ۴۲۸، قديمی)

قال الملا علی القاری تحت حديث آخر: "وقال بعض المحققين: أی لاتشغلوا بأسباب العداوة؛ إذ العداوة مما لااختيار فيه، فإن البغض من نفار النفس عما مايرغب عنه، وأوّله الكراهةُ، وأوسطه النفرة، وآخره العداوة". (مرقاة المفاتيح شرح مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب ماينهى عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات، الفصل الأول، (رقم الحديث: ۵۰۲۸): ۸/۷۶۱، رشيديه)

دار الاشاعت جامعہ فاروقیہ کراچی

Made searchable using ScribeTools.com